بستان حکمت

بسم اللہ الرحمن الرحیم

در فیض ست نشین از کمیش نا اُمید اینجا ٭ برنگ دانہ از ہر قفل مے رُوید کلید اینجا ٭

پروردگار عالم کو ابتداے ازل سے انتہاے ابدتک سزاوار ہی کہ جسنے اپنے وجوب وجو
سے تعین اول کو منصۂ ظہور پر جلوہ گر فرمایا اور اُسی نور مقدس سے تمامی عالم کو خلو تکدۂ
سے میدان وجود مین لایا اور حمد و سپاس اُس حلیم حاکم کو زیبا ہی کہ ارادۂ ازلیہ سے تما
جہان کو بوسیلۂ ذات پاک مظہر کل موجودات مصدر لاہوتی مجمع صفات جبروتی نعم
نسل نبی آدم محمد رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہٖ واصحابہ وسلم مرتب کیا اور سارے ذرا
کو اُسی آفتاب عالمتاب کے جمال جہان آرا سے نور دیا اور وجود اُسکا نور دیدہ بار کی
مطلع معنی کُنتُ نَبِیًّا وَّ آدَمُ بَیْنَ المَآءِ وَالطِّیْنِ اور مقطع مضمون اِنَّآ اَرْسَلْنٰکَ شَاہِدًا وَّ
وَّنَذِیْرًا اور وَمَآ اَرْسَلْنٰکَ اِلَّا رَحْمَۃً لِّلْعٰلَمِیْنَ اور مبشر بہ بشارت لَقَدْ جَآءَکُمْ رَسُوْلٌ مِّنْ
عَزِیْزٌ عَلَیْہِ مَا عَنِتُّمْ حَرِیْصٌ عَلَیْکُمْ بِالْمُؤْمِنِیْنَ رَءُوْفٌ رَّحِیْمٌ اور مشرف بہ تشریف وَاِ
لَعَلٰی خُلُقٍ عَظِیْمٍ کیا خلاصہ موجودات سُلالۂ کائنات دافع مکر و حیلہ سازی رانح

الدین النصیحۃ

بحسن توفیقہ تعالیٰ ان ایام فرحت التیام فرخندہ فرجام نضارت انضمام مین
کتاب مستطاب ندرت انتساب مستغنی الاوصاف شہیرۂ امصار و دیار معمول مختار
اقاصی و ادانی حاوی مصالح دینی و دنیوی گنجینۂ اندرز و پند خزینۂ نصیحت مسمیٰ باسمی

بستانِ حکمت

جو انوار سہیلی فارسی کا ترجمہ ہے ترجمۂ فارس مضمار سخندانی یکتائے عرصۂ اعجاز بیانی
والا دودمان عالیخاندان ذوی القدر والمناصب عمدۃ الاراکین سلطنت سابق
لکھنؤ معلی القاب حسام الدولہ فقیر محمد خان بہادر رسالدار المتخلص گویا رحمہ الغفار

باہتمام کیسری داس سیٹھ سپرنٹنڈنٹ

مطبع منشی نولکشور واقع لکھنؤ مین چھپا

اطلاع

اِس مطبع مین ہر علم وفن کی کتب کا ذخیرہ سِلسلہ وار فروخت کے لیے موجود ہی جبر فہرست مطول ہر ایک شایق کو چھاپے خانہ سے مل سکتی ہی جسکے معائنہ سے شایقین اصلی حا کتب کے معلوم فرما سکتے ہین قیمت بھی نہایت ارزان ہی اس کتاب کے ٹیٹل پیج تین صفحہ جو سادے ہین اُن مین بعض کتب قصہ جات نثر و نظم اُردو کی درج کرتے تاکہ جس فن کی یہ کتاب ہی اِس فن کی اور بھی کتب موجودہ کارخانہ سے قدردا کو آگاہی حاصِل ہو۔

کتب قصہ جات نثر

نام کتاب	قیمت	نام کتاب	قیمت
الف لیلہ۔ باتصویر اُردو ترجمہ ابوناظم مولنا محمد حامد علی خانصاحب شاہ آبادی بر دو کاغذ حنائی و سفید۔	عہ	قصہ سورج پور۔ ایک زمیندار کا افسانہ از منشی چرونجی لال۔	
سرورِ سخن۔ بجواب فسانۂ عجائب۔	۰۷ ر	جادۂ تسخیر۔ نادر عبارت مسجع۔	
طلسم حیرت۔ برنگ فسانۂ عجائب۔	۰۶ ر	نورتن۔ مصنفہٗ میان محمد بخش۔	
باغ و بہار یعنی چہار درویش۔	۰۶ ر	قصہ اگر گل۔ مولفہٗ عاصی تخلص۔	
سچی بہادری۔ مترجمہ راجہ شیو پرشاد ستارۂ ہند۔	۴ ر	سیر مقبول۔ نہایت عمدہ قصہ	
آرایش محفل قصہ حاتم طائی باتصویر	۹ ر	قصہ گوپی چند بھرتری۔	
ایضًا۔ بغیر تصویر۔	۰۵	سنگاسن بتیسی۔ قصہ راجہ بھوج باتصویرات۔	
داستان امیر حمزہ۔ باتصویرات	۱ عہ	بیتال پچیسی قصہ راجہ بکرم باتصویر	
قصہ سیاہ پوش مولفہٗ عنایت اللہ خان قیس	۰ ر	گل بکاؤلی۔ مولفہٗ نہال چند شاہجہان آبادی۔	

بازی شیرازۂ جمعیتِ قلوبِ دوستان دین معیارِ حالِ دشمنانِ شرعِ متین
عد جزم و تدبیر مخربِ اساس فتنہ و تزویر ناظمِ ممالکِ عدل و انصاف ہادم
روا عتساف مفتاح مشکلاتِ جلہ نبی آدم مصباح تمامی ظلماتِ عالم مطلوب
ریعت مقصود اصحاب طریقت نبی الحرمین امام القبلتین رئیس الثقلین
ین شفیع المذنبین قدوۂ جن و بشر اسوۂ شفیعانِ یوم محشر عامل قابل نبوت
اتم فصوص ناموس رسالت مہبطِ جبرئیلِ امین وحی رب العالمین محملِ خطاب آسمانی
نورانی رموزدانِ سپیدی و سیاہی موصلِ فیوض و برکات نامتناہی عارفِ معارف
یر کاشفِ دقائق معضلات تقدیر عارجِ معارجِ سبع سموات صاعد مصاعد
لیات مصداق آیۂ کریمہ سُبْحَانَ الَّذِیْ اَسْرٰی بار نشین سند بلند پایۂ سدرۃ المنتہی
قاب قوسین اَوْ اَدْنٰی المتحلی بہ تحلی الجواہر مَا زَاغَ الْبَصَرُ وَمَا طَغٰی غرض اصلی جملہ
علت غائی آفرینش مکنونات منبعِ زلالِ صدق و صفا حضرت ابو القاسم محمد مصطفٰی
اللہ علیہ من الملک الاعلٰی سے زلاف حمد و نعت او لیست بر خاکِ ادب
بجودے می توان کردن و رودے می توان گفتن ؛ نظم خدا مدّاح حضرت مصطفٰی
مد حامدِ حمدِ خدا بس ؛ محمد از تو می خواہم خدا را ؛ الٰہی از تو عشق مصطفٰی را ؛
رنا محمد و دا سپیر اور اُنکی آل اطہار اور اصحاب اخیار پر کہ جانشینان محفل شریعت
ینانِ مسندِ طریقت کار فرمایان کشور دین متین ہادیان طریق صدق و تلقین
خزانۂ رحمتِ الٰہی سر رشتہ دارانِ فیض نامتناہی شاہان ملک تسلیم و رضا تاجداران
تبا و اصطفا پیشوایانِ ذی عقول راہ نمایان منہاج مستقیم حضرت رسول ہین
چار قطبِ خلافت عظمٰی و چار عنصر کالبدِ ولایتِ کبرٰی کہ کمال صدق اور
ور سخاوت اور شجاعت کا اُنکے ابدانِ مطہرہ مین نمودار ہوا اور جلایل و صاف
قصوی نے اُنکے نفوس منورہ مین ظہور فرمایا اعنی قاتل الکفرۃ والزندیق

فی الغار الصاحبہ رفیق افضل الامۃ والخلایق بعد الانبیاء بالتحقیق نظام المومنین
المسلمین ابو بکر الصدیق واعدل الاصحاب صاحب الدرۃ والاحتساب بغزیل ...
والمحراب امیر المومنین عمر بن الخطاب مقتدی الصابرین فی الباساء والضراء والشا
فی البلوی والابتلاء جامع آیات القرآن کمثل الترتیب فی لوح الرحمن ا
امام المتعبدین عثمان بن عفان و مظہر العجائب الغرائب مطلوب کل طالب ذو
والمناقب اشجع العرب والعجم اکرم الامم یعسوب المسلمین رئیس المتقین امیر المومنین
رضوان اللہ علیہم وعلی اتباعہم واشیاعہم اجمعین اسکے بعد بیان کیا جا
کلیلہ ودمنہ کہ حکیم روشن رائے بید پا برہمن نے رائے دابشلیم ہندو
کہ اُس عہد مین وہ فرمانروا بعض ممالک ہندوستان کا تھا اور پایہ تخ
سومنات تھا زبان سنسکرت مین تالیف کی تھی اور مطلب اس کتا
پند و نصائح پر ترتیب دیا تھا کہ سیاست رعیت اور بسط عدل ورا
ترتیب تقویت اولیاے دولت اور نظم ونسق آداب مملکت اور بہ
مطالب دینی اور دنیوی کے بکار آمد ہوا اور دابشلیم اس کتاب کو خزا
کتب فوائد سمجھ کر قفل جمیع مشکلات کو کلید مطالعہ سے اِس کتاب کے کھو
یہ گوہر بے بہا اسکے زمانے مین سب کی نظر سے درج کتمان مین رہتا تھا اور
لعل بدخشان کے کان خزائن سلطانی مین مخفی رہا کرتا تھا اس لئے کہ پا
قدغن تھا کہ اس عروس پردہ نشین پر کسی نامحرم کی آنکھ نہ پڑے باوجو
اسکی نسیم عنبر شمیم نے اطراف جہان کو معطر کر رکھا تھا اور اس مشک
نگہت اخبار سے شامۂ عالم معطر ہو رہا تھا القصہ نوشیروان کسرے کو
مین یہ خبر فرحت اثر مشتہر ہوئی کہ بادشاہ ہند کے کتب خانے مین ا
ہے کہ زبان بہائم ودد وحوش اور طیور وحشرات سے لوازم سیاست د

ور قواعد سلطنت و شہریاری جو کچھ کہ بادشاہون کو چاہیئے اُس مین جمع کیے ہین
اُس کو سرمایۂ منفعت اور وسیلۂ ہر مصلحت مقرر کیا ہی نوشیروان عادل کو کہ
عالی اُسکی جویاے آئین عدل وداد تھی یہ سُن کے بیحد اور بکمال رغبت پیدا
دئی اور چاہا کہ کسی طرح اُس کتاب کو دستیاب کیجیے اس لئے برزویہ پزشک
مقدم اطباے پارس اور سب زبانون کا ترجمان تھا اور جمیع فنون کمالات
ن گوے سبقت اپنے امثال سے لے گیا تھا حسب الحکم نوشیروان کے واسطے تلاش
کتاب کے کہ وہ زمانہ راے تلہند کا تھا آیا اور ہزار تدبیر سے اُس کتاب کو
کر کے زبان سنسکرت سے الفاظ پہلوی مین کہ اُس زمانے مین زبان اہل ایران
ترجمہ کر کے حضور مین بادشاہ کے لایا اور شرف استحسان بدرجۂ کمال پایا
اسکے جلدو مین رتبہ برزویہ نامدار کا انتہاے اوج عزت کو پہونچا اُسکے بعد
مصلحت کار مملکت نوشیروان ازجہت تاکیدی مشورے پر اس کتاب کے موقوف
اور بعد نوشیروان کے سب بادشاہان عجم مخفی اور عزیز رکھنے مین اس
کتاب کے مبالغہ کرتے رہے کہ کسی نااہل و ناسزا کے ہاتھ نہ آئے تا اُسکے فیض مطالعہ
لیاقت سلطنت کی کسی فرومایہ کو حاصل نہ ہو جائے چنانچہ دہقان ابوالقاسم
طوسی لکھتا ہی کہ باشندگان شہر سے ایک پہلوان فرومایہ تھا بہرام چوبینہ نام
نے خازن ہرمز شاہ بن نوشیروان سے ملکر اس کتاب کو لیا اور مطالعہ کر کے
دستور العمل اپنا کیا آخر تمام وضیع و شریف ایران کو مسخر کر کے تخت سلطنت پر
افروز ہوا اور خسرو پرویز کہ فرزند شاہ ہرمز تھا اُسکے ہاتھ سے ناچار ہوکر
کو بھاگا تفصیل اُسکی شاہنامہ مین موجود ہی حقیقت تو یون ہی کہ یہ کتاب
دریاے فیض ہی جو شخص کہ مادہ قابل رکھتا ہو اور اُسکو دیدۂ دل سے دیکھے
گوش جان سے سُنے تو غالب ہی کہ سعادت دارین سے محروم نہ رہے المختصر بعد

خرابی سلطنت ساسانیان اہل اسلام نے کہ شرکت فاروقی سے تمام مملکت ایران
د توران پر تسلط پایا کتاب بھی بادشاہ ایران کے ملک مال کے ساتھ غارت ہوگ
اور اسکے بعد جب کہ خلیفہ ثانی عباسیان یعنی ابوجعفر منصور بن محمد علی ابن عبد
ابن عباس نے فوائد اسکے سُنے تو شوق بے انتہا پیدا ہوا پھر بہزار تدبیر اُسنے ملک
حبش سے بہم پہونچائی اور ترجمہ اُس کا ابوالحسن عبداللہ بن مقفع سے کہ سرآمد فضلا
عصر تھا لکھوایا پھر اُسکے بعد یہ نسخہ مطالعے مین اُس بادشاہ کے رہتا تھا اور اُ
اساس احکام خلافت اور بناے شرائط عدل ورافت پند و نصائح پر اس کت
کے موقوف تھے اسکے بعد تیسری بار ابوالحسن نصر ابن احمد ساسان نے ایک
تبحہ کو حکم کیا کہ اس نسخے کو زبان عربی سے فارسی مین ترجمہ کرے اور چوتھی بار رودک
کو حکم دیا کہ اس سلک دُر نایاب کو رشتۂ نظم مین انتظام دے پانچوین بار ابو
بہرام شاہ ابن مسعود نے کہ اولاد سے سلطان محمود غازی غزنوی کے تھا اور
حکیم سنائی کا ہم حکم دیا کہ افصح الفصحا اور ابلغ البلغا یعنی ابوالمعالی نصر
بن محمد بن عبدالحمید نسخہ ابن مقفع کا ایسی فارسی سلیس مین ترجمہ کرے کہ فائدہ
خاص و عام کو پہونچے اور یہ نسخہ کہ فی الحال دستیاب ہو کر ملا اور مشہور بکلیلہ
ہی ترجمہ ہی مولانا مشاراً الیہ کا اور الحق کہ عبارت اُسکی لطافت اور خوش
مین راحت افزاے روح سخن فہمان ہی اور یہ سب ترجمہ کہ مذکور جنکا ہو چکا بسبب
لغات عربیہ اور اشارات بلیغیہ کے کہ اکثر فارسی خوان اقتباس معنی سے دور
رہتے تھے اس واسطے یہ نسخے سب متروک رہے اور مقبول طبع و پسند ہر خاص
کو نہوے فلہذا جناب امارت مآب کہ ذات والاصفات اُسکی جامع کمالات تھی
امیر الاعظم دستور المعظم مستجمع الفضائل والمعالی نظام الملۃ والدولۃ و الد
شیخ احمد المشتہر السہیلی نے کہ بے تکلف گویا سہیل تھا کہ یمن سے تابان ہوا تھا و

نافع کافۂ انام کے چھٹی بار حکم فرمایا کہ حاکم ملک معانی سرآمد فضلاے حقانی واقف
مضمون یزدانی یعنی حسین بن علی الواعظ متخلص بکاشفی اس عروس مذکور کو لباس نو
پہنائے اور زیبا رویان معانی کو پردۂ الفاظ مغلقہ اور حجاب کلمات مشکلہ سے نکال کے
عبارات روشن اور اشارات لطیفہ سے حسن افزائی کرے تا ناظرین مشتاق کو جلوۂ
الفاظ اور حسن معانی بوجہ سہل نظر آئے اُسکے بعد ساتوین بار ابو الفضل نے عبارت
انوار سہیلی کی کچھ کاٹ کوٹ کے عیار دانش تصنیف کی لیکن انوار سہیلی سے اسے کچھ
نسبت نہوئی لہذا اُسنے بھی کچھ رونق نہ پکڑی اب معلوم کیا چاہیے کہ بنا کتاب کلیلہ و دمنہ
کی حکمت عملی پر ہی اور وہ حکمت عملی کیا ہی کہ جاننا مصالح حرکات ارادی اور افعال طبیعی
نوع انسانی کا اُس طور سے کہ جس سے انتظام احوال معاد و معاش اور حصول کمال ہو
اور یہ قسم حکمت عملی کی دو قسم پر منقسم ہی ایک وہ ہی کہ مصالح ہر فرد انسان سے جداگانہ
تعلق رکھے اور اُسمین اشتراک دوسری کا متصور نہو یعنی مثلاً گھر مین دس آدمی ہین
بی بی اور اولاد اور کنیز اور غلام پس مصلحت ہر ایک کی جدا جدا ہی یعنی آداب فرزند کے
والدین کے ساتھ اور طرح سے ہین اور معاشرت والدین کے ساتھ اور طرح سے ہین اور
معاشرت والدین کی اولاد سے اور طرح پر لازم ہی وعلیٰ ہذا القیاس غلام اور مولی کی مصلحت
جدا جدا اُنکی ذاتون سے متعلق ہی دوسرا اُسمین شریک نہین ہو سکتا ہی پس اُسکو تہذیب
اخلاق کہتے ہین اور دوسرے وہ ہی کہ تعلق اُسکا مصالح جماعت مشترکہ سے ہو وہ بھی دو قسم پر
منقسم ہی ایک وہ ہی کہ جس سے مصالح مشارکت منزل اور گھر کے معلوم ہوون اُسکو تدبیر منزل کہتے
ہین اور قسم دوسری وہ ہی کہ جس سے مصالح مشارکت شہر اور ولایت بلکہ اقلیم و مملکت کے
دریافت ہوون اُسکو سیاست مدن کہتے ہین تفصیل اُسکی یہ ہی مثلاً بادشاہ اہل شہر اور
اہل ولایت سے معاملہ کرے یعنی ہر ایک کے لایق جدا جدا معاشرت اور معاملات جاری
رکھے اور رعایا و سپاہ بادشاہ سے کیونکر پیش آئین یعنی متابعت اور فرمانبرداری

وجان نثاری مین سرگرم رہین پس یہ تفصیل ہو سیاست مدن کی اور یہ کتاب شامل
تینون قسمون کو مگر بعض فوائد تدبیر منزل اور سیاست مدن کی اور جو کچھ کہ تعلق تھا
اخلاق سے رکھتا ہو اسمین مذکور نہین مگر جستہ جستہ جا بجا کچھ بیان مین آگیا ہو اگرچہ مجکو
منظور تھا کہ اندک مکارم اخلاق مذکور کیے جاتے لیکن باعث تبدیل وضع کتاب کے ہو
تھے اور زیادہ تصریح کا یہ محل نہ تھا کہ اپنی جگہ پر حکمانے بشرح وبسط بیان کر دیا
اس سبب سے قصد زیادتی کلام کا نہ کیا پس اسی طریق پر حکیم بیدپا چلا تھا ہمنے بھی مصلحت
جانا اور دو باب اوّل کے کہ مذکور ہین برزویہ پزشک اور بزرجمہر کے تھے اور اصل
کتاب سے کچھ علاقہ نہ رکھتے تھے اس لیے وہ دونون باب کہ بجز حکایت اور کچھ
نہ تھا موقوف کرکے باقی چودہ باب کو کہ وہ وصایا تھے ہوشنگ پیشداد کے
عبارت روشن وسلیس مین لکھا اور ان حکایتون کو راے اور برہمن کے طرز
سوال وجواب پر قید کتابت مین کیا اب امیدوار ہون صاحب ہنران پاک
طینت سے کہ اس کتاب پر نظر الطاف دیدۂ عنایت سے کرین تا بحکم
وعین الرضا عن کل عیب کلیلہ۔ خطا اس بے بضاعت کی پوشیدہ رہے
بہ نظر عیب پوشی اصلاح مناسب سے کوتاہی نہ فرمائین اور ستاری کہ صفت
صفتہاے خداے پاک سے اُسکی پیروی کرین چنانچہ مضمون شعر گویا اسکے مناسب
حال ہو ع کام پوشاک سے نہین ہمکو۔ عیب پوشی ہمارا شیوہ ہو۔ اب بیان
کیا جاتا ہو کہ اس رسالے نے کہ پہلے مسمّی بانوار سہیلی تھا اور اب ملقب ہو بہ بستان حکمت
چودہ باب پر یون ترتیب پائی ہو کہ **باب پہلا** اجتناب کرنے مین قول سے
اور نمام کے ہو **باب دوسرا** سزا پانے مین بدکارون کے اور اُنکے شناعت احوال
مین ہو **باب تیسرا** موافقت مین دوستون کے اور اُن کے فوائد اور مقاصد
مین ہو **باب چوتھا** ملاحظہ کرنے مین احوال دشمنون کے اور ان کی تدبیر

ناہ فکر نہ رہنے مین باب پانچوان ہو مضرت مین غفلت کرنے کی اور جو کچھ کہ سبب
تساہل اور سستی سے حاصل ہوتا ہو باب چھٹا آفت تعجیل اور ضرر شتاب کاری مین ہو
باب ساتوان ہو احتیاط اور تدبیر مین کہ دشمنون کی بلا سے کسی حیلہ کے سبب نجات پائے
باب آٹھوان ہو احتراز کرنے مین ارباب مکر سے اور اعتماد نہ کرنا تملق پر اُن کے
باب نوان فضیلت مین عفو کے ہو بموجب حدیث شریف عفو الملک ابقاء للملک
بادشاہون کے واسطے بہتر اس سے صفت دوسری نہین ہو باب دسوان
کثرت مین زیادہ طلبی کے ہو کہ بہ سبب اُسکے انسان اپنے مطلب سے بھی محروم رہتا ہو
باب گیارھوان جزاے اعمال اور طریق مکافات مین ہو باب بارھوان
فضیلت مین حلم اور وقار اور سکون و ثبات کے ہو خصوصًا بادشاہون کے واسطے واجب
باب تیرھوان بچ پرہیز کرنے مین بادشاہون کے اہل غدر اور خیانت سے ہو
باب چودھوان اس مین ہو کہ التفات نہ کرے انقلاب زمانہ پر بلکہ ہر کام کو قضا و قدر
سے لکھے اور ہر دم یہ شعر مؤلف کا مدنظر رکھے بیت دیکھ کہ دیتے ہین ہو جائیگا کل طعمہ مور
بالفرض جو تو مثل سلیمان ہوگا ✣ بعد بیان ان باتون کے وہ حکایت کہ جو منشاء اس
کی ہو شروع کی جاتی ہو اب یہان تک تو جستہ جستہ مضمون بنا بر تالیف انوار سہیلی کا تھا
اب ضرور ہو کہ مترجم اس اُردوی معلی مین حال اس کتاب کی تالیف کا کہ مسمی بہ بستان حکمت
ہو اور کچھ حال مولد اور مسکن اور اپنی نژاد کا اور بعض واردات زمانہ سے کہ جو لائق حال
کے ہوے ہین اور پست بلند دوران سے کہ جو پیش نظر آیا ہو جستہ جستہ بیان کرکے
اُس کے بعد حاصل کتاب لکھے آب سُنا چاہیئے کہ ایک روز بندہ اور خواجہ وزیر اور
میان فرخ شاعر کہ یہ دونون شاگرد ارشد شیخ ناسخ صاحب کے ہین اور چند احباب
کبھی باہم بیٹھے ہوے تھے اور وقت شغل انوار سہیلی کے مطالعے کا تھا اور اُسکے
مؤلف کی فکر رسا پر سب نے زبان ثنا کھولی تھی کہ سبحان اللہ مصنف اسکا عجب حکیم

ارشد بست بزار
شہزادہ ایک ہزار
معنی اصل تاریخ
در دریم سہ بندہ ۱۲۶۵

بیمثال تھا اور عجب کتاب تصنیف کی ہو کہ گنجینہ ہو اسرار الٰہی کا اور خزینہ ہو فیض غیر تمنا ہی کا
بلکہ قرینہ اسپر دال ہو کہ جو کچھ اُس نے بیان کیا ہو مظنہ ہو کہ بامداد الہام غیبی ہو و الا رائے
انسان ضعیف البنیان کب کنہ کو اس قدر جزئیات عالم کے پہونچ سکتی ہو اگر مطالب اِس
کتاب کے کوئی بچشم خود دیکھے تو کوئی دقیقہ فوائد دینی اور دنیوی سے باقی نہین چھوڑا ہو اور
اگر کوئی غریب و فقیر خواہ رئیس و امیر خصوصًا بادشاہ اِس کتاب کے مطالب کو اپنا قبلۂ
مقاصد کرے تو یقین ہو کہ سعادت دارین سے سرفرازی پائے اور رونق اُسکے ہر امر
کی روز بروز ترقی کرتی جائے اِس گفتگو مین سب اہل محفل نے اصرار کیا کہ اکثر زبانون مین ترجمہ
اُسکا ہو چکا ہو اگر تم اُردو مین اُسے ترجمہ کر دو تو خوب چیز ہو راقم نے ہرچند عذر کیا پیش رفت
نہوا کچھ من اللہ بندے کو بھی توفیق رفیق ہوئی اور ہمت اسپر آئی کہ وما توفیقی الا باللہ
کہکر ارادہ کرو اگر فضل الٰہی شامل حال ہو تو سب بخیر و خوبی انجام ہوگا لہذا خدا کی
عنایت پر تکیہ کرکے شروع کیا جاتا ہو اب سُننا چاہیے کہ جب ارادہ ہوا کہ ترجمہ اسکا اردو
مین کرون تو اوّل ضرور ہوا کہ بنظر تامل اس کتاب کی عبارت اور مطالب کو دیکھا چاہیے
اس لیے بغور تمام دیکھا تو بیشتر مطالب پر اعتراض وارد ہوتے ہین اور بعض جگہ ..ال
مین مثلاً دو چیز کا مذکور تھا جب تفصیل کی تو ایک کا مذکور ہوا اور دوسرا مطلب رہ گیا
بعض جگہ اگر کچھ بیان اور ہو تو مطلب بر آمد ہوتا ہو ورنہ نقصان رہتا ہو اور اکثر
فقرات کہ واسطے رنگینی کلام کے طول دیے گئے تھے سو حذف کرنا اُسکا ضرور تھا اور
بہت اشعار کہ مطالب سے چسپان اور دست و بغل نہ تھے موقوف کرنا اُنکا مناسب تھا
لیکن خیال مین یون آتا ہو کہ اتنا بڑا اُستاد اتنے نقصان دیدہ و دانستہ کیونکر رہنے دیتا
مگر معلوم ہوتا ہو کہ ایک عرصۂ دراز سے جو لوگون نے اسکا مطالعہ کم کر دیا تو کاتبون کی
غلط نویسی سے یہ نقصان سب عارض ہوئے ہین لہذا بندے نے اپنی دانست مین
اُسے درست کیا اور بیشتر عبارت اور مطالب جا بجا کم و بیش کیے اور اکثر جا پر

کہ قصہ اسکا ضروریات سے تھا اور بعض جگہ بڑھانا عبارت اور مطالب کا مناسب تھا اسی طرح عمل مین لایا زیادہ تفصیل کرنے مین طوالت ہوتی ہی لہذا اُسپر موقوف رکھا کہ جس نے انوار سہیلی کو دیکھا ہوگا آپ نظر تامل سے مقابلہ کرے گا اُس پر خود منکشف ہوجائیگا کہ گویا صورت کتاب کی اور ہی ہوجائیگی براے نام ترجمہ کہا جاتا ہی ورنہ یہ کتاب حقیقت مین جدا جدا ہی لیکن حق یون ہی کہ یہ احسان نقاش اوّل کا ہی ورنہ مجھسے بے مایہ کو کہان طاقت اسکے بیان کی تھی

شروع کتاب

جوہریان رشتہ بازار معانی وصیرفیان دار العیار سخندانی نے وفاتر اخبار کو اسطرح سے آرائش دی ہی کہ اقصاے ممالک چین مین ایک بادشاہ تھا کہ شہرہ اُسکی دولت وکامگاری کا اطراف وجوانب مین دائر اور چرچا اُسکی عظمت وشہریاری کا مانند نیر اعظم کے ظاہر تھا سلاطین نامدار نے حلقہ اُسکی اطاعت کا گوش جان مین ڈالا تھا اور بادشاہان رفیع المرتبہ نے غاشیہ فرمانبرداری کا دوش پر رکھا تھا نظم فریدون حشمت وجمشید اورنگ * ہوا اُسکو دیکھکر بیہوش ہوشنگ * سکندر دیکھتا یہ شوکت وشان * تو رہتا صورت آئینہ حیران * اور اُسکے حاشیہ بساط دولت روز افزون پر ہمیشہ امراے عالمگیر اور وزراے صاحب تدبیر کمر خدمت گاری کی چست باندھے رہتے تھے اور پاے تخت اُسکے ہمیشہ فضلاے بزرگوار اور حکماے نصیحت شعار کرسیہاے عزت پر پایہ بپایہ بیٹھتے تھے اور خزانہ اُسکا زر سرخ اور جواہر بے بہا سے تابان اور لشکر جرار ملازم رکاب بے پایان تھا اُس بادشاہ کو ہمایون فال کہتے تھے حقیقت مین اسم بامسمیٰ تھا کہ رعایا وبرایا کے حق مین سراپا ہمایون اور عدل وداد مین روکش نوشیروان تھا سچ تو یہ ہی کہ اگر شحنہ عدل ضبط احوال رعیت مین اہتمام نہ کرے تو یہ فتنہ دہر دستیاری ستم سے بنیاد عالم کی برباد کر ڈالے اور اگر پرتو شمع انصاف درد مندون کے کلبہ تاریک کو عدل وداد سے روشن نکرے تو ظلمات ظلم سے اطراف مملکت

خاک سیاہ ہو جاے اور اُس بادشاہ کا ایک وزیر تھا رعیت پرور رحمت گستر کرا سے عالم آرا اُسکی میزان خرد مین گران وسبک عالم امکان کو خوب تولتی تھی اور فکر صواب اندیش اُسکی ایک تامل مین ہزار عقدۂ لاینحل کھولتی تھی اور کشتی دریاے فتنہ کو لنگر علم گران سنگ اُسکا گرداب اضطراب مین ٹھہرا لیتا تھا اور خارستان بیداد کو تند باد سیاست سے برباد کرکے گلستان رعایا کو امن مین رکھتا تھا **نظم ناسخ** کام لیتا ہو وہ جیسے خامۂ تحریر سے ❊ کر سکے ہرگز نہ کوئی تیر سے شمشیر سے ❊ عقل کیا اُسکو کمین اشراق[۱] سے بھی ہی زیادہ ❊ پس بڑھا دیتا ہو وہ تدبیر کو تقدیر سے ❊ اور اُس وزیر با تدبیر کو خجستہ راے کہتے تھے ہمایون فال کسی مہم مین اُسکے مشورۂ صواب اندیش کے سوا کوئی کام نہ کرتا تھا نہ بے ایما اُسکے میدان رزم مین کمر محاربے کی باندھتا تھا اور نہ بے اشارے اُسکے دیوان عام مین مسند عیش پر جلوہ گر ہوتا تھا ہر آئینہ بادشاہان نامدار وامیران کامگار کو چاہیے کہ بحکم شاورہم[۲] فی الامر بغیر مشاورت بزرگان نکتہ دان ودوراندیش اور بے اصلاح کار آگاہان عقیدت کیش کے مصالح مملکت امور سلطنت مین عجلت خود پسندی کو پسند نہ فرمائین اور تمام نظام ملکی اور احکام شرعی صوابدید خیر خواہان کامل اور مشیران عاقل پر رکھین **بیت** در ہمہ کار مشورت باید ❊ کار بے مشورت نکو ناید ❊ ایک دن ہمایون فال شکار کے واسطے سوار ہوا اور خجستہ راے بھی سائے کے مانند ہمراہ رکاب سعادت مآب تھا آخر کار اُس جگہ پہونچا کہ فضاے صحرا اور پہن دشت کثرت شکار سے غیرت چرخ وپروین تھا اور نسر[۳] طائر خوف باز بلند پرواز سے مانند طائر قبلہ نما مخفی وخوفناک تھا اور جانوران شکاری بند گسستہ ہر طرف تلاش صید مین کوشش کرتے تھے اور یوزان پلنگینہ پوش شوق مشاہدۂ آہوان سرچشم مین ہمہ تن چشم بن گئے تھے اور سگان شیر چنگال از روے شکار گرگ وشغال مین ہزار رنگ کی روبہ بازیان کرتے تھے اور باز بلند پرواز تیر کمان جستہ کے مانند سبک پروازیان کر رہے تھے اور شاہین آہنین چنگال نے نشترہاے ناخن سے خون شریان مرغان ہوا کا جاری کیا تھا **نظم** بہ بردن جستند

[۱] بالکسر روشنی دل نزد علمائے اشراقیین عبارت از بودن عارفان واقف جمیع امور پیشتر از وقوع ۱۲

[۲] مشورہ کرو ان کو یعنی صلاح مصاحب بیچ کام کے ۱۲

[۳] نسر بفتح نون وسکون سین مہملہ یعنی کرگس ... آسمان پر دو ستارہ ...

بازان سبک خیز ∴ بجنون صید کردہ چنگ ریتیز ∴ درآمد بچنگل شاہین بتاراج ∴ نہ طوطی ماند بربالا نہ دُرّاج ∴ جبکہ شاہ نے صحرا کو چرندون سے اور ہوا کو پرندون سے خالی کیا اور سیر و شکار سے دل بھر چکا شاہ و وزیر مع لشکر متوجہ دار السلطنت کے ہوے اُس ایام مین نیرِ اعظم برج حمل مین تھا القصہ بادشاہ مع فوج ایک ایسے دشت مین کہ سطح ریگستان تھا پہونچا جس وقت کہ آفتاب تابان وسط السما پر گرم جاہ ہوا ہر ذرہ ریگ نے شدت حرارت سے آفتاب قیامت کا حکم پیدا کیا خفتان جوشن پوشان شعلہ بنگئے اور نعل گھوڑون کے موم کی طرح نرم ہونے لگے چشمۂ آب سوا چشمۂ آفتاب کے معلوم نہ ہوتا تھا اور طلب آب مین غزالان نگاہ مانند وحشیان دشت کو سون اُس سراب گرم مین دوڑتے پھرتے تھے مطلق نشان پانی کا نظر نہ آتا تھا خجستہ رای نے حال بادشاہ کا تباہ دیکھ کے حکم کیا کہ جلد خسخانہ استادہ ہوتا بادشاہ استراحت فرمائے شاہ ہمایون فال نے یہ سُنکر فرمایا کہ اس حرارت آتشبار نے بقول سودا ~ سر و خس خانہ پوچھتا ہے خبط ∴ آگ اور پھوس مین بھلا کیا ربط ∴ اس وقت کہ سطح خاک شدت حرارت سے کرۂ نار بنگیا ہے اور آفتاب یہ چاہتا ہے کہ آج ہی آفتاب محشر بن جائے پس اس حال مین تن تنہا سایۂ خرگاہ[۱] مین پناہ لینا عدالت و مروت سے بعید ہے یعنی سر کو سایہ مین رکھنا اور جسم کو دھوپ مین جلانا دور از عدل و انصاف ہے ہیہات کہ مین سائے مین بیٹھون اور رفقا اور فوج کہ میرے اعضاے بدن ہین دھوپ مین جلین خاک ایسی نفس پروری پہ مجھے ایسی استراحت تنہا منظور نہین ہے جو سب کا حال وہی میرا حال خجستہ راے نے یہ سنکر دعا دی اور زبان ثنا کھولی اور یہ اشعار مؤلف کے پڑھے نظم الٰہی تا رہے اور نگ زرنگار سپہر ∴ زمین تا شہ خاور کے زیر فرمان ہے ∴ رہے مدام تو با تخت و تاج و جاہ و حشم ∴ کہا کرے تجھے خلقت یہ شاہ شاہان ہے ∴ اور عرض کیا کہ جو بندگان سلطانی کہ سایہ پرور دائرۂ عنایت عالی اور آسودگان خسخانۂ عاطفت شاہی ہین وہ تابش آفتاب حوادث[۲] سے کب ڈرتے ہین

۱ خرگاہ ... خیمہ
۲ حوادث جمع حوادثہ

کہ سائبان الطاف خداوندی اور نخل پرورش خاوندی اُن کے سر پر ہر دم سایہ افگن ہے وہ
عرض کرتے ہین کہ ہم سب کا آرام شہریار جہان کی راحت مین ہے حق ہے ع سلامت ہمہ آفاق
در سلامت تست + اور اگر یون منظور ہے کہ بندگان شاہی بھی آرام پائین تو اس نواح مین
ایک کوہ ہے کہ جوانمردون کی ہمت کے مانند سربلند اور بستان طبع سخنوران فرح افزا و
دلپسند ہے درخت سایہ دار بیشمار اور درہاے فراخ اور روشن جوش نبات و ریاحین
سے مثل گلزار ہین شہریار جہان وہان رونق افزا ہوکر استراحت فرماے سایہ اشجار مین
سب بندگان شاہی بھی بخوبی آرام پائین ہنگام شب عنان عزیمت مقر خلافت کی طرف
پھیرین یا پھیرا اور بنگاہ لشکر با آرام تمام روانہ ہوکے کسی دشت سایہ دار مین مقام کرین
جب وقت سلطان سیارگان نہانخانۂ مغرب کا عزم کرے پھر لواے شوکت و اقبال متوجہ
منزل مقصود ہوا القصہ ہمایون فال بموجب صلاح خجستہ راے کے روانہ ہوکے اُس کوہ
کے نزدیک پہونچا عجب طرح کا کوہ بلند دیکھا کہ آسمان دنیا سے ہمسری کرتا تھا لالہ زار
کوہی اور نرگستان کواکب روئیدہ ایک چمن معلوم ہوتے تھے القصہ شاہ بالاے کوہ
پہونچکر بنہایت سرور سے چارسو گلگشت کرتا تھا ناگاہ ایک میدان نظر آیا کہ مانند میدان
اَمل وسعت فراوان رکھتا تھا اور سبزہ زار اُسکا نہایت شادابی اور سرور افزائی مین
نظیر جنت تھا اور زبان موج نسیم مشکبار روائح گلزار کے چارسوے جہان مین فاش کرتی اور ترنم
بلبل سے حکایت رنگ و بوے گل کی گوش ساکنان عالم بالا مین پہونچتی تھی نظم
لطیف و دلکشا آب و ہواے + مبارک منزلے فرخندہ جاے + درختان چون بتان
قد برکشیدہ + زیکدیگر بخوبی سرکشیدہ + فراز شاخ مرغان خوش آواز + بالحان ارغنونہا
کردہ پرساز + اور اُس مرغزار مین ایک چشمہ آب تھا کہ آب اُسکا آبحیات کے مانند زندگی
تھا اُسکے دیکھنے سے شاہ حد سے زیادہ مسرور ہوا اور کرب اُس میدان کا کہ حقیقت
مین میدان کربلا تھا خاطر عاطر ہمایون فال سے دور ہوا وزیر نے خدام سلطانی کو حکم دیا

۵ درہ بفتح دال مہملہ و تشدید را گشادگی در میان کوہ ۱۲
۶ بنگاہ بضم و بفتح جائیکہ نقد و جنس در آنجا گذاشتہ بین یعنی جگہ اسباب و نگاہ یعنی جگہ
۷ ارغنون بروزن ارغنون نام ساز معروف یعنی ارسطو وضع افلاطون ۱۲ راست ۱۲

کنارۂ چشمۂ آب سریر شاہی بچھوایا ہمایون فال تخت شاہی پر جلوہ افروز ہوا اور ملازم رکاب دولت بھی لب چشمہ سایہ مین درختون کے راحت اندوز ہوے شاہ وسپاہ اُس ہواے ہاویۂ ہلاکت آما سے نکل کے منزل ومکان مین فرحت یاب ہوے اور عجائب مصنوعات اور غرائب مخلوقات نا متناہی رنگارنگ پر نگاہ کرکے اداے حمد وثناے ایزد متعال مین ہزار زبان سرگرم بیان تھے کہ نقاش مشیت نے لوح سنگین پر کیا کیا نقوش بوقلمون قلم قدرت سے کھینچے ہین اور صانع تقدیر نے بید وعدم ہنا تہاے گوناگون سنگخارا سے پیدا کیے ہین مرغان چمن اور نغمہ سرایان گلشن زبان حال سے حمد وثناے ایزد سبحان مین اس ترانے سے تہلیل اور تسبیح کرتے تھے بیت برگ درختان سبز در نظر ہوشیار ٭ ہر ورقے دفتریست معرفت کردگار ٭ ناگاہ نظر ہمایون فال کی ایک درخت خشک پر پڑی کہ شیخ فانی کے مانند برجا ماندہ اور بحس وحرکت تھا اُسمین ایک جوف تھا کہ زنبوران عسل فوج فوج اُس قلعۂ جوف مین ذخیرہ اپنی معاش کا رکھتے تھے جبکہ غوغاے لشکر زنبوران شاہ کے کان مین پہونچا وزیر جہاندیدہ سے پوچھا کہ اجتماع ان جانوران سبک پرواز کا اس درخت کی حوالی مین کسواسطے ہی اور آمد ورفت ان کمربستگان ارشاد کی فراز ونشیب مرغزار پر کس کے حکم سے ہی خجستہ راے نے زبان سحر بیان کو موقف عرض مین اس طرح گویا کیا کہ اے شہریار رکامگار یہ لشکر جرار فرمانبردار ایک بادشاہ قہرمان کا ہی کہ نام اُسکا یعسوب ہی اور جثے اور جسم مین ان سب سے وہ بزرگ تر ہی خلاق جہان نے یہ عجب طرح کا گروہ پر منفعت اور کم مضرت پیدا کیا ہی کہ فحواے واوحی ربک الی النحل سے ظاہر ہی اور اُس تمام لشکر بے پایان نے حکم نافذ بادشاہ پہ سر اطاعت رکھا ہی اور وہ تخت پر موم کے جلوہ افروز ہی اور وزیر وحاجب اور دربان و پاسبان وغیرہ لوازم سلطنت اپنے اپنے عہدے اور کام مقرری پہ سرگرم خدمت ہین کیاست اور فراست اس فرقے کی کہانتک بیان ہو سکے کہ ایک اُنھین سے یہ ہی کہ ہر ایک نے خانۂ مسدس موم سے اس طرح کا اپنے رہنے کو بنایا ہی کہ مہندسان کامل اور

ریاضی دانان عاقل تمام روے زمین کے مانند سمنار رومی یعنی بنائے خورنق اور شیدے پارسی
کرمانی ہفت گنبد بہرام تھے اگر پرکار اور مسطر ہاتھ مین لین تو دخل کیا ہو کہ ایسے گھر برابر بنا سکین
اور یون حکم بادشاہ ہو کہ ہر ایک اپنے اپنے گھر سے پرواز کرکے شگوفہاے اشجار اور گلہاے خوشرنگ
و بودار پر جا بیٹھین اور رطوبت گل و شگوفہ کی چوس کے لے آئین اول حاجب اور دربان
اُنکا مُنھ سونگھین اگر بوے خوش اُس سے آئے تو اجازت ہو کہ جاکر خانہ مسدس اور حجرۂ
موسس مین آرام کرین اور برگہاے لطیف کے چاٹنے کے بعد جو لعاب تازہ اور خوش مزہ کہ
اُنکے مُنھ مین باقی رہے اُسکو لا کے خزینۂ بادشاہی مین جمع کرین اور اگر خدانخواستہ کوئی برگ
بدبو پر بیٹھ کر آئے اور رایحۂ کثیف وکریہ اُسکے مُنھ سے آئے تو دربان و حاجب فی الحال اُسکا
سر کاٹ ڈالین اور اگر دربان کے تغافل سے کوئی داخل ہوگیا اور وہ بوے کریہ بادشاہ
کے دماغ مین پہونچی تو حکم ہوا کہ اُس بے ادب اور برگشتہ بخت کو سیاست گاہ مین حاضر کرین
اول اس جرم تغافل پر دربان کو قتل کرین اُسکے بعد اُنکے سر کاٹین تا بار دیگر پھر کوئی یہ حرکت
نہ کرے اور یون پیشدادیون کے اخبار مین مورخ نے لکھا ہو کہ جمشید نے آئین جہانداری اور
رسم دربان و حاجب و بواب اور تخت اور مسند انھین سے اخذ کیا تھا اور رفتہ رفتہ مرتبۂ
کمال قربانی کو پہونچا ہمایون فال نے جو یہ بیان خجستہ راے سے سُنا کمال اشتیاق سے زیر درخت
آکے استادہ ہوکر تفرج کنان تماشاے بارگاہ یعسوب وزیر اور اہتمام حاجبان باتدبیر اور
آمدرفت ملازمان شہریاری اور قانون خدمت و ہوشیاری دیکھکر سرگرم حمد و ثناے
ایزدمتعال ہوا کہ سبحان اللہ کیا گروہ پیدا کیا ہو کہ ایک ایک اُنمین سے قاعدہ دان اور
بدل و جان اپنے بادشاہ کا تابع فرمان ہو اور کیا غذاے پاک اور جاے پاکیزہ اختیار کی ہو
در ہر ایک کو اپنے ہی سود و زیان سے کام ہو اور دوسرے کے کام مین مطلق دخل نہین کرتے ہین
ع بہشت آنجا کہ آزارے نباشد ٭ اور باوجود خار دل آزار کے کوئی کسی کے درپے ایذا نہین
ہو اور بجاے نیش تواضع نوشا نوش باہم رکھتے اور ابناے جنس سے بلطف پیش آتے ہین اور آدمیون مین

ہم اُنکے برخلاف مشاہدہ کرتے ہین کہ یہ قوم بنی نوع کے ضرر و آزار مین سرگرم ہی پس یہ رُباعی
اُنھین کے حسب حال ہو رباعی ابنائے زمانہ مایۂ شور و شر اند + اینا شتۂ نفاق و کین سر اند +
مانند قطار اشتر این فرقۂ دون + با یکدگر اند در پے یکدگر اند + وزیر نے عرض کیا کہ گروہ انکا
ایک طبیعت پر پیدا کیا گیا اور نوع آدمی کی طبائع مختلف اور گوناگون پیدا ہوئی ہی اور
انکی ترکیب مین روح اور جسم لطیف اور کثیف اور نور و ظلمت باہم آمیختہ ہین اور صفات ملکوتی
اور خصائل شیطانی اور حاصل علوی اور مادۂ سفلی اُنکی خلقت مین جمع ہین اس واسطے
مشرب جداگانہ اور مذہب علیحدہ رکھتے ہین یعنی عقول ملائکہ سے بھی اُنکو بہرہ ہی اور نفوس
شیاطین سے بھی ان مین مادّہ ہی جو کوئی کہ دست موافقت دامن عقل پر مارے تو قدم شرف
سے درجات ولقد کرمنا بنی آدم پر ترقی کرے بیت بہرۂ از ملکت ہست نصیبے از دیو +
ترک دیو کن و بگذر بفضیلت ز ملک + اکثر آدمی نفس جفا جو کی پیروی سے مظہر اخلاق
ذمیمہ بنجاتے ہین نظم بیخبری چند ز خود بیخبر + عیب پسندند بزعم ہنر + دد و شوند ار بدماغی
رسند + باد شوند ار بچراغی رسند + اور بعضون نے کہ نفس کو امّارہ سے جامۂ صفات ملکی
اپنی قامت پر قطع کیا ہی وہ مرتبہ ہوا ہی جو اوپر بیان ہوچکا اور جو کوئی کہ پابند صفات
شیاطین کا ہوتا ہی وہ زمرۂ اخوان الشیاطین مین محسوب ہوتا ہی یہ سنکے بادشاہ نے فرمایا جو کچھ کہ
تونے اے وزیر کہا ہی سچ ہی لیکن صلاح انسانکی اسمین ہی کہ پائے قناعت دامن عزلت مین کھینچے تو
ہر نوع اُسکے واسطے فلاح دارین متصور ہی ورنہ آخر کار اُسکو رسوائے عالم کرینگے اور آخرت مین اُنکی
مشت استخوان ذائقۂ نار جہنم چکھینگے اور سچ یون ہی کہ اکثر شخصون کی صحبت زہر مار سے زیادہ کارگر
ہی اور اُنکی مخالطت سے جان و ایمان کا بچنا دشوار ہی اور اکثر فقراے باکیاست اور حکماے
صاحب فراست نے جو کنج قناعت کو عزیز رکھا ہی تو معلوم ہوا کہ انکی نظر ایسے معنی پر پڑی ہی جو مولوی
فرماتے ہین بیت شعر چہ بگزیدہ ہر کو عاقلست + زانکہ در خلوت صفاہاے دلست + ظلمت
چہ بہ ز ظلمتہاے خلق + میگریزد عاقل از غوغاے خلق + بلکہ فقراے کامل صافی دل از خود رنگی

کے سبب اپنی ذات سے بھی صحبت نہین رکھتے ہین تا بدیگرے چہ رسد وزیر نے اول عرض کیا تھا کہ بنی آدم
کی خلقت نے انواع مختلفہ پر ترکیب پائی ہی چنانچہ بعضے فقراء کامل نے اسی وتیرے پر زندگانی بسر کی
ہی اور انبیاے عالیمقام خصوصًا سید المرسلین امام المتقین شفیع المذنبین نے تعلیم و ہدایت مخلوق
مین عمر شریف بسر فرمائی پس یہان سے معلوم ہوتا ہی ع ہر کسے را بہر کارے ساختند اگر انبیاے
اولوالعزم فقراء گوشہ نشین کے مانند خلوت گزینی فرماتے اپنی ہی فلاح کی خیر مناتے تو مخلوق ساری
ہدایت دین خدا سے محروم رہجاتی اور سارا عالم ظلمت کفر سے حشر تک بے نور اور نور ظہور معرفت
اور فیض شریعت غیر تنا ہی جلباب عدم مین مسطور رہتا اسی طرح سے اللہ تعالی نے بادشاہ کی
ذات کو رعیت کی گلہ بانی کے واسطے پیدا کیا ہی اور اگر بنظر تامل غور کیا جاے تو ہویدا ہی کہ خلاق
مطلق نے ایک کو دوسرے کا محتاج کیا ہی نقوس مختلفہ بشیر شر اور مخاصمت کو چاہتے ہین اور
زبردست زیردست کو اکثر رنج پہونچاتے ہین پس اگر انہین کوئی بادشاہ اور فرمانبردار نہو تو
ایک کے ضرر سے دوسرے کو کون بچائے اور محتاج کی حاجت کو کون برلائے اور دو شخص کی
مخاصمت مین تصفیہ کون کرے اور تصفیے کے بعد حق مستحق کو کس طرح پہونچے چنانچہ ہر ذی حیات
کو اسی طرح فرمایا ہی کہ سلطان اور رئیس ہر جسم مین پیدا کیے ہین یعنی دل اور سر اور جگر وغیرہ
اگر سلطان دل اور رئیس اعضا بدن مین نہوتے تو صیانت اس جسم بے بنیاد کی کون کرتا پس
اس سے معلوم ہوا کہ گوشہ نشینی واقعی اپنے موقع پر اسی شخص گوشہ نشین کے آرام ظاہر و باطن
کے واسطے مخصوص ہی لیکن سلطنت اور فیض رسانی بدرجہا اس سے بہتر ہی کہ اپنی ذات کو تکلیف
دینا اور مخلوق پروردگار کو راحت پہونچانا کس قدر بلند ہمتی اور خوشنودی خدا کی ہی اور عزلت
بھی بعض کے واسطے ہوسکتی ہی والا تنہائی خلق اگر منظور خدا ہوتی تو کاہیکو کتاب عدم سے صفحہ ہستی
پر نقش ہر ذیحیات کا کھینچتا ہرگاہ لازم و ملزوم تمام کارخانہ دنیا کا یہ ہی کہ ایک دوسرے کی
مددگاری کرے یعنی کوئی کشتکاری اور کوئی جو پیدا ہوا ہو اُسے بیچے اور خریداری کرے اور
پیسے اور پکائے اور کوئی کھائے اور کوئی نیبہ دانہ بوئے اور جلاہی اور ندافی کرے اور کوئی اپنے

جلباب بالکسر چادر و قمیص و بالاپوش زنان ۱۲
نفوس جمع نفس بسکون فا بمعنی جان و ذات و بالتحریک نفخ فاسد بمعنی دم است
عزلت گوشہ نشینی
نیبہ ...

موقع پر کاتے اور بُنے اور قطع برید کرے اور اُسی کو کام مین لائے اور اسمین بھی جو دھیان کرو کہ یہ اتنے کام کس کسکی مددگاری سے ہوے ہین یعنی نجّار اور حدّاد اور درزی اور جولاہہ اور مزارع اور گاڑیبان اور سامان گاڑی کا یعنی بیل وغیرہ اور سامان قلبہ رانی اور کار خیاطی یعنی سوزن اور رشتہ اور مقراض وغیرہ کا ان سب کو ایک جمّ غفیر نے سرانجام دیا ہی القصہ بغیر صحبت و اتّفاق اجماع کثیر کے درستی ہونا اسباب عالم کی ایک تنہا عزلت گزینی سے ناممکن ہی بقول اُستاد نظم بگیر دامن جمعیت بکار بساز کہ ہیچ کار میسر نشد بتنہائی ٭ خلوت از اغیار باید نے زیار ٭ پوستین بہر دے آمد نے بہار ٭ بادشاہ نے فرمایا کہ جو وزیر نے عرض کیا راست ہی لیکن بہت سی قباحتون نے سلطنت کی بارکشی مین اندراج پایا ہی اسکو کیا کیا جاے اور مواخذہ اسکا کسکی گردن پر باقی رہیگا یعنی خلق اللہ مین بعضے ہین اور زور بازو رکھتے ہین اور بعضے ہین کہ قوت زر سے زیردستون اور مفلسون پر غلبہ کرتے ہین اور خبث نفوس سے خلق اللہ کی حق تلفی پر مصروف رہتے ہین مدافعہ اسکا کیونکر ہوگا اور حق و باطل کی کس طرح تمیز ہوسکے گی وزیر نے یون عرض کیا کہ اسکے لیے حکیم قادر نے سیاست مقرر فرمائی ہی بادشاہ نے فرمایا کہ معنی سیاست کے بیان کرو وزیر نے گذارش کی کہ سیاست عدل کو کہتے ہین عدل نام اُسکا کہ افراط و تفریط کو موقوف کرکے ہر امر مین درجہ توسط کو اختیار کرے تا کہ خیر الامور اوسطہا صادق آئے بادشاہ نے ارشاد فرمایا کہ اُس دقیقہ کی باریکی کہ ہر امر مین ہزار پیچ کی گنجایش رکھتی ہی اور مدارج اسکے غیر متناہی ہین طاقت بشری سے باہر ہی کہ راے ضعیف انسان بخیال نقصان ان سب کو طی کرے اور اگر غلط فہمی سے حق تلفی کسی کی ہوتو آخرت مین تقاضی روز جزا کے آگے مبتلاے بلا ہونا پڑے پس عقلا کے نزدیک اگر سو درجہ مین ایک درجہ بھی راجح نقصان دنیا کا ہو اُس سے احتراز کرنا چاہیئے چہ جائیکہ ایسے اندیشے مہلک دینی کہ مظلمہ جنکا ابدالآباد کے واسطے متیقن ہی پس صرف اتنی مسرت نفس کے واسطے کہ ہم فرمانروا اپنے بنی نوع پر ہین بار سلطنت سر پر رکھنا راے صواب اندیش سے بہت بعید ہی وزیر دانا دل نے عرض کیا کہ ارشاد عالی بجا ہی کہ یہ امر اگر موقوف بشر کی راے پر ہوتا تو زنہار یہ عقدہ

لا یحمل کسی شخص سے جیسا کہ چاہیے کُھل نہ سکتا الا کن اللہ تعالیٰ فرماتا ہو لا یکلف اللہ نفسا الا وسعھا
یہ سچ ہو کہ وسعت ادراک انسان کب ایسی ہو کہ جمیع معاملات عالم کو کہ غیر نا تنا ہی ہین پہونچ سکے
اُس اللہ تعالیٰ نے انبیاے مرسل کو کہ رسل بر حق اُسکے ہین اور حکما اُنکو ناموس اکبر کہتے ہین
مع کتب وصحائف ہر زبان مین بھیجے اور اپنے سب احکام حکمت نظام اس مین درج کرکے زبان
انبیاے کرام کے رکھے اور نام اُسکا شریعت رکھا کہ کوئی دقیقہ دقائق کائنات سے باقی
نہ چھوڑا اب کسی امر مین حاجت اسکی نہین ہو کہ کوئی بادشاہ اور حاکم حکم شرع مین اپنی راے
کو دخل دے بلکہ سزا اور جزا ہر امر کی مشرح و مفصل فرما دی ہو اور اندیشہ اسکا نہین کہ اس حکم مین خطا
واقع ہو کہ وہ سب احکام معاد و معاش کے علم سے پروردگار عالم کے ہین بلکہ جزا اور مقبولیت
اس امر کی خداے کریم کے نزدیک حد سے زیادہ ہو یہانتک بادشاہ پر تاکید ہو کہ سواے نماز فرض
نوافل کو بھی ترک کرے کہ اُتنا زمانہ کہ نوافل مین صرف ہو اُسے عدل و داد خلق اللہ مین صرف
صرف کرے اب اس جگہ سے دریافت ہوتا ہو کہ نوافل سی عبادت کو مخلوق کی برآمد مطلوب کے واسطے
موقوف کرنے کا حکم آیا ہو اسلیے وجود حاکم تھہرمان کا مخلوقات مین ضرور ہو کہ قواعد امر بالمعروف اور
نہی عن المنکر کی محافظت کرے اور قانون سیاست کو موافق شریعت غرا کے جاری رکھے تا کوئی
سرکش جادۂ اعتدال سے پائون باہر نہ رکھ سکے اور بادشاہ بھی اس عمل خیر مین سعادت حاصل
کرے ہمایون فال نے کہا کہ حکم حاکم قاہر پیغمبر کا کہ وجود اُس کا خلق مین ضرور ہو کس طرح کا ہو
اور صفات اُسکے منبط ملک اور ملت مین کس نوع پر چاہئین خجستہ راے نے عرض کیا کہ حاکم کو
چاہیے کہ قواعد سیاست اور دقائق عدالت سے واقف اور بیدار مغز ہو اور اگر غافل ہو تو
ملک و مال اُسکا معرض زوال مین قریب الانتقال ہو اور خرابی عقبیٰ کی بادشاہ کے واسطے
اس سے زیادہ نہین ہو کہ خلق خدا سے غفلت کرے اور نفس پروری مین مشغول رہے بلکہ بادشاہ
کو لازم ہو کہ خوض و فکر رسا سے دریافت کرکے بعض گروہ کو تقویت بخشے اور مجالست
انکی اختیار کرے اور بعض گروہ کو مغلوب اور منکوب کرکے انکی صحبت سے پرہیز کرے

نہین تکلیف دیتا اللہ تعالیٰ کسی نفس کو مگر بقدر طاقت اُسکی
امر بالمعروف عام کرنا ساتھ نیکی کے اور منع کرنا بری سے
نفل ہیں پڑھنا نماز کا جو بعد فرض کے
نفل معلوم ہیں
جو بڑھ کر نہ ادا معلوم بقاعدہ
نفل مین استعمال کیا
نہی عن المنکر منع کیا گیا
نہی کرنا بدی سے اور منکر کے معنی بری
جادہ راہ اور جادۂ اعتدال سیدھی راہ
منضبط سے
سرانجام
خوض بضم فکر
خواری و ذلیل

کیونکہ وہ بادشاہ کی ملازمت سے عزت یافتہ ہونگے اپنے سینون مین تخم کینہ بوئینگے اور انواع
حیلہ و فریب سے مضامین بے اصل کو بندش دیکے نقصان اور معائب اُنکے گوش ملازمان شاہی مین
پہونچاکر منتظر آنکے زوال عزت وجاہ کے رہینگے اگر بادشاہ حلیۂ احتیاط اور دوراندیشی سے عاری ہو
اور ارباب غرض کی غرض کو سمع قبول مین جگہہ دی اور تحقیق حالات کما ینبغی پر التفات نہ کی تو
بہت سے خلل ریاست مین پیدا ہونگے اور فساد اُسکا شدہ شدہ یہانتک نفوس ارکان سلطنت
مین نفوذ کریگا کہ سر شعلۂ آتش فساد تا کرہ نار پہونچے گا اور مدافعہ اُس کا آب پاشی تدبیر
وزرائے زمان اور فکر بادشاہ قہرمان سے زنہار نہوسکے گا **بیت** منہ گوش بر قول صاحب
غرض ٭ کہ از کینہ در سینہ دارد مرض ٭ بادشاہ بیدار دل کو چاہیے کہ بغور ہر بات کو سمجھکے
نور ادراک سے ظلمت خبث تمام بد انجام اور دروغ گو کو تمیز کرے اور کبھی چشم لطف سے اس
گروہ بے شکوہ کی طرف نہ دیکھے بلکہ زنہار اپنی صحبت مین اُنھین بار ندے تا دنیا مین خللہاے
امور سلطنت سے ایمن رہے اور آخرت مین ذخیرہ اندوز سعادت ہو **بیت** ہر کہ درین
خانہ شبے وا کرد ٭ خانۂ فرداے خود آباد کرد ٭ داد گرے شرط جہانداریست ٭ دولت باقی
ز کم آزاریست جس بادشاہ نے مواعظ حکماے ناصح کو دستور العمل کیا ملک اور رعیت اُسکی
آباد اور شاد دعا گو رہیگی جیسا کہ راے دابشلیم بادشاہ ہند نے اپنے اساس سلطنت کو
ہوشنگ کی چودہ نصیحتون پر کہ تفصیل اُسکی بیدپا برہمن حلیم دانا دل نے بیان کی تھی رکھا
تھا اسواسطے اُسنے تمام عمر راحت و کامرانی مین بسر کی اور باغ سلطنت سے ہر ایک نے
علی قدر حال برخورداری پائی اور جبکہ راے دابشلیم اس جہان فانی سے ملک بقا کو سدھارا
آج تک نام نیک اور ذکر جمیل اُسکا صفحۂ روزگار پر باقی ہے سچ کہا ہے کسی نے **ع**
نام نکوست حاصل ایام زندگی ٭ ہمایون فال نے جبکہ نام راے دابشلیم اور بیدپا برہمن
کا سنا مانند غنچۂ تازہ کہ وقت سحر حرکت نسیم سے وا ہوتا ہے شگفتہ و خندان ہوکر فرمایا
کہ اے وزیر مدت سے راے اور برہمن کے تحقیق احوال مین دل میرا مانند عاشق مہجور

۴ دابشلیم نام ... بادشاہی ... مخصوص ... بادشاہان ...
۴ ... سلاطین بودند ... یا ملک بن کیومرث ... گرز آہن را از کان بیاورده آلات زراعت پیدا کرد دربار شہر بنیاد پیدا کرد ۱۲

کمے بیقرار تھا اور خیالات مین اُن دونون کے مانند طبع شعراے مضمون یاب شبانہ روز
سرگردان ہاموں کہسار کا رہتا تھا اور ہرچند بزرگوارون کے تجسس احوال مین سعی کرتا
رہا لیکن کسی نے انکے دفتر اخبار سے ایک حرف بھی میرے سمع مشتاق تک نہ پہونچایا
اسوقت کہ تیری زبان سے نام ان دونون کا سُنا معلوم ہوا کہ وزیر ہمارا ان کے اخبار سے
خبردار ہی شکر خدا کیا اور کہا ع یار در خانہ و من گرد جہان میگردم ۂ اسکے بعد کہا ای
وزیر باتدبیر جلد احوال دابشلیم اور بیدپا بہ تفصیل بیان کر کہ تو اسکے باعث میرے
اداے حقوق نمک سے بہرہ مند ہوا اور مین اس مواعظ کے سُننے سے اور رعیت سیاہ کے فائدہ
پہونچانے سے خدا وند کریم کے نزدیک سعادتمند ہون ع چہ خوش بود کہ برآید بیک کرشمہ دوکار

آغاز داستان دابشلیم و بیدپا حکیم کی یہ ہی

اوّل ایک جملہ اور بیان کیا جاتا ہی کہ دابشلیم اور بیدپا برہمن دونون موحّد خدا پرست
عارف وقت تھے اس راہ سے کوئی نجانے کہ جیسے اسوقت کے راے برہمن بت پرست ہین
سو ایسا نہین ہی اُس زمانے مین دستور تھا ہر بادشاہ کو زبان ہندی مین راے کہتے تھے اور
عارف درویش کا برہمن لقب کرتے تھے یہ اتنا واسطے رفع شک کے لکھدیا گیا والا اُنکے حالات
اور بیان سے عرفان اور ایمان انکا خود ظاہر ہوتا ہی وزیر انور ضمیر راست تدبیر نے زبان
روشن بیان کو اس ترانہ فرحت افزا کے ساتھ مترنم کیا کہ طوطیان شکرستان سخنوری اور
ملبلان خوش الحان ہنرپروری سے سُنا ہی کہ متعلقات سواد ہند مین ایک بادشاہ تھا
فریدون افسر جمشید لشکر جہان پرور عدالت گستر فریدون بخت ہمایون تخت رعیت نواز
ظلم گداز کہ اُسنے ظلمت ظلم کو یکسر صفحۂ روزگار سے محو کر ڈالا تھا اور بساط عدل و داد کو
چارسوے عالم مین بچھایا تھا اور دروازہ جود و احسان کا خلق خدا کے مُنھ پر بے تکلف کھولدیا
تھا چنانچہ اس کے مناسب مؤلف نے کہا ہی **بیت** وہ نخل ہی چمن سلطنت مین قد تیرا × کہ جس مین برگ عدالت سے بار احسان ہی × اِس بادشاہ کو راے دابشلیم کہتے تھے

موحد اسکا
کا ماننے والا
خدا کا ماننے والا

اور واشلیم زبان ہندی مین بادشاہ بزرگ کو کہتے ہین اُس عصر مین پایۂ تخت اِسکا سومنات
تھا اسی جہت سے جوکہ بادشاہ سومنات کا ہوتا ہو اُسے آج تک تیمنًا دابشلیم کہتے ہین اور حقیقت
مین بزرگی اسکے ظاہر اور باطن سے پائی جاتی ہو یعنے اُسکی کمند ہمت کنگرۂ فلک پر حلقہ مارتی ہو
اور سامان امارت اُسکا احاطۂ خیال مین نہین آتا تھا ہزار فیل مست ذریائی اُسکی سواری
مین موجود رہتے اور لشکر مردمان کاری اور دلیران کارزاری حد شمار سے باہر تھا اور باین ہمہ
عظمت وجبروت عدل وداد ورعیت پروری پر متوجہ تھا کہ خود بہ نفس ونفیس ہر ایک
متنفس کا حال بالمشافہ سُنکر آل کار کو پہونچتا تھا اور دردمندون اور ستم رسیدون کی
بواقعی داد دیکر ہر ایک کو راضی اور خرسند کرتا تھا اور جلا دگر دون کو شکنجہ سیاست مین
یہانتک کھینچتا تھا کہ نام ظلم کا صفحہ روزگار مین کسی کی زبان پر نہ آتا تھا بقول سودا **بیت**
شیشے کا اگر طاق سے رہتے تھا ذرا پائون ❊ پتھر سے نکلتی تھی صدا بسم اللہ ❊ اور اُسکی
صحبت خاص مین سوائے ندمائے حکمت شعار اور حکمائے فضیلت آثار اور وزرائے عالیمقدار
کے بے ہنرون کو جگہ نہ ملتی اور محفل اُسکی ہمیشہ لطافت کلمات آئین اور مکارم صفات
فوائد آگین سے آراستہ رہتی تھی ایک روز محفل سلطانی مین مذکور تھا کہ تمام صفات حمیدہ پر
کونسی صفت کو ترجیح دی ہو اتفاق سب کا اسپر ہوا کہ اکمل اخلاق پسندیدہ اور اشرف صفات
جود ہو چنانچہ قول معلم اوّل یعنی ارسطو کا ہو کہ حق عبودیت کی اوّل صفت یہ ہو کہ اللہ تعالیٰ
کو بیشتر جواد اور کریم کہکے یاد کیا کرے کہ اس صفت عالی نے جمیع موجودات مین سرایت کی
ہو اور صاحب نبوت کبریٰ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم نے ارشاد فرمایا ہو کہ مطلب اُسکا یہ ہو کہ جود ایک
درخت ہو کہ جنت کے چمن مین اگا ہو اور آبیاری جوی کوثر سے نشو ونما پایا ہو الجود شجرۃ فی الجنۃ
اور بموجب اسی حدیث پاک کے مولوی معنوی فرماتے ہین **بیت** این سخا شاخیست از سرو بہشت
وای او کز کف چنین شاخی ہشت ❊ اس بات کے دریافت کرنے کے بعد دابشلیم کی طبع سلیم
جوش مین آئی اور ہمت تمام اسپر مصروف ہوئی کہ اس نفس ابلہ کے فریب سے الفت اس

زبان سنسکرت بمعنی بادشاہ بزرگ ۱۲

ارسطو نامی حکیم یونانی جو مشہور عالم ہے ۱۲

جود بمعنی سخاوت اور سخاوت ایک درخت ہو بہشت مین ۱۲

جہان ناپائدار کی دل مین رکھنا اور مال کو اندوختہ کرکے راہ خدا مین صرف نکرنا اور غیرون کے واسطے چھوڑ جانا اور مظلمہ اُسکا اپنے ذمے ابدالآباد رکھنا عقل صواب اندیش سے بہت بعید ہی اُسی دم حکم دیا کہ دروازے خزانے کے کھولین اور صلاے کرم و بخشش سب خاص عام کو دی جبکہ یہ ندا کان مین اہل زمانہ کے پہونچی خلق خدا جوق جوق از مسافر تا مقیم بیحد و عدد جمع آئے اور ایک روز مین بادشاہ نے خزانۂ بیشمار مخلوق پر ایثار کیے جتنا جسنے اُٹھا لیا مطلق اُس سے مضائقہ نہ کیا حتی کہ ایک دانہ بھی زر و جواہر سے خزانے مین باقی نہ رہا اور عالم مالامال ہوگیا اور سب دعا دیتے ہوے خوش خوش اپنے مسکن و ماوی کو پہونچے اور ہر گدا و فقیر غنی اور امیر ہوگیا
نظم ناسخ برسائے سحاب دست سے لعل و گہر ٭ ہین رشک بدخشان و عدن راہ گذر ٭ گر ماہی زیر خاک نے پاے فلوس ٭ تو پنجہ خورشید فلک مین ہی زر ٭ تمام روز وا لتسلیم آفتاب تابان کے مانند زربخشی مین مشغول رہا جب کہ سیمرغ زرین جناح عازم آشیانۂ مغرب ہوا اور زاغ شب نے سایہ پر و بال سے آفاق کو چھپا لیا بادشاہ نے بعد از فراغت کاروبار کا سر اپنا بستر راحت پر رکھا اور ہجوم نوم عرصہ دماغ پر مستولی ہوا نقشبند خیال اور روح سیاہ نے رویاے صادق سے ادراک قواے باطنی کو یون اطلاع دی کہ اے بشارت ہو تجھے کہ تیری راے صواب خوب اندیش ہادی ہوئی کہ تونے سب خزانے کو خوشنودی خالق مین صرف کیا اور خلق خدا کو راضی کیا حق تجھسے راضی ہوا اور تجھے راضی کریگا سر دست یہ ہی کہ دم صبح پاے عزیمت رکاب مرکب مین دے اور جانب شرق دار السلطنت توجہ کر کہ گنج شایگان اور خزانۂ رایگان تجھکو عنایت ہوا ہی اور ایسا خزانہ ہی کہ تمام عمر خرچ کریگا تو بھی تمام نہوگا اور بعد موت کے جو کچھ کہ پائیگا سو دیکھے گا بشارت ہو تجھکو اور مبارک ہو تجھکو اس خواب دیکھنے کے بعد راے کی آنکھ کھلی اُس بشارت سے بہت خوش ہوا اور تا دم صبح شکر پروردگار عالم کرتا رہا اسکے بعد شرط طہارت بجا لایا اور اپنے زمانے کے قاعدے کے موافق عبادت کرتا رہا جبکہ شاہین زرین بال آشیانہ مغرب سے پرواز کرکے کنگرہ افق مشرق پر جلوہ افروز ہوا بموجب حکم بادشاہ کے رکابدار مرکب راہوار یا دِ رفتار طیار کرکے لایا شہریار سوار ہوکر جانب مشرق

جوق بالفتح گروہ مردم ۱۲
ایثار کردن یعنی بخشش ۱۲
مستعمل ۱۲ عدن بفتحتین

عرصہ صحراے لق و دق مین پہونچا تبلاش تعبیر خواب ہر طرف بنظر جو یا نگران تھا کہ یک ناگاہ
نگاہ ایک کوہ پر پڑی کہ مانند ہمت کریان سر بلند اور استقامت مین بطور توکل گزینان پا برجا
اور مستقل ہی اور دیکھتا کیا ہی کہ زیر دامن کوہ ایک غار تاریک و تار ہی اور اُس غار پر ایک
درویش عالی وقار بیٹھا ہی جبکہ بادشاہ کی نظر اس عارف آگاہ دل پر پڑی تحیت[۱] و سلام سے
پیش آیا اور درویش روشن ضمیر نے نور صفائی باطن سے نقش مراد اُسکا صفحہ سینہ سے مطالعہ
کرکے زبان نیاز کھولی اور مرحبا کہا اور فرمایا کہ اے شاہ شاہان اگرچہ بمقابلہ محفل خلد مشاکل
بادشاہان صحبت گدا و بینوا محقر ہی اور بنظر مکانات سلطانی کہ ہم پلہ جنت ہوتے ہین کاشانہ
فقیرون کا سخت بیقدر ہی لاکن عادت جمہودہ سلاطین خدا شناس سے یہ ہی کہ دل شکستہ کو پارہ نعمت
و مرحمت سے پیوند کرتے ہین اور ارشاد سید کائنات علیہ الصلوٰۃ و السلام کا یہ ہی نعم[۲] الامیر علیٰ
باب الفقیر مناسب اس حال کے مصرعہ طالب بھی ہی ع شاہان چہ عجب گر بنوازند گدا را ✢ ایضاً شعر
نظر کردن بدرویشان بزرگی را بیفزاید ✢ سلیمان با ہمہ حشمت نظرہا بود با مورش ✢ کیا عجب ہی
کہ بادشاہ بھی تشریف لائے اور فقیر کو خوش کرے و التسلیم فوراً مرکب سے اُترا اور پیادہ درویش
کی خدمت مین حاضر ہوا اور شرط مصافحہ بجا لایا بعد ساعت کے بادشاہ نے رخصت چاہی درویش نے
فرمایا بیت از دست من گدا چہ آید ✢ مہمانی چو تو بادشاہی ✢ لاکن برسم درویشان تحفہ محقر[۳]
ایک برگ سبز رکھتا ہون ع گر قبول افتد زہے عز و شرف ✢ وہ یہ ہی کہ والد سے مجھے ایک میراث
پہونچی ہی اور مین عبث پابند اُسکا مدت دراز سے ہون اس انتظار مین کہ جو سزاوار اسکا ہو اسے حوالہ
کرون اور مین لفراغ خاطر باقی انفاس عبادت خالق مین بسر کرون سو وہ یہ ہی کہ اس غار کے کنج مین
ایک گنج ہی کہ زر سُرخ اور جواہر گران بہا سے بھرا اور حد شمار سے باہر ہی اور بیٹھنا میرا اس جگہہ دو فائدون کے
واسطے تھا ایک تو یہ کہ باعث سرمایۂ قناعت تھا کہ القناعۃ[۴] کنز لا ینفد اور دوسرے دامن توکل اُسکے وسیلے
سے ہاتھ آیا موجب بیت کسیکہ روی توکل ندید ہیچ ندید ✢ کسیکہ گنج قناعت نیافت ہیچ نیافت ✢ اب تو
اس مصرعہ کے موافق عمل فرما مؤلف ع غیب سے جو آئے سو خوب ہی ✢ بادشاہ نے قبول کیا اور حکم دیا کہ جلد ہم

غار کو کھودین جبکہ کھودنے والون نے کھودنا شروع کیا بعد ساعت کے خزانے کے تہ خانے تک پہونچے جسوقت کہ
قفل تہ خانے کی تختی کا توڑا دیکھتے کیا ہین کہ ایک خزانہ ہی کہ محاسب کی عقل جسکی حد شمار مین عاجز ہی بادشاہ
نے حکم دیا کہ ان سب کو اُٹھا کے خزانہ بادشاہی مین داخل کرین حکم ہی کی دیر تھی کہ ہزارون آدمی اور
باربردار موجود ہوئے اور اس سب کو ایک مکان علحدہ مین لیجا کے رکھا اسکے بعد بادشاہ تشریف لائے اور
فرمایا کہ ہر صندوق کا قفل کھولین جبکہ قفل انکے وا ہوے بادشاہ ایک ایک چیز نادر و نایاب کو دیکھتا اور متحیر
ہوتا اور زبان شکر بیان سے کہتا کہ مین ذرہ بیمقدار کب اس مقدار کی لیاقت رکھتا تھا مگر وہ
وہاب اور جواد ہی جسے جو چاہے سو عطا کرے اُسکے کرم کے نزدیک یہ بھی بے حقیقت ہی اس طرح سے ملاحظہ
کرتا تھا اور حمد و ثنائے رب قدیر مین مشغول تھا کہ ناگاہ صندوق کلان مین ایک درج زرنگار مرصع کار
نکلا کہ تمام اطراف اسکے بندہاے پولاد سے مستحکم کیے تھے اور قفل رومی ہزار مضبوطی سے اُسپر لگایا تھا کہ
دندانہ کسی کلید کا اُسپر کارگر نہوتا اور عقدہ اسکا کسی کے ناخن تدبیر سے نہ کھلتا تھا بادشاہ نے دل مین
کہا کہ شاید اسمین وہ جواہر ہین کہ سارا خزانہ اسکے آگے بیمقدار ہی آہنگران حکمت و ست کو بلا کر کہا کہ اسے
تدبیر سے کھولو کہ جو شی کہ اسمین ودیعت ہی ضرر نہ پہونچے القصہ جبکہ وہ درج کھولا اسمین ایک اور صندوقچہ
کہ مانند برج آسمان کے ستارۂ جواہر سے قرین تھا نکلا اور اُس صندوق مین ایک ڈبا تھا نہایت صفائی مین
مہتاب کے مانند مجلّیٰ تھا شاہ نے اسے اپنے ہاتھ مین لے کر کھولا اور دیکھا کہ ایک پرچہ تحریر ہی کہ چند سطرین
اُسپر خط سریانی سے لکھی ہین دانشلیم دیکھکر متعجب ہوا کہ یہ کیا چیز ہے بعضون نے کہا کہ نام اور نشان اور
حساب عدد اور قیمت اس خزانے کی لکھی ہی اور بعضون نے تجویز کیا کہ بطور طلسم یا عمل کے ہی کہ حفاظت
گنج کے واسطے لکھا گیا ہی جبکہ گفتگو ارباب صحبت کی اس باب مین زیادہ گذری شاہ نے کہا جبتک کہ یہ
پڑھا یا نہ جائیگا تردد خاطر رفع نہوگا حاضران محفل مین اس خط کے پڑھنے کی مہارت کوئی نہ رکھتا تھا
مگر ایک حکیم زاویہ نشین کہ جمیع فنون مین دستگاہ رکھتا تھا ارکان سلطنت اُس حکیم کو بدقت صحبت بادشاہ
مین لائے بادشاہ شرط تکریم بجا لایا اور فرمایا کہ آپ کے تکلیف دینے کا سبب یہ ہی کہ اس راز مخفی سے
آگاہی دیجیے مطلب ان سطرون کا کہ ہم ناواقف اور مشتاق اسکے ہین بہ تفصیل فرمایے

حکیم نے اُس خط کو پڑھا اور بعد غور و تامل کے فرمایا کہ مکتوب مین فوائد بیشمار ہین اور یہ دریکتا حقیقت مین اس گنج کا حاصل ہی کہ قیمت جسکی پلہ ارض و سما مین تل نہین سکتی ہی القصہ مطالب اس سطور کا حرفًا یہ ہی کہ مین بادشاہ وقت ہون یعنی ہوشنگ بن سیامک بن کیومرث بن سام بن نوح علیہ السلام اور اس گنج کو امانت رکھتا ہون راے عظیم بادشاہ سومنات کے واسطے کہ لقب اُسکا دابشلیم ہوگا اور اس راز غیب سے سواے جل و علی کے کسی کو خبر نہ تھی مگر مجھے از روے الہام اتنا معلوم ہوا کہ خزانہ اسکے نصیب مین ہی یہ کتبہ لکھ کے خزانے کے ایک صندوق مین رکھا ہی کہ جب اس خزانے کو وہ پائے اور تحریر ہاتھ آئے اسے مشرح دریافت کرکے دستور العمل اپنا فرماے تا سعادت دارین حاصل کرے اور اتنا سمجھے کہ زر و مال دُنیا سے دل لگانا کام عقلا کا نہین ہی کہ یہ ہرجائی دست بدست پھرتی ہی اور مانند قحبہ کے ایک کی پابند نہین رہتی ہی نظم

دُنیا اک زال بیسوا ہی ٭ بے مہر و وفا و بیحیا ہی ٭ مردون کے لیے یہ زن ہی زہرن ٭ دُنیا کی عدو ہی دین کی دشمن ٭ رہتی نہین ایک جا پہ جلکر ٭ پھرتی ہی برنگ نرد گھر گھر ٭ اور اتنا سمجھ کر یہ دستور العمل سلطنت کا ہی بادشاہون کو اس سے گزیر نہین ہی اور جو بادشاہ کہ اس وصیت پر چلے گا بخت و دولت اُسکے یار ہونگے اور جو بادشاہ کہ ان چودہ قاعدون کے خلاف کام کریگا سلطنت اُسکی کبھی جلوہ نہ پکڑیگی اور ارکان سلطنت ہمیشہ متزلزل رہینگے اور اساس سلطنت کے استحکام کی وصیتین یہ ہین وصیت پہلی یہ ہی کہ بادشاہ جسکو سرفرازی بخشے اور عزت افزائی اسکی کرے پھر اُسے کسی دشمن کے کہنے سے یا کوئی خطا اس سے صادر ہو تو یکایک پایۂ عزت سے نہ گرادے اور تذلیل اور توہین اُسکی پسند نہ فرمائے وجہ یہ ہی کہ اہل زمانہ جسکو کہ عزیز کردۂ سلطان دیکھتے ہین یہ لازمہ حسد ہی کہ خواہان اُسکے زوال دولت کے ہوتے ہین اور مقدار اپنے حسد کے خیرخواہی کے پردہ مین دور دور سے مضمون پیچدار تراش کے لاتے ہین کہ اگر کسی پہلو سے بھی غرض انکی مقبول ہو جاے تو مطالب بر آئین کہ وہ کلام آخرکار منتہی اس عزیز کی تخریب کا ہوتا ہی اسلیے بادشاہ بیدار مغز کو چاہیے کہ انکے ابتداے کلام سے انتہاے مطلب کو پہونچ کے جواب دندان شکن ایسے ایک برسے

مین دے کہ نمّام[1] بد انجام پست ہو جاوے **وصیّت دوسری** یہ ہی کہ ساعی اور چغلخور کو اپنی محفل مین بار نہ دے کہ یہ فتنہ انگیز اور جنگجو ہوتے ہین اور بذات انکی کم از شیطان نہین ہی بلکہ جب یہ صفت اسمین مشاہدہ کرے تو کسی حیلہ سے اس آتش فساد کو آب شمشیر سے بجھادے تا مادہ فساد اِس کا عرصۂ جہان کو گھیر نہ لے **بیت** آتشے را کہ سوخت خلق ازان ❊ جز بکشتن علاج نتوان کرد ❊
وصیّت تیسری یہ ہی کہ اپنے امرا و ارکان دولت کے ساتھ طریق موافقت اور سلوک جاری رکھے اور باتفاق مصاحبان یکدل اور مشیران عالی منزل کارہاے کلی کو سرانجام دیتا رہے **لمؤلفہ بیت** تسخیر ملک کی ہی مگر اتفاق سے ❊ برباد ہو گئی ہی ریاست نفاق سے ❊
وصیّت چوتھی یہ ہی کہ مہربانی اور چاپلوسی پر دشمن کی مغرور نہو ہر چند تملق اور تضرع کرے اعتماد نہ لائے کہ دشمن دلی کبھی دوست نہین ہوتا ہی **رباعی** ہو جو دشمن دوست بہے اس سے لازم احتراز ❊ ام صبیان[2] ہوتی ہی بچون کے حق مین جانگداز ❊ دشمنی سے خواہش دل جبکہ برآتی نہین ❊ دشمنی کرتے ہین آخر بنکے یار دلنواز ❊ موافق اسکے غنی کشمیری کہتا ہی **بیت** بر تواضعہاے دشمن تکیہ کردن ابلہیست ❊ پاے بوس سیل از پا افگند دیوار را ❊
وصیّت پانچوین یہ ہی جبکہ گوہر مراد ہاتھ آئے اسے کمال محافظت سے رکھے تہا دن اور غفلت سے ضائع نکرے والا پھر تدارک اسکا نہوسکے گا اور بجز پشیمانی کے کچھ ہاتھ نہ آئیگا
وصیّت چھٹی یہ ہی کہ گو ہر مراد مین عجلت نکرے بلکہ تامل اور تانی کو عادت کرلے کہ مضار تعجیل کے بسیار اور منافع صبر و سکون کے بشیار رہین **بیت** نہ کسی امر مین کر و تعجیل ❊ کرتی ہی خوار کام کو تعجیل ❊ کام ہو گا خراب عجلت سے ❊ نفع ہووے نہ پھر ندامت سے ❊
وصیّت ساتوین یہ ہی کہ عنان تدبیر اور استقامت کو کبھی ہاتھ سے نچھوڑے اور کسی مشکل مین دست و پاچہ نہو یعنی اگر گروہ دشمنون کا اسکے ضرر اور ہلاکت پر متفق ہو جاوے تو لازم ہمت و تدبیر یہ ہی کہ ہوش باختہ نہو جاے اور انھین دشمنون مین سے ایک شخص کے ساتھ راہ و رسم پیدا کرے صورت اپنی نجات کی نکالے کہ حدیث شریف مین آیا ہی الحرب[3] خدعۃ انکی بناے فریب کو تبر مکر سے کھود ڈالے

[1] بضم نون و تشدید میم سخن چین ۱۲
[2] ام الصبیان آفتیست که اطفال شیر خوار را عارض [illegible] ۱۲
[3] [illegible] ایک نوع کا فریب ہی ۱۲

کہ عاقلون نے کہا ہی بیت از دام مگر خصم بحیلہ توان گریخت ✤ قد تفلح الحدید یکما تقیس بالحدید

وصیت آٹھوین یہ ہی کہ اہل حقد اور حسد سے بچتا رہے اور انکی چرب بانی پر مائل نہو جاے کہ جب نہال کینہ زمین سینہ مین اہل حسد کے نشو و نما پائیگا بجز سوا ضرر و آزار کے کچھ پھل نہ لائیگا بیت کینہ بہر سینہ کہ بنہا درخت ✤ دل شود ش از پئے آزار سخت ✤ وصیت نوین یہ ہی کہ عفو کو شعار اپنا کرے اور ملازمون اور رفیقون اور غریبون کو تھوڑے قصور پر شکنجۂ عتاب سخت مین نہ کھینچے اکثر درگذر کرے اور اغماض سے اُسے نادیدہ و ناشنیدہ کر ڈالے اور اسی طرح سے بادشاہان ماضی ذوی الاحترام اپنے رفقا اور غربا پر مرحمت کی نظر اور خطاؤن سے درگذر کرتے رہے بقول ناسخ آگاہ قدیم سے ہی سب خلق خدا ✤ چھوٹون سے خطا اور بزرگون سے عطا ✤ جسکو کہ سرفراز کیا شفقت سے ✤ مت اُسکو گرا اگرچہ ہووے بھی خطا ✤ وصیت دسوین یہ ہی کہ کسی کے درپے آزار نہو کہ جزاء سیئة سیئة مثلہا یعنی جزا بدی کی بدی ہی مانند اسکے تا تجھے بھی لائق نہو بلکہ باران احسان کو برسر خلق خدا کے حتی الوسع برساتا رہے تاکہ تیرے باغ مرادین بحکم ان احسنتم احسنتم لانفسکم گلہاے تمنا شگفتہ ہون قطعہ نیک ارکنی بجاے تو نیکی کنند باز ✤ در بد کنی بجاے تو از بد بتر کنند ✤ امروز ہستی از بد و از نیک بیخبر ✤ روزی بود کہ از بد و نیکت خبر کنند ✤ وصیت گیارھوین یہ ہی کہ میل اس کام کا کہ لائق اپنی وضع کے نہو ہرگز نہ کرے بہت شخص ہین کہ اپنے کام سے بھی جاتے رہتے ہین بقول جرأت ع کہ بھوے اپنی بھی کوا چلے جو ہنس کی چال وصیت بارھوین یہ ہی کہ اپنا حال حلم و ثبات سے آراستہ کرے کہ حلم نہایت امر ملیح ہی اور نکتہ ہی کا د الحلیم ان یکون نبیا حدیث صحیح ہی بیت جانتے ہین صاحب تدبیر علم ✤ تیغ بران سے ہی بران تیغ حلم ✤ وصیت تیرھوین یہ ہی کہ بادشاہ کو چاہیے کہ ملازم امین و معتمد کو رکھے اور شخص خائن اور غدار سے اجتناب کرے جبکہ مجاور علیہ سلطنت صفت امانت سے موصوف ہونگے تو رعایا و برایا براحت و آسانی زندگانی بسر کرینگے اور اگر عیاذاً باللہ چہرہ اُنکے حال کا

خال خیانت سے سیاہ ہوگا اور بادشاہ کے نزدیک درجۂ اعتبار کو پہونچے ہونگے تو یقیناً اپنی طینت کے
موافق حق بے گناہون کا تلف کرکے اُنکو معرض تلف مین ڈالینگے اور یہ مقرر ہی کہ ستم رسیدون کی تاثیر
آہ سے نتیجہ بد بارگاہ کبریائی سے بادشاہ کے واسطے مرتب ہوگا ناسخ چاہیے ہون اہلکار نسہ امین +
تخت اور دولت سے رکھین پاس مین + بادشاہ کا ملک تا آباد ہو + ہو خدا راضی رعیت شاد ہو + اور
اگر ہوجائین خائن اہلکار + ملک ہو ویران رعیت خوار وزار + **وصیت چودھوین** یہ ہو محنت
روزگار اور انقلاب چرخ دوار سے چاہیے کہ غبار ملال اُسکے دامن ہمت پر نہ بیٹھے کس واسطے کہ مرد
عاقل ہمیشہ بستۂ بند بلا ہوتا ہو یعنی فکرہاے آخربین اور اندیشہ دور دراز مین مبتلا رہتا ہو اُسکی
روشنی طبع اُسکے واسطے خود بلا بنجاتی ہو اور شخص غافل راحت سے روزگار بسر کرتا ہو یعنی کسی طرح کی
فکر اُسکے دل مین راہ نہین پاتی ہو **بیت** دیوانہ باش تا غم تو دیگران خورند + آنراکہ عقل بیش غم روزگار
بیش + اور دوسری لازمہ مزاج فلک سفلہ پرور ہو کہ اہل کمال اور صاحب ہنر کو ہمیشہ فشار دیتا
ہو اور بے ہنرون اور تہی مغزون کی ترقی کرنے مین شبانہ روز گرم اور سریع السیر رہتا ہو **بیت**
اسپ تازی شدہ مجروح بزیر پالان + طوق زرین ہمہ در گردن خرمی بینم + پس یقین جان کہ بے
اعانت لطف ازل اور بغیر عنایت فیض لم یزل کے تیر سعادت ہدف مراد پر نہین بیٹھتا ہو اور
فضل و ہنر بے اعانت قضا و قدر کے کچھ کام نہین آتا ہو سچ ہو کہ دولت اکتساب علم و ہنر سے
نہین ہو بلکہ وابستۂ احکام قضا و قدر ہی **بیت** دولت نہ باکتساب علم و ہنر است + وابستۂ احکام
قضا و قدر است + اور موافق اُسکے ناسخ نے رباعی لکھی ہو **رباعی** ہاتھ آتی ہو کب علم و ہنر سے
دولت + ملتی ہو قضا اور قدر سے دولت + جو علم و ہنر رکھتے ہین وہ ہین محروم + مانوس ہو
بل احمق و خر سے دولت + اور یہ چودہ وصیتین کہ بیان ہوچکین ہر وصیت کے واسطے حکایات
معتبر اوّل اور داستان بہتر مقرر ہو اگر بادشاہ چاہے کہ اُن حکایات کی تفاسیر پر اطلاع پائے
تو بجانب کوہ سراندیپ کہ قدمگاہ سیدنا ابو البشر حضرت آدم علی نبینا و علیہ السلام کا ہو
توجہ فرمائے کہ یہ عقدہ اُس جگہ بتفصیل تمام کھل جائے اور گل مطلوب کلی اس روضۂ جنت نظیر

مین شگفتگی پائے واللہ مؤید لوصول المطلب وحصول المقصود جبکہ حلیم دانا دل نے تفصیل
حضور مین رائے سبز آرا کے پہونچائی رائے وابشلیم نے نبوازش خسروانہ اُسے سرفراز فرمایا اور
صحیفہ سراپا حکمت کو بہ تعظیم تمام چونکر تعوید بازوے شہریاری کیا اور فرمایا وہ گنج کہ مجھے خواب
مین جبکا نشان اور بشارت دی تھی وہ یہی گنج اسرار ہی نہ بدرہ ہاے درم و دینار الحمد للہ کہ
متاع دنیا اس قدر حاصل ہی کہ زیادہ اس سے احتیاج نہین ہی اور حقیقت اس محقر یافتہ کی
نیافتہ سے بدتر جانتا ہون مین اب لازم ہی کہ شکرانہ مین اس پند نامہ کے کہ گنج حقیقی یہی ہی اس
دفینے کو بھی کہ ہاتھ آیا ہی بروجہ صدقہ ارباب استحقاق کو پہونچا دون اور یہ ہدیہ ثواب روح
پر فتوح ہوشنگ بادشاہ کو واصل کرون اور بہ حکم الدال علی الخیر کفاعلہ اس تحفہ خیر سے بہرہ مند
ہون خدام بادشاہی نے حسب ایماے عالی مجموع اس دفینے کو کہ جو نقود اور لآلی سے بھرا
تھا رضاے خداے لایزال مین اہل استحقاق کو بانٹ دیا اور کچھ اس سے باقی نہ رکھا جبکہ اُس
حال سے فراغت پائی بادشاہ سند شاہی پر جلوہ افروز ہوا اور ہمیشہ شب و روز اس اندیشے
مین رہتا تھا کہ جانب سراندیپ روانہ ہو کر مقصد اتمام اور مطلوب سرانجام کو پہونچے اور
بہ تفصیل وصایا معرفت تمام حاصل کرکے اسے عمدہ مملکت داری اور رکن رکین بادشاہی کرے
ایکدن دم صبح وابشلیم نے فرمایا دو شخصون کو کہ مقربان حضرت اور صدق مشاورت اور حسن تدبیر
اور خیر اندیشی مین مشار الیہ وقت کے تھے انھین حاضر کرین جبکہ بموجب حکم دونون شخص حاضر
ہوے اور زمین ادب چوم کے دست بستہ استادہ ہوے بادشاہ نے مرحمت خسروانہ سے سرفراز
کرکے مکنون خاطر فیض مظاہر سے کہ عزم سفر سراندیپ دل مین رکھتا تھا اور اطلاع دی کہ
اس امر مین عنان اختیار میرے قبضۂ اقتدار سے باہر ہی تم اس مین کیا صلاح دیتے ہو
اور مین نے مدت مدید سے حل اس عقدے کا تمھارے ناخن تدبیر پر رکھا ہی اور بنیاد مہمات مالی
اور ملکی کو تمھاری راے صواب نما کے سپرد کیا اب اس مقدمہ خاص مین کہ میرا عمدہ
مقاصد اور اہم مطالب ہی کیا صلاح دیتے ہو تا مین اُس کے اطراف و جوانب پر نظر تامل کرکے

جس تدبیر پر کہ اتفاق سب کی رایون کا ہو اوسکو اہل الباب ورقابل عمل سمجھو ن شعر
بناے کار بر تدبیر باید ÷ کہ بے تدبیر کارے بر نیاید ÷ وزیرون نے عرض کیا کہ اس بات
کا جواب فی البدیہ نچاہیے اور سلاطین کے ارشاد مین بے تامل بات کہنا زر نا سنجیدہ او محک
نا رسیدہ کے مانند ہو چنانچہ وزرا نے دوسرے دن غور تام کے بعد عرض کیا کہ غلامون کی
خاطر مین یہ آیا ہو کہ اس سفر مین فائدہ تھوڑا اور مشقت زیادہ سے زیادہ ہی
کہ راحت اور لذت زندگانی بالکل برطرف ہوجائیگی اور محنت و ریاضت اور کربت و غربت
بہت اوٹھانی پڑیگی اور یہ بات ضمیر منیر بادشاہ عالم پناہ سے مخفی نہین ہو السفر قطعۃ من السقر
شعلہ ہو سینہ سوز و الجلا عظیم البلاء ناوک ہو جگر دوز اسلیے لکھون نے اس سبب سے سر پر جگہ پائی
ہو کہ زاویۂ خانہ سے قدم باہر نہین رکھتی ہین اور قطرات اشک اس باعث سے پائمال رہتے
ہین کہ گوشہ کاشانہ مین قرار نہین پکڑتے ہین لمولفہ بیت سفر مین سو طرح کی محنتین ہین ÷ اقامت
مین سراسر راحتین ہین ÷ مرد عاقل کو چاہیے کہ راحت کو محنت سے نہ بدلے اور غربت کو عوض
اقامت کے خرید نکرے حاصل کلام یہ ہو کہ اگر حضر مین اچھی گذرے تو سفر کو ہرگز اختیار نہ کرے
اور اگر ایسا کریگا تو اوس پر وہ گذرے گا جو کہ اس کبوتر پر گذرا بادشاہ نے کہا کہ ماجرا ے کبوتر کیونکر
تھا حکایت وزیر نے عرض کیا سنا ہو کہ دو کبوتر باہم ایک آشیانہ مین دمساز تھے اور ایک ہی
کاشانے مین ہمراز غبار اغیار سے انکی خاطر پر گرد نتھی اور نہ محنت روزگار سے انکے
دل پر درد تھا محض آب و دانہ پر قناعت کرکے مانند درویش گوشہ نشین کے کنج توکل اختیار
کیا تھا نام ایک کا بازندہ تھا اور نام دوسرے کا نوازندہ شام و سحر باتفاق یکدگر نغمات
موزون سے یاد الٰہی مین ترانہ سازی کرتے تھے اور کبھی الحان روح افزا مین مضامین گوناگون
سے خوش آوازی کرتے تھے فلک تفرقہ انداز اون دو یار راست کردار کی موافقت پر حسد
لے گیا اور چرخ سحر ساز نے ان دو ہمدم و دمساز پر افسون دم کیا بقول سودا بیت
پھینکے ہی منجنیق چرخ تاک کے سنگ تفرقہ ÷ بیٹھ کے ایک دم کہین ہو دین جو ہم کلام دو ÷

یعنی سفر ایک ٹکڑا ہے دوزخ کا ۱۲ جلا یا گیا گھر سے یا نکالا گیا خاندان سے ترجمہ یعنی وطن سے باہر جانا ایک بڑی بلا ہے ۱۲ جمع محنتین بمعنی تکلیف ایک ٹکڑا ... منجنیق ... کلام ...

بازندہ کو یکایک آرزوے سفر دل مین پیدا ہوئی نوازندہ سے کہا کہ ہم کب تک اس آشیانہ مین رہا کرین اور محبوسون کے مانند ایک ہی کاشانے مین عمر عزیز کو بسر کرین اب دل چاہتا ہو کہ چندے سیر اطراف جہان سے دل خوش کرین اور لذت سرد و گرم زمانہ سے دل اور گوش اور چشم کو آشنا بنائین فرمان عظیم الشان قل سیروا فی الارض کے کاربند ہون کہ سفر مین عجایب بسیار دیکھنے مین آتے ہین اور فائدے بشیار حاصل ہوتے ہین بزرگون نے کہا ہو السفر وسیلۃ الظفر تلوار جب تک میان سے باہر نہین آتی ہو معرکۂ مردان مین سرخروئی نہین حاصل کرتی ہو اور قلم جب تک راہ رقم مین سر کو قدم بناکر سیر نہین کرتا ہو نقش عبارت زیبا صفحۂ وجود پر ظہور نہین کرتا ہو آسمان نے کہ ہمیشہ سفر اختیار کیا ہو اس سبب سے بالا ترا ور مزین بستارہ ہاے گوناگون ہو اور زمین کہ ہمیشہ پابند سکون ہو اسلیے پائمال عالم اور زبون ہو نظم بجرم خاک دیگر دون نگاہ باید کرد + کہ این کجاست ز آرام و آن کجا ز سفر + سفر مربی مردست و آستانۂ جاہ + سفر خزانۂ مال است و اوستاد ہنر + درخت گر متحرک شدی ز جاے بجاے + نہ رنج ارہ کشیدے و نے جفاے تبر + نوازندہ نے کہا کہ اے یار ہمدم تو نے مشقت نہین کھینچی ہو اور کربت غربت نہین دیکھی اور یہ نکتہ کہ السفر قطعۃ من السقر تیرے گوش جان تک نہین پہونچا ہو اور باد گرم تفرقہ تیرے گلشن دل مین وزان نہین ہوئی ہو سفر وہ درخت ہو کہ سواے فراق اور میوہ نہین لاتا ہو اور غربت وہ ابر ہو کہ سواے باران ذلت و ناکامی اور قطرہ نہین برساتا ہو بازندہ نے کہا اگرچہ رنج غربت بلاے جان فرسا ہو لاکن تفرج بلدان اور مشاہدۂ غرائب جہان کس طرح پر روح افزا ہو اور جبکہ طبیعت تکلیف سفر سے آشنا ہو جاتی ہو تو پھر کسی تکلیف سے متالم نہین ہوتی ہو بلکہ بلاحظۂ عجائب دیہات و ولایات اور انہار و گلزار سے تفریح حاصل ہوتی ہو نوازندہ نے کہا کہ اے رفیق تفرج اطراف عالم اور تماشاے ریاض ارم یاران ہمدم اور دوستان محرم کے ساتھ خوش آتا ہو بیت وہ ہم نہین جو کرین سیر بوستان تنہا + بہشت ہو تو نہ منھ کیجے باغبان تنہا + اور جس کا دل کہ آتش فراق یار و دیار سے برشتہ ہوا اُسے سیر شہر و ریاض بھلا مسرور

سفر ۲
رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم
سیر کرو ہم
روے زمین
مین ۱۲
سفر وسیلہ
فتحیابی کا ہو
سفر ۳
مسافرت راحت دیہہ
۱۲
جدائی دوستون
کی اور عزیزون
سے ایک سوزش
دل و جگر سے ہو
۱۲ دوزخ ۵
ہندی بھا ۱۲

وخندان کیونکر ہوسکے گی القصہ بعد رد و قدح بسیار اُن دو یار دمساز نے قطع کلام کیا ایک نے دوسرے کو با صد حسرت و یاس وداع کیا اور باز زندہ نے بجانب ہوا پرواز کی اور نواز زندہ نے بچشم گریان اور باد ل بریان رخصت کرکے مراجعت کی اور غم جدائی و تنہائی پر کلبۂ احزان میں بیٹھ کے زار زار تمام روز و شب روتا رہا اور یہ شعر مؤلف کا تکرار کرتا رہا **شعر** آتش غم سے مرا دل کیوں نہو جلکر کباب ✤ اب ہمیں پینا ہو جب ہو اور ساقی تو نہیں ✤ اور کبھی یہ شعر مؤلف کا پڑھتا تھا اور کہتا تھا کہ اے باز زندہ **بیت** کوئی نہ اس طرح کسی بیگانے سے کرے ✤ تو نے کیا سلوک جو مجھ آشنا کے ساتھ ✤ اور باز زندہ روتے ہوا پر شوق تمام سے پرواز کنان سیر کوہہائے بلند اور بوستان فردوس مانند کی کرتا تھا اور خوش ہوتا تھا کہ ناگاہ ایک پہاڑ دیکھا کہ بلندی میں فلک سے لاف برابری مارتا تھا اور عظمت تمام سے کرۂ زمین کو زیر دامن تودۂ خاک سمجھتا تھا اُسکے زیر دامن ایک مرغزار تھا کہ سواد مینا رنگ اُسکا روضہ مینو کے مانند دلکشا اور اُسکی نسیم غالیہ بیز نافۂ مشک تتار سے زیادہ عطر ساتھی **مثنوی** صد ہزاران گل شگفتہ ورد ✤ سبزہ بیدار آب خفتہ در و ✤ ہر گلی گونہ گونہ از رنگی ✤ بوے ہر گل رسیدہ فرسنگے ✤ باز زندہ کو وہ منزل خوش اور راحت دلکش پسند آئی اور دن بھی آخر ہو چکا تھا قصد بسیرے کا کرکے وہیں مقام کیا ہنوز رنج راہ سے آسودہ نہوا تھا اور نفسے راحت و آسایش سے آرام نہ کیا تھا کہ یک ناگاہ فرش سبک خیز باد نے سائبان ابر کو فضاے ہوا میں ایستادہ کیا اور خروش رعد و نہیب برق سے جہان آرمیدہ درہم اور برہم ہوا کثرت ہوا اور شدت تگرگ باری سے شور نشور برپا تھا **لمؤلفہ بیت** خرمن مہ کو خطر تھا برق کے انداز سے ✤ گوش کر دی ہوے گردعد کی آواز سے ✤ باز زندہ کو اُسوقت ایسی جاے کہ تیر باران سحاب سے ایمن رہے نہ ملی اور ایسا گوشہ کہ صدمۂ بردز مہریری سے محفوظ رکھے میسر نہوا کبھی درختوں کی شاخوں کے تلے چھپتا تھا اور کبھی برگ درختان کی پناہ لیتا تھا ہر دم آسیب ژالہ باری کا زیادہ ہوتا تھا اور ہر لحظہ نہیب

رعد و برق رو بہ ترقی کرتا جاتا تھا بازندہ نے جبکہ یہ حال دیکھا یہ اشعار مولفت کہ اُسکے
حسب حال تھے پڑھنے شروع کیے **ابیات** فراق یار مین مت گرمیان کر ہم سے جا بدلی ÷
دل افسردہ کو ٹھنڈی ہوا سے مت جلا بدلی ÷ ترے آنے سے دل پانی ہوا جاتا ہے فرقت مین ÷
خدا کے واسطے اپنے گھر کا راستا بدلی ÷ فراق شمع رو مین سر سے پا تک آبلہ ہون مین ÷
جلا مت مجکو جا بدلی رلا مت مجکو جا بدلی ÷ القصہ بازندہ ناکام نے بلائے بے ہنگام پر صبر کیا
اور گوشہ آشیانہ اور مصاحبت یار فرزانہ کو ہر دم یاد کرتا تھا اور آہ سرد با ہزار حسرت و درد
کھینچتا تھا اور کہتا تھا **بیت** گر خبر ہوتی جدائی ہوتی ہے ایسا بلا ÷ اُس پری سے ہم نہ سایے
کی طرح ہوتے جدا ÷ جس وقت کہ خط صبح حاشیہ مشرق پر کھینچا گیا اور رقم ظلمت شب کو ورق
روزگار سے محو کیا اور فرمان آفتاب عالمتاب بخشش رنگ عالم مین رخشان و ساحت زمین و
آسمان مین درخشان ہوا **بیت** جبکہ مشرق سے ظہور اپنا کیا خورشید نے ÷ قاف سے تا قاف
روشن کر دیا خورشید نے ÷ القصہ دم صبح بازندہ نے پرواز کی مگر متردد تھا اور دل مین
کہتا تھا تو کیا سمجھکے پھر آیا اور کبھی کہتا تھا کہ شرم آتی ہے کہ لوگ کہینگے کہ کیا گیا تھا اور کیا سمجھکے پھر آیا
اور یار کہے گا کہ بس ایک ہی دن مین عافیت تنگ ہوئی اور محنت سفر نہ کھینچ سکا اور جانے کے وقت
کہنا میرا نہ مانا اس فکر و تردد مین اڑتا تھا اور ہنوز قول فیصل نے درمیان اسکے اور منزل کے
قرار نہ پایا تھا کہ اس اثنا مین ایک شاہین تیز بال سخت چنگال روے ہوا پر بلند ہوا کہ شعاع
آفتاب سے جلد تر صید پر جا پڑتا تھا اور تیر اندیشہ سے بھی سبقت کر کے ہدف شکار پر پہونچتا تھا
یک بیک ناگاہ نظر اُس شاہین شکار جو کی بازندہ پر پڑی اور بازندہ نے بھی دیکھا کہ موت
روے ملک الموت پر مجھے لے آئی بیچارے کبوتر کا دل مانند سیماب آتش رسیدہ کے تڑپنے لگا اور
جو قوت بدن مین تھی دفعۃً جاتی رہی لمؤلفہ **بیت** ہوا شہباز کی دہشت سے حال ابتر کبوتر کا ÷
ہوا پرواز سے معذور ہر شہپر کبوتر کا ÷ القصہ شاہین بلند پرواز کبوتر مسکین دراز کو پہلی ہی حملے مین
لے گیا اور بازندہ نے جبکہ آپ کو گرفتار چنگل بلا دیکھا دل مین کہا کہ اگر ایکبار پروردگار اس بلا سے

نجات بخشے تو تمام عمر خیال سفر کو دل مین جگہ نہ دونگا بلکہ بقیۃ العمر گوشہ کاشانہ سے پانون نہ باہر نکالونگا اس عرصے مین شاہین چاہتا تھا کہ کھانا اُسکا شروع کرے کہ امداد غیبی سے ایک عقاب آہنی چنگال پیدا ہوا کہ شاہین اسکی تیز دستی کے آگے مگس کے مانند تھا اتفاقاً نظر اسکی شاہین کبوتر پر پڑی بس دیکھتے ہی حملہ آور ہوا ہرچند شاہین کو عقاب سے قوت مقابلہ کی نہ تھی لاکن عرق حمیت شاہین کی بھی جوش مین آئی اور عقاب اور شاہین مین مجادلہ شروع ہوا بیت مرغ با مرغ جنگ در پیوست ✤ او باین حیلہ از میانہ بجست ✤ بازندہ نے فرصت پاکے ایک سوراخ مین کہ گنجشک ہزار مشکل سے گنجایش پاتی آپ کو پنہان کیا اور خوف جان سے یہان تک لاغر اور باریک بنگیا کہ اس سوراخ تنگ و تاریک مین درآیا اور تمام شب و روز پتھر کے نیچے بسر کیا جبکہ کبوتر سپید بال صبح نے آشیانۂ سپہر سے پر مارنا شروع کیا اور زاغ شب سیہ فام عنقا صفت نظر سے غائب ہوگیا بازندہ باوجود ہزار ناطاقتی کے اُڑا اور بجرات تمام پر و بال مارنا شروع کیا ترسان و ہراسان اور پس و پیش با ہزار جگر ریش نظر کنان اُڑا جاتا تھا ناگاہ ایک جگہ دیکھا کہ ایک کبوتر ہی کہ دانہ چند اُسکے آگے پڑے ہین اور بیٹھا ہی بازندہ بیچارہ کہ بھوکا اور پیاسا کئی دن کا تھا اپنا ہمجنس سمجھکر الجوع الجوع گویان اُسکے پاس جا بیٹھا ہنوز ایک دانہ نہ کھایا تھا کہ پانون اپنا بستہ بند دام دیکھا بیت دام شیطانست دنیا دانہ لذتہاے نفس ✤ مرغ دل را حرص دانہ زود در دام افگند ✤ اور مناسب اسکے شیخ ناسخ کہتے ہین بیت مرغ دانا پھنس گیا دانے کی خاطر جال مین ✤ جس طرح عاشق ہین عشق خال سے جنجال مین ✤ بازندہ نے اس کبوتر اسیر اولین سے شکایت آغاز کی کہ اے برادر ہمجنس یہ واقعہ مجھ سے بسبب جنسیت کے واقع ہوا کیون اس حالت سے تونے مجھے آگاہ نہ کیا اور شرط مروت کو کیون ترک کیا اگر شرط مہمانداری اور حسن اخوت بجا لاتا اور اندک بھی اسیری کا ایما فرماتا تو مین حذر کرتا اور زنہار اسیر بند بلا نہوتا کبوتر نے کہا کہ اے ناتجربہ کار اس گفتار بے سر و پا سے درگذر کر کہ آگے قدر کے احتیاط اور حذر کام نہین آتا ہی اور بعد حکم قضا کے کوشش کچھ کام نہین کرتی ہی بیت چون تیر قضا از شست

ط شاہین پرندہ شکاری ہی ہندی بحری نام مشہور ۱۲
ط عقاب بالضم مرغ شکاری معروف ۱۲
ط عرق بالکسر ریشہ درخت اصل
ط جوع بالضم بھوک
ط نفس [illegible]
اخوت بضمتین و تشدید واو مفتوح ح برادری ۱۲

تقدیر بجست ✤ ہرگز نکند رو سپر تدبیرش ✤ باز ندہ نے کہا کہ اے میزبان مہربان کچھ تدبیر فرما کر اس مضیق سے راہ مخلصی ہاتھ آئے اور طوق تیری منت کا تا حیات میری گردن میں رہے کبوتر نے کہا اے یار سلیم الطبع اگر میں حیلہ رہائی جانتا تو خود وابستہ دام آفات کیوں رہتا اور اس حال شکستہ بال سے کہ مشاہدہ کرتا ہے گنہگار روار اسیر قفس تزویر نہ رہتا اور بہت نزدیک ہے یہ حال شتر بچہ سے کہ بعد رہبر دی بسیار جبکہ تھک گیا تو رو رو کر اپنی ماں سے کہا کہ مادر مہربان نفس چند توقف کر تا کہ دم راست کر لوں اگر کچھ بھی ماندگی راہ کی برطرف ہو جائے تو آگے چلوں ماں نے جواب دیا کہ اے نادان بے بصیرت نہیں دیکھتا ہے تو کہ مہار میری غیر کے ہاتھ میں ہے ع می برد ہر جا کہ خاطر خواہ اوست ✤ اگر فی الجملہ بھی اختیار ہوتا تو پشت اپنی بار سے اور پاؤں تیرے رفتار سے بچا لیتی باز ندہ نے جبکہ یہ سنا نا امید ہو کر تڑپنے لگا اور جہد تمام سے ارادہ اڑنے کا کیا ایک تو رشتہ حیات کا مستحکم تھا اور دوسرے ڈورے جال کے گھس گئے تھے تھوڑی سی قوت میں تھا در توانا کے حملہ سے ٹوٹ گئے اور اسکی گردن بند دام سے چھوٹ گئی گرچہ کم طاقت اور نزار تھا لیکن بخوف جان پرواز کناں اور شکر گویاں جانب کاشانہ روانہ ہوا اتفاقاً ایک دہ ویرانہ ملا اور شام بھی ہو چکی تھی ناچار ایک گوشۂ دیوار میں بیٹھا اور ایک کشتکار کہ قریب دیوار کے تھا اس کا تماشا دیکھتا تھا ہرچند کہ صدمات گوناگوں سے کوئی سیر اسے آسودہ نکرتی تھی مگر بچنا جان کا ہزار نعمت سے زیادہ تر سمجھتا تھا ہنوز رنج راہ برطرف نہوا تھا اور دم راست نہ کیا تھا کہ ایک دہقان بچہ کہ کشت کی نگہبانی کے واسطے اس دشت میں گشت کرتا تھا اسکی نظر اس کبوتر پر پڑی کباب کی ہوس میں پانی منہ میں بھر آیا کمان گروہہ کہ جسے غلیل کہتے ہیں غلہ اس میں رکھ کے مارا باز ندہ بیچارہ شعبدہ بازی چرخ سے غافل طرف کشت زار اور دشت کے مائل تھا کہ ناگاہ صدمہ غلے کا باز ندہ پہونچا یہ بلا رسیدہ بھوکا پیاسا زار اور ناتوان آفت کا مارا اسکے صدمے سے زیر دیوار ایک چاہ تھا اس میں سرنگوں گر پڑا دہقان بچہ نے

دیکھا کہ شام ہوگئی اور کبوتر بھی ہاتھ سے گیا بازندہ نیم جان کو اُسی چاہ تاریک مین چھوڑا
اور راہ اپنے گھر کی لی القصہ بازندہ دلخستہ اور باز و شکستہ نے شب اُسی درد و الم مین
بسر کی اور دل مین کہتا تھا کہ جو کوئی آرام عزلت پر شکر نہ کریگا اُسکا یہی حال ہوگا کہ جو
بلا آسمان سے نزول کریگی اُسی ناشکرا زیادہ طلب کا گھر ڈھونڈھے گی اسکے بعد دست دعا
اُٹھائے اور عرض کیا کہ یا خداوندا در توبہ گنہگارون کے واسطے کھلا ہے مین ناسپاسی نعمت
نہ کرونگا اور کنج عزلت اور دانہاے خشک کو لاکھ راحت و نعمت سے بہتر سمجھونگا یہ کہتا تھا
اور زار زار روتا تھا اور پیشانی اپنی سجدۂ نیاز مین گھستا تھا کہ ناگاہ سپیدہ صبح کا اس تاریکی
مین گونہ جلوہ گر ہوا اور موذن نے صداے اللہ اکبر کی بلند کی بازندہ نے بسم اللہ کہ کے
جست کی اور لب چاہ تک پہونچا اور پھر پرواز کرکے اُفتان و خیزان نزدیک آشیانہ قدیم
کے بصد خرابی آپہونچا جب کہ نوازندہ نے آواز جناح یار سُنی آشیانے سے باہر آکر مُنھ پر مُنھ
دھر دیا اور شکر پروردگار عالم ہزار زبان سے ادا کیا اور یہ شعر گویا کا پڑھا بیت
تھا مین مردہ تو جو آیا جان آئی جان مین ؞ قم باذن اللہ شہر کی صدا ہے کان مین جبکہ
دونون ہمکنار ہوے بازندہ کو نہایت لاغر و ناتوان پایا کہا اے یار دلنواز بیان فرما کہ
کیا حال گذرا اُسنے جواب دیا بیت ناسخ صدمۂ غم فرقت کا بیان ہو نہین سکتا ؞
جو داغ نہان ہے وہ عیان ہو نہین سکتا ؞ جو کچھ کہ میرے سر پر گذرا بعد اطمینان کے
شرح اُسکی بیان کرونگا کہ وہ قصہ پرہول اور حکایت جانکاہ ہے کہ زبان پر
لانے سے خون خشک ہوا جاتا ہے اور مختصر اُسکا یہ ہے کہ بےضرورت شدید خدا سفر نصیب
نہ کرے مرگ اس سے بہتر ہے جب تک بازندہ زندہ ہے گوشۂ آشیانہ سے کبھی پانون باہر
و قدم بیرون ہرگز ہرگز نہ رکھے گا اور اس رنج و عنا کو زنہار گاہے اختیار نہ کریگا
غلام ناچیز یہ مثل اس لیے پیش نظر کرتا ہے کہ بادشاہ عالم پناہ ارادہ سیر و سفر کا
نہ کرین کہ فراق یار و دیار کا نتیجہ جز نالۂ زار و دیدہ اشکبار کیا ہے والتسلیم نے کہا کہ اے

وزیر ناصح اگرچہ مضرت سفر کی بہت ہی لیکن حصول فوائد اُس سے بھی زیادہ ہین ع عیب می جملہ بگفتی ہنرش نیز بگو ۔ اول یہ کہ جو کوئی غربت کی محنت مین پڑتا ہی مودب اور مہذب ہو جاتا ہی اور دوسرے وہ تجربے کہ تمام عمر کے واسطے مفید ہون حاصل ہوتے ہین اور اکثر ترقی مراتب سفر مین میسر ہوتی ہی خواہ بطور صوری ہو خواہ بطرز معنوی کیا نہین دیکھا ہی تو نے کہ پیادہ شطرنج کا سفر سات منزل کا کرکے شطرنج سے نکل کے وزیر ہو جاتا ہی اور ماہ چودہ دن کا سفر اختیار کرکے رتبہ ہلالیت سے درجہ بدریت کو پہونچتا ہی اور جو کہ اپنے مسکن اور محنت آباد وطن سے قدم باہر نہ رکھیگا عجائب بلاد کے مشاہدہ سے محروم اور اکابر عباد کی ملازمت سے بے بہرہ رہیگا باز سیر و شکار کے سبب بادشاہون کے ہاتھ پر بیٹھتا اور چغد روپوشی اور گوشہ گزینی کے باعث سے ویرانے مین خوار اور ذلیل رہتا ہی لمؤلفہ **بیت** چاہیے سیر و سفر عاقل کو مثل آفتاب ۔ جو کہ گوشے مین رہیگا چغد سان ہوگا خراب ۔ اور ایک درویش سیاح اپنے مریدون کو اس رباعی کے مضمون پر تحریص کرتا تھا **رباعی** انسان کو چاہیے کرے سیر و سفر ۔ ہی سیر و سفر مین پایۂ علم و ہنر ۔ نکلے نہ اگر گنج لحد سے باہر ۔ دریا مین محال ہی کہ ہو قدر گہر ۔ اگر وہ باز شکاری زغن کے بچون کے ساتھ پڑا ہوتا اور ہم صحبت انکا مدت العمر رہتا اور ہوائے سفر مین پرواز نہ کرتا تو کبھی بادشاہ کی تربیت سے مشرف نہوتا وزیر نے عرض کیا کہ صورت باز کے قصے کی کس طرح ہی **حکایت باز** رائے دابشلیم نے کہا سُنا ہی کہ ایک باز کے جوڑے نے قلعہ کوہ بلند پر آشیانہ بنایا تھا اور فراغ سے اُس نشیمن مین تھے اور دیدار سے ایک دوسرے کے مسرور و خرم تھے ایک مدت کے بعد خالق نے ایک بچہ خوب اور محبوب اُنھین عنایت کیا طعمے کے واسطے اکثر جاتے تھے اور طعمہ گوناگون لاکر کھلاتے تھے تا اعضا اُسکے جلد تربیت پائین کہ اندک عرصے مین حد رشد کو پہونچے ایک دن دونون کو تھوڑی تاخیر واقع ہوئی اس باز بچے کو غلبہ اشتہا حرکت مین لایا ہر طرف قصد حرکت اور ہر دم تلاش طعمہ مین جنبش کرتا تھا ایک بار آشیانے سے جست کرکے نشیب

کوہ مین گرا اتفاقا اس وقت ایک زغن یعنی چیل اپنے بچون کے واسطے طعمے کی تلاش مین آشیانہ
سے نکلکر کوہ مین انتظار مین شکار کے بیٹھی تھی کہ ناگاہ نگاہ اُسکی اُس باز کے بچے پر پڑی
سمجھی کہ یہ موش ہی ہنوز بازبچہ زمین تک نہ پہونچا تھا کہ جست کرکے اور پنجے مین پکڑکے اپنے
آشیانے کو لے گئی جب خوب نظر کی دیکھا کہ یہ موش نہین ہی بلکہ مجبل پناہی جنسیت کی محبت نے
زور کیا اور یہ سمجھی کہ اللہ تعالی نے اسکی پرورش میرے ذمہ لازم کی ہی بہتر یہ ہی کہ اپنے بچون سے
بھی اسکی زیادہ پرورش کرون پس اُسی دم وہ زغن اسکی پرورش مین مشغول ہوئی بلکہ زیادہ تر
اپنے بچون سے اُس پر شفقت کرتی تھی تا زمانہ کہ بازبچہ جوان ہوا اور اُسکے جوہر ذاتی نشو و نما
مین آئے بموجب حدیث شریف کل شئی یرجع الی اصلہ حوصلہ بازبچہ زغن کی صحبت مین تنگی
کرنے لگا اگرچہ اس سے غافل تھا کہ مین باز کا بچہ ہون تاہم ہمت اسکی راتدن اسپر مصروف تھی کہ
کچھ کار مردانہ ایسا نمایان کرون کہ اس سیفہ خوری سے کنارے پر رہون کبھی خیال کرتا تھا کہ مین اگر بچہ
زغن نہین ہون تو اُسکے آشیانہ مین کیون پیدا ہوا ہون اور اگر زغن بچہ ہون تو دست و بازو اور
رنگ ڈھنگ میرا بھائیون سے کیون جدا ہی یہ سوچتا اور یہ رباعی زبان پر لاتا تھا رُباعی نے داخل
این دائرہ دارم خود را ✤ نے خارج ازین جمع شمارم خود را ✤ آن بہ کہ ازین نیستی و ہستی خویش ✤ خوش
بگذرم و باز گزارم خود را ✤ ایک دن زغن نے اُسکے بشرے سے پہچانکر کہا اے فرزند مین تجھے چندروز سے
ملول پاتی ہون پس سبب تیرے ملال کا کیا ہی جو رنج کہ تیرے خاطر نازک مین پیدا ہوا ہی لازم ہی کہ مجھسے
مشرح بیان کرتا مین چارہ جوئی اُسکی کرون کہ رنج تیرا مجھے سوہان روح ہوتا ہی بازبچہ نے کہا کہ اے مادر
مہربان مین تو حیران ہون اور سبب اپنے ملال کا مفصل نہین جانتا ہون مگر بلاشک ملول رہتا ہون
بیت پوچھ اے ہمدم نہ تو میری اُداسی کا سبب ✤ اب جو مین دن رات حیران ہون ہوا ہی
کیا مجھے ✤ اب مصلحت میرے دفع ملال کی اسمین ہی کہ شرف رخصت مجھے عنایت کر کہ چندے
سیر اطراف جہان کرون شاید برکت حرکت سے غبار غم میرے آئینۂ خاطر سے دور ہو کر جب طبیعت
عجائب سیر و شکار سے آشنا ہو تو یقین ہی کہ صورت خوشی کی بھی آئینہ سینہ مین جلوہ نما ہو زغن نے

جبکہ لفظ فراق زبان سے باز بچہ کے سُنا کثرت صحبت سے کہ پرورش کے سبب زغن کے دل مین
سمائی تھی نہایت بیقرار ہوئی اور کہا کہ اے فرزند یہ کیا اندیشہ نامناسب ہے کہ کرتا ہے اور یہ کیا
خیال باطل ہے کہ جسے دل مین جگہ دیتا ہے سفر دریا ہے عالم آزار اور اژدہا ہے آدمخوار بغور دیکھ
صورت سفر و سقر مین بجز ایک نقطہ کے کوئی فرق نہین ہے بیت سقر اہل این جہان سفر است
زان سبب صورت سفر سقر است * بیشتر لوگ کہ سفر اختیار کرتے ہین وجہ اُسکی دو امر سے
خالی نہین ہوتی ہے یا تنگی معاش یا سبب لحوق حوادث کے سوا سفر کے صورت مفر نہین ہوتی
ہے سو خدا کے فضل سے اُن دونون سے تو محفوظ ہے منت خدا را کہ توشۂ فراغت اور گوشۂ
راحت موجود ہے اور اپنے سب امثال پر سرفرازی رکھتا ہے پھر با این ہمہ حصول دولت
رنج سفر اختیار کرنا اور اقامت کو عمداً ترک کرنا طریق خردمندی سے فرسنگون دور ہے بیت
جو سفر کا قصد کرتے ہین وطن کو چھوڑ کر * پھنستے ہین دام بلا مین وہ چمن کو چھوڑ کر * باز بچہ نے
کہا جو کچھ فرمایا تو نے یہ سب مہربانی اور شفقت سے ہے لیکن جب خوب فکر کرتا ہون تو گوشہ اور
توشہ ہرگز اپنے فراخور حال نہین پاتا ہون اور جو کچھ کہ میرے دل مین گذرتا ہے زبان پر
نہین لاتا ہون زغن نے جانا کہ ہر شے اپنی اصل کی طرف رجوع کرتی ہے یہ اُسی کا ظہور ہے یہ تحریک
کبھی اُسکے روکے سے نہ رُکے گی لاکن بطور تجاہل عارفانہ زغن نے کہا کہ مین جو کچھ کہتی ہون
قناعت ہے اور جو تو نے ارادہ کیا ہے وہ مرتبہ حرص کا ہے اور حریص ہمیشہ محروم رہتا ہے اور قانع
مُنھ بہرہ مندی کا دیکھتا ہے اور تو اے فرزند شکر نعمت اور قدر دولت پر قناعت نہین کرتا ہے
ڈرتی ہون کہ تجھے وہ ایذا نہ پہونچے جو اُس گربہ حریص کو پہونچا باز نے کہا کہ قصہ گربہ حریص کا
کیا ہے **حکایت** زغن نے کہا ملک ختا مین ایک پیرزال تھی نہایت کہن سال اور مفلس
اور ضعیف الحال ایک گھر رکھتی تھی کہ تنگ تر تھا جاہلون کے سینے سے اور تیرہ تھا بخیلون کی
گور سے بڑھیا نے ایک بلی پالی تھی لاکن تہیدستی سے خبر گیری اُسکے طعمے کی اقرار واقعی نکر سکتی تھی
جو کچھ کہ اُسے میسر ہوتا تھا بقدر حصہ اُسکو دیتی تھی اور بلی بھی پیرزال کی مصاحبت مین اسی حال سے

حکایت گربہ پیرزال

بسر کرتی تھی باوجودیکہ روے نان چشم خیال سے بھی نہ دیکھی تھی بلکہ نام نان بھی گوش توہم سے کسی کی زبان سے نہ سُنا تھا اگر موش سوراخ سے نکلکر نزدیک اُسکے گذرتا تھا دونون پنجون مین اُسے لے لیتی تھی والا طاقت جست کی بھی نہ رکھتی تھی لیکن ع رزق را روزی رسان پرمید ہد ۞ بقدر بقاے حیات کے ہفتے مین دو ایکبار پروردگار ایسا شکار نصیب اُس گربۂ ناتوان زار کے کردیتا تھا کہ مرتی نہ تھی القصہ ایک دن یہ گربہ بزحمت تمام بالاے بام چڑھی دیکھتی کیا ہی کہ دیوار ہمسایہ پر ایک گربۂ فربہ مانند بچۂ شیر کمال قوت وطاقت سے آہستہ آہستہ قدم اُٹھاتی آتی ہی گربہ پیرزن لاغری اپنی اور فربہی اُسکی دیکھکر متحیر ہوئی یہ جانتی تھی کہ سب بلیان میرے ہی مانند ہوتی ہین پکاری کہ اے خواہر ہم جنس اس طاقت ولطافت کا کیا سبب ہی کیا تو خان ختا کی مہمان ہی و یا باعث طاقت ولطافت کا کوئی اور چیز ہوئی گربہ ہمسایہ نے جواب دیا کہ مین شام وپگاہ بارگاہ سلطان مین حاضر رہتی ہون جبکہ دسترخوان بچھایا جاتا ہی تو جرائت کرکے بیک حملہ پارہ گوشت چرب فربہ و نان مائدہ لیکے بھاگتی ہون اور اُسے کھاکر آٹھ پہر مرفہ الحال رہتی ہون گربہ پیرزال نے کہا کہ گوشت فربہ کسے کہتے ہین اور نان مائدہ کسکا نام ہی مین نے مدت العمر مین سواے دال اور یا شوربا ے پیرزال و یا گاہ گاہ گوشت موش نام تیسری چیز کا نہین سُنا ہی خدا جانے تو سچ کہتی ہی یا مضحکہ کرتی ہی گربۂ ہمسایہ ہنسی اور کہا کہ تجھے عنکبوت بلکہ تار عنکبوت کہا چاہیے جس ہیئت وشکل سے کہ تو ہی ہمارے جنس کے واسطے ننگ ہی لمولفہ بیت گرچہ تو بلی ہی ملتا ہی نہین پر تجھکو قوت ۞ اسلیے ہین دست و پا تیرے بشکل عنکبوت ۞ اگر تو بارگاہ سلطان اور اُسکا دسترخوان دیکھے اور لذیذ نعمتون کی خوشبو تیرے دماغ کثیف تک پہونچے تو غالب ہی کہ بحکم یحیی العظام وہی رمیم پردۂ غیب سے حیات تازہ ولطافت بے اندازہ تیرے نصیب ہو جاے بیت ناسخ

بوے طعام خوش م عیلے سے کم نہین ۞ آئیگی جان جان مین گو دم مین دم نہین ۞ بڑھیا کی بلی نے کہا اے خواہر مہربان میرا بھی تجھپر حق ہمسائگی اور ہم جنسی ہی اگر شرط مروت بجا لاے تو منت کرم داشتن ہی کہ مجھے اپنے ساتھ خوان سلطان پر لیچل شاید کہ بدولت تیرے مین بھی توانا ہو جاؤن اور تیری صحبت کی برکت سے حیات دوبارہ پاؤن گربہ ہمسایہ نے جبکہ منتین اُسکی سُنین رحم کھایا اور وعدہ کیا کہ تیرے بغیر آج

خوان سلطان پر حاضر ہونگی گربہ پیرزن اس وعدہ سے خرسند ہوئی اور یہ ماجرا پیرزن سے
بیان کیا پیرزن نے نصیحت کی کہ اے رفیق دمساز اہل دنیا کی باتون پر فریفتہ ہوکر گوشۂ قناعت
کو ہاتھ سے نہ چھوڑ کہ کاسہ حرص کا سوائے خاک گور کسی چیز سے بھرتا نہین اور دیدۂ آرزو
سوائے رشتہ سوزنِ فنا سیا نہین جاتا **بیت** قناعت توانگر کند مرد را ٭ خبر دہ حریص جہانگرد را ٭
فرد خدارا ندانست و طاعت نکرد ٭ کہ بربخت روزی قناعت نکرد ٭ دل مین گربہ کے خوان
بادشاہ کی ہوس ایسی سمائی تھی کہ پند پیرزال کو کچھ بھی مال نہ سمجھی القصہ دوسری شب ہمسایہ
کی بلی کے ساتھ اُفتان وخیزان سلطان ختا کی بارگاہ تک پہونچی اس سے پہلے کہ گربۂ پیرزال
پہونچے اسکی سستی طالع نے ایک بلائے چست کو برپا کیا تھا یعنی شب گذشتہ بلیون نے خوان
سلطان پر ازبس ہجوم کرکے یہان تک شور وغوغا برپا کیا تھا کہ مہمان اور میزبان دونون
تنگ آئے تھے اِس لیے خان ختا نے بتاکید حکم دیا کہ پیش ازین کہ دسترخوان بچھایا جاوے
تیرانداز کمان سمیت جمع ہون اور سوفار تیر دن سے چلون مین ولکہ کمینگاہ مین منتظر رہین جب بلی
گربہ نظر آئے بیکار زنبور نیش سے جگر اسکا ریش کرین گربہ پیرزال بیخبر اس حال سے جبکہ بوے
طعام اسکے دماغ ناکام مین پہونچی بے اختیار نکس وار دسترخوان پر گر پڑی ہنوز میزان
اشتہا اسکا لقمہ گران سنگ طعام سے ہموزن نہ ہوا تھا کہ تیر جگردوز اسکے دونون پہلوؤن سے
گذر گیا **نظم** چکان خونش از استخوان میدوید ٭ ہمیگفت واز ہول جان میدوید ٭ کہ گر رستم از دست
این تیر زن ٭ من و موش و ویرانۂ پیرزن ٭ اور یہ مثل مین نے اسلیے بیان کی ہے کہ تو میرے گوشۂ آشیانہ کو
غنیمت سمجھے اور قدر اس طعمے کی کہ بے زحمت تجھے پہونچتا ہے پہچان اور زیادہ طلبی نفس حریص کی
نکر و جانلے کہ پیش از وقت و بیش از قسمت حاصل نہین ہوتا ہے اور مرتبہ قناعت کہ بیزحمت اور سراسر
رحمت ہے ہاتھ سے کیون کھوتا ہے اور پھر افسوس کام نہ آئیگا باز نے کہا کہ جو کچھ فرمایا تونے لازمۂ
شفقت والدین یہی ہے لیکن خیال فرما کہ اگر کوئی عجوزہ کے مانند ہر رطب یابس پر قناعت کرے
تو اولوا العزمی اور بلند حوصلگی جہان سے اٹھ جائے اور جو کوئی کہ فقط اکل و شرب پر مثل بہائم

قناعت کرتا ہی کبھی عالی ہمتون کے شمار مین نہین آتا ہی اور جو کوئی چاہے کہ سر پر بزرگی پر بیٹھے اور تاج سرفرازی سر پر رکھے کمر ہمت چست باندھے اور کارہائے خسیس پر ہمت مصروف نہ کرے تنبوی ناسخ جسنے پائی رہی ہمت والا ❊ اُسکی منزل ہی عالم بالا ❊ کرگس چرخ جیفہ خوار نہین ❊ کرگسان زمین کو عار نہین ❊ مرغ زرین چرخ کی ہی خوراک ❊ دانہ ہائے کواکب افلاک ❊ زغن نے کہا یہ خیال محال تیرے دماغ پر کثرت پندار سے مستولی ہوا ہی اور یہ دیگ سودائے بیجا اصل مخالفت نفس امارہ سے تیرے دیگدان سینے مین جوش مارتی ہی اور اسباب بلند پروازی کا ظاہر ایک بھی تیرے واسطے مہیا نہین ہی غالب ہی کہ نتیجہ اس ناشدہ کا جسکو شدہ سمجھتا ہی بجز ندامت اور کچھ حاصل نہو بموجب بیت تکیہ بر جائے بزرگان نتوان زد بگزاف ❊ مگر اسباب بزرگی ہمہ آمادہ کنی باز بچے نے کہا کہ توت میرے چنگال کی حصول دولت کے لیے خوب سامان ہی اور تیزی میری منقار کی مراتب رفعت کے واسطے بہتر وسیلہ ہی مگر حکایت اُس شمشیرزن کی نہین سُنی ہی تو نے کہ وہ حوصلۂ بادشاہی کا دماغ مین رکھتا تھا آخر کار دست و بازوے دلاوری سے شاہد ہمت اُسکا تخت مراد پر پہونچا زغن نے کہا کہ یہ ماجرا کس طرح تھا حکایت باز نے کہا کہ ایام ماضی مین ایک مرد کاسب تھا کہ کثرت عیال سے بہت درماندہ رہتا تھا نہایت تہیدستی سے کبھی حرف آسایش کا ورق نشاط سے نہ پڑھتا تھا اور فائدہ مزدوری کا اسقدر نہ تھا کہ سوائے خرچ روزمرہ کے کچھ پس انداز ہوتا اسلیئے تنگ رہتا تھا آخر کار عنایت پروردگار سے اُسکے ایک بیٹا پیدا ہوا کہ آثار دولت و اقبال اُسکی پیشانی پر تابان اور انوار سعادت و حشمت چہرہ پرنور پر نمایان تھے بیت کوکب نور آسمان جلال ❊ گل شاداب گلشن اقبال ❊ اور اُسکے قدم کی سعادت سے اُسکی معاش مین برکت ہونے لگی یعنی فائدہ حرفت کا دو چند سہ چند ہونے لگا والدین اُس اقبال نشان کی پرورش مین دل و جان سے مصروف رہتے تھے اور جبکہ وہ باسعادت ایام تربیت کو پہونچا کھیل اُسکا سوائے سپر و شمشیر کے دوسرا نہ تھا اور جبکہ اُسے مکتب مین بٹھایا اوّل حرف کہ اُس لڑکے کی زبان پر جاری ہوا تیر و کمان بجائے الف بے تھا ہرچند کشان کشان مکتب کو پہنچاتے

تھے اور سوال تعلیم خطی سے کرتے تھے یہ جواب نیزہ خطی سے دیتا تھا اور جبکہ کوئی اُسے پڑھاتا تھا یہ خطوط کتابت کو خطوط شمشیر تصور کرکے اُس سے مضمون جہانگیری کا نکالتا تھا اور جبکہ ترغیب نقش و نگار نظم و نثر سے دیتے تھے یہ نقش سپر سے مطلب سرفرازی مشاہدہ کرتا تھا باپ اُسکا اسکے حالات دیکھکر متحیر ہوتا تھا جبکہ شدہ شدہ سرحد بلوغ کو پہونچا باپ نے کہا کہ اے فرزند ارجمند چاہتا ہون کہ جو بہتری عالم کی ہے تیرے لیے ہوا ور ضرر ظاہر و باطن کا تجھے نہ پہونچے اب مصلحت یہ ہے کہ مین نکاح تیرا ایک مخدوم و ہمقوم سے کہ خصائل کریمہ سے متصف ہو کرون مبادا تو مہلکہ شہوت مین گرفتار ہو پس حصار استوار اس بلاکے دفع کا من تزوج فقد احسن نصف دینہ سے بہتر نہین اور مین نے اسقدر سامان بھی مہیا کر رکھا ہے کہ ہمارے کفو کے واسطے کفایت کرے اب اسبات مین تیری کیا مصلحت ہے بیٹے نے کہا کہ اے پدر شفیق مین نے سامان اس سے بہتر اپنی شادی کا تجویز کر رکھا ہے آپ کو تکلیف اسکی نہ دونگا اور امداد تم سے اسکی غیر ممکن ہے باپ نے کہا کہ اے بابا مجھے تیری قدرت کا حال بخوبی معلوم ہے اور وہ عروس کہ جسکی خواستگاری تو نے کر رکھی ہے کس جگہ اور کس خاندان سے ہے لڑکا گھر جاکر ایک شمشیر کہ خوبرویون کی تیغ ابرو سے خونریزی مین ہزار درجہ زیادہ تھی لا یا اور کہا کہ اے پدر بزرگوار مین نے عروس مملکت کی خواستگاری کی ہے کہ مخدرۂ سلطنت کو اپنے عقد مین لاؤن اور مہر اسکا یہ شمشیر تیز اور نیزہ اور خنجر خونریز ہے بیت عروس ملک کسے در بغل بگیرد تنگ ٭ کہ بوسہ برلب شمشیر آبدار زند ٭ مناسب اس شعر کے ناسخ اُستاد نے کہا اشعار رہا تہ گرچہ ہے سپاہی کا ٭ زیر پا ہے سریر شاہی کا روز میدان جو سر کرے نہ عزیز ٭ وہی شایان ہے کج کلاہی کا ٭ اے پدر بزرگوار مغلوب شہوت ہوتا کام بہائم کا ہے اور جسنے کہ عروس سلطنت کو پسند کیا ہے وہ نظر کسی رذیل پر کب کرتا ہے بیت بابخت نیک ہیچ کسی را ستیز نیست ٭ مہر عروس ملک بجز تیغ تیز نیست ٭ جو کہ ہمت جبلی اس فقر داری کی حصول دولت سلطنت پر مصروف تھی بموجب مثل کے کسنے ڈھونڈھا کہ نہ پایا آخر اُسکی تیغ عالمگیر نے اکثر اقالیم کو مسخر کیا اور انجام کار مراد دلخواہ کو پہونچا باز بچے نے

کہا یہ مثل اس لیے سنائی گئی ہے کہ جو اسباب دولت کہ میری مقتضائے ہمت کے ہین مہیا رکھتا
ہون اور توفیق یزدانی نے کہ دروازہ سعادتمندی کا میرے آئینہ دل پر کھولا ہے تو امید
غالب پروردگار عالم سے رکھتا ہون کہ روئے مطلوب جلد مشاہدہ کرون اور دست مراد
گردن مقصود مین ڈالون اور سن اے مادر مہربان افسون و افسانہ کسی کا میرے سودائے
پختہ پر کارگر نہ ہوگا اور اس خیال فرخندہ فال سے زنہار نہ پھرونگا لمولفہ بیت او کھلی
مین سر دیا دھمکون سے کب ڈرتے ہین ہم ✤ عشق اُس پردہ نشین کا آشکارا چاہیے ✤ زغن
نے جانا مرغ عالی ہمت رشتۂ فریب سے باندھا نہ جائیگا بناچاری اجازت سفر کی دی اور
سنگ مہاجرت سینہ ریش پر گوارا کیا بازبچہ نے الوداع کہی اور آشیانہ سے پرواز کرکے اوج
سعادت کیا اور قریب شام ایک درخت بلند کہ قلۂ کوہ پر تھا اُسپر بسیرا لیا اُسوقت سایۂ دھلا
ہوا اور عجب بہار بن زار کی تھی ہر طرف بازنگران تھا ناگاہ دیکھا کہ کبک دری بہزار جلوہ گری
قہقہے کرتا ہے اور نعرہ نغمہ سرائی کا اطراف کوہ مین پیچیدہ ہے باز اُسوقت ہرچند کوفتگی راہ اور
شدت اشتہا سے سست و نزار تھا تو بھی ایک حملہ مین کبک کو پنجے مین پکڑکر اُسی درخت پر
لے گیا اور گوشت سینے کا خوب سیر ہوکر کھایا تمام عمر آشیانۂ زغن مین سوائے جیفۂ مردار کے اور
شے سے زبان اُسکی آشنا نہوئی تھی کبک کے سینے کا گوشت کھانے سے اور خون تازہ کے ذائقے
سے عجب طرح کی کیفیت حاصل ہوئی قریب تھا کہ شادی مرگ ہو جاوے کہ وہ لذت نہ تھی گویا
شربت حیات تھا اور دل مین کہتا تھا کہ اول منزل مین فائدۂ سفر کے ہوے کہ محتاج جان
دنی اور کم ہمت سے رہائی پائی اور غذا نا ملائم کے عوض طعمہائے خوشبودار اور مقبول طبع
حاصل ہوے اور آشیانہ تیرہ و تار سے نکل کے درخت بلند اور منزل عالی پر جگہ پائی اسکے بعد دیکھنا
چاہیے کہ پردۂ غیب سے کیا لطیفہ پیش آئے اسی طرح باز چند روز شکار کبک دری اور دراج کا
کرتا رہا اور اُس درخت پر خوش گذران کرتا رہا ایک روز باز اُسی درخت پر بیٹھا تھا کیا دیکھتا ہے
کہ غول سواروں اور پیادوں کے دامن کوہ مین صف باندھے ہوئے چلے آتے تھے اور صدہا جرّے

اور باز و شاہین شکاری ہاتھون پر لیے ہوے تلاش شکار مین چارسو نظر کر رہے ہین
اور وہ بادشاہ اُسی ولایت کا تھا کہ شکار کے واسطے دامن کوہ مین آیا تھا اس حال مین
وہ باز کہ بادشاہ کے ہاتھ پر بیٹھا تھا ایک صید پر چھوڑنا چاہتا تھا کہ اُسے صید کرے یہ باز بلند
ہمت اپنی جگہ سے حملہ آور ہوکر اُس شکار کو بادشاہ کے باز سے پہلے صید کرگیا بادشاہ نے
جبکہ تیز پروازی اس باز سبک پرواز کی دیکھی عاشق ہوگیا اور دام دارون کو حکم گرفتاری
دیا دام دارون نے چند روز کوشش کرکے پھندا اُسکی گردن مین مارا اور بادشاہ کی خدمت
مین حاضر کیا بادشاہ نے حکم تیاری کا دیا تھوڑے دنون مین بازدارون نے تیار کرکے حاضر
کیا جبکہ بادشاہ نے اُسکی بلند پروازی اور سبک تازی دیکھی نہایت خرسند ہوا بالآخر ہمت بلند
کے وسیلے سے حضیض نکبت سے نکل کر اوج عزت کو پہونچا یعنی منزل اُسکی بادشاہ کے ہاتھ
پر مقرر ہوئی سفر کی بدولت صحبت زاغ و زغن سے چھٹ کے شرف صحبت بادشاہ حاصل ہوا
غرض اس بیان سے یہ ہی تا فائدہ سفر کا معلوم ہو **قطعہ** بہار دل سفر باشد کہ از وے * غلاف
گل مقصود بشگفت * سفر کن تا مراد خویش یابی * کہ فامشوا فی مناکبہا خدا گفت * جبکہ
حکایت دابشلیم نے تمام کی وزیر ثانی نے بعد دعاے خسروانہ عرض کیا کہ جو بادشاہ ظل اللہ
نے فائدے سفر کے بیان فرمائے اسمین کسی طرح کا شک نہین ہی لاکن غلامون کے دل مین گذرتا
ہی کہ بادشاہ عالم پناہ کی ذات ملکی صفات کہ راحت سب عالم کی ہی اُسکو روضہ جان فزاے
عشرت سے دور ڈالنا اور بادیہ رنج و محنت کو اختیار کرنا حکمت کے خلاف ہی دابشلیم نے کہا کہ
مشقت کرنا کام مردون کا ہی جب تک بادشاہ اذیت نفس کی گوارا نکرے گا ضعفا سایہ گلستان
راحت مین کبھی آرام نہ پائینگے اور جو بادشاہ خوکردہ راحت و آرام ہو تو یقین جانو کہ کام
رعیت کا تمام ہو اور باعث ناسخ ہوتا ہی جو بادشاہ آرام طلب * رہتا ہی ہمیشہ
مائل عیش و طرب * ملک اُسکا خراب سلطنت بھی ہی تباہ * افواج رعایا ہین گرفتار تعب *
سُن اے وزیر کہ بندگان خدا دو قسم پر ہین ایک کہ اُنکا حصہ فرمان روائی ہوا ہی

اُن کو سوائے محنت اور خلق خدا کی فکر کے آرام کرنا حرام ہی اور ایک رعیت ہی کہ نصیبہ اُنکو فرمانبرداری اور راحت و آرام بخشتا ہی کہ دعائے منعم وظیفہ اپنا کرین اور استراحت و آرام کے ساتھ کسب اور حرفت کرتے رہین اور یہ دونون جمع نہین ہوتے رہین یا آرام اختیار کرکے رعیت بنے یا محنت و مشقت شعار کرکے سلطنت و فرمانروائی کرے **قطعہ**

آنکہ او پا بسر ناز و تنعم میزند ❊ روزگارش در جہان سرد ار و سر و بلند ❊ بادشاہے در چمن داد ند گل را زانکہ گل ❊ با وجود نازکی از خار بستر میکند ❊ حکیمون نے کہا ہی جد و جہد کرنا طالب کو سرحد منزل رسا تک پہونچاتا ہی اور میان مجاہدہ کو قدم وفا سے قطع کرنا جمال مطلوب کو مشاہدے مین لاتا ہی **رباعی** رغبت ہو بہت جسکو تن آسانی سے ❊ کچھ کام نہین ہی اُسے سلطانی سے ❊ سمجھے جو کوئی بستر گل کو بیخار ❊ پائے وہ ثمر نخل جہانبانی سے ❊ جس نے کہ علم محنت بلند کیا آخر تاج دولت سے ارجمند ہوا جیسا کہ وہ پلنگ بچہ فرح افزائی کی آرزو رکھتا تھا آخرکار جانفشانی اور مشقت کی برکت سے درازدستی اسکی دامن مطلوب تک پہونچی وزیر نے عرض کیا یہ قصہ کس طرح پر تھا **حکایت** رائے دابشلیم نے کہا کہ حوالی بصرہ مین ایک جزیرہ تھا نہایت خوش ہوا انیس لطافت سے چشمہائے آب زلال ہر طرف روان اور نسیم روح افزا ہر گوشے مین نہایت اعتدال سے دوان تھی اس نزہت سے اُسکو بیشۂ فرحت افزا کہتے تھے کہ ایک پلنگ اس بیشے کا حاکم تھا اور ایسا قوت و دلاوری مین یکتائے روزگار تھا کہ شیران شرزہ کا م نام اُس ناکام کا اُسکے خوف سے نہ لیتے تھے مدت دراز اس بیشے مین داد آرام دیتا رہا اور ناکامی کی صورت کبھی حاشیہ خیال پر نہ گذری اور اسکا ایک بچہ تھا نہایت خوبصورت اور خوش سیرت ہموار اسکے دیدار سے مسرور ہوتا تھا اور یہ کہتا تھا کہ اگر یہ بچہ ایک سال کا ہوکے اپنے ناخن اور دانت اکبار کبھی ہزبرون کے خون سے سرخ کرے تو ریاست اس بیشے کی اسکے قبضہ اختیار مین دیکے بقیۃ العمر گوشۂ قناعت اور یاد رب العزت مین بسر کرون ہنوز نہال اسکا شگوفہ مراد نہ لایا تھا

که باغ حیات اسکا لشکر اجل نے لوٹ لیا مصرعه ای بسا آرزو که خاک شده ٭ یعنی جبکہ وہ
پلنگ شیر اجل کے پنجہ مین گرفتار ہوا اس نواح کے درندے کہ آرزو اس بیشہ کی بیشتر رکھتے
تھے ایک بار سب حملہ آور ہوئے پلنگ بچے نے دیکھا کہ مین مرد میدان ان سب کا نہوسکونگا
جلا وطنی اختیار کیا اور باہم درندون مین نزع عظیم واقع ہوئی ایک شیر خونریز شور انگیز
سب پر غالب آیا اور اُس بیشے کو اپنے قبضہ تصرف مین لایا پلنگ بچہ چند روز آوارہ و
سرگردان دشت و بیابان مین پھرتا رہا بعد عرصے کے ایک بیشہ پر سباع مین وارد ہوا
اور اپنی سرگذشت سے انھین مطلع کرکے امداد چاہی انھون نے اُس شیر ژیان کا حال
سُنکے اعانت سے انکار کیا اور کہا کہ ای نادان تیری کوہ منزل اب اس شیر غران کے تصرف
مین ہی کہ جسکے سبب سے ہوا مین پرندے پرواز نہین کرسکتے ہین اور پیل مست اُسکی وحشت سے
اس صحرا کے حوالی مین قدم نہین رکھ سکتے ہین ہم ناتوان کو اُسکے چنگال سے قوت برابری اور
دندان تیز سے طاقت مقابلہ کی کب ہی مگر ایک راہ صواب ہم تجھے بتائین کہ تو رجوع اُسکی درگاہ
مین لا اور جان و دل سے کمر خدمتگذاری کی محکم باندھکر شبانہ روز اُسکی رضاجوئی مین مصروف
رہا کر یقین ہی کہ شیر جوانمردی کو کام فرمائے اور مقصد تیرا خدمتگذاری مین حاصل ہوجائے ٭ نظم
تنے را کہ نتوانی از جاے برد ٭ ببر خاشش و پاے نتوان فشرد ٭ ہمان به که با او مدارا کنی ٭ بپائی وه
عذر آشکارا کنی ٭ پلنگ بچے کو یہ بات پسند آئی اور اصلاح اپنے حال کی اُنھین درندون کی
صلاح مین سمجھکر بملازمت شیر کی بہزار عجز و نیاز اختیار کی اور خدمتگذاری اُسکی جیسا کہ چاہیے
بجا لایا تھوڑی سی مدت مین مقبول شیر کا ہوکر عمدہ ارکان دولت ہوا شعر جد و جہد کسی که
بیشتر است ٭ کارش از جملہ کار بیشتر است ٭ اتفاقاً شیر کو ایک مہم دوردست اُس موسم مین پیش
آئی کہ تنور فلک زیادہ از حد جوش مین اور عرصہ کوہ مانند کورۂ شیشہ گران التہاب اور
خروش مین تھا کہ نہایت حرارت سے مغز جانوران ہوائی کا استخوان مین پانی ہوا جاتا تھا اور
سرطان دریا مین کباب کے مانند بریان رباعی بجلی کی طرح سے ابر تر جلتا تھا ٭ مانند

شفق شام وسحر جلتا تھا + فانوس حباب اور شمعین موجین + پروانہ صفت مچھلی کا پر جلتا تھا +
شیر تامل کرتا تھا کہ اگر اس مہم مین درگذر کرتا ہون تو طنطنہ سلطنت مٹا جاتا ہی اور اگر کسی
کو حکم دیتا ہون تو ایسے وقت مین کہ صدف قعر دریا مین مانند کباب کے بریان ہوتی ہی
کون ملازم ایسا خیال مین آتا ہی کہ ایسی شدت حرارت سے اپنے دلکو ملول نہ کرے اور
بطیب خاطر اس مہم کو قبول کرے اور اگر بنا چاری گیا تو اس سے کیا ہو سکے گا بلکہ اگر شکست فاش
لاحق حال ہوئی تو زیادہ تر خرابی متصور ہی اسی فکر مین مستغرق تھا کہ پلنگ نے فراست سے
جانا کہ بادشاہ کو کوئی فکر سنگین لاحق ہوئی ہی کہ کس طرح سے از خود رفتہ ہی زمین بوس ہوکر
عرض کیا کہ بادشاہ ظل اللہ کی عمر دراز ہو کونسا سانحہ صعب رونما ہوا ہی کہ اس قدر فکر مزاج اقدس
پر طاری ہی ہم سر فروش کسواسطے اور کس دن کے لیے ہین جبکہ سب نثار ہو جائین اُسوقت
فکر کرنا حضور اقدس کا بجا ہی ورنہ امکان نہین ہی کہ ہم میدان سر بازی مین قدم نہ رکھین
شیر نے دیکھا کہ یہ پلنگ بچہ مرد میدان نظر آتا ہی عجب نہین کہ سامان اس مہم کا اس کے
دست دلاوری سے سرانجام ہو جائے شیر نے مرحبا کہا اور حال مشروحًا بیان کیا پلنگ نے
بخوشی قبول کیا اور فوج کے ساتھ روانہ ہوا جبکہ اس جگہ پہونچا بمردی و مردانگی اعدا کو
تہ تیغ کرکے اُس بیشے کو مسخر کیا خواص دولت اُسکی رکاب مین حاضر تھے باتفاق سب نے
عرض کیا کہ اس شدت حرارت مین اللہ تعالی نے ہمکو کامیاب کیا اور کسی طرح کا دغدغہ
باقی نہ رہا بہتر ہی کہ چند ساعت سایۂ درخت مین آسائش کیجیے اور آب خنک سے عطش کو تسکین دیجیے
جبکہ تمازت آفتاب کم ہو روانہ ہو جیے شعر آسودہ باش باز مشقت فرد کش + بکشایان
کہ رنج جہان را کنارہ نیست + پلنگ نے تبسم کیا اور کہا شیر کے نزدیک سب میرے
تقرب کا یہی ہی کہ مین نے علم جفاکشی سب پر بلند کیا ہی پسندیدہ نہین ہی کہ کاہل
مزاجون کے مانند طبیعت اپنی سستی سے آشنا کرون کہ تن آسانی آخر کار پشیمانی لاتی ہی
جس نے کہ کمر مشقت کی چست باندھی کبھی مطلب سے دور نہ رہ سکا اور جس نے کہ راحت

کو دوست رکھا زنہار منزل مقصود کو نہ پہونچے گا شیر نے ہمکو مشقت کا حکم دیا ہو شرط غمخواری سے دور ہو کہ اُس کے بے حکم نام آرام کا ہماری زبان پر گذرے اس حال مین پرتو آفتاب ہمین ظل ہما سے بہتر ہو رباعی ناسخ استاد ہماری طبیعت کے مناسب ہو رباعی جو شاہد مقصود کا طالب ہو بشر ٭ دم لے نہ تگاپو سے وہ ہرگز دم بھر ٭ کرتا ہو درخت آرزو کو سرسبز ٭ خون دل و آب چشمۂ دیدۂ تر ٭ جاسوسان لشکر نے خبر اس گفتگو کی ہو بہو شیر کو پہونچائی شیر نے سر تحسین کو جنبش دی کہ سرداری اور سروری ایسے ہی شخص کو زیبا ہو کہ مشقت سے دل نہ چورائے اور سر کو بالین استراحت سے آشنا نہ کرے اور دور نزدیک نمک حلالی مین برابر کوشش کرے اسکے بعد پلنگ کو بلا کر باکرام تمام سرفراز کیا اور ولایت اس بیٹے کی اسے سپرد کی بدولت مشقت کے مسند پدری پر متمکن ہوا اے وزیر یہ مثل اس واسطے بیان کی ہے تا معلوم کرے تو کہ بے تگاپوے بلیغ آفتاب مراد کسی کا مطلع امید سے طالع نہین ہوتا ہو اور بغیر جستجوے کامل کے نتیجہ رجا کا ہاتھ مین نہین آتا ہو مثنوی ناسخ اُٹھا رنج اگر ہو طلبگار گنج ٭ کہ ملتا نہین گنج بے درد و رنج ٭ تنگ آ اگر ہوا ذیت تجھے ٭ ملے گنج تاب مشقت تجھے ٭ اور اس سفر مین کہ مقصود میرا طلب ہو اس لیے عزم جزم کیا اب شہوار میری ہمت کا عنان عزیمت کو پھیر نہین سکتا ہو ان ذلک من عزم جزم الامور وزیرون نے جانا کہ ہماری نصیحت بادشاہ کے سفر کی مانع نہو سکے گی اسواسطے تائید کلام بادشاہ پر مصروف ہوے اور شرائط مبارکباد سفر کی زبان پر لائے اور یہ بیت گویا کی ہر دم بشاشت سے پڑھتے تھے لمولفہ بیت ہو جو عزم سفر خدا حافظ ٭ رہ تو اسکا حفیظ یا حافظ ٭ اور کبھی اس بیت کو تکرار کرتے بیت السفر رفتنت مبارکباد ٭ بسلامت روی و باز آئی ٭ اس کے بعد دابشلیم نے نیابت سلطنت ایک امیر معتمد کے سپرد کی اور رعایت حق رعایا اور وصیت شوق برایا بواقعی اس کو سمجھا کے بعد فراغت امور ضروری مع خواص و خدام مخصوص جانب سراندیپ روانہ ہوا شہر بشہر

مانند آفتاب کے انتقال فرماتا تھا اور ہر گروہ قافلے سے منزل بمنزل فوائد حاصل کرتا جاتا تھا بعد طے مراحل بحر و بر اور شداید گرم و سرد کے اطراف سراندیپ مین جا پہونچا جبکہ روائح نفحات قدم گاہ حضرت ابوالبشر آدم علی نبینا علیہ السلام اس کے مشام جان تک پہونچی نہایت مسرور ہوا چند روز شہر سراندیپ مین ماندگی راہ کی دور کرکے آسودہ ہوا پھر لشکر مع بیرون گاہ اسی شہر مین چھوڑ کر باتنے چند از خواص متوجہ پہاڑ کا ہوا ہر طرف مرغزار انواع ریاحین سے آراستہ دیکھتا تھا اور ہر جانب سے بوستان نزہت آباد کہ رو کش باغ ارم کہا چاہیے نظر آتے تھے والشلیم ہر مقام متبرک کا طواف کرکے خرسند ہوا تھا کہ ناگاہ نظر اسکی ایک غار تاریک پر پڑی کہ جسکے دیکھنے سے آنکھین روشن ہوتی تھین اُس غار کے مجاوروں سے پوچھا کہ یہ کسکی جگہ ہی اور حقیقت حال اسکی کیا ہی انھون نے عرض کیا کہ یہ مکان حکیم بیدپا دانا دل کا ہی کہ بہت دنسے خلائق کی صحبت سے کنارہ کش ہی اور اس غار کو منزل اور ماوا اپنا کیا ہی اور اندک کفاف پر قناعت کرکے خاشاک ناپاک ہستی کو آتش ریاضت سے جلا دیا ہی اور اُسکے دیدۂ بیدار نے شب زندہ داری سے چہرہ خواب کا مدت دراز سے نہین دیکھا ہی اور نہ اُسکے گوش ہوش نے غایت پرہیزگاری سے آواز اہل دُنیا کی سُنی ہی واسطے والشلیم ملاقات حکیم کے بقصد نیاز و تمنا قریب غار کے جا کھڑا ہوا اور اُس صاحب کمال کی زبان حال سے زیارت کی اجازت مانگی اُدھر سے آواز مرحبا و تعال آئی بعد اُسکے قدم آگے رکھا غار مین جا کر دیکھا کہ ایک شخص ہی کہ عالم تفرید مین علم حقائق بلند کیا ہی گویا سیر ملکی نے صورت بشری مین ظہور پایا ہی جبکہ نزدیک پہونچا شرط سلام و قدمبوس بجا لایا برہمن نے جواب اسلام و رسم اکرام کے بعد اجازت بیٹھنے کی دی اور سبب اذیت اختیار کرنے کا پوچھا والشلیم نے حکایت خواب اور گنج اور وصیت نامہ ہوشنگ اور باعث سفر کا واسطے دریافت ہونے اسرار چودہ وصیتون کے برہمن سے از مطلع تا مقطع بیان کیا برہمن نے تبسم کیا

اور ہزار آفرین بادشاہ کی ہمت پر کی اور کہا کہ علم کی طلب کے واسطے محل اتنی مشقتون کا ہونا
کام نامردو کا نہین ہے واقعی سلطنت کا سزاوار ایسا ہی شخص ہوتا ہے کہ رفاہ اور آرام خلایق
کے لیے اتنی محنتون کو اختیار کرے اسکے بعد وہ پرچہ حریر کا دابشلیم نے برہمن کے ہاتھ مین دیا
برہمن نے دیکھا کہ یہ نسخہ دست گوہر فشان ہوشنگ ابن کیومرث ابن طہمورث دیو بند ابن
سام ابن نوح علیہ السلام کا لکھا ہے چوم کر آنکھون سے لگایا اور بطور تمام سب وصیتون کو
دیکھ کے دابشلیم سے بیان کرنے لگا اور مثل اور حکایات واضح ہر ایک وصیت کی توضیح
مین لاتا دابشلیم قلم خیال سے لوح حافظہ پر لکھتا جاتا تھا بعد اتمام کلام وصایاے ہوشنگ
حکیم دابشلیم نے ترتیب اسی نسخے کی دیکر موسوم بہ کلیلہ دمنہ کرکے چودہ باب پر یون مرتب کیا۔

باب پہلا اجتناب کرنے مین قول نمام اور چغلخور اور ساعی کے ہے

سوال دابشلیم نے بیدپا حکیم سے کہا کہ خلاصہ مضمون پہلی وصیت ہوشنگ کا یہ ہے کہ جو کوئی تقرب
سلاطین سے عزت پاتا ہے ہر آئینہ وہ محسود مخبس کا ہوتا ہے اور حاسد اسکی خرابی اور سلب منصب
مین ہزار رنگ سے روبہ بازی اور حیلہ سازی کرتے رہتے ہین اور اکثر پیرایہ خیرخواہی سلطان
مین باتمین مکر و فریب کی اسکے حق مین بنایا کرتے ہین تا کسی طرح سے مزاج بادشاہ کا اسکی طرف
سے متغیر کرین اور پایہ عزت سے اسے گرائین اور بادشاہ کو لازم ہے کہ اقوال صاحب غرض پر
خوب غور کرے اور تحقیق اور تنقیح کو در پردہ سرحد صدق و کذب پر پہونچائے اگر جانے کہ قول
حاسدون کا محمول بحسد نہ تھا اور بلکہ راست و درست تھا تو بتدریج اسے اپنی نزدیکی سے جدا
کرے لاکن تسیر بھی پردہ دری اسکی نکرے کہ بہترین صفات سے بادشاہ کے واسطے ستاری اور
درگذر ہے اور اگر معلوم کرے کہ یہ بیان محض حسد اور نفسانیت سے ہے تو ان حاسدون سے
اجتناب کرے اور کبھی پھر اپنی صحبت بابرکت مین انھین بار نہ دے اے حکیم دانا دل آنا تو معلوم
ہوا مگر اب یہ التماس کرتا ہون کہ اس وصیت کے مناسب حال کوئی داستان بیان فرما اور قصہ

کسی ایسے شخص کا کہ بادشاہ کا مقرب ہوا ہو اور حاسدون کے مکر و فریب سے اسکے مرتبے مین
خلل آیا ہو اور دوستی و دشمنی اور موافقت مخالفت سے مبدل ہوگئی ہو بہ تفصیل بیان کر
برہمن نے عرض کیا کہ ای بادشاہ جان تو کہ مدار سلطنت کا اس وصیت پر ہی اگر بادشاہ اہل فساد
کو تنبیہ اور منع نہ کریگا تو بیشتر ارکان دولت انکے فساد سے منکوب[1] اور مخذول ہو جائینگے اور
اور مختل کلی امور سلطنت مین واقع ہوگا وجہ اسکی یہ ہی کہ سلطنت مانند عمارت کے ہی اور ارکان
دولت ستون اُسکے ہین جبکہ ستون گر پڑینگے مکان برپا نرہے گا جبکہ مفسد اور شریر دو دوستون
مین مجال دخل کی پائینگے تو انجام کار انکا ضرور وحشت اور ملال کو پہنچے گا جیساکہ شیر اور گاؤ مین
ہوا اشلیم نے کہا یہ قصہ کیونکر تھا **حکایت** برہمن نے کہا کہ ایک تاجر تھا کہ منازل بحر و بر
کو طی کرتا رہتا تھا اور اقالیم شرق و غرب مین کوئی شہر نہین چھوڑا تھا سرد و گرم زمانے کا بہت
دیکھا تھا اور تلخ و شیرین ایام کا خوب چکھا تھا **بیت** ایمن ہوشیار و کاردانی * زردے
تجربہ بسیار دانی * جبکہ مقدمہ سپاہ موت کہ عبارت ضعف پیری سے ہی اسکی مملکت قوی
پر تاخت و تاراج کرنے لگا اور طلایہ[2] لشکر اجل نے کہ اشارہ موے سفید کی طرف ہی اسکے
حوالی حصار وجود کو گھیر لیا **نظم** نوبت پیری کہ زند کوس درد * دل شود از خوشدلی
و عیش سرد * موے سپید از اجل آرد پیام * پشت خم از مرگ رساند سلام * تاجر
سمجھا دمبدم کوس رحیل بجاتے ہین اور سرمایہ حیات کو صندوق بدن مین امانت پھیرے
مانگتے ہین ایک دن بیٹون کو بلاکے نصیحت کی وہ جوان ثروت دولت اور نخوت
شباب مین مغرور اور طریقۂ اعتدال سے یہان تک دور تھے کہ پند پدر کو مضحکہ سمجھتے
باپ نے کہا ای جوانو مجھ پیر کی بات سُنو کہ یہ مال اندوختہ میرا کہ تم ابھی سے
بیہودہ برباد کرتے ہو اور جو اُسکے حاصل کرنے مین تمھین کچھ مشقت نہین ہوئی
اس لیے تم قدر اسکی نہین جانتے ہو یہ عقل سے بہت دور ہی اسے بغور تامل سمجھو کہ سرمایہ
دُنیا و آخرت ہی جو فائدہ دین و دنیا کا مطلوب ہو اسی سے حاصل ہو سکتا ہی

[1] منکوب یعنی خوار و ذلیل و نگون ہو
[2] طلایہ دو دار

حکایت تاجر

چنانچہ طلب تمام نبی آدم کی تین قسم پر ہوتی ہے ایک طلب فراخی معیشت یعنے کھانا اور پینا اور عیش کرنا دوسرے خواہش ترقی منزلت اور زیادتی منصب کہ مقصد جاہ و جلال اور ملبند نامی سے ہے تیسرے استدعاے حصول فوائد عقبی کہ حاصل اسکا رضا مندی خالق ارض و سما ہے اور یہ تینون مطلب مال سے حاصل ہوتے ہین نعم المال الصالح حدیث شریف مین آیا ہے جیسا کہ مولوی معنوی نے فرمایا شعر مال را گر بہر دین باشی حمول نعم مال صالح گفتہ رسول پس معلوم ہو کہ برکت سے مال کی اکثر مطلوب دل ہاتھ آتا ہے اور بغیر کسب و مشقت کے حاصل کرنا مال کا قبیل محال سے ہے اگر کبھی بطور ندلت بے مشقت بھی کچھ کسی کے ہاتھ آگیا تو قمار بازون کے مانند بیقدری سے صرف کرتا ہے اور گمان اُسے یہ ہوتا ہے کہ مین بڑا خوش نصیب ہون کہ بے محنت اس قدر مال مجھے ملا ہے اور ساون کے اندھے کی طرح ہمیشہ ہرا ہرا سوجھتا ہے یعنی جانتا ہے کہ ہمیشہ یونہی مجھے ملا کریگا اور محنت کسب پر التفات نہین کرتا ہے صرف ہونے کے بعد سواے ندامت کے روے فلاح پھر نہین دیکھتا ہے اسلیے کہتا ہون کہ کسب اور تجارت مین سعی کرو اور اس مال حلال کو راہ حرام اور عیاشی مین برباد نہ دو اول بڑے بیٹے نے جواب دیا کہ اے پدر بزرگوار ہم فائدہ کسب کو بیفائدہ سمجھے ہین کیونکہ ہمنے توکل کو اختیار کیا ہے اور ہم خوب جانتے ہین کہ جو مقدر ہے اگر ہزار بار جد و جہد کرین و شبانہ روز راحت مین بسر کرین کم و بیش اُس سے نہوگا اور ایک بزرگ سے سُنا ہے کہ جو کچھ روزی جسکے مقدر کی ہے ہر چند اُس سے بھاگتا رہے وہ خود دامن سے آلپٹے گی اور جو چیز کہ مقدر مین نہین ہے ہر چند اُسکے پیچھے دوڑے وہ ہاتھ نہ آئیگی ہم کسب کرین یا نکرین جو کچھ نصیبہ ازلی مین ہے کم و زیادہ نہوگا چنانچہ داستان اُن شاہزادون کی شاہد حال اس مقال کی ہے کہ ایک کو گنج پدر بے رنج ہاتھ آیا اور دوسرے نے ملک موروثی باوجود کوشش کے ہاتھ سے کھویا سوداگر نے کہا کہ یہ حکایت کیونکر تھی حکایت بڑے بیٹے نے کہا کہ والیت حلب

مین ایک بادشاہ تھا بہت آزمودہ کار انقلاب لیل و نہار سے نہایت ہوشیار اسکے
دو بیٹے تھے دریاے غرور جوانی مین غرقاب اور نشۂ شراب کامرانی سے سرشار ہمیشہ
لہو و لعب مین مشغول اور رات دن نغمہ سرائی چنگ و رباب مین مصروف رہتے تھے
بادشاہ عاقل تجربہ کار نے جانا کہ یہ ناخلف میرے بعد خزانہ میرا اندک مدت مین تاراج
برباد کر ڈالین گے اس شہر کی حوالی مین ایک زاہد تھا کہ پشت پا کو اسباب دنیا پہ مارا تھا
اور تعلق دار ناپایدار سے کنارہ کیا تھا بادشاہ کو اس زاہد سے الفت اور عقیدت بہت تھا
زاہد سے کہا کہ مین مال اپنا تیرے مسکن مین دفینہ کرونگا جبکہ دولت بیوفا اور جاہ بے بقا
میرے فرزندون سے روتابی کرے اور وہ کم بضاعت اور محتاج ہو جائین یا کوئی مشکل
امور سلطنت مین ایسی درپیش ہو کہ بے تصرف کثیر دفع بلا نہو سکے اسوقت نشان اس مال
کا انکو دینا شاید کہ رنج اٹھانے کے بعد متنبہ ہوکر قدر مال کی سمجھین اور اسراف سے باز
رہین زاہد نے بادشاہ کی وصیت قبول کی بادشاہ نے زاہد کے مکان مین دفینے کی جگہ
ترتیب دیکر سب خزانہ اپنا دفن کر دیا اور بیٹون سے یہ وصیت کی کہ جب تمکو مصیبت
پیش آئے اور بے خزانہ کثیر دفع نہو سکے اس زاہد سے احتیاج اپنی بیان کرنا غالب
ہے کہ حاجت تمھاری رفع ہو جائے بیٹون نے یہ قیاس سے دریافت کیا زاہد کو
استطاعت خزانے کی کہان سے بہم پہونچی مگر پدر بزرگوار نے کوئی دفینہ زاہد کو بتایا ہے اور
وصیت کی ہے کہ وقت ضرورت کے میرے بیٹون کو بعد میرے بتا دینا اتفاقاً اندک
مدت مین زاہد اور بادشاہ بادۂ کل نفس ذائقۃ الموت سے بیہوش ہوے **بیت**
ہر آنکہ زاد بناچار بایدش نوشید ❊ ز جام دہر مئ کل من علیہا فان ❊ اور وہ گنج صومعۂ زاہد مین
مخفی رہا بھائیون مین باپ کی وفات کے بعد تقسیم ملک و مال کے واسطے مناظرہ واقع ہوا
برادر کلان چھوٹے بھائی پر غلبہ پا کر ساری سلطنت کو اپنے قبض و تصرف مین لایا
برادر کوچک مغموم اور محروم منصب سلطنت سے بے نصیب رہا اور با خود اندیشہ کیا

کہ آفتاب حشمت و اقبال نے منھ جانب زوال کیا اور فلک جفا پیشہ نے شیوہ بیمہری و بیوفائی کا آشکارا کیا اب بار دیگر منھ طرف دنیاے دنی کے لانا اور آزمودہ کو پھر آزمانا نتیجہ نیک نہ دیگا بہتر یہ ہو کہ جب گریبان دولت اپنے قبضۂ قدرت سے باہر ہو جاے تو دامن توکل و قناعت کو ہاتھہ مین لائے **بیت** گدا کو ہبت شاہ سے ہو فراغت ٭ بہ از تخت شاہی ہو کنج قناعت ٭ یہ نیت کرکے شہر سے باہر آیا اور دل مین کہا کہ فلانا زاہد والد بزرگوار کا دوست تھا مصلحت یہ ہو کہ زاہد کی خدمت مین جا کر طریق ریاضت اور عبادت اختیار کرون جبکہ صومعہ[51] زاہد مین پہونچا سُنا کہ طوطی روح شریف زاہد نے قفس بدن سے جانب ریاض جنت پرواز کی اور صومعہ اُس پیر روشن ضمیر سے خالی ہو ایک ساعت ملول رہا بعد اُسکے کہا کہ یہ جگہہ متبرک ہو اسی جگہہ مسکن اختیار کرون اسی نیت سے زاہد کی قبر پر مجاورت اختیار کر کے ایک مدت اسی طرح سے بسر کی چند عرصے کے بعد کو یہ اتفاق ہوا کہ حوالی صومعہ مین ایک کاریز[52] تھی اور صومعہ خاص مین ایک چاہ تھا کہ اُسی کاریز سے آب اُس چاہ مین لائے تھے اور اہل صومعہ اُس سے کام کرتے تھے ایک روز بادشاہزادے نے ڈول اُسمین ڈالا آواز پانی کی نہ آئی متحیر ہوا کہ پانی نہ ہونے کا سبب کیا ہو اور کونسی چیز مانع ہوئی ہو شاہزادہ چاہ مین اُترا اور اطراف و جوانب پر نظر کرتا تھا کہ ایک گڑھا دیکھا خیال کیا کہ یہ کیا چیز ہو اور اُسے ٹھوکر لگائی منھ اُسکا کشادہ ہو گیا قدرے اور کھودا وہی منھ اُس خزانہ کا تھا جبکہ زیادہ کھودا دیکھا کہ گنج شایگان دینار سرخ اور جواہر آبدار سے بھرا ہو معلوم کیا کہ وہ اشارہ پدر بزرگوار کا اِسی خزانے کی طرف تھا الحمد للہ کہ میراث پدر ہاتھہ آئی سجدۂ شکر بجا لاکر دل مین کہا کہ یہ مخزن بیشمار عنایت پروردگار سے ہاتھہ آیا ہو لاکن دامن قناعت و توکل کو نہ چھوڑنا چاہیے اور بقدر ما یحتاج تھوڑا صرف کیا چاہیے اور یہ شعر ناسخ اُستاد کا پڑھا **بیت** منھ توکل سے فراغت مین نہ موڑا چاہیے ٭ ہاتھہ سے دامن قناعت کا نہ چھوڑا چاہیے ٭ اور حکایت برادر کلان کی یہ ہو کہ جب مسند پدری پر متمکن ہوا ہواے نخوت[53] غرور سے یہانتک

مغرور ہوا کہ پروا ے رعیت فوج مطلق نہ رہی بجز عیش و آرام اور کام نہ کرتا تھا کہ ناگاہ
دشمن صعب نے با فوج جرار تیغ گزار اُس ولایت کے تصرف کا قصد کیا یہ بیہودہ غفلت شعار
جبکہ دشمن قریب آ پہونچا ہراسان ہوا دیکھا کہ ایک حبہ خزانے مین موجود نہین ور رعیت
اور اہل فوج سب ملول اور دل برداشتہ ہین یاد کیا کہ باپ نے اشارہ زاہد کی طرف کیا تھا شاید
اُس سے کچھ ہاتھ آئے اس صومعہ زاہد مین آیا زاہد کو جان بحق تسلیم پایا ہرچند دست وپا مارے
کچھ مال کا پتہ نہ پایا نا امید نہ پھرا اور اُس برادر خرد فقیر کی صورت پر کچھ رحم نہ فرمایا اور نہ
مطلق وبجوئی کی کہ اس حال کو تبدیل کروائے یا ساتھ لیجائے ہرگز التفات نہ کیا جبکہ اپنی منزل
کو آیا اور مشاہدہ حال سپاہ سے سمجھا کہ ہرگز کوئی ارادہ جان نثاری کا نہین رکھتا ہے لا ملک الا بالرجال
و لا رجال الا بالملک جبکہ تدبیر سرانجام زر سے نا اُمید ہوا حیلے اور دمبازی سے لشکر کو اُمیدوار
کرکے ہمراہ لیا اور کوچ کرکے دشمن کے نزدیک پہونچا آخر دونون صفین مقابل ہوئین ہنوز
صف جنگ آراستہ نہو چکی تھی کہ ایک تیر اُدھر سے اور ایک ادھر سے سر ہوا قدرت نمائی
حکیم کارساز کی دیکھا چاہیے کہ دونون تیرون نے کام دونون بادشاہون کا تمام کیا اور فوج
طرفین سے احدمن الناس کوئی مجروح بھی نہوا جبکہ دونون فوجون نے دیکھا کہ کام دونون
فرمانرواؤن کا تمام ہوا اب جنگ وقتال محض حمق اور ضلال ہے دونون فوجون کے
سردارون نے متفق ہوکر یہ صلاح کی کہ کوئی ایسا شخص کہ لایق اور مستحق اور سزاوار دونون
ریاستون کا ہو تجویز کیا چاہیے جبکہ تحقیق کیا دونون خاندان مین اس شاہزادے صومعہ نشین
کے سوا اور کوئی باقی نہ تھا القصہ اتفاق اسپر ہوا کہ اس سرفراز کے سوا کوئی لائق تاج
سرفرازی کے نہین ہے کلہم اجمعین اسی شہزادے پر راضی ہوے آخر کار اسکو صومعہ سے اُٹھا کر
تخت سلطنت پر متمکن کیا بدولت صبر وقناعت کے ملک موروثی کا حاکم ہوا اور سلطنت
دوسری اضافہ ملی یہ حکایت [illegible] اسلیے بیان کی ہے تا معلوم کرے تو کہ ملنا منصب عالی
کا سعی اور [illegible] رکھتا ہے بہتر ہے کہ اعتماد توکل پر کرے نہ تکیہ سعی اور کسب پر جبکہ تاج کے

بیٹے نے یہ تمام داستان بیان کی باپ نے کہا کہ یہ جو کچھ کہا راست و درست ہے مگر یہ عالم اسباب
اور حکمت الٰہی اسپر جاری ہوئی ہے کہ ظہور اکثر امور کا اس جہان مین وابستہ تدبیر و اسباب
ہے اور منفعت کسب کی توکل سے زیادہ ہے اور نفع توکل کا ہر جگہہ درست نہین ہوتا ہے اور
متوکل اس سے عبارت ہے کہ تن آسانی و نفس پروری سے مطلق قطع تعلق کرے نہ یہ کہ آدھا
تیترا اور آدھا بیٹر یعنی عیاشی و نفس پروری مین بھی مصروف رہے اور دعوی توکل کا بھی
کرے ایسا دعوی کبھی صادق نہین ہوتا ہے اور منفعت توکل کی مخصوص متوکل کو پہونچتی
ہے اور منافع کسب مشقت کے متعدی ہوتے ہین کہ غیرون کو بھی پہونچتے ہین اور نفع پہونچانا
غیرون کا عند اللہ اور عند الحق محبوب ہے خیر الناس من ینفع الناس اور جو کوئی کہ غیر
کے نفع پہونچانے پر قادر ہو حیف ہے کہ وہ کاہلی کرے اور محتاج دوسرے سے نفع پانے
کا ہووے ای فرزند تو نے قصہ اُس مرد کا نہین سُنا ہے کہ مشاہدہ حال باز و کلاغ کے بعد
اسباب کسب کو برطرف کیا اور اسی سبب سے عتاب الٰہی مین گرفتار ہوا بیٹے نے پوچھا کہ یہ
قصہ کس طرح پر تھا **حکایت** باپ نے کہا کہ ایک درویش ایک بیشے مین گذرا اور آثار حیرت
اور اطوار قدرت الٰہی مین اندیشہ کرتا تھا کہ ناگاہ شاہباز تیز پرواز کو دیکھا کہ تھوڑا
گوشت چنگل مین لے کر ایک درخت کے گرد پھرتا ہے درویش اس عجائب تازہ کو دیکھکر کھڑا ہوا
اور حیرت تمام سے تماشا دیکھتا تھا کہ سبب اسکا کیا ہے کہ ایک زاغ بے پر و بال کو دیکھا
کہ اس درخت پر بیٹھا ہے باز نے نزدیک آکر وہ گوشت زاغ کے حوالے کیا درویش نے
مشاہدے سے اس حال کے یہ شعر مولف کا پڑھا لمؤلفہ **بیت** رزاق کریم ہے کیا جل شانہٗ
ساری زمین کو سفرۂ انعام کر دیا ✤ اور اپنے دل مین کہا کہ مین روزی کی طلب مین سرگردان
پھرتا ہون تسپر بھی بہزار حیلہ و مشقت بہم پہونچتی ہے یہ محض میرے اعتقاد کی سستی ہے
اب بہتر یہ ہے کہ سر فراغت زانوے قناعت پر رکھون اور اُسکے بعد نہ تنہا طلب روزی
کی نہ کرون اور خط بطلان صفحہ کسب اور حرفت پر کھینچون کہ جو کوئی گوشہ قناعت مین

بیٹھے اور وہ اسباب سے اٹھا کر تعلق اپنا مسبب الاسباب سے رکھے تو کبھی درماندہ کسی
امر میں نہو اسکے بعد تین شبانہ روز مرادیہ عزلت میں بیٹھا مگر کسی طرف سے روے فتوح
نظر نہ آیا ہر دم نحیف وضعیف ہوتا جاتا تھا اور ادا مراسم طاعت وعبادت سے بھی
درماندہ اور کاہل ہونے لگا حق تعالی نے پیغمبر زمان کو حکم کیا پیغمبر نے درویش کے پاس
آکر عتاب فرمایا کہ ای بیفہمید مدار عالم اسباب کا موقوف وسائط پر رکھا ہے اگرچہ
بے سبب جو کچھ اللہ تعالی چاہے وہ ہو جاتا ہے الا اسکی حکمت کا یہ مقتضی اسکی ہے کہ مہمات عالم
بغیر قاعدہ افادے اور استفادے کے جاری نہ ہوں پس بہتر یہ ہے کہ اور کے فائدے کا
سبب بن اور بے ہمتوں کے مانند غیر سے فائدہ لینے کا محتاج نہو بیت چو باز باش کہ صیدے
کنی ولقمہ دہی ÷ طفیل خوار مشو چون کلاغ بے پروبال ÷ ای فرزند یہ مثل اسلیے بیان کی ہے
تا معلوم کرے تو کہ ہر کسی کے واسطے قطع تعلق زیبا نہیں ہے اور توکل پسندیدہ وہ ہے کہ باوجود
اسباب کے متوکل رہے یعنے کسب کو بھی نہ چھوڑے اور دل سے سمجھے کہ یہ کسب محض حیلہ ہے اور
جو کچھ کہ اس حیلے سے حاصل ہوتا ہے محض عنایت اسکی ہے کسب میرا کچھ حقیقت نہیں رکھتا ہے
اور اس نیت سے اعتقاد اپنا رکھے تا فیض الکاسب حبیب اللہ سے بہرہ مند ہو اور
فائدہ توکل بھی حاصل رہے بزرگوں نے فرمایا ہے کہ کسب کرے تا کاہل نہ بنے کہ کاہل مردود خدا
ہوتا ہے اور روزی کو محض انعام پروردگار نہ سمجھے تا کافر نعمت نہو نظم ہر کسی کو چاہیے فکر معاش
ہو توکل پر ہو روزی کی تلاش ÷ چاہیے کسب و توکل ساتھ ہو ÷ سوے حق دل سوے
حرفت ہاتھ ہو ÷ بیٹے نے کہا ای والد بزرگوار کسب کرے اور خداوند تعالی خزانہ کرم سے
بہت سامان ومال عنایت فرماے تو اسے کس طرح پر صرف کرے اور جمع کرے تو کیونکر رکھے باپ نے
کہا کہ ای فرزند مال جمع کرنا آسان ہے مگر فوائد حاصل کرنا اس سے البتہ مشکل ہے جبکہ مال ہاتھ
آئے تو دو صورت کو اختیار کرے ایک یہ کہ محافظت اسکی اس طرح پر کرے کہ تلف وتاراج سے
ایمن رہے بموجب حدیث شریف استر ذہبک وذہابک تا دسترس دزد اور راہزن اور

کیسہ بر کا اُس سے کوتاہ رہے کہ زر کے دوست اور زردار کے دشمن بہت ہین بیت
چرخ نہ بر بیدرمان میزند ٭ قافلۂ محتشمان میزند ٭ دوسرے یہ کہ منافع سے گذران کرے
اور اصل مال کو ہرگز تلف نہ کرے ورالا اندک زمانے مین نکبت افلاس مین مبتلا ہوجائیگا
جسکو مداخل نہو اور مخارج بدستور کرے یا مداخل سے مخارج زیادہ ہون تو غالب ہے کہ
ورطۂ احتیاج مین پڑے اور کام اُسکا انجام کار ہلاکت کو پہونچے جیسا کہ اُس موش تلف کار
نے ہجوم غم سے جان اپنی دی بیٹے نے پوچھا یہ قصہ موش کا کس طرح تھا تاجر نے کہا حکایت
کہتے ہین کہ ایک دہقان نے ذخیرہ غلے کا کرکے دروازہ صرف کا بند کیا تھا اس نیت سے
کہ جب احتیاج لنہایت اور ضرورت نہایت درپیش آئیگی اُسوقت صرف کرونگا قضارا ایک
موش نے کہ تیز دستی مین لاثانی تھا قریب اُس انبار کے چارطرف سے نقب دیلے اور غلہ
فراوان لیجا کے اپنے غار مین فراہم کیا اسکے بعد ایک نخوت اُسکو پیدا ہوئی اور دعوت
فرعونی شروع کی اندک عرصے مین سب موش اُس محلے کے اُسکی خدمت مین حاضر ہوئے
نظم عہد دولت مین جو تیرا دوست ہے ٭ گھات کرتا ہے نہ تیرا دوست ہے ٭ کچھ بھی تیری
دوستی اُسکو نہین ٭ فی الحقیقت تیرے زر کا دوست ہے ٭ اور دوستان ہم نوالہ اور
حریفان ہم پیالہ واسطے خورد برد غلّے کے جمع ہوکے فرقہ نوالہ دوست کی عادت کے موافق
خوشامد مین مصروف ہوے اُسکی مدح وثنا کے سوا زبان کو اور سخن سے آشنا نکرتے تھے اسلیے
صائب فرماتا ہے بیت لشکست قدر خود را نخوت فرود مارا ٭ بر ما و خود ستم کرد ہر کس شود مدارا
اور اُسنے بھی دیوانہ وار زبان کو لاف و گزاف پر اور ہاتھ کو اسراف پر دراز کیا تھا اس
تصور پر کہ یہ غلہ فراوان کبھی کم نہین ہونے کا ہر روز مقدار کثیر مصاحبون پر تقسیم کرتا تھا
اور مطلق عاقبت اندیشی دھیان مین نہ لاتا تھا اور یہ شعر ناسخ کا تکرار کرتا تھا بیت
کیا خوب قول ہے یہ کسی بادہ خوار کا ٭ ہون آج مست غم نہین کل کے خمار کا ٭ اس سال
قحط سال نے آتش گرسنگی کو سینون مین مفلسون کے یہانتک بھڑکایا تھا کہ بدلے نان کے

ہر ایک جان دیتا تھا ٭ مراد و مقصود ٭ ایک دانہ غلے کا ٭ سوداگر کا بیٹا ٭ بار عیش مین درہم ٭ بضائع زمین کہ دروازہ ٭ بناشدہ محل ٭ ہلاکت

جان دیتے تھے تو بھی کوئی التفات نہ کرتا تھا اور متاع خانہ کو بدلے جو کے بیچتے تھے تو بھی کوئی
خریدنہ کرتا تھا مگر اُس بے خرد نے سفرہ نان و نعمت کو بیہودہ بچھا رکھا جبکہ چند روز اسی طرح
پر گذرے دہقان کو کارد باستخوان و کار بجان پہونچا نقصان غلے کا دیکھتا تھا اور آہ سرد
کھینچتا اور دل میں کہتا تھا کہ جزع اور فزع اُس چیز پر کہ تدارک جسکا امکان سے باہر ہو
طریق خردمندی سے دور ہی اب مصلحت یہ ہی کہ باقیماندہ غلے کو لیکر دوسرے قریہ میں جا رہوں
جبکہ دہقان نے غلہ اُٹھانا شروع کیا یہ موش آپ کو صاحب خانہ اور مالک کاشانہ سمجھتا تھا
اور پردۂ خواب ناز میں غافل تھا جبکہ موش صدائے آمد و شد دہقان سے مطلع ہوے
تحقیق حقیقت حال کے واسطے باہر آئے اور راہ سوراخ سے معائنہ حال دہقان کا کیا اور
سب کو اطلاع دی ان سب نے کہ دم رفاقت بھرتے تھے ولی نعمت کو چھوڑ کر راہ فرار
لی **شعر** ہمہ یار تو از بہ معاش اند ہمہ پے لقمہ ہوادار تو باشند ٭ چو مالت کاہد از جہت
بکاہند ٭ ریاضت بہر سود خویش خواہند ٭ ایسے رفیقان ریائی سے انقطاع بہتر ہی نہ آشنائی
جبکہ موش نے سر بالین استراحت اُٹھایا ہر چند چپ و راست نگاہ کی اور تفحص کیا اثر ایک
مصاحب کا نہ پایا گیا دل میں کہا لمولفہ **بیت** جو ہمارے تھے ندائی دفعۃً کیا ہوگئے ٭ کیا سبب
ہی چھوڑ کر ہمکو روانہ ہوگئے ٭ جبکہ باوجود تلاش کسی شیٔ کا نشان نہ ملا خرمن کی طرف روانہ
ہوا اثر غلے کا نیا یا حتی کہ اس قدر بھی نہ تھا کہ قوت ایک دن کا کرے اس حال کے مشاہدے
کے ساتھ طاقت طاق ہو گئی اور اضطراب عظیم میں مبتلا ہوا اسقدر سر زمین پر مارا کہ ہلاک ہو گیا
فائدہ اس مثل کا یہ ہی کہ آدمی کو خرچ کرنا فراخور مداخل چاہیے اور اس طرح منافع مال سے گذران
اپنی کرے کہ نقصان راس المال کو نہ پہونچے **بیت** بہ دخل و خرج خود ہر دم نظر کن ٭ چو دخلت
نیست خرج آہستہ کم کن ٭ بعد اس کے چھوٹا بیٹا اُٹھا اور بعد ثنا و دعا باپ سے
عرض کیا کہ اے پدر بزرگوار اور جو کوئی کہ اس قاعدے پر مال کی محافظت کرے کہ انتفاع کلی
اُس سے حاصل ہو تو پھر اُس منافع کو کس طرح صرف کرے باپ نے کہا کہ طریق اعتدال

کا ہر چیز مین پسندیدہ ہی بموجب حدیث شریف سرور عالم خیر الامور اوسطہا خصوصاً معاش
کے باب مین نہایت ضرور ہی خداوند مال کو لازم ہی کہ اسراف سے اجتناب کرے
والا طعن وتشنیع خلق اور ناخوشنودی خالق مین مبتلا ہوگا اور فی الحقیقت یہی ہی کہ
اتلاف و اسراف مال وسوسہ شیطان سے ہی بموجب آیہ کریمہ ان المبذرین کانوا
اخوان الشیاطین وان اللہ لا یحب المسرفین لازم دانش یہ ہی کہ اسراف سے اجتناب کلی
کرے بلکہ مردم عالی گہر کے نزدیک بخل اگرچہ بد ہی لیکن اسراف سے بہتر ہی دوسرے یہ کہ
بخل اور امساک کی بدنامی سے بھی احتراز کرے کہ مردم بخیل ہر وقت مین مطعون اور دشمن خلائق
اور ناکام ہوتا ہی اور مال اُسکا آخر کار اثر بخل سے آماج تیر تاراج ہو جاتا ہی غرضیکہ سواے
خیر الامور اوسطہا نہار رستگاری متصور نہین ہی نظم دیتے ہین زکوۃ جو صاحب زر ٭ اُڑ جاتا
ہی وہ بال لگاکر شہپر ٭ پاتے ہین جو وارث اتفاقاً میراث ٭ کہتے ہین دیا بخیل نے زر مرکر ٭ آخرکار
نصیحت نے سوداگر کے دونون بیٹون کے دل مین اثر کیا ایک نے حرفت اختیار کی اور برادر بزرگ
نے پیشہ تجارت بہتر سمجھکر سفر دور دست اختیار کیا اور پاس اُسکے دو گاؤ بارکش تھے کہ ثور فلک
قوت مین اُنسے برابری نکرسکتا تھا اور شیر گردون اُنکی مہابت سے مانند روبہ زبون نظر
آتا تھا بیت ناسخ پیلتن وشیر دل مار دم ٭ گاؤ زمین خستہ ہو مارے جو سم ٭ ایک کا شنزبہ
اور دوسرے کا منزبہ نام تھا خواجہ تاجر انکو ازبس عزیز رکھتا تھا اور ہر وقت
تیمارداری اُن دونون کی کرتا تھا دانہ وعلف سے بذات خود غفلت نہ کرتا تھا جبکہ مدت
سفر کی دراز ہوئی اور منزلین بہت کرنی پڑین فتور دونون بارکش کے حال مین پیدا ہوا
اور ضعف اُنکے اعضا پر مستولی ہوا قضارا ایک وادی مین جو لدل اور کیچڑ بہت سی عین راہ مین
پڑی شنزبہ اسمین پھنسگیا بہزار خرابی خواجہ تاجر نے اُسنے نکالا لیکن طاقت رفتار مطلق نہین
رہی تھی لہذا اسی قریہ سے ایک شخص کو باجرت مقرر کیا کہ اُسکے پاس دو چار روز رہے اور
تیمارداری کرے جبکہ طاقت کچھ بھی عود کرے تو تا کار انداد خواجہ نے جہان مقام اپنے ٹھہرائے تھے

پہونچاوے مزدور نے ایک دو دن بیابان مین نگہبانی کی آخر تنہائی سے گھبرایا اور شنزبہ کو چھوڑکر نزدیک
خواجہ کے آکر کہا کہ قضا سے چارہ نہین ہے شنزبہ مرگیا خواجہ ملول ہوا اور بمجبوری کوچ کیا اور
شنزبہ کو چند پہر مین اس قدر قوت ہوئی کہ ہر طرف حرکت کرنے لگا ناگاہ ایک مرغزار کو پہونچا
کہ انواع ریاحین سے آراستہ اور گوناگون روئیدگی سے پیراستہ تھا لمؤلفہ **نظم** گل جو تھا
اس دشت مین ہنجار تھا ؛ سبزہ رشک سبزۂ رخسار تھا ؛ نام کو بھی رنج جز راحت نہ تھا ؛
تھا نہ صحرا خلد کا گلزار تھا ؛ شنزبہ کو وہ مقام نہایت بھایا اور رخت اقامت اُسی جگہہ ڈالا
جبکہ یک چندے بے قید و بند اُس مرغزار مین حسب دلخواہ چرا اور ہوائے روح افزا اور
فضائے دلکشا سے مراد دل حاصل کی کمال فربہی اور طاقت لاحق حال اُسکے ہوئی نہایت
سرور و نشاط سے کبھی کبھی خوارِ رعد آسا کھینچتا تھا اور اُسی بیشے مین ایک شیر فرمانروا تھا کہ
کمال شوکت و غرور سے بیل مست کو خیال مین نہ لاتا تھا اور اپنی غلبس کو بھی ہرگز اپنے
مقابل اور برابر نہ جانتا تھا سباع اور درندے اس بیشے کے سب مطیع اور فرمانبردار اسکے
تھے جبکہ آواز خوار شنزبہ کان مین شیر کے پہونچی کبھی اس آواز کو وہ شگاف سے کان اُسکے
آشنا نہ تھے سنتے ہی عجب طرح کا ہراس شیر کے اوپر طاری ہوا سمجھا کہ یہ کوئی بیر بر آن ہے
کہ مین اُسکے آگے پشّے کے برابر ہون کہ اُسکی صہابت آواز سے خون رگون مین خشک ہوتا ہے
اس ہیئت سے ایسا خوفناک تھا کہ اپنی جگہہ سے نہ نکلتا تھا اور چاہتا تھا کہ یہ خوف میرا کسی پر
ظاہر نہ ہو تو بہتر ہے اور ملازمان بادشاہی مین دو شغال تھے ایک کلیلہ نام تھا اور دوسرے کا
دمنہ نام تھا دونون آپسمین برادر اور ذہن و ذکا مین شہرۂ آفاق تھے کلیلہ عاقل و سلیم الطبع
اور قانع مزاج تھا اور دمنہ بزرگ منش اور طلب جاہ و حشمت مین حریص تر اور فساد
دوست تھا بفراست دمنہ نے جانا کہ شیر کے دل مین خوف گاؤ کی آواز کا اثر کر گیا ہے کلیلہ سے کہا
کہ بادشاہ کے حال مین کیا کہتے ہو کہ سیر و شکار کو ترک کرکے ایک جگہہ گوشے مین قرار پکڑا ہے اور
جگہہ سے جنبش نہین کرتا ہے سبب کیا ہے کلیلہ نے جوابدیا کہ حاصل اس سوال کا کیا ہے اور ہمین

بادشاہ کی فکر محال سے علاقہ کیا شعر ناسخ تو نے نہین سُنا ہی بیت چاہیے شاہون کو فکر سلطنت
کب ہمین شایان ہی ذکر سلطنت ✤ ہم اس درگاہ سے طعمہ پاتے ہین اور اُس کے سایۂ دولت
مین بآسایش بسر کرتے ہین سوا اُسکے شکر دعا کے ہمین اور تفحص نہ چاہئے دمنہ تفتیش اسرار ملوک
اور اُنکی تحقیق احوال سے درگذر کہ ہم اُس جنس کے لوگون مین سے نہین ہین کہ بادشاہ کی
مصاحبت سے مشرف ہون اور ہم اس لائق نہین ہین کہ اسرار سلاطین مین قیل و قال کرین
اس طرح کا کلام مصاحبان دمساز کے واسطے زیبا ہی بلکہ اُن کو بھی احتیاط لازم ہی اور اگر کوئی
تیرے مانند غیر کے منصب کا بھی حوصلہ کرتا ہی تو اُسے وہ پہونچتا ہی جو اُس بوزینے کو پہونچا دمنہ
نے کہا حکایت اسکی کس طرح پر ہی حکایت کلیلہ نے کہا کہ ایک بندر نے دیکھا کہ درودگر
ایک چوب پر بیٹھا آرہ کھینچتا ہی اور دو میخین ہین کہ ایک کو شگاف چوب تراشیدہ مین ٹھونک
دیتا ہی جبکہ آرہ دور اُس سے پہونچتا ہی دوسرے کو بڑھا کر اُسی طرح ٹھونکتا ہی تا آرہ کشی
کے واسطے آسانی ہو یہ بوزینہ شاخ درخت پر بیٹھا تماشا درودگر کی صناعی کا دیکھتا تھا اتفاقاً
درودگر کسی کام کے لئے گیا بندر نادان نے اُس چوب پر بجاے درودگر بیٹھکر میخ کو ہلانا
شروع کیا آخر میخ شگاف چوب سے نکلی اور اُنثیین بندر کے کہ لٹکے ہوے تھے شگاف چوب
مین در آئے اور شکنجے کے مانند دونون شق مین دب گئے بوزینہ درد مہلک سے چلاتا تھا سو چا
ہین وہ عاقل رکھتے ہین جو کام اپنے کام سے ✤ ہی وہ جاہل کام ہو جسکو پرائے کام سے ✤
میرا کام میوہ کھانا تھا نہ آرہ کھینچنا اور تماشاے بیشہ تھا نہ کار تبر و تیشہ بوزینہ اس رنج مین اندیشہ
کرتا تھا کہ درودگر آ پہونچا اور چوبدستی مارنا شروع کیا حتی کہ کام بوزینہ کا تمام ہوا آخر اپنی
فضولی سے ہلاکت کو پہونچا کسی نے سچ کہا ہی ع کار بوزینہ نیست نجاری ✤ یہ مثل ای دمنہ
اس لئے کہی گئی ہی کہ ع کار خود کن کار بیگانہ مکن ✤ جسنے کہ قدم اندازہ سے باہر رکھا معرض ہلاکت
مین پڑا لکل عمل رجال یعنی کہ ع ہر کسے را بہر کارے ساختند ✤ مرد ہر کام کا جدا در کام ہر مرد
کا جدا ہی اور یہ کام تیرے سزاوار نہین ہی اس سے درگذر اور یہ تھوڑا طعمہ اور قوت

تفتیش تفحص مراد تفتیش از تفتیش مراد اسی ہی ہے اور دو خیانہ ۱۲

نجار دو درودگر ۱۲
درودگر در دو ۱۲

حکایت بوزینہ

کہ پہونچتا ہی غنیمت جان دمنہ نے جواب دیا کہ جو کوئی جویاے تقرب سلاطین ہوتا ہی وہ
فقط کب طعمے پر قناعت کرتا ہی کہ یہ کام سفلہ دنی الطبع کا ہی کہ سگ استخوان پر اور گربہ پارۂ نان
پر خوش ہوتی ہی ملوک کی ملازمت کا فائدہ یہ ہی کہ منصب عالی کو حاصل کر کے دوستون کو
لطف سرفرازی بخشے اور دشمنون کو سزاے واقعی دے اور فقط طعمے کی طرف گردن جھکانا
کار بہائم مشین طبع کا نہین ہی مین نے دیکھا ہی شیر نے خرگوش کو شکار کیا ہنوز کھایا نہین کہ
گور نظر آیا اُسے چھوڑ کر متوجہ صید کلان کا ہوتا ہی **بیت** گر بلندی اور دولت چاہتا ہی
کر بھلا ✣ تیری ہمت کے موافق مرتبہ دیگا خدا ✣ جس نے درجہ بلند پایا اگرچہ گل کے مانند زندگانی
ایک ہی شب کی ہی مگر خردمندون کے نزدیک عمر دراز شمار کیجاتی ہی سبب اسکا یہ ہی کہ اُسکا ذکر جمیل
مدت دراز تک باقی رہتا ہی اور جس نے کہ دون ہمتی کو کام اپنا سپرد کیا چوب کے مانند اگرچہ عمر دراز
رکھتا ہو پر اہل فضل کے نزدیک گفتگو سے خارج اور حساب سے باہر ہی **بیت** جسکا رہے نیک نام
باقی ✣ ہی مثل خضر مدام باقی ✣ کلیلہ نے کہا کہ ہر کسی کو ہر کام کے واسطے پیدا کیا ہی طلب مراتب عالی
کی اُنکی واسطے سزاوار ہی کہ شرف نسب اور فضیلت حسب اور بزرگ زادگی اور استعداد
اور استحقاق اُسکا رکھتے ہون اور ہم تم اس طبقے اور خاندان سے نہین ہین کہ مرتبۂ عالی کا حوصلہ
کرین اور اُسکی طلب مین قدم رکھین **بیت** خیال حوصلۂ بحر می برم ہیہات ✣ چہاست در سر این
قطرۂ محال اندیش ✣ دمنہ نے کہا کہ یہ بزرگی عقل اور ادب ہی نہ حسب اور نسب جو کہ خرد صافی
اور عقل کامل رکھتا ہی پایۂ خسیس سے مرتبہ شرف کو مقرر پہونچے گا اور جو کہ عقل ضعیف اور راے
نحیف رکھتا ہی آخرکار درجہ اعلیٰ سے نکبت حضیض مین پڑے گا **ع** بہ بیشکاری عقل و شریف
وراے درست ✣ توان کمند تصرف بآسمان افگند ✣ اور بزرگون نے کہا ہی کہ ترقی درجات کی
زحمت بسیار سے ہاتھ آتی ہی اور تنزل تھوڑیسی تکلیف سے بھی میسّر ہوتا ہی جیسا کہ سنگ گران
کو بہت مشقت سے زمین سے دوش پر لاتے ہین اور تھوڑیسے اشارے مین دوش سے زمین پر
پھینک سکتے ہین جس بلند ہمت نے کہ تحمل محنت شاقہ کا پیرایۂ عقل سلیم کے ساتھ اختیار کیا کوئی

حکایت دو رفیق

جنس اور کسی قبیلہ سے ہو مرتبہ عالی کو پہونچ سکتا ہی مصرع متاع نیک ہر دکان کہ باشد ٭ اور حصہ مرتبہ نیک کا موقوف حسب شریف اور نسب عالی پر نہین ہی بلکہ فہم سلیم اور یاوری بخت سے تعلق رکھتا ہی بقول مؤلف کے بیت باغ عالم مین اگر پیوند ہمت ہو درست ٭ تو تو شاخ بید سے بھی مین ثمر پیدا کرون ٭ لیکن اکثر یون دیکھا ہی کہ جنے آسایش طلب کی آبرو سے ہاتھ دھویا اور دائم زاویہ خمول آئی نا کامی مین رہا اور جنے کہ خارستان بلا سے اندیشہ نہ کیا اندک عرصے مین چمن مطلوب سے گل مراد چنا اور باغ عشرت مین مسند عزت پر بیٹھا تو نے ای کلیلہ نگر داستان اُن دو نون ہمراہیون کی نہین سنی ہی کہ ایک رنج و عنا اختیار کرنے کی سبب سے دبدبۂ بادشاہی کو پہونچا اور دوسرا کاہلی کے باعث سے حضیض احتیاج اور پریشانی مین رہا کلیلہ نے کہا کہ یہ ماجرا کیونکر تھا حکایت دمنہ نے کہا کہ دو رفیق تھے دمسازا ایک کو سالم کہتے تھے اور دوسرے کو غانم باہم راہ منازل طی کرتے جاتے تھے کہ گذر اُنکا ایک کوہ کے نزدیک ہوا کہ قلعہ اُسکا شبرنگ فلک سے عنان لیتا رہتا تھا اور کمر اُس کوہ کی منطقۃ البروج کے ساتھ رکاب در رکاب تھی دامن مین اُس کوہ کے چشمۂ آب تھا کہ صفا مین مانند رخسارہ تازہ رویان گلعذار اور حلاوت مین مانند سخن شکرین لبان شیرین کار کے تھا متصل اس چشمے کے ایک حوض کلان بنایا تھا اور اُسکے گرد درخت سایہ دار شاخ در شاخ دست بغل ہو رہے تھے مثنوی گلون پر اس روش سے پیچ سنبل ٭ کہ جیسے عارض تابان پہ کاکل ہر ایک سو جلوہ گر تھے سرو و شمشاد ٭ کہ جیسے جمع ہون خوش رو پریزاد ٭ تر و تازہ بنفشہ اور ریحان ٭ برنگ زلف مشکین عنبر افشان ٭ برنگ چشم فتان چشم نرگس ٭ بہ از چشم غزالان چشم نرگس ٭ القصہ دونون رفیق بادیہ ہولناک سے نکل کے اُس منزل پاک کو پہونچے جاے اور منزل دلکش پائی چند ساعت قرار پکڑا جب حواس درست ہوے گرد اُس حوض کے پھرنے لگے ناگاہ دیکھا کہ کنارے حوض کے سنگ سفید نصب کیا ہی اور چند سطرین خط سبز سے اسپر ایسی خوشخط لکھی ہین کہ سواے قلم قدرت کے صفحہ حکمت پر کوئی ایسا

نقش نہین کھینچ سکتا ہی اور مضمون اُسکا یہ ہی کہ ای وارد و صادر اس حوض کے اگر تو نے
اس منزل کو مشرف کیا ہی تو آگاہ ہو کہ ہمنے مہمان عزیز کی مہمانداری کی تدبیر جیسا کہ چاہئیے
کر رکھی ہی مگر شرط اُسکی یہ ہی کہ سربازی کرکے پانوٗن اس چشمے مین ڈالے اور گرداب اور
غرقاب سے ہول نہ کرے اور جس طرح سے ہو سکے پار اس چشمے کے ہوپنچے اور پایان کوہ
مین کہ شیر سنگ کا بنا ہوا رکھا ہی اُسے دوش پہ رکھکر بلا تامل ایک حملے مین بالاے کوہ
ہوپنچے اور نہیب سباع جان شکار سے کہ پیش آئے اور خلش خار پاے جگردوز سے کہ دامنگیر
ہو ہرگز نہ ڈرے اور اپنے کام سے باز نہ رہے پھر دیکھے کہ کیا لطیفۂ غیبی پیش آتا ہی اور جلوہ ان
مع العسر یسرا کا کیا ظہور پکڑتا ہی بیت تا رہ نرود کسے بمنزل نرسد ٭ تا جان نکند بجانان
دل نرسد ٭ جبکہ اس مضمون سے مطلع ہوے غانم نے سالم سے کہا کہ ای برادر دل چاہتا ہی کہ اس راہ
خطرناک مین مجاہدۂ مردانہ عمل مین لاؤن اور اس طلسم کی حقیقت حال کو کوشش تمام سے
دریافت کرون جیسا کہ شاعر نے کہا ہی بیت یا تو سر دیتے ہین یا لیتے ہین دلبر اپنا ٭
آج قصہ ہی چکا لیتے ہین چلکر اپنا ٭ سالم نے کہا ای عزیز بمجرد مطالعہ ایسے خط کے کہ حقیقت
جسکی رقم اور راقم کی مطلق معلوم نہو مرتکب خطر عظیم کا ہونا اور بہ تصور فائدۂ وہمی اور
منفعت خیالی کے مہلکۂ بزرگ مین پڑنا دلیل ہی حمق مرکب کی کسی عاقل نے بامید تقویت
تریاق زہر کو نہین کھایا ہی سو گو تریاق عظیم کہ چیز گمان حقیقت اسکی بھی موجود نہین ہی اور
کسی خردمند نے نقد کو نسیہ سے بدلا نہین ہی غانم نے کہا کہ ای رفیق مشفق سستی اور کاہلی کام
پست ہمتون کا ہی اور اختیار کرنا محنت کا نشان دولت کا ہی بیت ہر کہ آسودگی
و راحت جست ٭ دل خود را ز بخت شاد نکرد ٭ وانکہ ترسید از جفاے خمار ٭ قدح بادۂ
مراد نخورد ٭ بلند ہمت گوشے اور توشے پر قناعت نہین کرتا ہی بلکہ تا پایۂ عالی کو نہ
ہوپنچے دست سعی باز نہین رکھتا ہی اور بے رنج گنج ہاتھ آنا بہت کم ہوا اس لئے
گلگوشِ عنان برداشتہ میری ہمت کا روکے سے نہ رُکے گا اور اس گرداب بلا سے

بلا اندیشہ عبور کرے گا سالم نے کہا کہ ای برادر فرمانا تیرا مسلم مگر ایسی راہ مین قدم مارنا کہ
پایان جسکا نہو اور ایسے دریا مین تیرنا کہ کنارہ جسکا دیکھنا کیسا بلکہ سُنا بھی نہو طریق خرد سے
دور ہی اور عاقل وہ ہے کہ جب ابتدا کسی کام کی کرے مدخل اور مخرج اسکا سمجھواے قدم الخروج
قبل الولوج یعنی دخول سے پہلے خروج کو سمجھ لے اور آغاز و انجام ہر کام کا بواقعی دریافت
کرکے اُس کے نفع اور ضرر کو میزان عقل مین خوب سا تول لے اسکے بعد عمل مین لائے
تا ریخ بیہودہ نہ کھینچے اور عمر عزیز کو برباد و فنا نہ کرے ای برادر حکمائے نصیحت شعار نے کہا
ہی پہلے جائے استوار دیکھ لے بعد اسکے قدم رکھے اور جب کسی مکان حصین مین در آئے پہلے
راہ باہر نکلنے کی مقرر کرے اور یہ خط زنہار عمل کے قابل نہین ہی کیا عجب ہی کہ یہ خط بطور تمسخر
اور واسطے استہزا حمقا کے کھینچا گیا ہو اور کیا بعید ہی کہ اِس چشمے مین ایسا گرداب ہو کہ
اُسمین پڑکے نکل نہ سکتا ہو اور بالفرض اس سے نجات بھی ملے تو شیر سنگین ایسا بھاری
ہی کہ اُٹھنا اُسکا قوت بشری سے باہر ہو اور اگر بر تقدیر فیضیاب ہوا پر نتیجہ ان جھلکون
اور مشقتون کے اختیار کرنے کا معلوم نہین کہ کیا ہی کاش وہ فائدہ بھی لکھا ہوتا کہ ہوس خام
نتیجہ بھی اِسکا مدنظر رکھتی صاف ہی کہ اس معاملے مین ہرگز مین تیرا شریک نہین ہون بلکہ تجھے
بھی منع کرتا ہون غانم نے کہا کہ استغفر اللہ مین تجھے کب شریک اپنا بناتا ہون اور تیرے
منع سے کب اپنی ہمت اس عزیمت سے پست کرتا ہون اب مین نے عہد خدا سے کیا ہی کہ وسوسہ
شیطان سے ہرگز باز نہ رہونگا اور تجھے بھی معذور جانتا ہون کہ تو قوت اور ہمت میری ہمراہی
کی نہین رکھتا ہی جا دور سے تماشا تو دیکھ اور دعا سے میری مدد کرتا رہ دیکھ تو پردۂ غیب سے
کیا ظاہر ہوتا ہی سالم نے کہا ای برادر عزیز سمجھا مین کہ تو اپنے ارادہ سے باز نہ رہے گا اور
اس ناکردنی کو مقرر کرے گا مین جیسا کہ تیری ہمراہی کی قوت نہین رکھتا ہون ایسے ہی
اس کار نا ملائم کے تماشے کی بھی اپنے مین طاقت نہین پاتا ہون کہ تو دیدہ و دانستہ
جھلکے مین پڑے اور مین تماشا دیکھون استغفر اللہ مجھ سے نہو سکے گا یہ کہا اور با دیدۂ گریان

روانہ ہوا اور غانم نے جان سے ہاتھ دھوکر اور قریب چشمہ آکر یہ شعر پڑھا رباعی
دریاے خطرناک میں میں جاؤنگا، یا جان گئی یا میں گھر پاؤنگا، یا کشتی اُمید لگی ساحل پر
یا لقمہ طوفان بلا کھاؤنگا، اور دامن ہمت کو استوار باندھ کے بسم اللہ مجریہا و مرسیہا کہکر یہ شعر
پڑھا بیت درین دریاے بے پایان درین طوفان شور افزا، دل افگندیم بسم اللہ مجریہا و
مرسیہا، اور جست کی دیکھا کہ دریاے ہولناک ہے کہ ساحل جسکا حد نظر سے دور ہے لیکن کریم
کارساز کے کرم سے نزدیک ہے ہمت مردانہ نے مطلق قاصر نہ کیا آخر یقین کامل کی برکت سے
کنارے چشمے کے جا پہونچا دیکھا کہ وہ شیر گران سنگ رکھا ہے بسم اللہ کہکر دوش پر اُٹھایا
بیک حملہ قلہ کوہ پر لیجاکے دوش سے اُتارا دیکھا کہ ایک شہر بزرگ خوش ہوا اور
خوش وضع دور سے نظر آتا ہے بیت شہرے چو بہشت از نکوئی، چون باغ ارم زتازہ
روئی، غانم نے بالاے کوہ قرار پکڑا اور اُس شہر کی طرف نگاہ کرتا تھا کہ ناگاہ اُس شیر نے
آواز ہولناک با ہزار مہابت بلند کی کہ زلزلہ کوہ پر آگیا اور وہ آواز اہل شہر کو پہونچی
شہری تمام جوق جوق غانم کی طرف روانہ ہوے غانم یہ ہجوم دیکھکر متحیر تھا جبکہ وہ ہجوم
قریب آیا اشراف اُس گروہ کے غانم کی طرف روانہ ہوے نزدیک آکر دعا و سلام
شاہانہ بجا لائے اور مرکب راہوار پر سوار کرکے اور شہر میں لاکے حمام میں غسل کرایا اور انواع
عطریات سے معطر کرکے پوشاک بادشاہانہ پہنا کر تخت سلطنت پر بٹھایا اور عنان سلطنت غانم
کے قبضۂ اختیار میں سپرد کرکے سب اطاعت اور فرمانبرداری میں اپنے پر مستعد اور بدل و جان
مطیع اور فرمانبردار ہوے غانم عجائب قدرت الٰہی دیکھ کے متحیر تھا وزرا سے پوچھا کہ یہ کیا
طلسم ہے تفصیل اسے بیان کر عرض کیا حکماے زمانہ سابق نے یہ چشمہ اور شیر کہ دیکھا تم نے
طلسم سے آراستہ کیا ہے اور شیر سنگین کو بانواع فکر و تامل بلاحظہ طلوع درجات اور نظر ثوابت و
سیارات بنایا ہے جبکہ بحکم رب غیب دان کوئی شخص اس چشمے پر آنکلتا ہے اور امداد غیبی سے
القاء الغیبات کا اُسکے دلپر ہوتا ہے کہ چشمے کو طے کرکے شیر کو بموجب اُس تحریر کے کہ سنگ سر چشمہ پر لکھا ہے

دوش پر لے کر بالائے کوہ پہونچتا ہی اور وہ شخص ایسا ہی عمل کرتا ہی جیسا کہ تو نے ای کامگار عمل
فرمایا اور وہ کونسا زمانہ ہوتا ہی کہ اول بادشاہ اس شہر کا مرچکا ہی اس حال کے بعد ستارہ حشمت
حسن یا بدولت کا اس کوہ کی بلندی سے طلوع کرتا ہی بعد اسکے جب آواز شیرا ہائی سلطنت کے
اور ارکان شہر کے کان مین پہونچتی ہی با کرام اُسے بادشاہ بناتے ہین جیسا کہ مشاہدے مین
شہریار کے آیا اسی طرح سے نوبت بنوبت ایک کی موت کے بعد نوبت دوسرے کی چلی آتی ہی
بموجب رباعی ناسخ رباعی جاتا ہی جو ایک دوسرا آتا ہی ٭ یہ کہنہ مکان نیا مکین پاتا ہی ٭
ہوتا ہی غروب چاند جب مغرب مین ٭ سورج مشرق سے جلوہ دکھلاتا ہی ٭ مدت متمادی اس طرح پر
بسر ہوئی ہی کہ اِس قاعدے نے اسی دستور پر کہ مذکور ہوچکا استمرار پایا ہی اب یہ بادشاہی
تجھے مبارک ہو غانم نے جانا کہ تقاضا اُس محنت اُٹھانے کا کہ دفعۃً میرے دل پر غالب آیا باعث
یہی تھا کہ تقدیر الٰہی میرے فروغ کی باعث ہوئی تھی بیت بخت مسعود مددگار اگر ہوتا ہی ٭
سنگریزے کو اُٹھائے تو گہر ہوتا ہی ٭ یہ مثل اسلئے بیان مین آئی ہی تا معلوم کرے تو کہ نوش نعمت
بے نیش میسر نہین آتا ہی جسکے دماغ مین کہ سودائے سرفرازی جگہ پکڑتا ہی وہ ہر سفلے کا پامال
ہونا کب گوارا کرتا ہی اور پایۂ ادنیٰ اور مرتبہ دون پر قانع نہین ہوتا ہی ای کلیلہ مین جب تک
تقرب شیر کا حاصل نہ کرونگا اور زمرۂ مقربان حضرت مین داخل نہونگا سر کو بالین فراغت
پر نرکھونگا اور پانؤن بستر راحت پر درازنہ کرونگا کلیلہ نے کہا کہ ای بوالہوس اس در مقفل
کی کلید کہان پائیگا اور اندیشہ اس عقدۂ لاینحل کا باعث اپنے اوپر لازم پکڑتا ہی اور
کیون بیہودہ آتش سوزان مین ہاتھ ڈالتا ہی دمنہ نے کہا کہ برادر مصرع ہر سخن وقتی و
ہر نکتہ مکانی دارد ٭ واقعی تیرا ارشاد بجا ہی لاکن اِسوقت شیر کو تحیر اور تردد لاحق ہی
اور مجھے راہ اُسکے رفع تردد کی بہت آسان ہاتھ آئی ہی اگر اِس وقت مین تدبیر میری
شیر کے سرور خاطر کا باعث ہوئے تو یقین ہی کہ مطلب میرا کہ مصاحبت ہی جلد
حاصل ہو کلیلہ نے کہا کہ اول مصاحبت شیر کی تیرے واسطے ایک امر خیالی ہی اور

بفرض محال اگر یہ بھی ہوا اگر تو نے کہ ساری عمر بادشاہ کا تقرب نہین پایا ہی اور طریقہ آداب
بادشاہی سے نابلد محض ہی پس یہ سب شدہ ایک آن مین ناشدہ ہوکے تیری جان کی
ہلاکت کا باعث ہوجائیگا اور پھر تدارک بھی نہو سکے گا دمنہ نے کہا کہ جو شخص عاقل اور صاحب
فضل ہوتا ہی اندک زمانے مین ماہر ہر فن کا ہنجاتا ہی جبکہ مین آداب شاہی مین نظر کرتا رہونگا
اور جو راہ و روش مقربان قدیم دیکھونگا اُسکی پیروی سے قدم باہر نہ رکھونگا پھر وجہ کیا ہی
کہ عتاب شیر کا مجھپر ہو اور دوسرے یہ ہی کہ ایسی باتین بے امداد غیبی میسر نہین ہوتی ہین جبکہ
بخت مساعدت کرتا ہی اور پایہ بلند پر پہونچاتا ہی تو خود وہ اپنا اتالیق ہوجاتا ہی چنانچہ اخبار
مین دیکھا ہی کہ آفتاب دولت ایک محترقہ بازاری کا بلند ہوا آخرکار پایۂ جہانداری کو پہونچا
اور شہرہ اُسکے نظم و نسق کا عالم مین منتشر ہوا ایک بادشاہ قدیم نے اُسے لکھا کہ تو پیشہ نجاری
خوب جانتا تھا طریقہ ملک داری کا کس سے سیکھا اُسنے جواب لکھا کہ جسنے مجھے دولت و کامگاری
عطا فرمائی دقائق جہانداری کے میری لوح سینہ پر لکھدیے تھے لمؤلفہ **بیت** مورد لطف الٰہی
جو کوئی ہوتا ہی ٭ جو سزاوار ہی کام اُس سے وہی ہوتا ہی ٭ کلیلہ نے کہا کہ بادشاہ تمام ارباب
فضل کو مخصوص اپنا نہین بناتے ہین بلکہ اپنے نزدیکون پر اعتبار اس بات کا رکھتے ہین کہ
پشت ہا پشت سے اعتماد اُنکا چلا آتا ہی اُنھین کو اپنی خدمت مین اختصاص دیتے ہین اور
تو نہ شیر کے ساتھ سابقہ موروثی رکھتا ہی نہ وسیلہ ذاتی کوئی پایا جاتا ہی کہ اُس سے سرفرازی
خلاف دستور تو پائے بلکہ غالب یہ نظر آتا ہی کہ قباحت کا کوئی ایسا پہلو نکل آئے کہ مضرت
عظیم کا باعث ہو اور یہ بھی تسلیم کیا کہ تو نے شیر کا تردد خاطر رفع کیا اور وہ مسرور بھی ہوا
عوض اُسکا یہی ہی کہ تیری حقیقت سے زیادہ تجھسے سلوک کرے یہ مشکل نہین ہی بلکہ بشتر ہوا
ہی کہ ہرکارے یا خبردار نے ایسی خبر بادشاہون کو دی ہو کہ نہایت مسرور ہوئے اور عوض
اُسکا انعام و خلعت اُنکی مقدار سے زیادہ فرمایا ہی یہ نہین کبھی سُنا ہی کہ اُس شخص کو کبھی
وزیر یا مصاحب یا منصب دار کیا ہو پس بالفعل تیرا حال بھی ایسا ہی ہی بشر طیکہ

گمان تیرا درست پڑے اور اگر خطا تیری راے مین واقع ہوئی تو وہی ہونا ہی کہ جو مین نے
کہا ہی دمنہ نے کہا جو کہ بادشاہ کی صحبت مین سرفراز ہوا اور اُسکے بعد امداد راے سلیم
سے جد و جہد کرے اور رنجہاے بسیار اور شر تہہاے ناگوار سے مضائقہ نہ کرے ممکن
نہین ہی کہ مرتبہ اُسکا روز افزون نہو مگر یہ ضرور ہی کہ جب بادشاہ کی نزدیکی حاصل ہو تو
پانچ کام کو اختیار کرے پہلے یہ کہ شعلۂ آتش خشم کو آب حلم سے بجھا ڈالے دوسرے وسوسہ
شیطان اور شہوت سے حذر کرتا رہے تیسرے حرص فریبندہ اور طمع فتنہ انگیز کو عقل پر
غالب نہونے دے چوتھے بناے کار راستی اور درستی پر رکھے اور دروغ فریب سے اجتناب کلی کرے
پانچوین جو حادثہ کہ پیش آئے اُسمین ثابت قدم رہے کہ مراد اُسکی حسب دلخواہ برآئے کلیلہ نے کہا
راے تیری صواب پر ہی اور مین نے جو کہا قصور کیا مگر یہ فرمایا چاہیے کہ تم بادشاہ کے نزدیک پہونچکے
پھر کس ہنر سے منظور نظر ہو کر رتبۂ عالی کو حاصل کروگے دمنہ نے کہا اگر تقرب بادشاہ کا حاصل ہوا
تو پانچ خصلتین اختیار کرونگا پہلے اخلاص تمام سے خدمت اُسکی کرونگا دوسرے ہمت کلی بہ اطاعت
سلطان مین صرف کرونگا تیسرے افعال و اقوال کو ہر وقت اور ہر جگہ نیکی سے یاد کرونگا
چوتھے بادشاہ جو کام کہ شروع کرے گا اور اگر نیک ہوگا تو فوائد اور منافع اُسکے کہ باریک اور
بعید الفہم ہونگے اُنھین فکر راے درست سے ذہن مین بادشاہ کے کمال توضیح سے راسخ
کرونگا کہ خوشی اسکے دلکی ہزار چند بڑھجائیگی پانچوین اگر کوئی ایسا کام کہ مضرت جسکی ملک و سلطنت
کی طرف راجع ہوتی ہوگی اور بادشاہ اس امر مین غفلت کرے گا تو عبارت شیرین و لطائف
دلکش سے اُسسے باز رکھونگا جبکہ ہنر میرے اُسپر ثابت ہونگے اُسی دم مقرر بنوازش عنایت مجھے
مخصوص اپنا کریگا اور ہمیشہ میری صحبت و نصیحت کا مائل رہیگا کیا نہین سُنا ہی تو نے کہ ہنر
چھپا نہین رہتا ہی اور ہنرمند بے بہرہ نہین رہتا ہی نظم نہین چھپتا ہنر چھپانے سے ٭ کب چھپا
مشک تر چھپانے سے ٭ مشک کی پھیلتی ہی بو ہر سو ٭ کہ ہنر کی ہی گفتگو ہر سو ٭ کلیلہ نے کہا
تیری راے نے اس کلام پر خوب قرار پکڑا ہی اور ارادہ مضبوط ہو چکا ہی مگر پھر

بنظر سابقہ محبت کہتا ہون کہ بہت خوفناک اور بر حذر رہنا کہ صحبت سلاطین امر دشوار
اور باعث خطرہاے بسیار ہی حکماے نصیحت شعار نے کہا ہی کہ عاقل تین چیز کو بغیر مجبوری
اور ضرورت شدید کے اختیار نہین کرتا ہی مگر نادان کہ بوے خرد جسکے دماغ تک نہین
پہونچی وہ ان تین کامون کو اختیار کرتا ہی پہلے آرزو بادشاہ کی خدمت کی اور دوسرے
کھانا زہر تریاق کے اعتماد پر تیسرے افشاے راز عورتون اور لڑکون سے کرنا اور اتنا
سمجھ لے کہ تشبیہ بادشاہ کوہ بلند کے ساتھ ہی اگرچہ اسپر معدن اور جواہر قیمتی ہین لاکن
مسکن اژدہا اور پلنگ و موذیات کا بھی ہی اس لیے جانا بھی اُسپر مشکل ہی اور مقام کرنا
اُس سے مشکل تر ہی اور دوسری تشبیہ بادشاہ کی دریائے عمیق کے ساتھ ہی کہ جو شخص
سفر دریا کا اختیار کرتا ہی یا در اور جواہر حاصل کرتا ہی یا گرداب غرقاب ہلاکت مین پڑتا
ہی **بیت** بدریا درمنافع بشمار است ✤ اگر خواہی سلامت بر کنار ست ✤ دمنہ نے کہا کہ
ای بھائی جو کچھ کہ تو نے کہا جانتا ہون کہ محض دوستی اور خیر خواہی ہی کہ صحبت بادشاہ کی
آتش سوزان کے مانند ہی جو نزدیک تر پہونچے گا خطرہ اُسے بیشتر ہوگا **بیت** صحبت
بادشہ سے کر پرہیز ✤ ہیزم خشک تو وہ آتش تیز ✤ لاکن جو مخاطرہ سے ڈرا درجہ بزرگی
سے بے نصیب رہا تین کام کرنا چاہیے مگر بلند ہمتی کے ساتھ پہلے طلب صحبت سلطان دوسرے
سفر دریا تیسرے مقابلہ کرنا دشمن سے اور مین کم ہمت نہین ہون پھر کس واسطے
بادشاہ کی صحبت سے خوف کرون بلکہ میرا عمل تو گویا کہ اس مطلع پر ہی **مطلع** ہاتھ سے
رخش جنون کی باگ چھوڑا چاہیے ✤ جس طرف لیجائے اُسکا مُنھ نہ موڑا چاہیے ✤ کلیلہ
نے کہا اگرچہ مین منکر اس بات کا اور مخالف اس عزیمت کا ہون مگر تیری راے
اس کام مین وثوق اور طبیعت تیری اس اندیشہ مین ثبات رکھتی ہی مبارک ہو **مصرعہ**
اینک بسر راہ برو خوش بسر آیے ✤ القصہ دمنہ کلیلہ سے رخصت ہوا اور جا کے شیر
کو سلام کیا شیر نے پوچھا کہ یہ کون شخص ہی ملازمان شاہی نے عرض کیا یہ غلام سے

شخص کا بیٹا ہی کہ مدت دراز سے عتبۂ عالی کا ملازم ہی اور اُسکے عزیز و اقارب سب نمکخوار
اس آستان دولت نشان کے ہین شیر نے کہا اسکے مان اور باپ کو مین پہچانتا ہون
اسکے بعد نزدیک بلا کے پوچھا کہ تو کہان رہا کرتا ہی اور کیا کام کرتا ہی دمنہ نے عرض کیا
کہ اپنے باپ کے عہدے پر ملازم درگاہ بادشاہی ہون اور راتدن اِسکا منتظر رہتا
ہون کہ اگر کوئی مہم پیش آئے اور حکم اقدس اس ذرۂ بیمقدار پر صادر ہو تو
انشاء اللہ تعالیٰ باقبال شاہی اُسے بقوت تدبیر صائب نہایت خوبی سے سرانجام
دون چنانچہ بارہا دیکھا ہی کہ ارکان دولت سلطان کو مہم حادث ہوئی ہی کہ زیر دستون کی
امداد سے اُسنے سرانجام پایا ہی اور زبردستان عالی مرتبہ سے اُسمین کچھ نہین ہوسکا مصرع اندرین باغ
جو طاؤس نگار ست مگس ۔ چنانچہ جو کام کہ سوزن سے نکلتا ہی نیزہ باوجود سرفرازی تمام اُس کام مین
عاجز اور بیچارہ ہی اور جو کام کہ کارد قلتراش سے ہوتا ہی شمشیر آبدار اُس جگہ بیکار ہی اور جو کار
کہ خدمتگار سے بن آتا ہی وہ امراء عالی وقار سے زنہار نہین ہوسکتا ہی غرضکہ کوئی شی ہرچند
بیقدر اور فرومایہ ہو دفع مضرت اور جلب منفعت سے خالی نہین ہی فعل الحکیم لایخلو عن الحکمۃ
غرضکہ قادر ذوالجلال نے جو چیز کہ خلق کی ہی بیکار اور عبث نہین ہی شیر نے جو یہ کلمات
معنی خیز زبان دمنہ سے سُنے متحیر ہوا اور مصاحبون سے کہا کہ مرد ہنرمند اگرچہ گمنام ہو مگر
روشنی دانش کی آخرکار اُسے بروے کار لاتی ہی جیسا کہ آتش ہرچند نرم نرم سلگا کرے
پر ایک وقت ہوا کی امداد سے زبان کھینچتی ہی دمنہ بادشاہ کے ارشاد سے شاد ہوا اور سمجھا کہ افسون
میرا شیر پر اثر کر گیا اسکے بعد زبان نصیحت کھولی اور عرض کیا کہ کافہ انام خصوصًا خدام
ذوی الاحترام کو لازم ہی کہ جو وسوسہ بادشاہ کو پیش آئے بے اُسکے کہ بادشاہ کچھ فرمائے
بمقتضاے نمک خواری فہم و دانش تام اور غور و فکر تمام سے نیک تامل کرین اور جو صورت
کہ خیرخواہی اور فوائد ملازمان شاہی کی باعث ہو اُسے ضرور عرض کرین اور طریق خیراندیشی
مین اصلا قصور نہ کرین بعد استماع حال بادشاہ کو اختیار ہی کہ جو مناسب شان

شاہی ہوا اُسپر عمل فرمائے اور ہر ایک کی عرض و معروض کو میزان خرد مین تولے اور موافق خیر خواہی و اخلاص اُس شخص کے اُسے سرفراز فرمائے تا حوصلہ ہر ایک کا روز بروز افزونی پائے کیونکہ جب تک دانہ بویا ہوا خاک مین پوشیدہ رہتا ہی اور روئیدہ ہو کر سر نہین نکالتا ہی کوئی آبیارشی اور پرورش مین کوشش نہین کرتا ہی اور کوئی روئیدگی جبتک کہ نقاب خاک سے چہرہ نہین دکھاتی ہی اور خلعت زمردین پہن کے گریبان زمین سے سر نہین نکالتی ہی معلوم نہین ہوتا ہی کہ یہ نہال باردار ہی یا درخت خاردار اگر نہال میوہ ہی تو پرورش اُسکی ذمے صاحب کشت زار کے لازم ہی کیونکہ پرورش کے بعد جب سر حد مراد کو پہونچے گا تو میوۂ شیرین بر وقت مقرر کریگا اور درخت خاردار لائق قطع اور دفع کے ہوتا ہی اِسی طرح سے بادشاہ کے ذمہ پر اللہ تعالیٰ نے لازم فرمایا ہی کہ ہنرمند کے فراخور استحقاق قدر اور عزت اُسکی زیادہ کرے کہ ایک دن خدمت عمدہ ظہور مین آئیگی اور بے ہنر کو اپنی محفل مین بار نہ دے کہ درخت خاردار سے خلش اور ریش رسانی کے سوا دوسرا کام نہ نکلے گا نظم از ہنر خویش مشو سینہ را ✣ یا دکمن نسبت دیرینہ را ✣ زندہ بردہ مشواے ناتمام ✣ زندہ بکن مردہ خود را بنام ✣ از پدر مردہ بلاغت اکر جوان ✣ گر نہ سگے چون خوشی از استخوان ✣ موش باوجودیکہ مردم خانہ کے ساتھ قدامت رکھتا ہی لیکن اُس سے جو رنج پہونچتا ہی اس لیے اُسکی ہلاکت واجبی جانتے ہین اور باز باوجود غربت و بیگانگی کے کہ اُس سے فائدہ متصور ہی باعزاز تمام ہاتھون ہاتھ لیے رہتے ہین بادشاہ کو لازم ہی کہ نظر آشنا اور بیگانے پر نکرے بلکہ مردم عاقل اور فرزانہ کا خواہان ہے اور جو لوگ کہ کارہائے عقل و ہنر سے بیگانہ ہون اُنھین مردان فاضل و ہنرمندان کامل پر ترجیح دے اور اگر منصب خردمندان کا بیخردون پر زیادہ کیا جائیگا تو خلل کلی امور سلطنت مین راہ پائیگا اور شامت اس فعل کی بادشاہ کے حال پر آخر رجوع کریگی بیت ہو نہ اس شہر مین زنہار ہما سایہ فگن ✣ عندلیبون سے زیادہ ہو جہان قدر زغن کلام دمنہ جبکہ تمام ہوا شیر نے اُس پر تلطف کیا اور حکم دیا کہ بلا قید حاضر ہوا کرے

بعد اسکے ہر روز انس زیادہ کرنے لگا اور بیشتر صلاح اور مشورہ اسکا مقبول کرتا تھا اور دمنہ
بھی حکایت عجیب اور نکات لطیف سے خوش بیانی کرتا رہتا تھا تھوڑے ہی عرصے مین
محرم حریم سلطنت ہوگیا اور صلاح و اصلاح امور سلطنت مین مشار الیہ ہوا ایکدن وقت
مساعد پاکے عرض کیا کہ مدت ہوئی ہی کہ حضرت نے ایک جگہ پر قرار پکڑا ہی لذت شیر شکار
اور تماشاے باغ و بہار سے دل اُٹھا لیا ہی سبب اسکا کیا ہی چاہتا ہون کہ موجب
اسکا معلوم کرون اور اس بات مین جس طرح سے کہ ہوسکے تدبیر صائب کرون اور جو چیز
کہ باعث ملال خاطر اقدس ہوئی ہی اُسے تدبیر صائب سے رفع کرون شیر نے چاہا
کہ دمنہ سے حال اپنا مخفی کرے اور کوئی سخن ساختہ کہکے بُھلا دے کہ اسی حال مین
شنزبہ نے آواز رعد آسا سے خوار کھینچا شیر آواز شنزبہ سُننے کے ساتھ ہی زرد اور سراسیمہ
ہو گیا اور عنان اختیار ہاتھ سے چھٹ گئی شیر سمجھا کہ یہ حرکت میری دمنہ پر منکشف ہوگئی
بناچاری حال اپنا مشروحاً بیان کیا کہ سبب میری دہشت کا یہی آواز ہولناک
ہی کہ سُنتا ہون اور نہین جانتا ہون کہ یہ آواز کس کی ہی مگر معلوم ہوتا ہی کہ قوت و
شوکت اُسکی موافق آواز کے مقرر ہوگی اگر ایسا ہی ہی کہ جیسا مین سمجھتا ہون تو رہنا
اس مقام کا صواب سے دور ہی دمنہ نے کہا کہ بادشاہ کو سواے اس آواز اور اندیشہ کچھ
نہین ہی شیر نے کہا کہ ہرگز نہین مین مدت دراز سے اس آواز کی فکر مین مبتلا ہون دمنہ نے کہا
کہ اس آواز پر جلا وطن کرنا اور ملک موروثی کو چھوڑ دینا اور پاس ننگ و ناموس سے
درگذرنا خلاف جوانمردی کے ہی کہ سننے سے کسی کی آواز کے سراسیمہ ہوجاوے بادشاہ کی
شان کے لایق یہ ہی کہ کوہ کے مانند ثابت قدم رہے اور مانند کاہ کے ہر ہوا سے متزلزل
نہوجاے نظم کیا ہی آندھی کی حقیقت پیش کوہ ÷ اُڑ نہ تنکے کی طرح اے با شکوہ ÷ چاہیے ہر حال
مین ہو مستقل ÷ عیب سے ہر امر مین ہو ہول دل ÷ بزرگون نے کہا ہی ہر آواز بلند اور جثہ قوی
پر التفات نہ کیا چاہیے کہ ہر صورت دلالت معنی پر نہین کرتی ہی اور ظاہر رونق باطن کی

دور تھا دمنہ شخص زیرک نظر آتا ہی اور میری درگاہ سے نصیبہ فلاح کا یعنی چندان حاصل
نہین کیا ہی اگر حیاذاً باللہ اُسکے دل مین غبار اس آزار کا چھا ہوا اور قابو وقت کا پاکر ایسے
خیانت کرکے فتنہ انگیزی کر بیٹھے تو تعجب نہین ہی کہ دشمن کو مجھپر غالب سمجھ کے بامید رسوخ و فلاح
عہد و پیمان عمدہ عمدہ کا لیکے اس راز سے اُسے آگاہ کردے تو دیری اُسکی زیادہ ہو جائے اور
تدارک بھی دشوار ہو بیت نہو بدنفس لیکن بدگمان ہو ٭ کہ آفات زمانہ سے امان ہو ٭ یہ سمجھکر
با خود کہتا تھا کہ بڑی خطا کی مین نے دیکھیے نتیجہ اسکا کیا ہو مضطرب تھا اور چشم انتظار اس راہ
مین رکھتا تھا کہ دمنہ پیدا ہوا شیر نے اضطراب سے اندکے قرار پکڑا کہ دمنہ نے زمین ادب کو چوم کر
دعا دی کہ شاہا حکم تیرا قاف سے تا قاف ہوا اور کہا کہ غلام نے نہ نخوت اُسکی اور نہ شکوہ ایسی
پائی کہ جس سے قوت اور شوکت پر استدلال کرتا مین اور نہ دل مین کچھ مہابت اور احترام اُسکا
سمایا کہ جس سے اُسکی بزرگی دلیر ثابت ہوتی شیر نے کہا کہ اسبات کو ضعف و ناتوانی پر حمل نہ کیا
چاہیے اور اس دھوکے پر فریفتہ نہوا چاہیے کہ باد سخت گیاہ ضعیف کو کبھی توڑ نہین سکتی ہی لیکن
اور درختہاے قوی ہیکر کو بیخ و بن سے اکھاڑ ڈالتی ہی اسطرح سے جہترا اور بزرگ منش جبتک
دشمنون کو ہمسر اپنا نہین پاتے ہین اظہار قوت و شوکت نہین کرتے باز کنجشک ضعیف کا قصد
نہین کرتا ہی شاہین پشے پر بال نہین کھولتا ہی وقعت تیری جو اُسکی آنکھ مین نہین سمائی ہی
اسلیے اُسنے اظہار قوت تجھپر ضرور نہین جانا ہی دمنہ نے عرض کیا کہ شہریار کو لازم ہی کہ عظمت
اُسکی اس درجہ اپنے ذہن مین نہ رکھے اور اس مہم کو اتنا مشکل نہ سمجھے مین نے اُسکے کلام سے
حقیقت باطن کو کما حقہ دریافت کیا ہی اگر ارشاد ہو تو دست بستہ آستانہ عالی پر حاضر کرون
کہ حلقہ غلامی کا گوش جان مین رکھے اور غاشیہ ہوا داری کا کبھی دوش سے نہ اُتارے شیر نے خوش
ہوکے اجازت دی دمنہ نے شنزبہ کے پاس آکر گفتگوے دلیرانہ آغاز کی کہ تو کون ہی اور کہان سے
آیا ہی اور کس نژاد سے ہی اور سبب آنے کا بے اجازت شہریار عالیجاہ کے اس مقام مین کیا ہی شنزبہ
نے حال اپنا راست بے کم و کاست بیان کیا دمنہ نے کہا کہ اے نادان والی اس ولایت کا وہ شیر

غران ہی کہ کوئی ہمجنس اُسکا مقابلہ نہین کرسکتا ہی بلکہ پیل مست کوہ پیکر اُس کی ہیبت سے
بید کے مانند کانپتا ہی اور اُسکی بے اجازت اس بیشے کی حوالی مین کوئی پیر نہین رکھ سکتا ہی تونے
کیا سمجھا ہی کہ بیباکانہ اس وادی مین قرار پکڑا ہی تجھسے ہزارون بیل شیر کے لشکر مین شکار ہوتے
ہین شاید کہ موت تجھے لائی ہی اگر یہان سے جاکر حال تیرا بیان کیا تو اک آن مین تیری جان
فنا ہوتی ہی مگر مجھے تیری غریب الوطنی اور تنہائی پر رحم آتا ہی اسواسطے اپنی عادت کے موافق
چاہتا ہون کہ مہمان نوازی اور غریب دوست رہون اور شیر کی خدمت مین لیجا کے تقصیر تیری
معاف کرادون بلکہ شیر کی مصاحبت سے تجھے سرفرازی دلواؤن شتربہ نے جبکہ یہ حکایت سُنی
بید کے مانند کانپا اور دمنہ سے کہا کہ ای برادر اگر مین جانتا ہوتا کہ یہ ولایت اس شہنشاہ کی ہی
تو زنہار قصد اس طرف کا نکرتا مگر مین غریب الوطن اور ناواقف ہون اگر تو غریب نوازی کی راہ
سے مجھپر رحم کرے تو کیا عجب ہی کہ اللہ تعالی تجھپر رحم فرماوے گا دمنہ نے قسم کھائی اور کہا
ساتھ میرے چل حسب دلخواہ تیری ملازمت شیر سے کرادونگا شتربہ اسپر راضی ہوا اور دمنہ کے
ساتھ چلا جبکہ نزدیک پہونچے دمنہ نے پیشتر جاکر یہ ماجرا شیر سے بیان کیا اور شتربہ کے حاضر
ہونے کا مژدہ دیا کہ اسی عرصے مین وہ بھی آپہونچا اور زمین ادب کو بوسہ دیا شیر نے بالطاف
خسروانہ حال شتربہ کا پوچھا شتربہ نے از ابتدا تا انتہا اپنا حال بیان کیا شیر نے کہا کہ حاضر
رہا کر کہ ہمنے در الطاف خادمان بارگاہ اور مسافران غریب الوطن کے لئے کھلا رکھا ہی اور
مائدۂ فائدہ انعام کو واسطے خاص و عام کے حکم دے رکھا ہی لمولفہ **بیت** وہ شاہ ہون سب
خلق ہی راضی مجھسے ٭ سب خوش ہین نہین ہی کوئی شاکی مجھسے ٭ گاؤ نے بعد دعا و ثنا کے کمر خدمت
چست باندھی اور ہمیشہ حاضر باشی کرنے لگا شیر بھی ہر روز زیادہ تر الطاف فرماتا تھا اور
تقرب اُسکا روز بروز بڑھتا جاتا تھا اور اعزاز و اکرام اُسکا بہ نسبت سب ارکان دولت
کے دمبدم ترقی پاتا تھا اور حسن و خوبی اور جوہر ذاتی اُس کے ہر دم ذہن مین
شیر کے راسخ ہوتے جاتے تھے حتّٰی کہ مقربان عالی مقدار مین شمار ہونے لگا غرض کہ

اس خوبی سے حسن خدمت بجالایا کہ تھوڑے سے عرصہ مین شیر کا محرم اسرار ہوا اور ہر ساعت
منزلت اُسکی زیادہ اور مرتبۂ عزت ملبند ہوتا گیا کہ ایک ہی سال مین جمیع ارکان دولت
اور اعیان حضرت سے مرتبہ شنزبہ کا زیادہ ہوگیا جبکہ دمنہ نے دیکھا کہ شیر نے عزت بیل کی سرحد
افراط کو پہونچائی و اکرام مین یہان تک افراط کی کہ مرتبۂ اعتدال سے درگذرا اور دمنہ
کی بات کو کچھ اُس کے آگے وقعت باقی نہ رہی اور کسی مہم مین مشورہ اِسکا درکار نرہا
دست حسد سر پر مارنے لگا اور سرِ نفرت دیدہ دل مین دینے لگا اور آتش خشم و شعلہ غیرت
سے زاویہ دماغ جلنے لگا **بیت** دل مین حاسد کے بھڑکتی ہی اگر نار حسد ہی پہلے
حاسد کو جلاتی ہی یہی کار حسد ؛ القصہ خواب و قرار دمنہ کا مفارقت کر گیا اور آرام و سکون
نے ساحت سینہ سے رخت اقامت اُٹھا لیا شکایت اُسکی کلیلہ کے پاس لے گیا اور کہا کہ اے
برادر ضعف رائے اور سستی تدبیر میری دیکھ کہ تمامی ہمت مین نے شیر کے آرام کے لیے
صرف کی اور گاؤ کو کہ شیر کی بیقراری اور اضطرار کا باعث تھا اُسکی خدمت مین
بآسانی تمام حاضر کیا آخر کار وہ جمیع مقربان سلطانی سے بیشی لے گیا اور مین اُسکی مصاحبت
کے سبب اپنے مرتبے سے بھی گر گیا کلیلہ نے جواب دیا کہ جان من کار خود کردہ را علاج نیست
یہ تیشہ آپ تو نے اپنے پاؤن پر مارا اور غبار فتنہ اپنے ہاتھ سے اپنی راہ مین برپا کیا تجھے وہ
پیش آیا کہ جو زاہد کو پیش آیا تھا دمنہ نے کہا کہ ماجرا زاہد کا کیونکر تھا **حکایت** کلیلہ
نے کہا کہتے ہین کہ ایک زاہد کو بادشاہ نے خلعت فاخرہ عطا کیا ایک چور اس حال پر
اطلاع پاکے خدمت مین زاہد کی بارادت حاضر ہوکر مرید ہوا اور خدمت قرار واقعی
کرنے لگا اور آداب طریقت کے سیکھنے مین یہان تک جہد بلیغ کی کہ محرم اسرار اُسکا
ہوگیا جبکہ زاہد کو بسبب اعتماد کے عظمت ہوئی ایک روز خلعت چورا کے اپنی راہ لی جبکہ
زاہد نے خلعت کو نہ پایا اور مرید کو غائب دیکھا سمجھا کہ وہ چور تھا اسی حیلے سے
خلعت چورا لے گیا اور اُسکی تلاش مین شہر کی طرف روانہ ہوا راہ مین دیکھا کہ

دو نخچیر لڑتے ہین اور ایک نے دوسرے کو مجروح کیا ہو اور خون دونون کا زمین پر
گرتا ہو روباہ گرسنہ اس حال مین خون اُنکا چاٹنے لگی کہ اتفاقاً دونون کی ٹکر کے بیچ مین
آپڑی استخوان اُسکے مانند سرمے کے پس گئے زاہد اس حال کے مشاہدے سے متنبہ ہوکر
روانہ ہوا شب کو شہر مین جا پہونچا دروازے اہل شہر کے بند پائے جگہ قامت کی
ہرچند تلاش کی نہ پائی قضارا ایک عورت کوٹھے پر کھڑی تماشہ دیکھتی تھی زاہد کی سرگردانی
سے سمجھی کہ یہ مرد غریب الوطن ہو مکان مین اپنے بلاکر جگہ دی زاہد غنیمت سمجھکر اُس مکان
مین فروکش ہوا اور گوشۂ کاشانہ مین بیٹھکے یاد الٰہی مین مشغول تھا اور وہ عورت بدکاری
و ناہنجاری مین شہرۂ آفاق تھی اور کنیزین اُسکی سامان بدکاری کے سب مہیا رکھتی تھین ایک
اُن کنیزون مین سے کنیز تھی کہ کرشمۂ جمال سے عروسان بہشت کو شرمندہ کرتی تھی اور آفتاب
عالمتاب کو آتش غیرت سے جلاتی تھی اور چشم مست کے تیر غمزے سے سینۂ عالم مین مانند حرف
کے رخنہ کرتی تھی اور لب جان بخش سے تنگ شکر کے مانند حلاوت روح افزا عطا کرتی تھی
وہ ساتھ ایک جوان زیبا مشکین مو سرو بالا ماہ سیما شیرین زبان باریک میان کے کہ ترکان
ختا اُسکی چین زلف سے پیچ و تاب مین تھے اور نوش لبان سمرقندی اُسکے شکر شور انگیز کے شوق
سے اضطراب مین تھے دلبستگی اس درجہ رکھتی تھی کہ جدائی ایکدم کی تلخی مرگ سے بدتر سمجھتی تھی ہمیشہ
باہم رنگ بوے گل کے مانند مفارقت نہ کرتی تھی وہ عورت اُسپر فریفتہ تھی اور وہ جوان مطلق
اُسپر التفات نہ کرتا تھا فقط اُس کنیز کا شیدا تھا یہ عورت وصل کنیزک و جوان سے تنگ آئی چاہا
کہ اُس جوان کو ہلاک کرے اُسی شب کو زاہد اس بیچارے کے گھر مین مہمان تھا تدبیر اُسنے اُنکی ہلاکت
کی اس طرح پر کی تھی کہ شراب مین دارو بیہوشی کو ملاکر رکھا تھا جبکہ دونون سرشار بادہ بیہوشی
ہوے زن بدکار نے سودہ زہر ہلاہل کو ایک نے مین رکھکے اور ایک سوراخ اُسکا پرہ بینی مین
جوان کے رکھا اور ایک اپنے منھ مین رکھکے چاہتی تھی کہ پھونکے تا دماغ مین پہونچنے کے ساتھ
مغز اسکا زرداب ہوکر بہ جاے کہ بحکم رب غیب وان چھینک اُس جوان کو آئی سودہ زہر کہ نے

مین بھرا ہوا تھا چھینک کے ساتھ رجعت قہقری کرکے گلوا ور دماغ مین اُس قحبہ کے سرایت کرگیا
فوراً وہ ہلاک ہوئی بموجب مصرعہ ہم درسرآن روے کہ درسرداری بیت جو چاہا کسی نے
کسی کا بُرا ؛ خدانے کیا بس اُسی کا بُرا ؛ زاہد کو مشاہدے سے اس مکروہات کے وہ رات
مانند روز قیامت کے دراز ہوگئی تھی جس وقت کہ زاہد صبح نے زاویہ شب ظلمانی سے مخلصی پاکے سجادۂ
اطاعت کو محراب افق پر بچھایا عالم روشن ہوا زاہد نے اُس گروہ ابلیس خصلت کی ظلمت سے
رہائی پائی اور نکلکر مکان دوسرا تلاش کرنے لگا ایک کفشگر نے کہ معتقد خاص زاہد کا اور
نیز باشندہ اُس شہر کا تھا دیکھکر قدم پکڑے اور اپنے گھر مین لے گیا اور اپنے قبیلے کو زاہد کی
خدمتگزاری مین مشغول کیا تمام روز اُسی طرح گذرا شب کو آپ بضرورت ضیافت کہ مدعو تھا
باجازت زاہد ایک آشنا کے گھر مین گیا اور زوجہ اُس کفشگر کی ایک آشنا رکھتی تھی زیبا ؛
خوشخو عشوہ تاز عشقباز اور ایک دلالہ انکے درمیان آفت روزگار رہتی کہ افسون و افسانے
سے آب و آتش کو باہم جمع کرتی تھی اور چرب زبانی سے سنگ خارا کو موم بناتی تھی زن کفشگر
نے گھر جاکر اُس دلالہ کو بلاکر کہا کہ اس شیرین لب کو خبر کر کہ آج کی شب شہد بے غوغاے مگس اور
صحبت بے اندیشۂ عسس ہے ع برخیز و بیا چنانکہ من دانم و تو ؛ حسب الطلب ناگاہ وہ جوان
در پر حاضر ہوا منتظر دروازہ کھلنے کا تھا بیک ناگاہ کفشگر اس شب ظلمانی مین مانند بلاے ناگہانی
کے آپہونچا اور اُس مرد کو دروازے پر آکر دیکھا پیشتر زن کفشگر کو بدگمانی بعض نشانون کے سبب سے
تھی اسوقت کہ اس ہیئت سے اُسے دیکھا یقین ہوا کہ وہ گمان میرا گمان نہ تھا بلکہ یقین تھا گھر مین آکے
دیکھا کہ عورت بھی آراستہ و پیراستہ منتظرانہ بیٹھی ہے وضع اور سنگار اُسکا اور بھی کفشگر کے یقین کا
شاہد ہوا کفشگر نے نہایت غصے سے موے سر اُس بدکارہ کے ہاتھ مین لیکر کفش کاری کرنا شروع
کی جبکہ خوب زد و کوب کر چکا آخر کار ستون خانہ سے محکم باندھکر آپ بستر آرام پر دراز ہوا زاہد اُسوقت
کہ کفشگر کا مہمان تھا دل مین کہتا تھا کہ بے تحقیق اس قدر زد و کوب کرنا انصاف سے دور ہے بلکہ
اگر مین شفاعت اُس عورت کی کرتا تو بجا تھا کہ اس عرصے مین زن حجام کہ دلالہ تھی آئی کہا اے جن یار

تیرا خفا ہی جلد باہر آ اور فرصت وقت کو غنیمت جان کہ یار تیرا دروازے پر کھڑا یہ شعر موقف کا
پڑھ رہا ہی بیت ہجر کی شب ہمکو نیند آتی نہین ٭ زلف شبگون کی قسم کھاتے ہین ہم ٭
کفشگر نے آواز حزین سے اُسکو نزدیک بلا کر کہا کہ اس شوہر بیرحم نے شاید اُسے درخانہ پر
دیکھا ہی کہ دیوانہ وار گھر مین آکر زیادہ از حد مجھے مارا اور دیکھ کہ اس ستون سے باندھا ہی
اگر مجھپر شفقت رکھتی ہی تو مجھے کھول اور مین عوض اپنے اس ستون سے تجھے نرم باندھون اور مین
جاکر اُس یار وفادار سے عذر خواہی کر آؤن اور اسکے بعد تجھے کھولدون اور آپ بندھکر بدستور
کھڑی رہون اگر یہ کیے تو مجھے لونڈی اور میرے محبوب کو غلام اپنے احسان کا کرے زن حجام نے
بکمال خوشی اپنا بندھنا اور کھلنا اُسکا قبول کیا اور وہ باہر گئی اس عرصے مین کفشگر جاگا اور اُس عورت
کو آواز دی زن حجام اُس خوف سے کہ آواز میری پہچانے گا نہ بولی کفشگر زیادہ خفا ہوتا تھا اور
چلاتا تھا تو بھی جواب نہ دیتی کفشگر از بس خفا ہوکر نزدیک آیا اور ناک اُسکی کاٹ کے ہاتھ مین رکھی
اور کہا کہ لے یہ تحفہ اپنے یار کو بھیجدے زن حجام خوف جان سے تسپر بھی نہ بولی اور دل مین کہتی تھی
کہ تماشا ہی کہ عیش کسنے کیا اور مصیبت کسکے سر پڑی جبکہ زن کفشگر پھر آئی خواہر خواندہ کی ناک
کٹی پائی نہایت غمناک ہوئی اور بہت عذر خواہی کر کے کھولدیا اور ستون سے آپ بندھکر کھڑی ہوئی
زن حجام ناک ہاتھ مین لیکر گھر کو بھاگی ع حیران کبھی ہنستی تھی کبھی روتی تھی قحبہ ٭ زاہد نے یہ سب
صورتین دیکھین اور سُنین اور اس عجائب روزگار سے جوان دو راتون مین گذرا زاہد کو حیرت پر
حیرت ہوتی گئی مگر زن کفشگر نے بعد ساعت کے غوغا برپا کیا اور ہاتھ اُٹھا کر دعا شروع کی ملکا
بادشاہا تو سمیع و بصیر ہی کہ میرے شوہر نے مجھپر ستم کیا ہی اور تہمت اور افترائے ناحق مجھپہ باندھکے
یہ حالت میری کی ہی تو مجھپر رحم کر اور اگر مین پاک ہون تو ناک میری کہ باعث زینت جمال
صفحہ چمن عذار ہی جیسی کہ تھی ویسی ہی درست کردے کہ سر مو نشان بھی باقی نرہے غوغاے
مناجات سے کفشگر بیدار ہوا اور نالہ مکر آمیز اور دعاے شور انگیز اسکی سُنکے چلایا کہ اے قحبہ یہ
کیا دعا ہی کہ کرتی ہی کہ دعا فاجرہ کی درگاہ الٰہی مین مقبول نہین ہوتی ہی بیت چاہیے جو

یہ دعا ہو قبول خدائے پاک ٭ اپنے زبان و دل کو تو دل بنائے پاک ٭ اس گفتگو مین فاحشہ
نے شور کیا کہ اے ستمگار نا خدا ترس مردم آزار اٹھ اور تماشا قدرت الٰہی کا بچشم عبرت مشاہدہ کر
کہ جو دامن میرا لوث فسق و فجور سے پاک تھا تو ایزد سبحان نے ناک مجھ شکستہ دل کی درست
کر دی اور تجھے خلق مین روسیاہی دی اور مجھے فضیحت دنیا سے نجات بخشی مرد سادہ لوح
نے کہ فریب شیطان اور مکر زنان سے غافل تھا چراغ روشن کرکے دیکھا تو واقعی ناک اسکی
درست ہوا اور کہین نشان زخم باقی نہین ہے فی الحال معترف اپنے قصور کا ہوا اور ہزار
عذر خواہی و سماجت پیش آیا اور یہ یقین سمجھا کہ یہ عورت پاکدامن ملکہ اولیاء اللہ سے ہے
اسکے بند دست کھولے اور بہزار منت قصور اپنا معاف کروایا اور توبہ کی کہ اسکے بعد اگر کوئی شبہہ
بھی واقع ہو تو اسے وسوسہ شیطان کا سمجھونگا اور کوئی نمام اگر سو دلیل سے فسق اسکا ثابت کریگا
تو مین محض افترا اور سخن سازی جانونگا اور مدت العمر اس مشورہ صلاحیت پیشہ کے فرمانے سے
کہ مستجاب الدعوات ہے باہر نہونگا ادھر تو یہ گذرا اور ادھر زن حجام نا فرجام اپنی ناک مانند
جام کے ہاتھ پر رکھ لہو مین ڈوبی ہوئی متحیر تھی کہ کیا حیلہ برانگیختہ کرے اور یہ صورت کس شکل سے شوہر کو
دکھائے اور ہمسایہ اور اقارب سے کیا عذر درپیش لائے اور اپنے اور بیگانے کے سوال کا کیا جواب
دے اس حال مین صبح کاذب دمیدہ ہوئی حجام جاگا اور آواز دی کہ کسوت میری دے کہ فلانے
خواجہ کا روز اصلاح ہے تا علی الصباح وہان جاؤن چونکہ عورت نے جواب نہ دیا جبکہ حجام چلّایا
زن بینی بریدہ نے ایک استرہ حجام کے ہاتھ مین دیا حجام غصے مین آیا اور اس تاریکی مین استرہ اسکی
طرف پھینک دیا اور کہا کہ مین کسوت تمام ای نا فرجام مانگتا ہون اور تو نے ایک استرہ دیا
عورت نے غوغا کیا کہ ہائے ناک حجام متحیر اقربا اور ہمسایہ اس غوغا سے جمع ہوگئے اور عورت کو
خون آلودہ اور بینی بریدہ دیکھا زبان شماتت حجام پر سب نے کھولی وہ بیچارہ پریشان
نہ روے اقرار رکھتا نہ زبان انکار جبکہ صبح جہان افروز نے پردہ ظلمت کا آگے سے اٹھایا
اور آئینہ گیتی نما یعنی آفتاب جہان آرا درخشان ہوا بیت شب کٹی آخر نمایان ہوگئی

آغاز صبح ٭ آتش خورشید نے لی گرمی با زار ہیچ ٭ اقربا عورت کے حجام بیگناہ کو گرفتار کر کے
نزدیک قاضی شہر کے لیگئے اتفاقاً زاہد دم صبح قاضی کی ملاقات کے واسطے کہ معرفت سابق
رکھتا تھا حاضر ہوا تھا محکمے مین موجود تھا اور یہ سب تماشا من اولہ الی آخرہ مشاہدہ کیا
تھا جبکہ اقربائے زن حجام نے مرافعہ اسکا رو برو قاضی کے کیا قاضی نے پوچھا کہ اس عورت
کی ناک کاٹنے کا سبب کیا تھا حجام عقل و ہوش باختہ سے جواب معقول سرانجام نہوا قاضی
نے بحکم الجروح قصاص کے حکم دیا زاہد اُٹھا اور کہا یا ایہا القاضی اس کام مین تامل کر اور
دیدۂ فراست کھول کہ چور خلعت میرا نہین لیگیا اور روباہ ہلاک نہین ہوئی اور زن بدکار کے
زہر ہلاہل نے اثر نہین کیا اور زن کفشگر نے بینی حجام کی جورو کی نہین کٹوائی بلکہ یہ سب بلائین
مین نے بچشم خود دیکھی ہین قاضی نے حجام کے قصاص سے تامل کیا اور زاہد کی طرف متوجہ
ہوا کہ اس حجام کا ترجمان ہوا ور اس معنی بند کا بیان واضح فرما زاہد نے جو معائنہ کیا اور
سنا تھا از ابتدا تا انتہا مشروحاً بیان کیا کہ اگر مجھے مرید کرنے کی آرزو نہوتی تو ترہات
دزدمین گرفتار نہوتا اور روباہ اگر گرفتار طمع نہوتی تو وہ نخچیرون کے صدمے سے ہلاک
نہوتی اور وہ زن فاحشہ جوان کا اگر قصد نکرتی تو جان شیرین تلخی سے نہ کھوتی اور
زن حجام اگر بدوکاری حرام کاری کی نکرتی تو یہ گت نہوتی اور فضیحت عالم نہوتی اور جو
کوئی کہ بدی کرے تو نیکی کی طمع نرکھے اور جوکہ اندرائن بوے اُمید ذائقہ انار شیرین کی
نہ کرے بیت چنین گفت دانائے آموزگار ٭ مکن بد کہ بینی از روزگار ٭ اور یہ مثل
اس لئے کہی ہین نے کہ تو جانے کہ راہ اس محنت کی خود اپنے واسطے تو نے نکالی ہے اور دروازہ
اس رنج و مشقت کا اپنے آپ منہ پر کھولا ہے ع گفتا بکہ نالیم کہ از ماست کہ بر ماست ٭
دمنہ نے کہا کہ اے برادر مین ہر طرح سے حیلہ اُٹھاؤنگا اور مضامین فساد کو یہان تک
ترقی دونگا کہ گاؤ کو مرتبۂ عزت سے گرا کر اخراج کرا کے بلکہ قتل کراؤنگا اُسوقت
آتش دل البتہ منطفی ہو گی والا مذہب حمیت سے بہت دور ہو کہ اب اس امر مین

کوتاہی کرون اور بزرگون نے بھی کہا ہی کہ پانچ کامون مین جتنی سعی کرے معذوری بجا ہی
اول بشرط اسکے کہ تارک دنیا نہو تو طلب حشمت وجاہ مین جتنی کوشش کرے مناسب
ہی دوسرے پرہیز کرنا اُس چیز سے کہ حال واستقبال مین جس سے گمان مضرت ہو
تیسرے محافظت منفعت مین کبھی غفلت نہ کرے چوتھے بچانا آپ کو اُس ضرر سے کہ جسمین
مبتلا ہوگیا ہو پانچوین تدبیر صائب سے جلب نفع اور دفع ضرر کی سعی ہر دم خیال مین
رکھے اور مین یہان تک اس بات مین کوشش کرونگا کہ رقیب کو دفع کرکے اپنے
منصب کو پھر پہونچونگا اور اس گاؤ کو گوشت یا طعمہ سباع کرونگا و یا اس بلا کا اخراج
کلی کرونگا کہ یہ دغدغہ کسی نوع سے باقی نرہے اور مین اُس ضعیف چڑیا سے کم ہمت نہین
ہون کہ عوض اُسنے اپنا باشے سے لیا کلیلہ نے کہا کہ حکایت چڑیا اور باشے کی کیا ہی حکایت
دمنہ نے کہا سُنا ہی مین نے کنجشک کے جوڑے نے ایک درخت کی شاخ پر آشنا یا لگایا
تھا فقط دانے پانی پر قناعت کرکے یاد الہی مین بسر کرتے تھے ایک باشے کا بھی
نزدیک اُسکے آشیانہ تھا جبکہ بھوکا ہوتا تھا برق کے مانند جانوران پر گر پڑتا تھا جبکہ
یہ کنجشک بچے نکالتی تھی اور پرورش پاکے قریب اُڑنے کے ہوتے تھے باشہ کمینگاہ
سے حملہ کرکے اُسکے بچے شکار کرکے طعمہ اپنا کرتا تھا اور چڑیون کو بحکم حب الوطن
من الایمان کے اُس آشیانہ کا چھوڑنا دشوار تھا اور باشے جفا پیشے کے ظلم سے کوئی
تدبیر بچنے کی بھی نہ کرسکتے تھے نہ پاے سفر رکھتے تھے نہ روے اقامت ایک بار اُنکے بچے
قریب اُڑنے کے ہوے تھے اور مان اور باپ اُنکے بالیدگی اور رشد دیکھکر نہایت
مسرور و خرم تھے کہ ناگاہ خیال باشے جفاکار کا خاطر مین گذرا کہ اُنھین طاقت اُڑنے
کی کما حقہ حاصل نہین ہی مبادا وہ ظالم اُنھین شکار کرلے تو کس طرح کا رنج حاصل
ہو اِس اندیشے مین وہ سب خوشی مبدل بغم ہوئی اور آثار اندوہ ان دونون
کے چہرے پر نمایان ہوے ایک بچہ ان مین کہ قریب رشد کے

کہو بچا تھا بفراست اُسنے اوّل خوشی کا ہونا بعد فوراً ملال کا چہرے پر آ جانا دریافت کیا
مان باپ سے ان دونون حالون کا سبب پوچھا اُنھون نے جواب دیا کہ اے پسر لمو لغہ
بیت نہ پوچھ احوال اے فرزند دل کے زخم کاری کا ÷ ابلنا دیکھ لے بس چشم تر سے
خون جاری کا ÷ اسکے بعد قصہ سیاہی کا اور فرزندان گذشتہ کا اور وہ اندیشہ جو فی الحال
لاحق ہوا تھا مفصل بیان کیا بچے نے کہا اے والدین حکم قضا سے سرتابی طریق بندگی سے
دور ہے لیکن مسبب الاسباب نے ہر درد کی دوا پیدا کر دی ہے اور ہر مرض کے واسطے شفا رکھی
ہے اگر اس عقدے کے حل ہونے مین سعی کرو اور اعانت اُسکی درگاہ سے مانگتے رہو تو دور نہین
ہے کہ قاضی الحاجات سے مدعا تمھارا حاصل ہو اور بلا سے تمھین نجات ملے کہ وہ ہمیشہ
شکستہ پایون کی دستگیری کرتا ہے یہ بات بچے کی اُنھین پسند آئی ایک نے تردد و تلاش
طعمے مین پرواز کی اور دوسرے نے باشہ کی دفع جور کی چارہ جوئی کے واسطے راہ صحرا
کی لی مگر یہ تردد تھا کہ کہان جاؤن کس سے درد دل اظہار کرون **بیت** رات دن
رہتے ہین مجھپر صدمہ ہاے درد دل ÷ پر کرون کیا سخت مشکل ہے دواے درد دل ÷
کہ اس حال مین ایک سمندر آتشکدے سے باہر آیا تھا فضاے صحرا مین پھرتا تھا کنجشک
کی نگاہ اُسپر پڑی اُسنے ہیئت عجیب اور شکل غریب دیکھکر دل مین کہا کہ حکایت اپنے
درد دل کی اس جانور غریب صورت سے کہون شاید کہ عقدہ میری خاطر کا کھولے
اور کچھ علاج درد دل کا بتاے آداب تمام سے سمندر کے نزدیک جا کے لوازم بندگی
اور شرط نیازمندی بجا لا کے زبان توصیف اُسکی غریب نوازی اور مسافر پروری
کے بیان مین کھول سمندر نے کہا کہ آثار ملال تیرے بشرے سے ملاحظہ کرتا ہون اگر
رنج راہ ہے تو چندے اسی جگہہ توقف کر کہ آسودگی سے رنج تیرا مبدل براحت ہوا ور
اگر دوسری وجہ ہے تو اظہار فرما تا اپنی طاقت کے موافق سعی کی جا وے کنجشک نے
اپنا حال زار اس طرح مشروحاً بیان کیا کہ اگر سنگ خارا کے سامنے کہتا تو اُسکا

سمندر بمعنی سمنی یعنی سرخی و نافرمانی ۱۲
سمندر نفتح ز و دال نام جانورے است از آتش
ببرا شود دہمندران تربیت کنند ۱۲
فضا بالفتح صحن پیش دار و ساحت خانہ و میدان ۱۲

بھی دل مانند موم آتش رسیدہ کے نرم ہو جاتا سمندر کو اس حال کے سننے کے بعد رقت
لاحق ہوئی اور کہا کہ صبر کر انشاء اللہ تعالی عنقریب اس بلا کو تیرے سر سے دفع کرتا
ہون یعنی وہ تدبیر سوچتا ہون کہ خانہ اور آشیان اُسکا اور جو کچھ کہ اسمین ہو سوختہ ہو کر
برباد و فنا ہو جائے مگر نشان اپنے آشیانے کا تبا کنجشک نے پتا اپنے مکان کا اس طرح دیا کہ
زیادہ تر مشاہدہ سے اُسکے خیال مین آ گیا اسکے بعد کنجشک کو رخصت کیا اُسنے اپنے آشیانے کیطرف
بہزار سرور رجوع کی اور سمندر شب کو اپنے ہمجنسون کی جماعت ساتھ نفط اور گندھک لیکے
متوجہ اس مقام کا ہوا اور نزدیک پہونچ کے آہستہ آہستہ باشے کے قریب نفط اور گندھک تمام
آشیانے پر چھڑک گیا اور وہ اپنے جوڑے اور بچون کے ساتھ خواب ناز مین غافل تھا اُسیوقت
حکم خدائے قہار سے تند باد وزان ہوئی اور نفط نے دفعۃً آگ لی اور شعلہ بھڑکا کہ زن و
بچے باشے کے سب جل گئے اور یہ مثل اسلیے بیان کی ہو کہ جو کوئی دفع دشمن مین کوشش
کرے اگرچہ خود ضعیف اور دشمن قوی ہو مگر ظفر اور فتحیابی کی اُمید ہو کلیلہ نے کہا یہ بات
اُلٹی تیرے خیال مین سمائی ہو یعنی جو کوئی کسی ضعیف کو بے جہت ستاتا ہو اور حسد کو کہ
مردود خدا ہو دل مین جگہہ دیتا ہو عوض اُسکا بہت جلد پاتا ہو۔ چہ جائے کہ دشمن قوی
اور خود ضعیف ہو اور آپ ہی بے سبب حسد سے ارادہ بدی کا کرے تو یقین ہو کہ خود
خراب ہو جاوے آگے غیب دان جانے ظاہر اشیر نے اُسے اختصاص بخشا ہو اور عہدہ
سرفرازی اُس کو دیا ہو اور صحبت اُس سے برار ہو پس مزاج شیر کا اس سے متغیر کرنا
بہت مشکل نظر آتا ہو اور بادشاہ جسے کہ سرفرازی دیتے ہین بے سبب قوی اسے خوار و ذلیل
نہین کرتے ہین اور جسکو کہ اُٹھاتے ہین بغیر وقوع خطائے عظیم نہین گراتے ہین سو وہ چند
مقام ہین اور حاصل اسکا یہ ہو کہ جب تک اس سے عداوت اور دولت سلطنت اور
افشائے راز سرزد نہین ہوتا ہو اور حد تحقیق کو نہین پہونچتا ہو تب تک زنہار اُسے
ذلیل نہین کرتے ہین اور بادشاہی کے لائق بھی یہی ہے والا اعتبار سلطنت و جہانداری

جہان سے اُٹھ جائے بیت چوب راآب فرو می نبرد باعث چیست ۞ شرمش آید
زفرد بردن پرورده خویش ۞ اور مانند اسکے یہ دوہا بھی ہی دوہا جل کاٹے بورے
نہین کہو کہان کی پریت ۞ سینچا جانکے ہی برون کی ریت ۞ دمنہ نے کہاکہ کوئی سبب
اس سے زیادہ کیا ہوگا کہ بادشاہ نے اُسکی پرورش مین مبالغہ کیا ہی اور کل ارکان دولت
پر مرتبہ اسکا یہانتک بڑھایا ہی کہ بادشاہ کی ملازمت سے سب متفرق ہین اور منافع خدمت
اور صلاح دہی اُن لوگون کی بالکل موقوف ہوا اور ایسی صورتون مین آفت بزرگ سلطنت
پروارد ہوتی ہی اور حکمانے کہا ہی کہ آفت ملک کی چھ چیزون پر متصور ہی اول ارکان
دولت کو نا امید کرنا دوسرے ایسے فتنے کہ جسنے لڑائیان بے سبب درپیش کین اور بے سوچ
کام کیے اور تلوار دشمنون کی اکثر نیام سے باہر آئی تیسرے ہوا خواہ یہانتک رنجیدہ ہون کہ
بادشاہ کی عیب گوئی پر آئین اور بادشاہ عیش وعشرت اور لہو لعب مین مشغول رہے اُنکی
استمالت سے بے پروائی کرے چوتھے گناہون کی کثرت سے مانند قحط اور وبا اور زلزلہ
اور غرق و حرق اور اُس کے مانند بلائین پیش آئین پانچوین جنگ کی جگہ صلح اور مقام
صلح مین جنگ کرے اور بادشاہ کو چاہیے کہ باب قہر کو بند کرے اور دروازہ لطف کا کھولے
کہاکہ یہ حال جو تونے بادشاہ کا بیان کیا اسمین قصور شنزبہ کا کیا ہی کہ بادشاہ نے اسپر
الطاف کیے کوئی ایسا ہی کہ بادشاہ اسے سرفراز کرے اور وہ انکار کرے لیکن تونے خیرخواہی
نخواہی انتقام پر کمر باندھی ہی اور مکین شنزبہ پر بیٹھا چاہتا ہی کہ کسی طرح اسے ضرر
پہونچے اور مین یہ جانتا ہون کہ اندیشہ ضرر کا کسی کے حق مین بطریق مکافات بھی بناہی
ضرر کرنا ہی اور اس بارہ مین مؤلف نے سچ کہا ہی بیت اُسی کا بُرا جلد ہوتا ہی گویا ۞
جو کوئی کسی کا بُرا چاہتا ہی ۞ اور جو کوئی دیدۂ عبرت کھولے گا اور مکافات نیک و بد کا لحاظ
کریگا تو غالب طرف نیکی کے آئیگا اور ہاتھ اور زبان کو ایذاے مخلوق سے محفوظ رکھیگا جیساکہ
بادشاہ دادگر کا حال گذرا دمنہ نے پوچھا کہ بادشاہ دادگر کا حال کیونکر تھا حکایت کلیلہ نے

کہا کہ اگلے زمانہ ماضی مین ایک بادشاہ تھا ظالم خونخوار ستم پیشہ غریب آزار دست تعدی
دراز کیا تھا اور پاے طغیان جادۂ اعتدال سے باہر رکھتا تھا ایک عالم نے اسکے لیے
دست بدعا اُٹھائے تھے اور زبان نفرین کھولی تھی ایکدن یہ بادشاہ سیر و شکار سے پھر آیا
اور منادی کی کہ مین نے اپنی عمر شکستہ پاؤن کی آزار رسانی اور ضعیفون کی ایذا دہندی مین
بسر کی اور خرابی آخرت مین کوشش کرتا رہا اب توبہ صادق کرتا ہون اور عہد مضبوط
باندھتا ہون کہ بعد الیوم[له] دست ظلم دامن رعایا تک نہ پہونچنے دونگا اور پاؤن کسی ستمگر کا
کوچہ برایا مین نہ پڑنے پاے گا بیت رعیت کو دلتنگ رکھے جو شاہ ✢ نہ کیونکر رعیت ہو
اُسکی تباہ ✢ رعایا کو اس خوشخبری سے جان تازہ حاصل ہوئی اور فقیران ستم رسیدہ کا اس بشارت
سے گل مراد باغ امید مین شگفتہ ہوا آخر نوبت عدالت اسکی یہان تک پہونچی کہ بچہ آہو شیر بادہ[سه]
شیر بیخوف و خطر پیتا تھا اور موش گربہ کے ساتھ بازی کرتا تھا القصہ حال اُسکے عدل کا یہانتک
پہونچا کہ بادشاہ دادگر اُس کا لقب ہوگیا بیت یہ رعیت اُسے معدلت پہ ہوئی ✢ دھوپ مین
کی نگہبان صرصر[مه] ہوئی ✢ ایک ندیم[صه] بادشاہ نے وقت فرصت پاکے عرض کیا کہ بادشاہ عدالت
پناہ کی عمر دراز ہو سبب اسکا کیا ہے کہ مزاج اقدس فتنۂ ظلم و جفا سے احسان و وفا کی طرف
مائل ہوا ہے بادشاہ نے فرمایا کہ مین ایکدن شکار مین کوشش کرکے ایک درخت کے سایہ مین
کھڑا ہوکر ہر چہار طرف نگاہ کرتا تھا دیکھا کیا ہون کہ سگ شکاری ایک روباہ کے پیچھے دوڑا
اور اُسکا پاؤن پکڑکے اتنا چبایا کہ استخوان ریزہ ہوگئے روباہ واویلا کرتی ہوئی ایک غار
مین در آئی وہ کتا تھوڑی دور گیا تھا کہ پیادے نے پتھر مارا پاؤن اُسکا بھی ٹوٹ گیا پیادہ
چند قدم چلا تھا کہ گھوڑے نے لات ماری پیادہ بھی لنگڑا ہوا گھوڑا تھوڑی دور گیا تھا پاؤن
ایک سوراخ مین پڑگیا نلی اُسکے پاؤن کی بھی چور چور ہوگئی جبکہ یہ تماشا دیکھا اپنے دل مین
سمجھا مین کہ مکافات بدی کی بدی ہے کیا اِن سبنے کیا اور کیا پایا جو کہ اختیار کریگا اسکا نتیجہ بھی آخر
دیکھے گا وہ چیز کہ جس سے راضی ہوگا اور یہ مثل اسلیے بیان کی ہے کہ مکافات بدی ہوڑے اور

له اسکے بعد آج کے دن سے ۱۲
سه نفیس پیدا ہو دو پیالہ بادشاہ تخت ۱۲
مه تیز ہوا ۱۲
صه پاس بیٹھنے والا ۱۲
ع جمع عوض
بد کرداری ۱۲

مقام بداندیشی سے کنارہ کرے مبادا کہ وبال اُسکا تیرا بلاے جان ہو جاوے اور حاصل
اس حدیث کا یعنی من حفر بیرا لاخیہ فقد وقع فیہ تجھے بھی پیش آئے اور ایک بزرگ نے فرمایا
ہی کہ بدی نکر بدی پائیگا اور گڑھا کسی کی راہ مین نکھود آپ گر پڑیگا دمنہ نے کہا مین واقعی
مظلوم ہون نہ ظالم ستمکش ہون نہ جفا کیش پس جو کوئی ظالم سے عوض لے اُسے کیون ضرر
ہونے لگا کلیلہ نے کہا کہ اُسنے تجھپر کیا ظلم کیا ہی بادشاہ نے اُسپر کرم کیا اور تجھے اپنا حسد آپ آزار ہوگیا
شنزبہ کا اسمین کیا گناہ بالفرض اس شکل مین اگر تجھے ضرر نہ پہونچے لاکن ہلاکت شنزبہ مین سعی تیری کیا
کام آیگی تجھ سے قوت اسکی زیادہ ہی اور بہین ہتیار رکھتا ہی اور خود بادشاہ اسکا حامی و مددگار ہی
دمنہ نے کہا کہ بنا رکار قوت بسیار اور مددگار ان بیشمار پر نہین ہی رائے درست اور تدبیر حسب اس
مقام مین مقدم جاننا چاہیے کس واسطے کہ جو تدبیر و تزویر سے ایسے مواقع مین کام نکلتا ہی وہ زور
وقوت سے ہرگز نہین بن آتا ہی کیا نہین سنا ہی تونے ایک زاغ ناتوان نے بتدبیر عقل مار خونخوار
کو ہلاک کیا کلیلہ نے کہا یہ کیونکر تھا **حکایت** دمنہ نے کہا کہ ایک زاغ نے کوہ مین آشیانہ کیا
تھا اور اُس آشیانہ کے نزدیک سوراخ تھا اُسمین ایک سانپ رہتا تھا کہ اُسکا زہر ہلاکت اور
لعاب بیخ وندان مبطل حیات تھا جبکہ یہ زاغ بچے نکالتا تھا سانپ کھا لیتا تھا زاغ کے جگر مین
صدہا داغ فرزندون کی ہلاکت سے پڑ گئے تھے جبکہ نوبت سانپ کی ستمگاری اور زاغ کی
بیقراری کی حد سے درگذری شکایت اس حال کی ایک شغال سے کہ دوست اُسکا تھا کہی اس
زندگی سے ہزار بار موت کو چاہتا ہون کہ اس ظالم شکاری کے ہاتھ سے کوئی تدبیر نجات کی نہین
ہم پہونچتی ہی اور حب الوطن بھی نہین چاہتا ہون کہ وطن موروثی کو چھوڑ دون اور حمیت بھی
رخصت نہین دیتی ہی کہ اپنے بچون کا عوض لیے بغیر اور طرف نکلجاؤن ای یار وفادار تو کچھ تدبیر بتا
کہ مین اس بار غم سے سبکدوش ہون شغال نے کہا تو نے بھی کچھ تدبیر اپنے دلمین دفع کی ٹھرائی ہی
زاغ نے کہا کہ یہ تدبیر ہی کہ جب شب کو یہ سانپ خوب غافل ہوکر سو جاوے تو منقار سے دونون
آنکھین نکال لون شغال نے کہا کہ یہ تدبیر راہ صواب سے دور ہی خردمند قصد دشمن کا اسطرح کرتے ہین

حکایت زاغ ناتوان

مبطل بضم میم ... باطل کنندہ ۱۲

کہ خطرہ اپنا متصور نہو تو اس تدبیر کا ہرگز قصد نہ کرنا مانند ماہی گیر کے کہ کچھوے کی ہلاکت کا ارادہ
کیا اور جان عزیز اپنی برباد کی ہلاک ہوگیا زاغ نے کہا کہ یہ قصہ کیونکر تھا حکایت شغال نے
کہا کہ ایک ماہی گیر تھا کہ کنارہ دریا کا اختیار کیا اور بنا بر تلاش رزق مچھلیون پر رکھی تھی یعنی
بقدر حاجت ہر روز مچھلیان بیچ کے گذران کرتا تھا جبکہ ضعف پیری نے اعضاے بدن مین جگہ پکڑی
اور قوت نے جواب دیا اور قوت لایموت سے درماندہ ہوا اور شکار کی قوت کچھ باقی نرہی دام غم مین
گرفتار رہوا اور دل مین کہتا تھا کہ افسوس عمر غفلت و اسراف مین بسر کی اور ایام پیری کے واسطے
کچھ ذخیرہ نہ کیا آج کہ قوت پیدا کرنے کی قوت باقی نرہی کیا تدبیر کرون اور کس طرح باقی عمر بسر
کرون اب بہتر یہ ہی کہ دام شکار پھینکدون اور دام فریب بچھاؤن اس کے سوا کوئی تدبیر نہین
آتی ہو غالب ہی کہ اس حیلے سے باقی عمر بسر ہو جاوے یہ فکر دل مین کر کے ایک دن اندوہناک
آہ کرتا ہوا اور نالے بھرتا ہوا لب آبگیر آ بیٹھا ایک کچھوے نے کہ مدت سے اُسکا آشنا سا تھا سر
باہر نکالکے پوچھا کہ اے یار عزیز باعث تیری غمناکی کا کیا ہی کہ حد سے زیادہ تجھے نزار دیکھتا ہون
ماہی گیر نے کہا کہ کیونکر غمناک نہون تو جانتا ہی کہ میرا مایہ زندگانی یہی تھا کہ اس آبگیر سے بقدر ضرورت
ایک دو مچھلیان شکار کرکے اس سے معیشت کرتا تھا چندان ضرر مچھلیون کو بھی نہ پہونچتا تھا کہ پیدایش
اور افزایش اُنکی بہت اور خرچ میرا تھوڑا ہی سو آج ماہی گیر سلطانی کہ اس راہ سے گذرے
آپس مین گفتگو کرتے تھے کہ والی شہر کو ماہی کے شکار کا شوق ہوا ہی اسلیے ہمین خبر کو بھیجا ہی
کہ جس جگہ مچھلیان بہت ہون خبر لاؤ کہ وہان چل کے شکار کرون سو دریافت ہوا کہ اس آبگیر
مین مچھلیان بہت ہین کل ہزارون دام اسمین پڑ جائین گے اور ایک مچھلی نہ بچے گی یہ سُنکر
مین نے ہر چندان سے ساجت کی کہ اس آبگیر سے رزق میرا جاتا ہی بادشاہ کو اور آبگیر پر
لیجاؤ اور میری پیری پر رحم کرو اُنھون نے ہرگز نہ مانا سو مین مبتلا ہون کہ کل ان مین
سے ایک ماہی باقی نرہیگی بس مین کیا کرون گا اور کدھر جاؤنگا یہ سُنکر کچھوا آبگیر مین
گیا اور یہ ماجرا مچھلیون سے بیان کیا خروش تمام آب گیر مین پیدا ہوا کچھوے کے ساتھ

حکایت ماہی گیر

سب مچھلیان ماہی گیر کے نزدیک آئین اور کہا کہ ہمین راہ نجات خیال مین نہین آتی ہی
اب تجھسے مشورہ پوچھتے ہین حدیث شریف مین آیا ہی المستشار موتمن مشورہ دینے والا امین ہوتا
ہی اگر دشمن بھی پوچھے تو اُسے صلاح نیک دے چہ جاے نفع تیرا ہماری حیات مین
شریک ہی اب تو بتا کہ ہم کیا کرین اور کیونکر اس بلا سے بچین صیاد نے کہا کہ وہ ماہی گیر
بادشاہی مجھسے ان سے صورت مقابلہ کی نہین ممکن الا ایک تدبیر میرے خیال مین گذرتی ہی
اگر تم کرو تو کوئی تمھارا کچھ نہین کر سکتا ہی یعنی یہان سے نزدیک ایک گنبد آبگینہ کہ پانی اسکا
صفا مین صبح صادق سے دم برابری کا مارتا ہی اور عکس آئینہ گیتی نما سے سبقت لے گیا دانہ
ریگ اسکی تہ سے صاف نظر آتا ہی اور اسقدر پانی ہی کہ کسی تدبیر سے اسکی تہ تک دام ماہی گیر کا
بلکہ خیال بھی پہونچ سکتا نہین ہی تم چلکر پناہ اسمین لو جبکہ بادشاہ آئیگا آبگیر کو خالی پائیگا
وا اداروں کو سزا ملے گی اور آیندہ پھر کوئی قصد آبگیر کا نہ کرے گا پھر تمھین اختیار ہی خواہ
وہین رہو خواہ اپنے وطن قدیم کو مراجعت کرو مچھلیون نے کہا کہ صلاح نیک تو نے فرمائی
لیکن تیری مدد کے سوا ہم کیونکر وہان پہونچین گے ماہی گیر نے کہا کہ جو کچھ میری قوت سے
ہوسکے گا دریغ نہ کرونگا فرصت بہت کم ہی مچھلیون نے زاری کی کہ مددگاری ہماری ضرور
فرما کہ اللہ تعالی ضائع نہین کرتا ہی اجر احسان کرنے والون کا صیاد نے کہا کہ تامل کرو کہ
مین صیادان بادشاہی تک جاکے ایک تدبیر کرتا ہون اگر بن آئی تو تم سے دریغ نہ کرونگا
ماہی گیر جاکے تھوڑی دیر کے بعد آیا اور کہا کہ مین نے ہزار حیلے سے ایک مہینا باز رکھا ہی جب
وہ بادشاہ کو طرف شکار کے لائین گے تب تک تمکو بدفعات اُس آبگیر تک پہونچا دونگا
اب آؤ دو چار کو اپنے دوش پر رکھکے پہونچا دون یہ ہر روز چند مچھلیان اسی فریب سے
لیجاتا تھا ایک کو کھاتا تھا اور باقیون کو بیچتا تھا اور جبکہ یہ ماہی گیر لب آبگیر آتا تھا ایک دوسرے
پر افسوس کرتی تھین اور چشم خرد اُسکی سہو اور غفلت پر پردی تھی اور کہتی تھی کہ جو فریب دشمن پر
فریفتہ ہوگا اور خسیس بدگوہر کے قول و فعل کا اعتماد کریگا انجام اُسکا بخیر نہوگا جیسا کہ کیکڑی

ہندی نے کہا ہی دوہا منتی پر اور ہیت جو تیری کے پتیا ہی + سوت نروے راڑ پر پھر پاچھے پچھتائے + مچھلیان بیشتر جا چکین اور نوبت اُس کچھوے کی آئی ماہی گیر سوچا کہ اسے کبھی بازار مین مجھسے کوئی چور نگ کے واسطے چند آنے کو لے لیگا یہ سوچ کے کچھوے کو دوش پر بیچلا جبکہ کچھوا سمجھا کہ اسنے راہ لی شہر کی معلوم کیا کہ اس غدار نے اسی مکاری سے کام سب کا تمام کیا ہی اب نوبت میری ہی پس بہتر یہ ہی کہ جو وقت گریز باقی نہ رہے تو دست شمشیر تیز پر رکھنا ضرور ہی اب کوشش کرنا چاہیے دو حال سے خالی نہین ہی اگر کام دشمن کا تمام کیا تو نام مردانگی صفحۂ روزگار پر باقی رہا اور اگر مرگئے تو بھی کوئی بے حمیتی نہ کہیگا **قطعہ** چو خصم قصد تو کرد از برائے دفع ضرر + بجد وجہد بکوش از بعقل مشہور ے + اگر مراد بدست آیدت بکام رسی + دگر بجہ نرسد آنزمان تو معذور ی + اسکے بعد کچھوے نے جست کرکے حلق ماہی گیر کا پکڑا اور چبانا شروع کیا ماہی گیر ضعیف و پیر تھوڑے سے فشار مین تمام ہو گیا اور کچھوے نے آبگیر کی راہ لی جبکہ منزل کو پہونچا ماجرا اپنا اور ماہی گیر کا بیان کیا اور ماہیان گذشتہ کی تعزیت کے بعد باقیماندون کو تہنیت زندگانی کی دی سب خوش ہوئین اور مچھلیون نے حیات اپنی دوبارہ سمجھی اور یہ قطعہ تکرار کرتی تھین **قطعہ** مرگیا دشمن کوئی دم شادمانی کیجیے + عمر آدم ہی جو دم بھر زندگانی کیجیے + مرگ دشمن سے شماتت کیا مگر شادی سے اب + زرد ہی غم سے جو چہرہ ارغوانی کیجیے + پس یہ مثل اسواسطے بیان کی ہی تا جانے تو کہ اکثر لوگ اپنے حیلہ سے آپ ہلاک ہوے ہین بلکہ تجھے وہ صورت بتاؤن کہ اگر اسکے موافق کام کرے تو تیری بقا اور دشمن کی ہلاکت کا سبب ہو زاغ نے پوچھا کہ وہ کیا ہی شغال نے کہا کہ شہر کی طرف اُڑکے جا اور چپ و راست نظر کر کوئی چیز ایسی کہ جسے تو اُڑا سکتا ہی منقار مین لیکر اُڑ مگر اس طرح کہ آدمیون کی نظر سے غائب نہو جانا غالب ہی کہ مالک اس چیز کا تیرا تعاقب کرے جبکہ تو نزدیک مار کے پہونچے اُس چیز کو چھوڑ دینا جبکہ اس کو دیکھین گے اول کام اُسکا تمام کرین گے اسکے بعد اُس چیز کو لینگے اور تو بے رنج و مشقت دشمن سے مخلصی پاے گا

۱ باغ شاخ و تن فلک دغا و ماہی دشمن از چہرہ ۱۲

۲ فشار بالفتح اول بسرعت فشار دو بانے ہو درجیختن ۱۲

۳ چہرہ تہنیت بالفتح بمعنی سخن و ارغوانی نوعی گل رنگ سرخ

۴ چپ بمعنی بایان است و راست بمعنی دست راست ۱۲

بموجب مشورے شغال کے زاغ نے پرواز کی دیکھا کہ ایک بام پر ایک عورت غسل کرتی ہی
اور سب کپڑے اُتارے ہین انہین سے ایک کپڑا منقار مین لے کر اوڑا اور لوگ پیچھے دوڑے
زاغ بموجب صواب دید شغال کے آہستہ اوڑا جاتا تھا جبکہ نزدیک سانپ کے پہونچا منقار سے
اُس کپڑے کو چھوڑ دیا لوگون نے آتے ہی کام اُس سانپ کا تمام کیا اور زاغ نے بلا مارے
نجات پائی کریہ **شعر** دفع دشمن ہوگیا اب اشک خون پالا کہان + درد سینے مین کہان ہنوٹون
پر اب نالہ کہان + دمنہ نے کہا یہ مثل اِس لئے بیان کی ہی تا جانے تو حیلے اور عقل سے جو کام
ہوتا ہی زور و قوت سے وہ نہین ہوتا ہی کلیلہ نے کہا حیلہ تیرا گاؤ سے پیش نہین جائیگا وہ قوت و
شوکت اور عقل و فراست مین تجھسے بہت زیادہ ہی شاید کہ داستان خرگوش کی تو نے نہین
سُنی ہی دمنہ نے کہا یہ قصہ کیونکر ہی **حکایت** کلیلہ نے کہا کہ ایک بھیڑیا بھوکا بتلاش طعمہ
صحرا مین ہر طرف دوڑتا پھرتا تھا اور خرگوش ایک سایہ مین غافل سوتا تھا بھیڑیے نے دیکھکے
غنیمت جانا اور آہستہ اُسکی طرف روانہ ہوا خرگوش نے نسیم دم اور آسیب قدم سے متنبہ
ہوکر جست کی اور چاہا کہ بھاگے بھیڑیے نے راہ اُسکی روکی اور کہا کہ کہان جاتا ہی خرگوش پر
خوف غالب آیا تضرع آغاز کیا اور روے نیاز زمین پر رکھا اور کہا کہ جانتا ہون مین کہ آتش
گرسنگی امیر سباع کی جوش پر اور نفس امارہ طلب غذا کے واسطے اضطراب مین ہی مگر اس جثہ
ناتوان وضعیف سے ایک لقمہ بھی امیر کا نہوسکے گا مگر یہان سے نزدیک ایک روباہ ہی کہ
نہایت فربہی سے راہ چل نہین سکتی ہی اور گوشت اُسکا تر و تازگی سے مانند آب حیات کے اور خون
اُسکا تازگی اور شیرینی مین شربت قند و نبات کے برابر ہی امیر اگر وہان تک قدم رنجہ فرماے تو
تو مین اسے کسی حیلے سے پکڑا دون ناشتاے معقول ہو اور اگر اس سے بھی سیری نہو تو مین حاضر ہون
مجھے نوش فرمائیے بموجب مصرعہ دیگران را در کمند آور کہ ما خود بندہ ایم + بھیڑیا خرگوش
کے افسون پر فریفتہ ہوکر روباہ کی طرف روانہ ہوا اور وہ روباہ مکاری اور فرمیندگی
مین شیطان کو درس دیتی تھی اور نیرنگ سازی اور شعبدہ بازی مین وہم و خیال سے سبقت

لیجاتی تھی خرگوش جبکہ غار روباہ کے نزدیک پہونچا بھیڑیے کو باہر کھڑا کرکے آپ اُسکے غار مین گیا اور
بصد تعظیم سلام کیا روباہ نے بھی بکمال نیاز جواب سلام دیا اور کہا بیت خوش آمدی
زکجا آمدی بیا بنشین ✤ بیا کہ سید بہت در دو دیدہ جا بنشین ✤ خرگوش نے کہا کہ مین مدت سے
ملاقات شریف کی تمنا مین رہتا تھا بسبب مواقع روزگار غدار اور بسبب بیوفائی زمانہ ناہنجار کے
ملاقات سے محروم تھا در نیولا ایک عزیز کہ ملک کرامت مین بادشاہ سرفراز اور عرصہ ولایت مین
پیر مرید نواز ہی اتفاق حسنہ سے اس دیار مین تشریف لایا ہی اور شہرہ زاویہ گزینی اور
گوشہ نشینی اس جناب کی سن کے اس بندۂ حقیر کو وسیلہ ملاقات کروانا چاہتا ہی کہ دیدۂ
دل اس جناب کے جمال جہان آرا سے منور کرے اور مشام جان کو خوشبوے انفاس مشکین عبیر سا
سے معطر بنائے اگر اجازت ہو تو بہتر ہی والا آزردہ جانا ایسے قطب وقت کا اچھا نہین ہی لمولفہ
دم عیسی کے برابر ہی دم درویشان ✤ باعث رد بلا ہی قدم درویشان ✤ روباہ نے طرز کلام
سے اس فریب کو سمجھا اور دل مین خیال کیا کہ مین بھی انکے ساتھ بطور انھین کے سلوک کرون
اور شربت انکا انھین کے حلق مین ڈالون بموجب مصرع کلوخ انداز را پاداش سنگ است ✤
روباہ نے کہا کہ مین نے کمر خدمت مسافرون کے واسطے باندھی ہی اور دروازہ زاویہ کا مہمانون کے
مُنھ پر کھول رکھا ہی خصوصاً ایسا عزیز کہ اس خوبی سے بیان جسکا کرتا ہی اور ایسا صاحب کمال
کہ جسکی تعریف اِس درجہ فرماتا ہی اُسکی مہمانداری مین کیونکر تقصیر کرونگی اور جانتی ہون من الضیف
اذا نزل نزل برزقہ بزرگون نے بھی کہا ہی قطعہ ہر کرا بینی بعالم روزی خود میخورد ✤ گر زخوان
تست نانش یا زخوان خویشتن ✤ پس گرامنت زمہمان داشت باید ہر آنکہ ✤ میخورد در خوان
احسان تو نان خویشتن ✤ لمولفہ اپنی قسمت کے سوا کھاتا نہین کوئی بشر ✤ اپنے گھر مین بیٹھکر وہ
کھائے یا اورون کے گھر ✤ اُسکا تو مرہون احسان ہو جو کھائے تیرے ساتھ ✤ یعنی کھاتا ہی وہ
اپنا تیرے دسترخوان پر ✤ اُمیدوار ہون کہ اتنا توقف فرما کہ گوشۂ کاشانہ کو جاروب کرون
اور قدم مبارک کے واسطے فرش لایق حال بچھالون خرگوش سمجھا کہ افسون میرا اسیر

کارگر ہوا کہا کہ مہمان مرد بے تکلف ہی اور درویش مشرب آرایش کو مکان اور تکلف کے
فرش کی حاجت نہین ہی لیکن خاطر عاطر اگر مائل تکلف ہی اس سے بھی انکار نہین رکھتا
ہی یہ کہکر باہر آیا اور تمام ماجرا بھیڑیے سے کہا اور تعریف لحم وشحم وتازگی وتری سے
خوشخبری تازہ دی بھیڑیا بھی دندان طمع تیز کر کے انتظار مین گوشت فربہ کے منہ بنا رہا
تھا اور خرگوش اس تصور مین تھا کہ جب یہ روباہ کے کھانے مین مصروف ہوگا مین راہ
فرار لونگا مگر روباہ جہاندیدہ نے پیش ازین از راہ احتیاط مسکن کے گوشے مین ایک غار
تاریک کھود رکھا تھا اور خس وخاشاک اُس غار کے مُنھ پر بچھا یا تھا اور ایک راہ مخفی اپنے
نکلجانے کو جدا بنا رکھی تھی جلد جلد اُس خس و خاشاک کو درست کر کے آواز دی کہ اے
مہمانون جلد قدم رنجہ فرماؤ یہ کہکر جلد اُس راہ نہانی سے دوسرے غار مین جا کھڑی ہوئی
خرگوش اور گرگ دونون جلدی سے درآئے جبکہ پانؤن خاشاک پر پڑا دونون اس غار
تاریک مین گر پڑے بھیڑیا سمجھا کہ یہ فریب اِسی خرگوش کا تھا کہ مجھے گرفتار کیا غصے مین آخر
خرگوش کو چیر ڈالا اور وہ بھی اُسمین ہلاک ہوا اور روباہ سلامت رہی یہ مثل اسواسطے کہی ہی
تا جانے تو کہ مرد ابلہ سے حیلہ پیش جاتا ہی اور جو کہ عاقل اور صاحب احتیاج ہین وہ کب کسی
کے افسون وافسانے کا فریب کھاتے ہین دمنہ نے کہا یہ سچ ہی کہ جو فرمایا تو نے لیکن گاؤ از بس
مغرور اور میری دشمنی سے غافل مطلق ہی بلکہ دوست جانتا ہی اس غفلت مین اُسے مار لونگا کیا
نہین جانتا کہ عذر خرگوش کا شیر مین اثر کر گیا اور اس لئے کہ اُسکے مکر سے غافل تھا باوجود خرد
وکیاست کے ورطۂ ہلاکت مین پڑا کلیلہ نے پوچھا کہ یہ کیونکر تھا **حکایت** دمنہ نے کہا کہ حوالی بغداد
مین ایک مرغزار تھا کہ اُسکی بو سے نسیم بہشت معطر تھی یہ اشعار ناسخ کے اُسکے حسب حال ہین
مثنوی مانند شفق ہین پھول رنگین ٭ ہی رشک نجوم لطف نسرین ٭ سنبل مین ہی طور دود دود آہ
شبنم مین ہی جلوۂ کواکب ٭ نہرین ہین لطیف مثل کوثر ٭ لہرین ہین تمام سلک گوہر ٭
جو نخل ہی شان مین ہی طوبےٰ ٭ سبزے سے بنے ہی وشت چرخ خضرا ٭ پانی ہی اثر مین آب حیوان ٭

نظارہ ہی جسکا مایۂ جان ÷ اور اس مرغزار کے پرندے اور چرندے خصوصاً خرگوش کہ
اُس مرغزار کے بادشاہ تھے بسبب خوبی ہوا اور لطف فضا اور کثرت نعمت ہاے
گوناگون کے عمر اپنی خوشی سے بسر کرتے تھے وہان ایک شیر تند خو بلا جو وارد ہوا کہ ہر روز خرگوش
وہان کے اُس ستمگار کے ہاتھ سے ہلاک ہوتے تھے اور سب کا عیش زندگانی اسکے خوف سے
تلخ تھا ایک روز سب مشورہ کرکے نزدیک شیر کے آئے اور زمین ادب کو بوسہ دے کے کہا
کہ بادشاہا ہم تیری رعیت ہین اور تو بہزار محنت و مشقت ہر روز ایک کو شکار کرتا ہی اور
ہم سب تیرے خوف سے ہر دم مبتلاے رنج رہتے ہین اس لیے ہمنے صلاح ٹھہرائی ہی
کہ آپ کی فراغت کا سبب ہوا ور ہمکو امن و راحت رہے اگر بادشاہ ہمارا متعرض حال
نہو تو ہم ہر روز چاشت کے وقت مطبخ شاہی مین ایک خرگوش پہونچا دیا کرین اور کبھی اس
وظیفہ مین تقصیر نہ کرین شیر اسپر راضی ہوا اور یہ سب ہر روز قرعہ ڈالتے تھے جسکے نام
پر نکلتا اُسکو بطریق وظیفہ شیر کے پاس بھیجدیتے اسی طرح ایک مدت گذر گئی ایکدن ایک
خرگوش کے نام پر قرعہ نکلا اُسنے کہا کہ اگر تم میرے کہنے پر عمل کرو تو مین تمھین اس شیر کے شر سے
نجات دلوا دون سبنے کہا کہ اس سے کیا بہتر ہی خرگوش نے اپنے جانے مین اتنا توقف کیا کہ
وقت شیر کا گذر گیا اور قوت سبعی شیر کی حرکت مین آئی غصے اور غضب سے نعرہ مارنا شروع کیا وہ
خرگوش اُسوقت آہستہ آہستہ شیر کے نزدیک آیا دیکھا کہ نہایت غضب سے دم زمین پر مار رہا ہی
اور نقض عہد کو بار بار یاد کرتا ہی اُسوقت خرگوش نے سلام کیا شیر نے پوچھا کہ کہان سے آتا ہی
اور حال وحوش کا کیا ہی کہ ہماری چاشت مین بدعہدی کی خرگوش نے عرض کیا کہ کیا طاقت
غلامون کی کہ بادشاہ سے بدعہدی کرتے آج کہ بدستور سابق ایک خرگوش آپ کے وظیفہ کا
میرے ساتھ آتا تھا ایک شیر راہ مین ملا اُسنے چھین لیا ہر چند مین نے کہا وظیفہ بادشاہ کا ہی
بے ادبی مناسب نہین تو حرکت بیجا کرتا ہی اُسنے جواب دیا کہ وہ کون ہوتا ہی یہ شکار میرا ہی
اس سے کہدو کہ اب مرغزار سے بھاگ جائے اور لاف گزاف اس درجہ زبان پر لایا کہ مین

اُسے عرض نہین کرسکتا ہون مجھ غریب کو کہان طاقت اُس سے ہمسری کی تھی اتنا البتہ مین نے
کہاکہ ایک ساعت مین تجھے حال اپنا معلوم ہوجائیگا شیر گرسنہ کی رگ حمیت حرکت مین آئی
اور کہاکہ اے خرگوش اُسکا مکان مجھے بتاکہ وہ کہان بیٹھا ہے خرگوش نے کہاکہ مین جانتا ہون
اور دل مین ایک آگ لگ رہی ہے کہ وہ کلمات بےادبی کے سُنے کہ جو اُسکی زبان پر آئے مین چاہتا
ہون کہ عوض خیرہ سری کا وہ برگشتہ بخت بھی پاے تو خوب ہے شیر نے کہاکہ آگے چل اور مجھے
بتادے شیر سادہ دل اُسکے فریب سے غافل خرگوش کے پیچھے روانہ ہوا خرگوش ایک چاہ عمیق پر
لے گیا اور کہاکہ اے بادشاہ مین نہایت اُس سے ڈرتا ہون اگر بادشاہ مجھے اپنی گود مین لیکے
اُس کنوئین مین جھانکے تو مین بتادون شیر نے اُسے گود مین لے کر کوئین مین جھانکا عکس اپنا اور
اُس خرگوش کا پانی مین دیکھا سمجھا کہ یہ شیر وہی ہے کہ خرگوش کو چھین لے گیا گود مین لیے بیٹھا ہے
شیر نے اُس خرگوش کو کنارے پھینکدیا اور کنوئین مین کودا وہین غوطون مین واصل جہنم ہوا
خرگوش نے وحوش کو مبارکباد دی سب مسرور ہوکر شکر پروردگار مین مشغول ہوے اور امن امان
سے باقی عمر بسر کی اس مثل کی ایراد سے معلوم ہوا کہ دشمن ہر چند قوی ہو مگر راے درست سے
دست تدبیر اُسپر پہونچ جاتا ہے کلیلہ نے کہا اگر بیل کو تو ہلاک کرڈالے اور شیر کو اسکے بعد رنج پہونچے
تو تیرے حق مین سم قاتل ہوجائے اور اگر شیر کو رنج کچھ نہ پہونچے اور ہلاکت شنزبہ کی ہوجاوے تو
مضائقہ نہین ہے مگر یہ دور از قیاس اور بعید از عقل ہے اور جس صورت مین کہ شیر کو رنج پہونچے تو زنہار
اس کام کو اختیار نہ کرنا کہ کوئی عاقل حفظ نفس کے واسطے اپنے مخدوم کا رنج گوارا نہین کرتا ہے کلیلہ
نے خاتمہ انجمن کا اس سخن پر کیا اور دمنہ کلام کلیلہ کا خلاف مطلب سمجھکر اُٹھ گیا چند روز کے بعد
دمنہ وقت فرصت پاکے اور مغموم صورت بناکے شیر کی خدمت مین حاضر ہوکر دست بستہ کھڑا ہوا شیر
نے کہا تو بہت دنون کے بعد نظر آیا خیر ہے دمنہ نے عرض کیا اللہ تعالیٰ خیر ہی کرے گا شیر اس
کنایہ سے چونک پڑا اور پوچھا کچھ حادثہ ہوا ہے دمنہ نے عرض کیا اُسکو خلوت و فراغت چاہیے
شیر نے کہاکہ جلد نزدیک آ کہ کام آج کا کل پر ڈالنا قباحت رکھتا ہے اور تدارک اسکا دشوار ہوجاتا ہے

دمنہ نے کہا وہ بات کہ سننے سے جسکے سننے والے کو کراہیت ہو اُس بات مین جلدی اور دلیری کرنا نہ چاہیے بلکہ بہت سوچ کے بات کہنا مناسب ہوتا ہی اور سننے والے کو ضرور ہی کہ جب بات خیرخواہی کی عرض کی جاوے تو اُسمین فکر تمام سے غور کرے جب جانے کہ غرض نفسانی سے خالی اور محض دولتخواہی ہی اُسے عمل مین لانے والا ہرگز سمع قبول مین جگہہ نہ دے شیر نے کہا کہ تو جانتا ہی مین سب بادشاہون مین فضیلت عقلی لے گیا ہون اور ہر شخص کے استماع کلام مین تمیز شاہانہ پیش نہاد خاطر رکھتا ہون تو بے تکلف جو کچھ کہ کہتا ہی کہ اور بے تردد جو کچھ کہ خیال مین آیا ہی اظہار کر دمنہ نے عرض کیا کہ غلام کو اس امر مین عرض کرنے کی جرأت اس لیے ہوئی ہی کہ حضور کی عقل و دانش پر وثوق کامل رکھتا ہون اور یہ بھی پوشیدہ نہین ہی کہ جو بات کہ غلام عرض کرتا ہی اُسمین سوا خیرخواہی کے اور مطلب نہین ہوتا ہی اور نہ کوئی غرض نفسانی اُسمین شامل کرتا ہون بیت الحمد اللہ کہ ذہن شہ تحلی است ÷ کہ قلب خالص ما می شناسد ÷ شیر نے کہا کہ امانت و دیانت تیری ظاہر اور راے تیری ہمیشہ محض خیرخواہی پر دائر دیکھی ہی کبھی شبہہ نے اسمین دخل نہین پایا ہی دمنہ نے عرض کیا کہ بقا کافۂ وحوش کی سلامتی بادشاہ مین متصور ہی بس جو نمکخوار کہ پاکیزہ نہاد ہین اداے حق صفاے صدق مین دریغ نہ کرینگے حکیمون نے کہا ہی کہ جو کوئی حق بات کو بادشاہ سے مخفی کرے مثال اُسکی یہ ہی کہ طبیب سے حال اپنا چھپائے تو غالب ہی کہ اپنے نفس کو ہلاک کرے شیر نے کہا کہ تیری ہواداری اور یکرویی پہلے سے مجھپر ثابت ہو چکی ہی اور امانت و دیانت تیری خوب متحقق ہی اُسے بیان کر کہ تقدم بالحقد کیا جاوے دمنہ نے جبکہ شیر کو اپنے افسون و افسانے پر شیفتہ اور فریفتہ پایا یون بان کھولی بیت کہ شاہا خرد رہنمون تو باد ÷ ظفر یار و دشمن زبون تو باد ÷ شنزبہ نے امراے لشکر کے ساتھ خلوتین کی ہین اور ارکان دولت کی صلاح اس طرح پر کی ہی کہ شیر کو آزمایا ہی مین نے اور انداز اُسکے زور و قوت اور سستی راے کا خوب پہچانا ہی اور ہر بات مین اُسکے خلل بسیار اور ضعف بشمار پایا جاتا ہی بیت بیشہ ہی جسکو سمجھے تھے ہم شیر ÷ چوب ہی جسکو سمجھے تھے شمشیر ÷ مین حیرت مین ہون کہ بادشاہ نے اس

کافر نعمت غدار کے اکرام مین اس قدر افراط کی ہی اور حکمرانی و فرمانروائی مین اسکو ثانی اپنا بنایا ہی
اور اُس نے اسکے مقابلہ مین یہ صورت پیدا کی ہی بس بجز اسکے کہ ع اصل بدا ز خطا خطا نکند ۔
گنجایش اور کسی بات کی نظر نہین آتی ہی شیر نے کہا کہ اے دمنہ سمجھکے بات کہہ کہ یہ قیاس سے بعید
ہی کہ شنزبہ ایسا کام کرے یہ تو نے کس سے سُنا ہی اور کہان سے ثابت ہی اور خدانخواستہ ایسا ہو تو
تدبیر اسکی ٹھہرائی کیا ہی دمنہ نے عرض کیا کہ بڑائی اُسکے درجے کی اور بلندی مرتبے کی ظاہر ہی اور
جو کچھ عنایت بادشاہ کی اُسکے حال پر ہی پوشیدہ نہین ہی اسی قدر سب ارکان دولت کو
اُسکی طرف رجوع ہی اور اگر جلد تدارک اس امر کا ہو تو بہتر ہی اور اگر ہر جانب سے اُسنے تدبیر
کامل کر لی ہی یقین کہ دست تدبیر دامن مدعا تک نہ پہونچے گا اور کام دشواری کو کھینچے گا یہ
ظاہر ہی کہ مخالف اگر مور کے مانند ہو اور وقت فرصت کا پائے تو مار بنجاتا ہی اور آدمی دو طرح کے
ہوتے ہین ایک صاحب احتیاط اور دوسرے صاحب عجز صاحب عجز وہ ہین کہ کسی واقعہ کے واقع ہونے سے
سراسیمہ اور متردد ہو جاتے ہین اور صاحب احتیاط دو طرح پر ہوتے ہین ایک وہ کہ پیشتر از ظہور
خطرات جو کچھ کہ آخر مین کرنا چاہیے اُسکی دل مین پیش بندی کرتے ہین اور ایسے ہی شخص گرداب بلا
سے بچ کے ساحل نجات کو پہونچتے ہین ایسے لوگون کو دوراندیش کہتے ہین اور دوسرے وہ ہین
کہ جب بلا پہونچے دل کو قوی رکھین اور دہشت کو دل مین راہ نہ دین غالب ہی کہ ان شخصون سے بھی
راہ تدبیر پوشیدہ نرہے اور اُس شخص کو صاحب احتیاط کہتے ہین اور ان تین گروہون کی
تفصیل یہ ہی کہ ایک شخص کو صاحب عاقل کامل کہتے ہین اور دوسرے کو نیم عاقل اور تیسرے کو
جاہل عاقل اور حکایت اُن تین مچھلیون کی کہ باہم آبگیر مین رہتی تھین حضور نے شاید نہین سُنی ہی
شیر نے کہا کہ یہ حکایت کیونکر ہی **حکایت** کہا کہتے ہین کہ ایک آبگیر تھا شارع عام سے اور راہ
چلنے والون سے مخفی اور دستور اور پانی اُسکا مانند سینہ صوفیان صافی دل صاف اور
پینے والون کے حق مین آب حیات تھا اور یہ آبگیر آب روان سے نزدیک تھا اور اُسمین تین
مچھلیان رہتی تھین ایک اُن مچھلیون مین احزم یعنی بہت احتیاط والی اور دوسری

ہ ج ہ
بہ معنی
است و
بمعنی عزم
ہ ج ع
بمعنی دوراندیش
بمعنی ہمہ کارہا
عاقل کامل
بر وفق عقل

حازم یعنی صاحب احتیاط اور تیسرے کم عقل ناگاہ چند ماہی گیرون کا اتفاقًا گذر اس
آبگیر پر ہوا قضائے الہی سے حال ان تینون مچھلیون کا کہ اُس آبگیر مین رہتی تھین اُنکو
معلوم ہوا ایک اُن مین سے جال لینے کے واسطے دوڑا اور دونون ماہی گیر کہ لب آبگیر کلام
اُنکی گرفتاری کی تدبیرین کرتے تھے ان مچھلیون نے سنا عین پانی مین آتش حسرت سے
جلنے لگین کہ افسوس کچھ راہ بچنے کی نہین ہے جسوقت کہ دام آ پہونچا ماہی گیر ہمکو گرفتار کرینگے
اسی فکر مین مضطر تھین ہنوز دام نہ پہونچا تھا کہ رات ہوگئی ایک مچھلی کہ اُن مین بہت عاقل
اور بارہا دستبرد زمانہ جفا کار اور شوخ چشمی سپہر بے اعتبار اُسنے دیکھی تھی اور بساط تجربہ پر
ثابت قدم تھی تدبیر اپنی مخلصی کی دام صیاد سے اور فکر نجات انکے فریب سے دل مین ٹھہرا بغیر
اطلاع اُن مچھلیون کے دوسرے چشمے کی طرف کہ متصل اُس آبگیر کے تھا دبے پاؤن روانہ
ہوئی صبح صیادون نے دونون جانب سے راہ اُس آبگیر کی باندھ کے جال ڈالا اس نیم عاقل
نے کہ پایۂ خرد سے آراستہ تھی مگر ناتجربے کار تھی جبکہ یہ حال مشاہدہ کیا بہت پشیمان ہوئی
اور کہا کہ مین نے غفلت کی اور انجام کار کو نہ دیکھا چاہیئے کہ مین بھی اس ماہی کی طرح اس بلا
کے نازل ہونے سے پہلے اپنی تدبیر رہائی کی کرتی تو بہتر تھا کہ علاج واقعہ کے وقوع سے پہلے
کرنا چاہیے مولفہ **بیت** علاج واقعہ پیش از وقوع اولی ہے ✤ مرض جو کہنہ ہوا پھر دوا پذیر نہو
اب موقع فرصت کا نہین ہے اور وقت حیلہ و تدبیر کا نرہا ہر چند کہ بزرگون نے کہا ہے کہ تدبیر بیوقت
فائدہ نہین کرتی ہے مرد عاقل کو چاہیئے کہ عقل صائب اور رائے صواب اندیش کے منافع سے ناامید
نہو اور مکائد دشمن مین حتی الوسع کوتاہی نہ کرے یہ سمجھ کے آپ کو مردہ بنایا اور برروے آب
تیرنے لگی صیادون نے اُسے اُٹھالیا اور مردہ سمجھ کے دوسرے چشمے کے کنارے پر ڈالدیا جبکہ
صیاد دام کھینچنے مین مشغول ہوے یہ تڑپ کر اُس چشمہ کلان مین جا رہی اور فکر دور اندیشی سے جان
اسکی سلامت رہی اور وہ مچھلی تیسری غفلت شعار حیران و سرگردان چپ و راست اور نشیب و
فراز مین سر مارتی پھرتی تھی آخر گرفتار دام قضا ہوئی اور سستی اسکی دشمن جان ہنگئی بادشاہ کو اس

مثل کی ایراد سے فائدہ یہ ہی کہ کارشنزبہ مین کہ ہنوز وقت تدبیر باقی ہی تعجیل فرمائیے والا
کار از دست رفتہ تدبیر پذیر نہین ہوتا ہی مولفہ **بیت** آگیا قابو مین جب دشمن نچھوڑا چاہیئے
سانپ کے مانند اُسکے سر کو پھوڑا چاہیئے * شیر نے کہا کہ جو کچھ کہا تو نے عقل کبھی اسے باور نہ کریگی
کہ شنزبہ ایسی خیانت کرے اور شکر ایسی نعمت کا کفران نعمتی سے برباد دے کہ مین نے اسکے حق مین
کوئی فرو گذاشت نہین کی ہی دمنہ نے کہا کہ ارشاد شہریار کا بجا ہی لیکن اسی نیکی نے حوصلہ
اُسکی بدی کا اس مرتبہ پر پہنچایا ہی **بیت** جس پھوڑے کا چیرنا ہی واجب * مرہم اُسپر ہی
نامناسب * لئیم و بدگہر جب تک کہ کچھ امید باقی ہوتی ہی سر جھکائے چلے جاتے ہین اور
جہان کہ ظرف اُنکا بھر چکا سفلگی اور بے حاصلی کی طرف کہ اصل انکی ہی رجوع کرتے ہین
اور جب ضرر خوف سے امین ہو چکتے ہین اور حصول مال سے مستغنی آتش کافر نعمتی اور
فتنہ انگیزی افروختہ کرتے ہین شیر نے کہا پھر ایسی ملازمون سے کیا طریق جاری رکھے
جو کفران نعمت کرین دمنہ نے کہا کہ ایک ہی بار اپنی عنایت سے اُنھین ایسا محروم نکردے
کہ نا اُمید ہو کر دشمنون کی طرف میل کرین اور اتنی نعمت سے مالامال بھی نہ کردے
کہ خیالات فضول اُنکے دماغ مین بھر جائین بلکہ ہمیشہ خوف و رجا مین بسر کرتے رہین اور
حال اُنکا وعدہ وعید اور اُمید و بیم پر دائر رہے تونگری اور امینی سے اِس قدر مستقل کردے
کہ باعث طغیان و عصیان ہو اور نا امیدگی و بے برگی بھی اس درجہ نہو کہ دلیری اور
انحراف کا باعث ہو بموجب اس مثل کے کہ مرتا کیا نکرتا شیر نے کہا کہ اے دمنہ یون خیال
مین گذرتا ہی کہ آئینۂ سینۂ شنزبہ اس زنگ سے مصفا اور صفحۂ دل اُسکا اس خیال کی
رقم سے پاک اور مبرا ہی اور مین نے اُسکے ساتھ عنایت و عاطفت کے سوا اور کچھ کام نہین کیا ہی
اور جس سے کہ ایسا کیا ہو وہ اس نیکی کے عوض کیونکر اندیشہ بدی کا کریگا دمنہ نے کہا کہ
کج مزاج سے ہرگز راستی نہین ہوتی ہی اور بد اصل و زشت خصلت سے ستودہ خوئی اور پاکیزہ
خصلتی ظہور مین نہین آتی ہی کل اناء یترشح بما فیہ **مصرعہ** از کوزہ ہمان برون تراود کہ در وست

حکایت دمنہ نے کہا کیونکر تھا شیر نے کہا ہو سنا نہین کا بچھو اور کچھوے قصہ نے بادشاہ مگر
کہا کہ ایک بچھو اور کچھوے مین باہم دوستی تھی ایک دن ایسی ضرورت داعی ہوئی کہ دونون
نے باہم صلاح کر کے جلاے وطن اختیار کیا اور متوجہ دوسرے ملک کے ہوے قضارا ایک
دریا راہ مین ملا بچھو کہ عبور دریا سے عاجز تھا متحیر و پریشان خاطر ہوا کچھوے نے کہا ای یار
عزیز کیا سبب ہو کہ اپنی جان غم کے ہاتھ مین سپرد کی ہو بچھو نے کہا کہ اندیشہ یہ ہو کہ نہ عبور دریا
ممکن ہو اور نہ طاقت تیرے فراق کی رکھتا ہون کچھوے نے کہا غم نہ کھا کہ مین اپنی پیٹھ پر بٹھا
کے ساحل مراد پر تجھے پہونچا دونگا یہ کب ہو سکتا ہو کہ تجھسے یار دلنواز کو کہ ہزار دشواری پیدا
ہوا ہو آسانی سے چھوڑ دون القصہ کچھوا بچھو کو اپنی پیٹھ پر سوار کر کے روانہ ہوا بیچ دریا کے
مین کچھوے نے سنا کہ میری پیٹھ پر کچھ کھٹ کھٹ ہوتا ہو پوچھا کہ ای یار یہ کیا حرکت ہو بچھو نے
کہا کہ آزمایش اپنے نیش کی کرتا ہون کہ تیرے جوشن وجود پر کچھ نیش میرا اثر کرتا ہو یا نہین
کچھوے نے آشفتہ ہو کر کہا کہ ای بے مروت مین نے اپنی پیٹھ تیری کشتی بنا کے یہ محنت
اختیار کی ہو اور تو حق صحبت و خدمت یون ادا کرتا ہو اگرچہ نیش تیرا میری پشت پر اثر کچھ
نہ کرے گا مگر یہ کیا حرکت پوچ ہو بچھو نے کہا معاذ اللہ یہ معنی اگر میرے خیال مین گذرے ہون
مگر تقاضاے طبیعت سے مجبور رہون نیش مارنا میری عادت خلقی ہو اسمین خواہ پشت دوست
ہو خواہ سینہ دشمن یہ شعر مؤلف کا تو نے نہین سنا ہو **بیت** ہو جو بچھو نیش زن طعن اوسپہ
نامعقول ہو ✣ خلق اسی خاطر ہوا مجبور ہو مجبول ہو ✣ کچھوے نے دل مین کہا کہ حکیمون نے
سچ کہا ہو کہ بد اصل کی پرورش کرنا آبرو اپنی اور سر رشتۂ کار کا برباد کرنا ہو **بیت**
در خاک ریختن زر و زیور دریغ نیست ✣ با ناکسان دریغ بود لطف دم زدمی ✣ بزرگون نے
کہا ہو جو کوئی اصل مین نجیب نہین ہو امید خیر اوس سے ہرگز نہ کرے اور ایرا دسے اس مثل کے
ضمیر منیر بادشاہ پر ثابت ہوا ہوگا کہ بسبب خبث ذاتی کے شنزبہ سے اندیشہ ناک رہنا ضرور ہو
اور نصیحت دوستون کی اگرچہ غریب ہون گوش ہوش سے استماع فرمانا واجب ہو کسواسطے کہ با

حکایت بچھو اور کچھوے کی

پر ناصحان صاف طینت کے اگرچہ درشت اور بے محابا ہو التفات نہ کرنا عواقب امور مین ندامت اور ملامت سے خالی نہین ہوتا ہی جیسا کہ بیمار فرمودۂ طبیب پر عمل نہ کرے اور غذا اپنی رغبت کے موافق کھائے تو ہر آئینہ افزایش امراض غلبہ کرکے اُسے ہلاکت کو پہونچائیگی **بیت** ناصح ازروے درشتی سخن ار گفت چہ باک ٭ صبر تلخست ولیکن بر شیرین دارد ٭ ای شہریار ناقص ترین بادشاہون مین وہ ہی کہ عواقب کار سے غافل رہے اور رعایا کو خوار ذلیل رکھے اور جبکہ کوئی حادثہ بزرگ پہونچے احتیاط اور ہوشیاری کو برطرف کرے کہ اسکے بعد کوئی تدبیر نہو سکے اور دشمن غالب آئے شیر نے کہا اگرچہ یہ بات بہت درست کہی اور حد سے تجاوز کیا تو نے لیکن قول ناصح کا درست ہی پر رد کرنا مصلحت کے خلاف ہی لیکن مین تجھسے پوچھتا ہون کہ اگر شنزبہ بر تقدیر کہ دشمن بھی ہو تو کیا کر سکیگا کہ حقیقت مین میرا طعمہ ہی کہ مادہ اُسکے تکوّن کا خس و خاشاک سے ہی اور امداد میری اعضا کی گوشت سے ہوئی ہی اور کھانے والا اجزاے نباتی کا کبھی گوشت خوارون سے عہدہ برا نہین ہو سکتا اسلیے یہ بات خیال مین نہین آتی ہی کہ وہ حوصلہ میرے مقابلہ کا کرے مولف **بیت**
کس طرح دشمن ہو مجھسے عازم جنگ و قتال ٭ بیل سے بھڑ جائیگی چیونٹی تو ہوگی پائمال ٭ اور شنزبہ میرے آفتاب دولت سے کہ اُفق عنایت پروردگار سے تابان ہی اگر ماہ کے مانند روگردانی کرے گا تو زبون و کاہیدہ ہو جائیگا دمنہ نے کہا کہ بادشاہ کو ان باتون پر غفلت نہ چاہیے کہ وہ طعمہ میرا ہی یا مین اُسپر غلبہ رکھتا ہون اگرچہ وہ بذات خود مقابلے مین نہین آسکتا ہی مگر حیلہ و فریب سے سب کچھ کر سکتا ہی کہ ہر آدمی ہزار چند بار کہ اپنی قوت سے زیادہ ہو جرِ ثقیل کی صنعت سے اُٹھا سکتا ہی مین اسبات سے ڈرتا ہون کہ اُسنے جمیع وحوش کو اپنے ساتھ موافق کیا ہی مبادا کہ اُسکے دام موافقت مین گرفتار ہوکے سب اُسکے کہنے پر چلین تو بے ادبی معاف اگرچہ بادشاہ قوی جثہ ہی پر سب کا مقابلہ نہین کر سکتا ہی شیر نے کہا کہ تیرا خلوص میرے دل مین اثر کر گیا مگر یہ خیال میرا دامنگیر ہی کہ مین نے اُسے عزت بخشی

ہی اور ہر مجلس و محفل مین اُسکی ثناے خردمندی اور اخلاص نیازمندی بیان فرمائی ہی اگر
اب اُسکے خلاف دفعۃً عمل مین لاؤن تو نقصان قول اور رکاکت راے میری مشہور اور
بدعہدی اور بے قدری میری سخن کی سب کے نزدیک ثابت و محقق ہو جائے **بیت**
ہر سرے را کہ خود برافرازی ✽ تا توانی زپا نیندازی ✽ دمنہ نے کہا کہ راے صائب اور تدبیر
درست وہ ہی کہ جب دوست سے اثر دشمنی کا ظاہر ہو اور خدمتگار سے نخوت خودسری کی
مشاہدہ کرے فی الحال اطراف کار سنبھالے اور دامن موافقت کو برچیدہ کرے اور
اُس سے پہلے تقدم بالحفظ کرے کہ دشمن فرصت کام کی نپاوے باوجود اُسکے کہ دانت آدمی
کے مصاحب قدیم ہین اور انواع فوائد اُنسے حاصل ہوتے ہین مگر جبکہ درد شدید پیدا کرتے ہین
اور کوئی دوا تاثیر پذیر نہین ہوتی ہی تو سوا اُکھاڑ ڈالنے کے صورت آرام کی نہین نظر آتی ہی اور
طعام کہ بدل ما یتحلل اور امداد کرنیوالا مادۂ حیات کا ہی جبکہ معدہ مین جاکر فاسد ہوتا ہی بغیر
اُسکے رفع کے مضرت سے مخلصی نہین ملتی ہی آخرکار وسوسہ دمنہ شیر کے دل مین اثر کر گیا بولا اب مین صحبت
سے شنزبہ کے کارہ ہوا اور پھر اُس سے ملاقات نکرونگا اب یہ بہتر ہی کہ اُسکے پاس کسی کو بھیجون
کہ صورت حال اُس سے بیان کرے اور کہدے کہ ہمارے قلمرو مین نرہے اور جہان چاہے
وہان جائے دمنہ ڈرا کہ اگر یہ بات شنزبہ کو پہونچے اور اپنی برائت کی دلیل شیر سے عرض
کرے تو میرا حیلہ و مکر صاف ظاہر ہو جاوے کہا کہ اے بادشاہ یہ بات احتیاط سے دور ہی
جب تک کہ بات نہین کہی گئی ہی اختیار باقی ہی اور جبکہ دشمن ہوشیار ہو گیا اور تدارک اپنے
بچاؤ کا کر لیا پھر یہ بات اختیار سے باہر ہو جائیگی اور خالی دشواری سے نہوگی **بیت**
سخن تا نگفتی توانیش گفت ✽ ولے گفتہ را باز نتوان نہفت ✽ سخن وہان سے اور تیر کمان سے
جبکہ باہر نکلا نہ وہ منہ مین آئیگا اور نہ وہ شست مین ایک بزرگ نے کہا ہی زبان دل کی
ترجمان ہی اور دل والی ہی ولایت بدن کا اور سخن عرض کرنے والا ہی جوہر گنجینۂ وجود کا
جب تک کہ درج دہن قفل خاموشی سے بند ہی اور مہر سکوت سر حقۂ نطق پر لگی ہوئی ہی

تب تک چمن زندگانی مین سب ریاحین سلامتی کے ساتھ روئیدہ و شگفتہ ہین اور نہال حیات ثمرۂ امن وراحت بخشے گا کہ روائح گلزار سخن سبب تفریح دل اور تقویت دماغ ہونگی اگر اسکے خلاف ظہور کریگا تو مادہ صداع آخر کو پیدا کریگا کیونکہ زبان بستہ ایک نکتۂ دلپذیر مین عقدہاے مشکل کھولتی ہے اور بات شر انگیز اشارے مین گردن کو بندہاے گران مین بستہ اور سر شکستہ کرتی ہے قطعہ اگر بچشم خرد در سخن نگاہ کنی ؛ بضاعتے ست کہ ہم سود و ہم زیان آرد ؛ نشان کہ داد کہ ناگفتہ نکتہ کس را ؛ بدرود دل کند آوارہ یا بجان آرد ؛ ولے لبیست کہ گویندہ را ہمین لفظے ؛ دہد بباد ہمان دم کہ بر زبان آرد ؛ اے بادشاہ اگر یہ بات شنز بہ کو پہونچی اور اپنی فضیحت آئینۂ تصور مین معاینہ کی تو ممکن ہے کہ مکابرہ سے پیش نہ آئے اور فتنہ انگیزی اختیار نہ کرے ارباب احتیاط نے گناہ ظاہر کے واسطے عقوبت پنہان جائز رکھی ہے اور جرم پوشیدہ کے لیے عقوبت آشکارا تجویز نہین کی ہے صلاح کار یہی ہے کہ اُسکے گناہ مخفی کی سیاست نہانی تجویز فرمائیے شیر نے کہا کہ بمجرد گمان کے اپنے نزدیکون کو دور کرنا اور جب تک ثبوت گناہ نہوئے حق تلفی مین اہل استحقاق کے سعی کرنا اپنے ہاتھ سے تیشہ اپنے پانؤن پر مارنا ہے اور دفعتہً طریق مروت اور منہاج دیانت سے یکسو ہونا کام دلی بادشاہ عالی مقام کا نہین ہے قطعہ نباشد پسندیدۂ شرع و عقل ؛ کہ بے بینہ شاہ فرمان دہد ؛ کہ ہیچو مضاے قضا حکم او ؛ گہے جان ستاند گہے جان دہد ؛ دمنہ نے کہا اس امر مین کوئی گواہ بادشاہ کی فراست سے بہتر نہین ہے جبکہ یہ مکار غدار آئے بادشاہ کو چاہیے کہ نظر تفرس سے نگاہ کرے تاخبث اُسکے عقیدے کا طلعت نازیبا سے لائح اور تجویز اُسکی باطن کے اطوار ترددسے صبح ہوتے ہیش و پس اور چپ و راست احتیاط کرکے دیکھنا اور جنگ کا آمادہ ہونا واضح ہو جائے شیر نے کہا کہ اچھا کہا تو نے اگر یہ علامات اُسمین پائے جائینگے تو غبار شبہہ کا راہ حقیقت سے مندفع ہو جائیگا ورنہ دغدغہ گمان کا مرتبہ یقین سے مبدل نہو جائیگا دمنہ نے جانا کہ میرے دم فتنہ انگیز نے آتش بلا کو بالا کیا اور شیر کے

صداع بالفتح درد سر ۱۲
سیر نقیض
سخن نجار درد سر
نہ راز سر اے
اظہار عداوت
سیر شکونج
بالکسر آہن
۱۲ نیز بیقہ
نقیض بادولکریک
سند وجحت روشن
۱۲ مضا بالفتح روان
شدن ۱۲

دل مین دمدمہ میرا اثر کر گیا چاہا کہ بیل کو بھی دم مین لا کے شیر کی طرف سے متردد کرون تا ملاقات کے وقت یہ آثار اُسمین پائے جائین خیال کیا کہ ملاقات شنزبہ کی باجازت شیر ہو تو مناسب ہی تا بدگمانی سے دور رہون عرض کیا ای بادشاہ اگر فرمان عالی ہو تو مین شنزبہ سے ملاقات کر کے اور اُسکے مکنون[۱] ضمیر پر بخوبی مطلع ہو کے عرض حال کرون شیر نے اجازت دی دمنہ آزردہ اور مصیبت رسیدہ بن کے شنزبہ کے پاس آیا اور سلام و تحیت[۲] بجا لایا اسنے مدارا اور تملق دمنہ کے فراخور حال کیا اور یہ مصرع گویا کا پڑھا مصرع وہ بھولے جکو بیٹھے ہین جنھین ہم یاد کرتے ہین ای دمنہ عرصہ گذرا کہ تو دوستون کو یاد نہین کرتا ہی اور کبھی اس طرف قدم رنجہ نہین فرماتا ہی سبب کیا ہی دمنہ نے کہا کہ اگرچہ بظاہر شرف ملازمت سے محروم ہون الا بجان و دل آپکی ہواداری و خیرخواہی مین مصروف اور زاویۂ عزلت اور گوشۂ خلوت مین وظیفہ دعا و ثنا کہ باعث مزید دولت و حشمت ہی مین اشتغال رکھتا ہون گاؤ نے کہا کہ عزلت[۳] کا سبب کیا ہی دمنہ نے کہا کہ جب کوئی یہ سمجھے کہ مین مالک اپنے نفس کا نہین ہون بلکہ اسیر فرمان غیر ہون اور اُسکے مزاج کی بے استقلالی سے رات دن بیم جان و خطرۂ ایمان مین بسر کرتا ہون اور ہر دم لرزان و ترسان ہون اس صورت مین سوا گوشہ گزینی کے اور کیا کرے رباعی ناسخ آرام کے لائق نہین گلزار جہان ٭ ای مرغ چمن چھوڑ نشیمن نادان ٭ عزلت نہین ہوتی جو میسر تجکو ٭ اس باغ سے جا کے ہو قفس مین نہان ٭ گاؤ نے کہا کہ ای دمنہ بات اس سے واضح تر بیان کر تا نفع اس نصیحت کا تمامتر حاصل ہو دمنہ نے کہا کہ چھ چیزین بے چھ چیزون کے ممکن نہین ہین مال و دنیا بے نخوت اور متابعت ہوا بے محنت اور مجالست زنان بے بلیت اور مصاحبت بدان بے ندامت اور مخالطت لئیمان بے مذلت اور ملازمت بادشاہان بے آفت اور کسی کو خمخانۂ دنیا سے ایسا جرعہ نہین دیتے ہین کہ سرمست و بیباک نہو اور سر نخوت گریبان تکبر سے نہ نکالے اور کوئی شخص نہین ہی کہ ہوا پر قدم رکھے اور گر نہ پڑے اور کوئی مرد ایسا نہین ہی کہ عورت کو ہمدم و ہمراز کرے اور انواع فتنہ مین مبتلا نہو اور جو شخص کہ مردم شریر سے اختلاط

[۱] مکنون یعنی مخفی و پنہان داشتہ شدہ ۱۲

[۲] تحیت بمعنی سلام ۱۲

[۳] عزلت بالضم گوشہ نشینی ۱۲

رکھے عاقبت الامر پشیمانی نہ کھینچے اور جو کوئی کہ مردم کمینہ اور سفلہ سے اُمید رکھے خوار اور بے مقدار ہوا اور جو کوئی مرد صحبت سلطان اختیار کرے اور اس ورطۂ خونخوار سے سلامت باہر آئے یہ ممکن نہیں ہی شنزبہ نے کہا کہ تیری بات اسپر دلالت کرتی ہی کہ شیر سے کوئی امر مکروہ تجھے پہونچا ہی کہ اُسکے خوف سے ہول و ہراس تیرے دل پر مستولی ہوا ہی دمنہ نے کہا کہ یہ بات اپنے نفس کے واسطے نہیں کہی مین نے بلکہ دوستون کے واسطے غمناک ہون اور یہ ملال و کلال کہ مجھپر مستولی ہی تیرے واسطے ہی اور تو جانتا ہی کہ مقدمات محبت کے میرے اور تیرے کس طرح پر ہین اور جو عہد کہ اول روز تجھسے باندھا ہی مین نے اکثر اسمین وفا پائی ہی تجھنا دربین اسمین مجبور رہون کہ جو نیک و بد حادث ہوگا اُس سے البتہ تجھے مطلع کرونگا شنزبہ ڈرا اور کہا کہ ای یار مشفق و ای دوست موافق جلد مجھے حقیقت حال سے خبر کر اور کوئی دقیقہ دقائق ہوا داری سے فرو گذاشت نہ کر دمنہ نے کہا کہ مین نے ایک معتمد سے سُنا ہی کہ شیر اپنی زبان سے کہتا تھا کہ شنزبہ خوب فربہ ہوا ہی اور اس درگاہ مین کچھ حاجت اُسکی نہین ہی وحوش کو خوش کرنا چاہیے ایک روز راتب خاص و مہمانی عام اُسکے گوشت سے ضرور ہی مین نے جو یہ بات سنی متحیر ہو کر دوڑا کہ تجھے اس سے آگاہ کرون اور اپنا حسن عہد تیری خدمت مین ثابت کرون اور جو کچھ شرع مروت اور آئین حمیت مجھپر واجب ہی اُس سے ادا ہون بیت من انچہ شرط بلاغ ست باتو میگویم تو خواہ از سخنم پند گیر وخواہ ملال + اب صلاح وقت یہ ہی کہ جلد کوئی تدبیر کر کہ اس ورطۂ ہلاک سے مخلصی حاصل ہو اور کوئی ایسا لطیفہ عمل مین لا کہ اس مہلکے سے راہ نجات ہاتھ آئے جبکہ شنزبہ نے یہ سخن دمنہ سے سُنا عہد و پیمان شیر کے یاد کیے اور کہا کہ ای دمنہ ممکن نہین ہی کہ شیر میرے ساتھ دغا کرے کیونکہ مجھسے کوئی خیانت ہوئی نہین ہی اور میرا قدم جادۂ نیکو خدمتی سے باہر بھی نہین پڑا ہی اور سوائے خیر خواہی کے کوئی امر بھی وقوع مین نہین آیا ہی وجہ کیا ہی کہ شیر میرا دشمن ہی مگر شاید کسی نے دروغ بیفروغ مجھپر باندھا ہی اور شیر کو میری طرف سے خشمگین کیا ہی کسواسطے کہ اسکی خدمت مین ایک گروہ بدنفس ہی کہ سخن خیر سے بیگانہ اور خیانت اور زبان درازی مین مردانہ ہی اگر انھون نے

کوئی بات ساختہ اور پرداختہ کرکے عرض کی ہو تو عجب نہین ہو کہ بدون کی بدگوئی سے نیکون کے
حق مین اکثر بادشاہون کو بدگمانی آجاتی ہو اور اس گمان خطا سے راہ صواب پوشیدہ رہتی
ہو اور قصہ اس لبط کا تجربے کے واسطے ایسے موقع پر دلیل کافی ہو اور اشارۂ ذاتی مین دانی
دمنہ نے پوچھا کہ یہ قصہ کیونکر ہو حکایت شنزبہ نے کہا کہ ایک بطنے ایک شب پانی مین
قرص ماہ دیکھا سمجھی کہ یہ ماہی ہو ارادہ کیا کہ اُسے شکار کرے کچھ نہ پایا چند بار اسی طرح پر
آزمایش کی جب دیکھا کہ حاصل اس سے کچھ نہین ہو کنارہ کیا اور اُسکے بعد عہد کیا کہ شکار ماہی کبھی
نہ کرونگی پھر کسی رات اگر ماہی بھی دیکھتی تو روشنی ماہ کی جانکر قصد اُسکا نہ کرتی تھی اور کہتی تھی
من جرب المجرب حلت بہ الندامۃ ثمرہ اس تجربہ لاحاصل کا یہ ہوا کہ ہمیشہ بھوکی رہتی تھی اگر کسی نے میری
طرف سے کان شیر کے بھرے ہین اور اُسکے دل مین اُسکی کراہت آچکی ہو اور موجب اُسکا وہی
اظہار غیرون کا ہو تو غالب ہو کہ پھر صفائی دشوار ہو ہان اگر بنظر انصاف دیکھے تو مجھ مین اور غیرون
مین کتنا فرق ہو اور روز نورانی سے تا شب ظلمانی کتنا تفاوت ہو مثنوی کار پاکان را قیاس
از خود مگیر * گرچہ ماند در نوشتن شیر و شیر * شیر آن باشد کہ آدم میخورد * شیر آن باشد کہ آدم میخورد
دمنہ نے کہا کہ کرامت شیر کی اس سبب سے نہ سمجھا چاہیے بلکہ اکثر عادت بادشاہون کی
یہی ہو کہ کبھی بے استحقاق کسی کو مرتبہ اعلی کے ساتھ اختصاص دیتے ہین اور کبھی دوسرے کو کہ مستحق
اسکا نہین ہوتا ہو بے سبب دھہت تلف اور تاراج کرتے ہین شنزبہ نے کہا یہ تقریر شیر کی جو
تونے بیان کی اگر بے دستاویز اُسکا یہ حال ہو تو امید رکھنا اُس سے محض غفلت اور خطا ہو
کس واسطے کہ اگر غصہ کسی سبب سے ہو تو معذرت سے اُسکا دفع ہونا ممکن ہو اگر عیاذاً باللہ
کچھ موجب بھی نہو اور یا تمامے مکر و فریب سے مزاج اُسکا متغیر ہوا ہو تو دست تدارک اس
جگہ کوتاہ ہو کیونکہ دروغ بہتان کا اندازہ اور مکر و فریب کی نہایت نہین ہو جو بات
کہ میرے اور شیر کے درمیان واقع ہو اسمین اپنا گناہ نہین دیکھتا ہون مگر ازروے
مصلحت و خیر خواہی گاہ گاہ البتہ کچھ بات مین نے کہی ہو نہ ازروے خلاف

جس نے آزمایا آزمائے ہوئے کو حاصل ہوئی اُسکو شرمندگی ۱۲

حکایت بط

بلند نظر کا ما نند ہمت ... مثنوی ... شیر آن باشد کہ آدم میخورد ... صورت دارد ... لیکن معنی ... آدمی کو ... انسان را میخورد ۱۲

شاید کہ اس سبب سے اُسنے گمان میری دلیری پر غرایا ہوگا جو کچھ کہ مین نے اُس سے
عرض کیا ہی غالب ہی کہ فائدہ کلی سے خالی نہو اور باانیہمہ کسی کا شکوہ اور گستاخی کسی طرح
کی مجھسے سرزد نہین ہوئی اور شرط تعظیم مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین کیا ہی کیونکر گمان
کیا جائے کہ نصیحت سبب وحشت اور خدمت موجب عداوت ہوئی ہو یہان پر مثل صادق
آتی ہے جو مؤلف نے کہی ہی بیت عجب ہی مرض ہو دوا سے زیادہ + دم عیسوی ہو قضا
سے زیادہ + اور اگر یہ نہین تو ممکن ہی کہ استغنا رحملکت اور نخوت سلطنت باعث خلل ہو
اس واسطے کہ بہ مقتضاے عظمت تجبر و استغنا رمملکت ناصحون کو بُرا جانتے ہین اور خاینون
اور خوش آمدیون کو عزیز اور مقبول کرتے ہین ایسے ہی حالات دیکھ کے بزرگون نے کہا
ہی کہ نہنگ کے ساتھ قعر دریا مین غوطہ مارنا اور مار کے کف سے زہر چوسنا بہتر ہو نزدیکے
سلاطین کی اور ضرر بادشاہ کی صحبت کے مجھے اُس سے پہلے بخوبی معلوم تھے مگر مجبور تھا کہ
ایسا تھا بلکہ بعضے ارباب حکمت نے بادشاہون کو آتش سوزان سے تشبیہ دی ہی اگرچہ
انکا یہ تو غایت امیدوارون کے کلبۂ تاریک کو روشن کرنا ہی لیکن شعلۂ سیاست بھی
خرمن حقوق خدمتگذاری کو جلا ہی دیتا ہی اور عقول کامل اسپر متفق ہین کہ جو کوئی
آتش سے نزدیک تر ہی اُسی کے واسطے ضرر بیشتر ہی اور وہ لوگ کہ دور سے تماشا روشنی کا
دیکھتے ہین جلنے سے پناہ مین رہتے ہین اور فی الحقیقت یہی ہی کہ اگر کوئی سیاست
سلطانی اور ہول وہیبت بادشاہی سے واقف ہو تو ہزار سال کی عبادت ایک سیاست
کے برابر نہ سمجھے اور مصدق اسی قصے کا مناظرہ باز اور مرغ خانگی کا ہی دمنہ نے پوچھا کہ
یہ حکایت کس طرح ہی **حکایت** ایکدن باز شکاری مرغ خانگی کے ساتھ مباحثہ کرتا تھا کہ
تو نہایت بیوفا اور بدعہد ہی اور حکماے نصیحت شعار کا اسپر اتفاق ہی کہ عنوان صحیفہ
اخلاص پسندیدہ اہل وفا اس مضمون کے ساتھ ہی کہ ان حسن العہد من الایمان مرد کو چاہیئے
کہ اسمین کوشش کرے کہ کوئی صفت اُسکی صفحۂ بیوفائی پر لکھی نہ جائے مرغ خانگی نے جوابدیا

حصہ بلا غنیمہ بکانہ خورد و سوختہ بنگ و ذاریسید و بکان رفوشم عہد مصفیٰ نصیب ہر دال مفرد بہت کنندہ ۳ رقم قبولی عہد و پیمان کی اجزاے ایمان ۱۲۳

کہ مجھسے کون سی بیوفائی تونے دیکھی ہی اور کیا بدعہدی سرزد ہوئی ہی باز نے کہا کہ علامت
تیری بیوفائی کی یہ ہی کہ آدمی تیرے حق مین اتنا الطاف کرتے ہین کہ بے زحمت و تکلیف
آب و دانہ کہ مادۂ حیات اُس سے متعلق ہی دیتے ہین اور راتدن تیرے حال کے خبرگیران
رہتے ہین اور اُنکی بدولت گوشہ و توشہ تجھے حاصل ہی اور جبکہ ارادہ تیرے پکڑنے کا کرتے ہین
تو تو ایک بام سے دوسرے بام پر اور ایک گوشے سے دوسرے گوشے مین بھاگتا پھرتا ہی
بیت حق نکی نمی شناسے + از منعم خویش می ہراسے + اور مین باوجودیکہ جانور وحشی ہون
اگرچند روز آدمیون کے ہاتھ سے طعمہ کھاتا ہون تو اُنسے اُنس کرتا ہون اور اُنکے حق کا خیال کرکے
شکار اُنکو پکڑ دیتا ہون اور کتنا ہی دور پہونچا ہون جبکہ وہ آواز دیتے ہین پھر کے اُنکے پاس آجاتا
ہون **بیت** مرغ دست آموز را چندانکہ کس دور افگند + بانشاط بال آید باز چون گوید بیا +
مرغ نے جواب دیا کہ سبب تیرے نہ بھاگنے اور میرے بھاگنے کا یہ ہی کہ تونے کسی باز کو سیخ مین بھنتے نہین دیکھا
اور مین نے بہت مرغ خانگی تابۂ گرم پر بریان دیکھے ہین اگر تو بھی یہ دیکھتا جو مین نے دیکھا ہی تو اُنکے نزدیک
ہرگز نہ آتا اگرچہ مین بام بام بھاگتا ہون مگر تو کوہ کوہ بھاگتا پھرتا اور یہ مثل اسواسطے لایا ہون
تا تو جانے کہ وہ لوگ کہ صحبت بادشاہون کی طلب کرتے ہین اُنکی سیاست سے بیخبر ہین اور
جنھون نے کہ اُنکی سیاست دیکھی ہی اُنھین فقرا سے خبر ہی نہ آرام سے اثر **بیت** نزدیکان را
بیش بود حیرانی + کایشان دانند سیاست سلطانی + دمنہ نے کہا کہ اگر شیر تیرے حق مین یہ اندیشہ
نہ کرے تو غلط ہی کیونکہ تجھ مین ہنرہاے بسیار اور فضل بیشمار ہین اور سلاطین کسی وقت ارباب ہنر
سے مستغنی نہین ہوے ہین شنزبہ نے کہا کہ شاید میرا ہنر باعث کراہت ہوا ہو کہ اسپ تیز تگ
کی راہروی موجب غبار ہوتی ہی اور درخت میوہ دار کی شاخ توڑی جاتی اور عندلیب خوش الحان
اپنے ہنر سے قفس مین گرفتار ہوتی ہی اور طاؤس کے بال و پر رعنائی کے سبب سے اُکھاڑے
جاتے ہین **قطعہ** وبال من آمد ہمہ دانش من + چو روباہ را موی طاؤس را پر + بسا عیب من شد
دگر نہ سرم را + نہ از خاک ملکہ از گہر بودے افسر + اور ہر طرح سے بے ہنر ہنرمندون سے زیادہ ہین اور

اہل ہنر کی خرابی مین ہمیشہ بالاتفاق مبالغہ کرتے ہین کہ حرکات و سکنات اُنکے اگر نیک
ہون تو بھی بدی کی طرف لیجاتے ہین اور اُنکی امانت و دیانت کو خیانت پر محمول کرتے ہین
اور جو سبب دولت و وسیلہ سعادت ہو اُسکی نسبت شقاوت و نکبت کی طرف کرتے ہین **بیت**
خوار کرتا ہی بشر کو دشمن ✤ عیب گنتا ہی ہنر کو دشمن ✤ دمنہ نے کہا کہ اگر بد اندیشون نے یہ قصد
کیا ہو تو مآل کار کس طرح پر ہوگا شنزبہ نے کہا کہ اگر تقدیر ارادے کے موافق نہین ہی تو کچھ
مضرت پذیر نہین ہونگے اور اگر قضاے ربانی اُنکے مکر و غدر کے مطابق ہی تو کسی حیلے سے دفع
اُسکا ممکن نہین ہی دمنہ نے کہا کہ خردمند کو چاہیے کہ ہر حال مین فکر و دور اندیش کو بنیاد ساز رکھے
اور کبھی ایسا اتفاق نہین ہوا ہی کہ جس نے کام اپنا عقل کے سپرد کیا ہو اور ظفر نہ پائی ہو شنزبہ
نے جواب دیا کہ خرد اُس وقت کام آتی ہی کہ قضا نے بالعکس اسکے نہ کیا ہو بعد حکم قضا کے
نہ چارہ ہاتھ آتا ہی اور نہ حیلہ نفع پہونچاتا ہی **بیت** آگ پر جبکہ جلا دیتی ہی دامن تقدیر ✤
آب تدبیر کو کر دیتی ہی روغن تقدیر ✤ اور جبکہ آفریدگار سبحانہ تعالیٰ حکم نافذ فرماتا ہی دیدۂ بصیرت
پہلے تیرہ و خیرہ ہو جاتا ہی تا راہ مخلصی اُن لوگون پر پوشیدہ رہے اذا جاء القدر عمی البصر مگر
تو نے قصہ بلبل اور دہقان کا نہین سُنا ہی دمنہ نے کہا کہ یہ کس طرح پر تھا **حکایت** شنزبہ نے

حکایت بلبل و دہقان

کہا کہتے ہین کہ ایک دہقان باغ رکھتا تھا تر و تازہ کہ بوستان ارم سے اُسکی نسیم اعتدال زیادہ
رکھتی تھی اور اُسکی خوشبوے روح افزا دماغ جان کو معطر کرتی تھی **نظم** باغ عالم مین عجب
گلزار تھا ✤ باغ جنت کی روش بیجار تھا ✤ تھی دم عیسیٰ اثر بین بوے گل ✤ رشک خورشید
درخشان روے گل ✤ نواے عندلیب وہان کی حسرت انگیز اور نسیم عطر بیز اُسکی راحت آمیز
تھی ایک گوشۂ چمن مین ایک گلبن تھا تازہ تر نہال کامرانی سے اور سرفراز تر شاخ
شجرہ جوانی سے ہر صبح گل اُس گلبن رنگین کے مانند رخسارہ گلرویان شگفتہ ہوتے تھے
باغبان نے اُس گل رعنا سے عشقبازی شروع کی تھی باغبان ایک روز اپنی عادت کے
موافق باغ کے تماشے کو آیا دیکھا کہ ایک بلبل نالان صفحۂ گل منھ پر ملتی ہی اور شیرازہ جلد

زرنگار اُسکا منقار تیز سے کھینچتی ہی باغبان پریشانی اوراق گل مشاہدہ کرکے گریبان شکیبائی
پھاڑنے لگا مگر اُس وقت طرح دیکے گھر کو پھر گیا دوسرے دن آکر دیکھا تو وہی حال بلبل و
گل کا پایا تیسرے روز جاکے دیکھا کہ حرکت منقار بلبل سے مصرعہ گل تباراج رفت و خار بماند ٭
پس خار منقار سے سینۂ دہقان مین خراش پیدا ہوا اسلیے بصد تدبیر اُسے گرفتار کرکے ایک قفس
مین بند کیا بلبل بے دل نے طوطی وار زبان گفتار کھولی اور کہا ای عزیز سبب کیا ہی کہ
تونے مجھے قید کیا ہی اور کس باعث میرے عقوبت پر میل فرمایا ہی اگر میرے نغمات تجھکو پسند
آئے ہین تو خود آشیانہ میرا تیرے باغ مین ہی اور ہر سحر گلستان تیرا میری نغمہ سرائی سے
طرب خانہ ہی اور اگر کچھ اور مطلب خیال مین ہی تو مجھے اپنے مافی الضمیر سے آگاہ کر دہقان نے
کہا کہ کچھ جانتی ہی تونے مجھپر کیا ستم کیا ہی اور نازنین میرا کہ گل ہی تونے کیسا خراب کیا ہی
پس سزا تیرے اعمال کی یہی ہی کہ یار و دیار اور تفریح سیر گلزار سے بے نصیب ہوکر قفس
مین پڑی رہا کرے جیسا کہ مین درد ہجران سے گوشۂ زندان مین تیرے باعث سے
نالان رہا ہون بیت بنال بلبل اگر بامنت سر یاریست ٭ کہ ما دو عاشق زاریم
و کار ما زاریست ٭ بلبل نے کہا کہ اس خیال بد سے درگذر کہ میرا اتنا گناہ ہی کہ
ایک چند اوراق گل مین نے پریشان کیے تھے سو عوض مین اُسکے گرفتار قفس ہون اور
تونے کہ کعبہ دل کو ویران کیا ہی پس تیرا کیا حال ہوگا یہ بات دل دہقان پر کارگر ہوئی
بلبل کو آزاد کیا بلبل نے کہا جو تونے مجھسے نیکی کی ہی بحکم ہل جزاء الاحسان الا الاحسان کے
مین بھی مکافات اُسکی کرتی ہون سو وہ یہ ہی کہ اس گلبن کے نیچے کہ تو کھڑا ہی ایک آفتابہ پر زر
دفن ہی اُسے کھودلے اور اپنے کام مین لا دہقان نے اُس مکان کو کھودا جو بلبل نے کہا تھا
سو پایا دہقان نے کہا کہ ای بلبل عجب بات ہی کہ آفتابہ زمین کے نیچے دیکھا تونے اور دام خاک
کے نیچے نہ دیکھ سکی بلبل نے کہا نہین جانتا ہی تو اِذا نَزَلَ القَدَرُ بَطَلَ الحَذَرُ
جبکہ قضاے الٰہی نازل ہوتی ہی دیدۂ بصیرت مین نہ روشنی رہتی ہی اور نہ تدبیر صائب

نفع پہونچتا ہی اور یہ مثل اس لیے لایا ہون تا معلوم ہو کہ مین حریف قضا و قدر کا نہین ہون اور اسکے سوا کہ سر تسلیم کو حکم الٰہی پر رکھون چارہ دوسرا نہین ہی **بیت** سر ارادت ما آستان حضرت دوست ٭ کہ ہرچہ بر سر ما میرود ارادت اوست ٭ دمنہ نے کہا یہ یقین معلوم ہی جو کچھ شیر نے تیرے واسطے تجویز کیا ہی اسکا باعث یہ ہی کہ کمال بیوفائی و عیاری اُسکی ذات مین ازل سے ودیعت رکھی ہی اگرچہ اوائل مین اُسکی صحبت حلاوت زندگانی دیتی ہی لیکن اواخر مین تلخی مرگ مین رکھتی ہی اُسکی مثال یہ ہی کہ ایک مار ہی نقش وار اور زہرناک کہ اسکا ظاہر نقشہاے رنگارنگ سے آراستہ ہی اور باطن ایسے زہر ہلاہل سے کہ کوئی تریاق اُسے فائدہ نہ بخشے پُرخطر ہی شنزبہ نے کہا کہ پہلے مین نے نوش شیرین چکھا ہی اب وقت ہی زخم نیش تلخ کا اور ایک مدت طرب و راحت مین بسر کی ہی اب ہنگام ہی ہجوم محنت و غم کا **بیت** اے دل مزۂ وصل چشیدی یکچند ٭ اکنون الم فراق میباید خورد ٭ اور حقیقت یہ ہی کہ اجل گریبان گیر ہو کر مجھے اس بیشے مین لائی تھی ورنہ مین شیر کی صحبت کے لائق کب تھا مین اُسکا طعمہ ہون چاہیے تھا کہ اگر ہزار کمند سے کوئی اُسکی طرف کھینچتا تو بھی مین ارادہ اُسکا نکرتا لیکن لکھا پیشانی کا تقدیر الٰہی سے ہی اُس سے بندہ مجبور رہی اور دوسرے تیرے دمدمہ نے اے دمنہ مجھکو ورطۂ ہلاکت مین ڈالا ورنہ مین کب دیدہ و دانستہ دام بلا مین گرفتار ہوتا اب دست تدبیر دامن تدارک سے کوتاہ ہی کہ اسکا وقت باقی نہ رہا **مصرعہ** چون کہم خود کردہ را تدبیر نیست ٭ اور بزرگون نے کہا ہی کہ جو کوئی دنیا سے قدر کافی پر قانع نہو اور طلب زیادتی کی کرے مثال اُسکی ایسی ہی کہ ایک شخص کوہ الماس تک پہونچے اور ہر ساعت اُسکی نظر بڑے ٹکڑے پر پڑے اور خیال کرے کہ ٹکڑا بڑی قیمت کو ملے گا اس خیال سے آگے بڑھتا جائے اور ہرچند ریزہ ہاے الماس سے پانون اُسکے چھلتے جائین پر وہ مستی طلب مین خبردار نہوا اور کچھ ہاتھ آئے یا نہ آئے لیکن آگے ہی بڑھتا جائے اور وہ زخم ہر دم زیادہ ہوتے جائین اور یہ اسی صدمے سے کوہ پر ہلاک ہو جائے **بیت** از زیادت طلبی کار تو آید بزبان ٭ سود اگر خواہی از

نوش شیرین یعنی شہد یا عسل • نیش تلخ یعنی زہر • مزۂ وصل چشیدی یکچند • الم فراق میباید خورد • یعنی بایشان ہنگام وصل شادمانی اور فراق • رنج • کہم خود کردہ • بتاویل • بارشاد • ۱۲

اندازہ زیادہ مطالب ✤ دمنہ نے کہا کہ یہ سخن نہایت پسندیدہ کہا تونے کہ جو بلا کسی پر نازل ہووے
منشا اسکا حرص اور طمع ہوتا ہی **بیت** ہوا جو کوئی مبتلائے طمع ✤ وہ ہوگا اسیر بلائے طمع ✤
جو گردن کہ زنجیر حرص مین باندھی جاتی ہی آخر کو تیغ مذلت سے کاٹی جاتی ہی؛ در جسکے
دماغ مین کہ سودائے طمع جگہہ پکڑتا ہی آخر کو وہ سر خاک سے برابر ہوتا ہی اور اکثر اشخاص کہ
غلبہ حرص سے امید دولت پر ورطۂ نکبت مین پڑے ہین آخرکار قعر مہلکہ مضرت مین گرفتار
ہوے ہین جس طور سے کہ وہ صیاد در روباہ کی طمع رکھتا تھا آخرکار سر پنجہ پلنگ سے دماغ اُسکی
نہا دسے باہر ہوا شنزبہ نے کہا یہ ماجرا بیان کیا چاہیے **حکایت** دمنہ نے کہا کہ ایک صیاد
نے صحرا مین روباہ کو دیکھا کہ نہایت چستی و چالاکی سے ایک دشت مین گشت کرتی ہی صیاد کو
بال اُسکے خوش آئے باخود صلاح اُسکی گرفتاری کی کرکے ایک سوراخ اُسکی و دیاس کے پاس
کھودا اور خس و خاشاک سے چھپاکے پارۂ گوشت اُسپر رکھکے آپ کمینگاہ مین جا بیٹھا جبکہ وہ
روباہ دیاس سے باہر آئی اور بواُس جیفے کی ناک مین پہونچی نزدیک آگے چاہا اُسے کھائے
پھر دل مین اندیشہ کیا کہ اگرچہ بواس جیفہ کی دماغ کو معطر کرتی ہی لیکن بوے بلا بھی مشام ہوشیاری
مین آتی ہی اور عقلا اُس کام کے نزدیک کہ جسمین احتمال ہلاکت کا ہو نہین جاتے ہین اور خردمند
ایسے کام کو کہ اندیشہ فقے کا جس مین متصور ہو نہین کرتے ایک احتمال یہ ہی کہ کوئی جانور مرگیا ہو
اور گمان غالب یہ ہی کہ اُس جیفے کے تلے دام بھی بچھایا ہو بہر تقدیر ایسے اندیشہ ضرر سے
حذر اولی ہی **نظم** مرترا چون دو کار پیش آید ✤ کہ ندانی کدام باید کرد ✤ آنکہ درو ے
مظنۂ خطر ست ✤ آنت برخود حرام باید کرد ✤ وآنکہ بیخوف و بیخطر باشد ✤ بہا نت قیام
باید کرد ✤ روباہ نے یہ فکر کرکے خیال جیفے سے کنارہ کیا اور ایک طرف کی راہ لی اُس
اُس اثنا مین پلنگ گرسنہ کوہ سے نیچے اُترا جبکہ بواُس مردار کی سونگھی بلا تامل اُس
جیفے پر دوڑا پانون رکھنے کے ساتھ ہی اُس گڑھے مین گرا جبکہ صیاد نے پلنگ کے گرنے کی
آواز سُنی سمجھا کہ روباہ گری ہی نہایت حرص سے بے تامل اس گڑھے مین اُترا صیاد

نہا دیکھ باطنی
نہادن حرص بنیاد
مشغول گشتن
تیغ اولی چاہیہ
روش ایم
عادت
حکایت صیاد و روباہ
دیاس یا کاس
یعنی زندان
محتاج ہوسف و
سخن فقے
بے خطر
تیرہ دلی

کے آنے کے ساتھ ہی پلنگ نے پیٹ اُسکا چیر ڈالا صیاد غلبہ حرص و بے عقلی سے ہلاک ہوا
اور روباہ فیض قناعت و قطع طمع سے جان سلامت لیگئی فائدہ اس مثل کا یہ ہے کہ واقعی
غلطی کی مین نے کہ ملازمت شیر کی اختیار کی کیا جانتا تھا مین کہ وہ قدر خدمت کی نہ جانیگا
بزرگون نے سچ کہا ہے کہ صحبت اُسکی کہ قدر محنت کی نہ جانے اور خدمت اُس کی کہ قیمت محنت
کی نہ پہچانے مانند اُس کے ہے کہ کوئی شخص امید محصول پر تخم شیرین زمین شور مین بوئے
یا آب روان پر غزلہاے خوش مضمون لکھے یا تصویر سے بامید توالد و تناسل عشقبازی
کرے یا بگولے سے مینہ طلب کرے قطعہ معشوق و بادشاہ مین ہرگز وفا نہین ٭ پھل پیدا در
سرو مین ہرگز لگا نہین ٭ کوئی چراغ آتش گل سے جلا نہین ٭ پیاسے کو قطرہ آب گہر سے
ملا نہین ٭ دمنہ نے کہا اس بات سے درگذرا اور اپنے کام کی تدبیر کر شنزبہ نے کہا کیا چارہ کرون
یہ یقین جانتا ہون اور میری عقل بھی حکم کرتی ہے کہ شیر میرے حق مین بدی تجویز نہ کریگا
مگر اہل صحبت میری ہلاکت مین البتہ کوشش کرتے ہین اگر تقدیر میری نے زندگانی
کی ترازو کف فنا مین سپرد کی ہے تو ہر آئینہ پلۂ بقا میرا ظالمان مکار اور ستمگاران غدار
دست بدست اُٹھاوینگے جیسا کہ گرگ و شغال و زاغ ارادہ اونٹ پر کر کے
باتفاق یکدیگر غالب آئے دمنہ نے کہا کہ یہ ماجرا کیونکر تھا حکایت شنزبہ نے کہا
کہتے ہین کہ زاغ سیاہ چشم اور گرگ تیرہ بخت اور شغال پُر مکر ایک شیر شکاری کی خدمت
مین حاضر رہتے تھے اور اُنکا بیشہ شارع عام کے نزدیک تھا ایک بار اونٹ سوداگر کا
بھی اُس بیشہ کے حوالی مین درماندہ ہوکے رہگیا ایک مدت کے بعد قوت پاکے ہر طرف
چارہ کی فکر مین پھرتا تھا کہ گذر اُسکا اُسی بیشے مین ہوا جبکہ شیر کے نزدیک پہونچا آداب
خدمت بہ ہزار فروتنی بجا لایا شیر نے استمالت کی اور حال پوچھا شتر نے سوال کیا کہ
غلام چاہتا ہے کہ سکونت اس بیشے کی اختیار کر کے باقی عمر شہریار کی خدمت مین
بسر کرے شیر نے کہا کہ اگر رغبت ہماری صحبت کی رکھتا ہے تو تجھے امان ہے

حکایت گرگ و شغال و زاغ

اجازت ہوا اونٹ شاد ہوا اور اُس بیشے مین بسر کرنے لگا ایک مدت کے بعد وہ شتر نہایت
فربہ ہوا ایک روز شیر شکار کے واسطے گیا تھا اتفاقاً پیل مست سے دوچار ہوا اور جنگ
عظیم واقع ہوئی شیر مجروح ہو کے اپنے مسکن کو پھر آیا اور دردناک و مجروح بستر رنجوری
پر گرا زاغ اور شغال اور گرگ کہ اُسکے خوان احسان سے لقمہ پاتے تھے بے برگ و نوا
رہے شیر ازرہ الطاف کہ بادشاہ کو خدام پر ہوتا ہی یہ حال اُنکا دیکھ کے متاسف ہوا
اور کہا کہ رنج تمھارا مجھپر دشوار ہی اگر کوئی صید نزدیک ہو تو اطلاع دو کہ مین اسی حال
مین نکلکر اسے شکار کرون تا تم بھوکے نہ رہو اُنھون نے شیر کے پاس سے اُٹھ کے ایک گوشے
مین باہمدگر مصلحت کی کہ اس اونٹ سے نہ بادشاہ کو منفعت ہی نہ ہمین اُلفت اب
اس شیر کو اس بات پر لایا چاہیئے کہ اسے شکار کرے تا دو چار روز ہمین اور شیر کو رسد
رزق پہونچے شغال نے کہا کہ اس خیال باطل سے درگذر کہ شیر نے اُسے امان دی ہو جو کوئی
کہ بادشاہ کو غدر پر تحریص کریگا اور نقض عہد پر دلیری دلوائیگا حقیقت مین یہ خیانت
ہی اور خائن ہر حال مین مردود ہی اور خدا اور رسول اُس سے ناراض اور خلق ناخوشنود
رہیگی **نظم** ہر کہ در وطرح خیانت گریست ✤ دین وے از عہد امانت بریست ✤ سکہ
مردی ز دیانت بود ✤ قلبت مردم ز خیانت بود ✤ زاغ نے کہا کہ اس بات مین حیلہ
کیا چاہیے اور شیر کو اس عہد سے باہر لایا چاہیے تم سب یہان ٹھہرو مین جاتا ہون اور
ابھی آتا ہون اسکے بعد شیر کے نزدیک جا کے کھڑا ہوا شیر نے کہا کہ کوئی شکار کی خبر لایا ہی
زاغ نے کہا کہ کسی کی آنکھ بھوک کے غلبے سے کام نہین کرتی اور قوت حرکت کی بھی نہین ہی
مگر ایک طور غلامون کی خاطر مین آیا ہی اگر بادشاہ اسپر راضی ہو تو سب کو رفاہیت تمام
سے نعمت پہونچتی ہی شیر نے کہا کہ عرض کر زاغ نے کہا کہ اونٹ ہم مین اجنبی ہی اور اُسکی
مصاحبت سے کوئی نفع بھی متصور نہین ہی سر دست اِس وقت مین ایسا صید ہی کہ
از خود شکار دام افتادہ ✤ ہاتھ آتا ہی شیر یہ بات سُن کے نہایت غضب مین آیا اور

نقض با لضم شکستن بنیاد و المعدہ ۱۲ برّی یعنی بیزار ۱۲ سکہ ... قلبت ...

کہاکہ خاک ایسے رفیقون کے سر پر ہو کہ جز شیوۂ نفاق اور شیمۂ غدر نیک بات نہین جانتے
ہین اور طریق رفق وفتوت سے محض بیگانہ ہین اور مجھے وہ بات تعلیم کرتے ہین کہ
جس سے خدا ناراض ہو اور سلطنت برباد ہو جائے بھلا جس نے کہ یہ شعر موکف کا
سُنا ہو گا وہ کیونکر خوف خدا سے غفلت کرے گا **بیت** نہ ہو مغرور گر زیر نگین ہے ہفت کشور
ہون + سلیمان سے بیان اکرم ہین لیلے دیو خاتم کو + عہد کا توڑنا کس مذہب مین جائز ہی
کہ پہلے اُسے اپنی پناہ مین لینا اور پھر پیمان شکنی کرکے اسے ہلاک کرنا اس سے بھی بدتر کوئی بری بات
ہی **بیت** ہر شاخ پائدار کہ از تست سربلند + مشکن بدست خویش کہ آن ہم شکست تست
زاغ نے کہاکہ مین اِس مقدمے کو جانتا ہون لیکن حکمانے کہا ہی کہ ایک نفس کو اہلبیت
کے واسطے فدا کرنا چاہیے اور اہل بیت کو قبیلے کے واسطے اور قبیلے کو فداے شہر اور
اہل شہر کو فداے شہریار کرنا واجب ہی کہ سلامتی اُس کی اہل زمانہ کو فائدہ پہونچائیگی
اس صورت مین صاحب عہد صفت غدر سے پاک رہے گا اور اُس کی ذات مشقت فاقہ
سے سلامت رہیگی شیر نے یہ سُنکر گردن جھکالی زاغ آیا اور یارون سے کہاکہ اول
قصہ ہلاکت شتر کا مین نے عرض کیا پہلے تو سرکشی کی اور اُسکے بعد نیم راضی ہوا اب
یہ تدبیر ہی کہ سب اونٹ کے پاس چلین اور مذکور شیر کی بھوک اور رنج کشی کا بیان
کرین اور کہین کہ ہم پناہ سایۂ دولت مین کامگار ہین اور روزگار خرمی کے ساتھ
بسر کرتے تھے اب جو یہ حادثہ درپیش آیا مروت تقاضا نہین کرتی ہی کہ جان اور نفس
اپنا اُسپر فدا نہ کرین والا کفران نعمت کے ساتھ منسوب ہونگے اور مروت و جوانمردی
سے محروم رہینگے بہتر یہ ہی کہ ہم سب شیر کے پاس چلین اور اُسکا شکر انعام واکرام
بیان کرین اور کہین کہ ہمسے اور کچھ نہین ہو سکتا ہی مگر جان اور نفس اپنا تجھپر فدا
کرتے ہین اور سب یہ عرض کرین کہ بادشاہ آج چاشت ہمارے گوشت سے کرے
اور دوسرا اُسکے قول کو رد کرے حتے کہ نوبت شتر کی آئے ممکن ہی کہ شتر کا مارا جانا

قرار پائے پس باتفاق یہ سب شتر کے پاس گئے اور یہ سب فضولی اُس سے بیان کی
شتر سادہ لوح اُنکے افسون پر فریفتہ ہوا اور اُسی نوع سے کہ مذکور جسکا ہوچکا بات کو
قرار دیکے شیر کے پاس آئے اور زاغ نے زبان کھولی اور یہ شعر مولف کا پڑھا بیت
دشمن تیرے پامال رہین صورت سبزہ ۞ پھٹکے نہ خزان تیرے گلستان کے برابر ۞ ہماری
راحت وصحت بادشاہ کی سلامتی مین ہو اب جو ضرورت پیش آئی ہو بادشاہ کو اگر میرے
گوشت سے سد رمق حاصل ہو تو عین راحت ہو مجھے نوش فرمایئے اوروں نے کہا کہ تیرے
گوشت کھانے سے کیا سیری بادشاہ کو ہوگی بیت توکون ہو جو شمار مین آئے ۞
کیا مطبخ شہریار مین آئے ۞ زاغ نے یہ بات سُنکے گردن جھکا دی شغال نے عرض کیا
مدت دراز متمادی ہوئی کہ تیرے سایۂ دولت مین تاب آفتاب حوادث سے بہزار
امن وامان گذران کی ہو مین نے آج کہ ماہتاب بادشاہ کا خسوف مضرت مین مبتلا
ہو چاہتا ہون کہ ستارۂ اقبال بے زوال میرے افق حال سے طلوع کرے یعنی بادشاہ
طعمہ چاشت کا میرے گوشت سے فرمائے اوروں نے جواب دیا کہ جو کچھ کہ عرض کیا تو نے یہ
محض ہوا داری اور حق گذاری ہو مگر تیرا گوشت کہ بدبو رکھتا ہو مبادا تناول کے بعد رنج
بادشاہ زیادہ ہو شغال خاموش رہا مگر گرگ آگے بڑھا اور زبان ثنا یون کھولی بیت
خدایا رتیرا ہوا ہی شہریار ۞ عدو روز میدان ہو تیرا شکار ۞ میری بھی جان بادشاہ پر
فدا ہو اور اس بات کا آرزو مند ہون کہ بادشاہ بخوشی میرے اجزا کو اپنے دانتون مین
جگہ بخشے یاروں نے کہا کہ یہ بیان تیرا محض اخلاص اور علامت اختصاص ہو مگر تیرا گوشت خناق
اور مضرت مین زہر ہلاہل کے برابر ہو گرگ نے سُنکے قدم پیچھے رکھا اور شتر دراز گردن نے بحکم کل
طویل احمق بعد ادائے شرائط دعا کے یہ شعر مؤلف کا پڑھا بیت کمان چرخ ترے تیر کی ہو
حلقہ بگوش ۞ ترے عدو کو لگائے شہاب ثاقب تیر ۞ کہ مین از خاک برداشتہ اس حضرت کا اور
پرورش یافتہ اس دولت کا ہون اگر بادشاہ اپنے مطبخ کے واسطے اس ناچیز کا گوشت قبول

فرمائے اور جان میری کام آئے تو بھی بار احسان سے سبکدوش نہین ہوسکتا بیت
توکرے ذبح تو مین زیست کی لذت سمجھون ٭ کام آئے جو مری جان سعادت سمجھون ٭
سب اہل فریب متفق الکلمہ بولے کہ یہ بات تیری فرط شفقت و صدق عقیدت سے
نزدیک ہو فی الواقع گوشت تیرا خوشگوار اور بادشاہ کے مزاج کے لیے سازگار ہو
رحمت ہو تیری ہمت پر کہ اپنے ولی نعمت سے بجان مضائقہ نہ کیا اور اس معاملہ سے اپنا
نام نیک صفحۂ روزگار پر یادگار چھوڑا بیت زر کے دینے کو تو حاضر ہین ہزار ٭ جان دینا
ہو نہایت دشوار ٭ اسکے بعد سب حملہ آور ہوے اور اجزا اس مسکین کے پارہ پارہ کر ڈالے
یہ نقل اسواسطے بیان کی جاتی ہے تو کہ فریب اہل مکر کا خصوصا جس وقت کہ متفق ہوتے
ہین خالی نہین جاتا ہو دمنہ نے کہا کہ اسکے دفع کی کیا تدبیر ہو شنتربہ نے کہا کہ اس حال
مین تدبیر میری راہ صواب سے دور نظر آتی ہو بلکہ سوا ے جنگ و جدال حرب و قتال کے
اور چارہ نہین دیکھتا ہون کہ حفظ مال اور حفاظت جان کے لیے اگر کوئی مارا بھی جاتا ہو
تو دائرۂ شہدا مین داخل ہوتا ہو بموجب اس حدیث شریف کے من قتل دون نفسہ فہو شہید
اگر میری اجل شیر کے ہاتھ سے مقدر ہو تو چارہ کیا لیکن ہمت مردانہ کے ساتھ مارا جاؤن تو
بہتر ہو کہ کوئی بے حمیت اور بے غیرت تو نہ کہیگا اور موت نیکنامی کے ساتھ بہتر ہو زندگانی
سے کہ بدنامی کے ساتھ ہو دمنہ نے کہا کہ خردمند جنگ کے وقت پیشدستی نہین کرتے ہین سنا
ہوگا کہ پیشدادیون کیانیون کا عہد تھا کہ دشمن پر پیشدستی نہ کرتے تھے اور اس مین بہت
سے فوائد ہین کہ ہنگام حرب سبقت کرنا بیخردی اور خطرہاے بزرگ کی دلیل ہو بلکہ
اصحاب راے مدارا اور تلطف کو پیش کرتے ہین اور مناقشے کا دفع کرنا ملاطفت
کے ساتھ اولے جانتے ہین نظم جو لوگ کہ ہوتے ہین ولا عاقل و ہنر ٭ کرتے نہین جز مہر عدو
بردہ قہر ٭ پوشیدہ نہین ہو یہ مثل ہو مشہور ٭ مرتا ہو جو گڑ سے کیون اسے دیجے زہر ٭
دوسرے دشمن ضعیف کو خرد و خوار نہ جاننا چاہیے اگرچہ قوت اور زور سے برنہ آسکے شاید

مجہول لغتہ … پیشدادیان لغتہ … ضحاک … فریدون … منوچہر

که عذر و فریب سے آتش فتنه کو بهڑکائے اور تو خود حالت شیر کو جانتا ہی اور اُس کا غلبه
شرح و بسط سے تجهے معلوم ہی پس اُسکی دشمنی اور غائله حرب سے غافل نہو که جو کوئی دشمن کو
خوار جانتا ہی اور اُسکی محاربت سے اندیشه نہین کرتا ہی پشیمان ہوتا ہی جیساکه وکیل دریا پر

حکایت طیطوا و وکیل دریا

تحقیر طیطوا سے ہوا شنزبه نے پوچها یه کیونکر تها دمنه نے کہا که حکایت ہی که ساحل دریاے ہند
پر ایک نوع پرندون کی ہی که اُنکو طیطوا کہتے ہین ایک جوڑا اُنکا دریا کے کنارے نشیمن رکھتا
تها جبکه وقت انڈے دینے کا آیا ماده نے کہا که انڈے رکھنے کے واسطے جگه ڈھونڈھا چاہیے
که فراغ سے وہان گذران کرین نر نے کہا یه موضع پاک اور جاے دلکش ہی اب اُٹھنا اس
محل سے مشکل نظر آتا ہی یہین انڈے دیا چاہیے ماده نے کہا که یه جگه اندیشے کی ہی که اگر دریا
موج مارے اور بچّون کو بہائے تو کس قدر رنج اُٹھانا پڑے نر نے کہا که خیال مین نہین آتا ہی که
وکیل دریا اس قدر دلیری کرے که ہمارے بچے لیجائے اور اگر بالفرض ایسی حرکت کرے که بچے ہمارے
غرق ہو جائین تو مین انتقام اپنا واقعی اُس سے لونگا **بیت** کجروی ہمسے کرے کیا ہی مجال
دریا ٭ صورت موج ہوا تیڑھا ہی حال دریا ٭ ماده نے کہا که اپنی حد سے تجاوز کرنا لائق نہین ہی
اور زیاده اپنے طور سے لاف مارنا اہل خرد کو نچاہیے تو کس قوت اور قدرت پر وکیل دریا سے
انتقام لے گا اور کس شوکت و مرتبت پر مجادلت اور منازعت اس سے کریگا **بیت**
یه سنا ہی ہر شکار انداز سے ٭ صعوه بر آتا نہین شہباز سے ٭ اُس اندیشے سے درگذر اور
بیضون کے واسطے کوئی مکان محفوظ اور جاے حصین اختیار کر اور میری نصیحت سن جو کوئی
سخن ناصحون کا نه سُنے گا اور پند یاران مشفق پر کاربند نه ہوگا تو اُسے وه پہونچیگا جو سنگ پشت

حکایت سنگ پشت و بطین

کو پہونچا نر نے کہا که یه حکایت کیونکر تهی ماده نے کہا **حکایت** کہتے ہین که ایک آبگیر کہ
پانی اُسکا صفت مین مانند آئینه کے صاف تها اور عذوبت[٢٤] و لطافت مین عین آبحیات
اور چشمه سلسبیل سے برابری کرتا تها اس جگه ایک سنگ پشت اور دو بطین باہم مسکن
رکھتی تهین اور مجاورت[٢٦] کے سبب سر رشته اُنکی محبت کا مصادقت کو پہونچا تها اور ہمسایگی

مانند ہمخانگی کے ہوگئی تھی لمؤلفہ بیت نرہے وہ زلیست جو یاروں مین گذرے ؛
خوشا وہ دم جو غمخواروں مین گذرے ؛ ناگاہ دست روزگار غدار نے انکے رخسارہ
حال کو خراش دینا شروع کیا اور سپہر مینا فام نے صورت مفارقت کی آئینہ روز و شب سے
دکھانا آغاز کی یعنی ہر روز پانی اُس چشمے کا خشک ہونے لگا مصرعہ واتی نعیم لا یکدرہ الدہر
آخر کار اُس پانی مین کہ مادہ حیات اور ممد معاش تھا نقصان کلی ظاہر ہوا بطون نے جبکہ
یہ حال سمجھا کہ بے آب زندگانی ناممکن ہی ناچار دل وطن سے اُٹھایا اور عزیمت سفر
کی مصمم کی بیت ناسخ جسکو وطن مین چین نہ ہو وہ سفر کرے ؛ گذرے وطن سے
دشت بلا مین گذر کرے ؛ ہرچند کہ رنج سفر کا بدھتا ہی مگر جفاے وطن سے بہتر اسکے بعد
با دل پر غم اور دیدہ پر نم سنگ پشت کے پاس آئین اور سخن الوداع درمیان لائین
اور یہ بیت پڑھنے لگین بیت جدائی تری کسکو منظور ہی ؛ زمین سخت ہی آسمان دور ہی ؛
سنگ پشت سوز فراق سے رو دیا اور کہا کہ یہ کیا بات ہی اور بغیر تمھارے کیونکر میری زندگی
بسر ہوگی جبکہ طاقت وداع کی نہین ہی تحمل فراق کا کیونکر کر سکونگا بیت ناسخ ابھی
ہرچند کہ بچھڑا نہین وہ گل مجھسے ؛ ایسا نالان ہون کہ شرمندہ ہی بلبل مجھسے ؛ بطون نے
جواب دیا کہ ہمارا جگر بھی خار خار مفارقت سے ریش ہی اور سینہ التہاب زبانۂ آتش مہاجرت
سے بریان لیکن کیا کرین نزدیک ہی کہ خرابی بے آبی کی ہماری خاک وجود کو باد فنا سے
برباد کردے لاجرم بضرورت ترک یار و دیار کرنا اور کربت و غربت اختیار کرنا پڑا ہی
لمؤلفہ بیت کہان عاشق نکلتا ہی برغبت کوے جانان سے ؛ بمجبوری قدم آدم کا نکلا
باغ رضوان سے ؛ سنگ پشت نے کہا کہ جانتا ہون مین پانی نہونے کی مضرت ہر ذیحیات
کے حق مین حکم زہر قاتل کا رکھتی ہی اور زندگانی بے پانی ممکن نہین ہی لیکن حق صحبت قدیم
مقتضی اسکا ہی کہ مجھے بھی اپنے ساتھ لے چلو اور محنت آباد فراق تنہائی مین تنہا نہ چھوڑ دو
بیت ناسخ جاتا ہی سفر کو تو جواے جان ؛ بیکار ہی پھر یہ جسم بیجان ؛ بطون نے کہا کہ

اے دوست یگانہ واے ہمدم فرزانہ تیری جدائی رنج جلاے وطن سے زیادہ تر ہے ہم جس جگہہ کہ جائینگے اگر رفاہیت تمام بھی ملی اور عشرت کامل بھی حاصل ہوئی تو بھی تیرے دیدار کے بغیر دیدہ عیش تیرہ اور چشم بخت خیرہ رہین گے لیکن کیا کرین کہ ہمارا چلنا پانؤن سے روے زمین پر اس مسافت دور و دراز کے ساتھ متعسر اور تیر اُڑنا اوج ہوا پر ہمارے اتفاق مین متعذر ہے بس اس تقدیر پر ہمارا تیرا ساتھ کیونکر ہو سکے سنگ پشت نے کہا کہ چارہ اس کام کا کچھ تمھارے ذہن رسا سے حاصل ہو تو ہو ورنہین اور مجھ خستہ جان فتار رسیدہ ہجران سے اسکی تدبیر کچھ نہین ہوسکتی ہے بطون نے کہا کہ اے عزیز ہم اسکی بھی تدبیر کر سکتے ہین لیکن مجبور ہین کہ جو کچھ کہینگے وہ تجھسے نہو سکیگا اور جو عہد کہ تو کریگا اسپر ثابت نرہیگا سنگ پشت نے کہا کہ تم میری اصلاح کے واسطے بات کہوگی اور مین نہ کرونگا اور جو وعدہ کہ سراپا میرے واسطے مفید ہو اُسپر ثابت نہ رہونگا ایسا بھی مجنون نہین ہون کہ اپنے نیک و بد کو نہ سمجھون بیت شرط کرتا ہون نہونگا تیرے کہنے کے خلاف ؛ عہد کرتا ہون نہوگا اس سے ہرگز انحراف ؛ بطون نے کہا کہ شرط یہ ہے کہ جو ہم تجھے ہوا پر اُٹھا کر لے چلین تو مطلق راہ مین بات نہ کرنا کس واسطے کہ جو ہمین روے ہوا پر اس ہیئت کذائی سے دیکھے گا تعرض کریگا اور کنایہ سے اپنے اپنے طور پر کلام کرے گا تو جو سُنے یا جو کچھ کہ دیکھے مطلق نہ بولنا سنگ پشت نے کہا کہ مطلق مین آپ کے فرمانے سے تجاوز نہ کرونگا اور شعر میر کا میری تعلیم کو کفایت کرتا ہے بیت خموشی کی ہماری جا بجا اب قصہ خوانی ہے ؛ برابر سوز بان کے ایک اپنی بے زبانی ہے ؛ اسی کے مناسب حال رباعی شیخ ناسخ صاحب کی ہے رباعی کرتی ہے فزون قدر بشر خاموشی ؛ ہر عیب کو کرتی ہے ہنر خاموشی ؛ ہو ہر دم چشم سان سر و پا بینا ؛ انسان سے ہو سکے اگر خاموشی ؛ بطون نے ایک لکڑی نکالی اور سنگ پشت سے کہا کہ اسے دانتون سے مضبوط پکڑ اور بطون نے دونون جانب سے اُس چوب کو نوک مین پکڑ اور اسی ہیئت سے ہوا پر اڑین اور اسی تالاب کی طرف کہ جہان پانی تھا روانہ ہوئین قضا را انکا گذر ایک قریہ

پرہوا جبکہ نظر لوگون کی ان بطون پر پڑی دیکھا کہ ایک چوب ہے کہ اسمین سنگ پشت لٹکتا
ہے اور دونون گوشے اُسکے دو بطین لوگون مین پکڑے ہوے اُڑی جاتی ہین اس طرح کا
تماشا کبھی کسی نے نہ دیکھا تھا وضیع و شریف اس قریے کے غوغا کنان دوڑے کہ یہ کیا
عجائبات ہے ہر ایک اپنی طرح سے کلام کرتا تھا اور یہ سنگ پشت کو ناگوار گذرتا تھا
ایک ساعت بھر تو سنگ پشت نے ضبط کیا آخر آتش غضب و بگیدان سینہ سنگ پشت مین
جوش زن ہوئی اور طاقت ضبط کی نرہی اور کہا کہ آنکھین تمھاری اندھی ہو گئی ہین کیون
چلاتے ہو ادھر سنگ پشت نے لب کھولے اور ادھر زمین پر گرا بطین چلائین کہ تو نے خلاف
عہد سے ہمین رنج مین اور آپ کو ہلاکت مین ڈالا وما علی الرسول الا البلاغ یہ کہکے
راہ اپنی لی اور سنگ پشت ہلاک ہوا فائدہ اس مثل کا یہ ہے کہ جو کوئی نصیحت کو ناصح کی
سمع قبول مین جگہہ نہ دیگا وہ اپنی ہلاکت مین سعی کریگا لمولفہ بیت ہمیشہ پشیمان و احمق
رہیگا ٭ جو کہنا کسی کا نہین مانتا ٭ طیطوی کے نرنے کہا کہ مین نے سنی یہ مثل سب اور اسکا
مضمون معلوم ہوا لیکن تو نہ ڈر کہ شخص بزدل اور خوف خوردہ ہرگز مراد کو نہین پہونچا ہے اور
یہ بات وہی ہے کہ مین نے جو پہلے کہی کہ وکیل دریا رعایت ہماری لوازم واجبات سے جانے گا
مادہ نے ناچار اسی جگہہ پر بیضے رکھے جبکہ بچے نکلے تھوڑے سے عرصے کے بعد موج آئی اور ان
بچون کو لیگئی مادہ نے اس حال کے مشاہدے کے بعد گریبان اپنا چاک کیا اور نر سے کہا کہ
اے خاک بر سر من جانتی تھی مین کہ یہ دریا میرے بچون کو خاک مین ملائیگا اور آتش فراق میرے
خرمن جان کو لگائیگا مگر تیری عقل ناساز نے مجھے خراب کیا اب کیا تدبیر کریگا کہ میرا ریش دل اس
مرہم سے التیام پذیر ہو نرنے کہا کہ میرا وہی قول ہے کہ مین انتقام اپنا وکیل دریا سے لونگا پس
اسی حال مین اور پرندون کے پاس گیا اور جو کہ پیشوا اُس قوم کے تھے اُنکو جمع کیا اور اپنا حال مشرح
بیان کرکے کہا کہ اگر آج تم سب متفق ہوکے داد میری وکیل دریا سے نہ لوگے تو جرأت
اُسکی بڑھ جائیگی کہ بعد اسکے یہ ارادہ تم سب کے بچون کا کریگا اور یہ نقصان مستمر

ہم سب کے حق مین قرار پکڑے گا اب اسکے بعد اپنے اپنے فرزندون سے ہم سب قطع اُمید کرین
یا مسکن اور وطن اپنے سب چھوڑ دین المؤلفہ بیت یا گوارا کیجے قطع اُمید او لاد سے ؛ عزم
غربت کیجے یا خانۂ آباد سے ؛ اور یا متفق ہوکر ہم عوض اپنا وکیل دریا سے لین کہ گریہ
کشتن روز اول بہتر ہی مصرعہ علاج واقعہ پیش از وقوع باید کرد ؛ سب پرندے اس
حال سے آگاہ ہوکر باہم اڑے اور سیمرغ کی خدمت مین حاضر ہوکے صورت حادثہ عرض کی
اور کہا کہ اگر غم رعیت کا کہائیگا تو سلطان ہمارا ہی اور اگر پرواز اری کی نکرے گا تو فرمان
مرغون کی سلطنت کا تیرے صفحۂ دولت سے مٹا کے منشور انکی پاسبانی کا اور کے نام لکھا جائیگا
بیت غم زیر دستان بخور زینہار ؛ بترس از زبردستی روزگار ؛ سیمرغ نے انکی استمالت کی
اور با خدم و حشم اپنے دار السلطنت سے متوجہ اس حائلہ کی دفع پر ہوا اور سب پرندون نے
امداد و رفاقت پر قوی دل ہوکے ساحل دریاے ہند کی طرف رخ کیا جبکہ سیمرغ اپنی سپاہ
کے ساتھ کہ حساب محاسب مین نہ سماوے اور انکا عدد و صفحات میزان امکان مین تولا نجاوے
اس دریا کے نزدیک پہونچا المؤلفہ نظم سب کے سب تند خو تھے خون آشام ؛ سب کے
پنجون مین ناخنون کی حسام ؛ سب دلاور دلیر و دشمن سوز ؛ فوج اعدا پہ سب کے سب فیروز
سب کے سب پہنے بکتر پر و بال ؛ دل سے آمادۂ جدال و قتال ؛ کرنا جنگ مین تھین منقارین
بال و باز و تھے تیز تلوارین ؛ دوستی کو ہزار بھی کم ہین ؛ مونس بے شمار بھی کم ہین ؛ ہی
بہت ایک بھی عداوت کو ؛ ہو حذر صاحب فراست کو ؛ نسیم نے کہ سلسلہ جنبان موج
ہوتی ہی یہ خبر وکیل دریا کو پہونچائی وکیل دریا نے کہ اپنے حوصلے مین طاقت مقاومت سیمرغ
نہ رکھتا تھا بنا چاری بچے طیطوی کے پھیر دیے غرض اس افسانے کی ایراد سے یہ ہی کہ کسی
دشمن کو اگرچہ کیسا ہی حقیر ہو خوار نجاننا چاہیے بعض جگہ سوزن خرد قامت وہ کام کرتی ہی کہ
نیزۂ دراز سے وہان کچھ نہین ہو سکتا ہی حکیمون نے کہا ہی کہ دوستی ہزار تن کی مقابلے
مین ایک دشمن کے بعضی جگہ کام نہین آتی ہی شنزبہ نے کہا کہ مین جنگ کی ابتدا

نہ کرونگا تلبید نامی اور کافر نعمتی سے منسوب نہ ہون مگر جو شیر خواہی نخواہی قصد میرا کریگا تو
صیانت نفس اور مدافعہ اسکا مجھپر واجب ہی دمنہ نے کہا کہ جب تو شیر کے پاس پہونچے اور
دیکھے کہ دُم اُٹھاکے زمین پر مارتا ہی اور سُرخی اُسکی آنکھون کی شعلے کی طرح چمکتی ہی تب تو
یقین کرنا کہ آج اُسنے میرا قصد کیا ہی شنزبہ نے کہا کہ اگر کوئی بات اس طرح پر مشاہدہ کرونگا
تو یقین ہوگا اور شک باقی نہ رہیگا اُس وقت حتی الوسع جو کچھ کہ ہوسکیگا قصور نہ کرونگا دمنہ
اسبات سے خوش ہوکر روانہ ہوا المولفہ **بیت** اور کے غم سے خوش جو ہو عقل اُسمے ذرا نہین ٭
شرم نہین حیا نہین صدق نہین صفا نہین ٭ کلیلہ نے کہا کہ کام کہانتک پہونچا اور مہم نے کس چیز
کے ساتھ انجام پایا دمنہ نے جواب دیا **مصرعہ** بخت بھی بیدار رہی اور آسمان بھی یار ہی ٭
بحمد اللہ کہ فراغ تمامتر نے مُنہ دکھایا اور کار دشوار نے آسانی سے سرانجام پایا اور سب حال
من اولہ الی آخرہ بیان کیا کلیلہ نے کہا کہ اچھا نہ کیا تو نے اور انجام اس کام کا تیرے واسطے
خالب ہی کہ بُرا ہو دمنہ نے اسکا کچھ خیال نہ کیا اور جاکر شنزبہ کو ہمراہ لیکر شیر کی خدمت مین
آیا شیر نے دمنہ کی تعلیم کے موافق عزآنا اور دم مارنا شروع کیا شنزبہ کو یقین ہوا کہ شیر نے
مقرر قصد میری ہلاکت کا کیا ہی اور اپنے دل مین کہتا تھا کہ خدمت ملوک کی خوف ہلاکت
سے خالی نہین ہوتی ہی اور ملازمت سلاطین کی ہمخانگی مار اور ہمخوابگی شیر ژیان سے
کم نہین ہوتی ہی اور سانپ جبکہ سر نکالیگا اور شیر جاگیگا ضرور ضرر پہونچائیگا **بیت**
ملکن ملازمت بادشہ گزان ترسم ٭ کہ ہمچو صحبت سنگ وسبو شو دنا گاہ ٭ یہ خیال گذرتا
تھا اور اندیشہ جنگ کا دل مین کرتا تھا اگرچہ جانتا تھا کہ جان بچنا بہت دشوار ہی لیکن بحکم
اسکے **بیت** وقت ضرورت چو نماند گریز ٭ دست بگیرد سر شمشیر تیز ٭ آخر کو
دونون طرف جو کہ دمنہ نے افسون پھونکا تھا علامت اُس کی ظاہر ہوئی یعنی دونون
طرف سے غرش شیر کی اور خوار گاؤ کی بلند ہوئی **نظم** زغوغاے ایشان
وحوش وسباع ٭ دران دشت وبیشہ پریشان شدہ ٭ آخر شیر نے بیل کا کلا پکڑکے

چبا ڈالا اور کام اُس مسکین کا تمام کیا کلیلہ نے جبکہ یہ صورت دیکھی دمنہ سے کہا رباعی

صد حیلہ و نیرنگ بر آمیختۂ ٭ وآنگہ زمیان کار بگریختۂ ٭ یاران دو صد سالہ فرو نشاندی
این گرد بلا را کہ بر انگیختۂ ٭

ای نادان اپنی راے کی خامی دیکھتا ہی اور جانتا ہی یا نہین
دمنہ نے کہا وہ خام کون ہی کلیلہ نے کہا کہ وہ تو ہی اور یہ کام کہ تو نے کیا ہی سات ضرر اسمین
موجود ہین اوّل یہ کہ بے ضرورت اپنے ولی نعمت کو مشقت مین ڈالا اور رنج قوی اُسکی ذات کو
پہونچایا دوسرے اپنے مخدوم کو نقض عہد اور بیوفائی کے ساتھ منسوب کیا اور اپنے حظ نفس
کے واسطے بدنامی بادشاہ کی روا رکھی تیسرے بے سبب خون مین ایک بے قصور کے سعی کی
اور ورطۂ ہلاکت مین اُسکو ڈالا چوتھے خون بے گناہ کا اپنی گردن پر لیا کہ تا ابد اس
مواخذے سے نہ چھوٹے گا پانچوین جماعت کثیر کو بادشاہ کے حق مین بدگمان کیا غالب
ہی کہ اکثر لوگ بادشاہ کی بیوفائی کے خوف سے جلاے وطن اختیار کرین اور خان ومان
سے آوارہ ہوکے محنت جلاے وطن گوارہ کرین چھٹے سپہ سالار لشکر کو عرصۂ تلف مین ڈالا
ہر آئینہ جمعیت سباع کی بعد اس حادثہ کے بے انتظام رہیگی ساتوین عجز اور ضعف اپنا
ظاہر کیا تو نے اور یہ جو تیرا دعوی تھا کہ یہ کام مدارا سے بنا دونگا سو خوب بنایا تو نے اور
احمق ترین مخلوقات وہی شخص ہی کہ فتنۂ خفتہ کو بیدار کرے اور جو مہم کہ صلح و نرمی سے
تدارک پذیر ہو سکتی ہو اُسے جنگ و خشونت مین ڈالے دمنہ نے جواب دیا بیت

نہ نکلے کام اگر فرزانگی سے ٭ تعلق کیجیے دیوانگی سے ٭

کلیلہ نے کہا کہ تو نے خرد کے موافق
کونسا کام کیا کہ درست نہوا اور ہاتھ سے معار تدبیر کے کونسی بنا ڈالی کہ وہ بن نہ آئی اور
افسوس کہ اتنا نہ سمجھا تو کہ راے درست اور اندیشۂ صواب کو جرأت و شجاعت پر ترجیح ہی
الراے قبل شجاعۃ الشجعان شعر

کار ہا راست کند عاقل کامل سخن ٭ کہ بصد لشکر جرار میسر نشود

دمنہ مجھے ہمیشہ سے حال تیرے عجب اور مغروری اور اس دنیاے فریبندہ کی جاہ پر مفتونی
کا کہ جز نقش بر آب تماشاے یک نظر اور کچھ حقیقت نہین ہی معلوم تھا لاکن اُسکے اظہار مین

مجھے تامل تھا مگر اب اسلیے کہ تو انتباہ پائے اور خواب غرور سے بیدار اور مستی شراب جہالت سے
ہوشیار ہووا تنا کہا جاتا ہی کہ اب تیری غفلت و نادانی حد سے زیادہ ہوئی اور بادیۂ ضلالت
مین سرگردانی اور پریشانی تیری بہت ترقی کر گئی تو اب ضرور ہی کہ تجھے تیری تیرگی اور
فرط دیری سے کہ امور مستکرہ مین بڑھ گئی ہی آگاہ کرون ہر چند مجال قلم نہین کہ قطرہ اُس
دریاے بیان مین آسکے لیکن لازم ہی کہ کچھ بقدر اپنی طاقت کے زبان آوری کرون بیت
تا تو بدانی کہ چہا کردہ ✤ نقش و غالبۂ خطا کردہ ✤ دمنہ نے کہا کہ ای برادر ابتداے عمر سے
تا اینَدم وہ قول کہ نہ چاہیے اور وہ فعل کہ نا مناسب ہی مجھے وجود مین آیا ہو ایسا یاد نہین
پڑتا ہی اور اگر کوئی عیب میرا آپ نے مشاہدہ کیا ہو اُسے فرمایئے کلیلہ نے کہا کہ تیرے عیب بہت
ہین مگر وہ شخص کہ شناسندۂ عیب و ہنر ہو ان نہین پائے تجھ مین بڑا عیب یہ ہی کہ آپ کو
بے عیب جانتا ہی دوسرے یہ کہ تیری گفتار کردار پر ترجیح رکھتی ہی اور یہ بات مشہور ہی کہ
بادشاہ کے واسطے کوئی بات اسکے برابر نہین ہی کہ قول اُسکے اہل کار کا اُسکے افعال پر مرجح
ہووے اور اہل علم قول اور فعل مین چار قسم کے ہوتے ہین اول یہ کہ کہین اور نہ کرین یہ
طریقہ منافقون کا ہی دوسرے یہ کہ نہ کہین اور کرین یہ عادت عادلون کی ہی تیسرے یہ کہ
کہین کچھ اور کرین کچھ اور چوتھے یہ کہ نہ کہین اور نہ کرین کہ جو شیوہ منافقون کا ہی اور تو ہمیشہ اپنے
ہنر سے بات بڑھکے کہتا ہی جیسا اگر گادے کہا کچھ اور کیا کچھ اور شیر جو تیری باتون پر فریفتہ ہوکر
مرتکب ایسے کام کا ہوا ہی عیاذاً باللہ اگر کوئی رنج اُسنے شیر کو پہونچا دیا یا کچھ ہرج مرج اس
ولایت مین تیرے کردار کے سبب سے نمودار ہوا اور شورش و اضطراب رعایا کا حد سے
گذرا اور یا نفوس اور اموال خلق کے معرض تلف مین آگئے پس وبال اس نکال کا تیری
گردن پر جیسا کہ پڑیگا دیکھے گا تو رباعی گویا بد کار ہو کوئی یا بد اندیش ✤ پائیگا کبھی
نہ نوش جز نیش ✤ جیسا کرے گا کام کوئی ✤ ویسا ہی اُسے بھی آئیگا پیش ✤ دمنہ
نے کہا کہ مین نے بادشاہ کو بجز کلمۂ نیک و سخن خیر نہین کہا ہی اور اس چمن مین سواے

نہال بندگی کے اور درخت نہین لگایا ہو کلیلہ نے کہا وہ نہال کہ جسکا یہ ثمر ہو کہ مشاہدہ کیا جاتا ہو جڑ سے اکھڑنا بہتر اور وہ نصیحت کہ جسکا یہ نتیجہ ہو نہ سُننا اسکا اچھا ہو اور کبھی کوئی قول تیرا حلیہ عمل نیک سے آراستہ نہین دیکھا ہو عالم بے عمل مانند موم بے عسل کے کچھ لذت نہین رکھتا ہو اور گفتار بے کردار مانند درخت بے برگ و بار کے ہو کہ سوا جلانے کے اور کام کے سزاوار نہین ہوتا ہو اور اکابر نے وفاتر ہنر مین قلم کرم سے یہ لکھا ہو کہ چھ چیز دل سے امید بہبودگی نہ رکھے یعنی قول بے عمل سے اور مال بے خیر سے اور دوست نا آزمودہ اور علم بے صلاحیت سے اور صدقہ بے نیت سے اور اُس زندگانی سے کہ جسمین صحت نہ ہو سُن اے دمنہ صحبت اُس بادشاہ کی جو بذات خود عادل اور کم آزار ہو مگر اُسکا وزیر ناپاک طینت اور بدنیت ہو بے سود ہو کیونکہ منافع بادشاہ کے عدل و رافت کے رعیت سے منقطع کریگا اور فیصلہ مظلومون کا بادشاہ تک پہونچنے نہ دیگا اور مثال اُس بادشاہ کی ایسی ہو کہ چشمہ آب شیرین و صاف ہو اور اُسمین نہنگ نظر آتا ہو تو کوئی خوف جان سے ہاتھ اُسمین نہ ڈالے گا بیت

رسیدہ ام من تشنہ جگر بچشمۂ صاف ٭ ولے چہ سود کہ یاراے آب خوردن نیست دمنہ نے کہا کہ اِس عمل سے سواے حصول خدمت بادشاہ اور کچھ میرا مقصود نہین ہو کلیلہ نے کہا کہ تو چاہتا ہو کہ بادشاہ کی خدمت سے سب موقوف ہو جائین فقط تنہا مین معتمد علیہ اور مشار الیہ رہون تا تقرب درگاہ شاہی مجھی پر منحصر رہے یہ تیری فہمید غایت نادانی اور افراط بیخردی پر دلالت کرتی ہو کس واسطے کہ بادشاہی کسی چیز اور کسی شخص پر منحصر نہین ہو کیونکہ مشابہت بادشاہ کی حسن حسینون کے مشابہ بہت ہو جیسا کہ محبوب دلاویز کے ہر چند کہ عاشق بہت ہون مگر اُسکا جلوہ حسن عشاق کی افزونی کا طالب ہوتا ہو بادشاہ کو بھی ہر چند خادم اور ملازم زیادہ ہون پہ اُسکو میل افزونی خشم و خدم کی طرف رہتا ہو اور یہ تیری طمع خام دلیل روشن حماقت

حکم غم و افسوس نتیجۂ بیجا چھیڑ چھاڑ کا، برگوئی و فساد بجا لگا ہے
سر براے انہا
عہد شکنی
۵

پر ہی حکما نے کہا ہی کہ دلیلین احمق کی پانچ ہین اوّل منفعت اپنی غیر کے ضرر مین ڈھونڈھنا مولف شعر راحت وہ کیا ہی جس سے کہ ہو غیر کو گزند ٭ پھینکو ن تہ اپنے پانون سے کانٹا نکالکر ٭ دوسرے بہبود آخرت کی بے ریاضت و عبادت کے امید رکھنا تیسرے درشتی اور بدخوئی سے عورات کے ساتھ عشقبازی کرنا چوتھے تن آسانی اور راحت مین دقایق علوم کو اپنے عندیہ مین حاصل کرنا پانچوین بغیر وفاداری اور رعایت حقوق یاری و دوستی کے توقع خلق خدا سے رکھنا لیکن مین نے جو یہ کلام تجھسے کیا محض مقتضائے شفقت مگر یہ بھی خوب جانتا ہون کہ تیری شب تیرۂ شقاوت کسی کی مشعل پند سے روشن نہوگی اور ظلمت جہل و کدورت حسد کہ تیری ذات مین آمیختہ ہوئی ہی میرے نور نصائح سے جدا نہین ہونے کی بیت بآب زمزم و کوثر سفید نتوان کرد ٭ گلیم بخت کسی را کہ بافتند سیاہ ٭ ای دمنہ تیری مثل وہ ہی کہ ایک شخص ایک مرغ سے کہتا تھا کہ رنج بیہودہ نہ اُٹھا اور اپنی بات اس جماعت سے کہ بات کرنے والی نہین ہی ضائع نہ کر اُسنے نہ سنا آخر اُسکی سزا پائی دمنہ نے کہا کہ یہ کیونکر تھا حکایت کلیلہ نے کہا کہ کہتے ہین بندرون کی جماعت ایک کوہ مین گذرتی تھی ایک شب برف باری بہت ہوئی بیچارے قریب ہلاکت کے پہونچے جائے پناہ ڈھونڈھتے تھے اور طلب مین آتش کی ہر طرف تگاپو کرتے تھے ناگاہ ایک جگنو پڑا دیکھا چنگاری سمجھ کے گرد اگرد اُسکے ہیزم خشک چنکر منتظر بھڑک کے بیٹھے ایک درخت پر پرندی نہم نے دیکھکر آواز دی کہ ای بندرو یہ آگ نہین ہی کیون اوقات ضائع کرتے ہو مگر اُنھون نے کچھ التفات اسکے کلام پر نہ کیا اور اپنے کام سے باز نہ رہے قضارا ایک شخص اِس جگہ پہونچا اور اُس ماجرے سے آگاہ ہوا اُس مرغ سے کہا تو کیون پند بیہودہ اور بے محل کرتا ہی یہ قوم بوزینہ تیری نصیحت سے باز نہ رہین گے بلکہ تجھے ضرر پہونچائینگے اور ایسے شخصون کی تربیت مین سعی کرنا ایسا ہی کہ تلوار کو پتھر پر آزمانا اور زہر ہلاہل سے خاصیت تریاق فاروق کی طلب کرنا قطعہ ہر کہ

در اصل بدنہاد افتادہ + ہیچ نیکی از و مدار امید + زانکہ ہرگز بجہد نتوان ساخت + از کلاغ سیاہ باز سفید + مرغ نے جب دیکھا کہ بندر پند میری نہین سنتے ہین گمان کیا کہ شاید دور سے اس انبوہ مین آواز نہین پہونچتی ہی نزدیک آکر نہایت شفقت سے سمجھانا شروع کیا ہنوز مرغ کا کلام تمام نہوا تھا کہ بندرون نے گردن مرغ کے تن سے جدا کی ای دمنہ حال میرا تیرا دوستی اور نصیحت مین ایسا ہی کچھ معلوم ہوتا ہی کہ سخن بے فائدہ کہتا ہون اور اوقات اپنی ضائع کرتا ہون مگر تجھے میرے کلام سے کچھ نفع نہوگا بلکہ مجھے ضرر پہونچے تو دور نہین ہی نظم کوئی نہ سُنے اگر نصیحت + برباد نہ اپنی کر نصیحت + تو راہ بتائے وہ نہ مانے + کچھ فائدہ پند کا نہ جانے + جاہل وہ ہی اس سے کر کنارہ + گمراہ پھرے وہ مارا مارا + دمنہ نے کہا کہ ای برادر بزرگون کو چاہیے کہ موعظت اور شفقت مین درگذر نہ فرمائین سامع استماع کرے یا نہ کرے یہ اُسکا نصیب ہی قطعہ مدار پند خود از ہیچکس دریغ مگو + اگرچہ از طرف مستمع شود تقصیر + سحاب قطرۂ باران زکوہ وا نگرفت + اگرچہ در دل خارا نمیکند تاثیر + کلیلہ نے کہا کہ مین نے باب نصیحت تیرے مُنھ پر کبھی بند نہین کیا لاکن بے سود ہی کہ تو نے بنائے کار اپنی مکر اور حیلے پر رکھی ہی اور خود رائی اور خود کامی کو اختیار کیا ہی اور آخر کار پشیمانی اُٹھائیگا مگر پھر پشیمانی بھی سود نہ بخشے گی اور ہرچند پشت دست کاٹیگا اور سینہ کوبی کریگا کچھ فائدہ نہ ہوگا کیونکہ امتحان ہوا ہی کہ خاتمہ مکر و حیلہ کا شامت و خرابی پر ہوتا ہی جیسا کہ شریک زیرک حلقہ مکر مین گردن پھنسا کے گرفتار دام بلا ہوا اور شریک غافل برکت سے راستی اور سادہ دلی کے مراد کو پہونچا دمنہ نے کہا کہ یہ کیونکر تھا **حکایت** کلیلہ نے کہا کہتے ہین کہ دو شریک تھے ایک عاقل اور دوسرا غافل ایک نہایت زیرکی سے نقش فریب بازی بروے آب قائم کرتا تھا اسکا تیز ہوش لقب تھا اور دوسرا فرط نادانی سے سود و زیان مین فرق نہ کرتا تھا اسکو خرم دل کہتے تھے ان دونون کو تجارت کا

خیال ہوا باتفاق یکدیگر سفر اختیار کیا طے منازل و مراحل کرتے جاتے تھے اتفاقاً اثناء راہ مین بدرۂ زر ہاتھ آیا اُسکو غنیمت بیکران سمجھکر متوقف ہوئے شریک دانا نے کہا کہ برادر جہان مین سود بے محنت بہی ہوتا ہو اب اس بدرہ زر پر قناعت کرنی چاہیے اور گوشہ کاشانہ مین فراغت سے بسر اوقات کرتا بہتر ہو؎ نظم چند گردی گرد عالم بہر زر ٭ بیش گرد د زر شود غم بیشتر ٭ کاسۂ چشم حریصان پر نشد ٭ تا صدف قانع نشد پر دُر نشد ٭ یہ صلاح کر کے دونون پھرے اور شہر کے نزدیک پہونچکر ٹھہرے شریک غافل نے کہا کہ ای برادر اب اسے تقسیم کیجیے شریک عاقل نے کہا کہ تقسیم کرنا ابھی مناسب نہین ہو بقدر ضرورت کچھ خرچ کو نکال لین اور باقی کسی جگہ گاڑدین اور وقت ضرورت اسی طرح اُسمین سے تھوڑا تھوڑا لیجایا کرین تا آفت کوتوال وغیرہ سے محفوظ رہین اور اگر ایکبارے چلین خدا جانے کوئی نظر باز دیکھکر افشاے راز نکر دے غافل بیچارہ مکر و فریب عاقل سے غافل تھا اسکے افسون پر فریفتہ ہوا اور اسکا افسانہ قبول کیا اور کچھ تھوڑا سا لے لیا اور باقی بدرہ ایک درخت کے تلے دفن کر دیا پھر شہر مین آکر اپنے اپنے گھر مین قرار پکڑا دوسری شب چرخ شعبدہ باز نے صندوق حیلہ اس طرح پر کھولا کہ شریک دانا شب کو وہ بدرۂ زر کھود کر اپنے گھر لے گیا اور زمین کو بدستور برابر کر دیا جبکہ شریک نادان بے خرچ ہوا اسکے پاس آکر کہا کہ مین اب بہت بے خرچ ہون چلیے اور اُس مین سے کچھ لائیے شریک عاقل نے تجاہل کیا اور کہا کہ چلیے مجھے بھی ضرورت ہو القصہ یہ دونون باہم نزدیک اُس درخت کے آئے ہر چند اُس جگہ کو کھودا کچھ نپایا اُس تیز ہوش نے اس نادان کے گریبان مین ہاتھ ڈالا کہ تیرے سوا کون اُس سے واقف تھا تو ہی کھود لے گیا ہو اور مجھے احمق بناتا ہو ہر چند اُس بیچارے نے قسمین کھائین اور اضطراب کیا کچھ نہوا لیکن اگر حقیقت مین یہ دانا ہوتا اور خموش ہو رہتا تو وہ شریک غافل بیچارہ غنیمت جانتا لیکن کتے کو کب گھی ہضم ہوتا ہو آخر دست و گریبان ہوا اور نوبت مجادلے سے محاکمے کو پہونچی زیرک اُس غافل کو پکڑ کر قاضی کے گھر لایا

اور دعوی اپنا ظاہر کیا سب مضمون قضیے کا مسمع قاضی مین پہونچایا اُسنے انکار کیا غافل کے
انکار کے بعد قاضی نے تیز ہوش سے گواہ طلب کیے اُسنے کہا کہ اے قاضی اُس درخت کے سوا
کہ زر جسکے نیچے گڑا تھا اور میرا گواہ نہین ہے پر اُمید غالب ہے کہ حضرت سبحانہ تعالی قدرت
کاملہ سے اس درخت کو گویائی بخشے اور گواہی دے تا اُس خائن بے انصاف کی بے دیانتی
پر کہ سب زر لے گیا ہے اور مجھے محروم رکھا ہے تمام آگاہ ہون قاضی اس بات سے متعجب ہوا
مگر بعد قیل و قال بسیار یہ قرار پایا کہ کل قاضی اُس درخت کے تلے چلے اور گواہی درخت
سے طلب کرے اگر وہ گواہی دے تو اُسپر عمل کرے والا خیر غرض یک دانا اپنے گھر کو گیا اور
یہ سب ماجرا اپنے باپ سے بیان کیا اور کہا اے پدر بزرگوار مین نے آپ کی گواہی کے
اعتماد پر یہ نہال حیلہ محکمہ قضا مین بٹھایا ہے اور اس مہم کا تیری شفقت پر ارادہ کیا ہے
اگر تو میرے ساتھ موافقت فرمائے تو یہ زر سب ہضم ہوتا ہے اور اسکا نصف اور حاصل
ہوتا ہے پھر بقیۃ العمر بآسایش بیٹھکر بسر کیجیے باپ نے کہا کہ وہ کونسی بات مجھسے متعلق ہے بیٹے
نے کہا کہ اُس درخت مین ایک بڑا جوف ہے شب کو چلکر بیٹھ وہ دن کو جب قاضی آکر
پوچھے تو گواہی ادا کرنا باپ نے کہا کہ اے فرزند فریب کے خیال سے درگذر اگر بفرض محال
آج خلق سے پیش لے گیا مگر کل خالق کو کیونکر فریب دیگا کہ مؤلف نے کہا ہے بیت گواہی
دیگا ہر اک عضو بر ملا اک دن ÷ چھپا چھپا کے عبث ہم گناہ کرتے ہین ÷ بلکہ ایسا اوقات دیکھا
ہے کہ حیلہ صاحب حیلہ کو اکثر وبال جان ہوتا ہے اور اُسکی جزا خود بخود حیلہ ساز کو پہونچتی ہے اور یہ
فقر و فاقہ ہمارا ساتھ راستی کے بہت اچھا ہے کیا شعر مؤلف کا تو نے نہین سُنا ہے بیت
ہے بہتر اطلس گردون سے یہ پوشاک عریانی ÷ ہمارے داغ سے نسبت نہین تاج فریدون کو ÷
اے فرزند خوف کرتا ہون کہ تیرا مینڈک کے مانند ظہور کرے بیٹے نے کہا یہ قصہ کیونکر تھا
حکایت باپنے کہا کہ کہتے ہین کہ مینڈک نے ایک سانپ کے نزدیک مسکن کیا تھا اور
اُس ظالم و خونخوار کے جوار مین گھر بنایا تھا جبکہ وہ مینڈک بچے نکالتا تھا سانپ کھا لیتا تھا

اسکا دل فرزندون کے داغ فراق سے جلتا تھا اس مینڈک کو ایک کچھوے سے دوستی
تھی اُسکے پاس آیا اور کہا کہ ای یار موافق مجھے تدبیر لایق بتا کہ دشمن قوی مجھپر مستولی
ہوا ہی اُسکے ساتھ نہ طاقت مقاومت رکھتا ہون اور نہ جلاے وطن کر سکتا ہون کہ عجائب
جائے خوش اور مسکن دلکش ہی اسکا سواد مینا رنگ روضۂ مینو کے مانند فرح افزا اور نسیم
دلکش اسکی طرۂ خوبان کے مانند عنبر فرسا ہی کوئی شخص باختیار خود ترک ایسی منزل کو نہین
کرتا ہی اور دل ایسے نمونۂ فردوس برین سے نہین اُٹھاتا ہی **بیت** جاے من کو ست
مخالفست چو زیبا جائیست ٭ ہیچ عاقل بجہان ترک چنین جا نکند ٭ کچھوے نے کہا کہ غم نہ
کھا کہ دشمن قوی کمند حیلہ مین باندھا جاتا ہی اور خصم غالب دام مکر مین گرفتار ہو سکتا ہی
مینڈک نے کہا کہ تو نے کتاب حیل سے اس بات مین کیا مسئلہ حل کیا ہی اور دفع غائلہ
دشمن بد اندیش مین کس تدبیر نے قرار پایا ہی کچھوے نے کہا کہ فلانی جگہ ایک راسو یعنی
نیولا جنگ جو ستیزہ خو رہتا ہی تو چند مچھلیان پکڑ لے اور سوراخ راسو سے تا سوراخ مار
تھوڑے تھوڑے فرق سے چن دے جبکہ وہ نیولا ایک مچھلی کو کھائیگا تو پھر دوسری پر
آئیگا اسی طرح شدہ شدہ سوراخ مار تک پہونچے گا جو کہ فیما بین راسو اور مار کے عداوت
جبلی ہی سو ظاہر ہی پس اُسیوقت کام مار کا تمام کریگا اور تو ہر آئینہ اُسکے ضرر سے محفوظ
رہیگا مینڈک نے اسی تدبیر سے کہ موافق تقدیر کے تھی کام سانپ کا تمام کیا جبکہ اس قصے کو
دو چار دن گذرے نیولے کو فرا انھین مچھلیون کا یاد آیا اسی طرح سے تلاش کنان تا غار مار
آپہونچا ماہی اور مار کو تو نپایا مینڈک جو بچون سمیت فراغ خاطر سے بیٹھا تھا سب کو نوش فرمایا
بموجب **بیت** کہ از چنگال گرگم در ربودے ٭ چو دیدم عاقبت خود گرگ بودی ٭ اور یہ
مثل ای فرزند اسلیے لایا ہون مین کہ سرانجام حیلے کا گرفتاری و خواری ہی آخر کار مکر و فریب
ندامت خاکساری مین ڈالتا ہی مغیلان سے گلچکان پائے نہین جاتے **بیت** نہ کر زور کا
کرنا سرانجام ٭ کہ ہوگا اس سے بدتر تیرا انجام ٭ بیٹے نے کہا کہ ای پدر سخن کوتاہ کر اور اندیشہ

دور و دراز سے درگذر کہ یہ کام تیری تھوڑی امداد سے منفعت بسیار بخشیگا اور اگر میری
ہلاکت پر راضی ہے تو ویسا کہ کہ مین خود آپ کو ہلاک کرون وہ بیچارہ کچھ حرص مال سے اور کچھ
محبت فرزند سے دین و دیانت سے منحرف ہوکر بادیہ ضلالت و خیانت مین سرگشتہ ہوا اور
مصداق انما اموالکم و اولادکم فتنۃ کا ظہور مین آیا آخرکار حق شناسی کو طاق نسیان پر
رکھکر وہ راہ کہ شرع اور عرف مین ممنوع اور محظور ہے اختیار کی یعنی اُسی شب تیرہ مین بموجب ایمائے
فرزند با دل مکدر جوف درخت مین جا بیٹھا صبح کو قاضی مع جم غفیر شہریان زیر درخت وارد
ہوا اور خلق اللہ نظارۂ عجائبات کے واسطے صف باندھے کھڑی ہوئی قاضی نے حسب اقرار
مدعی درخت سے گواہی طلب کی درخت سے آواز آئی کہ اُس زر کو خرم دل کہ غافل لقب
رکھتا ہے لے گیا ہے اور تیز ہوش پر کہ شریک اُسکا ہے ظلم کیا ہے یہ سُنکر سب متعجب ہوئے مگر
قاضی نے فراست سے دریافت کیا کہ اس درخت مین کوئی سر ہے پر سوائے تدبیر عجائب
کے معلوم نہو گا بیت سر ہر نفس کہ از چشم خرد پنہان ست ٭ جز در آئینہ تدبیر نہ گردد ظاہر ٭
قاضی نے حکم کیا کہ بکثرت ہیمہ سوختنی اُس درخت کی جڑ مین جمع کرکے آگ لگا دین جبکہ اُس
انبار ہیزم کو جلایا اور دھوان اُسکا جوف درخت مین بھرا اور دم اُس پیر مرد کا گھٹا
آخر نوبت بجان پہونچی ہر چند ضبط کیا مگر کیا ہو سکتا تھا القصہ چلایا اور امان چاہی اور
قاضی نے اُسے باہر نکالا اور استمالت کی اور حقیقت حال پوچھی اُس نیم سوختہ نے صورت
ماجرا بیان کی قاضی حقیقت حال پر مطلع ہوا اور امانت اور کوتاہ دستی غافل کی اور خیانت
اور دراز دستی بیجا عاقل کی سب پر ظاہر ہوگئی مقارن اِس حال کے شیخ فانی نے اِس جہان
فانی سے رحلت کی آخرکار آتش فریب نے اُسے نار جہنم کو پہونچایا اور غافل برکت صدق و صفا
سے اپنے حق کو پہونچا اور عاقل نے شرمندگی اور روسیاہی حاصل کی اور مال کو اور باپ کو
ہاتھ سے کھویا ایراد اِس مثل کا اسلیے ہے تا معلوم ہو کہ فریب ناپسندیدۂ خدا ہے اور انجام اُسکا بُرا
ہے دمنہ نے کہا مگر تو نے عقل کا فریب نام رکھا ہے اور تدبیر کا حیلہ لقب کیا ہے اور مین نے اُسی قسم کو

بڑی تدبیر صائب سے سرانجام دیا ہی کلیلہ نے کہا تو یہان تک شستست اور تدبیر کا نا درست ہی
کہ زبان اُسکے بیان سے قاصر ہی اور خبث دل اور غلبہ حرص مین یہانتک مبتلا ہی کہ زبان اُسکے
ادا کرنے مین عاجز ہی فائدہ تیرے مکر وحیلہ کا جو کچھ ولی نعمت کو پہونچا سو ظاہر ہی دیکھیے کہ
انجام اسکا کیا ہوا اور شامت تیری دوروئی اور دوزبانی کی کیا نتیجہ بخشے دمنہ نے کہا کہ دوروئی
سے کیا نقصان ہی کہ گل رعنا بوجہ دوروئی کے زینت بخش باغ بوستان ہوتا ہی اور قلم دوزبان
کے سبب سے ملک ومال پر پاسبانی کرتا ہی تلوار کہ ایک رو رکھتی ہی خون پینا کام اُسکا ہی اور شانہ
بسبب دوروئی کے فرق حسینان نازنین پر قدم رکھتا ہی نظم خون مخور وچو شمع در مین در سر کار او
یکرو و یکزبان بود از پاک گوہری ٭ مانند شانہ ہر کہ دو رو ہست و دو زبان ٭ بر فرق خویش جا
دہندش ز سروری ٭ کلیلہ نے کہا کہ ای دمنہ زبان آوری چھوڑ دے کہ تو نہ وہ گل رعنا ہی کہ دوروئی
کے باعث تیرے مشاہدہ جمال سے آنکھین روشن ہون بلکہ تو وہ خار گلزار ہی کہ دل آزاری کے
سوا اور کچھ نفع تماشائیان باغ کو تجھسے نہ پہونچے گا اور نہ تو وہ قلم دوزبان ہی کہ امراء ملک ومال
سے خبر رکھے بلکہ وہ مار دوزبان ہی کہ تیری زبان سے سوا زہر کے اور کیفیت کسی کو نہ ملے گی بلکہ مار
پر تجھکو فوقیت ہی کہ مار کی ایک زبان سے زہر آتا ہی اور دوسری زبان سے تریاق پیدا ہوتا
ہی اور تیری دونون زبانون سے زہر ٹپکتا ہی اور تریاق کا اثر نہین ہی چاہیے تھا کہ دوستون
کے واسطے ایک زبان سے تریاق آتا اور دشمنون کیواسطے دوسری سے زہر ٹپکتا تو مضائقہ نہ تھا اور
تیری دوزبانین دوست اور دشمن کے واسطے زہر دینے والی ہین دمنہ نے کہا کہ ای کلیلہ
میری سرزنش سے درگذر کہ اگر شنزبہ زندہ بھی ہوتا تو بھی شیر سے کبھی آشتی نہوتی اور اسکے
بعد بنائے محبت باہم قایم نرہتی کلیلہ نے کہا کہ سچ کہا تو نے جبکہ تجھسا مفسدہ پرداز ایسے امور
مین دخل پائے پھر وہان آشتی کی گنجائش کہان کیونکہ یہ قاعدہ مقرر ہی کہ تین چیزین
جبھی تک برقرار رہتی ہین کہ تین چیزون نے انمین دخل نہین پایا ہی اور اگر وہ تین باتین
ظہور پکڑ ین گی تو یہ تینون موقوف ہو جاوینگی تفصیل اسکی یہ ہی کہ اول آب چاہ جب تک کہ

ع رعنا بالفتح زن خوب و نازنین ... دورنگا فارسی ... از لطف اللغات

اپنے حال پر رہے گا کہ دریا سے ملحق نہین ہوا ہی اور جبکہ دریا چاہ سے ملیگا پھر شیرینی اور
لطافت اس چاہ مین باقی نرہیگی دوسری صلاح اور موافقت باہم دوستون
مین جبھی تک ہی کہ بداندیش اور مردم شریر کو انکی صلاح و صحبت مین دخل نہین ہوا ہی اور
جبکہ ان مفسدون نے دخل پایا پھر توقع آپس کی رفاق اور اتفاق کی زنہار نرکھنا تیسری
مشرب مصاحبت اور مودت اُسوقت تک صاف رہتا ہی کہ مردم سخن چین اور فتنہ انگیز کو
مجال سخن سازی اور زارزاری کی نہین ہی اور جبکہ مردم دوزبان نے دیار وفاداری مین فرصت
فسادکی پائی پھر انکی دوستی پر اعتماد نرکھا چاہیے کہ وہ نقش برآب ہی جلد محو ہوجائیگا تیرے
اس فتنہ کے بعد اگر شنزبہ سرپنجہ قہر شیر سے مخلصی پاتا پھر ممکن نہین تھا کہ تلطف اور تملق پر شیر کے
گرویدہ ہوتا بلکہ اب ہر دانا کو شیر سے اجتناب واجب ہوا اور اس کام مین تونے شیر کی خوبی
سلطنت مٹادی اور وہ دشمنی اپنے ولی نعمت سے کی کہ کوئی بدخواہ نکرے دمنہ نے کہا کہ اگر
شیر کی ملازمت ترک کرکے گوشہ کاشانہ مین معتکف ہون اور تیرا دامن صحبت دست ارادت
سے پکڑکے سر عزلت گریبان خلوت مین رکھون تو تو خوش ہوگا یا نہین کلیلہ نے کہا حاشا کہ
مین باز دیگر تجھسے صحبت رکھون یا تیری دوستی پر میل کرون کیونکہ مین ہمیشہ تیری بدوضعی
کے خیال سے متنفر تھا اور دائم تیری مصاحبت سے کنارہ رہا کرتا تھا کس واسطے کہ حکمانے
کہا ہی کہ صحبت سے جاہل فاسق کی پرہیز واجب ہی کہ انجام کار ضرر پہونچائیگی اور مصاحبت
عاقل صالح کا التزام کرے کہ وہ ہر وقت مین نافع ہوتی ہی اور مواصلت اہل فسق وفجور کی
مار کی تربیت کے مانند ہی کہ ہرچند مارگیر اسکے عہد و اصلاح مین رنج اُٹھائے آخر چاشنی اُسکے
دانتون کی ایکدن پائیگا اور مصاحبت اہل خرد نیک اندیش کی طبلۂ عطار کے مانند ہی گو
اُسکے متاع سے کچھ حاصل نہو توبھی خوشبو اسکی مشام جان کو معطر کرتی رہے **بیت ناسخ**
پائین خوشبو ہمنشین لازم ہی تو عطار ہو ✤ مثل آہنگر نہ ہر جانب سے آتشبار ہو ✤ کیونکر
تجھسے کوئی امید رکھے کہ ایسے بادشاہ پر کہ جس نے تجھے عزیز و گرامی و محترم و نامی کیا

کہ جسکے سایہ دولت مین آفتاب وار لاف بلندی مارتا ہی اور اُسکے آستان
آسمان نشان کی ملازمت کے سبب سے پائے افتخار فرق فرقدان پر رکھتا ہی پس
اس مشکرہ کو تونے روا رکھا اور حق انعام و اکرام یکقلم نابود کر دیا اگر اسلیے تجھسے
ہزار کوس دوری اختیار کرون تو خرد ارجمند پسند کرے اور اگر ایسے ناکس ناحق شناس
سے ترک موافقت کرون تو عقل رہنما صواب اندیشی سے منسوب مجھے کرے لمؤلفہ قطعہ
سب کو ترک صحبت یاران روزی خوب ہی ۞ جو حضور بد ہی اس سے بحضوری خوب ہی
گر نہ نزدیکون کی صحبت سے طبیعت شاد ہو ۞ ہی حکیمون کی نصیحت ان سے دوری
خوب ہی ۞ جیسا کہ صحبت اخیار و ابرار مین فائدہ بے غایت ہی ویسے ہی صحبت نا اہل و اشرار
مین مضرت بے غایت ہی بلکہ بدون کی صحبت جلد اثر کرتی ہی پس عاقل کامل وہ ہی
کہ دوستی مردم دانا ستودہ معاش کی اختیار کرے اور کذاب و خائن کی ہمدمی سے
پرہیز رکھے مثنوی توان در را بروے خلق بستن ۞ بخلوت خانۂ تنہا نشستن ۞ رفیق
نیک باید کرد حاصل ۞ کہ صحبت را نشاید ہر سیہ دل ۞ مرا ہست این سخن از عاقلے یاد
کہ رحمت بر روان پاک او باد ۞ کہ با بیدانشان ہر کسکہ شد یار ۞ بخواری شان باخر
شد گرفتار ۞ اور جو کوئی کہ نا اہل سے انس کریگا اُسے وہ پہونچیگا جو اس باغبان کو
پہونچا دمنہ نے پوچھا یہ کیونکر تھا حکایت کلیلہ نے کہا کہتے ہین کہ ایک باغبان تھا
کہ اپنی عمر عزیز باغ و بوستان مین صرف کی تھی اور خود بھی ایک باغ ایسا آراستہ کیا تھا
کہ اُسکے چمن فردوس نشان نے تر و تازگی سے داغ حسرت سینۂ روزن ارم مین دیا تھا اور
طراوت ازہار و انہار نے خار حیرت دیدۂ بوستان خورنق مین چبھا رکھا تھا درختان نگارنگ
سے جلوۂ طاؤسی باہر اور گلہائے زرنگار سے فروغ کاخ کیکاؤسی ظاہر تھا اور زمین اسکی
شاہد حلہ پوش کے مانند منور اور اُسکی نسیم کلبۂ عنبر فروش کے مانند معطر ہر ایک درخت
میوہ دار وہان کا کثرت اثمار سے پیران کہن سال کے مانند پشت خمیدہ اور میوہ حلاوت بخش

اُسکا مانند حلواے بہشتی بے حرارت رسیدہ تھا غایت نازکی سے اُسکا سیب بے سیب
ذقن محبوب کے مانند دلون کو صید کرتا تھا بس یہ غزل گویا کی اُسی باغ کے واسطے
موزون ہوئی ہی غزل سیب ایسے کہ حضور اُنکے زنخدان کیا ہی + سنبل ایسا کہ کوئی
کاکل پیچان کیا ہی + فرہ شفتالوؤن کا بوسۂ جانان مین کہان + ہین انار ایسے کہ محبوبون کی
پستان کیا ہی + گل مین وہ رنگ کہ رخسار پری مین بھی نہین + سرو ایسے کہ کوئی سرو
خرامان کیا ہی + آگے بادام کے کیا چشم فسون ساز کی قدر + سامنے پستون کے کوئی لب
خندان کیا ہی + چشم گردون نے بھی دیکھا نہ کبھی باغ ایسا + باغ بہرام تو کیا باغ پرستان
کیا ہی + اور امرود اُسکے کوزہ نبات کے مانند شاخون مین آویزان تھے ع تھے جو امرود
وہ تھے عارض امرد سے سوا + بہی پشمینہ پوش مانند صوفی شب خیز با رخسارۂ زرد
سر بچرہ خانقاہ ابداع سے باہر کرکے دکھائے درد آلود عشاق کو لطف جہر و ماہ کا
دیتی تھی اسی طرح ہر میوہ میوہ ہائے ارم سے پہلو مارتا تھا پیر دہقان بہزار راحت و
استغنا اُس باغ مین تنہا زندگی بسر کرتا تھا آخرالامر وحشت تنہائی سے ایک دن گھبرایا
ملول ہوا اور الم تجرد سے مجروح خاطر ہوکر دامن کوہ کی طرف روانہ ہوا اور یہ اشعار مؤلف کے
پڑھتا تھا نظم ہاتھ پھر وحشت نے دوڑائے گریبان کی طرف + پھر مجھے جانا پڑا کوہ و بیابان
کی طرف + چھٹ گئی دست خرد سے پھر عنان اختیار + لیچلا پھر توسن وحشت بیابان کیطرف +
اس طرح ایک مدت اُس دشت مین گشت کرتا رہا قضارا ایک خرس زشت سیرت قبیح صورت
ناخوش طلعت ناپاک طینت بھی تنہائی کے سبب سے کہ جفت نہ رکھتا تھا اُسی پہاڑ کے نیچے اُترا
اور یہ دونون جبکہ دوچار ہوے بسبب جنسیت خباثت کہ دونون کی جبلت مین تھی اُنس باہم
پیدا ہوا یعنے روستائی کا دل مصاحبت خرس پر مائل ہوا اور خرس بھی دیکھنے کے ساتھ ہی
روستائی سے مانوس بدل ہوا باغبان خرس کو ساتھ لیکر اُس بوستان دلکش باغ ارم مین داخل
ہوا المؤلفہ بیت کرتے تھے رات دن وہ بہم عیش باغ مین + مانند غنچہ نکہت گل تھی دماغ مین +

حاشیہ:
امرود باغ
بہی
بمعنا درد و
در آمدن
کودک خوبصورت
برآمدن باغبان
از باغ بسبب
تنہائی
ملاقات کردن
باغبان
با خرس در
دشت

جبکہ باغبان لبساط استراحت پر سر فراغت رکھتا تھا خرس سرہالین بیٹھکر مگس رانی کیا کرتا تھا ایک دن باغبان بلباس نوم غرق مین غافل تھا اور خرس موافق عادت کے مگس رانی کرتا تھا اور مکھیون نے ہجوم یہان تک کیا کہ خرس ہرچند اڑاتا تھا مگر وہ بروے روستائی سے نہ اڑتی تھین خرس نے نہایت آشفتہ ہوکر ایک پتھر کہ وزن مین تخمیناً بیس سیر کا ہوگا اٹھاکر مکھیون پر مارا مکھیون کا کچھ نہ بگڑا کاسہ سر باغبان خاک سے برابر ہوگیا ایسی ہی جگہہ پر کہا ہی کہ دوست نادان دشمن دانا سے بدتر ہی بیت دشمن دانا کہ غم جان بود بہتر از ان دوست کہ نادان بود اور یہ مثل اسی واسطے وارد کی ہی مین نے کہ تیری دوستی بھی وہ نتیجہ بخشیگی کہ تیرے دوست کا سر خاک مین ملیگا اور سینہ خدنگ بلا کی سپر بنیگا دمنہ نے کہا کہ مین ایسا ابلہ نہین ہون کہ دوست کی مضرت جائز رکھون اور امتیاز نیک و بد مین نکرون جیسا کہ خرس نے کیا کلیلہ نے کہا کہ مین یہ بھی جانتا ہون کہ تو اتنا ابلہ نہین ہی لاکن غبار طمع اور دود حرص تیرے دیدۂ بصیرت کو تیرہ اور خیرہ کر ڈالیگا اور دوست کے واسطے ہزار توجیہ ناموجہ کرکے اسکے ضرر پر تو مطلق مضایقہ نہ کریگا جیسا کہ شیر اور شنزبہ کے حق مین کیا اور اب تک دعوی پاکدامنی کا کرتا ہی اور ہرگز ندامت اور حیا تجھکو نہین آتی ہی پس تیری مثل اس سوداگر کے مانند ہی کہ کہتا تھا کہ ایک شہر مین موش نے سو من آہن کھالیا دوسرے نے کہا کہ عجب نہین کہ باز لڑکے کو بھی اڑا لے گیا ہو دمنہ نے کہا کہ یہ قصہ کیونکر تھا حکایت کہا کہتے ہین کہ ایک تاجر کم مایہ سفر کو جاتا تھا سو من آہن ایک دوست کے گھر مین امانت رکھکر سفر کو گیا جبکہ پھر آیا وہ آہن طلب کیا امین نے کہا کہ وہ تیرا آہن ایک گوشے مین رکھدیا تھا ایک دن اسے کھول کے دیکھا تو چوہون نے سب کھالیا تاجر نے کہا کہ تو نے سچ کہا چوہے لوہے کو بہت دوست رکھتے ہین اور اسکی لذت پر جان دیتے ہین ضرور کھالیا ہوگا کہ دانت چوہون کے جرب نرم لقمے پر خوب چلتے ہین خصوصاً لقمہ سخت نگلنے دانت انکے مقناطیس سان آہن ربا ہے کیا تعجب ہی اگر آہن ہو موشون کی غذا ہے مردا مین

اس بات کے سننے سے بہت خوش ہوا کہ آشنا آہن بے قصہ و فساد ہضم ہوگیا اور سمجھا
یہ سوداگر بڑا احمق ہی اب لازم ہی کہ مہمانداری اسکی کرون تاکہ اور بھی اسکا دل و غذ غے
سے پاک ہو جاوے آخر سوداگر سے مہمانی کے لیے مبالغہ کیا تاجرنے کہا آج مجھے کام ضروری
ہی کل حاضر ہونگا یہ کہکر رخصت ہوا باہر آکے اسکے لڑکے کو ساتھ لیجاکے اپنے گھر مین چھپا
رکھا اور صبح مہمانی کھانے کو اُسکے گھر آیا میزبان کو پریشان حال پایا عذر کرنے لگا کہ ای
مہمان عزیز مجھکو معذور رکھ کہ کل سے لڑکا میرا گم ہو گیا ہی اور تمام شہر مین منادی
دہل نوازی کے ساتھ کہ جسکو ڈھونڈ ورا کہتے ہین پھیری ہی لیکن اُس گم گشتہ کا نشان نہین ملتا
ہی اس لیے حواس میرے بجا نہین ہین مؤلفہ بیت کثرت گریہ سے مین بھی پیر کنعان ہوگیا
جب سے وہ یوسف مری نظرون سے پنہان ہوگیا ٭ سوداگر نے کہا کہ مین جس وقت کہ کل تیرے
گھر سے باہر نکلا تھا اسی طرح کا لڑکا کہ جو تیا تبایا تو نے دیکھا مین نے کہ باز پنجون مین پکڑے ہوے
روے ہوا پر اُڑا جاتا تھا میزبان خفا ہوا کہ ای سوداگر کیون جھوٹ بولتا ہی اور سخن محال کس لیے
زبان پر لاتا ہی کہ باز کا تمام جثہ نیم آثار ہوگا اور اُس لڑکے کا بدن بیس سیر سے کم نہوگا کیونکر
باز اُسے اُٹھا کر ہوا پر لیجاتا سوداگر ہنسا اور کہا کہ تعجب نہ کر جس شہر مین کہ سو من آہن چوہے
کھا جاتے ہین کیا عجب کہ وہان کا باز بھی بیس سیر کا لڑکا اُٹھا لیجائے یہ بات تاثیر آب ہواے
شہر پر موقوف ہی۔ امین سمجھا کہ شاید یہ کام اسی سوداگر کا ہی کہا کہ ای سوداگر غم نہ کھا تیرا
آہن چوہون نے نہین کھایا ہی اُسنے کھا تو بھی اندیشہ نہ کر کہ تیرا بیٹا بھی باز نہین لے گیا ہی
آخر لوہا اُسنے پھیر دیا اور لڑکا اُسنے بھیجدیا اور یہ مثل اس لئے بیان کی مین نے کہ جسکے مذہب
مین اپنے ولی نعمت سے فریب روا ہو ظاہر ہی کہ وہ اورون سے کیا کچھ نہ کرے گا جبکہ
ای دمنہ تو نے بادشاہ سے یہ دغا کی اب کون احمق تجھسے امید وفاداری اور حق گذاری
کی رکھے گا اور میرے اوپر یہ بات آفتاب سے روشن تر ہی کہ تیری ظلمت بدکاری
سے پرہیز لازم ہی اور تیری مکاری اور غداری سے احتراز واجب اور

شعر ناسخ کا تیرے حسب حال ہی بیت خاطر تری فرقت مین ہو مسرور زیادہ ؛؛ آنکھین نہ تجھے دیکھین تو ہو نور زیادہ ✤ مکالمہ کلیلہ اور دمنہ کا یہان تک پہونچا تھا کہ غصہ شیر کا فرو ہوا اُسوقت تامل کیا اور دل مین کہا کہ افسوس شنزبہ کہ ہزار خوبی و ہنر سے آراستہ تھا اور مین نے اُسے اپنی امان مین لیا تھا اور بغیر تحقیق ایک شخص کم ظرف کے کہنے سے ہلاک کیا اور مطلق تحقیق کر نہ لیا حق یون ہی کہ مین نے راہ خطا مین قدم رکھا اور ناحق آپ کو غمناک کیا اور اپنا وفادار اپنے ہاتھ سے کھو دیا آخرکار شیر اس ندامت مین مبتلا ہوا اور زبان ملامت اپنے حق مین کھولی اور اپنے فہم کا نقصان ہر دم بیان کرتا تھا اور ہر وقت مبتلائے پیچ و تاب رہتا تھا اور تپ لازمی اُس شیر کی اِس حادثہ جانکاہ سے حرارت مین مضاعف ہو گئی دمنہ نے جبکہ خبر پشیمانی شیر کی خبردارون کی زبانی سُنی قطع سخن کلیلہ سے کر کے شیر کے پاس گیا اور عرض کیا کہ اندیشہ کا موجب کیا ہی جو وقت کہ شہریار چمن فیروزی مین خرامان اور دشمن خاک مذلت مین غلطان ہو اس سے بہتر کونسی خوشی ہی مولفہ بیت ہو گیا دشمن ہلاک اب جشن شاہی چاہیئے ✤ دمبدم شکر عنایات الٰہی چاہیئے ؛؛ شیر نے کہا کہ جس دم کہ آداب خدمت اور اطوار صحبت شنزبہ یاد کرتا ہون بے اختیار رقت اور حیرت مجھپر طاری ہوتی ہی الحق کہ وہ پشت و پناہ سپاہ تھا اور میرے اتباع کی زور بازوے تدبیر سے مردانگی زیادہ کرنے والا تھا بیت ناسخ تھا جس سے انتظام جہان جیت کیا ہوا ✤ تھا جس سے میرا علم روان جیت کیا ہوا ✤ دمنہ نے کہا بادشاہ کو اس کا فرنعمت و غایشہ پر تاسف کرنا روا نہین ہی بلکہ وظائف شکر الٰہی مین ادا کرنا واجب ہی اور اس فتحیابی سے ابواب شادمانی دل پر کھولنا چاہیئے اور جس دشمن سے کہ ایمن نہو اُسپر رحم کھانا خطائے فاش ہی اور دشمن ملک و جان کا زندان گور مین محبوس ہونا نہایت خوشی کی جاہے اعضائے بدن اگرچہ عزیز ہین مگر جبکہ سانپ کاٹ کھائے تو بقائے حیات کے واسطے اُسکو کاٹ ڈالنا کام عقلا کا ہی کہ اِس جراحت

میں راحت ہی جب یہ کلام دمنہ کا شیر نے سنا اندکے تسکین پائی لیکن روزگار آخرکار انتقام گاؤ کا
لیگا اور کام دمنہ کا فضیحت اور رسوائی کو پہونچیگا اور قصاص میں شنزبہ کے آخر یہ غدار مارا جائیگا
کیونکہ فریب دغا ہمیشہ سے نامحمود ہی اور وجود حیلہ اور بداندیشی کا نامبارک اور مذموم ہی
مثنوی سعدی بداندیش ہم در سر شر رود ✦ چو کژدم کہ تا خانہ کمتر رود ✦ اگر بد کنی چشم نیکی مدار
کہ حنظل نمی آرد انگور بار ✦ پنبدارای درخزان کشتہ جو ✦ کہ گندم ستانی بوقت درو ✦ مثل ایں چنین
گفت آموزگار ✦ مکن بد کہ بد بینی از روزگار ✦ کسی نیک بیند بہر دو سرای ✦ کہ نیکی رساند بخلق خدای

باب دوسرا سزا پانے میں بدکاروں کے اور انکی شامت انجام میں ہی

رای دابشلیم نے جبکہ یہ حکایت حکیم بیدپا سے سنی کہا کہ ای حکیم روشن دل سخن میں نے داستان
ساعی اور نمام کی کہ اپنے ولی نعمت کو طریق مروت سے منحرف کرکے بدعہدی اور بیوفائی سے
منسوب کیا یعنی کلام فریب آمیز اسکا یہان تک شیر پر موثر ہوا کہ اس نے اپنے رکن دولت
کی خرابی اپنے ہاتھ سے کی مگر حکیم سخندان اسکی تفصیل ارشاد کرے کہ شیر بعد وقوع حادثہ شنزبہ
کیونکر اپنے فعل پر نادم ہوا اور دمنہ کے حق میں کس طرح بدگمان ہوا اور اسکا تدارک کیونکر
فرمایا اور اسکے فریب پر کیونکر مطلع ہوا اور دمنہ نے پھر کیا کیا حیلے کیے اور انجام اس کام کا
کس طرح پر ہوا برہمن نے یہ شعر گویا کا پڑھا بیت بادشاہا مملکت تیری سدا آباد ہو
تو ہمیشہ خوش رہے تیری رعیت شاد ہو ✦ اور یہ کہا کہ عاقبت اندیشی مقتضی اسکی ہی کہ بات
سننے کے ساتھ ازجا رفتہ ہوکر دفعۃً حکم سیاست نہ دے بیٹھے جب تک کہ دلیل روشن اور
برہان ساطع سے حقیقت کار پر بخوبی اطلاع نہ پائے اور اگر سخن اہل غرض بے سمجھے مقبول
ہوا اور کار ناپسندیدہ عمل میں آیا پھر اسکا تدارک دشوار ہو جائیگا بلکہ سخن چین صاحب
غرض کو اس طرح پر گوشمالی ملے کہ اوروں کی عبرت کا سبب ہو تا بعد اسکے اور لوگ اس
جنس کی بات کہا حوصلہ نہ کریں ورنہ دروازہ فساد کا کھلجائیگا اور اسباب خرابی ریاست ہر روز

ترقی پاتے جائین گے اور تدارک اسکا پھر کسی طرح نہ ہوسکے گا ✦ مثنوی ✦ بر انداز بیخے کہ خار آورد ✦
درختے بپرور کہ بار آورد ✦ جہان سوز را کشتہ بہتر چراغ ✦ یکے بہ در آتش کہ خلقے بداغ ✦ اور
مصداق اس قول کے حکایت شیر و دمنہ کی ہی کہ جب شیر دمنہ کے فریب سے آگاہ ہوا
اُسکے بعد اس طرح سے سیاست کی کہ آنکھین سبھون کی کھل گئین اور فاعتبروا یا اولی الابصار
پھر تمام خاص و عام کے ورد زبان تھا اور تفصیل اس اجمال کی یہ ہی کہ جب شیر نے دمنہ
کی صلاح کے موافق کام گاؤ کا تمام کیا اسکے بعد اپنی تعجیل سے پشیمان ہوا کہ مین نے کیا کیا
اسی ندامت سے ہاتھ اپنے دندان ملامت سے کاٹتا تھا اور سر حسرت زانوے حیرت سے
نہ اُٹھاتا تھا اور یہ کہتا تھا کہ جو مین نے کیا عالم مین کسی نے نہ کیا تھا کسواسطے اس کام مین شتابی
کی اور کیون مین نے تحقیق واقعی نہ کرلی لمولفہ رباعی سُنی بات کیون مین نے اہل حسد
کی ✦ نہ کی پیروی حیف عقل و خرد کی ✦ پشیمان کیا میری عجلت نے مجھکو ✦ نہ تمیز کچھ ہوسکی
نیک و بد کی ✦ ایک مدت اسی منوال پر غم و غصے کے ساتھ شیر نے بسر کی اور اُسکے
اندوہ خاطر کی جہت سے عیش جمیع سباع کا تباہ اور کام رعیت پر تنگ ہوا کہ مضمون
الناس علےٰ دین ملوکہم کا اُس بیشے کے باشندون مین سرایت کر گیا کہ سب پشیمان خاطر
اور تنگدل تھے اور اکثر حقوق آداب شنزبہ یاد کرتے تھے اور ملال شیر کا بڑھتا جاتا تھا
اور بیشتر مذکور شنزبہ کیا کرتا تھا اور جو کوئی کچھ حال شنزبہ کا نقل کرتا تھا اُسے گوش دل سے
سُنتا تھا غرض اس فکر مین رات دن بیقرار تھا ایک شب پلنگ سے کہ مصاحب شیر کا
تھا یہی حکایت کر رہا تھا کہ پلنگ نے عرض کیا کہ اے شہریار اندیشہ کرنا اُس کام مین کہ
دست تلافی کوتاہ ہوگیا ہو بیفائدہ ہی اور تدارک اُس مہم کا کہ دائرہ محالات مین داخل ہو
بے سود اور محض سودا ہی کیونکہ تیر جب شست سے نکلا پھر کب ہاتھ آتا ہی بلکہ ایسا کام کہ
حاصل ہونا جسکا عسیر ہو اُس مین سعی کرتا دستیاب کو بھی ہاتھ سے کھوتا ہی جیسا کہ روباہ
نے مرغ کی طمع مین پوست پارہ بھی ہاتھ سے کھویا شیر نے پوچھا کہ یہ قصہ کیون کر ہی

حکایت پلنگ نے کہا کہ ایک روباہ گرسنہ اپنے دیاس سے باہر آکر تلاش طعمہ مین ہر سو
پھرتی تھی کہ ناگاہ چمڑے کی بد بو روباہ کی ناک مین آئی اُس طرف گئی دیکھا کہ ایک
پوست تازہ سڑا پڑا ہی اُسے چبانے لگی اُسکے قریب مین ایک گانون تھا وہان سے
مرغیان چُگتی ہوئی باہر آئین اور ایک لڑکا زیرک نام اُنکے ساتھ محافظ تھا روباہ کو یہ طمع
ہوئی کہ اس پوست کو چھوڑ کر ایک مرغ ان مین سے شکار کیجیے اور گوشت تازہ کھائیے اس
خیال مین اُدھر روانہ ہوئی کہ اثنائے راہ مین ایک شغال سے دو چار ہوئی شغال نے پوچھا
کہ کہان جاتی ہی اور کیون متفکر ہی روباہ نے کہا ای عزیز ان مرغون کو دیکھتا ہی کہ کس
فربہی اور لطافت سے ہین اور مین کئی دن سے بھوکی ہون رزاق نے پوست پارہ مجھے
عنایت کیا تھا مگر جاذبہ شوق اسکا مقتضی ہی کہ ان مین سے ایک مرغ پکڑ کے اُس سے
کام جان لون کہ وہ گوشت لذت حیات رکھتا ہی شغال نے کہا کہ مین ایک مدت سے اسی
کمینگاہ مین رہا کہ ان مین سے ایک کو شکار کرون مگر وہ غلام زیرک کہ انکا نگہبان ہی
طریق محافظت اس طرح پر جانتا ہی کہ صیاد خیال اُسکی پاسبانی کے خوف سے صورت مقصود
مرغ کی دام مین نہین لاسکتا ہی اور نقاش فکر اُسکی بیم نگہبانی سے نقش اُسکا لوح خیال پر
نہین کھینچ سکتا ہی اور مین اسی فکر مین مدت سے ہون پر کچھ فائدہ نہوا تو نے جو یہ پوست
پارہ پایا ہی اسے غنیمت جان اور اس فضولی سے درگذر **بیت ناسخ** جو ملا تقدیر سے اُسپر
قناعت چاہیئے + اور زیادہ کی توقع خبط ہی نقصان ہی + روباہ نے کہا کہ ای برادر جبتک
دل کی مراد ترقی کے ساتھ حاصل ہونا متصور ہو تب تک حضیض نکبت کی طرف ارادہ کرنا
عظیم ہی اور جبتک چمن آسایش مین گل عشرت کا نظارہ ممکن ہو قدم خارستان و ناعشرت مین
رکھنا عیب فاحش ہی اور مجھے ہمت عالی نہین چھوڑتی ہی کہ پارہ پوست پر سر جھکاؤن اور
گوشت فربہ تازہ سے دست بردار رہون شغال نے کہا کہ ای خام طمع حرص ناپسندیدہ کا
ہمت عالی نام رکھا ہی تو نے اور عمل ناستودہ کا بزرگی لقب کیا اور اس بات سے خبر نہین

کہ بزرگی درویشی مین ہے اور راحت قناعت مین اس سے بہتر کوئی بات نہین ہے کہ جو تیرا نصیب یون
رزاق نے مقرر کر دیا ہے اُسپر خوش رہ اور جو کہ طالب فضول کا ہوا ہے خراب و سرگردان
رہا ہے بیت رزق مقسوم ست و وقت آن مقرر کردہ اند ٭ بیش ازان و پیش ازان حاصل
نمی گردد بجہد ٭ اور مین یہ ڈرتا ہون کہ اس فضولی کے باعث سے کہ ارادہ کیا ہے تونے وہ پوست
کیا بلکہ جان بھی ہاتھ سے نہ جائے اور تیرا قصہ اُس دراز گوش سے بہت مشابہ ہے کہ دم طلب
کرتا تھا کان بھی کھوئے روباہ نے کہا کہ یہ کیونکر تھا حکایت شغال نے کہا کہ **مثنوی**
بود ست خری کہ دُم نبودش ٭ روزے غم بیدمی فزودش ٭ از ہر قدمے قدم ہمیزد ٭ دم
می طلبید و دم ہمیزد ٭ ناگہ نہ ز راہ اختیارے ٭ بگذشت میان کشت زارے ٭ دہقان پسرش
ز گوشہ دید ٭ بر جست از و دو گوش ببرید ٭ مسکین خرک آرزوے دُم کرد ٭ نایافتہ دم
دو گوش گم کرد ٭ آنکس کہ ز حد برون نہد گام ٭ اینست سزاے او سر انجام ٭ روباہ نے
نہایت تقاضاے حرص سے منہ شغال کی طرف سے پھیر لیا اور کہا کہ تو دیکھ مین کس لطائف الحیل
سے مرغ کو شکار کرتی ہون یہ کہکر مرغون کی طرف روانہ ہوئی شغال سمجھا کہ میری نصیحت
اسپر طمع پر اثر نہ کریگی اپنے بھٹ کی طرف روانہ ہوا اور ادھر وہ پوست پارہ ایک زغن
غوطہ مار کے پنجے مین لیگئی ہنوز روباہ مرغون تک نہ پہونچی تھی کہ زیرک نے جست کر کے ایسی
چوبدستی روباہ پر ماری کہ صدمہ شدید پہونچا پر جان سے بچ گئی روباہ نے جانبری غنیمت
جانکے ارادہ اُسی پوست پارہ کی طرف کیا اُسے بھی نہ پایا دست دعا بلند کیا اور آسمان
کی طرف دیکھا اُسی زغن پر نظر پڑی دیکھا کہ وہ پوست پارہ اُسکے چنگل مین ہے روباہ
نے الم نایافت مرغ سے اور پوست پارے کے تلف ہونے کی حسرت سے یہان تک سر زمین
پر مارا کہ دماغ پریشان ہو گیا مقصود اس مثل کی ایراد سے یہ ہے کہ بادشاہ نے اپنے
ہاتھ سے ایک رکن رکین سلطنت کو ہلاک کیا اور جو کہ باقی ہین اُنکی بھی فکر نہین کرتا ہے
یعنے امرا اور وزرا اور افسران فوج سب سراسیمہ ہین اور شنزبہ کسی طرح ہاتھ نہ آئیگا پر باقیماندونکو

برباد نہ کیجیے شیر نے کہا کہ بات معقول کہی تو نے لاکن شنزبہ کے مقدمے مین خطاے عظیم
مجھسے ہوئی اِس لئے اکثر خیال میرا اُسکی تلافی مین رہتا ہی پلنگ نے کہا ای شہریار اسکی
تلافی اضطراب سے حاصل نہوگی بلکہ اُسکو تدبیر صائب اور راے درست چاہیے اب صلاح
اسمین ہی کہ بادشاہ ترک جزع و بیخودی فرمائے اور بناے کار تدبیر پر رکھے اور تحقیق مہم
شنزبہ مین ایسی تدبیر فرمائے کہ مطلب راست براست واضح ہو جائے اگر شنزبہ کا حال
جو کچھ کہ منظر نے ظاہر کیا تھا اور الحق اسی طرح تھا تو وہ اپنے جزاے غدر و کفران نعمت کو
پہونچا خوب ہوا اور اگر حاسد نے افترا کرکے اُسے قتل کروایا ہی تو اُس تمام بدانجام کو ہدف تیر
انتقام کرنا واجب ہی شیر نے کہا کہ وزیر ملک تو ہی اور تیری راے صواب اندیش پر مجھے ہمیشہ
سے وثوق رہا ہی اب تو ہی اس مقدمے کو کوشش بلیغ سے تحقیق کر اور مجھے گرداب تفکر سے
نکال پلنگ نے کہا کہ اقبال شاہی سے اندک عرصے مین اسکا حال مفصل عرض کرونگا
اور کوئی دقیقہ دقائق سے پردۂ خفا مین رہنے نہ دونگا شیر اس وعدے سے خوش ہوا جبکہ
شب ہوئی اور پلنگ نے اپنے دیماس کی رخصت لی قضارا گذر پلنگ کا مسکن کلیلہ و دمنہ
پر کہ دونون باہم متصل تھے پڑا اور سُنا اُسنے کہ دونون مین آواز مباحثہ ہو رہا ہی
پلنگ اول سے دمنہ پر بدگمان تھا اُسوقت کہ آواز مطلب گوش مین پہونچی زیادہ تردد غم
دل مین آیا اور اُس مسکن کے قریب ایک گوشہ مین کھڑا ہوکر سُننا شروع کیا کلیلہ نے
کہا ای دمنہ تو نے بُرا کام کیا کہ بادشاہ کو بدعہدی و خیانت سے مشہور خاص و عام کیا
اور آتش فتنہ اور آشوب تمام سباع مین بلند کی اور ہر دم یہی خیال آتا ہی کہ ساعت
بساعت یہ فساد ترقی کرتا جائیگا اور اس وبال مین تو آخرکار گرفتار نکال ہوگا
بموجب اس مصرعہ کے مصرعہ خون اکثر بیگنا ہون کا گریبان گیر ہی + مناسب اِس کے
مؤلف نے بھی کہا ہی بیت خون بہاویگا کسی کا جو کوئی تلوار سے + وہ بھی مارا
جائیگا آخر اُسی تلوار سے + اور مین یہ یقین جانتا ہون کہ جب اہل پیشہ تیرے

اس فساد سے آگاہی پائینگے تو کوئی تجھے معذور نہ رکھے گا اور نہ تیری مددگاری کریگا بلکہ سب
تیرے قتل پر متفق ہون گے اب اس بات کے معلوم ہونے کے بعد تیری ہمخانگی خلاف راے
صواب اندیش ہی **قطعہ** با بدان کم نشین کہ صحبت بد ؞ گرچہ پاکی ترا پلید کند ؞ آفتابے
بدین صفائی را ؞ پارۂ ابر نا پدید کند ؞ اب جا کسی اور سے آشنائی کر اور اس کے
بعد مجھسے اُمید منقطع کر کہ مین کبھی تجھسے دوستی اور صحبت نہ رکھونگا دمنہ نے کہا ای برادر
مجھے اپنی صحبت سے محروم نہ رکھ اور کار رفتہ پر زیادہ ملامت نہ کر کہ کار رفتہ کا ہر بار
یاد کرنا زیادہ تر ملال لاتا ہی اور لاعلاج بھی ہی بلکہ شادمانی کر کہ جب دشمن اپنی تدبیر سے
مارا گیا تو کیا جگہ ملال اور ملامت کی ہی کلیلہ نے کہا کہ ای غافل سادہ لوح باوجودیکہ
تونے جادۂ مروت و دیانت سے انحراف کیا ہی اور اساس فتوت کو تبر غداری سے منہدم کیا
پھر بھی اب تک دعوی صداقت کا رکھتا ہی اور امیدوار سلامت و عافیت کا ہی یہ نہین
جانتا ہی کہ کوئی منتقم حقیقی بھی ہی دمنہ نے کہا کہ مین شامت خیانت اور حیلہ و مکر کی آفت سے
بیخبر نہین ہون اور قباحت سخن چینی کی اور نقصان فتنہ پردازی کے مجھسے پوشیدہ نہین ہین مگر
کثرت حسد اور حب جاہ کا مجھپر ایسا غلبہ ہوا کہ یہ عمل مجھسے وقوع مین آیا اب اسکا کچھ چارہ و
تدارک میرے اختیار مین نہ رہا ہر چند پشیمان ہوتا ہون پر کیا ہو سکتا ہی **مصرع**
چون کنم خود کردہ ام خود کردہ را تدبیر نیست ؞ پلنگ یہ تمام ماجرا سُنکر شیر کی ماں کے پاس
آیا اور کہا ایک راز ہی اُسے عرض کیا چاہتا ہون پر شرط یہ ہی کہ عہد درست کیجیے
کہ بغیر ضرورت شدید اُسکا افشا نہو بعد سوگند و تاکید کے جو کچھ گفتگو کلیلہ اور دمنہ سے
سُنی تھی سو مو بمو بیان کی اور ملامت کلیلہ کی اور اقرار دمنہ کا مشروحاً بیان کیا مادر
شیر اس حادثہ کی کیفیت سن کے نہایت متاسف ہوئی دوسرے دن موافق معمول کے
شیر کے پاس آئی شیر کو نہایت غمناک پایا پوچھا کہ ای فرزند اتنی فکر و حیرت کا
سبب کیا ہی **مثنوی** ماہ کامل تھا ہوا ہی کیون شہاب ؞ سرو تھا تو کیون ہی عالم کاہ کاہ

۹
اشارہ بایت
باب یک
در بیان بعضی
۱۲ از عجائب
الاوقات

کیا ہوا ہو باعث رنجیدگی ئ کیون ہوئی ہو اس قدر کا ہید گی شیر نے کہا کہ میرا حال
شنزبہ کے مارنے کے سوا اور اُسکے اخلاق و آداب یاد آنے کے در ا اور کچھ نہین ہو ہر چند
یاد سے بھلاتا ہون بھولتا نہین ہو اور جبکہ صلاح کار ملک مین تامل کرتا ہون اُسوقت
اندوہ میرا بہت بڑھجاتا ہو کہ افسوس ایسا یار غمخوار اور چاکر وفادار کہان ملیگا اور شیر
نے کہا کہ گواہی کے واسطے اپنے دل کے برابر دوسرا شاہد نہین ہوتا ہو اور فحواے
شہر یار سے ایسا پایا جاتا ہو کہ دل بادشاہ کا بیگنا ہی پر شنزبہ کی گواہ ہو کہ اُسکا مارا جانا
برہان واضح اور یقین صادق سے نہین ہوا تو غالب ہو کہ صاحب غرض نے برخلاف
راستی عرض کرکے خون اُس بیگناہ کا کروایا ہو کہ جس سے ہر ساعت ندامت تازہ
اور اندوہ بے اندازہ ہوتا ہو اسی واسطے عقلا نے کہا ہو کہ توسن غضب تجام شکیبائی
و تامل سے ایسی جگہہ روکنا ضرور ہو تا گرداب ندامت مین نہ پڑے شیر نے کہا اے مادر
جو کچھ فرمایا تو نے بجا ہو اس کام مین میرا نفس امارہ عقل پر غلبہ کر گیا اور آتش غضب نے
خرمن حلم کو جلا دیا اور اب تدارک اسکا محال ہو گیا سواے صبر کے کچھ چارہ نہ رہا لیکن بڑا
رنج یہ ہو کہ ہمیشہ کو مین ہدف تیر ملامت ہوا اور قرعہ بیوفائی کا دائمی میرے نام پر مارا جائیگا
لیکن اب جو مین ذکر گاؤ کا لگاؤ کے لیے کرتا ہون سبب اُسکا یہ ہو کہ بیجرمی گاؤ کی دلیل روشن
سب پر ثابت کر کے انتقام لون تا کچھ تو بدنامی میری کم ہو اور شنزبہ کہ صفات حمیدہ سے متصف تھا
اور بے جرم مارا گیا اس سے زیادہ کیا ندامت ہوگی لیکن کیا کرون کہ اب کچھ بن نہین آتا ہو لہذا
چاہتا ہون کہ اسکی تحقیق مین کوشش تمام صرف کرون بعد تحقیق البتہ کوئی صورت تسکین کی
نکل آئیگی والا اس رنج سے جینا میرا دشوار ہو اور اگر آپ نے کچھ اس امر مین سنا ہو یا دریافت
کیا ہو تو مجھے آگاہ فرمائیے مادر شیر نے کہا بیت دل ہمارا ہو خزانہ گوہر اسرار کا ۔ ضبط لیکن
قفل ہو اپنے لب اظہار کا ۔ ایک بات سنی ہو مین نے لیکن اظہار اُسکا جائز نہین ہو اور
کنہ اس بات کی معلوم ہوئی ہو لاکن افشا اُسکا روا نہین ہو کسو واسطے کہ تیرے بعض مقربین نے

اُسکے کتمان مین مبالغہ کیا ہی موجب مثل عرب کے قلوب الاحرار قبور الاسرار المؤلفہ بیت
عیب گوئی پیشۂ مردان دانشور نہین ٭ عیب پوشی سے کوئی پوشاک زیباتر نہین ٭ بادشاہ
کو معلوم ہی کہ نقض عہد اور افشاے راز کتنا بڑا عیب ہی اور حکمانے کس درجہ اُسکے اجتناب
مین تاکید کی ہی اگر تاکید مانع نہوتی تو مفصل مین بیان کرتی اور سب اندوہ فرزند ارجمند
کے دل سے دور کر دیتی مگر مجبور ہون کہ خلاف عہد نہین ہو سکتا ہی شیر نے کہا کہ فی الحقیقت
تاکید حکما کی اسی طرح ہی مگر جسکے افشا مین مصلحت کلی اور نفع عام ہو اُسمین حکم بھی دیا
ہی بلکہ یہ وہی جگہہ ہی کہ اگر کوئی کسی کی جان کا قصد ناحق کرکے بقسم شدید تاکید کرے
کہ افشا اُس کا نہ کرنا اور سامع اُس بیگناہ کے حفظ نفس کے واسطے آگاہ کر دے تاکہ
وہ حفاظت اپنی کرے ہرگز شریعت اُسے ماخوذ نہ کرے گی اور خداے کریم کے نزدیک
بھی گنہگار نہ ہوگا اور کہنے والے نے جو اسمین بے محل اتنی تاکید کی ہی تو عجب نہین ہی کہ اس
امر مین اُسکی بھی شرکت ہو اور معلوم ہوتا ہی کہ منظور جانتا ہی کہ اُسکے اظہار مین میرے
واسطے بھی قباحت ہی اور اس صورت مین ظاہر ہونے کے وقت مین بچ جاؤنگا کہ مین نے
تو پہلے مادر شیر سے کہدیا تھا والا اگر وہ خیر خواہ ہمارا ہی تو کیا جگہہ ملاحظہ کی ہی کہ مین
مبتلا ہون اور وہ حفاظت راز غیر کرتا ہی بھلا یہ کیسی حفاظت ہی کہ ماں سے کہدے
اور بیٹے سے پردہ کرے اُمیدوار شفقت ہون کہ مجھے اس راز سے آگاہی دیجیے اور
جو مصلحت اسمین ہو وہ فرمائیے کہ اُس سے تجاوز نہ کرونگا بیت راز بیان آر کہ
ما محرم رازیم ٭ بگذر ز سر ناز کہ ما اہل نیازیم ٭ مادر شیر نے کہا کہ جو اشارت تو نے فرمائی
بغایت ستودہ اور یہ بات تیری نہایت پسندیدہ ہی مگر اظہار اسرار کا دو عیب رکھتا
ہی ایک تو دشمنی اُس شخص کی کہ جسنے امین سمجھکے کسی کو محرم راز کیا اور دوسرے
بدگمانی لوگون کی کہ ایسے شخص کو کہ جسے وہ بد یانتی کے ساتھ مشہور کرتے ہین اسکے بعد
کوئی اُس سے بات نہین کہتا ہی اور دوستون کی نظر مین مردود اور مطعون خلائق

ع
یہاں نسخہ مہمہ
دیکھا قلم
کہہ سونہ والا
۱۲

ہوتا ہی **بیت** زنہان کردن رازم جگر چندان کہ میسوزد ✤ زبیم دشمنان پیوستہ مُہرے بر دہن دارم ✤ اور حکما کا قول ہی کہ جس نے سر کو ہاتھ سے دیا سر اپنا کھویا **مصرع** خواہی کہ سر بجاے بود سر بجاے دار ✤ مگر فرزند ارجمند نے قصہ رکابدار کا کیا نہین سُنا ہو کہ افشاے راز بادشاہ مین جرأت کی پھر آخر سر اپنا کھویا شیر نے کہا کہ یہ قصہ کیون کر تھا

حکایت رکابدار

حکایت ماں شیر نے کہا کہ ایام ماضی مین ایک بادشاہ نے تخت سلطنت کو زیور عدل سے آراستہ کیا تھا شعاع الطاف اُسکی اطراف مملکت مین تابان تھی ایک روز بادشاہ شکار کو گیا جب مرغزار کے قریب پہونچا ہر ایک تدبیر شکار مین مشغول تھا بادشاہ نے اپنے رکابدار سے کہا کہ تو میرے ساتھ گھوڑا دوڑا رکابدار نے بادشاہ کے فرمانے سے گھوڑا دوڑایا جبکہ دور نکل گئے بادشاہ نے باگ روکی اور کہا کہ اے رکابدار غرض میری گھوڑا دوڑانے سے یہ تھی کہ ایک بات میرے دل مین آئی ہی سو تجھ سے کہون کہ سوا تیرے اعتماد میرا اور پر نہین ہی پر شرط یہ ہی کہ ہرگز کبھی زبان پر نہ لانا رکابدار نے زمین ادب کو بوسہ دیا اور کہا کہ اگرچہ یہ ناچیز قابلیت اس کی نہین رکھتا ہی کہ شہریار راز اپنا مجھسے فرمائے لیکن آفتاب سلطنت اگر اس ذرۂ بیمقدار پر پرتو افگن ہی تو اس راز کو جان سے بھی زیادہ عزیز رکھونگا اور نسیم و صبا بھی کبھی اُسکی بو نہ پائیگی **لمؤلفہ بیت**

جان جس طرح سے رہتی ہی بدن مین پنہان ✤ اس طرح سے مین ترے راز کو رکھونگا نہان ✤

بادشاہ نے اُسکو آفرین کی اور کہا کہ مین اپنے بھائی سے اندیشہ ناک رہتا ہون اور یقین جانتا ہون کہ وہ قابو پا کے کبھی میرے قتل مین کمی نہ کرے گا سو مین نے بھی یہی صلاح اولی سمجھی ہی کہ پہلے اُسکے قابو پانے سے اُسے راہ عدم دکھاؤن اور اس وسوسے سے دل اپنا خالی کردون تو خبردار رہ اور ہمیشہ میری محافظت مین سرگرم رہا کر اور جو یا اُسکی مصلحت کا رہا کر کہ اپنی جگہ وہ کیا تدبیر کرتا ہی رکابدار آداب خدمت بجا لایا اور نہایت تاکید و سوگند سے اس راز کے اخفا کا وعدہ کیا ہنوز منزل

کو نہ ہیو بچا تھا کہ رکا بدار کے دل مین بیوفائی نے راہ کی اور کفران نعمت کا خیال
بندھا نظم دل بمہر مردمان کم نہ کہ در گلزار دہر * بوے یاری و وفا در ہیچ ہمدم
یافت نیست * راز با دل گفتم و بسیار خوردم خون از و * کاشکے دانستمی اول کہ محرم
یافت نیست * رکابدار منزل پر پہونچکر بادشاہ کے بھائی کے پاس پوشیدہ حاضر ہوا اور
راز کو مو بمو بیان کیا برادر شاہ نے اُسے انعام دیا اور وعدہ ہاے بسیار سے امیدوار کیا
اُسکے بعد نہایت ہوشیاری سے اپنے آپ کو بچاتا رہا ایک دن موقع وقت کا پاکے برادر
بزرگ کو قتل کیا اور آپ تخت سلطنت پر بیٹھا اول یہ حکم دیا کہ رکابدار کو قتل کرو اُسنے
زبان زاری کھولی اور کہا کہ ای بادشاہ میرا گناہ آپ کی خیر خواہی کے سوا اور کیا ہی اور جو
مین نے کیا اُسکی جزا کیا یہی ہی بادشاہ نے کہا راز فاش کرنے کے برابر کون گناہ ہوگا اور میرے
بھائی نے سب ملازمون مین تجھے اختصاص دیا اور اپنا محرم راز بنایا اُسکا بدلا یہی تھا کہ تو نے
اُسکا راز فاش کر کے اُسے میرے ہاتھ سے قتل کرا دیا مجھے تجھپر کیونکر اعتماد آئے ع از ہمدم
بیوفا جدائی خوشتر * ہر چند رکابدار نے عذر پیش کیے کوئی کام نہ آیا آخر کار اُس بیوفا کا سر تن سے
جدا ہوا فائدہ اس مثل سے یہ ہی کسی کا راز ظاہر کرنا اچھا نہیں ہی شیر نے کہا کہ ای مادر مہربان اگر وہ اظہار کرنے والا
رازدار ہوتا تو تجھ سے یہ راز کیونکر کہتا جب کہ وہ خود متحمل اس رازداری کا نہوا پھر دوسرے
سے توقع رازداری کی کیونکر رکھتا ہی بلکہ اُسکی غرض یہی ہی کہ راز مخفی نہ رہے والا وجہ
کیا تھی کہ غیر سے کہتا اور مجھ مین تجھ مین کہ جدائی ممکن نہین ہی یون اظہار راز کرتا پر
جانتا ہوگا کہ ماں اپنے بیٹے کا رنج اور ہلاکت کیونکر گوارا کریگی لہذا اُسنے تجھسے ظاہر
کیا شعر مؤلف کا اسکا گواہ ہی بیت گر سکا جب خود نہ وہ اخفاے راز * غیر سے
کیا شکوہ افشاے راز * اب متوقع اسبات کا ہون کہ اظہار مین اسکے حق کے عند اللہ
اور عند الخلق بھی مضائقہ نہین ہی جو کچھ حق ہی اُسکے اظہار مین مجھ پر کیون احسان
نہین فرماتی ہو کہ یہ بار غم میرے دل سے دور ہوا اور اگر اُسکی تفصیل مین

کچھ مضائقہ ہو تو مجمل ارشاد کر اور اگر تصریح مین بیان کرنا تیرے نزدیک منع
ہی بارے اشارے سے دریغ نہ رکھ مادرشیر نے کہا بشرطیکہ وہ بدکردار کہ فتنہ
برانگیختہ کیا ہوا جسکا ہی سزا کو پہونچے اور جمال عفو اُسکے دیدۂ بیباک کو کہ راہ
صدق وصفا مین دانستہ نابینا بنا ہی دکھانا نہ چاہیے اور شفاعت کسی کی اُس سے
حق مین قبول نہ فرمایئے تو مین کچھ کچھ بیان کرون ہرچند فضیلت عفو مین علماے دین
نے اور عارفان معارف حق الیقین نے مبالغہ بہت فرمایا ہی مگر ایسے شخص کے حق مین
کہ جسکا فساد باعث خونریزی ناحق اور موجب تذلیل سلطنت ہو عقوبت بہتر ہی
عفو سے اور ایسے گناہ کے مقابلے مین کہ جسکی مضرت بادشاہ کے نفس پر عائد ہو اور
لوث بدعہدی اور خیانت مین متہم ہو اگر اطفا نہ کیا جائے تو مفسدون کی دلیری کا
باعث ہی اور ستمگارون کی قوت اور جرأت کا موجب ہوتا ہی پس زنہار عفو اور
اغماض کی جگہ نہین ہی کہ نص قاطع سے معلوم ہوا ہی کہ ولکم فی القصاص حیوٰۃ اسلیے اُسکا
تدارک واجب ہی شیر نے کہا جو کچھ فرمایا تو نے بجان قبول ہی مادرشیر نے کہا کہ وہ دمنہ تمام
بدانجام ہی کہ مرتکب اس امر قبیح کا ہوا اور بادشاہ پر اُس کا دمدمہ اثر کر گیا شیر نے کہا کہ
جانا مین نے کل اسکا تدارک مناسب کیا جائیگا مادرشیر نے اپنی منزل کو رجوع کی شیر
نے بعد تامل بسیار احضار ارکان دولت کو حکم دیا حسب الحکم شاہی سب ارکان دولت
دوسرے دن حاضر ہوے اور مادرشیر بھی تشریف لائی اور دمنہ نے فراست سے جانا
کہ در بلا کھلا اور راہ رہائی بند ہی تجاہل عارفانہ کرکے ایک خواص محفل سے پوچھا کہ اس
جماعت کے اجتماع کا سبب کیا ہی اور کون بات حادث ہوئی ہی کہ بادشاہ متغیر مزاج ہی
مادرشیر نے سوال دمنہ کا سنکر باواز بلند کہا کہ بادشاہ کو تیری زندگانی متغیر کرتا ہی
اور تو نے کہ ایسے رفیق جان نثار کے حق مین خیانت کی تھی پردہ اُسکا اُٹھ گیا
اب بادشاہ چاہتا ہی کہ ایک دم تجھے زندہ نہ چھوڑے دمنہ نے کہا کہ بزرگان متقدمین

نے کوئی دقیقہ دقائق عالم سے باقی نہین رکھا ہی کہ متاخرین کے واسطے روشن نکر دیا ہو ایک اُنکے سخنان حکمت آمیز سے یہ ہی کہ جو شخص بادشاہ کی خدمت مین یکجہت و یکرو ہوتا ہی جلد پایۂ تقرب کو پہونچ جاتا ہی مگر سب ارباب بمقتضاے حسد سے اُسکے دشمن ہو جاتے ہین اور اپنے مطلب کے واسطے گو نقصان بادشاہ کا اُس مین متصور ہو یہ چاہتے ہین کہ ہزار حیلے سے خراب کرین اس لیے اکثر افترا اُسکے حق مین تجویز کیا کرتے ہین بموجب مثل عرب کے ان المخلصون علی خطر عظیم اسی واسطے اہل حقیقت پشت بدیوار اور رو بدر پروردگار رکھتے ہین اور اس دنیاے ناپائدار پر نفرین کرتے ہین اور خدمت خلق اور عبادت خالق مین مصروف رہتے ہین مگر خداے کریم کو غفلت اور ظلم ہرگز پسند نہین ہی اور کبھی جزا بدی کی نیکی اور عوض نیکی کا بدی نہین ہوا ہی اور بادشاہون کے حق مین عدل سے کوئی عمل بہتر نہین ہی مگر کمیاب ہی کبھی بیگناہان واجب الرعایت کو خائنون کے مانند عذاب جانکاہ سے مواخذہ کرتے ہین بقول سعدی علیہ الرحمۃ یعنی گاہے بسلامی برنجیند و گاہے بدشنامی خلعت دہند کس لیے کہ ہوا اُنکے حال پر مستولی ہی اور خطا اُنکے افعال مین غالب اور خیر و شر اُنکے نظر مین یکسان ہی اور نفع و ضرر اُنکی نگاہ مین برابر بعض اوقات اگر کوئی خزانہ روے زمین کا تباہ اُنکو دے کچھ احسان نہ مانینگے اور کبھی مسخرے کو دشنام پر سرفراز کرینگے لازم یہ تھا کہ مین بادشاہ کی درگاہ سے دور رہتا بلکہ زاویہ عزلت سے قدم باہر نہ رکھتا کہ بادشاہ کی نزدیکی آتش سوزان ہی اگر قریب اُسکے نہ جاتا تو اس سوز و گداز مین نہ پڑتا سچ یہ ہی جو کوئی قدر عزلت کی نہ جانیگا اور بادشاہ کی خدمت کو خالق پر ترجیح دے گا اُسے وہ پہونچے گا جو زاہد گوشہ نشین کو پہونچا شیر نے کہا کہ قصہ زاہد کا کیونکر تھا۔ اس قصے کو مشرح اور مفصل طور پر بیان کر

حکایت دمنہ نے کہا کہ ایک زاہد تعلق دُنیا سے انقطاع کرکے گوشۂ صحرا مین بیٹھ رہا تھا سوا نان کشکین اور لباس پوستین کے کوئی خواہش

حکایت زاہد گوشہ نشین

نہ رکھتا لمؤلفہ نظم تھا لباس عاریت سے اُسکو عار ✤ دامن صحرا کو سمجھا جامہ دار ✤ بامزہ اُس کو نہ بھاتی تھی غذا ✤ پتیان کھاتا تھا وقت اشتہا ✤ تھا تنعم سے نہایت دل نفور ✤ فقر اور فاقے سے ہوتا تھا سرور ✤ اُس مرد کے صلاح وتقویٰ کا شہرہ تمام اُس ولایت مین مشہور ہوا اور مخلوق جوق جوق دور ونزدیک سے زیارت اور حصول برکت کے واسطے آمد وشد کرنے لگے چونکہ اثر نور عبادت کا جبین مبین زاہد سے ساطع تھا اس لیے اعتقاد خلق اللہ کا روز بروز زیادہ ہوتا جاتا تھا ہرچند اُنکی آمد سے کارہ تھا پر کوئی نہ مانتا تھا اور بادشاہ اُس ولایت کا عادل اور باذل اور درویش دل تھا کہ رضاے الٰہی کو ہواے بادشاہی پر مقدم جانتا تھا اور ابتداے اخلاق انبیا اور پیروی سیرت اولیا کا بجان خریدار تھا بیت سیرت پاکیزہ وخوے خوش وکردار نیک ✤ با فقیرے خوش بود با شہریاری خوشتر است ✤ جبکہ خبر پیر گوشہ نشین کی اُس صدر نشین سلطنت کو پہونچی بحکم نعم الامیر علے باب الفقیر کے ملازمت کو زاہد کی تمام حاضر ہوا اور استمداد پند واندرز چاہی زاہد نے کہا کہ ای بادشاہ اس جہان کی دو قسمین ہین ایک فانی کہ اُسے دُنیا کہتے ہین اور دوسری باقی کہ اُسے عقبیٰ کہا ہی ہمت عالی مقتضی اسکی ہی کہ سر اپنا اقلیم فانی کی طرف نہ جھکائے بلکہ نظر اقلیم باقی کی طرف رکھے بادشاہ نے کہا کہ تسخیر اس سلطنت باقی کی کس طرح میسر آتی ہی زاہد نے کہا دستگیری کرنا مظلومون کی اور فریاد سُننا محرومون کی کہ حدیث شریف مین آیا ہی ارحم ترحم یعنی رحم کر کہ تجھپر رحم کیا جائے اگر بادشاہ کو آسایش آخرت چاہیے تو آسایش رعیت مین کوشش کرے بیت کرینگے عیش وہی بادشاہ عقبیٰ مین ✤ ملا ہی جنسے رعیت کو عیش دُنیا مین ✤ جبکہ زاہد نے اس طرح کا وعظ فرمایا بادشاہ کا صندوق دل جواہر موعظت سے بھر گیا پس اُسی دم دست ارادت دامن زاہد مین ڈالا یعنے مرید ہوا چند روز گذرے تھے کہ ایک دن بادشاہ زاہد کی خدمت مین

۷ بہتر [illegible] امیر [illegible] فقیر کے در [illegible]

حاضر تھا کہ ناگاہ گروہ دادخواہون کا نفیر الغیاث تا آسمان پہونچانے لگا زاہد نے
سب کو نزدیک بلا کر حال پوچھا اور داد انکی شریعت کے موافق بادشاہ سے
دلوائی بادشاہ صورت سے اس فیصلے کی کہ باین خوبی زاہد نے کیا نہایت خوش ہوا
اور کہا کہ ای راہنما امیدوار ہون کہ فیصلے دادخواہون کے آپ کی راے صواب اندیش
کے موافق ہوا کرین تو بہتر ہی کہ بیشتر اہل کار غرض نفسانی سے پردہ تقریر مین
حق کو باطل باطل کو حق بنا دیتے ہین اور یہ مظلمہ روز جزا میری گردن پر آئیگا کہ
مین بذات خود کثرت امور سے سب جزئیات کو پہونچ نہین سکتا ہون زاہد نے
اسباب کو سنکے خیال کیا کہ جو شخص کہ باعث امور خیر ہوتا ہی ثواب اسکا درگاہ خدا
سے بے نہایت پاتا ہی اگر تیری جہت سے خلق خدا راحت پائے تو یہ تکلیف بہتر ہی
راحت سے اس نیت سے کہنا بادشاہ کا قبول کیا اسکی بعد جو معاملے اور حاجتین
مخلوق کی زاہد تک پہونچتی تھین اور زاہد بادشاہ سے کہتا تھا بادشاہ اسے بطیب[۱] خاطر
قبول کرتا تھا اس صورت مین عالم[۲] عالم فیض جاری ہوا اور شہرۂ عدالت بادشاہ اور
نیک دیانتی زاہد کی از ماہی تا ماہ پہونچی آخر کار انتظام اس سلطنت کا زاہد عالیمقام
کے دامن مین باندھا گیا اور تصرف امور مالی و ملکی قبضۂ اختیار مین زاہد کے روز بروز
زیادہ ہونے لگا اور سوداے حب جاہ دماغ مین زاہد کے دمبدم زیادہ بڑھتا گیا
اور تمناے اسباب امارت نے سر زاہد کو بالین قناعت سے پھیر کے متوجہ تاج و تخت اور
غرور و نخوت کا کیا بقول گویا بیت بیخود ہوا نہ کون مے حب جاہ سے ❊ بہکایا
اس خمار نے کسکو نہ راہ سے ❊ یہ دنیاے فریبندہ وہ بلا ہی کہ اسنے بہت سے
شیر مردون کو اپنا صید کیا ہی اور یہ وہ زال غدار ہی کہ اکثر رستم منشون کو مانند
پیرزن کے چاہ محنت مین ڈالا ہی زاہد نے بجاے آب شور ریاضت لقمہ غذاے
راحت نوش کیا ذوق عبادت فراموش ہوا اور حلقۂ حب الدنیا[۳] راس کل خطیئۃ

۱ طیب بفتح ... بمعنے خوشی
۲ فیض بفتح ... مستعمل ... عالم عالم بہت سا
۳ ... دنیا کی محبت سب خطاؤن کی جڑ ہی

کان مین پڑا بس جان و دل سے دنیا کا حلقہ بگوش ہوا اور بادشاہ نے بھی جبکہ تدبیر زاہد
کی موافق مصلحت کے دیکھی زمام اختیار رمالی و ملکی دست زاہد مین سپرد کی درویش
کو چلے اندیشہ ایک نان کا تھا اب غم جہان کا پیدا ہوا اور آگے خیال ایک گلیم کا
تھا اب فکر تسخیر اقلیم پیش نظر ہوئی ایک دن ایک درویش صاحبدل کہ زاہد کی خدمت
مین مدت سے فیضیاب تھا بعد عرصۂ دراز خدمت مین زاہد کی استفادہ کے واسطے
حاضر ہوا دیکھا کہ دماغ زاہد کا سراپا حُب جاہ سے مبدل ہو گیا ہی اور نور باطن
سے کچھ اثر باقی نہین رہا آتش حسرت کا نون سینہ مین شعلہ زن ہوئی بیت
ہو گیا گمراہ سالک خضر فرخ پے کہان ؛؛ مرحلا بیمار رجب توجاہ عیسی ہی کہان ؛؛ جب
شب کو خلق نے بالین خواب پر سر رکھا اور غنو نما کم ہوا درویش نے زاہد کی خدمت
مین عرض کیا کہ ای مرد خدا یہ کیا حالت ہی کہ مشاہدے مین آئی ہی بیت گل کیا ہوئے
جو کانٹون سے سب باغ بھر گیا ؛؛ کیا ہو گئی وہ فصل وہ موسم کدھر گیا ؛؛ اور یہ کیا آتش حسرت
ہی کہ خرمن تسکین یاران طریقت کو جلاتی ہی یعنی آسایش نفس اور رضامندی رب کریم
کو برباد کر کے اس بلاے بے درمان کو کہ برہم زن خانمان دین اور خراب کنندۂ آرام
نفس اور صدق و یقین ہی اختیار کیا ہی تو نے زاہد نے یہ سُنکے زبان حیلہ سازی کھولی لیکن
وہ بات کہ محکِ[ط] امتحان معرفت پر کامل العیار ہو نہ کہی کہ قلب طمع کار سی سے زرخالص
نہین ہوتا ہی درویش نے کہا کہ ای زاہد باخدا بہر خدا انصاف کر کہ تو خوب جانتا ہی کہ
یہ جو فرمایا تو نے یہ سب بہانہ نفس کا ہی مگر خلاصہ فی الباب یہ ہی کہ خاطر مبارک
بکلی مائل متاع دنیا ہوئی ہی اور ضمیر منیر عالی حب مال و جاہ مین مبتلا ہوا ہی
اوج سعادت سے حضیض[ع] نکبت کا مائل ہوا ہی ہزار افسوس کہ کس جگہ پہونچ کے
پھر کہان کا قصد کیا ہی ابھی کچھ نہین گیا ہی پنجۂ فریب شیطان سے نکل اور دامن
توکل از سر نو پھر ہاتھ مین مضبوط پکڑ اور نوالہ زہر آلود دنیا تھوک ڈال

[ط] محک کسوٹی ۱۲

[ع] حضیض نیچی جگہ ۱۲

کہ عیش دنیا سب غم ہی اور فربہی اسکی سب ورم ہی بموجب بیت واقف کے بیت
عیش دُنیا ہمہ غم بود ہمیدانستم ✤ فربہی جملہ ورم بود ندانستم ✤ زاہد نے کہا کہ ای
دوست غمخوار آمد و شد خلق سے میرے حال مین کچھ تغیر نہین آیا ہی اور دل بہ یار
اور دست بکار رکھتا ہون مہمان نے کہا کہ تجھے اپنے حال سے خبر نہین ہی اس سببسے
کہ حُب جاہ شراب بیہوشی ہی وہ اس قدر تجھے پلائی ہی کہ چشم بصیرت تیری بالکل
جاتی رہی اور جب کہ آنکھین تیری سرمہ خالص ارواح سے روشن ہونگی اُسوقت
پھر پشیمانی کے بجز کوئی چیز فائدہ نہ بخشے گی اس قطعہ پر یہ خیال کر قطعہ دنیا کی نہ کر تو
خواستگاری ✤ اس سے کبھی بہرہ ورنہ ہوگا ✤ آخانہ خرابی اپنی مت کر ✤ قحبہ ہی یہ اسے
گھر نہ ہوگا ✤ اور یہ مثل تیری ای زاہد مانند اُس نابینا کے ہی کہ کوڑے اور سانپ مین کچھ فرق نہ کیا
اور کہتا بھی کسی کا نہ مانا آخر اسی باعث سے ہلاک ہوا زاہد نے کہا کہ یہ قصہ کیونکر تھا حکایت
کہا کہتے ہین ایک نابینا ایک بینا کے ساتھ ہمسفر ہوا ایک شب صحرا مین مقام کیا جب کہ طیاری
کوچ کی ہوئی نابینا اپنا کوڑا ڈھونڈھنے لگا قضا را ایک سانپ پڑا ہوا سوتا تھا اندھا سمجھا
کہ یہ کوڑا ریشم کا بنایا ہوا مجھے مفت مل گیا بہت خوش ہوا اور سوار ہو کر چلا جب کہ صبح ہوئی
اور آفتاب نکلا اُسوقت اُس آنکھ والے نے دیکھا کہ اندھے کے ہاتھ مین سانپ ہی چلایا کہ
اندھے تیرے ہاتھ مین سانپ ہی زہرناک جلد پھینکدے ورنہ کاٹ کھائیگا اندھے نے
بدگمانی کی کہ یہ کوڑا بیش قیمت ہی یہ ہمراہی میرا چاہتا ہی کہ اس حیلے سے اگر پھینکدے
تو مین اُٹھا لون اندھا بولا کہ ای رفیق کوڑا میرا گم ہوا تھا اللہ تعالے نے اس سے بہتر کوڑا
مجھے بخشا ہی اگر نصیب تیرا یاری کریگا تو تجھے بھی ملجائیگا یہ کیا نیت ہی کہ میرے کوڑے پر
کرتا ہی اور مین ایسا احمق نہین ہون کہ تیرے دم دینے سے ایسا کوڑا پھینکدون مرد بینا
ہنسا اور کہا کہ ای برادر حق ہمراہی کا یہی ہی کہ مین چاہتا ہون کہ یہ سانپ تجھے ہلاک نکرے
نابینا آزردہ ہوا اور کہا کہ یہ صاف بدنیتی ہی کہ کوڑا میرا اس حیلے سے لیا چاہتا ہی یہ سودا ے خام

حکایت نابینا

نقل

سر سے نکال ڈال کہ مین دھو کا نہین کھاؤن گا ہر چند اُسنے مبالغہ کیا نا بینا نے نمانا آخر جب
آفتاب بلند ہوا اور ہوا گرم ہوئی اور مار برف زدہ تابش آفتاب سے ہوش مین آیا اور افسردگی
اُسکی رفع ہوئی دیکھا کہ مین ایک شخص کے ہاتھ مین ہون اور وہ بار بار ہاتھ سے ملتا ہی یکبارگی سیانپ
اُسکے ہاتھ مین لپٹ گیا اور کمال غضب سے دانت مارا فوراً نابینا ہلاک ہوگیا یہ مثل اسلیے لایا ہون
کہ تو اس دنیا پر فریفتہ نہوا ور اُسکی محبت کو دل مین جگہ ندے کہ زخم اسکا مار سیاہ سے بہت زیادہ
ہی زاہد کلام درویش کا سُنکے سمجھا کہ واقعی یہ مرد باخدا سچ کہتا ہی اس ندامت سے رونا شروع
کیا اور دولت گم گشتہ پر کہ حب جاہ جانکاہ سے برباد ہوئی تھی ہزار افسوس سے دست تاسف
ملتا تھا اور تمام شب مانند شمع و پروانے کے گریان و سوزان رہا جبدم زاہد سپیدہ پوش
صبح نے سجادۂ آفتاب محراب مشرق مین بچھایا خلایق نے اپنی عادت کے موافق زاہد کے
دروازے پر ہجوم کیا اور ہر ایک نے حسب عادت زبان ثنا و صفت کھولی اور شیطان نے
پھر افسون تازہ دم کیا اور از سر نو بادۂ نخوت نے انفاس مردم سے حرکت پاکے دماغ زاہد
مین سرایت کی زاہد کو پند درویش اور ندامت شبینہ نسیًا و منسیًا ہوگئی بموجب اس شعر کے
بیت روز کہتا ہون نہونگا کل سے مین رسوائے عشق ٭ ہر سحر ہوتا ہی دونا جوش
پر سودائے عشق ٭ القصہ زاہد بدستور سابق اپنے کام مین مشغول ہوا اور رفتہ رفتہ
جمیع امور سلطنت مین دخل کلی کیا یعنی سب امرا اور وزرا کو اُن کے عہدے سے معزول کر دیا
اور مقدمات عدالت مین بھی نفسانیت غالب ہوئی اور باب رشوت بھی بخوبی وا ہوا حتی
کہ ایک شخص کو ناحق زاہد نے حکم قتل کا دیا اُس شخص کے قتل ہونے کے بعد اُس کے ورثہ
حضور بادشاہی مین مستغیث ہوئے کہ زاہد نے ناحق خلانے کو قتل کیا شرعاً قصاص زاہد
پر پہونچتا ہی بادشاہ نے اُسکا معاملہ دار القضا مین سپرد کیا بعد تحقیق قاضی نے حکم دیا
کہ قصاص مقتول مین گردن مارین چنانچہ زاہد اُسکے قصاص مین مارا گیا یہ مثل اسواسطے
وارد کی ہی کہ مین سر اپنا محراب طاعت خدا سے پیچیدہ کرکے آستانہ بادشاہی

سجادہ بمعنی نماز کا جانماز جسپر نماز پڑھی جاوے بتشبیہ

بدر رجوع لایا اور گردن کو فرمان پرور دگار عالم سے کھینچکر جانب سریر شاہی جھکایا
اب جو بلا کہ تجویز کی جائے اسکے سزاوار ہون ہین دمنہ نے جب کہ کلام فصاحت انجام تمام کیا
ملازمان سریر سلطنت اُسکی فصاحت لسانی پر متحیر ہوے اور شیر نے سر اپنا جھکا لیا اور
حیران تھا کہ کیا کرون اُسکے بعد کہا کہ کوئی دمنہ کو جوابدے سیاہ گوش کہ سب مصاحبان
بادشاہی مین اختصاص رکھتا تھا دمنہ کی طرف پھرا اور کہا کہ تو نے یہ مذمت بادشاہ کی
ملازمت کی بیان کی کہ جسکی بدولت افتادہ خاک فلک افلاک کو پہونچا یہ حد تیری نہ تھی
کہ کلام واہی کہ دور از ادب زبان پر لائے آگاہ ہو ای دمنہ ایک ساعت عمر بادشاہ
کی کہ جو عدل وداد اور رعیت پروری مین گذرے تو اورون کی ایک سال کی عبادت
کے برابر ہی اور اکثر سجادہ نشینان محراب زاہد وطاعت اور تاجداران کشف وکرامت نے
خدمت بادشاہ کی اسی واسطے اختیار کی ہی کہ ملازمت کو نصف سلوک کہتے ہین کہ کارسازی
ستم رسیدون کی اور سازگاری محنت کشیدون کی بہترین عبادت سے ہی اور اسپر حکایت
پیر روشنضمیر کی شاہد ہی دمنہ نے کہا کہ یہ قصہ کیونکر تھا حکایت کہا کہتے ہین کہ شہر فارس مین
ایک شخص تھا کہ اُسے پیر روشنضمیر کہتے تھے اور طنطنہ اُسکی ولایت اور کرامت کا قاف سے
تا قاف پہونچا تھا ایک روز ایک درویش سیاح ماوراء النہر سے عزیمت احرام حریم زاہد باندھکر
با مشقت بسیار نواحی پارس مین پہونچا اور بعد قطع بادیہ حرمان منزل امن وامان زاہد مین
نزول کیا اور بعد ادب خاک آستان شیخ کو بوسہ دیا اور خادم خانقاہ سے کہا کہ مین
مسافت بعید سے حاضر ہوا ہون میرا حال عرض کردو خادم نے کہا کہ ای درویش
اندکے صبر کر کہ شیخ بادشاہ کی ملازمت کو گیا ہی آنے کے بعد تیرا حال عرض کیا جائیگا
اُس درویش نے افسوس کیا کہ مین نے مفت اپنی اوقات برباد کی اور اتنا رنج
راہ کھینچ ذائے اُس فقیر پر جو کہ بادشاہ کی ملازمت کو جائے اور اغنیا کی صحبت
کا مائل ہو اُس سے کیا فائدہ ملے گا اور مطلب دینی ایسے دنیادوست سے

حکایت پیر روشنضمیر ۴۳

کیا حاصل ہوگا فقیر وہ ہی جس نے اس شعر پر گویا کے عمل کیا ہی بیت چھوڑ دینا کر قناعت بیٹھ کنج فقر مین ✤ خاک مت سر پر اُڑا ظل ہما کے واسطے ✤ اسکے بعد خانقاہ سے نکلا اور بازار کی طرف روانہ ہوا اور ہزار ندامت سے اپنی محنت رائگان پر متاسف چلا جاتا تھا کہ ناگاہ کوتوال شہر کی آنکھ اسپر پڑی قضا را وزور قیدی اُسی شب زندان سے بھاگا تھا اور اس شخص سے اشتبہ تھا کوتوال نے دزد گریختہ سمجھکر گرفتار کیا اور سیاست گاہ مین بھیجا اور حکم دیا کہ ہاتھ اسکا کاٹ ڈالو ہر چند یہ عذر کرتا تھا اور اپنا آنا راہ دور دراز سے اور وارد ہونا خانقاہ درویش مین بیان کرتا تھا کوتوال کب مانتا تھا آخر جلاد نے تیغ آبدار اُس درویش کے ہاتھ پر رکھی قریب تھا کہ پنجہ دست بند سے جدا کر ڈالے کہ پیر روشن ضمیر یک ناگاہ اُس محکمے مین پہونچا اور صورت حال دریافت کر کے کوتوال سے کہا کہ یہ درویش ہمارے خانقاہ کا ہی جس شبہہ سے تم سے متہم کرتے ہو یہ تمھاری خطا ہی ہرگز اسپر دست سیاست دراز نہ کرنا کوتوال نے سُم مرکب شیخ کو بوسہ دیا اور فرمانا اسکا قبول کیا درویش ظلم کوتوال اور دست ستم جلاد سے نجات پا کے شیخ کے ہمراہ رکاب ہوا اثنائے راہ مین شیخ نے درویش کے دوش پر ہاتھ رکھکے آہستہ سے کہا کہ اے برادر بدگمانی فقرا کے حق مین مناسب نہین ہوتی ہی اگر مین ملازمت بادشاہ کی اختیار نہ کرتا تو تجھے مظلوموں کو کیونکر ظالمون کے ہاتھ سے رہائی ملتی درویش سمجھا کہ خیال میرا محض نفسانیت اور غلبہ شیطانی سے تھا واقعی یہ ہی کہ جو فعل اہل کمال سے وجود مین آتا ہی خالی فائدے سے نہین ہوتا ہی کسواسطے کہ ارادہ درویش ارادہ خدا مین فانی ہو جاتا ہی جو چیز کہ اُس سے صادر ہوتی ہی ارادت اللہ کے موافق سرزد ہوتی ہی اگر ظاہر اُسکا خلاف عقل اور طبع کے ہوگا باطن خالی از مصلحت نہین ہوتا ہی مثنوی مولانا علیہ الرحمۃ مین ہی اشعار آن پسر را کش خضر ببرید حلق ✤ سر آن را در نیابد عام خلق ✤ وردرون بحر کشتی را شکست ✤ صد درستی در شکست خضر ہست ✤

چون شکستہ بند دام دست او ❊ زین غرض کشتی او بشکست او ❊ کاملے گر خاک گیرد زر شود ❊ ناقص ار زر برد خاکستر خرد ❊ غرض اس مثل کے ایراد سے یہ ہی کہ بزرگان دین ملازمت سلاطین جو اختیار کرتے ہین اور مکروہات درگاہ ملوک سے عار نہین رکھتے یہی سبب ہی کہ اوپر بیان ہوچکا دمنہ نے کہا کہ جو کچھ فرمایا بجا ہی اکابر خدمت ملوک مین جو تقرب ڈھونڈتے ہین تو بنا اُنکی ایک مصلحت پر ہوتی ہی اور بغیر الہام الٰہی کے کسی امر کو شروع نہین کرتے ہین اور کوئی غرض نفسانی اُسمین آمیزش نہین پاتی ہی اور جو تو نے کہا کہ بادشاہ ظل اللہ ہوتے ہین یہ بھی مسلم ہی مگر وہ بادشاہ کہ اُن کے کام راہ خدا سے نزدیک ہون اور طریق باطل سے دور نہ کسی کو بغیر ضرورت عفو کرین اور نہ بے محل عقوبت فرمائین کمیاب ہین اور پسندیدہ اخلاق شہریاری یہ ہی کہ ملازمان ستودہ خصال کو عزیز رکھین اور غدارون اور بیوفاؤن کو خوار و ذلیل کرین ❊ شیر نے کہا کہ اے دمنہ یہ جو تو نے کہا سچ ہی لیکن قصہ تیرا بالعکس اس قول کے پایا جاتا ہی کسواسطے کہ مجموع حضار بادشاہی اسپر متفق ہین کہ شنزبہ ملازمان بادشاہی مین پسندیدہ صورت اور سیرت خیر خواہ اور صواب اندیش ریاست تھا سو تیری آتش فساد سے اُسکا خرمن ہستی جل گیا بلکہ تیری فساد انگیزی سے بادشاہ کی بنیاد وفاداری منہدم ہوگئی **بیت** آتشی بر فروختی ز حسد ❊ عالمی را بسوختی ز حسد ❊ لمؤلفہ **بیت** حسد کی آگ کو کیا شعلہ رو کیا تو نے ❊ برنگ کاہ جہان کو جلا دیا تو نے ❊ دمنہ نے کہا کہ ضمیر منیر عالی سے پوشیدہ نہین اور حاضر حضور بھی سب جانتے ہین کہ مجھمین اور شنزبہ مین کوئی منازعت نہ تھی اور اُسکو باوجود دست قدرت میرے ساتھ بجز شفقت اور حال نہ پایا جاتا تھا اور مین بھی بادشاہ کی نظر مین ایسا خوار و ذلیل نہ تھا کہ اُسکی حشمت پر سبقت لیجاتا لیکن جو بات کہ مین نے سُنی تھی اُس سے بادشاہ کو آگاہ کیا اور بادشاہ نے بھی اُسکے آثار بچشم خود مشاہدہ کیے

ع تقرب بضم را بتشدید نزدیکی جستن

ع حضار بضم حا و تشدید ضاد جمع حاضر

اور مجھپر واجب تھا کہ جسمین خیر خواہی بادشاہ کی ہو اُسے ظاہر کر دون تا بار نمک
میری گردن پر نہ رہجاوے اور جو کچھ مین نے بیان کیا بادشاہ نے خود اُسے تحقیق
کیا اور صدق سخن میرا براہان قاطع سے ملاحظہ کرکے اپنی راے کے موافق کام کیا
اور وہ شخص کہ شنزبہ کی اس خیانت مین شریک تھے اُنھین اندیشہ پیدا ہوا
ہی کہ مبادا یون ہی ہمارا بھی راز تحقیق کرکے بیان کردے تو قباحت ہو
سو وہ تقدم بالحفظ بچاؤ کا کرتے ہین اور بلاشک جب تک میرے دم مین
دم ہی امر خیر خواہی مین دریغ نہ کرونگا کہ حق نمک میری گردن پر ہی گو اسمین
جان جائے یا رہے اب انصاف اسکا بادشاہ کے ہاتھ ہی اور الحق مقرر یہ بات بھی
سچ ہی اس صورت مین کب مین کسی کو بھلا معلوم ہونگا بیت جس جس سے راست بولا
وہ مجھسے کج ہوا ہی ÷ خاموش رہ ہمیشہ سچ بولنا برا ہی ÷ اور مین یہ جانتا تھا کہ
اہل نفاق میرے قتل پر اتفاق کرینگے پر مجھے یہ یقین نہ تھا کہ مکافات خیر خواہی
اور نتیجہ خدمت گزاری یہ ہوگا کہ میری بقا بادشاہ کو متردد اور رنجور رکھے گی جبکہ
دمنہ نے یہ بات یہان تک پہونچائی اور شام قریب آئی بادشاہ نے حکم دیا کہ دمنہ کو
دار القضا مین سپرد کرو تا قاضی اسکا حال دریافت کرے کہ احکام سیاست مین
جب تک شرائط شرعی تمام نہونگے کچھ حکم نہ کیا جائیگا دمنہ نے کہا کہ کون حاکم
راست کار بادشاہ سے زیادہ ہی اور کون قاضی عادل شہریار سے بالاتر ہی
الحمد للہ کہ ضمیر منیر بادشاہ آئینہ ہی باصفا بلکہ جام ہی جہان نما کہ
صورت حال ہر ملازم و رعایا کی اُسمین ہویدا ہی رباعی سودا رباعی

ایوان عدالت مین تمھارے یا شاہ	ہی ظلم کو کیا دخل عیاذاً باللہ
شیشے کا اگر طاق سے ٹوٹے ہی پاؤن	پتھر سے نکلتی ہی صدا بسم اللہ

اور یہ یقین اتنا جانتا ہون کہ کشف شبہات اور رفع حجاب مین کوئی چیز برابر فراست

عدالت

بادشاہ جمجاہ کے نہین ہی اگر خود شہریار بنفس نفیس رائے جہان آراکو قاضی میرے حال کا فرمائے تو کذب اور صدق میرا مانند صبح صادق کے روشن ہوجائے جیسا کہ حافظؒ نے فرمایا بیت

عرض حاجت در حریم حضرتت محتاج نیست	راز کس مخفی نماند بر فروغ رائے تو

شیر نے کہا کہ ای دمنہ اندیشہ نہ کر کہ اس مہم مین جستجوے تمام کی جائیگی اور تحقیق اس کام کی اس طرح پر کہ زیادتی اس سے متصور نہ ہو عمل مین آئے گی نظم

جدا کرینگے ہم اس طرح حق و باطل کو	کہ جیسے دودھ سے مکھن نکال لیتے ہین
نکال لیتے ہین جس طرح عطر پھولون سے	ہر ایک بات کا ہم جی نکال لیتے ہین

دمنہ نے کہا کہ مین بیگناہی کے سبب مبالغے مین زیادہ اہتمام کرتا ہون اور یہ بھی جانتا ہون کہ اس تحقیق سے اخلاص میرا زیادہ تر ظاہر ہوگا اگر مین اس کام مین گنہگار ہوتا تو حاضر درگاہ شہریار نہ رہتا اور فرار اختیار کرتا بلکہ فسیروا فی الارض پڑھکر اور اقلیم کی راہ لیتا کہ ملک خدا تنگ نہین اور پاؤن بندے کا لنگ نہین ہی شیر کی مان نے کہا کہ ای دمنہ تیرا مبالغہ دغدغے سے خالی نہین ہی مگر تو زیرکی سے چاہتا ہی کہ آپ کو بیگناہ کر دکھائے ولیکن اگر کوئی اچھی طرح دریافت کریگا تو اس مضیق سے خلاصی پانا تیرا فکر محال اور سودائے باطل ہی دمنہ نے کہا کہ میرے دشمن ہشیار رہین امیدوار ہون کہ میرا کام ایسے امین کو سپرد ہو کہ غرض اور شبہے سے پاک ہو اور جو کچھ کہ راست براست ہو حضور مین باریابان بادشاہی کے عرض کیا کرے اور بادشاہ عالیجاہ بعد استماع بمشورہ اپنی رائے جہان آرا کے کہ آئینہ جہان نما ہی حکم فرمائے تا مین بجرو شبہے کے مارا نہ جاؤن اور شہریار روز جزا خون ناحق مین مبتلائے بازخواست سلطان حقیقی نہو اور یہ مطلع مؤلف کا میرے حال کے موافق ہی بیت غم نہین اسکا مجھے مین مرگیا ✣ غم یہ ہی قاتل کا خنجر بھر گیا ✣

شیر نے کہا کہ مین نے اپنی دانست مین کسی حکم مین راہ عدل سے انحراف نہین کیا ہی اور اب بھی ممکن ہی کہ سوائے راہ عدالت اور طرف قدم نرکھون اگر پاک ہی تو بیباک رہ اگر یہ خیانت تجھسے

ع [illegible] زمین مین ١٢

صادر ہوئی ہی تو وہ جزا کہ اس گناہ کے سزادار ہی تیرے کنارہ مین رکھی جائیگی بموجب اس مصرع کے
مصرع در مزرع دہر انچہ کاری دروے ٭ دمنہ نے کہا کہ اس خیانت سے مجھے کچھ اندیشہ نہین
کہ مین بادشاہ کی حق شناسی سے بہت مطمئن ہون کہ اپنے انصاف عالم آراسے مجھے محروم
نہ رکھیگا کہ اللہ تعالی نے تجھے داد گستری کے لیے پیدا کیا ہی اتنے مین ایک حاضران محفل سے
بولا کہ جو کچھ دمنہ کہتا ہی نہ بروجہ تعظیم بادشاہی ہی بلکہ ان کلمات فریب آمیز سے چاہتا ہی کہ
اس بلا کو اپنے سر سے دفع کرے دمنہ نے کہا کون ہی مجھسے سوا میرے اوپر مشفق ترا ور کون ہی
میری مخلصی مین میرے غمین مجھسے مہربان تراور جو کوئی کہ اپنی ذات کے کام مین بیچارہ ہوگا اور
کے کیا کام آئیگا بیت ہو سکا جب نہ تجھسے اپنا کام ٭ کر سکیگا تو کیا پرایا کام ٭ اور یہ
بات تیری دلیل ہی قصور فہم اور وفور جہل پر کہ عین گفتگو مین بادشاہ کے لقمہ دیتا کہ جسکی راے
جہان آرا نے لشکر ہاے گران کو اپنی فکر سے مقہور کیا ہی اور فقط غور تامل ضمیر منیر سے عالم
کو عدل وداد سے معمور کیا وہ محتاج تم ایسون کا کب ہی لاکن تم سب نے کہ جو ہوا خواہ
شنزبہ کے تھے اور جو ارادہ کہ کیا تھا وہ اقبال شاہی کے سبب سے مٹ گیا اسکے اندیشے
مین تم سب یہان تک فتنہ آرا اور از خود رفتہ ہو کہ آداب صحبت سلطانی بھول گئے سچ
اور جو چاہتے ہو سو کہتے ہو والا راے بادشاہ کی بموجب اس بیت کے دلیل روشن ہی
بیت جو کام تیری عقل سے ہو ایک آن مین ٭ وہ عمر بھر نہ ہوسکے سارے جہان مین ٭
سیاہ گوش نے کہا اس مکر زبان آوری سے چاہیے تو کہ زبان کو خیر خواہون کی پند سے
بند کرے یہ ممکن نہین ہی دمنہ نے کہا کہ سچ ہی وقت پند کا ہی بشرطیکہ محل قبول مین پڑے
اور ہنگام مثل کا ہی اگر سمع خرد پسند کرنے مادر شیر نے کہا کہ اے غدار ہنوز امیدوار ہی
کہ اس مکر سے آپ کو رہائی دے دمنہ نے کہا کہ اگر کوئی نیکی کو بدی کے ساتھ مقابلہ
کرے خیر کی پاداش شر مقرر کرے تو مجبوری ہی والا وہ کام مین نے مقرر کیا ہی
اور وہ عہد وامانت ووفاداری بجا لایا ہون کہ اُسے بادشاہ کا دل خوب جانتا ہی

بعد اسکے کوئی خائن دلیری نہ کر سکے گا اور اگر عوض اس وفا کے ستم میرے حق مین تجویز کرینگے تو مضرت اُسکی بالا بالا نہ جائیگی کہ منتقم حقیقی موجود ہے اور اگر میرے کام مین بہ تحقیق تعجیل کرینگے تو آخر کار پشیمانی حاصل ہوگی اور روز جزا بدلا بھی اُسکا پائینگے بموجب بیت کام مین جس نے شتابی کی ہے ✤ عقل کی اُسنے خرابی کی ہے ✤ اور جسنے کہ شتابی کی فضیلت شکیبائی سے محروم رہا اور اُسے وہ پہونچے گا جو اُس عورت شتابکار کو پہونچا جبکہ شیر نے یہ نکتہ سُنا پوچھا کہ یہ ماجرا کیونکر تھا **حکایت** دمنہ نے کہا کہ شہر کشمیر مین ایک سوداگر تھا کہ مال ومتاع فراوان کا مالک اور ایک زوجہ رکھتا تھا ماہ رو و مشکین مو کہ چشم فلک نے ایسا آفتاب نہ دیکھا تھا اور نہ سماعت مین دہر کے ایسا ماہتاب آیا تھا **بیت** رخے چون گل وآب گل ریختہ ✤ میان لاغر وسینہ انگیختہ ہمسائے مین اس سوداگر کے ایک نقاش تھا چرب دستی مین انگشت نمائے جہان اور نقشبندی مین دلپذیر اہل زمان تھا القصہ اُسکی جورو مین اور نقاش مین تعشق بہم پہونچا چشم جوان جذبہ شوق وصال مین مانند زاہدان تمام شب بیدار اور بسان ابر نیسان اشکبار رہتی تھی اور زن بازرگان کا بھی یہی حال تھا یہانتک کہ جذبہ عشق نے جانبین سے کشش بلا واسطۂ ودلالہ ایسی کی کہ بایکدیگر ملاقات بہم پہونچی اور راہ آمد وشد کی غبار اغیار سے صاف ہوئی ایک دن اُس عورت نے نقاش سے کہا تو ہمیشہ تشریف لاتا ہے اور گاہے آواز اور گاہے سنگ اندازی کرتا ہے یہ روش غدغے سے خالی نہین ہے لازم صناعی یہ ہے کہ کوئی صورت ایسی کرنی چاہیئے کہ جس مین اندیشہ بدنامی کا برطرف ہو اور بلا خوف رقیب ملاقات ہوا کرے نقاش نے بموجب ایمائے یار دلنواز ایک چادر سیاہ طیار کی اور اُس مین بوٹیان سفید بطور ماہتاب کے چھوڑ دین اور کہا کہ جس وقت میرے بالا خانے پر یہ علامت نظر آئے تو اپنا دروازہ کھول دینا غرض یہی رائے مستقیم فیما بین

قرار پائی جس وقت کہ یہ دونوں آپس میں وعدہ کرتے تھے غلام نقاش پس دیوار یہ حکایت سُنتا تھا اس لیے بزرگون نے کہا ہی بیت لب نکشائی اگرت ہوش ہست * کز پس دیوار بسے گوش ہست * چند روز اسی طرح سے آمد و شد نقاش کی زن سوداگر کے پاس جاری رہی ایک دن نقاش کسی کام کو گیا تھا غلام نے دختر نقاش سے کہا کہ مین چاہتا ہون کہ اس چادر کے نقش و نگار دیکھون کہ کس طرح کے ہین دختر نقاش اُس شعبدہ سے غافل تھی اس لیے چادر غلام کے حوالے کی غلام نے وہ چادر بالا خانے سے دکھائی اُس نے دروازہ کھولدیا یہ نقاش کی وضع تھا کے اُسکے پاس چلا آیا وہ اشتیاق مین محو تھی اور اُس سیاہی شب مین کچھ تمیز نہ کی اور شیطان نے پردہ غفلت ہوش و حواس پر زن بدکار کے ڈالدیا کہ بلا تامل اُسکو آغوش تمنا مین کھینچا اور غایت شوق سے فرق درمیان یار اور غیر کے نہ کیا لباس تلبیس سے مانند ابلیس کے مراد اپنی حاصل کی اور بعد فراغت کار روانہ ہوا قضارا نقاش اُسی دم باہر سے گھر مین آیا اور چادر دوش پر ڈال کے اور بالا خانے سے دکھا کر روانہ خانۂ یار ہوا جبکہ اس زن نے دیکھا کہ یہ ابھی گیا تھا اور ابھی پھر آیا کہا اے یار کیا چیز باعث ہوئی کہ تو خلاف عادت ابھی گیا تھا اور پھر ابھی تشریف لایا نقاش سمجھا کہ یہ کلام اسکا خالی سبب سے نہین ہی کچھ بہانہ کر کے فوراً وہان سے خالی پھرا اور اپنی بیٹی سے آکر پوچھا کہ یہ چادر کوئی کیا مانگ کر تجھسے لے گیا تھا اُسنے کہا کوئی غیر نہین لے گیا تھا مگر اس غلام نے تمھارے آنے سے پہلے مجھسے کہا کہ مین نے اس چادر کو نہین دیکھا ہی کہ کیسے نقش و نگار ہین مین نے غلام کو معتبر سمجھکر حوالہ کی تھی یہ بالا خانے پر لے گیا پھر تھوڑی دیر کے بعد دے گیا نقاش نے غلام کو تعزیر معقول دی اور چادر کو جلا دیا اُسکے بعد جوش غیرت سے صحبت ترک کی اور کہا کہ اگر مین مرتکب حرام کا نہ ہوتا تو کیون اِس بے غیرتی مین مبتلا ہوتا پس اگر وہ عورت جلدی نہ کرتی اور یار و غیر مین

بتامل غور کر لیتی تو محبوب کی صحبت سے کیون محروم رہتی مگر یہ شوخی شتابکاری کی تھی
کہ رنج فراق مین مبتلا ہوئی **بیت** چون نہال شتاب بنشانی ٭ بر دہد میوۂ پشیمانی ٭
یہ مثل اسواسطے عرض کی مین نے کہ تا بادشاہ عالم پناہ اس بے برگ و بینوا کے حق مین
تعجیل نہ فرمائے اور یہ بات کہ جو مین نے عرض کی خوف جان کے باعث سے نہین ہے
بلکہ منشاء اسکا یہ ہے تا بادشاہ روز جزا پیش قاضی قضا میرے خون ناحق سے معرض
بازخواست مین نہ پڑے و الا موت ایک خواب ہے تا مرغوب اور آسائش ہے
خوب اسلوب ہر چند نفس خواہان اس شربت کا نہین لیکن ساقی اجل خواہی نخواہی
یہ جرعہ ہر ذی حیات کے حلق سے نیچے اُتاریگا اور خلعت کفن کہ خیاط قضا نے
ہر ذی حیات کی قامت پر قطع کر رکھا ہے ہر طرح سے پہنایا جائے گا پھر ایسے امر
ناگزیر سے عاقل کو خوف کیا ہے بلکہ شادی کی جا ہے کہ منصب شہادت مقبولون
کے واسطے مقرر ہے مگر حق نمک سے دور ہے کہ ولی نعمت کو اپنی بہبود کے واسطے رنج
بیہودہ مین ڈالون اور اطلاع نہ کرون اس لیے عرض کرتا ہون کہ شتربہ غدار کو کہ اسکے
اطوار خود بادشاہ نے مشاہدہ کیے تھے قتل کر کے اس قدر رنج اُٹھایا اگر میرے کام مین
جلدی ہوئی تو بادشاہ اپنی غیرت عدالت سے بہت رنج اُٹھائیگا کہ ایسے رفیق ناصح کو
عبث مارا اور اگر کوئی کار سرکار میرے قتل پر منحصر ہو مین بطیب خاطر سے قتل ہونا قبول
کرون اور سعادت دوجہانی سمجھون مگر ایسا بندہ کہ کفایت مہمات کے لائق ہو اور ایسا
چاکر کہ محل اعتبار اور سزاوار تربیت ہو کمتر ہاتھ آتا ہے **بیت** سالہا باید کہ تا یک سنگ
اصلی ز آفتاب ٭ لعل گردد در بدخشان یا عقیق اندر یمن **بیت** سالہا گوشۂ عالم مین بسر
ہوتے ہین ٭ بار ور تب کہین میوون کے شجر ہوتے ہین ٭ مادر شیر نے دیکھا کہ دمدمہ دمنہ کا
بادشاہ کے دل مین اثر کرنے لگا اور چرب زبانی اور شیرین بیانی اُسکی اُس قضیے سے غافل
کرنے لگی مُنھ شیر کی طرف پھیرا اور کہا کہ اے فرزند تیری خاموشی اسپر گواہ ہے کہ سخن ا دمنہ کے

دروغ ہین اور دروغ دمنہ کا سچ ہی اگر یہی ذہن اور ذکا اور فہم تیرا ہی تو سخن راست تجھپر
آخر نہ کریگا اور ہذیانات اور فریب دمنہ کا تجھے از خود رفتہ بنائیگا **بیت** نوائے بلبلت
آخر کجا پسند افتد * چو گوش ہوش بمرغان ہرزہ گو داری * **ایضاً ہندی** زرغے عندلیب
کے سچ ہی وہ کیا سجھتے ہین * چند زغان کنان کو جو نغمہ سرا سجھتے ہین * یہ کہکہ باشفتگی تمام
اٹھ گیے شیرنے کہا کہ دمنہ کو مسلسل کرکے قاضی کے پاس لیجاؤ کہ تفحص و تحقیق قرار واقعی
کرے شب کو مادر شیر پسر خلوت شیرین آئی اور بولی کہ ای فرزند مین ہمیشہ بو العجبی دمنہ کی سنتی تھی
اب مجھپر ثابت ہوا کہ یہ شخص اعجوبۂ زمان اور نادرۂ دوران ہی اگر ایسا شخص مجال سخن پائے
اور بادشاہ اندک جہلت کو کام فرمائے تو یہ ہزار تگ و پو سے آپ کو بچائے اور کذابیان اپنی
بہتر صدق و صفا سے کر دکھائے صریح اُسنے ایسے رفیق کو ناحق تیرے ہاتھ سے قتل کروایا
اور چرب زبانی سے آپ کو کیسا پاک و صاف بناتا ہی بہتر یہی ہی کہ اسے جلد قتل کرے اسکا
قتل بھی موجب راحت خلایق اور امن و امان سلطنت ہی **مصرعہ** تعجیل نکو نیست مگر
در عمل خیر * **بیت** کیا خوب یہ مصراع ہی دیوان ازل مین * تعجیل نہین خوب مگر نیک عمل
مین * شیرنے کہا کہ کام مقربون کا حسد ہی اور منازعت اور پیشہ ارکان دولت کا
اکثر بدسگالی اور مناقشہ ہی یہ رباعی حسب حال اس گروہ کے ہی **رباعی** ابنای ماما
مایۂ شور و شر اند * انباشتۂ نفاق و عین ضرر اند * مانند قطار شتر این فرقہ ددون *
با یکدگر اند و در پے یکدگر اند * خصوصاً جو کہ ہنر زیادہ رکھتا ہی اُسکے دشمن زیادہ تر
ہوتے ہین بلکہ بے ہنر کا دشمن کوئی کم ہوتا ہی ممکن ہی کہ حاسدون نے اُسکے دفع
کرنے پر اتفاق کیا ہو مادر شیرنے کہا کہ ایسا حسد ہر ایک کو نہین ہوتا ہی کہ حسد
سے کسی کا قتل گوارا کرے شیرنے کہا کہ یہ خیال نہ کیجیے حسد وہ آتش ہی کہ
جس وقت شعلہ اسکا بلند ہوتا ہی تر و خشک جلا ڈالتا ہی کیا قصہ اُن تینون
حاسدون کا آپ نے نہین سُنا ہی مادر شیرنے پوچھا کہ یہ قصہ کیونکر تھا

حکایت شیر نے کہا کہ تین شخص باکدیگر ہمراہ ہوکر روانہ سفر ہوے وہ جو سب
مین بڑا تھا اُسنے ان دونون سے کہا کہ تم نے کیا سمجھکر سفر اختیار کیا ہی کہ مشقت
سفر کی بہت ہوتی ہی ایک نے جواب دیا کہ جس جگہہ مین تھا وہان ایسی نیک
صورتین لوگون کے واسطے پیدا ہوتی تھین کہ مین آتش حسد مین جلا جاتا تھا اور
متحمل دیکھنے کا نہوسکتا تھا اس لیے سفر کیا کہ نادیدنی دیکھنے مین نہ آئے دوسرے
نے کہا کہ یہی رنج میرا بھی دامنگیر ہوا اس سبب سے ترک وطن اختیار کیا اُس
تیسرے نے کہا کہ تم دونون میرے ہمدرد ہو مین بھی مبتلا اسی بلا کا ہون **بیت**
کس طرح تو ہی بتا یہ جو رمین دیکھا کرون ❊ ساقیا سب بادہ کش ہون اور مین دیکھا
کرون ❊ یہ تینون حاسد باہم چلے جاتے تھے کہ ناگاہ اثناے راہ مین ایک بدرہ
پُرزر دیکھا تینون نے اُسے اُٹھا لیا اور کہا کہ آؤ باہم تقسیم کرین اور وطن کو پھر چلین
اور چندے **عیش** بہ فراغت کرین اس گفتگو مین تینون کی رگ حسد جوش مین آئی ہر ایک
راضی اسپر تھا کہ دوسرے کو حصہ نہ ملے یہی خیال تینون کے دل مین جاگزین تھا کہ مین ہی
تنہا اسے لون اسلیے متحیر تھے نہ یہ ہمت کہ باہم تقسیم کرین اور نہ راہ مین چھوڑ سکتے
تھے ایک شبانہ روز بے آب و دانہ اُس صحرا مین بدرہ زر کے پاس بیٹھے رہے اور
منازعت کرتے تھے اور فیصلہ قرار نہ پاتا تھا دوسرے روز بادشاہ اُس دیار کا
شکار کو نکلا اتفاقاً گذر بادشاہ کا اسی جگہہ ہوا اُن تینون کو صحرا مین بیٹھا دیکھا
حال پوچھا تینون نے سچ سچ بیان کر دیا کہ ہم تین شخص حسد مجسم ہین اور اسی
سبب سے وطن سے نکلے تھے اور یہان بھی وہی قصہ پیش آیا چاہتے تھے کوئی
حکم معقول ہوتا کہ ہم تین مین فیصلہ کرتا اب الحمد للہ کہ اب وہ میسر ہوا
بادشاہ نے کہا کہ تم تینون صفت اپنے اپنے حسد کی بیان کرو تا تمھارے
حسد کے فراخور تقسیم بدرے کی کیجاوے ایک نے کہا کہ حسد میرا اس مرتبہ پر ہی

بعض زیادہ باشند بر آنند
کشند ۱۲
مجسم جسم کردہ شدہ ۱۲

کہ نہین چاہتا ہون کہ کسی پر احسان کرون کہ وہ خوش وقت اور مرفہ الحال ہو جاوے
دوسرے نے کہا تو بہت نیکبخت ہی اور حسد سے تجھے کچھ بہرہ نہین ہی مین وہ حاسد ہون
کہ نہین چاہتا ہون کہ کوئی اور بھی دوسرے پر احسان کرے تیسرے نے کہا کہ تم دونون
اس حال مین بے بہرہ ہو مین نہین چاہتا ہون کہ مجھپر بھی کوئی احسان کرے بلکہ تمام احسان
کا جہان مین باقی نہ رہے بادشاہ نے انگشت تحیر کو دانتون مین دابا اور کہا کہ تمھاری گفتار
سے تمھارا کردار ظاہر ہوتا ہی اسکے بعد ہر ایک کو اُسکے اظہار کے موافق سزا دی یعنی
پہلے کو جو کچھ پاس اُسکے تھا چھین لیا اور سر و پا برہنہ اُس صحرا مین چھوڑ دیا اور دوسرے
کے قتل کا حکم دیا اور تیسرے کو حکم دیا کہ انواع عقوبت تا مدت دراز تھوڑا تھوڑا عذاب
اسیر یہان تک بڑھاؤ اور تعذیب کیے جاؤ کہ مرغ روح اُسکا چنگال باز ملک الموت
مین گرفتار ہو جاوے **نظم** آنکہ نیکوئی نخواہد باکسے ٭ نیکوی باوے نباید خواستن ٭
ہر نہالے کان ندارد میوہ ٭ از تبرش بایدش پیراستن ٭ **رباعی** آن درد کہ
درمان نہ پذیرد حسد است ٭ آئین حسد قاعدۂ دیو و ددست ٭ گوینہ حسود خصم
مردم باشد ٭ گر نیک تامل بکنی خصم خود است ٭ سچ یہ ہی کہ کوئی رنج حسد سے زیادہ
نہین ہی اسواسطے کہ حاسد ہمیشہ شادی مردم سے غمناک رہیگا اور راحت غیر سے
دردناک اور یہ مثل اس لیے بیان کی ہی تا معلوم ہو کہ حسد بلاے بد ہی کہ حاسد کو رتبہ
خسر الدنیا والآخرۃ نصیب ہوتا ہی اور مین گمان کرتا ہون کہ قصہ دمنہ کا حاسدونکے
دغدغے سے خالی نہین ہی ماور شیر نے کہا کہ مین حاضران درگاہ کا شیوۂ حسد نہین دیکھتی
ہون بلکہ ایک پر بھی فہم میرا ایسا گمان نہین کرتا ہی تا بکجا رسد اور اتفاق سب کا اسبات پر
محض خیر خواہی بادشاہی کی ہی اوّل یہ کہ سب کو تردد ہی کہ شنزبہ سا بزرگ خیر خواہ اس حاسد
نے بے سبب وجہت قتل کروایا اب زیادہ تر اندیشناک ہین کہ باوجود ایسے گناہ عظیم کے پھر
دمنہ مقبول بادشاہ رہا تو اب ہمارا کسی کا گذارا اسکے ہاتھ سے نہ ہوگا بلکہ غالب یہ ہی

کہ دفعۃً جمیع ارکان دولت اور رعیت اور کسی اقلیم کی راہ لینی فقط بادشاہ اور دمنہ رہجائین ای فرزندمین دیکھتی ہون کہ دمنہ وہ بلائے بیدرمان ہی کہ جس نے سلطنت کو برہم کیا ہی تو بھی تجھے ہوش نہین آتا ہی دیکھ اب بھی اس بیحیا کے قتل مین تعجیل کر ورالا پریشانی کے سوا کچھ سود نہ بخشے گا شیر نے کہا مین اس کام مین شک رکھتا ہون اور یہ خوف کرتا ہون کہ مبادا اورونکی منفعت کے واسطے میری مضرت نہو جائے یعنی خوشنودی خلایق کے واسطے کہین خشونت خالق مین مبتلا نہون جیساکہ کار شنزبہ مین تعجیل کی اور ہنوز اُسکی پشیمانی نہین ہوئی ہی اب بہتر یہ ہی کہ تا اس امر مین تحقیق واقعی ہووے بلکہ جب تک خود اپنی رائے کو گواہ دمنہ کے گناہ کا نہ کرون تب تک خونریزی کا حکم نہ دون یہ بات شیر اور مادر شیر مین تمام ہوئی مگر مطلب ناتمام رہا اور ہر ایک اپنی خوابگاہ کو گیا اور دمنہ کو زندان مین لیجاکر طوق و زنجیر مین کیا کلیلہ سوز برادری و آشنائی سے زندان مین آیا جبکہ نظر دمنہ پر پڑی زار زار رویا اور کہا ای برادر کیونکر تجھے اس بلا مین گرفتار دیکھ سکونگا اور لذت زندگانی اب کیا باقی رہی دمنہ رویا اور کہا کہ ای برادر دلنواز مجھے یہ بند گران اور محنت زندان چندان گران نہین ہی مگر رنج یہ ہی کہ تجھسے شفیق غمخوار کے بغیر کیونکر بسر کرونگا کہ جدائی ایکدم کی موت سے صعب تر نظر آتی ہی کلیلہ نے کہا کہ ای دمنہ یہ روز مجھے اول دن سے معلوم تھا اسی واسطے تجھے سمجھاتا تھا اور ہرچند پند دیتا تھا سود مند نہوتی تھی کہ تجھے اپنی رائے ضعیف و سست پر اعتماد تھا لیکن آخر وہی ظہور مین آیا کہ جو مین نے اول کہا تھا اور اگر مبادا مین موعظت مین تقصیر کرتا تو آج مین بھی تیری خیانت مین شریک ہوتا ای غافل کس کس سرزنش اور شفقت دل سے سمجھایا تجھے کہ علما نے کہا ہی کہ تمام اور ساعی قبل از اجل مارا جاتا ہی اور وہ کیا چیز تھی کہ جس نے ناکردنی پر تجھے دلیر کیا تھا کہ ہرگز میری نصیحت نہ سُنی باوجودیکہ تو خوب جانتا تھا کہ مین محض شفقت سے کہتا ہون نہ نفسانیت سے اور یہ حال میرے نزدیک بدتر مرگ سے ہی بیت چنین کہ ہست ولت راز غصہ

فرسودن ✤ ہزار بار بہ از بودنست تا بودن ✤ دمنہ نے کہا کہ اى برادر جو کچھ کہ حق شفقت تھا کہا تو نے اور جو کہ شرط نصیحت تھی بجا لایا تو مگر حرص مال اور تمنائے جاہ نے میری رائے کو ضعیف کر ڈالا اور تیری نصیحت دلپر اثر نہ کرتی تھی باوجودیکہ تیرے فرمانے کو سچ اور درست جانتا تھا اور مضرت اس کام کی بھی میری نظر مین تھی لاکن غلبہ حرص سے برعکس چلا مین جیسا کہ بیمار جانتا ہی کہ خلاف مین حکم طبیب کے رنج اُٹھاؤنگا لاکن ذائقہ زبان اُسے بے عقل کر ڈالتا ہی بس وہی حال میرا ہوا اب جو رنج کہ پیش آئے ہین اُسکا سزاوار ہون اور جو شکایت کرون وہ شکایت اپنے ہی نفس کی ہی از ماست کہ بر ماست اور یہ بیت حسبحال میرے ہی **بیت** من نالہ زبیگانہ ندارم کہ دلم را ✤ ہر غم کہ رسید است ہم از خویش رسید است ✤ کلیلہ نے کہا کہ مرد عاقل وہ ہی کہ کام کے آغاز مین انجام پر نظر رکھے تا اُس کام کے کرنے سے پشیانی اور کہنے سے پریشانی حاصل نہو کہ وہ پشیمانی اور پریشانی سوائے شماتت اعدا اور ملالت احبا اور فائدہ نہین دیتی ہی بموجب **بیت** کام مین کی جو پہلے نادانی ✤ پھر ہی بیفائدہ پشیمانی ✤ دمنہ نے کہا کہ اى برادر بے دشمن ہونا صفت مردم دون ہمت کی ہی اور امنی سے گذران کرنا اور خوش جینا کام سفلہ بے حرمت کا ہی اور جو کہ عالی ہمت ہوتا ہی دل اُسکا ایک دم رنجکش اور فکر ہای دور و دراز سے خالی نہین رہتا ہی کلیلہ نے کہا کہ دولت فانی اور جاہ بے اعتبار کے واسطے رنج گوارا کرنا کام حریص خام بے طمع کا ہی **بیت** از سرا بستان دولت میوۂ شادی مجوے ✤ زانکہ کمتر میوۂ زین انقلاب عالم است ✤ لازم تھا کہ مال اور جاہ کے واسطے آپ کو چاہ بلا مین نہ ڈالتا اور نہال حسد و بغض کو چمن سینہ مین نہ سُلجھاتا تو آج ذائقہ میوہ بلا و نکبت کیون چکھتا دمنہ نے کہا کہ اى برادر شفیق جو کچھ مجھسے صادر ہوا دیدہ و دانستہ تھا نہ از راہ سہو اور جو تخم بلا کہ مین نے بویا تھا سو آج وہی کاٹنا پڑا ہی بموجب **بیت** زنکی نیک بینی وز بدی بد ✤ زجو جو روید و گندم زگندم ✤

یعنی زہر گیاہ کو بو یا تھا اسلیے مہر گیاہ کی توقع نہین رکھتا ہون اب کام ہاتھ سے اور
ہاتھ کام سے جا چکا ہی انگشت تدبیر سے گرۂ تقدیر کھلنا محال ہی اور مین اپنی خطا پر دانا
اور عیب پر بینا ہون کیا کرون کہ راے صواب اندیش کو حسد نے مغلوب کر دیا مین ایسا
نہ جانتا تھا اور زبان آرائی پر مجھے دعوی تھا مصرعہ کہ عشق آسان نمود اول ولے
افتاد مشکلہا ٭ اب ایسا معلوم ہوتا ہی کہ میری کشتی حیات گرداب ہلاکت مین غرق
ہونے والی ہی اور آفتاب بقا مغرب فنا مین غروب ہوگا لیکن تا مقدور اپنی خلاصی
مین دریغ نہ کرونگا پر اندیشہ اسکا اب زیادہ ہی کہ تو میرے شہرۂ دوستی مین گواہی
کے واسطے گرفتار نہ ہو اور اگر عیاذاً باللہ تجھے عقوبت کرین تو جو راز میرا تجھے معلوم ہی
صاف کہدینا اور اپنے آپ کو مورد بلا نہ کرنا والا رنج میرا دوبالا ہو جائیگا اور چھوٹنا میرا
تو ممکن نہین ہی دوسری ندامت یہ ہو کہ میرے سبب سے تو گرفتار عذاب ہو اور راستی
وصفائی تیری عالم پر روشن ہی اسکے خلاف نہ کرنا کسواسطے کہ ملاقات میری اور
تیری قیامت پر گئی کلیلہ نے کہا کہ تو جانتا ہی کہ مین متحمل عذاب کا نہوسکونگا اور جو کچھ جانتا
ہون پوشیدہ نہ کرونگا اور کسی طرح اور کسی کے واسطے دروغ نہین کہنے کا لیکن بہتر یہ ہی
پہلے اس سے کہ تجھسے پوچھین تو آپ راست براست کہدے کہ رنج دنیا کا آسان ہی ایکدم
مین ختم ہو جاتا ہی بلکہ قصاص مین نکال آخرت سے پاک ہو جائیگا دمنہ نے کہا کہ مین
دل مین یہی غور کرتا ہون مگر جو کچھ مشورہ دل کا ہوگا اُسے عمل مین لاؤنگا کلیلہ رنجور
اور پُر غم اور با چشم نم پھرا اور بستر غم پر گرا اور تمام شب کرب خاطر سے مانند مار سر دُم
بریدہ پیچتاب کھاتا رہا اور آخر شب مین راہی ملک بقا ہوا اس عرصے مین کہ بیچ
کلیلہ اور دمنہ کے گفتگو تھی ایک درندہ اُسی مجلس مین مقید تھا جبکہ آنکھ کھلی اور
گفتگو ان دونون کی سُنی پھر نہ سویا اور اُنکی تمام حکایت من اولہا الی آخرہ سنتا رہا
دوسرے دن کہ شیر زرین چنگ بیشۂ بیشار رنگ مین نمایان ہوا بادشاہ نے

بیدار ہوکے دمنہ اور قاضی اور تمام ارکان دولت کو بُلایا اور مجلس آراستہ کی
اور شیر نے حدیث دمنہ کو تازہ کیا اور کہا کہ زندہ چھوڑنا ستمگارون کا بسبب گاردن
کے قتل کرنے کے برابر ہی اور نیکی کرنا بدون سے ستم نیکون پر کرنا ہی بیت نکوئی با بدان
کردن چنان است چہ کر بد کردن بجائے نیکمردان ؛ اور جو کوئی کہ باوجود قدرت قاہر کو
زندہ چھوڑے گا یا ظالم کی مدد کریگا جور و ظلم مین شریک اُسکا ہوگا وہ سخت سزا پائیگا
شیر نے قضات کو الزام دیا کہ کار دمنہ مین تاخیر کیون کرتے ہو جو کچھ خیانت یا دیانت ثابت
ہوئی ہو بیان کیون نہین کرتے ہو اُس وقت کہ قضات اور اشراف خاص و عام مجمع عام
مین تھے وکیل قاضی نے حاضران مجلس کی طرف مُنھ کیا اور کہا کہ بادشاہ کو تحقیق حال دمنہ
مین مبالغہ تام ہی اور فرماتا ہی کہ تا مہم دمنہ اختتام نہ پائیگی اور کام نہ کرونگا اور دمنہ
کا حال اس طرح تحقیق کیا جائے کہ شرع کے موافق ہوا ور مقتضائے عقل سے بھی دور نہو
اور شائبہ نفسانیت اُس مین شامل ہونے پائے اب لازم ہی کہ جو کچھ حق معلوم ہو
ہر ایک بیان کرے کہ اس ضمن مین فائدے بہت سے متصور ہین ایک یہ کہ حق کی یاری
کرنا علم راستی بلند کرنا ہی دوسرے آئین مروت اور فتوت دین کو جاری کرنا اور
بنائے ظلم کو گرانا اور اساس ستم کو منہدم کرنا اور خائن کو گوشمالی دینا موافق
رضائے خالق اور ملائم طبائع خلائق ہی تیسرے رستگاری پانا ارباب مکر و فساد
سے ایمن رہنا اصحاب عناد سے حاصل ہوتا ہی جب کہ وکیل قاضی نے یہ بات تمام
کی اور منتظر جواب کا ہوا سب حضار محفل خاموش ہوگئے اور کسی نے جواب
کچھ نہ دیا کس لیے کہ دمنہ کی حقیقت مفصل کسی کو معلوم نہ تھی قیاس سے جانتے
تھے اس واسطے اندیشہ کرتے تھے کہ اگر ہم کچھ کہین اور بادشاہ اُسکے قتل کا
حکم دے تو ہم مبادا خون ناحق مین ماخوذ ہون جبکہ دمنہ نے سب کا یہ حال
دیکھا دل اُسکا مانند نسیم بہار تازہ اور مانند گل نو شگفتہ ہوا اور کہا

که اے اکابر دین و دولت آگاه هو که مین بیگناه هون اگر مجرم هوتا تو مقابلے مین
اتنے عالی منزلتون کے که اسوقت کلهم اجمعین میرے قتل پر ناحق کمر باندھے هین
هوش بر جا نه رکھتا بلکه یاراے کلام باقی نه رهتا لیکن چونکه پاک هون اس لیے
بیباک هون اور تمهین سب کو قسم دیتا هون که جو میرے قضیے سے آگاهی رکھتا هو
راست براست بیان کردے اور رعایت میری نه کرے مگر نفسانیت کو بھی دخل
نه دے کیونکه اوّل تو راے شهریار آئینه حق نما هے که حق کو باطل سے جدا
کر ڈالیگی دوسرے الله تعالی که سمیع و بصیر هے اُسنے بھی هر عمل کے واسطے جزا اور شر کی
سزا مقرر رکھی هے اگر آج میرے واسطے بتقاضاے نفس بدی چاهیگا کل روز جزا مین
کیا کرے گا اور بادشاه عالم پناه اُسکی نفسانیت پر اپنے ضمیر منیر پر مطلع هوگا تو بھی خالی
سزا سے نه چھوڑیگا اب لازم هے که بے شائبه ظن و تخمین بلکه ازروے صدق و یقین شهادت
ادا کرے اور اظهار حق مین مطلق دریغ نه فرمائے اور اگر کوئی ازروے حسد مجکو معرض تلف
مین ڈالے گا اُسے وه پهونچے گا جو اُس طبیب بے علم و عمل کو پهونچا وکیل قاضی نے پوچھا که وه
کیونکر تھا **حکایت** دمنه نے کها کهتے هین که ایک مرد بے سرمایه دانش اور بے پیرایه تجربه
نے دعوی طبابت کیا نه علم طبابت کا رکھتا تھا نه بصیرت حکمت اور دوا کے پهچاننے مین
تھی یهان تک جاهل تھا که جوز هندا اور درمنه ترکی مین فرق نه کرتا تھا اور تشخیص امراض
مین اس مرتبه بیگانه تھا که رمد اور نقرس مین امتیاز نه رکھتا تھا اور دوا کے بنانے مین
خیسانده اور جوشانده کو جدا نه جانتا تھا اور نسخه لکھنے کی کیفیت اور ترکیب غذا و
شربت سے مطلق آگاه نه تھا **بیت** بدعلاجے که هر که نسخه او + دید دیگر ندید روے
حیات + چنانچه سودا کے یه اشعار اسی بزرگ کی شان مین موزون هوے هین
ابیات صاحب بخش کو بتایا کٹول + واسطے هیضے کے لکھا اسپغول + لکھدیا
مجنون کو شیر شتر + کها مستسقی کو جا فصد کر + جسکو یه سمجھا که اسے هو صرع +

کہنے لگا دو اِسے مار القرع ۔ تھا متوطن وہ شقی روم کا ۔ بستی مین رکھتا تھا اثر بوم کا
شکل تھی شیطان کی درویش نام ۔ پیچ ہے ہلاکو کے تھا قائم مقام ۔ اُس شہر مین کہ
اُس شخص نے دکان جہالت کھولی تھی اور شہرہ مردم کشی بلند کیا تھا ایک اور طبیب
تھا نہایت ہنر سے آراستہ کہ دم اُسکا مانند دم عیسیٰ جانبخش اور قدم اُسکا مثل حضرت
خضر کے فرح بخش تھا چونکہ عادت روزگار غدار کی ہمیشہ سے یون ہی کہ ہنرمندون کو
اپنے دسترخوان سے سوائے نوالہ محنت اور لقمہ نہین دیتا ہی اور بے ہنرون کی امداد
مین دریغ نہین کرتا ہی اتفاق یہ ہوا کہ مرد باہنر کی جب کہ روشنائی چشم جاتی رہی
گوشہ کاشانہ مین جا بیٹھا اسکے بعد اس جاہل کی دوکان طبابت زیادہ تر چمکی **بیت**
پری نہفتہ رخ و دیو در کرشمہ و ناز ۔ بسوخت عقل زحیرت کہ اینچہ بوالعجبی ست ۔
اندک فرصت مین اُسکی شہرت کا ذکر بہ زبان عوام پر جاری ہوئی اور اُس شہر کے شہریار
کی ایک بیٹی تھی کہ مطلع حسن سے ایسے آفتاب نے کبھی طلوع نہین کیا تھا اور عطر فروش
صبا نے اُسکی زلف مشکبار کی طرح اور نافہ کبھی نہین کھولا تھا اُسکو اپنے برادرزادے
سے تزویج کیا تھا بہ مجرد نکاح ہونے کے وہ حمل سے ہوئی اور بعد انقضائے مدت حمل وقت
وضع کے ایک مرض مہلک حادث ہوا اور قریب بہ ہلاکت پہونچی طبیب دانا کو بادشاہ نے
طلب کیا اور حقیقت حال بیان کی حکیم حاذق نے خوب تشخیص کرکے یہ تجویز کیا کہ اسکی دوا
سوائے مہران کے اور نہین ہی وہ چار رتی مشک خالص اور دارچینی سے باہم ملا کے شربت
تبرزد مین آمیختہ کرکے بیمار کو کھلا دو انشاء اللہ تعالیٰ فی الحال صحت کامل ہو گی پوچھا کہ اے
طبیب وہ دوا کہان ملیگی اُسنے کہا مین نے شفاخانہ بادشاہی مین دیکھا ہی کہ سیم خام کے ڈبیے
مین رکھی ہی اور اُسپر زر سرخ کا قفل دیا ہی اب نابینائی کے سبب مین مجبور ہون کوئی اس پتے
سے کہ جو بتایا مین نے دیا ہی ڈھونڈھ لائے اس حال مین وہ طبیب جاہل آیا اور کہا کہ یہ خاص
کام میرا ہی اور ترکیب اُسکے بنانے کی مین خوب جانتا ہون آخر وہ شفاخانے مین

لغ حاذق بذال معجمہ زیرک و استاد در کار ۱۲
مع [illegible] ۱۲

آیا اُسی طرح کے ڈبے کو ڈھونڈھتا تھا اور اُس طرح کے ڈبے بہت تھے متحیر ہوا کہ کیا کرون
آخر ایک ڈبا رجماً بالغیب ہاتھون مین لیکر باہر آیا قضارا اُس ڈبے مین زہر ہلاہل تھا
اور اُس کمبخت جاہل کو مہران اور زہر ہلاہل مین کچھ تمیز نہ تھی زہر کو نکال کے اور اجزاے
تمکور کے ساتھ ملا کے شاہزادی کو دیا گلے سے اُترتے ہی شہزادی ہلاک ہو گئی
بادشاہزادے نے اپنا سر زمین پر دے ٹپکا اور حد سے زیادہ غم کیا اور اُسی رنج مین کہا
کہ بقیہ اُس دوا کا اُس طبیب بے حیا کو کھلا دو کھانے کے ساتھ وہ بھی سرد ہو گیا اور
باداش عمل نا ملائم کی فی الحال پائی **بیت** نیکو مثل است اینکہ ہر کس بد کرد ۔
بد باد گرے نکرد ہم با خود کرد ۔ یہ مثل اس لیے لایا ہون مین کہ معلوم ہو کہ جو کام کہ کوئی
جہالت سے کرتا ہی انجام اُسکا ناپسندیدہ ہوتا ہی اور جو کام کہ گمان اور شبہہ سے کیا جاتا
ہی متضمن خطرہاے کلی کا ہوتا ہی ایک حاضران مجلس سے بولا کہ اے دمنہ یہ بات
بیان کی محتاج نہین ہی کہ تیرا خبث باطن خواص پر ظاہر اور ناپاکی تیری طینت
کی سب عوام پر روشن ہی قاضی نے کہا کہ یہ بات کہان سے کہی تونے اور اُسکے واسطے
حجت اور دلیل کیا ہی اُسنے کہا کہ حکماے قیافہ شناس نے لکھا ہی کہ جو کشادہ ابرو ہو اُسکی
بائین آنکھ سے داہنی آنکھ چھوٹی ہو دائم اختلاج یعنی پھڑکتی ہوا ور بینی اُسکی جانب چپ کو
مائل ہوا اور اکثر اُسکی نظر زمین کی طرف رہتی ہو یعنی تل نظر ہو تو اُسکی ذات نا مبارک مجمع فساد
اور مکر اور منبع فجور و غدر ہوتی ہی اور وہ علامتین سب اسمین موجود ہین دمنہ
نے جواب دیا کہ احکام الٰہی مین دخل سہو و خطا کا نہین ہی **بیت**

غلط و سہو بر من و تو روا است	بر جہان آفرین غلط کردد

یہ علامت کہ بیان کی تونے اگر دلیل صدق اور برہان حق ہو سکتی ہی تو عالم
نے گواہ اور سوگند سے رستگاری پائی اور حاجت قاضی اور مرافعہ اور
محاکمہ کی کچھ باقی نرہی پس اسکے سوا نیک کی ثنا اور بد کی مذمت کرنا چاہیے

کیونکہ اس علامت سے یا اسکے بالعکس سے کوئی شخص خالی نہین اور اسکا دفع از خود
کوئی نہین کرسکتا ہی پس چاہیے کہ اس حکم پر پاداش اسباب شرکی اور جزا اہل خیر کی
جاری رہے اور چاہیے کہ احکام شرع صفحۂ عالم سے محو ہو جائین اور مین نے نعوذ باللہ
اگر یہ گناہ بھی کیا ہوتا تو ہر آئینہ بے جرم ہوتا کہ دفع اسکا میرے امکان سے باہر تھا
اور تقدیر الٰہی پر کسی کو مواخذہ نہین پہونچتا ہی بموجب بیت مکن دراین چمنم سرزنش
بخودروئی ❖ چنانکہ پرورشم مید ہند میرویم ❖ اب چاہیے کہ مین بقول تیرے اس
بند بلا سے کہ برہان جہل ونادانی ہی رستگاری پاؤن والا ایسا کلام بھی حضور مین
بادشاہ کے اور محفل فضلا اور امرا مین کہنا لائق نہین ہی بیت سخن سے حال کھلتا ہی بشر کا
مثل ہی تانت باجی راگ بوجھا ❖ جب دمنہ نے ایسا جواب دیا سب حاضران مجلس نے
مہر سکوت لب پر رکھی اور اسکے بعد کسی نے دم نہ مارا قاضی نے حکم دیا کہ دمنہ کو پھر زندان
مین لیجاؤ جبکہ دمنہ مجلس مین آیا تو ایک بوزینہ دوست کلیلہ کا اُس راہ سے گذرا
اُسے بلاکے کہا کہ کل خبر کلیلہ کی کچھ نہین پائی ہی بوزینہ نے آہ سرد کھینچی اور رو دیا دمنہ نے
گھبراکر پوچھا کہ اے بوزینہ سچ کہہ کیفیت حال کیا ہی اُسے کہا کہ اے دمنہ کیا مین کہون
کہ وہ یار وفادار تیرے غم مین اپنا بار سر منزل فنا سے اُٹھاکے دار بقا کو لے گیا اور داغ
فراق مصاحبون اور ہمدمون کو دے گیا اور مطلع گویا کا پڑھا مطلع اُٹھ گیا یار اکیا
باعث ❖ ہاے مین مر نہ گیا کیا باعث ❖ جبکہ کلیلہ کے مرنے کی خبر دمنہ نے سُنی بیہوش ہو گیا بعد
ساعت کے ہوش مین آیا بانالۂ جانکاہ چلّایا اور زار زار روتا تھا اور یہ اشعار پڑھتا تھا
نظم خون میشود ز دیدہ روان وامصیبتا ❖ سری زند ز سینہ فغان وامصیبتا ❖
اقلیدس زبان وارسطوے عہد رفت ❖ زین کہنہ عالم گذران وامصیبتا ❖
درعین فصل گل بہ گلستان عشرتم ❖ ناگہ وزید باد خزان وامصیبتا ❖ بگذشت
از جہان وبدلہا گذاشت داغ ❖ جان جہان وحید زمان وامصیبتا ❖ اور بھی

یہ شعر مولف کا تکرار کرتا تھا بیت عدم مین قافلہ یارون کا آہ جا پہونچا* بسان نقش قدم ہم ہین واپسینون مین * جبکہ دمنہ نے زاری حد کو پہونچائی یوزینہ نے نصیحت آغاز کی کہ اے دمنہ جان تو کہ طغرا نویس ازل نے نام بقاے جاودانی کسی آفریدہ کے نامۂ زندگانی پر رقم نہین کیا ہے اور نقاش موجودات نے نقش حیات صفحات ممکنات پر سوائے رقم کُلُّ شَیۡءٍ هَالِكٌ اِلَّا وَجۡهَهٗ ثبت نہین فرمایا ہے اور خیاط کارخانۂ عدم نے جامۂ وجود کا بغیر رشتۂ عدم نہین سیا ہے اور فراش قدرت نے شمع زندگانی کو بے شمول تند باد آفت اجل روشن نہین کیا ہے اے دمنہ گلستان عمر کسی کا باد خزان مرگ سے محفوظ نہ رہے گا یہ شربت وہ ہے کہ سب کو پینا ہوگا اور یہ وہ محنت ہے کہ بار اسکا ہر ایک کو اُٹھانا پڑے گا مرہم اس زخم کا سوائے صبر کے بنایا نہین ہے اور نسخہ اس مرض کا بجز شکیبائی کے نہین تحریر کیا ہے بیت صبوری ضرورست کین درد دل را * بغیر از صبوری علاجے نباشد * اور یہ مصرع گویا کا واسطے تسکین کے کافی ہے مصرع ہے یہ وہ درد کہ جسکا کبھی درمان نہوا * اے دمنہ خیال ماضی سے درگذر اور بموجب شعر مؤلف کے فکر مستقبل کر بیت صبر کر اے دل ابھی روتا ہے کیا * آگے آگے دیکھ تو ہوتا ہے کیا * دمنہ نے ان باتون سے فی الجملہ تسکین پائی اور کہا کہ اس جزع مین حق میری طرف ہے کلیلہ سا دوست مشفق اور ناصح مہربان کہ مین ہر حادثے مین پناہ اُسکی طرف لیجاتا تھا اور ہر مہم مین نصیحت اُسکی پشت پناہ میری تھی اور جو کچھ کہ نقد اسرار عالم غیب السموات نے اُسکے خزینۂ دل مین امانت رکھا تھا آسمان کو اُسپر ہرگز اطلاع نہ تھی اور جاسوس زمانہ ہمیشہ اُس کی اطلاع سے محروم تھا افسوس کہ ایسے دمساز نے میرے سر سے سایہ اُٹھا لیا اور گوشۂ کاشانۂ دُنیا مین مجھے بے رفیق و مونس محروم چھوڑ گیا اب میری زندگانی بدتر از مرگ ہے گو مین درنیولا بتلائے

مغز ابغض ... بعد ... فرمایا ... سند ...

... بعد درد دلکا ...

بلاے عظیم ہون پر اُسکی زندگانی تک مطلق کسی بات سے نہ ڈرتا تھا بلکہ یقینی جانتا
تھا کہ اُسکی راے صواب اندیش ایک آن مین مشکلکشا میری ہوگی واحسرتا کہ اب سواے
مرگ کوئی چارہ باقی نہ رہا یہ کہا اور رویا اور یہ شعر گویا کا پڑھا بیت خاک مین
اُسکے ملانے کے لیے گردش مین تھا ۔ مرگیا اب وہ تو ساکن آسمان ہو جائیگا ۔ بوزینہ
نے کہا کہ اے دمنہ سچ ہے کلیلہ ایسا تھا لیکن زمانہ خالی نہین رہتا ہے بیت غم مخور گرزین
چمن شاخ گلے پژمردہ شد ۔ روے نسرین تازہ ہست وجعد سنبل تابدار ۔ دمنہ نے کہا
درست ہے تیری ذات بھی تدارک ہر خلل کا اور دفع ہر ضرر کا کر سکتی ہے اور آج سے
تو بجاے کلیلہ برادر میرا ہے اور ہاتھ لا کہ عقد مواخات تجھسے باندھون آخر دونون نے
عہد و پیمان برادری محکم کیا دمنہ نے کہا کہ اے برادر جب تک کہ مین قید ہون تو اتنی
تکلیف کر کہ شبانہ روز دولت خانہ شاہی پر حاضر رہا کر اور میرے باب مین جو گفتگو سُنے
اُس سے مجھکو آگاہی دیا کر بوزینہ نے دمنہ کے کہنے کے موافق عمل کیا دوسرے دن مادر
شیر آئی حیرانی اور پریشانی شیر کی دیکھکر مضطر ہوئی اور دل مین کہا کہ اگر زیادہ غصہ
کرتی ہون تو شیر برہم ہوتا ہے اور اگر سستی کرتی ہون تو دمنہ بچا جاتا ہے اور قضیہ
مہمل رہتا ہے یہ سمجھکر اتنا کہا کہ مجھے کیا کام ہے کہ بادشاہ کے مقدمات مین دخل دون
جیسا جانے ویسا کرے ہر کوئی اپنی مصلحت خوب جانتا ہے یہ سُنکر شیر نے کہا کہ اے مادر
مہربان اہل نصیحت کو لازم ہے کہ بلا اندیشہ بات کہنے کی کہین اور تیری بات کہ میرے
نزدیک بلا شائبہ نفسانیت سے مبرا ہے پھر جو کچھ لائق بیان کے ہے اُسے کیون
نہین فرماتی ہے مادر شیر نے کہا کہ بادشاہ راست دروغ مین فرق نہین کرتا
ہے اور منفعت اپنی مضرت سے جدا کرنا نہین جانتا ہے اور اگر دمنہ نے
فرصت پائی تو وہ فتنہ اُٹھائے گا کہ راے سب کی اُسکے تدارک مین
عاجز ہو جائیگی شیر نے کہا کہ جلد قضات مع دمنہ حاضر ہون جبکہ سب

حاضر ہوے قاضی بولا کہ اے حضار کار دمنہ کے باب مین تم کیا کہتے ہو کسی نے جواب
نہ دیا جبکہ سب خاموش رہے قاضی نے دمنہ سے کہا کہ اگرچہ کوئی اسوقت جواب نہین
دیتا ہی مگر سب کا دل تیرے گناہ پر گواہ اور تیرے قتل پر سب کا اتفاق ہی پس تجھے
اس حال مین کیا لطف زندگانی ہی اب تیری فلاح دارین اسمین ہی کہ اپنے قصور پر
اعتراف کرے اور اس راست گوئی سے عقوبت آخرت سے نجات پائے اور تیری
موت مین بہر نوع دو فائدے ہین ایک یہ کہ اس کاؤن کاؤن سے ہم سب رہائی
پاوینگے اور دوسرے یہ کہ تو عذاب دنیا اور عقاب عقبی سے مخلصی پاتا ہی

زیرکان گویند کاندر مرگ نوعی راحت ست — در بیان این سخن بر خلق منت می نهند
گفته اند آنکس که میرد خالی از دو حال نیست — یا بدی باشد که خلق از جور او کمتر جهند
یا کم آزاری نکوخلقی که خلق روزگار — مهر او ورزند و او را در دل خود جا دهند
گر نکوکار ست زین زندان محنت وارهد — ور بد اندیش ست خلق از محنت او وارهند

تو اے دمنہ اگر اپنے گناہ پر اعتراف کرے تو دو فضیلتین تجھے حاصل ہوتی ہین اور اُسکا
مذکور عالم مین باقی رہیگا ایک یہ کہ اعتراف اپنی خیانت کا نشان ہی حق گوئی اور
جوانمردی کا اور بسبب راستگوئی کے اختیار کرنا ملک بقا کا اور دوسرے یہ کہ شہرۂ فصاحت
زبان آوری اور بلاغت سخن گستری تیرا مشہور ہوگا کہ ایسے جواب دلپذیر اور عذر معقول
تقریر کیے کہ افواہ خاص و عام مین قیامت تک یہ مذکور باقی رہیگا باوجودیکہ سب جانتے
تھے کہ جرم اُسکا بیشک تھا مگر اس طرح کا زبان آور تھا اور ایسے جواب عقلی ہر کسی کو
دیتا تھا کہ مجال کلام باقی نہ رہتی تھی اب یہی بہتر ہی موت نیکنامی کی بدنامی کی
زندگانی سے عزیز تر کہ اُسکا تذکرہ قیام قیامت تک عالم مین قائم رہے اور قصاص
کے باعث عقوبت عقبی سے نجات پائے ورنہ پھر حق حق ہی اگر کوئی پہلو تحقیق کا
نکل آیا تو بادشاہ قصد قصاص کا کریگا اُس وقت یہ نیکنامی بھی باقی نہ رہیگی

بلکہ یہ سب کہینگے کہ اگرچہ فتنہ پردازی مین ہزار نوع سے زبان آوری اور بلند پردازی
کی مگر اہل محفل سلطانی کے کہ ایک ایک حکیم بے بدل تھا کب چھوڑتے تھے آخر مطلب کو کھول ہی
لیا اُسوقت یہ دونون فائدے تیرے ہاتھ سے جاتے رہینگے بہتر یہی ہی کہ جو حق ہی اُسپر
خود اعتراف کر **بیت** مردن کس بہ نیک فرجامی + بہتراززندگی بدنامی **ایضاً**
نیکنامی سے ہی مرنا زندگی سے خوب تر + زلیست بدنامی کی مرجانے سے ہی معیوب تر
دمنہ نے کہا کہ قاضی کو فقط گمان پر بغیر دلیل روشن کے حکم کرنا نہ چاہیے بفحواے اِنَّ
بَعضَ الظَّنِّ اِثمٌ اور اگر تمھین بھی یہی شبہہ پڑا ہی اور طبیعت میرے گناہ پر قرار پکڑتی ہی
تو دیسا فرماؤ لیکن مین اپنے کام مین دلیل بہتر لاتا ہون پس گمان غیر کو کیونکر اپنے یقین پر
غالب کرون اور یہ بات نہ بطریق فتویٰ درست ہی اور نہ بقاعدہ تقوی کہ بمجرد گمان کے
خون شنزبہ مجھپر ثابت کرتے ہو اور اعتقاد فاسد کو میرے حق مین جائز رکھتے ہو پس
جو مین اپنے قتل پر بے موجب راضی ہون تو کس تاویل سے اللہ تعالیٰ کے نزدیک
کہ مالک ذات کل موجودات کا ہی عہدہ خطاب وَلَاتُلقُوا بِاَیدِیکُم اِلَی التَّهلُکَۃِ سے
بچون اور ظاہر ہی کہ ہر ایک کا حق اُس پر غیر کی ذات سے زیادہ تر ہی پھر بھلا
کس طرح بدخواہ اپنے نفس کا بے جرم وخطا ہون اے قاضی اس بات سے درگذر
لازم حق شناسی یہ ہی کہ حاکم شرع بغور تمام حق و باطل مین امتیاز کرے اور حرف
لغو اور حکم بیجا سے احتراز کرے نہ بے ثبوت قصور حکم دے بیٹھے اور تو تو ہمیشہ راستگو
اور عادل تھا اب میرے ضعف طالع سے اس حادثے مین طریق احتیاط کو کنارے
رکھکر ارباب غرض کے گمان پر دیدہ راے کو بند غفلت سے بند کرتا ہی بقول گویا
نظم سحاب ہی تو بہر نوع مزرع عالم + ہوا ہی برق جفا کیون ہمارے خرمن کو +
ہر ایک سر کو ہی ظل ہما ترا سایہ + بنا ہی تیغ بلا کیون ہماری گردن کو + قاضی کو کہ
محکمہ دانش مین قبالہ ہنر پروری توقیع احکام سے مسجل رکھتا ہی یون چاہیے

حقیق بعض گمان گناہ ہی
بدرستیکہ بعض گمان گناہ ہے ۱۲
نزدیک اللہ کے
اپنے ہاتھون ہلاکت کی طرف
نہ ڈالو ۱۲
قضیہ سبحل ۱۲

کہ بغیر اس شہادت کے یقین صافی سے آراستہ ہو حکم نہ دے اور اگر اسکا خیال
نہ رکھے گا تو اُسے وہ پہونچے گا جو اُس بازدار کو پہونچا قاضی نے پوچھا کہ یہ قصہ کیونکر
تھا **حکایت** دمنہ نے کہا بیان کرتے ہین کہ ایک مرزبان تھا دانش و فراست مین
معروف اور حسن صفات سے موصوف اُسکی ایک جورو تھی بحسن آفت جان اور بغمزہ
فتنہ جہان باوصف اس حسن و دلربائی کے عفت اور پارسائی مین بھی بے مثل تھی **نظم**
دیدہ فروبستہ ز کار جہان ؛ گشتہ پس پردۂ عفت نہان ؛ آئینہ نادیدہ جمالش ز دور ؛
بودز ہمراہی سایہ نفور ؛ **لمؤلفہ بیت** نگاہ اُسکی قدم پر تھی حیا سے ؛ زہے گل
جسکو شرم آئے صبا سے ؛ اور اُس مرزبان کا ایک غلام تھا بہت بیباک اور
ناپاک اُسکی خدمت مین اُس کور نمک مردود کی اُسپر نظر پڑی مرغ دل اُسکا
اُسکے دام عشق مین پھنس گیا اُس غلام نے ہرچند تدبیر وصال عفیفہ کی ہرگز اُسنے
قبول نہ کیا اور کوئی تدبیر کارگر نہوئی **بیت** بروا این دام بر مرغ دگر نہ ؛ کہ عنقا را
بلند ست آشیانہ ؛ جبکہ وہ نمک حرام محروم ہوا بدنفسون کی سیرت کے موافق
چاہا کہ اُسکے حق مین ایسا فتنہ اُٹھائے کہ جان اور حرمت اُسکی برباد ہو جائے
اور اُسکے بعد دو طوطے خرید کرکے اُسنے زبان بلخی مین اُنھین یہ پڑھانا شروع
کیا ایک یہ کہتا تھا مین نے ساربان کو کدبانو کے ساتھ سوتا دیکھا ہے دوسرے
کو سکھایا کہ مین اس مقدمے مین کچھ نہین کہتا ہون ایک دن مرزبان محفل
شراب آراستہ کرکے بہ فراغت مسند نشاط پر بیٹھا تھا بازدار آیا اور دونون
طوطے بطور ہدیے کے نذر گذرانے ان طوطون نے خوش زبانی سے
ترانہ سرائی اور زمزمہ پیرائی شروع کی اور وہی دونون کلمہ تکرار
کرتے تھے مرزبان بلخی نہ سمجھتا تھا مگر مناسب الفاظ اور خوش لحنی سے
اُنکی مسرور ہوتا تھا آخر اپنی عورت کو دونون طوطے سپرد کیے کہ اچھی طرح

رکھے وہ عورت بچاری زبان بلخی سے آگاہ نہ تھی مگر دشمنون کو دوستون کی طرح
پرورش کرتی تھی **بیت** نفس را پرور دم آخر خود شدم رسوا از و ✤ من چہ دانستم
کہ خصم خویش را می پرورم ✤ اور اس قدر مفتون طوطون کی خوش الحانی پر
ہوئی کہ کبھی انکے بغیر بزم شراب مین نہ بیٹھتی تھی القصہ ایک گروہ بخارا بلخ
سے مزربان کے گھر وارد ہوا مزربان نے محفل مہمانی اُنکے واسطے ترتیب دی
اور طوطون کو بھی مزربان نے اُس محفل مین منگوایا اُنھون نے وہی دو کلمے کہنے
شروع کیے مہمان کہ واقف اُس زبان کے تھے بس اُن الفاظون کے سُنتے ہی
متحیر ہوکر سر خجالت سب نے جھکا لیا مزربان نے فراست سے معلوم کیا کہ مہمان منغص
ہوے اور نشاط اُنکی زائل ہوگئی یہ کیا سبب ہی پوچھا کہ سبب اس افسردگی کا
کیا ہی ہرچند اُنھون نے عذر اور حیلے کیے ہرگز مزربان نے نہ سُنے ایک نے
اُن مین سے کہ جرائت و جسارت زیادہ رکھتا تھا کہا کہ اے مزربان یہ طوطی
جو کہتے ہین تو نہین سمجھتا ہی مزربان نے کہا کہ مین ہرگز یہ زبان نہین سمجھتا ہون مگر انکی
خوش الحانی پر البتہ دل دادہ ہون تم مجھے اسکے معنے سے آگاہ کرو **بیت**
من ندیدم گیے سلیمان را ✤ چہ شناسم زبان مرغان را ✤ اُنھون نے طوطون کے معنے
سے مزربان کو آگاہ کیا پس وہ سُنتے ہی متغیر ہوا اور نہایت شرمندہ ہوکر کہا کہ اے
عزیزو مین مطلق اس حال سے آگاہ نہین تھا و الا دانستہ مین یہ رسوائی کیونکر قبول
کرتا بلکہ ہمارے شہر مین یہ رسم ہی کہ جس گھر مین زن بدکار ہو جب تک کہ اُسے قتل
نہ کرلین کھانا نہین کھاتے ہین یہ گفتگو باہم تھی کہ بازدار نے کہا کہ مین نے بارہا یہ
حال اپنی آنکھ سے دیکھا ہی مگر مارے خوف کے زبان پر نہین لایا مزربان ازخود رفتہ
ہوگیا اور حکم دیا کہ جلد اُسے قتل کرین جبکہ عورت کو خبر پہونچی اُس نے پیغام
بھیجا کہ اے مرد اگر میری ہلاکت پسند کرے خواہ بقا تجھے اختیار ہی لیکن

اس کام کو خوب تحقیق کرلے تعجیل نہ فرما کہ میرا قتل ہر دم تیرے اختیار مین ہی مگر
ارباب خرد ہر کام مین خصوصًا مقدمۂ خون مین تامل واجب جانتے ہین اسیواسطے
کہ اگر وہ شخص لائق خونریزی کے ہی تو فرصت باقی ہی اور عیاذًا باللہ اگر تعجیل کی اور بےگناہ
قتل ہوا اور پھر معلوم ہوا کہ مقتول بے گناہ تھا پھر اُسکا تدارک دائرۂ امکان سے باہر
ہو جائیگا اور اُسکا وبال ابدالآباد تک باقی رہیگا بیت بے تامل مکوش در آزار
تا پریشان نگردی آخر کار ٭ مرزبان نے اُسکو مجلس کے نزدیک بلاکے پیش پردہ
بٹھایا اور بازدار کا حال اور طوطون کا حال اُس سے کہا کہ یہ طوطا انسان کی جنس سے
نہین ہین کہ انکی بات غرض نفسانی پر محمول ہو جو کچھ اُنھون نے دیکھا ہی سو کہتے ہین اور
بازدار بھی اُنھین کے موافق گواہی دیتا ہی اور یہ ایسا جرم نہین ہی کہ زبان آوری
اُسکی عذر بن سکے عورت نے کہا کہ میرا تدارک ازجملہ فرائض فرض ہی مگر جسوقت تحقیق
اُسکی بواقعی ہو پھر ایک دم بھی تامل میرے قتل مین نہ کرنا مرزبان نے کہا کیونکر تحقیق
اُسکی ہو عورت نے کہا مردم بلخی سے پوچھو کہ یہ طوطے سواے ان دو کلمون کے اور
بھی الفاظ سے آشنا ہین اگر ان کلمون کے سوا اور بات نہین جانتے ہین تو جانیو
کہ اس بیچیانے کہ مراد جسکی مجھ سے حاصل نہوئی خباثت نفس سے یہ دو کلمہ اِنکو سکھائے
ہین تا میرے قتل سے دل شاد کرے اور اگر اور بھی کلمات بلخی یہ طوطے جانتے ہین تو
خون میرا تجھپر حلال ہی اور زیست میری تجھپر حرام ہی مرزبان نے احتیاطًا تین دن
مہمانون سے تفتیش کی طوطے سواے ان دو کلمہ کے اور کچھ زبان پر نہ لائے جبکہ یہ یقین
معلوم ہوا کہ وہ عورت اس گناہ سے پاک ہی اُسکے قتل سے درگذرا اور بازدار کو بلوایا
بازدار بشوخی تمام بازہاتھ مین لے کر بامید انعام حاضر ہوا عورت نے کہا کہ ای غدار ستمگار
کیا تو نے دیکھا تھا کہ مرتکب مین اس گناہ کی ہوئی تھی بازدار نے کہا ہان پھر وہ بلی کہنے کو بازنے جست
کرکے بازدار کی آنکھ نکال لی عورت نے کہا کہ جو کوئی نادیدہ گواہی دے اُسکی یہی سزا ہوتی

ہی الحمد للہ کہ اللہ تعالیٰ نے جزا اس تہمت کی بواقعی دی بیت برکندہ بہ آن چشم کہ بد بین
باشد ✤ بد بین ہمہ جا ور خور نفرین باشد ✤ لمؤلفہ بیت بُرا اُسکا ہوا جنے کسی کا کچھ بُرا
چاہا ✤ ہمیشہ دیکھتے رہتے ہین ہم گردش بین گردون کو ✤ پس یہ مثل اس لیے لایا ہون
کہ تا معلوم ہو کہ تہمت پر دلیری کرنا اور نا دیدہ گواہی دینا مخرب دین اور فضیحت کنندہ
آخرت ہوتا ہی جب کہ کلام دمنہ کا تمام ہوا واقع نگار نے خبر من وعن لکھکر شیر کو
گذرانی مادر شیر نے کہا کہ ای برخوردار اہتمام میرا دمنہ کے کام مین اس لیے زیادہ ہی
کہ یہ ملعون آگاہ ہو چکا ہی کہ بادشاہ کو مجھ سے بدگمانی ہی اگر اب کی مخلصی پائی تو
مقرر کام تیرا تمام اور حال رعیت اور حضار محفل کا ایسا خراب کریگا کہ چارہ جسکا نہو سکیگا
کیونکہ طبیعت بد سے سوائے فعل بد کے اور کچھ سرزد نہین ہوتا ہی قطعہ زبوم شوم توقع
مدار مین ہمائے ✤ طمع مبند کہ گنجشک کار باز کند ✤ چنین کہ پایۂ مفسد بلند شد چہ عجب ✤
کہ دست فتنہ زہر جانبے دراز کند ✤ اس بات نے شیر کے دل مین تاثیر بخشی اور کہا کہ
ای مادر سچ بتا اگر قصہ دمنہ کا کسی ہتین سے سُنا ہی تو سچ ارشاد کر کہ تا مین فکر دور دراز سے
نجات پاؤن اور قتل دمنہ مین تاخیر نہ کرون کہ مقدمۂ خون مین کوئی حیلہ شرعی ضرور چاہیے
مادر شیر نے کہا کہ ای فرزند کسی نے جو مجھپر اعتماد کر کے راز اپنا سپرد کیا ہو اظہار اُسکا شرع
و مروت مین حرام ہی اور جو چیز کسی نے امانت سونپی ہو اُسکی محافظت اوصاف سے
ارباب کرم کے ہی مگر آج مین اُس شخص سے اجازت لیتی ہون اُسکے بعد مفصل بیان
کر دونگی شیر نے کہا کہ اچھا مادر شیر نے اپنے مکان پر آکر پلنگ کو بُلوایا اور نہایت
تکریم کر کے کہا کہ بادشاہ جو تمھارے ساتھ سلوک کرتا ہی اور ضرورت اور عزت
تمھاری منظور نظر رکھتا ہی اُسکا ادائے شکر تم پر واجب ہی تا وعدہ لئن شکرتم
لازیدنکم سے لطف شاہی روز بروز تم پر زیادہ ہو پلنگ نے عرض کیا کہ ای ملکہ
نوازش شاہانہ اور مرحمت خسروانہ شہریار روزگار رجو حق مین اس خاکسار کے ہی

پوشیدہ نہین اب ارشاد فرما کہ شکر اُسکے انعام کا کونسی خدمت سے ادا ہوا ور سپاس اُسکے انعام واکرام کا اگر ہزار درجہ مین سے ایک درجہ بھی ادا ہو تو مین سرفرازی کو نین سمجھون **بیت** تو فرض کن کہ چو سوسن ہمہ زبان گردم ✢ کجا ز عہدۂ احسان آن شوم آزاد ✢ بلکہ اپنی دانست مین ہمیشہ میدان ہوا داری کو قدم شکر گذاری سے طی کیا ہی مین نے اور اب جو کچھ ملکہ فرمائے اُسے بھی بجان و دل بجا لاؤن **بیت** نبیادنہادۂ چو مردان ✢ آنرا بکرم تمام گردان ✢ اور عرب کا قول ہی دما لا انعام الا بالتمام مادر شیر نے کہا کہ بادشاہ نے اول اپنا حال دل تجھسے کہا تھا اور تو نے وعدہ کیا تھا کہ شنزبہ کے انتقام لینے مین دشمن غدار سے تا مقدور کوتاہی نہ کرونگا اب اس وعدے کو وفا کیا چاہیے سو یہ صلاح ہی کہ شیر کی خدمت مین میرے ساتھ چل اور جو کچھ کلیلہ اور دمنہ سے سُنا یا دیکھا ہی مشروعًا بیان کرتا ولی نعمت تیرا اس رنج سے رہائی پائے اور وہ غدار مارا جاے نہین تو قریب ہی کہ وہ مفسد اپنی زبان آوری سے آپ کو بیخبر ٹھہراکر رہائی پاوے اس تقدیر پر کوئی اُسکے شر سے پھر امین نرہیگا بلکہ ایک ایک کو قتل کرو ائیگا اور اندک فرصت مین افسانہاے مکرآمیز سے سب امرا و رفضلا کو ذائقہ ہلاکت چکھائیگا خصوصًا جنھون نے کہ اُسکے قتل و قید مین سعی کی ہی انکو ہزار مکر و فریب کی بلا مین ڈالے گا پلنگ نے کہا کہ اے ملکہ اس راز کے چھپانے سے غرض یہ تھی کہ تا بادشاہ مکر اور حیلے سے اس غدار کے پہلے کچھ مطلع ہوئے تو بہتر ہی کہ اگر ابتدا اس امر کی مجھ سے ہوا ور بادشاہ کو شبہہ میرے حسد پر آئے تو خوب نہین فلہذا مین سبقت مین قباحت سمجھتا تھا اب کہ نوبت اس درجہ کو پہونچی تو کوئی دقیقہ مین فروگذاشت نہ کرونگا اور اگر ہزار سر میرے ہونگے تو فداے اقدام شہریار کرونگا کہ جو کچھ حق نمک اُسکا میری گردن پر ہی ہزار مین سے ایک بھی ادا نہین کر سکا ہون بھلا ایسی جگہ کب دریغ کرونگا اسکے بعد پلنگ ہمراہ ملکہ کے دربار شہریار مین آیا اور ماجرا کلیلہ اور دمنہ کا جو کچھ سُنا تھا

بطریق گواہی کے قسمیہ عرض کیا اور درندہ دوسرا کہ اسی طرح جسنے زندان مین گفتگو دمنہ اور
کلیلہ کی سُنی تھی بطریق شہادت اُس سے بھی کہوایا شیر نے پوچھا کہ پہلے تونے کیون نہ عرض
کیا پلنگ نے کہا کہ گواہی ایک شخص کی عندالشرع نہین لیکن اور نے جبکہ گواہی دی اور
دوسرا گواہ مین تھا اگر اب کتمان اسکا کرتا تو عنداللہ ماخوذ اور خلاف وَلَا تَکْتُمُوا الشَّهَادَةَ
وَمَنْ يَكْتُمْهَا فَإِنَّهُ آثِمٌ قَلْبُهُ کے ہوتا شیر نے دونون کی اداے شہادت کے بعد حکم سیاست
دمنہ پر واجب جانا اور کہا کہ اُسکو مسلسل او مطوق کرکے زندان عذاب سخت مین رکھکے
ہلاک کرو اسوقت سے آب طعام اُسکا بند کیا حتی کہ کام اس تمام بدانجام کا تمام ہوا آخر شامت
مکر و فریب سے ہلاک ہوا اور دوزخ دنیا سے زندان دوزخ کو پہونچا معلوم ہوا کہ آخر راہ
مکارون کی یہی ہے بیت خلق کی راہ مین جو کوئی بچھائیگا خار + پانون ہو جائینگے آخر کو
اُسی کے افگار + بوئیگا دانہ باروت جو کوئی نادان + پھول کوئی بھی کھلے گا نہ کبھی
غیر شرار + جو عمل جس سے کرے گا وہی آئیگا پیش + غیر نیکی نکرے چاہیے کوئی ہشیار

باب تیسرا دوستون کے منافع اور موافقت مین ہے

راے نے کہا کہ سُنا مین نے اے برہمن قصہ غماز اور مفسد کا کہ عدالت سے بیگناہ کو قتل کرایا
اور اللہ تعالی جل وعلی نے مکافات فساد کی اُسکو بواقعی پہونچائی اب بیان فرمانا معلوم
ہو صورت فائدہ دوستان یکدل و یک جہت کی اور برخوردار ہونا نہال محبت سے اور تدبیر
دشمنان دورویہ کی کہ اپنی رضا دوسرے کی رضا پر مقدم کرتے ہین برہمن نے بعد دعا و ثنار
خسروانہ عرض کیا کہ اے بادشاہ جہان تو خردمندان کامل لذات اور ہنروران ستودہ صفات
کے نزدیک کوئی گرانمایہ وجود دوستان مخلص سے اور کوئی درجہ بلندتر حصول صحبت یاران
خالص سے نہین کہ وقت دولت کے باعث بہجت و شادمانی ہوتے ہین اور زمانہ نکبت مین
مددگار اور غمگسار رہتے ہین قطعہ یار بدست آر کہ بس جیکوست + ہر کہ ورا در جہان یار نیست

اینہمہ نعمت کہ درین عالم ست ہیچ بہ از یار وفادار نیست ❊ اور از جملہ حکایات یاران
یکدل اور دوستان یکرنگ سے کہ جو صفحات تاریخ پر ثبت ہوئی ہین حکایت زاغ اور
موش اور کبوتر اور سنگ پشت اور ہرن کی ہے کہ مثال روشن ہو قصہ شیرین تر ہے راے نے
پوچھا کہ یہ کیونکر تھا حکایت کہا کہتے ہین کہ حوالی کشمیر مین ایک مرغزار دلپذیر تھا کہ اُسکی
نسیم عطر بیز جان تازہ ہر دم پیدا کرتی تھی اور شکار وحوش وطیور کا بھی وہان بہت تھا اور صیاد
اکثر دام شکار وہان لگایا کرتے تھے اور اس جگہہ ایک درخت بزرگ پر زاغ نے آشیانہ بنایا
تھا بہزار نشاط اُسپر بیٹھکر نظارہ گل وریاحین کیا کرتا اور احتیاطاً چپ و راست نظر
رکھتا تھا ایک دن دیکھتا کیا ہے کہ ایک صیاد دام گردن پر اور تبرہ پشت پر اور عصا
ہاتھ مین بتعجیل تمام سے اُسی درخت کی جانب چلا آتا ہے زاغ ڈرا اور دل مین کہا قطعہ
یارب اِس شخص کو ہوا ہے کیا ❊ کہ باین اضطراب آتا ہے ❊ نہین معلوم کچھ سبب اسکا ❊ اسقدر
کیون شتاب آتا ہے ❊ شاید کہ میرے قتل پر اُسنے کمر باندھی ہے احتیاط کرنی لازم ہے اور دیکھا
چاہیے کہ کیا کرتا ہے ع تا چہ بینم کہ چہ از پردہ برون می آید ❊ زاغ بہ گملے درخت مین چھپ کر
دیکھنے لگا اور صیاد نے آتے ہی اُس درخت کے تلے دام بچھاکے چند دانے اُس مین ڈالے اور
آپ کمینگاہ مین جا بیٹھا بعد ایک ساعت کے گروہ کبوترون کا آیا اور سردار اُنکا مطوقہ
نام کہ کمال ذہن وذکا سے آراستہ تھا اور یہ سب کبوتر نہایت انقیاد سے خدمت متابعت
اُسکی بجا لاتے تھے جب کبوترون کی نظر اُس دانے پر پڑی غلبہ اشتہا سے سب بے اختیار
ہوگئے مطوقہ نے منع کیا کہ بیت نزراہ حرص بہ تعجیل سوے دانہ مرو ❊ بہوش باش کہ
دامیست زیر ہر دانہ ❊ کبوترون نے جواب دیا کہ اے سردار کام ہمارا غلبہ اشتہا سے
اضطرار کو پہونچا ہے کہ مجال استماع نصیحت اور ملاحظۂ عاقبت اندیشی باقی نہین رہی
ہے اور بزرگون نے بھی کہا ہے بیت گرسنہ بر بلا دلیر بود ❊ زانکہ از عمر خویش سیر بود ❊
مطوقہ سمجھا کہ حریصان دانہ دام نصیحت مین گرفتار نہونگے اور میری رسن ملامت

انھین چاہ جہالت سے نکال نہ سکیگی مگر جب کیا کیا چاہیئے اسکے بعد مقتضاے قضا نے
تقاضا کیا کہ اور یون خیال مین گذرا کہ ایک عمر انھون نے تیری رفاقت مین بسر کی ہو اسوقت
انھین تنہا چھوڑنا اس مخاطرے مین مروت سے دور ہی آخر زنجیر تقدیر نے اُسے بھی باندھکر
سب کے ساتھ اُس دام مین ڈالا ہنوز وارد نہ اٹھایا تھا کہ صیاد نے دام کھینچا اور سب
گرفتار ہوگئے مطوقہ نے فریاد کی کہ مین نہ کہتا تھا کہ تعجیل ایسے موقع مین شرکت
شیطان سے خالی نہین ہوتی ہو کبوتر شرمندہ اور خاموش ہوے اور صیاد
شادی کنان دوڑا کہ پروبال اُکھاڑکر سب کو لیجائے دیکھتے ہی صیاد کے سب تڑپنے لگے
مطوقہ نے کہا کہ اب جُدا جُدا اپنی کوشش کرنے سے بہتر یہ ہو کہ سب باتفاق ایسی سعی
کرو کہ سب کی رہائی ہو اب تم سب اتفاق کرکے باہم ایک ہی بار جست کرو شاید
کہ قوت جست سے سب کی رہائی کی صورت نکل آئے آخر سب نے جست
کی اور دام اُکھڑا اور سب نے پرواز کی اور ایک جانب کو مع دام چلے زاغ نے
اپنے دل مین کہا کہ اگر مدت مدید آسمان چرخ مارے گا تو بھی ایسا سانحہ عجیب بروے کار
نہ آویگا دیکھا چاہیئے کہ یہ کہان جاتے ہین اور کیا کرتے ہین زاغ اُنکے پیچھے اُڑا اور
صیاد نے بھی دُور تک تعاقب کیا آخر تھک کے رہ گیا اور زاغ بنظر اسکے کہ یہ قصہ عجیب
فائدے سے خالی نہین ہی پیچھے کبوترون کے جاتا تھا **قطعہ** عاقل آنست کہ در تجربہ
نفع و ضرر ٭ از حریفان دگر بہرہ خود بردارد ٭ ہر چہ دانست کزو نفع رسد بستاند ٭
وآنکہ ازوے ضررے فہم کند بگذارد ٭ اور حدیث شریف ہی کہ السعید من وعظ بغیرہ
کبوترون نے مطوقہ سے کہا کہ اب کیا کرین اُسنے کہا کہ بغیر امداد یار وفادار اس مہلکے سے
نجات نہ ملے گی سو وہ ایک موش ہی زیرک نام میرے یارون سے کہ از بس یار وفادار ہی
اسکے سوا اور کوئی مددگاری اس مہلکے مین نہ کریگا اب اُسکے پاس چلیے القصہ جس ویرانے
مین اُسکا مسکن تھا پہونچے مطوقہ نے آواز دی زیرک مطوقہ کی آواز پہچان کر باہر آیا

جبکہ مطوقہ کو گرفتار بند بلا دیکھا زار زار رویا اور کہا کہ اے یار وفادار یہ کیا حال ہے اور تجھسا دانا کیونکر مبتلا ایسے دام بلا کا ہوگیا مطوقہ نے جواب دیا کہ اے مونس رنج وبلا تمام انواع خیر وشر اور اقسام نفع وضر وابستہ احکام قضا و قدر مین اور جو کچھ کہ منشی ارادت نے دیوان خانہ وجود مین قلم مشیت سے صفحۂ احوال مخلوق پر لکھا ہے لابد ہے کہ عرصۂ کون وفساد مین جلوۂ ظہور پائے اور احتراز اور اجتناب کسی کا فائدہ نہ پہونچائے

بیت قلم بہ تلخی وشیرینی ای پسر رفت است ٭ اگر ترش بنشینی قضا چہ غم دارد ٭ اے زیرک مجھے قضائے ربانی اور تقدیر یزدانی نے اس ورطۂ ہلاک مین ڈالا اور مجھے اور میرے یارونکو دانہ دام بنگیا ہر چند مین اُنھین منع کرتا تھا مگر باوجود ممانعت کے دست قدرت نے پردہ غفلت اُنکے دیدۂ بصیرت پر ڈالا اور مین بھی اُن سب کے ساتھ گرفتار بلا ہوا موش نے کہا یہ بہت تعجب کی جگہہ ہے کہ تجھسا دانا گرفتار ہوجائے اور محافظت نہ کرسکے مطوقہ نے کہا کہ اے برادر تو بہ گروہ لوگ کہ مجھسے ہزار درجہ قوت وشوکت و فہم فراست مین بالاتر ہین وہ بھی تقدیر ازلی اور قضائے لم یزلی سے ناچار رہے اور بچ نہین سکے ہین جبکہ حکم نافذ حکم سلسلۂ ارادت کو جنبش دیتا ہے ماہی کو قعر دریا سے اوج ہوا پر لاتا ہے اور مرغ ہوائی کو اوج ہوا سے قعر زمین مین لیجاتا ہے بلکہ کسی آفریدہ کو قضا و قدر سے تسلیم ورضا کے سوا چارہ نہین ہے

بیت گر شود ذرات عالم ہیچ ہیچ ٭ با قضائے ایزدی ہیچ انہ ہیچ ٭ جاننا چاہیے کہ ذرّا تکو جریان حکم قضا مین اور رعیت حقیر کو نفوذ فرمان سلطان عالی شان مین گنجایش چون وچرا کی کسی طرح نہین ہے زیرک نے کہا اے مطوقہ دل خوش رکھ جو لباس خیاط ارادت ایزدی نے اپنے بندون کے قامت پر سیا ہے محض عنایت اور کرامت سمجھا چاہیے اور واقعی بھی یہی ہے کہ کوئی بندہ اپنی حقیقت حال سے آگاہ نہین ہے اور جس چیز نے کہ علم مین اُس کام کے اندراج پایا ہے اُسے کوئی نہین جانتا ہے کہ کیا ہے اسیواسطے حافظ علیہ الرحمۃ نے کہا ہے **بیت** ما بہ وُرد و صاف ترا کار نیست دم مزن ٭ کہ ہرچہ ساقی ما ریخت

عین الطاف ست ٭ اور سچ ہی جب پیش آتا ہی اگر خوب نگاہ کرے تو اُسکی صلاح و
فلاح اِسی مین ہوتی ہی کہ بزرگون نے کہا ہی نوش صفا بے نیش جفا اور گل راحت بے خار
محنت کمتر دیکھا ہی اور یہ قول بہت سچا ہی جبکہ زیرک نے یہ حکایت کہی اور حلقے دام
کے اُس کی گردن سے کاٹنے شروع کیے مطوقہ نے کہا کہ اے مہربان پہلے
یارون کی گردن سے بند کاٹ اُس کے بعد میری طرف متوجہ ہو
زیرک نے التفات اُسکی بات پر نہ کیا اور اپنے کام پر مشغول رہا مطوقہ نے پھر
مبالغہ سے کہا کہ اے زیرک اگر مجھپر احسان کرتا ہی تو اول میرے یارون کے بند کاٹ اور بار
منت میری گردن پر رکھ موش نے کہا کہ اس بات کو مکرر تو نے کہا اور مبالغہ حد کو پہونچا یا
شاید کہ حق دوستی تو نے جاتا ہی مگر حق نفس سے مطلع نہین اور راے بد انفسک تجھے معلوم نہین
ہوا ہی مطوقہ نے کہا کہ مین اس امر مین مجبور ہون کہ ان کبوترون کی پیشانی کا منشور میرے
نام لکھا گیا ہی اور انکے احوال کا تعہد میرے ذمہ رکھا ہی اسلیے کہ یہ رعیت ہین اور مین
اُنکا بادشاہ ہون اگر اسوقت اپنے نفس پر انھین ترجیح نہ دون تو میرا نام دفتر وفاداری
سے نکال دیا جاے اور جو بادشاہ کہ اپنی آسایش طلب کرے اور رعیت کا بند بلا مین پڑنا
گوارا کرے تو تھوڑے دنون مین چشمہ دولت اُسکا تیرہ اور دیدۂ حشمت خیرہ ہوجائیگا موش نے کہا
کہ بادشاہ رعیت مین جسم مین جان ہی اور بدن مین بمنزلہ دل اس لیے ملاحظہ احوال دل
مقدم ہی کہ اگر جان و دل نہو تو بدن بیکار رہتا ہی اور اگر بعض اعضا بدن کے نہون تو
چندان مضرت نہین ہی بیت چاکران کم اگر شوند چہ غم ٭ از سر شہ مباد موے کم ٭ مطوقہ
نے کہا کہ اے یار اس مبالغے سے حاصل یہ ہی کہ مین ڈرتا ہون کہ اگر پہلے میرے حلقے دام کے کاٹے
اور تیری طبیعت گھبرا جائے اور یار میرے پھنسے رہین تو مروت اور وفا سے بہت دور رہ جاؤنگا
اور اگر اور ون کے حلقے پہلے کٹین اور تیری طبیعت ہرچند کلفت ملول بھی کرے تو بھی ممکن نہین
کہ تو میری گرفتاری گوارا کرے موش نے کہا کہ عادت اہل کرم کی یہی ہی اور عمل اہل فتوت کا

یون ہی چاہیے سچ تو یون ہہ کہ اسی خصلت پسندیدہ اور سیرت ستودہ سے اعتقاد خلایق دوستی مین صاف ہہ اور اعتماد رفیقون کا تیرے کرم اور جوانمردی پر حد سے زیادہ ہہ القصہ موش نے پہلے اور ون کے حلقے کاٹ ڈالے اور بعد سب کے مطوقہ کے اور کبوترون نے دعا دے کر پرواز کی اور موش اپنے سوراخ مین گیا زاغ وفاداری اور احسان موش کا معاینہ کرکے کمال مشتاق موش کی دوستی کا ہوا اسکے بعد سوراخ کے پاس جاکر آواز دی موش نے پوچھا کہ تو کون ہہ زاغ نے کہا کہ مین زاغ ہون اور کار ضروری تجھسے رکھتا ہون زیرک کہ اسم بامسمے اور جہاندیدہ تھا گفتگوے دشمن قوی سنکر متحیر و ترسان ہوا اور کہا کہ مجھسے تجھے کیا نسبت اور تجھے مجھ سے کون جنسیت ہہ زاغ نے صورت حال کبوترون کی جو مشاہدہ کی تھی اور وفا اور احسان اسکا جو دیکھا تھا بیان کیا کہ انتہا مروت اور فتوت تیری دیکھ کے معلوم ہوا کہ تیرا ثمرۂ دوستی اور نتیجۂ محبت مشکل وقت کے کار آمدنی ہہ اس لیے میری ہمت کلی مصروف اسبات کی ہہ کہ باقی عمر تیری رفاقت مین بسر کرون موش نے کہا کہ راہ مصاحبت میری اور تیری مسدود اور طریق مواصلت ازل سے ممنوع ہہ **بیت** ببازار تو سودے جز زیان جان نمی بینیم ٭ کہ بعد المشرقین آمد میان ما درین سودا ٭ اس خیال سے درگذر اور جو چیز کہ ہاتھ آنا اسکا کسی وجہ سے نہ ہوسکتا ہو طلب کرنا اسکا ایسا ہہ کہ کشتی کو خشکی مین چلاتا اور گھوڑے کو دریا مین دوڑانا جو شخص کہ جستجو محال کی کرتا ہہ اپنے اوپر عالم کو ہنسواتا ہہ **بیت** این دام بر قصد شکاری دگرے کن ٭ کان صید کہ دیدی بکمند تو نیاید ٭ زاغ نے کہا کہ اے زیرک یہ حرف زبان پر نہ لا کہ ارباب کرم اہل احتیاج کو محروم نہین کرتے ہین اور حوادث زمانہ سے پناہ اس آستانے پر لایا ہون موافق اس بیت حافظ قدس سرہ کے **بیت** جز آستان توام در جہان پناہی نیست ٭ سر مرا بجز این در حوالہ گاہے نیست ٭ اور مین دل سے عہد کر چکا ہون کہ باقی عمر تیری رفاقت مین بسر کرون اور اگر

ص
مساوات تشبیہ
بر دولت تشبیہ
وارث رفیع ہواری
کرد اسد ادالہ

ط
حوالہ گاہ
جا سے حوالہ
بالفتح
پناہ گاہ
۱۴ اکتوبر

ہزار امتحان سے تو میری آزمایش کریگا تو بھی مین ثابت قدم رہونگا **بیت** گر بشمشیر سیاست
بینوازی حاکمی ٭ ور بہ تشریف غلامی مے پذیری بندہ ام ٭ زیرک نے کہا کہ اے زاغ
حیلہ چھوڑ اور فریب سے ہاتھ اُٹھا کہ مین طبیعت تیرے ہی نوع کی خوب جانتا ہون اور
تو میرے ہمجنس نہین ہے کیا نہین سُنا ہے تونے **مصرع** روح را صحبت ناجنس عذابیست الیم ٭
اور مین کسی طرح تجھ سے امین نہین ہو سکتا ہون اور جو کوئی غیر جنس سے مصاحبت کریگا
اُسے وہ پہونچے گا جو اُس کبک کو پہونچا زاغ نے پوچھا کہ یہ حکایت کیونکر ہے **حکایت**
کہا کہتے ہین کہ ایک کبک دری دامن کوہ مین خرامندہ اور غلغلہ اُسکے قہقہے کا گنبد
سپہر مین پیچیدہ تھا قضارا باز شکاری ہوا پر اُڑا جاتا تھا جبکہ باز کی نظر اُسکی خوشخرامی پر
پڑی اور قہقہہ اُسکے کان مین آیا بے اختیار مائل اُس کی مصاحبت کا ہوا اور دل مین کہا
یہ مثل سچ ہے کہ جو کوئی بے یار ہے ہمیشہ بیمار ہے ایسے شخص کی مصاحبت محض راحت اور سراپا
سرور ہے **بیت** کسے کاندرجہان یاری ندارد ٭ درخت عشرتش باری ندارد ٭ یہ
کبک عجب خوش منظر اور شیرین حرکات ہے ایسے شخص کی مصاحبت اور ایسے رفیق
عجائب کی صحبت مین دل نہایت خوش رہیگا اسکے بعد آہستہ آہستہ اُسکی طرف مائل ہوا
کبک نے جب کہ باز کو آتے دیکھا جلد شگاف سنگ مین جا چھپا باز اُس شگاف کے قریب
آیا اور کہا کہ اے کبک کیون چھپتا ہے کہ مین عاشق تیرا ہون کہ جب سے خوشخرامی تیری
دیکھی ہے ہزار جان سے تیرا فدائی ہون لازم ہے کہ مجھسے خوف نہ کر اور اپنی صحبت سے
مجھے مسرور فرما کہ نتیجہ محبت کا منفعت بہت رکھتا ہے اور شجر دوستی ثمر مراد دیتا ہے
بیت نخلیست محبت کہ از و میوۂ مقصود ٭ ہر چند کسے بیش برد بیش بر آید ٭ کبک
نے آواز دی کہ اے مہربان کامگار مجھ بیچارے سے ہاتھ اُٹھالے اور ایک کبک اور
بھی اپنے دل مین کہا یا سمجھ لے یہ کیا خیال ہے اگر آب و آتش بہم آمیختہ ہون اور
سایہ و آفتاب باہم مجتمع ہون تو بھی صحبت میری تیری نہین ہو سکتی ہے

لغات — ناجنس بالفتح ... جا بجا شدن و ... شکاف بالکسر ... نخل ... از درخت خرما ...

ع زین فکر درگذر کہ بجاے نمیرسد ؎ باز نے جواب دیا کہ اے عزیز دل مین سمجھ کہ مجھے مہربانی کے سوا اگر خیال بد ہوتا تو اس لطف سے کیون تیری ملاقات مین مبالغہ کرتا نہ میرے چنگل مین نقصان ہی کہ مین اور کبک کا شکار نہین کر سکتا ہون اور نہ منقار مین میرے کچھ نقور[لغ] ہی کہ اپنے طعمے کے شکار سے عاجز رہون پس وجہ کیا تھی کہ دغا کرتا اگر تمناے موانست وہمنشینی تیری سلسلہ جنبان ہوئی کہ اتنا اصرار کرتا ہون کہ میری صحبت سے تجھے فائدے بہت متصور ہین پہلے یہ کہ تیرے ابناے جنس جب دیکھین گے کہ باز اپنے سایۂ بال حمایت مین اسے پرورش کرتا ہی دست تعدی تجھسے کوتاہ رکھین گے بلکہ دیدہ حرمت سے دیکھینگے دوسرے یہ کہ تجھے اپنے آشیانے مین لیجاؤن کہ اُس بلندی پر بیٹھکے تماشا کوہ وصحرا کا بقدر مد[لغ] نظر دیکھتا رہیگا اور اپنے ابناے جنس کا محسود ہوگا تیسرے یہ کہ جس کو اپنے ہم قوم سے پسند کرے گا اُسکو تیرا جفت کرونگا کہ بفراغت تمام داد عشرت دے گا **بیت** نہ از زمانہ جفا و نہ از سپہر ملال ؎ امید حاصل و جام مراد مالامال ؎ کبک نے کہا کہ تو پرندون کا سردار ہی اور مین ایک دنی تیری رعیت سے ہون اور میرے امثال قصور و گناہ سے خالی نہین ہوتے ہین ممکن ہی کہ کوئی قصور خلاف مزاج عالی مجھسے صادر ہوا اور اُسکے عوض مین سرپنجہ غضب سے تو مواخذہ کرے پھر بجز ہلاکت اور چارہ نہوگا اس سے یہی بہتر ہی کہ گوشۂ قناعت مین زندگانی بسر کرون اور اپنے حوصلہ سے زیادہ طمع نہ کرون **بیت** مین قابل نظارہ خورشید کہان ہون ؎ سایہ کی طرح پس پس دیوار نہان ہون ؎ باز نے کہا اے برادر نہین جانتا ہی تو کہ دیدۂ محبت عیب بینی مین کور ہوتا ہی اور جو عمل کہ دوست سے سرزد ہوتا ہی زیبا دکھائی دیتا ہی چنانچہ یہ شعر پشتو کا تصنیف کاظم خان خان زادے کا مناسب اس مضمون کے ہی **بیت** پاک طینت کے گلۂ[لغ] ہجران دینی ؎ استر کے کاڑ کچ نناد مژگان دینی ؎ کبک ہر چند جواب دیتا تھا

بازرہ امجواب مین غالب رہتا تھا آخر کار کبک ناچار ہوا اور بعد عہد و پیمان کے شگاف
سے باہر آیا باز نے بہ کمال شفقت گلے سے لگایا اور عہد محبت ایمان و اقسام سے مضبوط
کیا باز اُس کو پنجے مین اُٹھا کے اپنے آشیانے مین لے گیا جبکہ دو چار دن گذرے کبک
کے دل سے خوف کم ہوا پھر پھر کلام مین گستاخی باز سے کرنا شروع کیا اور مضحکے سوال و
جواب مین کرنے لگا باز ہمت عالی کے سبب سے شنیدہ کو ناشنیدہ سمجھ کے درگذر کرتا
تھا مگر ہر روز دل مین خشونت کی جگہ پکڑتی جاتی اندنون طبیعت باز کی سُست تھی اسلیے
شکار کے واسطے آشیانے سے جنبش نہ کی تھی جبکہ شب ہوئی اور آتش اشتہا مشتعل ہوئی
اور وہ کینہ جو سینہ باز مین کبک کی طرف سے جمع ہوا تھا اُس وقت اس بیچ مین یاد
آیا ہر چند عہد و پیمان کو یاد کرتا اور دل کو روکتا تھا مگر کبک کی بے ادبیون نے
ازبس ملول کر رکھا تھا اور عہد شکنی کے واسطے ادنی بہانہ بھی بہت ہوتا ہے لہذا سخت
آشفتہ تھا اور کبک آثار غضب کے باز کے چہرے پر مشاہدہ کرکے سمجھا کہ اب ہلاکت
کا سامنا ہے اُسوقت آہ سرد دل پر درد سے بھر لایا اور کہا بیت چو عاشق شدم گفتم کہ
بردم گوہر مقصد * ندانستم کہ این دریا چہ موج بیکران دارد * افسوس کہ اول مین نے
نظر پایان کار پر نہ کی اور غیر جنس قوی بازو کے ساتھ دوستی کی اور پند دل سے بھلائی کہ
مصاحبت ناجنس کی بلائے عظیم ہے ہر آئینہ آج کشتی عمر کی گرداب ہلاکت مین پڑی کہ
فلاح فکر اسکی تدبیر سے عاجز ہے اور رشتہ میری حیات کا اس طرح ٹوٹا ہے کہ کوئی صناع اسکو
جوڑ نہین سکتا ہے با خود یہ اندیشہ کرتا تھا اور جانتا تھا کہ موت نزدیک آپہونچی ہے اور
ادھر باز نے پنجہ آزار کھول رکھا تھا اور سنان منقار خونخوار کو زہر ستم سے باڑھ دے رکھی تھی
اور ادنی بہانے کا انتظار تھا جبکہ کبک ڈرا پھرا ادب کے سوا اور بات نہ کرتا تھا اور باز بھی
کوئی حیلے کے بغیر قصد اسکا نہ کرتا تھا آخر باز نے بیتاب ہوکے کہا ای کبک یہ بات روا ہے کہ
مین دھوپ مین بیٹھون اور تو سایہ مین کبک نے کہا کہ ای امیر عالمگیر یہ شب ہے آفتاب کہان اور دھوپ

اور سایہ کیسا باز نے کہا کہ ای بے ادب مگر تو مجھے جانتا ہی اور میری بات کو رد کرتا ہی اب لائق
یہ ہی کہ تجھے سزا دون یہ کہا اور پنجے مین پکڑ کے کھانا شروع کیا یہ مثل اسواسطے اب وارد کی
ہی کہ جو کوئی غیر جنس سے اُنس کریگا کبک دری کے مانند جان شیرین کھوئیگا اسی طرح مین بھی
تیرا طعمہ ہون اور کسی طرح تجھسے ایمن نہین رہ سکتا ہون موافقت اور موانست مجھ مین
اور تجھ مین محال ہی زاغ نے کہا ای زیرک عقل کی طرف رجوع کر مجھے تیری ایذا مین کیا فائدہ
اور تیرے کھانے سے کیا حاصل بلکہ تیری بقا مین بہت سے فائدے متصور ہین یہ مروت سے
دور ہی کہ مین صرف تیری دوستی کی اُمید پر راہ دور و دراز طے کر کے آیا ہون اور تو مُنھ
پھیر کر دست رد میرے سینے پر مارتا ہی اور اس نیک سیرت اور پاکیزہ خصلتی کے ساتھ
کہ تو رکھتا ہی میرا حق غربت ضائع کرتا ہی اور یہ غریب تیری آشنائی سے نا اُمید پھرا جاتا ہی
اور جو مکارم اخلاق کہ تجھسے مشاہدہ کیے ہین مین نے یقین اُس سے یہ ہی کہ اپنے کرم سے
تو مجھے محروم مطلق نہ چھوڑے گا بلکہ میرے مشام اُمید کو رائحہ روح پرور سے معطر کرے گا
موش نے کہا کسی کو یہ طاقت نہین کہ عداوت ذاتی کو دفع کر سکے کسواسطے کہ اگر دو تن کے
درمیان عداوت عارضی کتنی ہی بڑھ جاوے پر اندک سبب سے مدافعہ بھی اُسکا ممکن ہی
اور اگر اصل مین باہم دشمنی پڑے تو اور دونون طرف سے اُسکا اثر نمایان ہو اور باوجود
اُس عداوت قدیمی کے سبب جدید بھی لاحق ہوے ہون اور ایک تحریک دینے والا بھی ہر دم
ساتھ لگا ہو یعنی اِشتہا وغیرہ جبکہ اتنے مخالف جمع ہون پھر مدافعہ اُسکا دائرۂ امکان سے
باہر ہی اور حکما نے کہا ہی کہ دشمنی ذاتی دو نوع پر ہی ایک یہ کہ کبھی اُس سے ضرر ایک طرف
نہین پہونچتا ہی کبھی وہ اُس سے ضرر پاتا ہی اور کبھی وہ اُس سے متاذی ہوتا ہی جیسا کہ ذاتی
شیر اور ہاتھی کہ اُنکی ملاقات بے محاربہ نہین ہوتی ہی اور کبھی اُسے ظفر ہوتی اور کبھی وہ
فتحیاب ہوتا ہی یہ عداوت گونہ گنجایش تسلی کی رکھتی ہی کہ دونون کو اُمید اپنی فتحیابی کی
رہتی ہی اور دوسرے یہ کہ ہمیشہ خفت ایک طرف اور منفعت ایک جانب ہے جیسے کہ

گرگ اور گوسپند مین دشمنی دائمی ہی محنت ایک طرف اور راحت دوسری جانب سے اور اس عداوت نے یہان تک استحکام پایا ہی کہ نہ گردش فلکی اُسکو تغیر دے سکتی ہی اور نہ اختلاف زمانے کا اُس عقدے کو کھول سکتا ہی پس جبکہ یہ ثابت ہوا کہ نقصان جان کا ایک طرف ہی پھر کیونکر صورت ملاقات کی ہو یہ کہکر روانہ ہوا **نظم**

آن لحظہ کہ روز و شب بہم پیوندند	یا رشتۂ مہر و سایہ با ہم بندند
من با تو نشینم و دران حالت نیز	ارباب خرد تمام برمن خندند

زاغ نے کہا الحمد للہ کہ عداوت تیری میرے دل مین نہین ہی مگر ابنائے جنس تیرے کا دشمن ہون تو باک کچھ نہین ہی کہ میرا آئینۂ دل تیرے غبار مخالفت سے بالکل صاف ہی اور یہ مثل مشہور ہی من القلب الی القلب روزن یعنی دل سے دلکی طرف ایک سوراخ ہی پس غالب ہی کہ تیرا دل میرے خلوص محبت پر گواہی دے موش نے کہا کہ مبالغہ حد سے زیادہ کرتا ہی اور تکلیف دوستی کی خواہی نخواہی دیتا ہی لیکن اندیشہ کرتا ہون کہ اندک سبب سے محبت کا درجہ ٹوٹ جائیگا اور وہی عداوت اصلی ظہور کریگی اور تو اپنی عادت اصلی پر عمل کریگا جیساکہ پانی ہر ایک جگہ پر بند ہو اور رنگ اور بو اور ذائقہ بھی بدل گیا ہو مگر خاصیت اصلی باقی رہیگی یعنی جبکہ آگ پر ڈالینگے تو بجھا دیگا چنانچہ حکما کا اتفاق ہی کہ دشمن کے کلام پر کبھی فریفتہ نہو اگرچہ ہزار عہد و پیمان کرے پر ہرگز اعتما کرنا نہ چاہیے اور جو کوئی ترہات دشمن پر عمل کریگا اُسے وہ پہونچیگا جو اُس شتر سوار کو پیش آیا زاغ نے کہا یہ قصہ کیونکر تھا **حکایت** کہلاتے ہین کہ ایک شتر سوار اثنائے راہ مین ایک مقام پر پہونچا کہ اُسکو کاروانیون نے کوچ کے وقت آگ لگا دی تھی از بسکہ باد تند وزان تھی خس و خاشاک اُس جگہ کے جلاتی جلاتی گوشۂ صحرا مین جا لگی اور دور دور اُس صحرا مین پھیل گئی لالہ زار کے مانند تابان تھی اتفاقاً مار کلان اُس آگ مین گیا کسی طرف امان نپایا اور گرمی سے قریب تھا کہ ہلاک ہو جاوے ناگاہ ایک

حاشیہ:
۵ نکلنے دل کی طرف دل سے دل کی طرف ... (حاشیہ کی عبارت دستی اور ناخواندہ)
۶ ...
حکایت شتر سوار

شتر سوار کو دیکھا فریاد کی کہ درماندہ اور بیچارہ ہون اگر رحمت کرے اور مجھے اس بلا سے بچالے تو بموجب آیہ کریمہ اِنَّ اللّٰہَ لَا یُضِیۡعُ اَجۡرَ الۡمُحۡسِنِیۡنَ۔ خالی فائدہ سے نہوگا شتر سوار خدا ترس اور رحیم مزاج تھا جبکہ زاری اور بیچارگی سانپ کی سُنی اپنے دل مین کہا کہ اگرچہ مار دشمن انسان ہی مگر اس دم درماندہ اور حیران ہی اب بہتر یہ ہی کہ اسپر رحم کرون اُسکے بعد توبڑے کو نیزے پر رکھکے سانپ کے نزدیک لیگیا سانپ جلدی سے اُس توبڑے مین در آیا سوار نے نیزے کو کھینچکر توبڑا اپنے نزدیک کیا اور مُنہ توبڑے کا کھولکر سانپ سے کہا کہ آگ سے تو نے نجات پائی اب جس طرف چاہے جا اور شکر اُسکا یہ ہی کہ پھر مردم آزاری نہ کرنا کہ انسان کی جنس نے تجھپر احسان کیا ہی

بیت بترس از خدا و میازار کس ٭ رہ رستگاری ہمین است و بس ٭ سانپ آستین مین شتر سوار کی لپٹ گیا اور کہا کہ یہ کلام نہ کر مین جب تک تجھے اور تیرے اونٹ کو نہ کاٹونگا نہ جاؤنگا شتر سوار نے کہا کہ مین نے تجھے بلا سے نجات دی ہی اس احسان کا بدلا یہی ہی سانپ نے کہا واقعی تو نے نیکی کی مگر غیر محل مین واقع ہوئی اور شفقت کی تو نے لیکن ساتھ غیر مستحق کے صادر ہوئی کیا تو نہ جانتا تھا کہ مین ضرر مجسم ہون مجھسے آدمیونکو نفع پہونچنا غیر ممکن ہی پس جبکہ ایسے سے نیکی کی تو نے کہ سزاوار بدی کا تھا اب جزا اسکی یہی ہی کہ مجھے الم پہونچے کہ نیکی کرنا بدون سے ایسا ہی کہ جیسے نیکون سے بدی کرنا **قطعہ**

چنانکہ از روش عقل و شرع ممنوع ست	بدی بر نسبت پاکان و نیکوان کردن
بجاے دون صفتانے کہ مردم آزارند	بہیچ وجہ نکوئی نمی توان کردن

جو کہ مجھ مین اور تجھ مین عداوت جبلّی تھی تو عاقبت اندیشی مقتضی اُسکی تھی کہ مجھے جلنے دیتا اور میری زاری اور چرب زبانی پر نہ خیال کرتا بلکہ اور سرکوبی کرتا کہ قتل الموذی قبل الایذا آیا ہی تو نے خلاف شرع اور احتیاط کے کیا بھلا مین کیون اپنی وضع کے خلاف کرون ہر آئینہ مین تجھے کاٹونگا تا اپنے بنی نوع مین تیری طرح احمق نہ ٹھہرون شتر سوار نے کہا کہ اے سانپ

ترجمہ تحقیق جدا ٭ نمین فنا بھی ٭ کسیکا ہر شرکہ ٭ نیک کام ٭ کسیکو ایذا دیوے ٭ کسی کو بخشش ٭ ڈرا خدا سے اور نہ ایذا دے کسیکو ٭ بدی کرنا پاکون اور نیکونکو ٭ ایذا دینیوالا کا مارنا ایذا سے پہلے بہتر ہی

انصاف کو کام کر کہ مکافات مین نیکی کے بدی کرنا کسی مذہب مین روا نہین ہی سانپ نے
کہا کہ عادت تم سب آدمیون کی یہی ہی مین بھی تمھارے فتوی پر عمل کرتا ہون جو کچھ کہ بازار مکافات
مین تم سے خرید کیا ہی وہی تمھارے ہاتھ بیچونگا ع یاب لحظہ بجز آنچہ فروشی ہمہ عمر ہر چند شتر
سوار نے تقریر مین مبالغہ کیا کچھ فائدہ نہوا سانپ نے کہا کہ اب تا پہلے تجھے کاٹون یا تیرے
اونٹ کو سوار نے پھر عذر کیا کہ نیکی کا عوض بدی نہین ہی حق فراموشی نہ کر سانپ نے کہا
یہی طریقہ آدمیون کا ہی مین نے جو کچھ تم سے سیکھا ہی وہی کرونگا سوار نے کہا کہ اگر اس دعوے
کو گواہان عادل سے ثابت کرا دے کہ انسان نیکی کے بدلے بدی کرتے ہین تو زخم تیرا بجان
قبول کرتا ہون سانپ نے چار طرف نگاہ کی دور سے ایک بھینس کو چرتے دیکھا کہا کہ
چل اس بھینس سے پوچھین شتر اسوار سانپ کو لے کر گاؤمیش کے پاس آیا سانپ نے کہا
کہ ای گاؤمیش جزا نیکی کی کیا ہی اسنے کہا اگر آدمیون کے مذہب مین پوچھتا ہی تو جزا نیکی
کی بدی ہی سر دست یہ ہی کہ مین مدت دراز سے ایک شخص کے پاس تھی ہر سال ایک بچہ دیتی
تھی اور گھر اسکا شیر و روغن سے بھرا رکھتی تھی اور اسکا سامان شادی و غم میرے ہی
شیر و روغن پر موقوف تھا جب کہ مین بوڑھی ہوئی اور بچہ اور دودھ دینے سے عاجز آئی
پہلے دانہ اور چارہ موقوف کیا اسکے بعد صحرا مین ہانک دیا مین بدشواری تمام اپنے
منھ سے خس و خاشاک عرصہ دراز سے چرتی رہی کل وہ اتفاقاً ادھر آنکلا جبکہ مجھے
دیکھا اسکی نگاہ مین اندک فربہ نظر آئی قصاب کو لا کے اس کے ہاتھ مجھے بیچا آج وہ
مسلخ مین لیجا کے ذبح کر کے بند بند میرے جدا کریگا انکے مذہب مین مکافات نیکی کی
بدی ہی سانپ نے کہا سنا تو نے اب آمادہ زخم کا ہو سوار نے کہا شرع مین ایک گواہ
پر حکم نہین کرتے دوسرا گواہ بھی چاہیے سانپ نے ایک درخت دیکھا اسکے نزدیک
آکے پوچھا کہ جزا نیکی کی کیا ہی درخت نے کہا انسان کے مذہب مین نیکی کا بدلا
بدی ہی چنانچہ مین اس صحرا مین ایک پاؤن سے ایستادہ ہون جو آدمی گرمی مین

آتا ہی میرے سایے مین ٹھہرتا ہی جبکہ حواس درست ہوتے ہین تجویز کرتا ہی کہ اِسکی
شاخون کی یہ چیزین بنین گی اور ٹہنے مین تختے اور کڑیان نکلین گی اگر قابو ملتا تو ضرور اِسے کاٹتا
جسکے پاس تبر ہوتا ہی وہ ایک دو شاخ بھی کاٹ لیجاتا ہی یہ حال ہی بنی نوع انسان کا سانپ نے کہا
کہ دو گواہ عادل گذر چکے اب مین تجھے کاٹتا ہون سوار نے کہا کہ جان بہت عزیز شئی ہی اگر ایک
اور گواہ بھی ہو تو بلا مضائقہ تو مجھے کاٹ پھر کچھ عذر نہ کرون گا اتفاقاً ایک روباہ بھی کھڑی یہ
حکایت سُنتی تھی سانپ نے کہا اے روباہ تو بتا کہ جزا نیکی کی کیا ہی روباہ نے کہا کہ کیا نہین جانتا ہی
تو کہ عوض نیکی کا بدی ہی اسکے بعد روباہ نے پوچھا کہ اے شتر سوار تو نے سانپ کے حق مین کیا نیکی
کی ہی کہ مستحق بدی کا ہوا ہی شتر سوار نے صورت حال بیان کی روباہ نے کہا کہ مرد عاقل کو خلاف
نہ بولنا چاہیئے **بیت** ز عاقل کے روا باشد سخنہاے خطا گفتن ÷ نزیبد مرد دانا را خلاف
ماجرا گفتن ÷ سانپ نے کہا یہ سوار سچ کہتا ہی توبڑہ ہی کہ اسمین کر کے آگ سے بچایا روباہ
نے کہا یہ بات کسی طرح خیال مین نہین آتی ہی کہ تو اتنا بڑا اژدہا اتنے ذرا سے توبڑے مین
در آئے اور نیزے پر یہ سوار اُٹھائے اگر برای العین مشاہدہ کرون تو البتہ مجھے باور ہو
اُس کے بعد ایک دم مین مین فیصلہ کر دون گی خوف یہ ہی کہین ایسا نہ ہو کہ خلاف
راستی حکم کرون اور ناحق گنہگار خدا ہون سانپ اُسی توبڑے مین در آیا اور
سوار نیزے پر رکھ کے زور کیا چاہتا تھا کہ پھر اُسی طرح اپنی طرف کھینچے کہ روباہ نے
کہا کہ اے سوار دشمن کو قابو مین لایا ہی مہلت نہ دے **بیت** دشمن چو بدست
آمد و مغلوب تو شد ÷ حکم خرد آن ست امانش ندہی ÷ سوار نے توبڑے کو
اُٹھا کر زمین پر دے ٹپکا کہ سانپ مر گیا اور شتر سوار نے امان پائی مصرع
این چنین بد زندگانی مردہ بہ ÷ فائدہ اِس حکایت کا یہ ہی کہ دشمن کی زاری پر
فریب نہ کھائے اور کسی طرح اُس کے قول پر اعتماد نہ کرے اگر سیاہی زاغ کی
جاتی رہے تو بھی دشمن اصلی دوست نہین ہونے کا رباعی ہر کس کہ بقول خصم

مغرور شود ✤ شمع خروش تیرۂ و بے نور شود ✤ دشمن دانی چہ وقت میگردد دوست ✤
آن وقت کہ تیرگی ز شب دور شود ✤ زاغ نے کہا کہ یہ باتین محض حکمت ہین کہ بیان کین
تو نے سو سُنین ہین نے اور یہ جواہر روشن کہ کان خرد سے باہر لایا تو دیدۂ دل اس سے
منور ہوا اگر تیری مروت اور فتوت اسپر غالب ہی لازم ہی کہ خیال مضائقہ دل سے
اُٹھا دے اور یقین میرے سخن کا کرا اور اب طریقہ مواصلت کا جاری فرما قول حکما ہی کہ
کر یمون سے آمیزش اور لئیمون سے گریز چاہیئے کہ کریم دوستی ایک ساعت کی برابر
عمر دراز کے جانتے ہین اور لئیم دوستی صد سالہ کو طرفۃ العین مین برباد کر دیتے ہین
یہ بارہا دیکھا ہی کہ آزاد لوگ جلد دوست ہوتے ہین اور بعد سبب قوی کے بہت دیر
مین دشمنی کرتے ہین مانند کوزۂ زرین کہ دیر مین بنتا ہی اور دیر مین ٹوٹتا ہی اور سفلے
جلد دوست ہوتے ہین اور دشمن بھی جلد ہو جاتے ہین جیسا کہ کوزۂ سفالین جلد بنتا ہی
اور جلد ٹوٹ جاتا ہی اور دوسرا سبب سفلون کے دشمن ہونے کا یہ ہی کہ کبھی کسی کے
دل سے دوست نہین ہوتے ہین مگر زبانی اور مین نے سب طرح کی خوبیان تیری ذات
مین سمجھ لی ہین اِس لئے تیری ہمنشینی اور دوستی کا مشتاق ہون اور یہی عہد دل سے
کیا ہی کہ جب تک تو مجھے عزیز نہ کریگا کچھ نہ کھاؤنگا اور نہ تیرے آستانۂ فیض سے
سر اُٹھاؤنگا موش نے کہا کہ تیرا کلام اول ہی میرے دل پر اثر کر گیا تھا اگر مین عذر
عاقلانہ نکرتا اور پہلے ہی سوال کو قبول کر لیتا تو تو جانتا کہ یہ دوست سُست عنان
اور نرم شانہ ہی اور عاقل ایسے کی دوستی کا اعتماد نہین کرتے ہین اس گفتگو کے بعد اب
مجھے جان سے بھی دریغ نہین ہی بیت سر در دم تبو مایۂ خویش را ✤ تو دانی حساب
کم و بیش را ✤ یہ کہکر موش نکلا اور در سوراخ پر کھڑا ہوا زاغ نے کہا مگر اب بھی کوئی
خلجان اور تردد باقی ہی کہ تشریف آگے نہین لاتا ہی موش نے کہا کہ انصاف کر
کہ باوجود دلائل قویہ کے کہ جو بیان ہو چکے اُنپر مین نے خیال نہین کیا اور

دیدۂ و دانستہ جان شیرین کو تیری محبت پر فدا کیا اب مجھے کون جگہ اندیشے کی باقی رہی
مگر یہ البتہ کہ جو عہد و پیمان تو نے کیا فقط اپنی ذات سے کیا ہو لیکن تیرے ابنائے
جنس اگر قصد میرا کرین تو اس کا کیا علاج تجویز کیا ہو زاغ نے کہا کہ مجھ مین اور میرے
ہمجنس مین یہ شرط ہو کہ میرے دوست کے دوست رہین اور دشمن کے
دشمن موش نے کہا حقیقت بھی یہی ہو کہ دشمن کا دوست زیادہ دشمن سے سمجھا چاہیئے
اور دوست کا دشمن وہ بھی اپنا دشمن ہو چنانچہ حکما نے تفصیل دوستون اور دشمنون کی
لکھی ہو کہ دوست تین طرح کے ہوتے ہین یعنی دوست خالص اور دوست کا دوست اور
دشمن کا دشمن **بیت** از دشمن خود چنان نترسم ✤ کز دشمن یار و یار دشمن ✤ زاغ
نے کہا مطمئن ہوا مین الحمد للہ کہ بنائے محبت نے ہمیں اتنا استحکام پایا کہ مین آج
سے یار اُسے جانون گا کہ جو تیرا محور رضا ہوگا اور جو کوئی تجھ سے خلاف کریگا وہ بلاشبہہ
دشمن میرا ہو بلکہ آنکھین اور زبان میری کہ دیدبان تن و دل کی ہین اگر خلاف تیرا اختیار
کرینگی تو قسم اُسکی کہ میرا نفس جس کے دست قدرت مین ہو ایک اشارت مین سالم جود سے
نکال کے گرداب عدم مین پھینکدون گا تا بدیگرے چہ رسد **بیت** عضوے ز تو گر دوست
شود با دشمن ✤ دشمن دو دشمن تیغ دکش زخم دو زن ✤ موش اس عہد کے سننے سے خوش دل
ہوا اور نزدیک آیا اور باہم معانقہ کیا اور بساط نشاط کو بچھایا جبکہ چند روز شرائط جہانداری
کے موش نے بوجہ احسن ادا کیے زاغ سے کہا کہ اے برادر آب مفارقت ایک دم کی برابر سال
کے ہو اگر اس جگہ مع اہل و عیال تشریف لائیے تو منت تیری جو میری گردن پر ہو دو چند
اُس سے بڑھجائے کس لیے کہ وہ موضع جائے پاک اور مقام دلکش ہو زاغ نے کہا اے زیرک سچ
کہا تو نے کہ یہ جگہ خوب ہو مگر نقصان یہ ہو کہ شارع عام سے نزدیک تر ہو اور وہ راستے پر
متصل واقع ہو اور مسافرون کی آمد و شد سے ایک دن گزند کا اندیشہ ہو اور جہان
کہ میرا مسکن ہو مرغزار ہو نہایت مصفا روضۂ خلد کے مانند پر نور ہوا اُسکی مثل

باغ ارم محل بہجت و سرور ہی اشعار ہندی عکس افگن ہی سبزہ نہرون پر ٭ سبزہ کا ہی گمان لہرون پر ٭ ہی شگوفہ کی ہر طرف کو بہار ٭ بنگئے غنچے نافہ تاتار ٭ جوش ایسا ہی نکہت گل کا ٭ زلف مشکین نبی ہی موج ہوا ٭ اور طعمہ میرا اور تیرا اُس حوالی مین بہت اور گزند سے خالی ہی اور ایک سنگ پشت کہ تیرے مانند یار وفادار ہی وہ بھی اُس جا مسکن رکھتا ہی اگر اُس جگہ تشریف فرما ہو تو ہم تینون یار بے رنج و غبار بقیۃ العمر بسر کرین موش نے کہا بیت تا دامن کفن نکشم زیر پاے خاک باور مکن کہ دست ز دامن بدارمت ٭ اور اب مجھے کوئی آرزو تیرے شرف ملاقات کے برابر ہی نہین اب جس طرف تو آفتاب دار خرام کریگا سایے کی طرح پیچھا نہ چھوڑونگا اور جب تک کہ گریبان میرا ہاتھ مین ہادم اللذات کے سپرد نہین ہوتا ہی دست ارادت سے جب تک قدم یار نہ چھوڑونگا مین اور یہ بقعہ وطن اصلی میرا نہین ہی بلکہ سانحہ عجیب یہان آنے کا باعث ہوا ہی اگرچہ قصہ دراز ہی مگر عجائب بسیار سے تعلق رکھتا ہی اگر سمع قبول سے سُننا منظور ہو تو مختصر اُسکا بیان کیا جائے آخر سخن اسیر ختم ہوا اور موش مستعد چلنے پر ہوا زاغ موش کی دم منقار مین پکڑے ہوا پر اڑا آخر اپنی منزل گاہ پر پہونچا اُس وقت سنگ پشت چشمے سے باہر نکلا تھا دور سے سیاہی زاغ کی دیکھ کے اندیشہ ناک ہوا اور چشمے مین در آیا زاغ نے موش کو آہستہ زمین پر رکھ کے آواز دی سنگ پشت آواز آشنا سُنکے باہر آیا اور دیدار گرامی دیکھکر خروش شادی بلند کیا اور یہ بیت تکرار کرتا تھا ہندی شکر یارب سفر سے یار آیا ٭ دل بیتاب کو قرار آیا ٭ ہوے داغ غم خزان سب محو ٭ گل کھلے موسم بہار آیا ٭ بایکدیگر کمال گرمجوشی کی اور کہا کہ ای یار اب تک کہان تھا اور کیا حال گذرا زاغ نے سرگذشت من اولہ الی آخرہ مو بمو بیان کی سنگ پشت تفصیل ماجرا سُنکے اور جمال موش دیکھ کے کمال خرسند ہوا اور کہا بیت مردہ تھا مین تو جو آیا جان

سنگ پشت بجھوا ۱۳ مرغ دھانا والا کچھوا کو تو
کام اداس گ موت ہاتھ او
نہایت شریف
[illegible]
ہادم اللذات
[illegible]
[illegible]
[illegible]
بیعت ۲۰

آئی جان مین + تیرے پانؤن کی صدا ہی قم باذنی کان مین + الحمد للہ کہ محبت ہماری
بار ور ہوئی کہ تجھسا شفیق تشریف لایا موش نے کہا مین کس لائق ہون یہ محض بندہ نوازی
ہی جو تو فرماتا ہی بلکہ حوادث روزگار سے تمھارے سایۂ دولت مین پناہ لایا ہون
آگے اختیار تمھارا ہی جب کہ رنج سے آسودہ ہوے زاغ نے کہا ای برادر وہ سرگذشت
کہا چاہیئے کہ ماجرا تجھ سے شخص کا خالی فائدے سے نہوگا بیت بگشا لب از ان حدیث
شیرین + کام دل ما برآز شکر کن + موش نے آغاز سخن کیا کہ دیار ہند مین ایک شہر ہی
کہ اُسے ماروت کہتے ہین اُس شہر کے زاویے مین ایک زاہد تھا کہ اُسکے مکان مین مین نے رہنا
اختیار کیا تھا اور موش چند میرے ملازم تھے جب کہ نعمتہاے گوناگون پر ہاتھ میرا کشادہ
دیکھا روز بروز اور موش زیادہ ہوتے جاتے تھے مین بھی ہر ایک سے با اخلاق پیش آتا تھا
اور زاہد کے مرید ہر روز کچھ کھانے کے واسطے طعام و غلہ لاتے تھے زاہد کچھ خرچ کرتا تھا اور باقی
دوسرے وقت کے واسطے رکھتا تھا اور جو بچتا تھا اُسکا ذخیرہ کرتا جاتا تھا جو وقت کہ زاہد
اندک اُس جگہ سے جنبش کرتا تھا مین فوراً اُس مین سے دستبرد کرکے کچھ آپ کھاتا باقی سب
موشون کو کھلاتا تھا زاہد ہر چند میری ہلاکت کی تدبیر کرتا تھا مفید نہوتی تھی ایک دن
مہمان دانا کاشانۂ زاہد مین وارد ہوا زاہد نے مراسم محبت بخوبی ادا کیے اور طعام مہمانداری
کو سرانجام دیا بعد اکل و شرب کے باہم حکایت کرنے لگے زاہد اُس سے مولد مسکن اور
سبب مسافرت پوچھتا تھا مہمان کہ مرد جہاندیدہ اور سرد و گرم زمانہ چشیدہ تھا جواب
زاہد بطریق صواب ادا کرتا تھا اور عجائب و غرائب ہر دیار کے جو کچھ مشاہدہ کیے یا سنے تھے
بہ تقریر دلپذیر بیان کرتا تھا زاہد اثناے کلام مین ہر دم ہاتھ پر ہاتھ مارتا تھا اور
چپ و راست نظر کرتا تھا مہمان نے جب یہ حرکت زاہد کی چند بار ملاحظہ کی آشفتہ ہوکر
کہا کہ ای زاہد کیا یہ حرکت بیجا ہی کہ بے سبب ہر دم ہاتھ پر ہاتھ مارتا ہی یہ حرکت
نامناسب خلاف تمکین کیا ہی مگر مجھ سے تمسخر کرتا ہی استہزا تجھ سے بہت بعید ہی

اسکے بعد یہ قطعہ پڑھا **قطعہ** بہ استہزا وسخریت مکن میل + کہ اینہا لایق آزادگان نیست
کسے کو ہزل وبازی ساخت پیشہ + از وبے آبروتر درجہان نیست + زاہد نے کہا کہ حاشا
کہ غبار ہزل کبھی میرے دامن خاطر مین اُلجھا ہوا ور غبار تمسخر کبھی میری ہواے صافی
مین آمیختہ ہوا ہو یہ حرکت کہ مشاہدہ کرتا ہی تو محض موشون کے غلبے سے ہی کہ نہ اُنسے
ذخیرے مین دانا بچتا ہی نہ سُفرے مین نان بلکہ جان سے عاری کردیا ہی مہمان نے کہا
کہ سب موش ایک ہی طرح سے چیرہ دستی کرتے ہین یا ایک دو ایسے ہین زاہد نے کہا
کہ ایک اُن سب مین کلان تر ہی پس وہی اس درجہ دلیر ہی کہ ہاتھ سے چیز لیے بھاگتا ہی
مہمان نے کہا کہ یہ جرائت اُسکی بے سبب نہین ہی قصہ اُس موش کا شاید کہ مشابہ اُس
مرد کے ہی کہ زن میزبان سے مبالغہ کرتا تھا کہ آخر کچھ سبب ہی کہ کنجد مقشر غیر مقشر کے
برابر بیچتی ہی زاہد نے کہا کہ اُسکا بیان کیا چاہیے **حکایت** کہا کہ مین راہ مین آتا
تھا شب کو ایک قریے مین پہونچکر ایک آشنا کے گھر مین اُترا بعد شام کھانے سے فراغت
ہوئی مین نے بستر پر آرام کیا اور ہنوز بیدار تھا کہ میزبان اپنے گھر مین گیا مگر مجھ مین
اور میزبان مین ایک بوریے کا پردہ تھا کہ جو کلام میزبان اپنے گھر مین کرتا تھا مین سنتا
تھا مرد نے کہا کہ اے زن مین چاہتا ہون کہ کل اکابر اس قریے کے بلا کر مہمان عزیز کے
ساتھ خوب مہمانداری کرون اور ضیافت معقول فراخور حال بجا لاؤن عورت
نے کہا کہ اے مرد مین متعجب ہون کہ ایک دن کا خرچ عیال کے لائق نقد وجنس گھر مین
موجود نہین ہی کہ ہمارے رزق کا سبب ہو اسباب ضیافت کہان سے موجود ہوجائیگا
اگر اتنا مقدور ہی تو اپنے عیال کے واسطے کچھ جمع کر کہ چند روز بخاطر جمع گذران ہو اور اگر
اس سے زیادہ ہی تو نگاہ رکھ کہ تیرے بعد زن اور فرزند محتاج کسی کے نہ ہون مرد نے کہا
بیت نداشت چشم بصیرت کہ گرد کرد وبخورد + ببرد گوے سعادت کہ خرچ کرد وبمرد + اگر
توفیق احسان اور مجال شفقت کا اتفاق پڑے اُسپر ندامت نہ کرے کہ وہ ذخیرہ عاقبت کا ہی

اور جس نے کہ دُنیا مین جمع کیا اور خرچ نہ کیا عاقبت مین وہی مال وبال گردن اُسکا ہوگا
کہ جمع کرنا مال کا اس طرح سے ناپسندیدہ ہی جیسا کہ اُس گرگ کا قصہ ہی عورت نے
کہا کہ وہ کیونکر تھا **حکایت** مرد نے کہا ایک صیاد ہنرمند کہ آہو اُس کے ہیبت سے ام
سے پانون صحرا سے باہر نہ رکھتا اور شیر اُسکے خوف حیلہ و تزویر سے سر کنام سے باہر نہ نکالتا
تھا **بیت** دیدہ دری پُر ہنرے تیز ہوش ٭ حیلہ ورے سخت دلے سخت کوش ٭ ایک
دن اُس نے جال لگایا تھا اتفاق سے ہرن پھنسا صیاد دام کے نزدیک پہونچا کہ ہرن
نے اس قوت سے جست کی کہ حلقے دام کے ٹوٹ گئے اور آہو بھاگ گیا صیاد نے
تیز دستی کرکے ایسا تیر جگر دوز مارا کہ آہو گر پڑا صیاد ذبح کرکے اور پشتارہ اُسکا کمر سے
باندھ کے روانہ خانہ ہوا چند قدم چلا تھا کہ ایک خوک صحرائی سے دوچار ہوا اور اُسپر حملہ
کیا صیاد نے تیز دستی کرکے خوک کے بھی ایک تیر مارا کہ کام خوک کا بھی تمام ہوا مگر گرتے
گرتے ایک دانت اُس نے بھی سینہ صیاد پر ایسا مارا کہ کام صیاد کا بھی تمام ہوا ایک
گرگ گرسنہ وہان وارد ہوا دیکھا کہ صیاد اور آہو اور خوک تینون بے جان پڑے ہین
اس نعمت کے مشاہدے سے بہت خوشدل ہوا اور با خود کہا کہ وقت ذخیرہ کرنے کا ہی اگر
اسراف کرون تو منسوب بہ حماقت ہون بہتر یہ ہی کہ بقدر اشتہا کھالون اور جو باقی رہے
ایک گوشہ مین ذخیرہ کرون ذخیرہ ایام کلفت مین کام آتا ہی جیسا کہ شاعر کہتا ہی
قطعہ چون تیشہ مباش جملہ برخود متراش ٭ چون رندہ مباش جملہ آنسو مخراش ٭
تعلیم ز ارہ گیر در علم معاش ٭ چیزے سوخود میکش و چیزے می پاش ٭ پھر خیال کیا
کہ گوشت تازہ ذخیرے کے لائق ہی پہلے کمان کا رودہ اور چلہ کہ چرمی ہی کھانا چاہیے
باقی پھر سمجھ لونگا القصہ زہ کمان کو چبانے لگا تھوڑے فشار مین دندان خارا شگاف
سے چلہ کمان کا کٹ گیا کمان ازبسکہ سخت تھی دونون گوشے بھیڑیے کے پیٹ مین
بیٹھتے ہی در آئے اور تمام اعضاے باطنی اُسکے باہر نکل آئے گرگ بھی اُسی جگہ

مردار ہو گیا ع این نیز بشد آن ہمہ نا خوردہ بماند* فائدہ اس مثل سے یہ ہی کہ جمع کرنا مال کا
بیشتر جان و ایمان کا وبال ہو جاتا ہی بہتر یہ ہی کہ جو آج میسر ہو اُسپر خوش ہووے اور غم فردا
نہ کرے بیت انچہ داری بخور امروز و غم دہر مخور* چون بہ فردا برسی روزی فردا برسد*
وائے اُنکی جان پر کہ مال دُنیا بہزار رنج پیدا کر کے ذخیرہ کرتے ہین اور مصرف مناسب مین
صرف نہ کرتے ہین اور مرنے کے وقت ہزار حسرت سے چھوڑ کر مواخذہ اُسکا اپنی گردن پر
لیجاتے ہین اور وہ مال اور کے کام آتا ہی قطعہ تا کے اے خواجہ مال جمع کنی* کہ بمرگ از تو باز
خواہد ماند* گنج قارون اگر ذخیرہ کنی* ہمچنان حرص و آز خواہد ماند* بر سیفروزا آتشی کاز و
بہ تو سوز و گداز خواہد ماند* وہ آگ نہ جلا کہ آپ اُسکے سوز مین گداز پائے جبکہ زن بنیا
نے یہ باتین حکمت آمیز سُنین اور ملہم سعادت نے فردہ الرزاق علی اللہ اُس کے گوش ہوش
مین پہونچایا بولی کہ اے مرد گھر مین قدرے چاول اور کچھ تل اطفال کے واسطے مین نے جمع
کیے ہین اب معلوم ہوا کہ ذخیرہ کرنا منع ہی مین دس آدمیون کا کھانا پکاتی ہون تو جسے چاہیے
بلا عورت نے صبح تلون کو مقشر کیا اور دھوپ مین رکھا اور کہا اے مرد مین اور کام کرتی ہون
تو نگہبانی کرنا چڑیان اسے خراب نہ کرین اور آپ اور کام مین مشغول ہوئی مرد پر نیند
غالب ہوئی سو گیا ایک کتا آیا اور تلون مین مُنھ ڈالا عورت نے دیکھا کہ کتے نے مُنھ ڈال دیا تھا
مکروہ سمجھی اور اُٹھا کر بازار کو لیگئی مجھے کچھ اور ضرورت تھی مین بھی بازار کو گیا تھا دیکھا کہ وہ عورت
دُکان کنجد فروش پر بیٹھی ہی اور کنجد مقشر کو غیر مقشر سے صاع بصاع برابر بدلتی ہی ایک
شخص اور اُس جگہ وارد تھا آواز دی کہ اے عورت اِس مین کچھ تو نکتہ ہی کہ کنجد پوست دار
سے کنجد مقشر برابر بدلتی ہی یہ حکایت اسلیے کہی مین نے کہ میرے بھی خیال مین آتا ہی کہ اُس
موش کو جو اتنی جرات اور چالاکی ہی گمان غالب ہی کہ کچھ نقد اپنے سوراخ مین رکھتا ہی اس
سبب سے اتنی دلیری کرتا ہی اور اگر مفلس ہوتا یہ حال اُسکا نہ ہوتا مثل مشہور ہی
کہ بے زر مانند مرغ بے بال و پر کے ہی مجھے یقین ہی کہ اُس موش کا زور زر کے

یہ زن بنیا اور بیان ... (marginal handwritten note, partly illegible)

سبب سے ہی کوئی کدال لاکہ اُس کے سوراخ کو کھودے دیکھون زاہد کدال لایا اسوقت
مین دوسرے سوراخ مین تھا متحیر ہوا کہ ہزار اشرفیان میرے سوراخ مین جمع تھین مین ہمیشہ
اُن پر لوٹا کرتا تھا اور میری قوت واقعی اُسی کے باعث تھی جبکہ مہمان نے سوراخ کو
کھودا آخر نوبت زرتک پہونچی کہا اہو زاہد لے کر یہ قوت اور جرأت موش کی اس باعث سے
تھی کبھی اُس کے بعد دلیری نہ کرے گا اور متعرض نان خوان کا نہو گا مین یہ سب باتین اُنکی
سُنتا تھا اور دمبدم افسردگی اور ضعف دل پر مستولی ہوتا جاتا تھا اور کیا دیکھتا ہون کہ ہمدم
سے سب موش آنکھ چرانے لگے اور ایک ایک حیلے سے اپنی اپنی راہ لینے لگے نظم در دل
کس مہر و وفائے نماند ✽ باغ مرا مہر گیاہے نماند ✽ مایۂ صد برگ و نوا بود زر ✽ زر بشد و برگ
و نوائے نماند ✽ اور جو موش کہ میرے بظاہر ہوا خواہ اور جان نثار تھے اب وہ فرمانبرداری
اور ہوا خواہی سے اغماض کر کے عیب جوئی اور بدگوئی کرنے لگے اور ترک صحبت کر کے
میرے دشمنون سے جاملے بموجب مثل مشہور کے من قل دیناره قل مقداره جیسا کہ عاقلون
نے کہا ہی کہ جو کوئی بھائی نہین رکھتا ہی اگر وطن مین ہی تو بھی غریب ہی اور جو کوئی فرزند نہین رکھتا
ہی نام اُسکا صفحۂ روزگار پر باقی نہ رہے گا اور جو کہ مفلس ہوتا ہی کوئی فرزند نہین ہوتا ہی
اور دوستی سفلون اور دُون ہمتون کی محض غرض نفسانی پر ہوتی ہی پھر کیونکر وہ دوست لی
ہون ایک نے اہل دُول سے پوچھا کہ کتنے دوست رکھتا ہی کہا کہ ابھی تو عالم دوست ہی
خدا نخواستہ اگر ایام نکبت آئین اُسوقت معلوم ہو کہ یار کون ہی اور اغیار کون دوستِ نکبت
کے وقت پہچانا جاتا ہی اور یار محنت کے وقت دریافت ہوتا ہی چنانچہ صحائف لطائف حکما
مین لکھا ہی کہ ایک فاضل سے پوچھا کہ اس مین کیا نکتہ ہی کہ مالدار کی ہر کوئی تعظیم کرتا ہی اور
چشم وقار سے دیکھتا ہی اور مفلس کو سب کم چشم سے نگاہ کرتے ہین اُسنے جواب دیا کہ مال
محبوب عالم ہی جس کے پاس جمع ہوتا ہی لوگ اُسکی تعظیم بجالاتے ہین اور جسکے ہاتھ سے جاتا رہتا
ہی پھر اُسکے نزدیک کوئی نہین آتا ہی رباعی چون گل بچمن دامن پر زر نمود ✽ بلبل بہزار

صوت و ستائش ستود ÷ وانکہ کہ بباد رفت برگیش کہ بود ÷ کس نام گل از زبان بلبل
نشنود ÷ اور ان سب موشون مین ایک موش تھا کہ میری ملازمت مین افتخار رکھتا
تھا اور طریق یاری اور بیان وفاداری اس طرح پر بیان کیا کرتا تھا کہ مین تیرے
عشق مین یہان تک دلدادہ ہون کہ اگر تو تیغ میرے سر پر ماریگا تو مین شمع کے مانند
پانون اپنی جگہ سے نہ سرکاؤنگا وہ سب سے پہلے کنارہ کش ہوا مین نے اُس سے کہا کہ اے
یار وفادار اب کیا ہوگیا ہی کہ دفعتہً تو نے کنارہ کیا اُس نے جواب دیا کہ عجب احمق ہی
جسوقت کہ تو صاحب درم تھا ہر کسی کو التفات کا باعث وہ درم ہوتے تھے اور ہر ایک
کا تو محتاج الیہ تھا اب وہ شرطین سب اُس شرط کے ساتھ جاتی رہین اذا فات الشرط
فات المشروط اور حکمانے جو کہا ہی کیا تو نے نہین سُنا ہی کہ مرد محتاج جیسا کہ لذت دُنیا
سے محروم ہوتا ہی غالب ہی کہ درجات آخرت سے بھی محروم رہے اور سبب ظاہر
اُس مین موجود ہی کہ شاید اضطراب قوت کے باعث اور نفقۂ عیال کے سبب طلب
مین روزی غیر مشروع کی جرأت کرے اور وہ موجب وبال ونکال عقبیٰ ہوا اور
اس سبب سے جیسا کہ اس عالم مین محنت افلاس کے درماندہ تھا عقبیٰ مین زندان
شقاوت ابدی مین محبوس ہو بموجب مصرع چون کافر درویش نہ دین ساخت نہ دنیا
پس اگر ایسے شخص کی نزدیکی سے کہ مال دُنیا ہاتھ سے کھو چکا ہوا ور آخرت مین گرفتار
اتنے اندیشون کا ہوا اُس سے کنارہ کوئی کرے تو معذور ہی مین نے کہا کہ یہ بادہ بیہودہ
ہی کہ فقر بادشاہی ہی کہ تاج الفقر فخری سر پر انبیاے کرام کے رکھا گیا بیت
کار درویشی وراے فہم نیست ÷ سوے درویشان تو منگر سُست سُست بیت
رتبہ ہر ایک شے سے ہی برتر فقیر کا ÷ کرتے تھے فخر اپنے پیمبر فقیر کا ÷ نظم ایضاً الجوع فقرو
سوے الفقر عرض ÷ والفقر شفا رسوے الفقر مرض ÷ با اینہمہ تو فقر کی مذمت
اور صحبت درویش سے بیزاری بیان کرتا ہی اُس موش مصاحب نے کہا

کہ ہیات وہ فقر کہ پسندیدۂ انبیا اور ستودۂ اولیا ہی اس افلاس کو اُس سے کیا نسبت وہ فقر عبارت اُس سے ہی کہ سالک راہ حقیقت نقد دُنیا اور سرمایۂ آخرت سے سوائے فضل الٰہی کے کوئی چیز قبول نہین کرتے ہین منظہر اس فقر کا درویشی ہی اور صاحب اس فقر کا گدا گدائی اور چیز ہی درویشی اور شے درویش وہ ہی کہ ترک دُنیا کیا ہوا ور گدا وہ ہی کہ دنیانے اُسے ترک کیا ہوا اُسی فقر کے حق مین کہا ہی کہ الفقر کنز من کنوز اللہ یعنی فقر خزانہ ہی خزانہائے خدا سے اور وہ اسرار توحید ہی اور خلاصہ معرفت کا اور فقر کیمیا ہی نسخہ کن فیکون سے اور اسرار فقر کی ایک کیفیت حالی ہی کہ جس پر ورود فرمائے وہی جانے اور مجال زبان کی نہین ہی کہ اسکی شرح کر سکے احتیاج اور درویشی ظاہر کی نعوذ باللہ منہا اصل سب بلاؤن کی ہی اور واسطہ ہی دشمنی خلق خدا کا اور اُٹھانے والی شرم وحیا کی اور خراب کنندہ بنائے مروت اور مجمع شر و آفت اور قاطع ہمت و حمیت اور باعث خواری و مذلت ہی اور جو کوئی کہ پابند احتیاج کا افلاس اور حرص کے سبب سے ہی بجز اسکے چارہ نہین ہی کہ پردۂ حیا کا اُسکے مُنھ سے اُٹھا لین اور جب کہ رقم الحیاء من الایمان اُسکے ورق حال سے محو ہوا زندگانی منغض ہوئی اور ایذا و آزار مین مبتلا ہوا نگہبان شادی کے رغبت راحت اُس کے ساحت سینہ سے اُٹھا لینگے لشکر غم و فساد مملکت مین استیلا پائے گا شمع خرد اُس کی بے نور ہو جائیگی اور ذہن و کیاست اور فہم و فراست رد جانب قصور پھیرین گے اور منافع تدبیر کے اُسکے حق مین نتیجے مضرت کے بخشینگے اور جوہر امانت کا معرض تہمت و خیانت مین آئیگا گمان نیک کہ دوستون کو اُسکے حق مین قدیم سے ہوگا منعکس ہو جائے گا اور جو کوئی گناہ کرے گا مجرد گمان پر بغیر تحقیق کے خیانت اس کی طرف متوجہ کرینگے اگر کام عقل کا کرے گا تو بھی نسبت حمق کی کرینگے اور جو کام کہ مالدارون کا باعث مدح و ثنا ہوگا وہ اُسکے واسطے موجب طعن و مذمت ہو جائے گا مثلاً اگر مفلس جرأت کرے گا تو دیوانہ کہین گے اور اگر سخاوت کرے گا تو مسرف اور بیہودہ نام

اسرار فقر و درویشی ایک خزانہ ہی خزانہائے خدا سے
۱۲
شرم و حیا بڑی چیز ہی جزو ہی ایمان کا
۱۲
مسرف بیہودہ زیادہ خرچ کرنیوالا
۱۲

رکھین گے اگر در گذرا اور بہ بردباری کرے گا تو بے غیرتی و بے غرتی مین شمار کرینگے اگر دقار
کریگا تو گران جان اور کاہل کہین گے اگر زبان آوری اور فصاحت کریگا بسیار گو لقب کرینگے
اور اگر خاموشی اختیار کریگا تو نقش دیوار سے مثال دینگے اگر کنج خلوت مین بیٹھے گا وحشت
سے نسبت کرینگے اور اگر خندہ روئی اور آمیزش شعار کریگا تو ہزال اور مسخرہ نام رکھین گے
اگر خوردنی اور پوشیدنی مین اندک بھی تکلف کریگا تو تن پرور کہینگے اگر کھانے اور پہننے
مین تکلف گوارا کریگا تو دانہ زرد اور لئیم لقب کرینگے اگر سفر اختیار کریگا تو برگشتہ بخت کہینگے
اگر سب سے ترک کرکے گوشہ کاشانہ مین بیٹھے گا تو آرام طلب اور پست ہمت نام رکھینگے اگر
تجرد اختیار کرے گا نامرد اور سست کہینگے اور اگر کدخدا ہوگا تو بدنفس اور بندہ شہوت
شمار کرینگے حاصل الامر محتاج اہل زمانہ کے نزدیک مردود اور بے قدر ہوتا ہی اور جو حاجت کسی
سے پیش کریگا عیاذاً باللہ حاجت اُسکی روا بھی نہ کرینگے اور جواب سخت دینگے اس حال
مین جو خواری اُسے پہونچیگی منشا اُسکا وہی طمع ہی ذل من طمع یعنی جس نے کہ طمع کی ذلیل ہوا
جبکہ اُس موش نے یہ بات تمام کی کہا مین نے کہ سچ کہا تو نے رائے تیری صواب پر ہی مین نے
بھی بزرگون سے بارہا سنا ہی کہ اگر کوئی شخص ایسا بیمار ہو کہ خیال شفا محال ہوا اور یا ایسی
بلا مین گرفتار ہو کہ نہ روے بازگشتن اور نہ اسباب اقامت میسر ہو یہ سب آسان ہی مگر
افلاس اور تنگدستی سب سے مشکل تر ہی اب یہ سب میرے مشاہدے مین آیا اور یہ کلام تیرا
سراسر حکمت پایا **نظم** ز احتیاج تبر در جہان بلائی نیست ٭ ہیچ وجہ تہیدست را بہائی نیست ٭ بکسیکہ
گشت دلش مبتلاے رنج طمع ٭ بگو بمیر کہ این درد را دوائی نیست ٭ اور اپنے ہمجنس سے کچھ طلب
کرنا موت اس سے ہزار درجہ بہتر ہی بلکہ ہاتھ دہان مار مین کرنا اور اُس سے زہر قاتل اپنے
کھانے کو نکالنا اور شیر گرسنہ کے آگے سے طعمہ لے بھاگنا اور پلنگ خشم آلود سے ہم کاسہ ہونا آسان
ہی مگر حاجت ہمجنسون کے آگے لیجانا اور ذلت سوال کی اُٹھانا یہ مشکل ہی جب کہ بات یہانتک پہونچی
منھ اُس سے پھیرا مین نے اور سوراخ کی طرف آکر دیکھتا کیا ہون کہ اس زر کو ڈرا ہدا اور

مہمان نے باہم قسمت کیا ہی اور زاہد نے حصّہ اپنا ایک خریطے مین کر کے زیر بالین رکھا ہی
اُسوقت طمع خام پھر محرک ہوئی کہ اگر اس مال سے کچھ بھی دستیاب ہو تو قوت روح اور
راحت دل کی عود کرتے ہین اور یارا اور دمساز میری خدمت مین پھر رجوع لاتے ہین اور
مجلس بدستور قدیم آراستہ ہوتی ہے اس اندیشہ مین اتنا توقف کیا کہ زاہد سو گیا اسکے
بعد آہستہ آہستہ متوجہ بالین زاہد ہوا لیکن مہمان ہوشیار اور پختہ کار میرے خیال مین بیدار
تھا جبکہ مین نزدیک پہونچا اُسنے ایک چوبدستی اس طرح ماری کہ اگر بدن پر پڑتی تو استخوان
سرمہ ہوجاتی لیکن وہ ضرب اتنی قریب زمین پر پڑی کہ اُسکے صدمہ سے مین ایسا کوفتہ ہوگیا
کہ پاے کشان سوراخ تک بدشواری پہونچا چند ساعت توقف کیا کہ وہ مال سے دور ہوا بار دیگر
اُسی طمع پر سوراخ سے باہر آیا اُس مہمان نے کہ کمین گاہ مین تھا پھر ایسی ضرب دی کہ مجروح ہوکر
بہزار خرابی سوراخ مین در آیا اور تمام شب اسی جراحت کے رنج مین بسر کی اور خواہش مال
اور طلب دُنیا سے دل سرد ہوگیا اور بموجب اس بیت کے خیال مین گذرا **بیت**

نام ہی زیست تندرستی کا		ہی لقب موت ضعف و سستی کا	

اور بخوبی ذرپیر متحقق ہوا کہ پیش آہنگ سب بلاؤن کی طمع ہی جب تک کوئی قطع دانے کی
نہ کرے گا گردن اُسکی بستہ دام نہو گی **قطعہ** ای برادر طمع مکن زنہار ؛ آدمی را خراب سازد و خوار
و سخن بشنو از ہیچ خواہی ؛ کہ شوے از حیات برخوردار ؛ پاے در دامن قناعت کش ؛ طمع
از مال مردمان بگذار ؛ تعجب ہی اُن شخصون سے کہ راحت بہت سے مال مین سمجھتے ہین یہ نہین
جانتے ہین کہ تھوڑے مال مین بہت آرام ہی اور افسوس ان لوگون کے حال پر ہی کہ توانگری
مال کے جمع کرنے مین تصور کرتے ہین اور اتنا نہین غور کرتے ہین کہ ترک کرنے مین دنیا کے
انسان پایۂ بلند کو پہونچتا ہی **بیت** عزت آن یافت کہ برکند دل از مہر جہان ؛
راحت آن دید کہ او دست طمع باز کشید ؛ القصہ اس حادثے سے ایسا افسردہ
دل ہوا کہ نہال طمع گلشن دل سے اکھاڑ ڈالا انشا خسار رضاے پروردگار سے

میوہ قناعت وست تصور مین لے کر فضلے ایزدی پر راضی ہوا مین اور عنایت پروردگار
سے یہ فائدہ ہوا کہ دنیا نے اس ماجرے کے ضمن مین اپنے خصائص اور معائب
سے مجکو مطلع کیا اگر دیدۂ عقل رشد حرص سے نابینا نہو تو بخوبی ظاہر ہو کہ کون جو وتنخانہ تھا
کہ وہ مسکن گرگ و شغال کا نہوا اور کون سا قصر بلند تھا کہ سیلاب فنا نے جڑ سے کھود
نہ ڈالا اور کسے اُٹھایا کہ نہ گرایا اور کس کے ساتھ محبت کی کہ اُسکا لہو نہ پیا اور کس کے
مُنہ پر دروازہ دولت نے کھولا کہ پھر بند نہ کیا اور اُسکو ہزار رنج و محن مین نہ ڈالا قطعہ
زنی نا حفاظ ست دنیاے دون ٭ کہ ہرگز از و شوہرے برنخورد ٭ کہ بر پایۂ تخت او پا نہاد ٭
کہ از دست او تیغ بر سر نخورد ٭ پس ایسی بیوفا کے واسطے رنج اُٹھانا اور بود و نابود اور
زیان و سود پر ایسی کے غم و غصہ کھانا سراپا جہل و نادانی ہو اس کے بعد خانہ زاہد سے
صحرا کی طرف روانہ ہوا اور اس جگہ کو کہ دیکھا تو نے مسکن اختیار کیا مین نے اسکے بعد
وہ کبوتر کہ مجھ سے دوستی رکھتا تھا جو خدمتگزاری اُسکی کہ مجھ سے ہو سکی عمل مین لایا
تو نے بوادید آشنائی میری اور کبوتر کے طرح دوستی کی بنا ڈالی ہرچند عذر کیا مین نے کہ دوستی
میری اور تیری دور از عقل اور خلاف راے حکما کے ہو اور مثال مدعی سست اور
گواہ چست گذرانی مین نے کہ دوستی موش و زاغ کی عقل سے دور ہو لاکن اصرار تیرا
کم نہوا اور نوبت زاری کی حد سے گذری اور مجھ سے مروت شکنی نہ ہو سکی متوکلاً علی اللہ
دل مین کہا مین نے کہ بیش ازین نیست کہ زاغ اگر بدعہدی کرے گا اور مجھے ہلاک کریگا
پس ایک دن مرنا مقرر ہی سو وہ بھی سواے تعین روز اجل کے کسی کی جرأت نہو سکے گی
کہ ہلاک کر سکے فلہذا جو کچھ تو نے کہا مین نے بدل قبول کیا بعد عہد و میثاق کے تو نے بیان کیا
کہ سنگ پشت میرا دوست ایسا اور ایسا ہی یعنی یہانتک محامد و فضائل بیان کیے کہ ترک
مسکن کو راحت سمجھا مین جبکہ سنگ پشت سے ملاقات ہوئی ہزار چند تیرے بیان سے
زیادہ پایا الحمد للہ کہ میری محنت بجا ہوئی اور احسان تیرا کس زبان سے

ادا کرون کہ تیری بدولت ایسی راحت بے پایان کو پہونچا ہین کہ دُنیا مین کوئی
شادی دوستون کی مجالست کے مانند نہین ہی اور کوئی غم ہمدمون کے غم فراق کے
برابر نہین ہوسکتا ہی یہ ہی سرگذشت میری کہ جو بیان مین آئی اب تمھارے جوار مین
آیا ہون یقین ہی کہ تمھاری صیقل لطف سے میرے آئینۂ دل کا زنگ باقی نہ رہے
سنگ پشت نے جب کہ یہ حکایت استماع کی بساط ملاطفت کو بچھا کے طرح ملایمت کی
آغاز کی اور کہا کون سی سعادت تیرے شرف مجاورت سے موازنہ کرون اور کونسی
مسرت تیری صحبت ملازمت کے مقابل کی جاے جیسا کہ تو اس ناچیز کی دوستی سے خوش
ہی زیادہ اس سے ہزار چند مین تیری ملاقات سے افتخار کرتا ہون جب تک میرا چراغ حیات
صدمۂ ہادم اللذات سے گل نہوگا پروانہ وار تیری شمع جمال پر تصدق رہون گا اور یہ حکایت
کہ بیان فرمائی تو نے اس کے ضمن مین ہزارون پند اور نکات فوائد آمیز مندرج ہین
ایک فائدہ جلیل اسمین یہ ہی کہ تدبیر متاع دنیا اُس قدر کرے کہ بسبت حاجت ابناے جنس
کے روبرو دراز نہو زیادہ اس سے فکر کرنا بیہودگی ہی اور اگر زیادہ ضرورت سے ہوس
کریگا بادیۂ ضلالت مین سرگردان ہوگا اور اُسے وہ پہونچے گا جو اُس گربہ حریص کو
پہونچا موش نے پوچھا کہ قصہ اُسکا کیونکر ہی **حکایت** سنگ پشت نے کہا کہ کہتے
ہین ایک شخص نے بلی پالی تھی اس قدر گوشت کہ غلبۂ گرسنگی فرد ہو جاتا تھا راتب اُسکا
مقرر کردیا تھا سو بجا لاتا تھا مگر اُسکو غلبۂ اشتہا و حرص سے قناعت نہ تھی تلاش سے
ہاتھ کوتاہ نہ کرتی تھی ایکدن کسی کبوتر خانے مین گذر ہوا کبوترون کی صداے دلآویز
سے گربہ از خود رفتہ ہوگئی اور آپ کو اُس برج یعنی + کھوہ مین ڈالدیا کبوترون کے
نگہبان نے اُسے گرفتار کرکے مار ڈالا اور پوست اُسکا تن سے جدا کرکے اور بھُس بھر کے
کبوتر خانہ کے دروازے پر لٹکا دیا اتفاقاً ایک گربہ اس طرف سے گذرا دیکھا کہ گربۂ حریص
کا یہ حال ہی کہا کہ ای حریص بے خبر اگر اس قدر گوشت پر قناعت کرتی تو پوست گوشت سے

کیون جدا ہوتا اس مثل کا فائدہ یہ ہی کہ اُسکے بعد جو اللہ تعالیٰ قوت بقدر سد رمق عطا
فرمائے اور ایسا سوراخ کہ گرما اور سرما کو کفایت کرے اور خوف دشمن سے امین رکھے اب اسپر
قناعت کر اور جو مال کہ ضائع ہوا ہی زنہار غم اسکا نہ کر بیت غم دنیا مخور کہ بیہودہ است ؛
ہیچکس در جہان بیاسودہ است ؛ اور ہر کسی کا شرف کمال سے ہی نہ مال سے جو شخص کہ ہنر سے
آراستہ ہی اگرچہ تھوڑی بضاعت رکھتا ہو پر ہر جگہہ عزیز و مکرم ہوگا شیر اگرچہ بستہ زنجیر ہو پر
اُسکی مہابت کم نہین ہوتی ہی اور توانگر بے ہنر ہمیشہ ذلیل و بیقدر سگ کے مانند ہی ہر چند
طوق اور خلخال سے زینت دیجاے ہر کسی کی نظر مین ناپاک اور بیقدر رہی اب فکر کربت و غربت
دل سے دور کر اور ہجرت مسکن و وطن کا خیال دل مین نہ لا کہ عاقل جہان جائیگا ہر کسی کے دل مین
گھر بنائیگا اور جاہل بے ہنر اگرچہ وطن مین ہی بدتر غربت سے ہی کہ کسی کو التفات اُسپر نہوگا اور
مال دنیا سخت بے اعتبار ہی کہ آنا اور جانا اُسکا دونون صورتون سے عقلا کی نظر مین اعتبار نہین
رکھتا ہی حکما نے لکھا ہی کہ چھ چیزون سے امید بقا اور توقع ثبات کی نہ رکھا چاہیے پہلے سایہ
کہ چشم زدن مین اپنی جگہہ سے گذر جاتا ہی دوسرے دوستی غرض کی کہ تھوڑے سے سبب مین
زائل ہو جاتی ہی تیسرے دوستی عورت کی کہ اندک باعث مین بدتر دشمن سے ہوجاتی ہی چوتھے
جمال خوبصورت کا کہ ذرا سے عارضے مین متغیر ہو جاتا ہی پانچوین ستایش دروغگو کی کہ مطلق
فروغ نہین رکھتی چھٹے مال و دولت دنیا انجام اسکا بے ثبات ہی اور کبھی اپنے خداوند سے طریق
وفا پایان کار کو نہین پہونچاتی ہی عاقل وہ ہی کہ حصول مال دنیا پر چندان خوش نہو اور جانے پر
مطلق غم نہ کرے کہ اہل بصیرت کے نزدیک تمام متاع دنیا برگ کاہ سے کمتر نظر آتا ہی پس ایسے
بے مقدور کی طلب مین عمر عزیز کو برباد کرنا محض بیخبر دی ہی بلکہ ہمت اپنی نقد قناعت پر
صرف کرے اور تحصیل اسباب آزادی مین سعی تمام بجا لائے اور متاع دنیاے دون کو بیقدر
جانے اور حاصل ہونا اور فوت ہو جانا ان دونون صورتون کو ایک بازی طفلانہ سمجھے
بموجب قطعہ گر جہانے زدست تو برود ؛ مخور اندوہ آن کہ چیزی نیست ؛ عالمے نیز اگر

بعیم رت مبنی بینائی ... مغم اور ... ہر

بدست آید ٭ ہم مشو شاد مان کہ چیزے نیست ٭ اور فی الحقیقت اپنا مال وہی ہو کہ اپنے
جانے سے پہلے اُس جہان کو پہونچ رہے اور متاع اپنی اُسے جانے کہ عالم آخرت مین ذخیرہ ہو رہے
بلکہ کردار نیک اور گفتار پسندیدہ وہ مال ہو کہ نہ فانی ہوتا ہو اور نہ کوئی اُسے چھین سکتا ہو اور
حوادث روزگار اور گردش لیل و نہار کو اُسمین تصرف نہین ہوتا ہو اور مال دُنیا ایک طرف
بلکہ حیات دُنیا کا بھی یہی حال ہو کہ یک ناگاہ پیک اجل وارد ہوتا ہو اور اسوقت فرصت
دم لینے کی نہین دیتا ہو تا خبر گیری مال و منال چہ رسد چنانچہ اسی مضمون کے حسب حال گویا نے
کہا ہو شعر زبان حالتی ہو گویا آج کچھ ذکر خدا کرلے ٭ اجل آئی تو پھر ہرگز نہ دیگی بات کی
فرصت ٭ اور حال اس سریع الزوال کا یہ ہو کہ یا تھوڑے سبب سے خود فوت ہوجاتا ہو
یا اند کے درنگ ہو تو خود صاحب مال ہلاک ہوتا ہو اور بہ مجرد دم نکلنے کے اور مالک ہوجاتا ہو
بس ایسے بیوفا سے دل لگانا زیادہ اس سے ابلہی نہین ہو وائے اُن لوگون پر جو اُسکے مبتلا
ہین اور خوش حال اُنھون کا کہ جنھون نے اُسکو بیقدر جان کے پشت پا ماری ہو ہر بندہ خدا
کو چاہیے کہ ہوشیار رہو جاوے اور شیطان کے فریب سے عمر عزیز کو بچاوے لمولفہ بیت
فرصت نہین کہ غنچہ منقار کھل سکے ٭ ہون عندلیب کس چمن بے ثبات کا ٭ اگرچہ تو میری
نصیحت سے بے نیاز ہو اور منافع اور مضار اپنے خوب پہچانتا ہو لیکن مین نے چاہا کہ مین
بھی حق دوستی اپنی عقل ناقص کے موافق ادا کرون آج سے تو میرا دوست اور برادر ہے
جو کچھ مواسا اور مدارا میرے امکان مین ہو اسمین راضی بقصور نہونگا اگر بہ فرض محال
تیری طرف سے بے اتفاقی بھی ظہور کریگی پر او مجھ سے سواے اخلاص اور بات نہوگی اور
اگر تو ترک میرا اختیار کریگا پر مین تجھ سے کنارہ نہ کرونگا حتی کہ تو دلشکنی بھی میری کرے گا
پر مین عہد شکنی ہرگز نہ کرونگا جب کہ سنگ پشت نے یہ باتین تمام کین زاغ نے ملاطفت
سنگ پشت کی موش کے حق مین سُنی خوش ہوا اور کہا کہ اے برادر تجھے خوش کیا تو نے خدا
تجھ سے خوش ہو سچ ہو کہ تجھ سے بہتر اس زمانے مین دوست یکرنگ پیدا نہ ہوگا اخبار مین

آیا ہو کہ ایک شخص دوست رکھتا تھا ایک شب اس دوست کے دروازے پر آیا اور
آواز دی اُس بزرگ نے قیاس کیا اس وقت کا آنا بے سبب نہین ہو فکر دور دراز مین
پڑا بعد تامل بسیار ایک توڑا درہم کا ہاتھ مین لیا اور شمشیر حمائل کی اور کنیز حسینہ سے
کہا کہ شمع ہاتھ مین لے کے آگے چل جب کہ دروازہ کھولا معانقہ کیا اور کہا کہ اے دوست تیرا آنا
اس شب تاریک مین تین صورت پر میرے خیال مین آتا ہو ایک یہ کہ احتیاج مال کی کچھ
ہوئی ہو یا دشمن جانی نے غلبہ کیا ہو یا تنہائی ملال کا باعث ہوئی ہو اس لیے مین تینون
چیزین مہیا کر کے حاضر ہوا ہون اگر حاجت مال کی ہو تو یہ توڑا حاضر ہو اگر اور مدد چاہتا
ہو تو بندہ مع شمشیر آبدار موجود ہو اور اگر خادمہ کی حاجت ہو تو کنیز خوش رو روبرو ہو
بیت جو ہو فرمان ترا تابع فرمان ہون مین + ہدیہ مقبول ہو تو بندۂ احسان ہون مین +
دوست نے عذر کیا کہ ہرگز کوئی حاجت نہین ہو فقط تیرا اشتیاق لایا ہو اسکے بعد استحکام محبت
نے ایک سے ہزار درجہ پر ترقی پائی مرد کریم اگر گرداب حوادث مین گرفتار ہو تو بجز سخاوت
اور ارباب کرم کے کوئی اُسکا دستگیر نہین ہو سکتا ہو جیسا کہ ہاتھی دلدل مین پھنس جائے تو
ہاتھیون کے بغیر کوئی اسے نکال نہین سکتا ہو شاید موش کی جانب سے تجھے رنج بھی پہونچے تو بھی
دل تنگ نہین ہونا کہ عاقل ہمیشہ عالی ہمتی کو کام فرماتے ہین بلکہ بدی کا عوض بھی نیکی سے کرتے
ہین اور ذکر جمیل اُنھین لوگون کا زمانہ دراز تک باقی رہتا ہو **بیت** دنیا مین ہو جسکا نام زندہ
لاریب وہ ہو مدام زندہ + اور جسکی دولت مین کہ محتاج شریک نہ ہون کریمون کے زمرے مین
شمار نہ کیا جائیگا اور جسکی زندگانی کہ بدنامی مین بسر ہو وہ زندہ نہین ہو بلکہ بدتر از مردہ ہو
بقول سعدی علیہ الرحمۃ **بیت** سعدیا مرد نکونام نمیرد ہرگز + مردہ آنست کہ نامش
بنکوئی نبرند + زاغ سنگ پشت کے ساتھ اس گفتگو مین تھا کہ ایک آہو دور سے نمودار ہوا
اور کمال جلدی سے دوڑتا آتا تھا گمان یہ ہوا کہ کوئی شکاری درپے ہو سنگ پشت نے
اس اندیشے سے پانی مین جست کی اور زاغ درخت پر جا بیٹھا اور موش سوراخ مین در آیا آہو

ایکبار قریب پانی کے آکے نزار کھڑا ہوا اور زاغ ہر جانب کو نظر کرتا کون اُس آہو کے پیچھے
آتا ہی جبکہ کوئی نظر نہ پڑا زاغ نے آواز دی کچھوا پانی سے اور چوہا سوراخ سے باہر آیا سنگ پشت
نے دیکھا کہ آہو بجو اس پانی کو دیکھتا ہی مگر پیتا نہین ہی سنگ پشت نے آہو کی تسلی کی یہ جگہ
خوف کی نہین ہی اگر تشنگی ہی تو پانی پی اگر کچھ حادثہ ہی تو بیان کر اور اتنا مضطر نہ ہو آہو نے
کہا کہ اکثر کماندار میری فکر مین رہتے ہین اس لیے اندک شبہے سے بھی مین دور بھاگ جایا کرتا
ہون آج ایک بڈھا میرے لیے بہت تدبیرین کر رہا تھا اُسکا خوف ازبس غلبہ لایا سمجھا مین
کہ یہ کسی حیلے سے ضرور گرفتار کرے گا اس اضطراب سے بھاگ کے یہان تک پہونچا ہون
کچھوے نے کہا کہ اب ہرگز اندیشہ نہ کر کہ یہان ہرگز صیاد کا گذر نہین ہوسکتا ہی بلکہ تیرا دل
چاہے تو ہماری صحبت قبول فرما لے اپنے دائرۂ دوستی مین تجھے بھی داخل کرین کہ ہم تین
شخص ہین چار ہو جائین کہ از زمین تا آسمان کوئی چیز چار رکن کے سوا مضبوط نہین ہوتی ہی
اور اکابر نے بھی فرمایا ہی کہ دوست جس قدر زیادہ ہون ہجوم بلیات کا کمتر ہوتا ہی
اور پسندیدۂ عقلا بھی ہی کہ دوست اگر ہزار ہون کم ہین اور دشمن اگر ایک بھی ہو تو
بہت جانے **بیت** دوستی را ہزار کس شاید دشمنی را یکے بود بسیار ✤ اس کے بعد
موش اور زاغ بھی کلمات ملائم سے پیش آئے آہو نے دیکھا کہ یاران لطیف طبع اور
مصاحبان پاکیزہ خصلت باہم آمیزش دلی رکھتے ہین اُس نے بعد مواثیق دلخواہ اُسی
مرغزار مین قرار پکڑا یارون نے آہو کو نصیحت کی کہ اس چراگاہ سے قدم باہر نہ رکھنا اور
اس چشمے کے سوا کہ جگہ امن و امان کی ہی دور کا ارادہ نکرنا آہو نے قبول کیا اور بایکدیگر اوقات
بسر کرتے تھے ایک روز موافق عادت ہر روزہ کے سب کے سب یکجا ہوے آہو کو نہ دیکھا بعد انتظار
بسیار ان تینون کو اضطرار ہوا زاغ سے التماس کیا کہ تو جلد پرواز کر کے خبر لے کہ آہو کو کیا حادثہ پیش
آیا اور کدھر گیا زاغ تھوڑے عرصے مین خبر لایا کہ آہو اسیر دام صیاد ہوا سنگ پشت نے موش سے
کہا کہ اس حادثے مین تیرے سوا مشکل کشائی آہو کی کوئی نہین کر سکتا ہی جلدی کر کہ وقت ہاتھ سے

نہ جائے موش زاغ کی راہبری سے آھو تک پہونچا اور کہا کہ ای برادر کیا پیش آیا کہ تجھسا عاقل
اس بلا مین گرفتار ہوا آھو نے کہا کہ تقدیر الٰہی کے مقابلے مین تدبیر کیا کام آتی ہی موش نے کہا
کہ سچ ہی اسکے بعد جلد جلد پھندے جال کے کاٹنے لگا اس عرصے مین سنگ پشت بھی تعلق صحبت سے
کشان کشان آھو تک پہونچا اور دل کا کلال و ملال بیان کیا آھو نے کہا ای یار تیرا آنا اس
مقام پر میرے حادثے سے بھی دشوار تر ہی کہ اگر موش بند میرے کاٹے اور صیاد آپہونچے تو جست
کرکے بھاگ سکتا ہون اور زاغ پرواز کریگا اور موش سوراخ مین در آئیگا مگر تجھے نہ دست مقاومت
اور نہ پیروی ستیز اور نہ سر مخالفت اور نہ پاے گریز یہ کیا کیا تو نے اور کیون ہماری حیرانی دوبالا
کی سنگ پشت نے کہا کہ کیونکر نہ آتا اور میدان محبت مین پھر کس طرح قدم رکھتا امر محبت مین مجبور
ہون اور اگر تجھ سے یار کے واسطے جان بھی جائے خوش ہون کہ میرا نام وفادارون مین
لکھا جائیگا اب شکر کی جا ہی کہ اللہ تعالیٰ نے تیری نجات کا سبب پیدا کیا قریب ہی کہ تو
اس بلا سے فراغت پائے اور ساتھ یاران ہمدم کے اپنی منزل کو معاودت کرے سخن نا تمام
تھا کہ صیاد نمودار ہوا مگر موش سب بند کاٹ چکا تھا کہ آھو نے جست کی اور زاغ اڑا اور
موش ایک سوراخ مین جا چھپا مگر سنگ پشت اسی جگہ رہگیا کہ صیاد قریب دام کے
آپہونچا افسوس کرتا تھا اور چپ و راست دیکھتا تھا کہ یہ بند کس نے کاٹے کہ نظر سنگ پشت
پر پڑی باوجود کہ حمیت صیادی کے خلاف ہی اسی وقت سنگ پشت کو پکڑ کے توبڑے مین
بند کیا اور پشت پر رکھ کے راہ شہر کی لی اس کے جانے کے بعد یہ تینون جمع ہوے معلوم ہوا
کہ سنگ پشت کو باندھ کرلے گیا نہایت اندوہ مین مبتلا ہوے اور نالہ و فریاد کرتے تھے
زاغ نے کہا کہ اس نالے اور زاری سے سنگ پشت کے واسطے کچھ فائدہ نہ ہوگا تدبیر صائب
کرنی چاہیے کہ اسکی نجات کی صورت ظہور مین آئے بزرگون نے کہا ہی کہ امتحان
چار گروہ کا چار جگہ پر ہوتا ہی حال اہل شجاعت کا جنگ کے وقت کھلتا ہی
اور اہل امانت وادستد کے وقت پہچانا جاتا ہی اور مہر و وفا زن و فرزند کی

تنگدستی کے وقت اور حقیقت دوستون کی نکبت اور مشقت مین معلوم ہوتی ہے موش
نے کہا کہ اے آہو ایک حیلہ میرے خیال مین گذرا ہے کہ تو صیاد کے نزدیک جا کے اس طرح
لنگ کرتا ہوا زار و ضعیف بن کے آگے آگے چل کہ وہ سمجھے یہ مجروح ہے اور زاغ تیری پشت پہ
آواز دے جیسا کہ زخمیون سے نزاع کرتے ہین جب کہ صیاد کی آنکھ تجھ پر پڑیگی مقرر
سمجھیگا یہ زخمی ہے وہ پشتارہ سنگ پشت کا رکھکے تیرا تعاقب کریگا جب کہ نزدیک
آپہونچے اُس وقت لنگ کرتا ہوا اس طرح آہستہ چل کہ وہ تجھ تک نہ پہونچے اور اتنا بھی
نہ بھاگ کہ نا امید ہو جاے یون ہی تیرے تعاقب مین وہ دور نکل جائیگا اس عرصے مین
اگر اللہ نے چاہا تو مین بند توبڑے کے کاٹ کے سنگ پشت کو کسی غار مین لے چھپونگا
سب نے راے صواب اندیش پر موش کی آفرین کی اور آہو اور زاغ اسی نوع سے
کہ بات مقرر ہو چکی تھی صیاد کو نمودار ہوے صیاد خام طبع کو یقین ہوا کہ آہو زخمی ہے جو زاغ
اسکے گرد پھر رہا ہے یہ بدلا میرے آہوے گم گشتہ کا حاصل ہوا توبڑا سنگ پشت کا دوش سے
اُتار کے زمین پر رکھا اور تعاقب مین آہو کے چلا موش فی الحال توبڑے کے بند کاٹ کے
سنگ پشت کو لے بھاگا اور ایک امن گاہ تک جا پہونچا جب کہ عرصہ بہت ہوا اور صیاد
گرفتاری آہو سے مایوس ہوا توبڑے کی طرف پھرا یہان توبڑا کٹا پایا اور نشان سنگ پشت
کا بھی نہ ملا متحیر اور سرگردان تھا کہ اوّل آہو کے بند دام کٹے پائے پھر آہو مجروح اسطرح
ہاتھ نہ آئے اور پھر توبڑا کاٹ کے سنگ پشت بھاگ جائے یہ بات اسرار سے خالی
نہین ہے غالبًا یہ زمین جنات اور پریون کا مسکن ہے یہان سے بھاگا چاہیے وہی توبڑا
کٹا اور جال پھٹا بغل مین داب کے بھاگا اور یہ دعا کرتا تھا کہ الٰہی اگر اب اس سے
تو بچا دے تو پھر اس میدان کے شکار کا حوصلہ نہ کرونگا بلکہ اور صیادون کو دوستانہ
منع کرونگا کہ کبھی شکار اس میدان کا نہ کرین جب کہ صیاد اپنے مکان پر پہونچا
اور یار و آشنا جمع ہوے یہ حکایت سب سے کہی اور حد سے زیادہ مبالغہ کیا

کہ کوئی اس طرف کو نجائے یہ منشا اتفاق کا تھا کہ آہو اور سنگ پشت یون
بچ گئے اور آیندہ کو صیاد ادھر کے آنے سے باز رہے قطعہ رشتہ تا یکتاست آن
راز وزرا ئے بگسلد * چون دو تا شد عاجز آید از گسستن زال زر * گل کہ تنہا بوئی
آخر خشک گرد و زود باغ * در شکر تنہا خوری ہم گرم گرداند جگر * زین دو تنہا ہیچ قوت
یا بد اندر جان و دل * قوت جان را و دل را گل شکر بہ گلشکر * یہ ہے حکایت موافقت
دوستان با وفا کی اور داستان معاضدت ہمنشینان با صفا اور صدق و مودت
ایام دولت و نکبت اور رعایت محبت ہنگام راحت و محنت اور ادائے حقوق
صحبت ہنگام نعمت و شدت کی اور جن لوگون مین کہ نوائب ایام و حوادث زمانہ
مین اخلاص تمام سے دلبستگی رہی اُنھون نے برکت اور امداد یکدگیر سے ورطہ ہلاکت
سے خلاصی پائی ہے اور اُسکے بعد فراغ خاطر سے مسند معاشرت پر خوش حالی تمام
سے تمام عمر متمکن رہے ہین خرد مند کو چاہیے کہ نور عقل اور صفائے فکر سے اس حکایت
مین تامل کرے اور نکات اور باریکیان اسکی دیدۂ دل سے دیکھے کہ جانوران ضعیف
رائے کو ان کامون سے کیا ثمرات پسندیدہ اور نتایج برگزیدہ حاصل ہوے ہین اور
انسان کہ اشرف المخلوقات ہے اگر ابنا سینہ بے کینہ کرکے باہم اتفاق کرین بھلائیان
کس درجہ ظہور کرین اور اساس محبت کو اگر اس قانون سے مضبوط رکھین اور صفائے
باطن سے انجام تک پہونچائین تو کیونکر فوائد کل سے برخورداری نپائین مثنوی

صحبت آن کن کہ بصدق و صفاست	دامن او گیر کہ اہل وفاست
میل کسے کن کہ وفا یت کند	جان سپر تیر بلا یت کند

باب چوتھا ملاحظہ کرنے مین احوال پر دشمنون کے اور نڈر نہ رہنے مین اُنکے مکر و حیلے سے

زال بکسر لام بامضافت بمار اسم بامعتبار عرفی چہرہ و سپیدی مو ۱۲
گلشکر بمعنی گلقند سعدی گوید ع در زبان خشک شیرین خوری گلشکر سود ۱۲
معاضدت بفتح ضاد مدد کردن با یکدیگر
نوائب جمع نائبہ بمعنی مصیبت ۱۲

راے نے برہمن سے کہا کہ داستان دوستان صادق اور مصاحبان موافق کی سُنی مین نے
اور یہ نتیجہ اُنکے اتفاق اور یکجہتی کا معلوم ہوا **بیت** ہر کہ را یار وفا دار بود غم نبود
ہر کہ را یار نباشد دل خرم نبود * موافق اس کے مؤلف کہتا ہی **بیت** بن ترے
فردوس مین بھی دل مرا خرم نہین * نخل طوبیٰ نخل ماتم سے مجھے کچھ کم نہین * اب امید
یہ ہی کہ ازراہ عنایت مثال دشمن کی بھی فرمائیے کہ اسکے فریب سے کس طرح اجتناب
کرے اور اُسکی تواضع اور تضرع پر کیا کرے کہ مضمون چوتھی وصیت کا یہ ہی کہ عاقل
دور اندیش دشمن پر اعتماد ہرگز نہ کرے کہ کسی طرح دشمن اصلی دوست نہین ہوتا ہی
بموجب **بیت** ز دشمن دوستی کردن چنان است * کہ یکجا جمع کردن آب و آتش *
حکیم بیدپا نے فرمایا کہ خردمند کو لازم ہی کہ کلام دشمن پر کبھی التفات نہ کرے اور اُسکی متاع
نفاق آلود کو ہرگز خرید نہ کرے کہ دشمن دانا اپنی صلاح کے واسطے کمال لطف سے مطلب
ظاہر کرتا ہی اور ظاہر کو نجابت باطن آراستہ بناتا ہی اور اس حیلے کے ضمن مین فکر ہاے
دور دراز مد نظر رکھتا ہی پس عاقل دوربین کو چاہیے کہ جس قدر دشمن سے تلطف اور
مدارا دیکھے زیادہ تر بدگمانی اور خویشتن داری مین مبالغہ کرے اور ہر چند دشمن قدیم
ملایمت آگے بڑھاے وہ دامن موافقت کو کوتاہ کرے اگر اندکے غافل ہو جائیگا تو دشمن
ہمیشہ مترصد قابو اور وقت کا رہتا ہی یقین ہی کہ تیر تدبیر ہدف مراد کو پہونچاے اُسوقت
ندامت اور تدارک سے فائدہ نہوگا اور اُسے وہ پہونچے گا کہ جو زاغ سے بوم کو پہونچا
دابشلیم نے پوچھا کہ یہ حکایت کس طرح پر ہی **حکایت** زاغ و بوم برہمن نے کہا کہتے ہین کہ
ایک ولایت مین ایک کوہ تھا از بس مرتفع اور باغبان حکمت نے اُسپر ایک ایسا درخت
بلند پیدا کیا تھا کہ اُسپر ہزار زاغ کے آشیانے تھے ان مین پیروز نامے زاغ بادشاہ اُن
سب زاغون کا تھا ایک شب بومونکا بادشاہ عداوت قدیم کے سبب سے شبخون اُس
گروہ پر لایا اور اس شب تار مین خرمن حیات زاغون سیہ کردار کا آتش کارزار سے

جلا دیا اور مظفر و منصور اور خرم و مسرور اپنی قرار گاہ کو پھر گیا دوسرے دن غراب سیاہ
بال شب نے جبکہ منھ آستانہ مغرب کو کیا اور خیل ستارگان مانند زمرۂ بومان گوشۂ خلوت
مین متواری ہوا اور اختر عالم افروز نے تیغ درخشندہ نیام مشرق سے کھینچی پیروز نے لشکر
بقیۃ السیف کو جمع کیا اور حکایت لشکر بوم درمیان مین لا کے کہا کہ شبخون اور دلیری
بومون کی دیکھی تم نے اس سے بھی زیادہ انکی جرأت اور دلیری ہے اور جیسا کہ یہ قوم زاغون
کی ایذا رسانی مین جرأت رکھتی ہے محتاج بیان کی نہین ہے اور اب تو یہ ہمارے ماوا اور مسکن
اور حرب اور ضرب سے خوب مطلع ہو گئے اور اس فتحیابی نے اور بھی ان کی دلیری کردی
غالب ہے کہ پھر جلد وہ ہمارا قصد کرین اور پہلے سے بھی دست برد پر کار ظہور مین لائین
اور یقین ہے کہ ابکی بار ایک کو زندہ و سلامت نہ چھوڑین اس کام مین تامل کرو اور
غور تمام سے کچھ ایسی تدبیر بر روے کار لاؤ کہ دفع دشمن اس سے متصور ہو والا بموجب
بیت کے دیکھو گے جو کچھ کہ دیکھو گے بیت آج کر تدبیر دشمن تا نہو دشوار کل +
گربہ کشتن روز اول ہے مثل استاد کی + جبکہ پیروز نے یہ بات تمام کی پانچ زاغ جوان
کہ سب زاغون سے عقل و حکمت اور فراست و مصلحت مین برگزیدہ تھے آگے بڑھے
اور بعد اداے دعا شاہانہ عرض کیا کہ جو کچھ کہ بادشاہ نے فرمایا سراپا حکمت ہے اور اسرار
بسیار اسمین مندرج ہین لیکن بغیر خوب سمجھے ہم کیا عرض کرین بادشاہ نے کہا کہ مجھے
تمھاری راے پر ہمیشہ سے اعتماد ہے اور آج دن امتحان کا ہے جو جواہر کہ درج ضمیر مین
ذخیرہ رکھتے ہو رشتہ بیان مین کھینچو اور جو نقد کہ دار الضرب خاطر مین جمع ہے سکہ خانہ
امتحان سے بازار ظہور مین لاؤ زاغون نے زبان ثنا کھولی اور یہ اشعار مولف کے
پڑھے اشعار الٰہی تا رہے گلزار خلد و باغ جنان + چمن مین پھرتی رہے جب تلک
نسیم بہار + شہا بہ حشمت و اقبال و شوکت و اجلال + ترا مدام رہے تخت و تاج
جاہ و وقار + راے عالی اسبات مین جو کچھ تجویز کریگی وہی بہتر ہوگا اور جو کچھ کہ ہم عرض کرینگے

زیادہ اس سے خاطر خداوندی پر روشن ہوگا اور کیا چیز ہی کہ ہم جانتے ہون گے
ہزار چند زیادہ اُس سے فوج دانش شہنشاہی پر مرتسم ہوگا لاکن بحکم المامور معذور جو کچھ
ارشاد ہوا بقدر وسع عقل ناقص کے عرض کیا جائیگا بادشاہ نے اُن مین سے ایک سے
کہا چارہ دفع دشمن کیا ہی اُس نے کہا کہ ای بادشاہ عقلاے سلف اس طرح کے کام کے
حیلے یون فرماتے تھے کہ جب مقابلہ دشمن قوی سے عاجز آئے تھے تو مولد و مسکن سے فرار کرکے
ترک ملک و مال اختیار کرتے تھے کس لیے کہ جنگ مین خطر عظیم ہی خصوصًا اُس دشمن سے کہ
مالش معقول دے چکا ہو پس ایسے دشمن سے کہ حرب ضرب جسکی اپنی فوج کے دلون پر اثر کر گئی ہو
اس سے ارادہ محاربے کا کرنا گذرگاہ سیل پر خوابگاہ بنانا ہی بموجب بیت کے **بیت**
جو غالب ہو چکا ہو لڑنا اُس سے ٭ مثل سچ ہی زور رائیتو ان زد ٭ بادشاہ نے مُنھ دوسری
طرف پھیرا اور کہا کہ تو کیا اس کام مین مصلحت دیتا ہی اُس نے عرض کیا جو کچھ وزیر سابق نے
کہا میری راے اس کے خلاف ہی کیونکہ اول حملہ دشمن مین مولد و مسکن چھوڑنا ارباب خرد
کے نزدیک موجب بے ناموسی اور باعث بے ہمتی ہی شیر مرد زن کو اندک زخم مین از جا رفتہ
ہونا کمال بے ننگی ہی بہتر یہ ہی کہ ہم استعداد حرب کی شوکت تمام سے پیدا کرین اور جنگ معقول
بر روے کار لائین دیکھین کہ زمانہ کس سے بازی کرتا ہی اور کسکے خواری مین ڈالتا ہی ای
شہریار بادشاہ کامگار تب عروس مملکت کو زیب کنار کرے گا کہ پہلے بوسہ دم تیغ آبدار
کا لیگا **بیت** عروس ملک کسے در بغل بگیرد تنگ ٭ کہ بوسہ بر لب شمشیر آبدار زند ٭
اور اُس وقت ساغر راحت لب مراد شہنشاہ کو پہونچے گا کہ پیمانہ تمناے دشمن کو
سنگ ظفر سے توڑ ڈالے گا اور نمک خواران قدیم پر واجب ہی کہ پاے استقلال ایسا
مضبوط معرکۂ دشمن مین گاڑین کہ چہرۂ نصرت میدان غبار سے نظر امید مین نمایان
ہووے اور سلاطین نامدار پر لازم ہی کہ روز جنگ اور وقت نام و ننگ کے عواقب
امور پر التفات نہ کرین بلکہ ہنگام نبرد جان و مال کو بے قدر سمجھین بادشاہ نے

منہ تیسرے کی طرف کیا کہ تیری راے کیا اقتضا کرتی ہو اُس نے عرض کیا کہ میری راے
اسپرہی کہ جاسوسان عاقل اخبار دشمن کے واسطے مقرر کیے جائین تا حال اور مصلحت اُنکی
ہر دم دریافت ہوتی رہے اگر باج وخراج لینے پر راضی ہون اور صلح قبول کرین تو ہم بھی
صلح کرین اور بقدر مقدور خراج دباج دیکر وطن مالوف مین پڑے رہین تا آفت شبخون
اور محنت جنگ سے امان پائین کیونکہ جب غلبہ دشمن رعیت وسپاہ کے دل مین متمکن
ہو جاے اور معرض تفرقہ وہلاکت مین سب گرفتار ہو جائین اُس جگہ سواے مکر وحیلہ
کے کار برآری دشمن سے دشوار ہی اس حال کے وقوع کے بعد کہ جو ندکور ہو چکا ارادہ
جنگ کا دشمن قوی سے دور از دانشمندی ہی بموجب **مصرع** زمانہ با تو نسازد تو با زمانہ
بساز ؂ بادشاہ نے وزیر چارم سے کہا کہ تو کیا کہتا ہو اُس نے کہا کہ ای شہریار میرے
نزدیک ترک ملک ومال اس سے بہتر ہے کہ وہ شخص کہ ہمارے زیردست تھے اُن سے
التجا کرنا اور خراج کا حرف زبان پر لانا اور اُن سے ملتجی ہونا اور بے ناموسی گوارا کرنا
بدتر از مرگ ہی اور اگر خراج پر وہ راضی نہ ہون یا اس قدر طلب کرین کہ ہم سے نہو سکے
تو بجز ذلت کے کیا حاصل ہوگا اس سے جنگ ہزار بار اولے ہی **بیت** مردہ بودن بزیر
سنگ اندر ؂ بہ کہ زندہ بزیر سنگ اندر ؂ بادشاہ نے وزیر پنجم سے کہ کارشناس نام رکھتا
تھا کہا مجھے تیری راے عالم آراے پر اعتماد کلی ہی بتا کہ جلا روطن اور باج وخراج کون
بات پسند کرتا ہی کارشناس نے عرض کیا کہ جلا روطن اور باج وخراج دنیا یہ امر تو نہایت
ناپسندیدہ ہو اور حالت اضطرار مین جنگ بھی اختیار کرنا نہ چاہیے کیونکہ وہ
ہماری لڑائی پر دلیر ہو گئے ہین اور ہمارا لشکر ان کی لڑائی سے زبون ہو چکا ہو اور
اُن کی قوت وشوکت آج ہم سے بہت زیادہ ہی حاصل یہ کہ میرے نزدیک
بالفعل جنگ مناسب نہین ہی اور اُدھر بھی دانا ہین جتے الوسع جنگ مین
تعجیل نہ کرین گے کہ دانا جنگ سے پرہیز کرتے ہین اور سبب اُسکا یہ ہی کہ جنگ

کا نتیجہ قتل نفوس ہی اور وبال اُسکا عنداللہ بہت اور عوض اُسکا ممکن نہین ہی
بادشاہ نے کہا کہ جلا رو طن اور صلح نہ کرین اور جنگ بھی نہ کرین اور باج وخراج
بھی نہ دین تو کیا کیا جائیگا کارشناس نے عرض کیا کہ اس کام مین تامل ہو اور
نشیب و فراز اس عقدہ لاینحل کا قدم تفکر سے پیمایش کی جاے بادشاہون کو راے صائب
اور تدبیر درست سے وہ کام حاصل ہوتا ہی کہ خزینہ و دفینہ بسیار سے وہ میسر نہین آتا
ہی اور اس کام مین اصل راے بادشاہ کی اور مشورہ وزیرون کا محض واسطے
قوت خرد بادشاہ کے ہی جیسا کہ دریاے کلان کو چشمہ ہاے خرد سے مدد پہونچتی رہتی
ہی اسی طرح راے بادشاہ کو اندک راے زنی سے وزرا کی بعضی بات نئی نکل آتی ہی
نظم ای آفتاب اوج سپہر سروری ٭ ہی ذرہ تیرے سامنے خورشید خاوری ٭ نوشیروان
کہ عدل مین مشہور خلق ہی ٭ سیکھا ہی تجھ سے قاعدہ عدل گستری ٭ لیکن بادشاہ
نے جو مجھے اس مصلحت مین مختار کیا ہی اس لیے خلوت مین ایک بات عرض کرونگا
جیسا کہ بندہ مانع جنگ کا ہی اسی طرح تذلل اور التجا سے بھی کارہ ہی اور قبول خراج
وغیرہ سے بھی سخت عار رکھتا ہی جسمین کہ بزرگ ہمارے ننگ کرتے تھے اُسمین گردن جھکنی
بڑی شرم کی بات ہی **بیت** خصم را گردن نہادن خوار سازد مرد را ٭ مردن اولی تر
ازین بے اعتباری زیستن ٭ اور مرد صاحب ہمت زندگانی واسطے بقاے ذکر مطلبہ عالی
کے چاہتے ہین اور نعوذ باللہ اگر کوئی امر یا سبب بدنامی کا لاحق ہو تو کوتاہی
عمر کو ہزار زندگانی سے عزیز سمجھتے ہین میرے نزدیک شہریار کو اظہار عجز و بیچارگی
بہت نازیبا ہی اور جو کوئی کہ زبونی قبول کرتا ہی دروازے ہلاکی کے ہر طرف سے اُسپر
کھلتے ہین اور راہ امان کی بند ہو جاتی ہی **بیت** معرکے مین ہو نہ عاجز اپنے
دل کو رکھ دلیر ٭ عجز دیکھے گا تو ہوگا دشمن بزدل بھی شیر ٭ باقی عرض بندے
کی لائق خلوت کے ہی جو کچھ مافی الضمیر رکھتا ہون راے جہان آراے

بادشاہ پر ظاہر کر دونگا آگے اختیار شہریار ہی ایک اُن مین سے بولا کہ ای کارشناس فائدہ مشورے کا یہ ہی کہ سب ارباب خرد اُسے سُنین اور اپنی اپنی فکر کے لائق اُسکے نشیب و فراز اور اطراف و جوانب پر نظر کرین شاید انھین مین سے کسی کا تیر ہدف مراد پر درست بیٹھے اور بزرگون نے بھی کہا ہی کہ مشورت تمام اجماع عقول کا ہی جس جگہ جماعت عقلا کی کسی مہم مین شروع کرین تو لازم ہی کہ تمامی فکر اور فوائد اسکے مدنظر کرکے ایک وہ بات کہ جسپر اکثر کا اتفاق ہوا سے ہرگز یدہ کرکے اختیار کرین کہ شاورہم فی الامر کی برکت سے لغزش اور نقصان اُس امر مین کمتر راہ پاتا ہی اور جو مصلحت کو خلوت پر حوالہ کرتا ہی سراسر خلاف راے عقلا کے ہی کارشناس نے کہا کہ سب اہل مشورہ امین نہین ہوتے ہین اور اسرار بادشاہی رسمیات عرفی اور معاملات عوام کے مانند نہین ہین اس لیے ہر کسی سے مشورہ مقدمات ملکی کا نہ چاہیے اور اسرار بادشاہی کے فاش ہونے کے چند سبب ہوتے ہین ایک یہ کہ ارباب مشورہ سے جو شخص کہ قابلیت اُسکی نہین رکھتا ہی وہ ایلچی دشمن اور جاسوس سے اکثر حال کہہ دیتا ہی اور یہ بھی احتمال ہی کہ اس محفل مین دشمن کے دوست کہ گوش بر آواز رکھتے ہین حاضر ہون تو کیا عجب ہی کہ وہ جس وقت کچھ سنین فوراً پہونچا دین اور رد و رخنہ بندی اُس تدبیر کی اس طرح پر کرے کہ ہمارا تیر تدبیر نشانے تک پہونچنے نہ پائے اور بالفرض دشمن کا جاسوس بھی نہ ہوا تو سننے والے عوام اس محفل خاص کے اپنے اپنے عزیزون اور دوستون سے مقرر سب ماجرا بیان کرینگے پھر ایک کی زبانی سیکڑون کے گوش زد ہوگا بموجب مثل مشہور کے **مصرعہ** نہان کے ماند آن رازے کزو سازند محفلہا ۔ غرض بہرکیف دشمن پر انکشاف راز ہو جائے گا اس واسطے اخفاے راز مین حکمانے مبالغہ کیا ہی **بیت** چہ زیبا گفتہ است آن مرد ہشیار ۔ کہ گر بایدت سر سر را نگہدار ۔ اور جس نے کہ اخفاے راز مین سہل انکاری کی ہی

ندامت اُٹھائی ہی **بیت** ہرگز نہ رازدل سے خبر کر زبان کو ✽ ایسا نہو زبان خبر کرد ے
کان کو ✽ اور بہت لوگ گذرے ہین کہ ملک و بادشاہت بلکہ زندگانی افشاے راز
کے سبب برباد کی ہی جیساکہ بادشاہ کشمیر راز دل کہکر اوج شہریاری سے حضیض خواری
مین پڑا اور اُسکا آفتاب عمر مغرب فنا مین غروب ہوا پیر وزبو لاکہ یہ قصہ کیونکر تھا
حکایت کارشناس نے عرض کیاکہ شہر کشمیر مین ایک بادشاہ تھاکہ اُسکی شمشیر برق آثار
کے خوف سے ہوا کا مقدور نہ تھاکہ اُسکے حکم کے خلاف چل سکے اور ہیبت سنان جانستان
صاعقہ کردار سے طاقت پانی کی نہ تھی کہ روے زمین پر کجی سے بہ سکے یہ اشعار مولف کے
لائق اسکی شان کے ہین **اشعار** یہ عدل ہو کہ نکالے ہو گرگ ناخن سے ✽ جو لنگ کے
ٹوٹ رہے پاے گو سفند مین خار ✽ ہوا سے صورت آتش چراغ روشن ہو ✽ لبان دست
ہو دشمن ہر ایک کا غمخوار ✽ نگاہ گرم سے دانے انار کے ہون شرر ✽ شرار سنگ تلطف
سے دانہاے انار ✽ اور یہ بادشاہ حریم حرمت اور پردۂ عشرت مین ایک محبوبہ رکھتا
تھاکہ اُسکی زلف شبرنگ درازی شب یلدا پر درازدستی کرتی تھی اور اُسکا روے
جانبخش کمال حسن سے چودھوین رات کے چاند سے سبقت لے گیا تھا بادشاہ کو اُس نازنین
سے ایسی دلبستگی تھی کہ مشاہدہ اُسکے جمال کا حاصل زندگانی سمجھتا تھا اور اُس فتنہ انگیز
نے جو مرغ دل شاہ کو اسیر اپنی کمند زلف کا پایا تھا تو کمان ابرو کو تا بناگوش کھینچکر خدنگ
غمزہ کو ہردم ہدف سینہ پر مارتی تھی کہ اُسکے بے حکم حس و حرکت نہ کرسکتا تھا بموجب
بیت رسم عاشق کشی و شیوۂ شہر آشوبی ✽ جامۂ بود کہ بر قامت او دوختہ بود ✽
ہندی جسے تیر نگہ لگتا ہو ہرگز ہل نہین سکتا ✽ لب سوفار آسا زخم پنہان ہل نہین سکتا
لیکن وہ یہان تک بیہوش شراب شہوت سے تھی کہ فقط بادشاہ پر اکتفا نہ کرتی تھی
بلکہ ہر طرف نظر ڈالتی رہتی تھی ایک خواص بادشاہ کا نہایت حسین اور برگزیدہ اور
ذی اعتبار تھاکہ مخدرۂ بادشاہ کو بھی اُس سے پردہ نتھا اسیر یہ بیگم دلدادہ ہوئی اور وہ

حکایت بادشاہ کشمیر

بھی بدل وجان اُسکا فدا تھا آخر کار رسم اختلاط کامل باہم پیدا ہوئی اور ملاقات مخفی
جاری ہونے لگی ایک شب بادشاہ نے محفل عشرت آراستہ کی اور شاہ بیگم ایک جا بیٹھی اور
یہ خواص بھی خدمت شاہ مین حاضر تھا اور بادشاہ ہردم نگران جمال بیگم تھا اور یہ گوشہ
نگاہ وزدیدہ سے محو تماشاے گل رخسار خواص تھی اور اُس سے غافل تھی کہ بادشاہ میری
حکایت پر متنبہ ہوا ہی تبسم اور اشارات مین سرگرم تھی جب کہ بادشاہ نے چندبار یہ حرکات
اُسکی دیکھین شعلۂ غیرت عشق اور آتش حمیت بادشاہی کا نون سینہ مین مشتعل ہوئی
اسی دم اُس کی صحبت سے دل برداشتہ ہوا بموجب بیت اہل تحقیق بر انند کہ بر نتوان
خورد * از درختی کہ بر دمیوہ بباغ دگرے * لیکن دل مین کہا کہ اس کام مین شتابی کرنا
طریقہ احتیاط سے دور ہی اس لیے ایسا دھوکا دیا کہ اُن پر ثابت نہوا کہ بادشاہ کچھ
سمجھا ہی اُسی طرح تمام شب موافق معمول کے بسر کی مگر آتش غیرت سے دل کباب کے مانند
بھنتا رہا جب کہ کار فرماے شب نے حجاب ظلمت ایوان سپہر مینا گون سے اُٹھا لیا اور
شمع عالم افروز نے علم نور قبۂ قصر فیروزہ فام پر بلند کیا بادشاہ دادگستر دولت سراسے
باہر آکر رونق افزاے تخت عدل و داد ہوا اور قضیے دادخواہون کے موافق
دستور العمل کے بذات خود فیصل کرتا رہا بیت شہ کہ با عدل آشنا باشد *
سایۂ رحمت خدا باشد * بعد انفراغ کار سلطنت خلوت مین بیٹھا اور اُس وزیر کو
کہ مشار الیہ امورات سلطنت تھا طلب کیا اور جلا وقہر متقاضی تھا کہ ماجرا شب کا وزیر
سے ظاہر کرکے تدبیر اُسکے قتل کی اس طرح پر کرے کہ پردۂ ناموس دریدہ اور رشتہ
نیکنامی بریدہ نہو اور کار فرماے عقل یہ کہتا تھا کہ یہ راز وزیر سے بھی نہ کہو کہ بڑے شرم
کی بات ہی آخر آتش قہر کی غالب ہوئی اور ماجرا شب گذشتہ کا بیان کیا اور مشورہ
وزیر سے چاہا اُس نے بھی اُنکے قتل کی اس طرح پر صلاح دی کہ دونون کو زہر ہلاہل سے
ہلاک کیجیے اور سوا شاہ و وزیر کے تیسرے کو اطلاع نہو بیت کا رہاے اینچنین آن بہ کہ

پنہانی بود ۞ آشکارا گر بود آخر پشیمانی بود ۞ اس کے بعد وزیر اپنے گھر کو آیا اُسکی ایک بیٹی تھی کہ اُسے بہت عزیز رکھتا تھا اُسے نہایت غمگین پایا سبب پوچھا معلوم ہوا کہ اُسے ملکہ نے آج بہت بے عزت کیا ہو یعنی از بس ذلتیں سر محفل دی ہیں وزیر کمال خشمناک ہوا اور برائے تسکین اس غمگین سے کہا تو غم نہ کر اور دل شاد رکھ کہ بس دو چار ہی دن میں چراغ اُسکی عمر کا افسردہ اور گل حیات اُسکا پژمردہ ہوا چاہتا ہو بیٹی نے وزیر کی اس اجمال کی تفصیل میں مبالغہ کیا وزیر نے بطریق دلداری شمہ اس راز کا بیان کیا لیکن اُسکے کتمان میں مبالغہ تام کیا دختر وزیر اس بشارت سے خوش ہوئی اور باہر آئی مقارن اس حال کے ایک خادمہ خاتون کی اس کے پاس آئی اور عذر خواہی اور دلداری سے پیش آئی دختر وزیر نے کہا کہ کچھ غم نہیں ہو خاتون نے مجھے بہت ذلت دی ہو عنقریب اُسکی سزا و جزا دیکھے گی خادمہ نے کہا کہ اے وزیر زادی تو جانتی ہو کہ میں خاتون سے زیادہ تیری تابع فرمان اور فدائی ہوں جسمیں کہ تجھے راحت ہو عین میری تمنا ہو تو مجھ سے اس حال کو نہ چھپا کہ اُسکی جفا سے میں بھی بہت خفا ہوں خدا کرے کہ یہ بات سچ ہو کہ میں بھی اُس مردم آزار بدکردار سے نجات پاؤں بلکہ اگر کام اسمیں کچھ میرے کرنے کا ہو تو بجا لاؤں وزیر کی بیٹی نے کہا کہ مجھے یقین ہو کہ تو میری دوست صادق ہو لیکن اگر قوت اُسکی رکھتی ہو کہ راز کو زبان سے نہ نکالے تو حال مفصل بے کم و کاست تجھ سے کہدوں خادمہ نے سوگند کھائی اس کے بعد اُسنے کل حال اُس سے بیان کر دیا خادمہ فوراً وہاں سے پھری اور خاتون سے مشروحاً سب حقیقت بیان کی خاتون نے اُس جوان کو خلوت میں بلا کے کہا کہ جان ہم اور تم دونوں کی جائیگی اگر ہو سکے تو بادشاہ کو مارئیے دونوں نے باہم مشورہ قتل کا کیا شب کو جبکہ بادشاہ سویا اور لغیر خواب بلند ہوئی جوان پردے سے نکلا اور سر بادشاہ کا تن سے جدا کیا فائدہ اس مثل کا یہ ہو کہ بادشاہ وزیر سے مشورہ لیں مگر وہ راز کہ جسمیں مصلحت کلی ہو اُسے ظاہر نہ کریں والا ایسا ہی کچھ درپیش آئیگا ہر چند وزیر خیر خواہ

بادشاہ کا تھا مگر خطاے بشری سے بادشاہ کو قتل کروا دیا اور یہ ظاہر ہو کہ اگر بادشاہ باوجود فرمانروائی اور ہمت بلند کے راز اپنا چھپا نہ سکیگا بھلا اور لوگ کہ پایہ مین کمتر اور عقل و دانش مین اُس سے فروتر ہین کس طرح مخفی کر سکینگے **بیت** چون تو نتوانے کہ راز خویش را نہان کنی ٭ پس چرا رنجے کہ اورا دیگران افشا کنند ٭ کارشناس نے جب کہ یہ حکایت بیان کی ایک شخص نے کہا کہ اس حکایت سے معلوم ہوا کہ راہ مشورہ کی چاہیے کہ مسدود ہو جاوے کہ جو کچھ بادشاہ کرے فقط اپنی راے پر کرے اور حال آنکہ ترک کرنا مشورے کا پسندیدہ عقل و حکمت نہین ہو اور آیہ کریمہ وشاورہم فی الامر مقتضی اسکی ہو کہ بغیر مشورے کوئی کسی مہم کا ارادہ نہ کرے **بیت** بناے کار خود ار بر مشاورت نہی ٭ نہ حق شرع گزاری نہ داد عقل دہی ٭ اور کلام الٰہی پیغمبر برگزیدۂ دوعالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو واسطے مشورے کے حکم کرتا ہو یہ دلیل اسپر ہو کہ مشاورت محمود ہو اور خلاف اسکا زنہار پسندیدہ نہوگا **بیت** شد پیمبر بمشورت مامور ٭ تو چرا زین طریقہ باشی دور ٭ کارشناس نے کہا امر حق تعالیٰ کا کرنا اور اپنے رسول کو مشورت مین اسواسطے نہین ہو کہ اسکی راے کو اورون کے مشورے کے سبب سے مدد حاصل ہو کس لیے کہ ضمیر منیر حضرت سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا وحی الٰہی سے مؤید اور آئینہ جہان نما تھا کہ حقائق اشیا اسمین بالتمام ظاہر تھے مگر فائدہ مشورہ کا یہ ہو کہ اس طریقہ پسندیدہ کو لوگ سیکھین اور اپنی عقول ضعیفہ کے واسطے اورونکی عقل سے مددگاری چاہین جیساکہ نور چراغ کا تھوڑے سے روغن ڈالنے مین روشنی زیادہ پکڑتا ہو اور فروغ آتش کا دود ہیزم کے زیادہ کرنے مین دوبالا ہو جاتا ہو اور ان باتون سے یہ نہین نکلتا ہو کہ ترک مشورے کا کرنا نہ چاہیے بلکہ یہ ہو کہ جو کچھ مشورے سے حاصل ہوا اور اپنی رای بھی اُسپر قرار پکڑے اُسے چھپاوے کہ اخفاے راز اور کتمان مافی الضمیر مین دو فائدے کلی حاصل ہوتے ہین ایک یہ کہ تجربہ مین آیا ہو کہ جس بات کو مخفی رکھو تاثیر یہ ہو کہ جلد عقدہ کشائی اس امر کی ہوتی ہو اور غالب ہو کہ یہی مضمون حدیث شریف کا بھی ہو دوسرے یہ کہ اگر مشورے سے ایک تدبیر قرار دے اور تقدیر الٰہی

فرمانا نفع در فارسی بمعنی زیانی و شکوہ و خواست ۱۲ الف در اصل این لفظ فانیون راست چون در فارسی الف ثانی ... مخفف و تخفیف مشورہ و در است ... مصلحت ... صلے اللہ علیہ ... دود ہیزم ... [illegible]

کے موافق نہو تو شماتت اعدا سے اور عیب جویون کی خردہ گیری سے بچتا ہو بموجب بیت کے
بیت ایکہ وصل تو میسر نشود چندان نیست * کہ رقیبان ز سر طعن زبان بکشایند *
بیروز بولا کہ اے کارشناس مین نے سب ملازمان درگاہ مین ہر خویش و بیگانے سے تجھے برگزیدہ
کیا ہو اور تیری راے ہموارہ پسندیدۂ دل ہو تو نے جو کچھ تجویز کیا ہو بلا تکلف کہ اور تا مقدور
راضی بقصور نہو کارشناس نے بعد دعاے خسروانہ عرض کیا کہ ہر نمکخوار پر واجب ہو کہ جب
کوئی مہم اپنے ولی نعمت کو درپیش آئے جو کچھ از راہ صواب اندیشی اُس کے خیال مین
آئے عرض کرے اور اگر راے مخدوم مائل بہ خطا پائے تو ضرور اطلاع کر دے کہ اس تدبیر
مین نقصان متصور ہین اور جب تک سر انجام اُس تدبیر کا دلپذیر نہ ہاتھ آئے ہمت کو
قاصر نہ کرے اور اُسکے تدارک مین خواب و خور فراموش کرے آخر کوئی بات کام کی ہاتھ
آہی جائیگی اور بادشاہ جسکو جادۂ امانت داری سے اندک منحرف پائے اُسکی سزا مین ہرگز
تامل نہ کرے اور جسکو خیرخواہ بدل اور امانت دار اور مصلحت کا درست پائے اسکی
سرفرازی مین کوئی دقیقہ علی قدر حال فروگذاشت نہ فرمائے جبکہ اپنا نسق اس
طریق پر جاری رکھے تو اُسے وزراے کافی اور مشیران امین ضرور ہاتھ آئین گے کیونکہ
خائن خوف سے کبھی ایسے بادشاہ کی نزدیکی قبول نہ کریگا لامحالہ جو ہوگا وہ امین ہوگا
کہ جب بادشاہ نے سزاے خائن اس طرح پر اور امین کی جزا اس طرح پر اپنے اوپر لازم
کی پھر غالب ہو کہ اُس بادشاہ کی سلطنت پایدار رہے اور راز اُس کا افشا نہ ہوا اور
حوادث زمانہ کو اُس کے ملک پر دستبرد نہ ہونے پائے بادشاہ نے پوچھا کہ چھپانا
راز کا کس طرح اور کن کن شخصون سے چاہیے اور کن لوگون سے نہ چاہیے کارشناس
نے عرض کیا کہ بادشاہ کے راز متفاوت ہین بعضے وہ راز کہ جن لوگون کی بارہا آزمایش
کی ہوا اور کام اُن کا شبہہ اور شک سے خالی ہوا اور اُن کے دین اور دیانت
مین کبھی خلل نہ پایا گیا ہو سوا اُن کے اور سے زنہار نہ کہے اور اُن سے بھی جو کہے

تو اول ہزار تاکید سے موکد کرے تب اس کے بعد زبان پر لائے والا بے سبب اُسنے بھی نہ کہے جبکہ کوئی اُن سے مشورہ طلب ہو یا کوئی کام لینا منظور ہو تو البتہ اس طرح پر کہ مذکور جسکا ہو چکا مضائقہ نہین ورنہ ہرگز حرف زبان پر نہ لائے بلکہ اپنی ذات سے بھی اخفا کرے یعنی مبالغہ ہو کہ بادشاہ جانے کہ مین گویا خود اسے نہین جانتا ہون جب کہ ایک بات کو خود کوئی نہ جانے گا تو کاہے کو غیر سے کہے گا **بیت** اسرار دل کو رکھیو نہان جان کی طرح + غماز تیرے ساتھ ہین شیطان کی طرح + اور بعضے وہ راز ہین کہ جنہین چندان قباحت نہین ہو تو بعض بعض شخصون کو کہ رازدار اور ذی اعتماد ہین کہنا اُنکا بقدر ضرورت مضائقہ نہین رکھتا ہو مگر بومون کے قضیے مین کہ جو خاطر عالی مین گذرا ہو اُس راز کی چار کانون کے سوا اور کوئی قابلیت محرمیت کی نہین رکھتا ہو اسکے بعد بادشاہ متوجہ خلوت کا ہوا اور تنہا کارشناس کو طلب کیا اول پوچھا کہ ہم مین اور بومون مین عداوت کا کیا سبب ہو وزیر نے کہا کہ زمانہ سابق مین ایک زاغ نے ایسا کلمہ کہا تھا کہ وہ کینہ دیرینہ اُس قوم کے دل مین اب تلک چلا آتا ہو اب قابو وقت کا پاکے اُسکا انتقام لیا بادشاہ نے پوچھا کہ یہ ماجرا کیونکر تھا عرض کیا **حکایت** کہا زمانۂ سابق مین بہت سے پرندے جمع ہوے اور صلاح کی کہ ہم مین ایک دانا بادشاہ ایسا چاہیے کہ سانحے کے وقت اُس سے رجوع لایا کرین یا دشمن پیدا ہو تو اُس کے دفع کی تدبیر اُس سے پوچھین اُسپر ہر ایک پرندا اپنی فکر کے مناسب ایک کو لائق بادشاہی کے سمجھ کے پسند کرتا تھا اور دوسرا دلیل و برہان سے اُس کے کلام کو رد کرتا تھا آخر کار نوبت بوم کی آئی کہ ایک گروہ اُسپر راضی ہوا کہ بوم سرداری کے سزاوار ہو اور دوسرا گروہ رد و قدح مین کوشش کرتا تھا اس مین آتش فتنہ برپا ہوئی کہ بات محال سے جدال پر آگئی قرار اس پر پایا کہ ایک جانور کہ اس مجمع مین داخل نہو

(حاشیہ:) غماز یعنی مخبر، چغلخور — قضیہ یعنی جھگڑا — حکایت بلبل و زاغ و مجمع پرندگان در باب سرداری بوم — جدال یعنی لڑائی و خصومت

اُسے حکم کرین اور جو کچھ کہ وہ حکم کرے اُس پہ عمل کرین اتفاقاً ایک زاغ وہان اُسوقت
وارد ہوا سب نے کہا کہ یہ جانور ہماری حکایات سے کچھ آگاہ نہین ہوا اور غیر جنس بھی
ہی اُسے حکم کرو سب نے پسند کیا اور تجویز سلطنت بوم اور انکار فریق ثانی بیان کیا
زاغ نے کہا کہ یہ فکر خام اور سوداے نافرجام ہی بوم شوم کو منصب حکومت سے کیا
نسبت اور اُس منحوس صورت کو رتبۂ اختیار و اقتدار سے کیا کام مگس کو عرصہ جولانگاہ
سیمرغ سے کیا مناسبت آیا شاہباز بلند پرواز کہ نسر طائر سے بلندی مین لاف برابری
مارتا ہی کیا ہوا اور ہما سے ہمایون فال کہ اُسکا سایۂ بال تاج افتخار سلاطین ہوتا ہی
کہان ہی اور عقاب با فر و شکوہ کہ کوہ اُسکی صداے پر و بال سے لرزتا ہی کیا ناپید
ہوگیا اور اگر سب مرغ نامدار جہان سے نابود ہوگئے ہوتے تو اولی یہ تھا کہ تم بغیر
بادشاہ کے اپنی گذران کرتے اور ننگ متابعت بوم شوم اپنے سر سے نہ مارتے اور اس
عار کو قبول نہ کرتے کہ وہ قطع نظر منظر کریہ کے عقل ناقص رکھتا ہی اور مغلوب الغضب
اور متکبر ہی اور سوا اس کے جمال عالم افروز خورشید سے کہ یہ وجعلنا ہا سراجاً منیراً
اُسکی شان مین ہی محروم رہتا ہی اور دشوار تر یہ ہی کہ حدت غضب اور خفت عقل
اُس کے افعال سے ظاہر ہی اور بیمعنی اور لایعنی ہونا اُسکا اُسکے حال سے روشن ہی
پس بہتر یہ ہی کہ اندیشۂ ناصواب سے درگذرو اور تدارک ہر قضیے کا اپنے مشورے
اور مصلحت پر رکھو اور بادشاہ الیق کی تلاش مین رہو اس صورت مین ہر فرخندہ الحال اور
فارغ البال رہوگے اگر یون کروگے تو بخوبی ہر مہم کو سرانجام دوگے جیسا کہ اس خرگوش
نے آپ کو رسول ماہ کیا اور تدبیر درست سے ہاتھیون کو اپنی قوم سے دفع کیا فیروز نے
پوچھا کہ یہ کیونکر تھا حکایت کہا کہتے ہین کہ ایکبار ہاتھیون کی ولایت مین ایکسال
خشک سالی ہوئی اور یہان تک نوبت پہونچی کہ قطرۂ آب کسی کو نہ ملتا تھا آخر
رنج تشنگی سے بے طاقت ہوے اور اپنے بادشاہ سے عرض کیا بادشاہ نے

حکم دیا کہ ہر طرف جاسوس جائین اور جہان پانی اور چراگاہ خوب ہو خبر لائین ایک بیل
خبر لایا کہ ایک مقام ہی کہ اُسے چشمہ ماہ کہتے ہین عجب مقام وسیع و سیراب ہی اور مرغزار
بے شمار اُس مین واقع ہوے ہین بادشاہ بیلان سب حشم و خدم لے کر اُس چشمہ پر وارد
ہوا اور اُس چشمے کے حوالی مین ایک گروہ خرگوش کا بھی رہا کرتا تھا ہاتھیون کے ہجوم
سے اُنھین زحمت پہونچی تھی بلکہ اکثر پاؤن کے تلے کچل گئے تھے آخر سب خرگوش
اپنے بادشاہ کے آگے گویا ہوئے بادشاہ عادل مظلومون کی پناہ اور دستگیر مجروحون کا
ہوتا ہی اور تخت پر بیٹھنا داد دینے کے لیے سزاوار ہی نہ شاد جینے کے واسطے اب وقت ہی
کہ داد ہماری دے اور انتقام ہمارا لے کہ اکثر ہمارے جنس مارے گئے اور بعضے جو بچے
ہین وہ مجروح اور کوفتہ ہین اور باقیماندہ بھی اُنکے ہجوم سے معرض ہلاکت مین خوفناک
ہین بادشاہ نے کہا کہ یہ بات سراسری نہین ہی کہ بے سمجھے جواب دیا جائے بلکہ پہلے سب
عقلا جمع ہون تا مشورے کے بعد ایک تدبیر قرار دیجاے اور مقدمہ سنگین مین بغیر
مشورے حکم کرنا خلاف طریقہ خردمندی ہی بزرگون نے کہا ہی کہ اگرچہ بڑا ہو عادل
و ہوشیار اور رکھتا ہو دانش بسیار لیکن نہ کرے ہرگز بے مشورے کام دشوار آخر کار
بادشاہ نے سب کو جمع کیا اور مشورہ بیلون کے دفع کا پوچھا ان خرگوشون مین ایک
تیز ہوش تھا کہ اُسے بہروز کہتے تھے اور سب خرگوش اُس کی حسن تدبیر کے معتقد تھے
اُس نے قد اپنا راست کیا اور کہا **بیت** شاہا غم رعیت بیچارہ میخوری ٭ این ست
رسم و قاعدہ دادگستری ٭ از حال بیکسان نظر لطف وا مدار ٭ گر ز تاج و تخت
و دولت و اقبال برخوری ٭ اگر مصلحت ہو تو مجھے وکیل کر کے بیلون کے شاہ
کے پاس بھیجیے اور ایک امین ساتھ کیجیے تا جو مین کہون اور کرون وہ اُسے
دیکھے اور سُنے بادشاہ نے کہا کہ مجھے تیری راے صواب اندیش اور امانت اور
دیانت پر کمال وثوق ہی حاجت امین کی کیا ہی مبارک ہی جا اور جو

مناسب سمجھ سو کر لا کہ رسول زبان بادشاہ کی ہوتا ہی ترا کہنا میرا کہنا ہی جو کوئی چاہے کہ بغیر
ملاقات اُسکا راز دل دریافت کرے تو اُسکے فرستادہ کے گفتار و کردار سے معلوم کرے
کہ وہ ایسا ہی کہ جس نے ایسے کو برگزیدہ کیا ہی اور حکمانے بھی اس مین تاکید کی ہی کہ بادشاہ
کو چاہیے ایسے کو وکیل کرے کہ برگزیدہ سب قوم کا اور دانا تر اُس گروہ مین ہو چنانچہ
سکندر ذو القرنین بیشتر تبدیل لباس مین آپ رسالت کو گیا ہی اس لیے کہ فرستادہ
دانا اور دلیر توانا چاہیے کہ ہر سوال کا اپنے ذکا سے جواب دے کہ راہ صواب سے
نزدیک تر ہو یعنی پسندیدہ اہل تحقیق اور مقبول نظر ارباب تدقیق[۱۴] ہو بہت لوگ
ہوتے ہین کہ حدیث درشت سے ایسی آتش برپا کرتے ہین کہ جہان جل جاتا ہی اور
بعضے ایسے ہین کہ گفتار دلپسند سے دو گروہ مین طرح محبت کی پیدا کرتے ہین بہروز
نے عرض کی کہ ای بادشاہ اگرچہ مجھے طریقہ رسالت مین کچھ دخل ہی لیکن بادشاہ عالم پناہ
بھی اپنے درج حکمت سے جو ہر چند اس ذرہ بیمقدار کے گوش ہوش مین آویزان
فرمائے تو اُسے سرمایہ رسالت کرکے اسی قانون سے ہر بات کو بحسن ترتیب دیتا رہون
بادشاہ نے کہا کہ ای بہروز بہترین طریقہ رسالت یہ ہی کہ تیغ زبان مانند تیغ آبدار تیزی
اور برش مین درست رکھے لیکن جوہر لطف و مدارا بھی ٹوٹنے نہ پائے اگر اُس طرف
سے ابتدا بہ سختی ہو تو اپنی طرف سے پہلے وہ کلام کرے کہ ابتدا اُسکی لطف و ملایمت پر
ہوا ور اگر دیکھے کہ وہ نرم نہین ہوتا ہی اور راستی پر نہین آتا ہی تو نرمی کے پردے
مین ویسی تیزی بیان مین ادا کرے کہ زہرہ[۱۵] دشمن کا آب ہو جاے اور سامعین
پر یہ واضح ہو کہ یہ آپ پرخاش کا بانی نہین ہی مگر جواب پرخاش مین بہت پکا ہی

بیت لطائف سخن از سینہ تخم کین ببرد ÷ زبان رفق[۱۶] ز ابروے خشم چین ببرد

حاصل یہ کہ کلام رسول چاہیے کہ قاعدہ لطف و خشم اور ساختن پر مبنی ہو اور
ناموس شکوہ[۱۷] بادشاہی ہر حال مین کم نہونے دے اور مطالب اور کہناے دشمن

۱۴ تدقیق باریک کردن و ریزہ کردن ۱۲
۱۵ زہرہ نفخ لفظ فارسی بمعنی پتہ و کنایہ از دلیری و بیکی بمعنی ۱۲
۱۶ رفق بالکسر نرمی و ملائمت ۱۲
۱۷ شکوہ بفتحتین شان و شوکت و دبدبہ اول انس ۱۲

کے بخوبی سمجھ لے غرض کہ دانا کو پند دینا تحصیل حاصل ہے بس رخصت ہو فی امان اللہ مہر وزیر آداب بجا لایا اور رخصت ہو کے شب کو گروہ پیلان مین آیا خیال کیا کہ یہ سب سرمست بادۂ نخوت ہین بے اُسکے کہ حال مفصل بیان ہو تیری کیا قدر جانینگے اگر تجھے ہزار کو پامال کر ڈالین تو بھی انکے چہرۂ جباری پر غبار نہ آئیگا **بیت** کب وست موج کرتے ہین ماتم حباب کا ÷ دریاے لطمہ زن کو کہان غم حباب کا **ایضاً** گذر جس جا ہو پیلان دمان کا ÷ کسے وان دھیان مور ناتوان کا ÷ بس بہتر یہ ہے کہ ایک بلندی پر بیٹھ کے پہلے پیغام ادا کرون اگر سماعت کی تو فہو المراد والاّ جان تو سلامت رہیگی اس کے بعد بلندی پر آکے آواز دی کہ اے شاہ پیلان مین پیغامبر ماہ کا ہون اور پیغامبر کو چاہیے کہ جو کچھ کہ مالک نے کہا ہو اُسے حرف بحرف ادا کرے کہ مامور معذور ہوتا ہے اور رسول کی بات گو تلخ ہو لیکن سماعت کے قابل ہوتی ہے اور تو جانتا ہے کہ ماہ باعث رونق بازار شب تار ہے بادشاہ روزگار اگر کوئی اُسکا خلاف اختیار کرے اور بات اُسکی سمع قبول سے نہ سُنے تو تیشہ اپنے پاؤن پر مارتا ہے بادشاہ پیلان اپنی جگہ سے نکل آیا اور کہا کہ پیغام ماہ کا کیا ہے کہا کہ ماہ کہتا ہے کہ جو شخص اپنے زور و قوت پر مغرور ہو کر زیر دستون کو آزار پہونچائے تو یہ دلیل روشن ہے اُسکی رسوائی کی گیا وہ ہمارے زور و قوت سے آگاہ نہین ہے جو اپنے کو بھول گیا **بیت** خداے کہ بالا و پست آفرید ÷ زبر دست ہر زیر دست آفرید ÷ اور تو جو اس غرہ پر ہے کہ مین اور بہائم سے قوی تر ہون اور یہ قوت و شوکت کہ اپنے عوارض سے معرض زوال مین آجاتی ہے پس ایسے وسیلے سے تو نے یہان تک خیرگی کی ہے کہ ہمارے چشمے مین تیرگی کر دی ہے کیا تو نہین جانتا ہے کہ عقاب تیز پر اگر میرے چشمے پر اڑے تو اُس کے بال و پر جلجائین اور اگر نسر طائر کبھی چشم بد سے اُدھر نگاہ کرے

مہر زیر دست

تو قوت باصرہ اُس کی فوراً زائل ہو جاے پس تو آپ کو کیا سمجھا ہی کہ خیال فاسد
کو دل مین راہ دی ہی لیکن مین نے بنہایت کرم سے تجھے آگاہ کیا ہی اگر اپنی جگہ
سے قدم اُدھر نہ رکھے گا تو آرام سے بسر کر وا لا بذات خود مین آؤنگا اور عذاب
عظیم سے تجھے ہلاک کرونگا اور اگر اس مین کچھ شک واقع ہو تو جلد آ کہ مین اس
چشمے مین اسوقت موجود ہون برائے العین مشاہدہ کر اور چشم عبرت کھول شاہ
پیلان اس بات کے سُننے سے متعجب ہو کر اُسی دم چشمے پر حاضر ہوا اور صورت ماہ
کو پانی مین دیکھا بہروز نے کہا کہ اے بادشاہ تھوڑا پانی اُٹھا کے مُنہ دھو کہ ماہ بر سر
رحم آئے تجھ سے راضی ہو پیل نے خرطوم پانی مین ڈالی جنبش خرطوم سے پانی
ہلا اُسے معلوم ہوا کہ ماہ اضطراب و غضب مین ایک طور خفتگی کا پایا جاتا ہی پیل نے
آواز دی کہ اے وکیل ماہ اپنی جگہ سے جا بجا کیون حرکت کرتا ہی بہروز نے کہا
کہ واقعی ماہ جیسے کہ بر سر قہر ہی ہی خیال ہی تو جلد سجدہ کر کہ تا غضب فرو ہوا ور
قرار پکڑے پیل نے سجدہ کیا اور کہا کہ اب زنہار اس چشمے کے گرد کوئی پیل نہ آئیگا
قصور گذشتہ کہ نادانستہ گناہ تھا معاف ہو یہ کہکر پانی سے خرطوم باہر کی
ایک دم کے بعد پانی ٹھہرا اور ماہ نے قرار پکڑا بہروز نے کہا کہ جا قصور تیرا معاف
ہوا پھر ہرگز ایسا نہ کرنا پیل اپنے جزیرے کو روانہ ہوا اور بہروز نے آکے اپنے
بادشاہ کو خوشخبری دی بادشاہ نے ہزار تحسین بہروز کی راے سلیم پر کی اور
حسن تدبیر اُسکا سبب خرگوشون کو باعث امن و امان ہوا زاغ نے کہا کہ یہ مثل
اس لیے بیان کی ہی مین نے کہ تم مین ایک ایسا عاقل چاہیے تا وقت ضرورت
کے تدبیر دفع دشمن کرتا رہے اگر آج تم مین کوئی زیرک صلاح کار رہتا تو کب
یہ صلاح دیتا کہ بوم شوم کو تم اپنا فرمانروا قرار دو کہ باوجود اتنے خصائل
ناپسندیدہ کے کہ مذکور ہوچکا فریب اور دغا اور بیوفائی اُسکی

سرشت مین داخل ہوا اور بادشاہ کا اس سے زیادہ کوئی عیب نہین ہو کہ دغا اور
بیوفائی اُسکی طینت مین ہو کیونکہ بادشاہ سایہ پروردگار کے جاتے ہین اللہ عزشانہ
نے اُنکے آفتاب عدالت سے عالم کو منور کیا ہوا اور اُنکے عدل وانصاف کے
بغیر امن وامان عالم مین وجود نہین باقی ہو پس چاہیے کہ بادشاہ وفادار ہو نہ
جفاکار اور رعیت کے ساتھ مہر والطاف سے پیش آئے نہ قہر سے اور زنگار کینہ سے
لوح سینہ کو صاف رکھے نہ مکدر اور جو کوئی کہ مکار کا محکوم ہوگا اُسسے وہ پہونچے گا
جو اُس کبک اور تیہو کو گربۂ مکار سے پہونچا مرغون نے پوچھا کہ یہ قصہ کیونکر تھا
حکایت زاغ نے کہا کہ دامن کوہ مین میرا آشیانہ تھا ہمسایہ میرے ایک کبک
کا بھی مسکن تھا تاثیر قرب وجوار سے ایسی محبت باہم پیدا ہوئی کہ بجز تلاش معاش
مفارقت ایکدم کی گوارا مجھے نہ تھی ناگاہ وہ کبک ایسا غائب ہو گیا کہ تا زمانۂ دراز
سراغ اسکا نہ ملا یقین ہوا کہ ہلاک ہو گیا بعد مدت دراز تیہو پیدا ہوا اور اُس کے
آشیانہ مین مسکن کیا مین نے خیال کیا کہ آشیانے کے خالی رہنے سے تیہو کا رہنا بہتر ہو اگر
معلوم ہوتا کہ وہ زندہ ہو تو البتہ مین متعرض ہوتا بحکم اس کے ع یکے ہمی رود ودیگرے
ہمی آید ۔ خاموش ہو رہا مین تھوڑی مدت اسی طرح پر گذری کہ کبک موجود ہوا دیکھا کہ
غیر میرے آشیانے مین متمکن ہو کہا تو میری جگہ چھوڑ دے تیہو نے کہا کہ اب مین صاحب قبض
ہون اور بمقتضاے القبض دلیل الملک کے اب اسکا مالک مین ہون اگر اپنی حقیقت
سمجھتا ہو تو حجت شرعی سے اثبات کر کبک نے کہا کہ تیرا قبض غصب اور تغلب سے ہو اور
غصب سب کے نزدیک روا نہین ہو مین اس بات مین سند شرعی رکھتا ہون القصہ
دونون مین نزاع کلی واقع ہوئی چنانچہ مین نے ہرچند صلح کی تدبیر کی پر کوئی بات درست
نہ پڑی آخرکار اس پر قرار پایا کہ رجوع بہ حاکم عادل کرین کہ دونون کی بات سنکے حق کو
باطل سے جدا کر دے کبک بولا کہ یہان سے نزدیک ایک گربہ ہو روزہ دار اور عابد اور

خداشناس اور کم آزار دن روزے مین بسر کرتی ہی اور رات کو شمع وار ایک قدم سے تا صبح
سوز و گداز عشق الٰہی مین کھڑی ہوکے اشکباری کیا کرتی ہی **مثنوی** آب دیده دست
از کون شسته ❊ ز گنج فقر گنج فیض جسته ❊ زده بر ہر دو عالم پشت پائے ❊ ز خود بیگانه
با حق آشنائے ❊ افطار آب و کاه سے کرتی ہی اور خونریزی جانورون کی حرام جانتی
ہی اس سے زیاده قاضی اور نہ ملے گا اور وه حکم کرے گی اس قضیے مین حکم براستی کرے بہتر اس سے
اور ہاتھ نہ آئیگا دونون اس بات پر راضی ہوکے گربہ کی طرف روانہ ہوے مین نے
ازراه شفقت کہا کہ اے عزیزو تم نے جو یہ تقریر کی قابل اعتماد کے نہین غالب ہی کہ رائے
تمھاری خطا پر ہو بغور اسے سمجھو کہ گربہ کو تقوی سے کیا علاقہ کوئی اور تدبیر اپنے فیصلے کی
کرو اور اس خیال محال سے درگذرو انھون نے اسمین مبالغہ کیا مین نے کہا ع ہر کسی مصلحت
خویش نکو میداند ❊ خیر بہتر ہی روانہ ہو لیکن دل مین کہا کہ یہ قضیہ نو اور روزگار سے ہی
تماشا اسکا دیکھنا چاہیے کہ گربۂ روزه دار بین المخصمین کیا فیصلہ کرتی ہی مین بھی انکے پیچھے
پیچھے آکے ایک شاخ درخت پر بیٹھا نظاره کرتا تھا جب کہ دور سے گربہ نے دیکھا کہ دونون
میری طرف آتے ہین جلد کھڑی ہوکر نماز پڑھنے لگی اور تعدیل ارکان مین جیسا کہ چاہیے
کوشش کرتی تھی **بیت** کلید در دوزخ است آن نماز ❊ که در چشم مردم گزاری دراز ❊
کبک اور تیہو کر وارا ور اذکار اس مکاره کے دیکھکے متحیر اور زیاده معتقد ہوے اُسکے بعد
تامل اتنا کیا کہ نماز سے فارغ ہوئی دونون سر نیاز زمین ادب پر رکھکر بولے کہ ہم دونون
مین باہم قضیہ ہی بے توجہ آپ کے فیصلہ دشوار ہی بعد انکار تمام بولی کہ صورت حال بیان
کرو دونون نے صورت قضیہ کی عرض کی گربہ نے کہا کہ اے صاحبو حرج ده از دیان کارنے
غبار ضعف میرے ہر عضو مین پہونچایا ہی اور دستبرد خزان روزگار نے آب طراوت
اور تاب لطافت کو میرے بوستان حیات سے مسترد کر لیا اور شب جوانی کہ سراسر قوت
زور ہیولانی تھی صبح پیری سے کہ مجمع جملہ عیوب حقیری ہی مبدل ہوگئی بینائی اور شنوائی

نے جواب دیا اب تمھارا چہرہ خوب نہین دیکھتی ہون اس لیے قضیہ تمھارا تھوڑا سُنا اور اکثر بہ سبب ضعف سماعت کے نہین سُنا گیا بہتر یہ ہی کہ مجھے معاف کرو کہ چند انفاس کہ باقی ہین یاد خدا مین بسر کرون اور قضیہ دُنیا کا کہ سراپا مخرب دین اور مانع یاد الٰہی اور باعث نفرین ہی اس سے گربہ مسکین کو معاف رکھو کبک اور تیہو نے عرض کیا کہ حاجت روائی مخلوق کی باعث خوشنودی خالق ہی اگر یہ امر عبادت مین دخل نہوتا تو انبیاے کرام کب کسی کے حال کی سماعت فرماتے گربہ نے کہا کہ تم ایسی دلیل قوی لائے ہو کہ اب لامحالہ سننا پڑا لیکن مین اونچا سنتی ہون بہت نزدیک آکے بآواز بلند دونون اپنا حال بیان کرو البتہ بعد سماعت حکم شرعی کیا جائیگا مگر پہلے اس سے کہ قضیہ تمھارا سُنا جائے ایک نصیحت دوستانہ کہ فوائد دینی و دنیاوی اُس کے ضمن مین مندرج ہین تمسے بیان کرتی ہون اگر آج اُسے گوش دل سے نہ سُنوگے تو فردا پشیمانی کھینچوگے اور اگر قبول کروگے تو اُسکا ثمرہ دُنیا اور عقبیٰ مین ضرور پاؤگے اتنا سمجھ لو کہ مال و متاع دُنیا ہر دم معرض زوال مین ہی اُسپر زنہار مغرور نہونا اور اس بے بقا سے کوئی چیز اگر مکر و غدر سے حاصل ہوا سے ہرگز قبول نہ کرنا کہ یہ مال ایک دن زندگی مین خواہ موت کے بعد تمسے جدا ہونیوالا ہی مگر وبال اُسکا دوام طوق گردن رہیگا پس ایسے زہر ہلاہل کو اپنے ہاتھ سے دیدہ و دانستہ اپنے حلق مین ڈالنا کام دانشمند کا نہین ہی اولیٰ تو یہ ہی کہ اُسکی اُلفت بالکل دل سے اُٹھا کے چندے یاد الٰہی مین مصروف ہو جیسا کہ مؤلف کہتا ہی بیت زبان چلتی ہی گویا آج کچھ ذکر خدا کرلے ٭ اجل آئی تو پھر ہرگز نہ دیگی بات کی فرصت ٭ اور اگر یہ نہوسکے تو ناحق سے ضرور اجتناب کر پس یہ دو کلمے کہ حق حیوانیت تھا مین نے ادا کر دیا اب جو کچھ مطلب ہو اُسے بیان کر کبک نے عرض کیا کہ ای حاکم عادل اگر سب لوگون کو ہمت طلب حق کی ہوتی تو ہر ایک صفت دیانت و راستی کو شعار اپنا کرتا اور احتیاج محاکمہ اور تصدیع حکام کی نہ ہوتی اور رسم مرافعہ اور مدافعہ سوگند

قرآن بابل
[illegible]

اور گواہ کی دفتر ایام سے اُٹھ جائین جو کہ مدعی اور مدعا علیہ حاکم کی آنکھین بد غرض سے کور ہین اور راستی کی صورت اُنکے دیکھنے مین نہین آئی ہی اس واسطے وہ شخص کہ جسکی چشم دل کحل الجواہر صدق سے پردہ زنگار نے روشن کی ہی اور غبار ناحق کوشی کا اُنکے آئینہ دل پر نہین بیٹھا ہی اُس کے ہم سب محتاج ہوتے ہین تا جمال صواب اُنکے توسط سے دیکھنے مین آئے اے گبر یہ خدا شناس بشد الحمد کہ زنگار غرض نے تیرے آئینہ دل کو سیاہ نہین کیا ہی اور شومی رشوت سے تیرا دیدہ دیانت کور نہین ہوا ہی اُس باعث سے یقین صادق ہی کہ جو کچھ حق ہی اُس پر تیرا حکم جاری ہوگا اور جس نے کہ فرمان سے تیرے گردن کشی کی موکل عقوبت تیرا فوراً اُسکے سر کو اوج دار پر سرفرازی بخشے گا گبر نے کہا کہ بات اچھی کہی تو نے حقیقت یہ ہی کہ تم دونون اپنے دل مین یہ سمجھو کہ حق تعالی حق کی طرف ہی اور حق غالب ہی ہر چند ظاہر مین حقدار ضعیف و ناتوان ہون پر باطن مین اُسی کو غلبہ ہی یعنی اگر آج ایک بالا دست زیر دست پر جور کرے اول یہ ہی کہ حاکم عادل ضرور جا بندار حق کا ہوگا پھر قوت باطل اُس ناحق کوش کی کچھ کام نہ آئے گی اور بالفرض والتقدیر دنیا مین بچگیا تو قیامت مین کیونکر رستگاری پائیگا اور سوا اس کے اور دو کلمہ کہ خاص شفقت ہین وہ بھی تم سے کہے دیتی ہون لازم ہی کہ گوش دل سے سنو اور مجھے اپنا خیر خواہ سمجھو وہ یہ ہی کہ دار فنا کا ذخیرہ کرنا اور اس عہد بے بقا کو مانند ابر تابستان اور نزہت گلستان سمجھو اور اعتماد اُس کا ہرگز نہ کرو اور خاص و عام اور دور و نزدیک عالم کو اپنے اعضائے بدن کے مانند سمجھو یعنی جو کچھ اپنے اوپر روا نہ رکھو اُن پر بھی جائز نہ رکھو کیونکہ ع بنی آدم اعضائے یکدیگر اند غرض کہ یہان تک اشون اور دلدہے اُن پر دم کیے کہ اُن کو زیادہ تر اُنس پیدا ہوا اور تعلق اندیشہ نہ رہا بے خوف و خطر گبر کے نزدیک آ بیٹھے پس دھر

نزدیک ہوتا تھا کہ اُدھر ایک ہی حملے مین دونون کو پکڑکے مطبخ معدہ کو اُن کے
گوشت لذیذ سے گرم کیا اور اثر نماز و روزہ اور صلاح عفت کا خبث طبع ناپاک
نے اپنے ہی طعمے کی طمع مین برطرف کر دیا اور یہ مثل اس لیے کہی گئی ہی کہ تا معلوم ہو کہ
عہد و پیمان پر بدسیرت کے ہرگز اعتماد نہ کرے اور بوم نفاق اندیش اور غدر پیشہ کبھی
یہی مزاج رکھتا ہی معائب اُسکے بے غایت اور قبائح اُسکے بے نہایت ہین اور یہ
عیوب اُسکے جو بیان کیے مین نے قطرہ ہی دریاے بیکران سے اور ذرہ ہی ازروے
سپہر گردان کے اور اگر مبادا تمنے بھی یہی کام اختیار کیا کہ اُسے تخت پر بٹھایا دیکھنا
جسوقت کہ تاج شاہی اُسکے فرق نامبارک پر رکھا گیا بے شک ادبار اس دیار کے
سر پر پڑے گا اور جس دم کہ پایۂ تخت حکومت اُسکے پاے شوم سے چھو گیا آتش غضب
کرہ نکبت سے عالم عالم برسے گی اور خس و خاشاک اُس دیار کا خاکستر کی طرح
برباد و فنا ہو جائے گا اس سبب سے کہ طینت اُس کی ناپاک اور جوہر اُسکا ناقابل
ہی تربیت اور صلاح کسی ناصح کی اُسپر کچھ کام نہ کرے گی **بیت** گوہر پاک باید
کہ شود قابل فیض ٭ ز انکہ ہر سنگ و کلوخے دُر و مرجان نشود ٭ جبکہ مرغون نے
یہ داستان زاغ کی سُنی اُس کام سے انکار کیا اور ارادہ بوم کی متابعت کا بالکل
دل سے اُٹھا دیا بوم پریشان روزگار سراسیمہ اور شرمسار گوشہ ادبار کی طرف
روانہ ہوا اور چلتے چلتے زاغ سے کہا کہ اے سیاہ روے بے شرم و حیا وہ فتنہ تو نے
میرے حق مین برپا کیا کہ تنلو سال تک اُس کا دفع ممکن نہین ہی اور وہ آتش فساد
تو نے میرے حق مین بھڑکائی ہی کہ اُسے دریاے محیط بجھا نہین سکتا ہی مین نہین
جانتا ہون کہ قصور مین نے تیرا کیا کیا تھا کہ جس کا عوض تجھ سے یہ ہوا لیکن
سمجھ لے کہ جراحت شمشیر البتہ التیام پاتا ہی مگر زخم زبان کا لا علاج ہی کہ
کسی مرہم سے اچھا نہین ہوتا ہی **بیت** جراحتی کہ ز تیغ زبان رسد بر دل ٭

بھیج مرہم راحت نکو نخواہد شد ٭ پیکان ناوک اگر سینے مین بیٹھا ہو تو نکالنا اُسکا ممکن ہو مگر جو
تیر کہ زبان سے دل مین بیٹھا ہو اُسکا نکالنا محال ہو اور جو مضرت کہ تصور کی جاے دفع کرنا
اُسکا ممکن ہو مگر مدافعہ کینے کا زنہار نہین ہو سکتا ہو مثلاً آتش اگرچہ کیسی ہی تیز و تند ہو
مگر اُسکی حرارت پانی سے تسکین پاسکتی ہو اور شعلہ کینے کا آب ہفت دریا سے تسکین نہین
پاے گا اور زہر اگرچہ کشندہ ہو اُسکا ضرر تریاق سے دفع ہو جاتا ہو مگر زہر کینے کا کسی
علاج سے دفع نہین ہو سکتا ہو اسکے بعد ہماری اور تیری قوم مین آج سے ایسا درخت
کینہ لگایا گیا کہ بیخ اُسکی تحت الثریٰ کو پہونچی اور شاخ اُسکی سما سے گذر گئی بوم اس فصل
کو بیان کرکے آزردہ حال اور شکستہ بال اپنی جگہ کو پھر گیا اور زاغ اپنے قال سے
پشیمان ہو کر فکر دور و دراز مین پڑا اور با خود کہتا تھا کہ عجب حرکت نا ملائم دور از عقل کی
مین نے کہ جس سے سراسر ضرر متصور ہی اور اپنی قوم کے واسطے دشمن قوی برانگیختہ کیے
مین نے بھلا ان مرغون کی نصیحت سے بھی کیا کام تھا جو اس گروہ کے مہتر تھے کچھ
ان سے بہتر مین نہ سمجھتا تھا اور بوم کے معائب وہ کیا خود نہ جانتے اور بالفرض
اگر جانتے تو مجھے اس سے کیا حاصل تھا وہ جانتے اور اُنکا کام اُنھون دانائی کی اور
بقول من صمت نجا کے کام کیا یعنی جس نے خاموشی اختیار کی نجات پائی اور مین نے
بد بنو جہ نصیحت کرکے اپنی قوم کو معرض زیان مین ڈالا سچ کہا ہو کہ زبان کو بہ شکل
تیغ اس لیے پیدا کیا ہو کہ بے ضرورت اسے نیام دہن سے باہر نہ نکالے جیسا کہ مرد
شمشیر زن جب تک معرکہ کارزار نہو بطور بازی بیہودہ تیغ کو نہین نکالتے ہین
اور جو کوئی کہ بے ضرورت ہر دم بازی کے طور سے شمشیر میان سے نکالا کرے گا
نگاہ مین خلق کی سبک اور ذلیل نظر آئیگا اسی طرح جو شمشیر زبان کو بے ضرورت
و بے اختیار باہر نکالا کرے گا ایک دن مبتلا کسی بلا کا ہوگا واقعی بڑی خطا کی
مین نے اور دشوار تر کو اختیار کیا کہ قوم بوم کے مواجہہ مین یہ سب کچھ کہا کہ

جس کا حیلہ بھی کچھ بن نہین سکتا ہو مقرر کینۂ بے عدد نے اُنکے سینہ مین جا پکڑی اور حق بجانب
اُن کے ہو چنانچہ خردمندون نے کہا ہو کہ اگرچہ اپنی شوکت و قوت پر اعتماد تمام ہو مگر
تو بھی کسی ادنیٰ عداوت کو جاری نہ رکھے بلکہ لازم ہو کہ دشمن سے بھی مدارا اور تملق مین
کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرے جیسا کہ نظام الملک والی حیدرآباد نے فرمایا ہو
بیت ؎ دل بردنِ عالم تملق را سبب کردم ٭ بدشمن نیز چه شیدم بدان گرمی که تب کردم
اور دشمن انگیزی سے پرہیز کرے اگرچہ تریاق مجرب اور انواع ادویہ مجرب رکھتا ہو پر
اس اعتماد پر زہر ہلاہل کھانا سخت ابلہی ہو بیت ہر چند که تریاق بدست است ترا
زنہار که تا زہر ہلاہل نہ خوری ٭ حکما اسپر متفق ہین کہ فعل کو قول پر ترجیح ہو یعنی فعل نیک
کہ اول مین کم ظاہر ہوتا ہو مگر انجام مین رونق پکڑتا ہو اور وہ شخص کہ قوت گفتار
غالب رکھتا ہو اور کلام اپنا حسن عبارت سے لوگون کی نظر مین چرب زبانی سے
شیرین کر دکھلاتا ہو لیکن تھوڑے سے عرصے مین ورطۂ ندامت و ملامت مین پڑتا
ہو اور نتیجہ قول بے عمل کا سوا حسرت و ندامت کے اور کچھ نہین ہوتا ہو اور مین وہ
راجح قول اور قاصر عمل ہون کہ انجام کار پر نظر نہ کری اگر آج تاج خرد سے فرق حال
میرا مزین ہوتا تو پہلے کسی عاقل سے مشورہ کر لیا ہوتا اس کے بعد اس گفتگو مین
جرأت کرتا تو سخن بے ضرر اور پاکیزہ کہتا اور بیہودہ گوئی سے احتراز کرتا مین بقول
شاعر بیت سخن را سخت ناسنجیدہ گفتم ٭ در ناسفتنی بود انیکہ سفتم ٭ افسوس کہ
بے مشورت ناصحان عاقل اور خردمندان کامل بات کہی مین نے کہ بے ضرورت
محض کلمات خصومت انگیز زبان پر لایا مین غالب ہو کہ مفسدون کے زمرے مین
شمار کیا جاؤن اور نادانی اور جہالت سے منسوب ہوجاؤن کسی نے سچ کہا ہو کہ
بسیار گو بیہودہ گو ہوتا ہو بلکہ آدمیون اور بہائم مین کلام سے امتیاز کرایا جاتا
ہو بیت جو کرے بات اُسے چاہیے ہوش ٭ گر نہین ہوش تو بیٹھے خاموش ٭

بجواب زبانی وچاپلوسی کی باتون گالی ہو

۴۲ سلیم نے جوابی ترجیح خوب وخرابی ... اور قاصر ... سوا ...

القصہ زاغ اسی طرح پر بے قرار رہا اور آپ کو نفرین کرتا تھا اور اُس کے بعد اپنے مسکن
کی طرف پرواز کی بس ہم مین اور قوم بوم مین سبب عداوت یہ ہوا بادشاہ نے کہا ای
کارشناس یہ حکایت فوائد آموزشی مین نے اور حاصل حکایت کو سرمایۂ دل اور عین خرد
کیا اور مین نے بزرگون سے سُنا ہی کہ خردمندون کو مصاحب کرنا اور انکے کلمات
طیبات کو اپنا پیشواے کار بنانا نشانی سعادت و اقبال اور حصول مرتبۂ کمال کی
ہی اور حکما کا اسپر اتفاق ہی کہ صحبت نیکون کی مشک کے مانند ہی کہ اُس کے فیض نسیم سے
مغز جان کو قوت حاصل ہوتی ہی اور فعل نیکون کا دلیل دانش ہی اور قول اُن کا حکمت
کی طرف راہبر ہی خانۂ دل میرا تیرے بیان سے روشن ہوا اب بتا کہ تدارک دشمن کے
دفع کا کس طرح پر کیا جاے کارشناس نے دعاے شاہانہ دی اور کہا کہ وزراے
روشن راے جنگ و صلح اور قرار و فرار اور قبول باج و خراج سے جو کچھ کہ تجویز کیا
ہی میرے ایک بھی اُن مین پسند نہین ہی امید خدا سے رکھتا ہون کہ ایسا حیلہ
برروے کار لاؤن کہ جس سے خوشی اور کامیابی شہریار کو حاصل ہو چنانچہ
زمانہ سابق مین بہت شخصون نے حیلے سے بیشتر مقصود اپنے حاصل کیے ہین
جیسا کہ طرار ولایت گرگانی گوسپند کو ایک ہی حیلے مین زاہد کے ہاتھ سے لے گئے
بادشاہ نے کہا کہ یہ قصہ کیونکر تھا **حکایت** زاغ نے کہا کہ ایک زاہد صاحب
ورع قربانی کے واسطے ایک گوسپند فربہ خرید کرکے اپنے صومعہ کو لیے جاتا تھا
گروہ طرارون کا اُس گوسپند کو دیکھ کے لوٹ گیا اور چاہا کہ فریب سے یہ
گوسپند اس سے لیجیے صلاح کرکے راہ مین کھڑے ہو رہے جب کہ زاہد نزدیک
آیا ایک بولا کہ یا شیخ یہ سگ کتنے کو لیا ہی دوسرا بولا کہ کتا کہان لے جائیگا
تیسرے نے کہا کہ ای شیخ مگر ارادہ شکار کا ہی کہ اس سگ کو ہاتھ مین لیا ہی
چونکہ غلبۂ شوق سے زاہد ناچار ہی دوسرا طعنہ دیتا تھا کہ باوجود صلاح و تقوے

کے سگ مردار کو ہاتھ مین لیا ہی کہ خانہ نمازی کو ناپاک کرے غرض اسی طرح ہر ایک مکاری
سے نئی طرح کا کلام کرتا تھا زاہد نے دل مین کہا کہ اتنے شخص کچھ واہی تو نہین ہین کہ
گوسپند کو سگ کہتے ہین مگر حقیقت مین یہ کتا ہی اور فروشندہ اُسکا ساحر تھا اس لیے
اُس نے میری نگاہ مین اسے بکری کر دکھلایا ہی اسکے بعد زاہد نے طرارون سے کہا
کہ اگر اتنی مہربانی کرو کہ اسے پکڑے رہو پھر تو مین اس کے فروشندہ کو دوڑ کے پکڑ لاؤن
اور کتے کو اُس کے حوالہ کر کے اپنے دام پھیر لون طرارون نے قبول کیا اور زاہد فروشندے
کے پیچھے دوڑا ادھر زاہد روانہ ہوا ادھر ایک طرار نے بکری کو اپنے گھر مین پہونچایا جبکہ
زاہد اُسے پکڑ لایا پوچھا کہ بکری کہان ہی طرارون نے کہا کہ اے زاہد خدا شناسی
سے بہت دور ہی کہ سگ درندہ تو ہمارے حوالے کر گیا تھا کہ تیرے جانے کے بعد
وہ ہمین کاٹنے دوڑا ہمنے خوف گزند سے چھوڑ دیا سو وہ اس طرف بھاگ گیا ہی زاہد
نے ہر چند اُن سے قضیہ کیا پر بکری نہ ملی اور دام بھی فروشندے سے پھیر نہ پائے
آخر کار ناچار ہوکر اپنے گھر آیا اور طرارون نے اس حیلے سے کام دل حاصل کیا
مقصود اس مثل سے یہ ہی کہ ایسے مواقع مین ایسے ہی مکرون سے کام نکلتا ہی
چاہتا ہون کہ ایک حیلہ برروے کار لاؤن کہ جس سے یہ مہم قومی سر ہو **بیت**
گر نہ دشمن پر تو غالب ہوسکے شمشیر سے ✣ زیر کرنا چاہیے آخر اُسے تزویر سے ✣
بادشاہ بولا کہ جو کچھ دل مین رکھتا ہی زبان پر لا کارشناس نے عرض کیا کہ مین اپنی
جان و آرام بادشاہ کے واسطے فدا کرتا ہون کیونکہ ایک شخص کی موت اگر جماعت
کثیر کی باعث حیات ہو تو عقلاً و نقلاً پسندیدہ ہی میرے نزدیک صلاح یہ
ہی کہ بادشاہ خلوت سے باہر تشریف لاکے یہ خشونت تمام یون ارشاد فرمائے
کہ یہ کور نمک خیر خواہ بومون کا ہی سب پر و بال اس کے نوچ ڈالو اور اسے
آشیانے مین چھوڑ دو کہ تڑپ تڑپ کے بے آب و دانہ مرجائے اور مین اُن

ترویر یعنی
فریب و بند
گرد بیدن
یعنی کسی
مکرو فریب
سے دوسرے کو

وزرا کے مشورے سے کہ میرے بہی خواہ ہین جلاے وطن اختیار کرونگا اُس کے بعد
میرے پروبال نوچ کے آپ مع لشکر چلے جائین اور کوئی یہان باقی نہ رہے
اسکے بعد جو کچھ تدبیر مجھ سے بن آئیگی اُسے درست کرے اور وقت فرصت کے
حاضر ہوکے عرض کرونگا اس وقت جیسا کہ موقع ہوگا اُسے عمل مین لائیگا دیکھیے
پردۂ غیب سے کیا لطیفہ بروے کار آتا ہے بادشاہ نے کہا اے کارشناس تیری مفارقت
ازبس شاق ہے اور خصوصًا اس خواری سے تجھے دشمن قوی کے مُنھ مین چھوڑنا بہت
مجھ پر ناگوار ہے لیکن کیا کرون کہ تیری راے صواب اندیش پر مجھے وثوق تمام ہے
اس لیے جو کہتا ہے ناچار وہی کرتا ہون بعد اس صلاح کے خلوت سے باہر آئے تمام
دربار اور لشکری منتظر اسکے تھے کہ دیکھیے شاہ و وزیر کیا تدبیر دلپذیر ٹھہراتے ہین جب کہ
بادشاہ کو خشمگین اور وزیر کو چین بجبین دیکھا سب متحیر ہوئے کہ یہ کیا سبب کہ اسمین
بادشاہ نے کہا کہ یہ کور نمک خیر خواہ بومون کا ہے اس کے پروبال نوچ کے چھوڑ دو
تا یہ تڑپ تڑپ کے بے آب و دانہ اس آشیانے مین مر رہے بموجب حکم بادشاہ کے
میرانِ غضب نے پروبال نوچ کے وہین چھوڑ دیا اور آپ مع تمام لشکر مقام معین کو
روانہ ہوا جب کہ شب ہوئی بومون کے بادشاہ نے باہم صلاح کی کہ زاغ ایک ہی
شبخون مین خستہ اور بدحال ہوگئے ہین اگر دوسرا شبخون مارا جاے تو انکی بنیاد
برباد و فنا ہو جاے والا دشمن کو مار سیاہ کی طرح دم کوبیدہ چھوڑنا آپ کو معرض
دغدغہ مین ڈالنا ہے اگر مہلت پاکے اور کوئی تدبیر معقول ٹھہرائے قصد ہمارا کرین
تو عجب نہین کہ ضرر کلی پہونچائین اب دشمن نیم جان کو زندہ چھوڑنا راے
دور اندیش کے خلاف ہے بیت جب عدو بیہوش ہو جائے اجل کے جام
سے ٭ خوب چھلکے بزم عشرت تب سے گلفام سے ٭ آخر بادشاہ مع فوج ظفر موج
روانہ ہوکر جب کہ زاغون کے مسکن تک پہونچا نشان زاغون کا نہ دیکھا

میران غضب

متحیر ہوا کہ یہ کہان گئے چار طرف جستجو کرتے تھے کہ کارشناس آشیانے مین بیقراری
کر رہا تھا اور آہستہ آہستہ آہ کھینچتا تھا ایک نے بادشاہ کو خبر اسکی دی اُسنے
ہر چند مقرب بھیجے کہ دریافت کرو کہ یہ کون ہی اور کیا حال ہی وہ سب اسکے نزدیک
آئے اور حال پوچھا کارشناس نے کہا کہ مین بادشاہ سے عرض کرونگا جب کہ بادشاہ
کے نزدیک لائے اُسنے نام اور عہدہ وزارت اپنا بیان کیا بادشاہ نے کہا کہ نام تیرا
اکثر سُنا گیا ہی مگر بتا کہ یہ حال تیرا کیونکر ہوا اور زاغ سب کہان گئے اُسنے کہا کہ میرا
حال خود شاہد ہی کہ مین اُن کے حال سے خبر نہین رکھتا ہون بومون کے بادشاہ
نے کہ شب آہنگ نام تھا پوچھا کہ تو وزیر اور مشیر اور مشیرالیہ اُس گروہ کا تھا کیا خیانت
تجھ سے صادر ہوئی کہ مستحق ایسی سزا کا ہوا کارشناس نے کہا کہ بادشاہ مجھ سے بدگمان
ہوا اور حاسدون نے سخن سازی کرکے آتش فتنہ کو زیادہ تر افروختہ کیا اور وہ
میری خدمت کے حقوق سب بھول گیا ان سب کا عوض یہ ہوا جو حضور نے
معائنہ فرمایا بیت بے ثمرہ بود و منت سر خدمتے کہ کردم ٭ یارب مباد کس را
مخدوم بے عنایت ٭ شب آہنگ نے پوچھا کہ بدگمانی کا کیا سبب تھا کہا تمھارے
شبخون کے بعد بادشاہ نے وزرا کو جمع کرکے پوچھا کہ تدبیر اس حادثے کی کیا ہی ہر ایک
نے اپنی رائے کے موافق عرض کیا جب کہ میری نوبت آئی مین نے عرض کیا کہ
اول مقابلہ جنگ کے واسطے قوت اپنی دشمن سے زیادہ چاہیے اگر یہ نہ ہو تو
مقابلہ برابر کا ہو سو وہ بھی نہین ہی کہ اُنکی شوکت اور جلادت زاغون سے
بہت زیادہ ہی دوسرے صاحب اقبال سے پنجہ جدال ملانا دلیل ہی نکبت اور
پشیمانی کی اور خداوند اقبال روز افزون سے زیادہ جنگ کا کرنا نشانی ہی بربادی
اور نادانی کی میرے نزدیک صلاح یہ ہی کہ سفیر قابل کو بھیجنا چاہیے اور تدبیر صلح
کی اگر باج و خراج سے درست ہو جاوے تو نہایت مناسب ہی کہ خزانہ واسطے

جلادت بالفتح دلیری و چالاکی
بد بخت آدمی
سفیر بکسر اول ایلچی و رسول

حفظ جان اور عزت کے جمع کیا جاتا ہو بیت جو سر باید ت سر متاب از خراج ❖ دگرنہ نہ سر با تو ماند نہ تاج ❖ پس اسکے ساتھ ہی بادشاہ نے متغیر ہوکے کہا کہ یہ کیا کہا تو نے اور جرأت اس بے ادبی کی کس چیز نے دلائی تجھے مگر تو مجھے جنگ بوم سے ڈراتا ہی اور میرے لشکر کو انکی بالاخوانی کر کے ہراس دلاتا ہو شعر اگر دشمن از تیغ دارد ستیز ❖ مرا ہم زبان سنان است تیز ❖ چو من آزروے نبرد آورم ❖ دل دشمنان را بدرد آورم ❖ مین نے ازروے خیر خواہی مکرر عرض کیا کہ ای شہریار جادۂ صواب سے انحراف نہ فرمایہ غصہ اور شتابکاری کا محل نہین ہی تامل سے غور کر کہ دشمن قوی سے بغیر لطف و مدارا کے نجات نہین ملتی ہی بیت آسایش دوگیتی تفسیر این دو حرف است ❖ با دوستان تلطف با دشمنان مدارا ❖ اور جس نے کہ ایسے موقع پر متابعت نفس کی کی ہو مقرر سر جنگ اوٹھائی بہتر یہ ہی کہ میری نصیحت پر عمل فرما بلکہ مجھی کو بھیج تو مین بومون کے بادشاہ کو برسر صلح لاؤن بمجرد سُننے اس بات کے بادشاہ خشمناک ہوا اور کہا کہ وہ بات سچ نظر آتی ہی کہ لوگون نے مجھے خبر دی تھی کہ ہمارے رفقا بومون سے ملے ہوے ہین سو واقعی اسمین کچھ شک نہین ہی اسکے بعد حکم کیا کہ پر و بال اسکے نوچ کے چھوڑ دو تا بے آب و دانہ ہلاک ہو جائے پس یہ حال میرا کیا کہ تو مشاہدہ فرماتا ہی پھر وہ سب کے سب ایک طرف روانہ ہوے اور ارادہ اُن کا محض جنگ کا ہی قابو وقت کا پاکے ضرور جنگ کرینگے یہ سُنکے شب آہنگ نے ایک وزیر سے پوچھا کہ اس کے حال کی حقیقت تیرے خیال مین کیا گذرتی ہی وزیر نے کہا کہ اس بات مین حاجت فکر کی کچھ نہین ہی یہ شخص بلاے بے درمان ہی جلد اسے شربت مرگ چکھانا چاہیے اور مین اس اخگر نیم فسردہ مین آتش سوزان دیکھتا ہون کہ جب شعلہ زن ہوگی تو بجھانا اسکا محال ہو جائے گا مصرع نعوذ باللہ ازین آتش ار برآرد سر ❖ اور جو کوئی کہ فرصت پاکے ایسے دشمن کو چھوڑ دیگا مقرر پشیمانی اُٹھائے گا اور پھر قابو نہ پائے گا اور جب کہ دشمن کو ضعیف

بالاخوانی
سنانیزہ ازان
است کہ لیے
شتابکاری زیادہ
از اندازہ چاہت
دارا ببیداری
شعر جنگ
این است کہ نخفہ
باسا غرور انم در
بار بہ تمام
برافشنگاہ
دیگہ زند و
کنایہ از تعب
داز از ۱۲ دام

پائے ہرگز کوتاہی نہ کرے والا دشمن ورطہ ہلاکت سے جس وقت نجات پا کے قوت
پکڑے گا قابو کے وقت کبھی کوتاہی نہ کریگا بموجب حکم اس رباعی کے عمل کرنا چاہیے
رباعی دشمن چو بجست از تو از وی نہ جہی ✤ ور بند تو چون رست تو از وی نہ رہی
خواہی کہ امان باشدت از آفت او ✤ در دست تو چون فتد امانش ندہی ✤ اے
بادشاہ زنہار اسکی بات پر التفات نہ فرما اور اسکے افسون جانگداز کو کان مین جگہ نہ دے
بزرگون نے تاکید کی ہی کہ دوست ناآزمودہ پر کبھی اعتماد نہ کرے تا بہ دشمن چہ رسد
بیت درین زمانہ کہ با دوست اعتمادی نیست ✤ چگونہ غرہ توان کرد بگفتن دشمن ✤
کارشناس یہ کلام وزیر کا سنکے درد دل سے رویا اور کہا کہ ای وزیر مین یون ہی دل دردمند
مجروح رکھتا ہون کیا زخم پر زخم لگا کے نمک ڈالتا ہی اسکی فکر کرنی چاہیے کہ جسے امید
زندگی ہو اور عاجزون سے جو لمردون نے کبھی عدالت نہین کی اس وزیر کی بات
شب آہنگ کے دل مین چبھی اور منہہ دوسرے وزیر کی طرف پھیر کے پوچھا کہ تو اس
مقدمے مین کیا کہتا ہی اوس نے التماس کیا کہ مین اسکے قتل کی صلاح نہ دونگا کہ
صاحب مروت اور بہادر جب کہ دشمن کو ضعیف اور بیچارہ پاتے ہین اوسکا تدارک
برحم فرماتے ہین یہ شخص اوج عزت سے گر کے آپ کے جوار رحمت مین آیا ہی
اگر اسپر احسان اس وقت مین ہوگا تو اسکے عوض مین مقرر جانفشانی کرے گا
اور شخص کام کا کمتر پیدا ہوتا ہی یہ شخص اپنی قوم مین بے نظیر اور نیکنام تھا اگر بادشاہ
اسکا اپنی حماقت سے اسپر خشم نہ کرتا تو یہ حال اسکا کیون ہوتا اس مین گنجایش
خدع کی نہین یہ سرگردان اور پریشان روزگار ہی اور بادشاہ کا اقبال بلند
رہے انکا تمام لشکر تاب اقبال عالی کی نہ لا سکا اس تنہا بے وسیلے و بے پا کی کیا
طاقت ہی کہ بدی کرے گا اور بعضے سبب ایسے ہین کہ دشمن مہربان ہو جاتا
ہی جیسا کہ خوف سے چور کے زن بازرگان اپنے شوہر پر مہربان ہوئی بادشاہ

نے کہا کہ یہ کیونکر تھا **حکایت** کہا کہتے ہین کہ ایک سوداگر نہایت مالدار تھا مگر بدخو
اور زشت رو اور گران جان اور بدزبان اور بےمروت اور نامہربان اور اوسکی ایک
عورت تھی پاکیزہ سیرت اور زیبا صورت کہ چودھوین رات کا چاند اوسکے لمعۂ رخسار
سے اقتباس نور کرتا تھا اور چراغ جہان افروز آفتاب اسکی شعاع عارض سے ضیا وام
لیتا تھا اور یہ زشت رو ہر دم وصف خوانی اوسکے حسن جہانتاب کی اس نظم سے
کرتا تھا **نظم** آنکھ آہو ہی مگر بے آہو ٭ زلف سنبل ہی مگر عنبر بو ٭ رخ ہی وہ گل کہ
نہین جسکو خزان ٭ قد ہی شمشاد ولیکن ہی روان ٭ ہی دہن غنچہ ولیکن گویا ٭
تنگ ایسا کہ سخن کی نہین جا ٭ شوہر ہزار دل سے جویای اوس کے وصال کا تھا وہ
کسی طرح اسکی مائل نہ ہوتی تھی اور ہرچند انواع دلجوئی سے پیش آتا تھا مگر یہ
کنارہ اور متنفر رہتی تھی اور کبھی اپنے وصل سے اوسے شاد کام نہ کرتی تھی ایکدن
چور اوسکے گھر مین آیا یہ عورت بیدار تھی دیکھتے ہی چور کو ڈر گئی اور مرد کے سینے سے
چمٹ گئی جب کہ آنکھ بازرگان کی کھلی دوست کو سینے سے چمٹا پایا خروش عاشقانہ
زبان پر لایا اور غایت خوشی سے جوش مین آیا اور کہا **بیت**

مجھ سے لپٹ گیا ہی مرا یار خواب مین	بیدار بخت ہو گئے بیدار خواب مین

اور کہا کہ آج یہ کیا شفقت ہی کہ خلاف عادت ظہور مین آئی اور کون چیز اسکی باعث
ہوئی عورت نے کہا کہ چور گھر مین آیا ہی اوس کے خوف سے یہ حرکت مین نے کی ہی
مرد نے کہا کہ ای دزد مبارک قدم جو کچھ چاہ سو میرے مال سے اٹھا لیجا کہ تیری
برکت قدم سے یہ لطف مجھے حاصل ہوا دزد نے اوس کے حال و قال پر رحم کرکے
کچھ نہ لیا اور خالی پھر گیا بازرگان نے یار کو اوس دم وفادار پایا اور مال بھی
سلامت رہا یہ مثل اس لیے عرض کی گئی کہ بعضی صورت مین ایسا ہوتا ہی
کہ دشمن کے سبب سے حصول مطلب ہو جاتا ہی ورحال اس زاغ کا بھی

قصہ اسی قبیل سے ہی بادشاہ نے وزیر سوم سے پوچھا کہ تیری رائے اس قضیہ مین
کیا حکم کرتی ہی اُسنے کہا کہ میرے نزدیک اولی یہ ہی کہ شہریار لباس حیات اسکے
بدن سے نہ اُتارے بلکہ خلعت امان پہنا کے الطاف و پرورش سے دریغ نہ
فرمائے تا وہ اُس کے مکافات مین خدمت بادشاہ کی اپنے اوپر واجب جانے
اور امور نصیحت اور خلوص خیرخواہی مین عرق ریزی کرتا رہے دوسرے یہ بات ہی کہ
عقلا ہمیشہ سے آئین کوشش کرتے رہے ہین کہ جماعت دشمن سے جتنے لوگ لوٹ
آئین اور جتنے سنگ تفرقہ اُس گروہ پر پڑین موجب فراغ خاطر اور انتظام کار
اُس مین متصور ہی جیسا کہ دزد اور دیو کا خلاف باعث جمعیت خاطر زاہد ہوا
بادشاہ نے کہا کہ یہ قصہ کیونکر تھا **حکایت** کہا کہ ایک زاہد پاک طینت پاکیزہ سیرت
کا نواحی بغداد مین صومعہ تھا اوقات صبح و شام عبادت ملک علام مین بسر کرتا تھا
اور غبار تعلقات اپنے دامن سے جھاڑ ڈالتا تھا اور تصور کیا تھا کہ نوش مسرت
بے نیش مشقت حاصل نہین ہوتا ہی اور نقد گنج غنا بغیر رنج و عنا ہاتھ نہین آتا ہی
پھر واسطے چند انفاس مستعار کے آنی بلاؤن کا خریدار ہونا بڑی حماقت ہی **بیت**
ہاتھ اُٹھا گل سے کہ تا ایذا نہ پہونچے خار سے ÷ مار ٹھوکر گنج کو پھر خوف کیا ہی مار سے ÷
یہ سمجھکر زاہد نے قناعت مین سر کھینچا تھا اور جو وظیفہ کہ عالم غیب سے عنایت ہوتا تھا اُس پر
بہزار شکر راضی رہتا تھا ایک مرید صادق نے معلوم کیا کہ شیخ ہمارا اکثر فقر و فاقے مین
بسر کرتا ہی ایک گاؤمیش شیردار بہزار منت نذر کی اور کہا کہ یہ حسبۃً للہ آپ کی نذر ہی
کہ اکثر پریشانی روزی کی اوقات شریف کو مکدر کرتی ہی وقت ضرورت اس سے رفع
گرسنگی فرمایا کیجیے بلکہ وارد و صادر بھی اس سے فیض پائینگے زاہد نے خیال کیا کہ
بے طلب اللہ نے اسے بھیجا ہی پس بحکم لاتردوا لکد کے قبول کیا ایک چور نے
گاؤمیش شیردار دیکھ کے باخود کہا کہ اسے چرائیے مال مفت ہی شب کو صومعہ

حکایت زاہد و دزد و دیو

زاہد کا ارادہ کیا اتفاقاً ایک دیو بھی بشکل آدمی بن کے وزد کے ساتھ ہوا وزد نے
کہا کہ تو کون ہی اور کہان جائیگا اُسنے کہا کہ مین دیو ہون بشکل آدمی بنکر صومعہ زاہد
کا قصد رکھتا ہون کہ اکثر لوگ اُسکی برکت تلقین سے طریقہ توبہ و تقوی مین کامل
بنگئے ہین چاہتا ہون کہ اگر فرصت پاؤن تو اسے قتل کرون تا سبیل ہدایت مسدود
ہو جائے یہ حال تھا میرا جو سُنا تو نے اب تو بتا کہ تو کون ہی اور تیرا حال کیا ہی وزد
نے کہا کہ مین عیار پیشہ ہون اور شب و روز اسی فکر مین پھرتا ہون کہ کسی کا مال پاؤن
تو چرا لیجاؤن اور داغ حسرت دل پر رکھون بلکہ آج اس لیے آیا ہون کہ زاہد کی بھینس
کہ خوب شیر دار ہی اُسے چُرا لیجاؤن اور صرف معاش کرون دیو نے کہا ع اے
جان جہان تو یار مائی ÷ الحمد للہ کہ رشتہ جنسیت کا تجھ مین مجھ مین مستحکم ہی اور میرا مشرب
اور تیرا ایک ہی شب کو دونون صومعہ زاہد مین آئے زاہد عبادت کرکے سو رہا تھا وزد
نے اندیشہ کیا کہ اگر دیو ارادہ زاہد کے مارنے کا کرے اور وہ فریاد کرے اور مردم ہمسایہ
دوڑ پڑین تو مطلب میرا فوت ہو جائیگا اور دیو نے خیال کیا کہ وزد جب کہ بھینس
لیچلے گا تو دروازہ کھولے گا اُسکی آہٹ سے اگر زاہد جاگ اُٹھا تو مارنا زاہد کا توقف
مین پڑے گا دیو نے کہا کہ اے وزد اندکے تامل کر کہ مین پہلے زاہد کو قتل کرلون اسکے
بعد تو مطلب اپنا کرنا وزد نے کہا کہ مین پہلے گاؤمیش کو خانہ زاہد سے باہر لے جاؤن
اُسکے بعد زاہد کو مارنا یہ قصہ اُن دونون مین پڑا آخر دونون کا مقال جدال کو پہونچا
وزد نے اُس جھگڑے مین زاہد کو آواز دی کہ اے زاہد غافل ہوشیار ہو کہ دیو تیرے
مارنے پر مستعد ہی دیو نے کہا کہ یہ وزد تیری گاؤمیش چُرائے لیے جاتا ہی زاہد اُنکے
عربدہ شور انگیز سے بیدار ہو کر چلایا مردم ہمسایہ دوڑے اور یہ دونون بھاگ
گئے نفس اور مال زاہد کا دشمنون کے خلاف سے محفوظ رہا **بیت**

چو در لشکر دشمن افتد خلاف ÷ تو بگذار شمشیر خود در غلاف ÷ جبوقت کہ تیسرے

وزیر نے بات تمام کی پہلا وزیر آشفتہ ہوا اور کہا کہ معلوم ہوتا ہی کہ یہ زاغ مکر و افسون
سے تمھین فریفتہ کر کے خراب کریگا زنہار غفلت نہ کرو اور پنبۂ پندار و غفلت گوش ہوش
سے نکال ڈالو عاقلون کی تاکید ہی کہ کلام دشمن پر کبھی اعتماد نہ چاہیے یہ قاعدہ کلیہ ہی
کہ عداوت اصلی دل سے ہرگز محو نہین ہوتی ہی دشمن ہزار رنگ سے دھوکا دینے
کے واسطے چاپلوسی سے پیش آئے مگر اُسے سراپا دغا اور فریب سمجھا چاہیے طرفہ تر یہ کہ مین
سب کو اُسکے فریب پر گرویدہ پاتا ہون حال تمھارا اس رودگر کے مانند ہی کہ گفتار زن
بدکردار پر فریفتہ ہوا بادشاہ نے پوچھا کہ یہ ماجرا کیا تھا **حکایت** کہا کہتے ہین کہ شہر
سراندیپ مین رودگر تھا کہ خوبی کسب مین حد کمال کو پہونچا تھا اور ایک عورت
رکھتا تھا کہ غایت حسن و جمال سے غیرت پری تھی **بیت** نگارے دلفریبے جانگدازی ۞
پری پیکر بتے عاشق نوازی ۞ رودگر از بس اُسکا مائل تھا لیکن وہ در پردہ رودگر سے
کنارہ اور غیرون کے تیر عشق کی گھائل تھی اور ہمسایہ مین اُسکے ایک شخص تھا کہ سرو رعنا
ایسے ہی قد کی صفت ہی **نظم لمؤلفہ** دونون غدار رشک ہین خورشید و ماہ کے ۞ آہو
تمام علیند ہین چشم سیاہ کے ۞ سب مرغ جان اسیر ہین زلفون کے دام مین ۞ سب مرغ
دل شکار ہین تیر نگاہ کے ۞ ایک دن نظر انکی باہم دوچار ہوئی یہ دونون آپس مین
فریفتہ ہوے القصہ نامہ و پیام سے کام بعیش و آرام پہونچا اور مدام اسی طرح سے پرداد
عیش دیتے تھے وہ لوگ کہ اس کے وصال کی تمنا مین مانند سیماب کے بیقراری کیا کرتے
تھے اور شبانہ روز اُس کے ہر حال کی جاسوسی مین رہتے تھے آخر اس قصے سے مشروحاً
آگاہ ہوے اور آتش رقابت کا اُون سینہ مین شعلہ زن ہوئی لہذا اس حال سے
رودگر کو خبردار کیا ہر چند رودگر چندان غیرت دار نہ تھا مگر اس صدد مین ہوا کہ
اس بات کو دریافت کرے عورت سے کہا مجھے ایک منزل پر کچھ ضروری کام ہی ہر چند دور
نہین ہی مگر چند روز اُسی جا رہونگا کچھ توشہ پکا دے تو مین جاؤن عورت نے مکاری

سے رو کر کہا کہ مجھے مفارقت ایک دن کی بھی گوارا نہین ہو لیکن ضرورت سے مجبور ہون
چند روٹیان پکا کر حوالے کین ورودگر رخصت کے وقت کہنے لگا کہ شب کو دروازہ
خوب بند کرنا اور اسباب بہت محافظت سے رکھنا کہ مبادا میری غیبت مین کوئی چور
دستبرد کرے غرض کہ بعد قیل وقال بسیار درودگر روانہ ہوا اور اُس نے فوراً
یہ مژدہ یار کو بھیجا کہ آج گھر اغیار سے خالی ہو بیت آج اس باغ مین سب گل
ہین کوئی خار نہین + جلد آ یار کہ اب تام کو اغیار نہین + جوان نے کہلا بھیجا کہ پہر رات
کے بعد آؤنگا عورت نے اسباب مہمانی اور سامان عیش وشادمانی مہیا کر رکھا تھا اور منتظر
وقت کی بیٹھی درودگر سرشام گھر کے ایک کونے مین آ چھپا جبکہ وہ جوان آیا دیکھا اُسنے
کہ دونون ہم آغوش ہوے اور بوس وکنار بہزار ناز و نیاز اور کلمات تعشق اور
عہد و پیمان وفاداری بسوگند بیان کرتے ہین جب کہ بعد اختلاط کے دونون
خوابگاہ مین گئے درودگر آہستہ آہستہ اس لیے نزدیک آیا کہ تماشا سے
بوس وکنار تو دیکھ چکا اب تماشاے مباشرت معائنہ کرے ناگاہ نظر اس عورت کی
اس درودگر کے پانون پر پڑی سمجھی یہ کہ جانا اسکا محض بہانہ تھا اپنے یار سے کہا کہ
ماجرا یہ ہو اب تو یون کہنا اور مین یون کہونگی اُس نے پوچھا کہ تو مجھے بہت چاہتی ہو یا اپنے
شوہر کو اُس نے کہا کہ اے نادان اگر سچ پوچھتا ہو تو یہ ہو کہ عورتون کو اگر بجہت غلبۂ
شہوت یا بواسطہ لہو ولعب یا بسبب کسی کے ورغلانے کے ایسا اتفاق ہوجاتا ہو
لیکن جب وہ حاجت روا ہو چکتی ہو فی الحال پھر کچھ نسبت اُسے آشنا سے باقی نہین
رہتی اور شوہر بمنزلہ روح بصر کے ہو اور عورتون کو جان و دل سے شوہر زیادہ تر عزیز
ہوتا ہو چنانچہ ایک مین ہون کہ وہ موجود اسجا نہین ہو اور مین جس دھوکے سے اور
جنکے ورغلانے سے تیرے دام مین پھنسی اُنکا خدا برا کرے مین اسکی پاپوش کے برابر تجھے
نہین سمجھتی ہون اور اسوقت کتنی پشیمان ہون کہ مر جانے پر راضی ہون ہر چند اپنی

مین نے عزت برباد نہین کی ہو فقط بناچاری بوس وکنار تونے کیا ہو لیکن یار سیاہ اگر میری بغل مین سوتا تو مین راضی ہوتی پر تجھ سے راضی نہین ہون اور اپنے شوہر کے بغیر یہ بستر مجھے آتش سوزان سے بدتر ہے مرد نے کہا کہ حق بجانب تیرے ہو اور تو سچ کہتی ہو لیکن مین تو بدکار نہین ہون فقط تیرے دیدار اور بوس وکنار کا خریدار ہون جس وقت مرد وگرنے بغیرت وبے عقل نے یہ حکایت عورت کی زبان سے سُنی شفقت اور رفاقت اُس پر غالب آئی اور دل مین کہا کہ نزدیک تھا کہ اس عورت سے بدی کرتا مگر خیر گذری کہ نزدیک اللہ کے گنہگار نہ ہوا یہ کیا گمان بد تھا کہ مین اُسکے حق مین کرتا تھا وہ بیچاری میرے عشق مین زار وبیقرار رہی اور اس محبت وجان نثاری کے ساتھ اگر کوئی خطا بھی اس سے صادر ہوتی تو کیا مضائقہ تھا کہ کھس تو نہ جاتی اور اس کے سوا کون آفریدہ جہان مین خطا ونسیان سے خالی ہی بموجب مصرع کسے کجاست کہ دامان او نیالودہ است ؛ مین نے بیہودہ اتنا پیچ اُٹھایا اب صلاح یہ ہو کہ عیش اُسکا منغص نہ کرون اور اُسکی آبرو اس شخص کے روبرو خاک مذلت مین نہ ملاؤن کہ یہ عمل اُس سے بناچاری ہوا ہو مجھے چاہیے کہ نظر اُسکے ہنر پر رکھون نہ عیب پر بموجب بیت کے **بیت**

گر ہنری داری وہفتاد عیب ؛ دوست نہ بیند بجز آن یک ہنر ؛ یہ دل مین سمجھ کر اُسی تخت کے تلے دم بخود لیٹا رہا جس وقت علم شب تار نگون زار ہوا اور آفتاب عالم افروز نے گوشۂ مشرق سے پیش خیمہ نکالا مرد بیگانہ اپنے گھر گیا اور عورت نے بالائے تخت آپ کو نگونسار سوتے مین ڈالا ورود گر باہستگی تخت کے تلے سے نکل کے عورت کے پاس آ بیٹھا اور بلطف تمام غبار ملال اُسکی خاطر سے پاک کرنے لگا نرم نرم اپنے ہاتھ بکمال محبت اس کے بدن پر پھیرتا تھا کہ زن پُر فریب کی آنکھین کھلین اور شوہر کو دیکھ کے جلدی سے اُٹھی اور یہ قطعہ گویا کا پڑھا **قطعہ**

شب فراق مین دم بھر نہ مجکو خواب آیا ؛ لبون پہ آہ تو آنکھون مین خون ناب آیا ؛

عجیب صبح مبارک نے اب کیا ہی طلوع ٭ کہ میرا ماہ بھی ہمراہ آفتاب آیا ٭ پوچھا کہ
سلامتی سے کب تشریف لائے کہا کہ جس وقت اُس مرد بیگانے سے تو دست و بغل تھی
اور اُسکے بعد معلوم کیا مین نے کہ یہ کام اپنے ارادے سے تو نے نہین کیا بلکہ بمجبوری
فریب سے لوگون کے واقع ہوا ہی اور یہ بھی معلوم ہوا کہ تم دونون مین محبت پاک
ہی اُس وقت رنج دینا تجھے انصاف و مروت سے دور سمجھا مین اور جب سے کہ
شفقت تیری بدل اپنے حال پر پائی اور اپنی دوستی مین تجھے مستغرق دیکھا
تب سے بیقین معلوم ہوا کہ تو اپنی زندگانی محض میرے لیے اور بینائی میرے
مشاہدہ جمال کے واسطے چاہتی ہی اور یہ حرکت کہ تجھ سے صادر ہوئی محض مکارون
کے فریب سے ہوئی اس باعث سے تیرے اور تیرے دوست کے آرام کا لحاظ مجھ پر
واجب ہوا تو دل خوش رکھا اور کچھ خوف و ہراس نہ کر اور مجھے معاف کر کہ مین نے
اول تیری طرف گمان بد کیا تھا بارے الحمد للہ کہ خیال میرا باطل تھا اور تو ایسی
نہ تھی جیسا کہ میرا مظنہ تھا عورت مکارہ نے شرم و حیا سے معذرت اپنی بے اختیاری
اور خطا کی چاہی اور اظہار تعشق شوہر کرتی تھی اور نجار اپنی خطا معاف کرواتا تھا
اور یہ بیت تکرار کرتا تھا **بیت** کی تجھ سے بدگمانی مین نے بڑی خطا کی ٭ کر دے
معاف اب بہت تجکو قسم خدا کی ٭ یہ مثل اسلیے بیان کیگئی ہی کہ تم درودگر کے مانند کلام فریب آمیز
پر اُسکے فریفتہ نہو اور عیوب ظاہر کو ہنر نہ سمجھو تا اس زاغ مکار کے کلام پر تم فریب نکھاؤ
اور اُسکے مکر و شعبدہ پر بھول نجاؤ کہ اس سے بوے خون مجھے آتی ہی اُسوقت اُسکا فریب بہتر
ظاہر ہوگا کہ چارۂ کار اختیار سے باہر ہو جائیگا **بیت** بقول خصم بد اندیش غرہ نتوان
شد ٭ کسیکہ کرد چنین عاقبت پشیمان شد ٭ اور دشمن دانا جب کہ دوری مسافت مین
کچھ قابو نہین پاتا ہی کسی حیلے سے آپ کو نزدیک پہونچاتا ہی اور نفاق دیدار سے
محرم راز بنجاتا ہی جس وقت اُنکے راز اور چارۂ کار پر مطلع ہوتا ہی فرصت پاکے ایسا

زخم کاری لگاتا ہی کہ صاعقہ آتشبار کے مانند دشمن کے خرمن ہستی کو جلا دیتا ہی زاغ
نے کہا کہ اے وزیر صائب تدبیر چشم خدا بین سے دیکھ اور خراش نفس سے ایسا ظلم نہ کر
کہ خدا اور مردان خدا پسند نہ کرین اور بھلا انصاف تو کر کوئی عاقل ایسا حیلہ اپنے
حق مین پسند کریگا کہ مرتبۂ وزارت سے قصداً اس ذلت مین پڑے کہ پروبال نچوا کے
لشکر لعنتین قوی مین آپ کو ڈالے اگر بادشاہ رحیم مزاج ہوتا تو اب تک مجھے زندہ سلامت
نہ چھوڑتا اور اس سے مجھے کیا فائدہ تھا کہ دیدہ و دانستہ امر موہوم کے واسطے ایسا
حیلہ کہ پیش جائے یا نہ جائے کرکے اپنی ہلاکت سر و ست قبول کرتا اور ایسا ستم اپنے
حق مین روا رکھتا کہ غیر کی آسایش کے واسطے اپنی موت اس ذلت سے قبول کرتا
تو مجھ سے زیادہ کون احمق جہان مین ہوتا بلکہ طفل دہ سالہ تا پیر صد سالہ کوئی ایسے
حیلے کو پسند نہ کرے گا سب زاغ جانتے ہین کہ یہ خواری باختیار مین نے قبول نہین
کی ہی اور کیا بادشاہ کے جاسوسون نے خبر نہ دی ہوگی کہ تمام لشکر میرے واسطے متاسف
اور روتا تھا کیونکہ مین نے عمر بھر کسی کو رنج نہین پہونچایا ہی بلکہ ہمیشہ بادشاہ سے جرائم
مخلوقات کے عفو کرواتا رہا ہون اگر یہ بات عمداً مین کرتا تو تمام لشکر اور میرے اقربا
کاہے کو گریہ وزاری کرتے بلکہ سب کی تشفی ہوتی کہ حکمت عملی کے واسطے یہ امر کیا ہی
ہر چند مین نے اپنے بادشاہ کو خیر خواہی سے نصیحت کی تھی مگر اسپر یہ ثابت ہوا کہ یہ
خیر خواہ بومون کا ہی اور اُن سے سازش رکھتا ہی اس لیے میرا یہ حال کیا اور اگر مین
جھوٹا ہوتا تو یہی کہتا کہ مین نے تمھاری خیر خواہی سے کہا تھا اور حاشا کہ مین نے تمھاری
خیر خواہی سے نہین کہا تھا مگر اُسنے یہی جانا کہ اس نوبت کو مجھے پہونچایا بلکہ اور وزرا
کہ میرے دشمن تھے سر عام اُنھون نے یہی مشورہ دیا کہ اُسنے زندہ نہ چھوڑنا چاہیے
بادشاہ نے کہا کہ بہتر ہی کہ تڑپ تڑپ کے اپنے دوستون کے آگے مرے تو اچھا
ہی اے وزیر کچھ تو خوف خدا کر اور انصاف سے نہ گذر اور بموجب اِس رباعی

کے عمل کر **رباعی** گر بر سر نفس خود امیری مردی ÷ ور بر دگرے خردہ نگیری مردی ÷
مردی نبود فتادہ را پاے زدن ÷ گر دست فتادہ بگیری مردی ÷ وزیر نے کہا کہ اے
زاغ مکار یہ بات کچھ نئی نہین ہو جو تونے کی ہو آگے بھی لوگون نے ایسے کام بلکہ
اس سے بھی زیادہ کیے ہین کہ ہلاک دشمن کے واسطے اپنے اوپر بڑی بڑی عقوبتین گوارا
کی ہین اس تصور سے کہ دلی نعمت کی کاربرآری مین جان بھی جاوے تو مضائقہ
نہین ہو کہ ایکدن مرنا ہو بلکہ نام حق گزاری کا تنہا جریدۂ روزگار پر باقی رہیگا جیسا کہ
اُس بندر نے آپ کو ہلاک کیا اور انتقام یارون کا لیا بادشاہ نے پوچھا کہ یہ قصہ کیونکر تھا

حکایت خرس اور بوزنگان

حکایت کہا کہ گروہ بندرون کا ایک جزیرے مین کہ جہان میوہ تر و خشک بہت تھا
اور ہواے خوب و مرغوب تھی رہا کرتا تھا ایک دن چند بزرگ اُس قوم کے ایک درخت
کے سائے مین باہم بیٹھے حکایت ہر طرح کی کرتے تھے کہ اتفاقاً ایک خرس اُس راہ سے
گذرا اپنے دل مین کہا کہ یہ بات روا نہین ہو کہ مین کوہ مین زیر سنگ با دل تنگ
گذران کرتا ہون اور ہزار محنت سے بیخ گیاہ حاصل کرکے شکم پروری کیا کرتا ہون اور
بندر اس جزیرے مین ایسی ہواے خوب اور میوہ زار مین با دل شادان بسر کرتے ہین
اور مین کہ اُن سے قوی تر اور بہتر ہون اس ذلت سے گذران کرتا ہون یہ مروت کے خلاف
ہو **بیت** رقیبان در بہار فصل ول بشگفتہ ہمچون گل ÷ چرا من در خزان ہجر بے برگ و
نوا باشم ÷ اس فکر کے بعد خرس نے جماعت بوزینہ مین جاکے چاہا کہ سب کو درہم و برہم
کرکے اس جزیرے سے بھگا دے اور ذخیرہ اُنکا کھالے یہ دیکھتے ہی سب بندر چلائے
فوراً ہر طرف سے جوق جوق سب جمع ہوے اور خرس کو یہان تک کاٹا اور نوچا
کہ از سر تا پا مجروح اور خون آلودہ ہوکر خوار اور پشیمان کوہستان کو بھاگا اور
وہان پہونچ کے غوغا کیا خرس سب جمع ہوے اور حال پوچھا خرس نے
صورت ماجرا بیان کی خرسون نے کہا کہ واے ناموسی کہ بوزینہ ضعیف الجثہ

خرس قوی ہیکل کو یہ ذلت دی کبھی ایسی ذلت ہماری قوم کو نہین ہوئی تھی یہ بدنامی قیامت تک اس قوم مین باقی رہیگی آخر خرسون کی رگ حمیت و غرور حرکت مین آئی اور بعد لاف و گزاف یہی مشورہ ٹھہرایا کہ ہم سب جمع ہوکے ایسا شبخون ماریں کہ ایک بندر سلامت نہ رہے **بیت** ہین عدو مانند روبہ شیر ہم ÷ ایک حملے مین کرینگے زیر ہم ÷ جب کہ شب ہوئی لشکر ریچھون کا جزیرہ بوزینہ پر متوجہ ہوا قضارا بندرون کا بادشاہ اس روز ایک اور صحرا کی طرف شکار کو گیا تھا اور شب کو بھی اُسی جنگل مین قیام کیا تھا تھوڑے سے بندر اُس جزیرے مین آرام کرتے تھے جبکہ فوج خرسون کی مانند مور و ملخ کے وہان پہونچی اکثر بندر قتل ہوگئے کچھ تھوڑے سے جو خستہ و مجروح باقی رہے جابجا بھاگ گئے ریچھون نے جو جزیرہ دلچسپ اور میوہ دار خالی پایا اُسی خرس ستم رسیدہ کو اپنا امیر کیا بندرون نے جو میوہ کہ مدت دراز مین جمع کیا تھا ایکدم مین ریچھون نے کھاڈالا جب صبح ہوئی بادشاہ بندرون کا اس حال سے غافل متوجہ اپنے جزیرہ کا ہوا بندر خستہ و پریشان جو باقی رہے تھے راہ مین بادشاہ کو ملے اور دادخواہی کی بادشاہ نے اس ماجرے سے اطلاع پاکے انگشت حیرت دانتون مین دابی اور کہا کہ ہائے ملک موروثی مفت ہاتھ سے گیا اور افسوس کہ بخت نے برگشتگی کی اور دولت بے اعتبار نے مُنھ پھیر لیا سچ کہا ہے کہ فریب آباد دنیا پر اعتماد کرنا نہ چاہیے اور اسی طرح اور بندر بھی اپنی قوت مال و منال اور اہل و عیال پر گریہ و زاری کرتے تھے اُن بندرون مین میمون نام ایک بندر تھا کہ فضیلت و حکمت مین نہایت آراستہ اور مرتبہ کیاست مین سب گروہ سے برگزیدہ تھا اور بادشاہ ہمیشہ اُسکے مشورے پر کام کرتا تھا **نظم**

امین روشندلے صاحب ضمیری ÷ بتدبیر درست اقلیم گیرے
عطارد جاکرش در خامہ رانی ÷ زحل شاگرد او در نکتہ دانی

میمون نے جبکہ بادشاہ کو حیران اور یارون کو سرگردان دیکھا نصیحت کی اور یہ قطعہ پڑھا

قطعہ در بلاہا جزع مکن کہ اندران ۔ دو زیان ست گوش کن از من ۔ اولاً دوستان شوند ملول ۔ ثانیاً شادمان شود دشمن ۔ اور کہا کہ جزع کرنا بندۂ خدا کو صواب اندیشی سے محروم رکھتا ہی اور بیصبری اور سُبکی کے ساتھ مشہور کرتا ہی اور ایسے موقع مین سوا دو چیز کے اور کسی مین فائدہ نہین ہی ایک صبر اور دوسرے ثبات کہ صبر و ثبات وہ درخت ہین کہ میوۂ مراد بار لاتے ہین بحکم الصبر مفتاح الفرج یعنی صبر کلید ہی ابواب نجات کی نظم کلید در گنج مقصود صبر است ۔ در بستہ آنکس کہ بکشود صبر است ۔ از آئینۂ سینۂ در دمندان غبار ستم آنکہ نبرد و صبر است ۔ ای بادشاہ رای نیک و تدبیر درست سے ہزار سالہ غم ایک ساعت مین رفع ہوتا ہی بیت تو ان بہ مرہم تدبیر نیک ورای صواب ۔ جراحتِ دل صد پارہ را دوا کردن ۔ بادشاہ نے پوچھا کہ اس مہم کی تدبیر کیا ہی میمون نے خلوت چاہی اور اُسکے بعد کہا کہ خرسون نے میرے عزیز اور فرزند سب قتل کیے ہین اب مجھے اُنکے دیدار کے بغیر زندگی سے لذت اور نہ دولت سے راحت ہی بلکہ یہ زندگی ہزار درجہ موت سے بدتر ہی آخر اس غم سے گھل گھل کے مرجاؤنگا چاہتا ہون کہ جتنا جلد تر اس مضیق تعلقات سے مخلصی پا کے راحت عقبیٰ حاصل ہو اُتنا بہتر ہی اس لیے چاہتا ہون کہ ایسی تدبیر کرون کہ اس گروہ نا خدا ترس سے انتقام دوستون اور عزیزون کا اس طرح لون کہ یہ نقش میرا جریدۂ روزگار پر تا قیام قیامت باقی رہے اور اگر اس تدبیر مین مارا بھی جاؤن توبھی دو راحتون سے خالی نہین ہی ایک یہ کہ حق نمک بادشاہی سے سبکدوش ہون کہ جان نثاری سے بہتر نمک خوار کے لیے کوئی عمل نہین ہی اور دوسرے عزیزون اور فرزندون سے جلد ملنا ہوگا بادشاہ نے کہا کہ ای میمون لذت انتقام کی کام حیات کو البتہ شیرین کرتی ہی اور ذوق غلبے کا دشمن پر واسطے آسایش زندگانی کے مطلوب ہوتا ہی اگر تو نہ ہوا تو تجھے ان صورتون سے کیا فائدہ ہی دوسرے تیرے بغیر تمام عالم میری

آنکھون مین تیرہ ہو جائے گا اور بن تیرے ایسا انتقام میرے دل کو ہرگز خوش نہ
کرے گا وہ بات سوچ کہ جسمین تجھے مضرت نہ پہونچے اور مین الم ناک ہون میمون نے
عرض کیا کہ ای شہریار نامدار یہ حال کہ مین رکھتا ہون اس صورت مین موت کو لاکھ درجہ
حیات پر ترجیح ہی کس لیے کہ نور آنکھون کا فرزندون کے تماشاے جمال سے متعلق ہوتا ہی سو
انھون نے اپنا منھ نقاب تراب مین چھپا لیا اور خرمن جمعیت میرا تندباد فنا نے برباد کر دیا
اور قوام معیشت کا کہ مال و منال سے تعلق رکھتا ہی تاراج دشمن مین تلف ہوا سو مال
کا بھی اندیشہ کچھ نہ تھا جو فرزند اور عزیز سب سلامت رہتے اب بجز موت کوئی چیز میرے
دل کو آرام نہ دے گی اس سے یہ بہتر ہی کہ حق گذاری ولی نعمت کی بجا لاؤن اور سب قوم
کہ مجروح دل اور خستہ خاطر ہی مرہم انتقام دشمن سے انکے زخمون کو التیام دون اور
نقد جان دے کے متاع نیکنامی خریدون **بیت** بنام نکو مرد نم آرزوست * گرم مین جملہ
مقصود نام نکوست * بادشاہ کو چاہیے کہ میری موت سے دریغ نہ کرے بلکہ جب بزم
عیش مین بیٹھے تو میری وفاداری کو یاد فرماوے بادشاہ نے کہا کہ کون حیلہ ٹھہرایا ہی
میمون نے کہا کہ انکو ایسے ریگستان مین ڈالون گا کہ باد سموم آتشبار وہان وزان ہو گی
اور ایک قطرۂ آب کسی طرح دستیاب نہو گا تڑپ تڑپ کر سب جان دینگے کہ نوع انکی
از بس حار مزاج ہوتی ہی تاب اونکی حرارت کی نہین لا سکتی ہی چہ جاے کہ وہ گرمی اور
لون کا چلنا اور پانی کا نہ ملنا غالب ہی کہ میری راے صواب سے نزدیک ہو اور تیر تدبیر
ہدف مراد پر پورا بیٹھے اب صلاح یہ ہی کہ بادشاہ بندرون کو حکم دے کہ دونون کان
میرے نوچ ڈالین اور ہاتھ پاؤن توڑ کے اسے اپنے جزیرے کے قریب پھینکدین اور
بادشاہ اس جزیرے کے گرد و پیش سب بندرون کو پریشان کر دے کہ مخفی رہین دو
روز انتظار کیجیے تیسرے دن بفراغت تمام اپنے مسکن پر متمکن ہو جیے اور اسمین مطلقاً
شبہہ اور تردد نہ کیجیے کہ انمین سے ایک بھی زندہ و سلامت نہ رہے گا بادشاہ نے

بموجب صلاح میمون کے حکم دیا وہ سب عمل مین لائے اور بادشاہ بندرون کو منتشر کر کے
آپ ایک گوشے مین چھپ رہا میمون نے تمام شب ایسے نالے جان خراش کیے کہ دل سنگ
اُسکے اضطراب سے آب ہوتا تھا اور کوہ اُسکی صداے المناک سے فریاد کرتا تھا جسوقت
شاہ انجمن نے تکیہ گاہ خاور سے سر پر گردون پر قدم رکھا بادشاہ خرسون کا خواب ناز
سے اُٹھکر دیوان عام مین آیا اور وہ نالۂ زار سُنکے اُسکی طرف روانہ ہوا دیکھا کہ ایک
بندر خستہ حال ہے پوچھا کہ تو کسکی جفا کا پامال ہے اُس نے احوال اپنا مشروحاً بیان
کیا باوجودیکہ سخت دل تھا اُسپر بھی مہربان ہوا اور بکمال شفقت سے استفسار حال کر کے
تاسف کرنے لگا میمون نے فراست سے پہچانا کہ بادشاہ ریچھون کا یہی ہے دعا اور ثنا شروع
کی بعد اداے مراسم بادشاہی کہ لائق بادشاہان جلیل القدر کے ہوتے ہین عرض کیا
کہ مین وزیر ہون بندرون کے بادشاہ کا اتفاقاً اُس روز مین بھی بادشاہ کے ساتھ
شکار کو گیا تھا اور وہ شب اُسی جنگل مین بسر ہوئی دوسرے دن بقیۃ السیف پہونچے
اُنھون نے حال شبخون کا بیان کیا بادشاہ کو کہ ہمیشہ سے میری تدبیر پر اعتماد تھا
تدبیر اس مہم کی بھی مجھ سے پوچھی مین نے خیر خواہی سے عرض کیا کہ پہلے اس طرف سے خطا
صادر ہوئی کہ اپنے سے بہتر اور مہتر کو ذلیل کیا یہ دور اندیشی سے بہت دور تھا بقول
سعدی علیہ الرحمۃ **بیت** ہر کہ با فولاد باز و پنجہ کرد * ساعد سیمین خود را رنجہ کرد *
اور اُسکی سرجنگ جو پائی سو حضور کے ملاحظے مین آئی اب صلاح یہ ہے کہ معذرت سے پیش آؤ
اور کمر خدمتگزاری بصدق و صفا مستحکم باندھو تا تمام عمر آسائش سے بسر کرو جوانمرد عذر
عاجز کا قبول کرتے ہین والا اب بھی اُنکی عداوت سے جانبری نہوگی کہ جہان سراغ تمھارا
پائینگے پھر یہی حال بنائینگے اور تم کسی طرح اُنکے مرد میدان نہو سکوگے بادشاہ سخن
میرا سُنتے ہی آشفتہ ہوا اور حضور کی شان مین زبان طعن کھولی کہ وہ کیا چیز ہے
مین نام و نشان اِس قوم بے خرد کا صفحۂ ہستی سے مٹا دونگا مین نے دوسری بار

خیر خواہی سے تکرار کی حکم دیا کہ اسکے کان کاٹ کے خستہ اور مجروح ہاتھ پانون توڑکے اُسی
جزیرے مین پھینکدو کہ جنکا یہ ہوا خواہ ہی وہین جائے ہرچند مین نے عذر کیا کہ اے
بادشاہ مین تیرا ملازم اور خیر خواہ ہون مجھے اُن سے کیا کام ہی محض تیری خیر خواہی سے
اتنا عرض کیا ہی کہا کہ تو مقرب اُنھین کا ہوا خواہ ہی کہ خیر خواہی کے پردے مین میری
فوج کو ہراسان کرتا ہی اب جا اور اُنکو اپنا حامی بنا غرض کہ یہ حال میرا کیا کہ جو مشاہدے
مین شہریار کے آیا غرض کہ عوض خدمتگزاری کا اُس بادشاہ کے نزدیک دل آزاری تھا
سو مین نے حاصل کیا یہ کہا اور گریۂ دردناک شروع کیا بادشاہ ریچھون کا اگرچہ
غلیظ القلب تھا لیکن اتنا برسر ترحم آیا کہ چند قطرے آنسوؤن کے آنکھون سے باہر
لایا بادشاہ نے پوچھا کہ اب لشکر بندرون کا کہان ہی کہا کہ ایک صحرا ہی کہ اُسے مرد آزما
کہتے ہین اُس مین پناہ لی ہی اور ہر طرف سے لشکر جمع کرتے ہین اور ساعت بساعت لشکر
جرار خونخوار زیادہ ہوتا جاتا ہی بادشاہ ریچھون کا یہ سُنکے آشفتہ ہوا اور کہا کہ اے میمون
اب صلاح کیا ہی مبادا اِن مکارون سے آفت میری جماعت پر پہونچے میمون نے کہا کہ البتہ وہ
کوتاہی نہ کرینگے مگر اُنکی تدبیر سہل ہی کیا کرون کہ میرے پانون توڑ ڈالے ہین و الا عند الغفلت
لشکر عالی کو اُن کے سر پر لیجاتا اور منتر اُن ناحق شناسون کا ایک آن مین نکلوا ڈالتا خرس نے
کہا کہ مین جانتا ہون کہ اُنکے حال مسکن سے تو خوب آگاہ ہی اگر لشکر اُن تک پہونچا دے تو کمال
تیرا احسان اس گروہ پر ہوا اور ہمیشہ تیرے خدمتگذار رہین اور ہمارے فرقہ مین شیوہ بیوفائی
کا نہین ہی اور جتنا تجھے آزار دیا ہی اُسکا انتقام تیرے ہاتھون سے لون تب میرا دل
خوش ہو میمون نے کہا کیا کرون کہ چلنا ان پانون سے متعذر ہی اور حرکت کرنا ان
ہاتھون سے متعسر بادشاہ نے کہا کہ مین تیرے لیے چلنے کی تدبیر کرون گا حکم دیا کہ
امرا اور مقربان درگاہ حاضر ہون جب کہ سب حاضر ہوے صورت حال ظاہر
کرکے کہا کہ آمادہ رہو کہ مین آج کی رات دشمن پہ شبخون جاؤن گا آخر شب مین

میمون کو ایک خرس کی پیٹھ پر باندھکے اُسی کی نشاندہی پر روانہ ہوے تمام شب اُس
بیابان ہولناک مین چلے آخر کو وہان لے گیا کہ جہان فرسنگون بجز ریگ روان نام پانی
کا نہ تھا کہ کبھی بھولے سے اُس دیار پر ابر نہ گذرا تھا اور کوئی ذیحیات اُس وادی مین
کبھی وارد نہوا تھا اور موسم گرمی کا تھا اس طرح سے باد گرم چلتی تھی کہ بدن جُھلسے جاتے
تھے اور ریگ اُس جگہہ کی آہنگردن کی بھٹی کی طرح شعلہ زن تھی اور کوئی گیاہ اُس زمین
شورہ زار مردم خوار مین کبھی روئیدہ نہوئی تھی **مثنوی** بیابان وسیع و پر مخافت ✤
بہر گامی رو و صد گونہ آفت ✤ ہوائش آتش و آبش ہوا بود ✤ زمینش سنگ و سنگ آہن ربا بود
میمون نے کہا کہ آفتاب بر آمد نہونے پائے کہ کام بندرون کا تمام کرو خرس جلدی سے اُس
میدان مین ورآکے جلد جلد آگے کو دوڑے جاتے تھے اور میمون کہتا تھا کہ جلدی کرو اور
جلدی پہونچو کہ غفلت مین سب کو مار ڈالین القصہ جبکہ آفتاب نکلا یہ سب وسط میدان مین
پہونچے تمام رات کے چلے اور تھکے آخر ماندے ہوکے ایک جگہ بیٹھ گئے اور بندرون کا کچھ سراغ
نہ ملا اور میمون افسون اور افسانے مین یہان تک اُنکو لگائے رہا کہ آفتاب بلند ہوا
اور ہوا مین ایسی گرمی شروع ہوئی کہ آنکھ اُٹھا کر جو کوئی ہوا کی طرف دیکھتا تھا
بینائی جاتی رہتی تھی اور جو کوئی قدم زمین پر رکھتا تھا مانند موم کے پگھل جاتا تھا اور باد
سموم سوزندہ نے بڑھنا آغاز کیا اور ہر ایک بیتابی سے سر دُھنے لگا خرسون کے بادشاہ
نے میمون سے کہا کہ بندر کہان ہین اور یہ کونسا بیابان ہی کہ اسکی ہیبت سے زہرہ آب
ہوا جاتا ہی اور کون سی آتش ہی کہ دمبدم تیز و تند ہوتی جاتی ہی میمون نے کہا کہ ای
ستمگار دل آزار یہ میدان اجل ہی اور یہ جو باد تیز و تند آتی ہی پیغام موت
لاتی ہی بہت خاطر جمع رکھو کہ اگر ہزار جان رکھتے ہو تو ایک بھی سلامت نہ
لیجاؤ گے ابھی کیا دیکھا ہی تم نے اب کوئی دم مین وہ ہواے گرم آتی ہی کہ سب
کو جلاکے خاکستر بناتی ہی یہ بات تمام نہ ہوئی تھی کہ ایک جھونکا باد سموم کا

ایسا سوزندہ آیا کہ تمام خرسون کو مع میمون اور شاہ اور سپاہ ہلاک کرڈالا ایک بھی
زندہ وسلامت اُس میدان ہلاک گاہ سے باہر نہ نکلا تیسرے دن حسب لایاے میمون
بادشاہ بندرون کا مع لشکر اُس جزیرے مین داخل ہوا اور مسکن اغیار سے خالی اور
مال اور اموال سے بھرا پایا یہ مثل اس لیے لایا ہون تا بادشاہ جانے کہ اہل کینہ نے
انتقام کے واسطے اپنی جان تک دی ہے اور قضیہ اس زاغ کا بھی مجھے اسی طرح پر نظر آتا ہے
اور بیشتر زاغون کی آزمایش ہوئی ہے کہ یہ قوم فراست اور کیاست اور مکر و دغا مین ثانی
اپنا نہین رکھتے ہین اور مین نے جب سے کہ بشرہ اُسکا دیکھا اور تقریر سُنی ہے یقین کامل
ہوا کہ راے اُسکی صواب سے قریب ہے اور خطا سے بعید اور جہان تک کہ گمان کیا جاے
خرد اُسکی اُس سے زیادہ ہے اور اس سے جو کچھ ظہور مین آئے اُسسے تھوڑا جانتا چاہیے
یہ شخص آفت روزگار ہے اس سے ڈرنا لازم ہے بلکہ جلد اسے چاشنی مرگ کی چکھانا ضرور ہے
اور اگر اسکے قتل مین تاخیر کی تو اپنی ہلاکت کے لیے آمادہ ہو بومون کے بادشاہ نے جب
یہ حکایت سُنی چین بجبین ہوا اور کہا کہ یہ کیا بیرحمی ہے کہ ایک فقیر کو ہماری ہواداری مین
یہ آزار پہونچا ہوا اور ہم بھی اُسکے آزار و قتل کی تجویز کرین مگر یہ شعر مترجم کا نہین تو نے
سُنا ہے **بیت** بُرا اُسکا ہوا جس نے کسی کا کچھ بُرا چاہا ؛ ہمیشہ دیکھتے رہتے ہین ہم گردش
مین گردون کو ؛ اُسکے بعد حکم دیا کہ اُس زاغ کو بآرام تمام اُٹھا لاؤ وزیر نے عرض کیا کہ اے
شہریار میری بات پر التفات نہ کیا اور نصیحت میری کہ سراپا حکمت اور محض صواب
تھی اُس سے روے قبول پھیر لیا تو نے لیکن اتنا اور عرض کرتا ہون کہ اگر رکھنا اسکا منظور
ہے تو اس سے دشمنون کی طرح زندگانی کرنا چاہیے اور بغیر آزمایش قرار واقعی کے اسکے
مکر سے غافل نہ ہوا چاہیے اور اتنا بہ یقین جانیے کہ یہ نیرنگ لانا اسکا بومون کے
ضرر سے اور زاغون کی صلاح کار سے خالی نہین ہے اور اگر پرورش ہی منظور
ہے تو بطور نظر بندون کے اپنے سے دور رکھیے اور چند شخص کار آزمودہ مخفی

بشرہ نفحتین
بمعنی بیرونی پوست آدمی ہر در

اِس پر متعین رکھے کہ ہر دم حرکات اور سکنات اسکی سمجھ بوجھ کے حضور اقدس مین
عرض کرتے رہین بادشاہ کو بات مطلق وزیر کی پسند نہ آئی اور وہ جو سوجی تھی
وہی دل مین سمائی یعنی بادشاہ نے کارشناس کو اپنی خدمت مین باکرام تمام مختار
کیا یہ تو ہمہ دان تھا اس طرح سے مراسم خدمتگزاری بجا لایا کہ کسی بوم کو ایسا سلیقہ
نہ تھا پس تھوڑے عرصے مین محرم راز اور مقرب درگاہ ہوا بادشاہ کو ہر بات مین
اتنا خوش کرتا تھا کہ روز بروز مرتبہ اُسکا بلند ہوتا جاتا تھا القصہ یہان تک نوبت
پہونچی کہ وزیر اعظم ہوا اور اُسکی صلاح کے بغیر کوئی کام خانگی اور ملکی جاری
نہوتا تھا آخر کار مشار الیہ سلطنت اور مدار المہام کل ولایت کا ہوا ایکدن سر محفل
بادشاہ سے کہنے لگا کہ زاغون کے بادشاہ نے ہمیں جب آزار دیا ہی جب تک بدلا اُسکا
نہ لونگا اور دست برد معقول اُس گروہ ناحق کوش پر نہ کرونگا زندگی مجھ پر ناگوار
رہیگی اور خواب و خور سے لذت نہ ملے گی مگر مین نے بہت فکر کی کچھ تدبیر نہین بن آتی ہی کہ
کیونکر انتقام لون آخر الامر جانا کہ جب تک مین زاغون کی صورت مین ہون مراد کو نہ
پہونچونگا اور حکیم دانا سے یہ بات سُنی ہی مین نے کہ جسکو ستمگار بیدادگر سے رنج پہونچے اُسوقت
اپنی موت پر راضی ہو اور مرتے وقت جو دعا مانگے سو قبول ہو اگر بادشاہ کی بھی صلاح ہو تو
حکم کرے کہ میرے گرد انبار ہیزم کرکے آگ لگا دین جب کہ گرمی آتش کی مجھے پہونچے اُسوقت
دعا کرین کیا عجب کہ قادر توانا مجھے زاغ سے بشکل بوم کردے تو اُسکے بعد اُس ظالم
بدانجام سے انتقام قرار واقعی لون اُس وقت وہ وزیر بھی کہ اُسکے مکر و فریب پر یقین
رکھتا تھا موجود تھا اُسنے کہا کہ اے بادشاہ یہ اسکا دوسرا شعبدہ ہی جو شخص کہ خبیث
صورت اور کثیف سیرت ہی اگر آگ مین اُسکو جلائے یا آب سلسبیل سے دھوئے تو
بھی اُسکی سیرت ناپاک اپنے طور پر برقرار رہیگی **بیت** ز بد اصل نیکی مدار امید ٭
کہ زنگی نہ گردد بہ شستن سفید ٭ اگر بہ فرض محال اسکی ذات خبیث صفت طاؤسی

پیدا کرے اور عنصر ناپاک اُسکا لباس سیمرغی پہنے لیکن یہ اسی طرح زاغون کی صحبت اور
محبت کا مائل رہیگا اُس مادہ موش کی طرح کہ صورت انسانی پائی تو بھی اپنی اصل کی
طرف مائل ہوئی بادشاہ نے کہا کہ یہ قصہ کیونکر تھا حکایت کہاکتے ہین کہ زاہد
مستجاب الدعوات ایک چشمۂ آب پر بیٹھا تھا ایک چیل ایک چوہیا کو لیے جاتی تھی اتفاقاً اُسکے
پنجہ سے چھٹکر زاہد کے پاس آگری زاہد کو شفقت آئی اُٹھاکے دامن مین لپیٹ لیا اور گھر
کو لایا کہ مان اُسکی پرورش کرے پھر یہ خیال مین گذرا کہ اگر یہ جوان ہوا اور اہلخانہ کو ضرر
پہونچائے تو اچھا نہین ہی اس لیے اللہ سے دعا کی فی الحال وہ لڑکی ہوگئی نہایت
زیب طلعت خوش قامت شگفتہ رو آشفتہ موبیت آنکہ بر سرو زند طعنہ بقامت
انیست ٭ آنکہ بر ماہ کشد خط غرامت انیست ٭ زاہد اُس دختر کو دیکھ کے بہت مسرور
ہوا اور ایک مرید کو سپرد کیا تا مانند فرزندون کے پرورش کرے مرید بموجب اشارہ
پیر اُسکی پرورش مین سرگرم ہوا تھوڑی سی مدت مین حد بلوغ کو پہونچی زاہد نے کہا
کہ اے جان بابا اب جوان ہوئی تو چاہتا ہون مین کہ گوہر پاک رشتۂ ازدواج مین
منسلک کرون یعنی تیرا نکاح تیرے برابر والے سے کردون مگر تیری اجازت کے بغیر
نہین ہوسکتا ہی جسے کہ تو پسند کرے اُسکے سپرد تجھے کردون دختر نے کہا کہ شوہر چاہتی
ہون قادر اور توانا کہ قوت انواع شوکت و قدرت اُسے حاصل ہوا اور بزرگی مین درجہ
رفیع اور مرتبہ بلند رکھتا ہو زاہد نے کہا کہ یہ سب صفتین سواے آفتاب کے اور مین جمع نہین
ہین دختر نے کہا سچ ہی کہ وہ مغلوب کسی مخلوق کا نہین ہی صبح کو جب آفتاب نے
مطلع طلوع سے سر نکالا زاہد نے صورت حال بیان کی کہ یہ دختر نہایت نیک
صورت اور پاک سیرت ہی چاہتا ہون کہ تیرے ساتھ جفت کردون کس لیئے کہ شوہر
توانا اور باشوکت طلب کرتی ہی آفتاب نے کہا کہ مجھ سے قوی تر ابر ہی کہ ایک ٹکڑا اُسکا
مجھے چھپا لیتا ہی بیت آفتاب بدین بلندی را ٭ پارۂ ابر ناپدید کند ٭ زاہد نے ابر سے بھی

سوال کیا ابر نے کہا کہ اے زاہد قوت اور غلبہ میرا ہوا کے آگے کچھ حقیقت نہین رکھتا ہے کہ
اندک اشارے مین جدھر چاہتی ہے مجھے لیجاتی ہے زاہد نے جواب ابر کا مسلم جانا اور ہوا سے بھی
یہی سوال کیا ہوا نے کہا قوت میری کوہ کے آگے کیا وقعت رکھتی ہے کہ اگر ہزار بار میری قوت
ارادہ کرے تو اُس کے وقار کو جنبش نہین دیسکتی زاہد نے کوہ کے نزدیک آ کے بعد اظہار ماجرا
خواستگاری کی کوہ نے کہا اے زاہد میری قوت موش کے آگے ہیچکارہ ہے کہ اُسکے ناخن و دندان
جگر خراش سے دل اور سینہ میرا مشبک و ریش ہے اور کسی طرح اُسکے دفع پر قادر نہین ہوسکتا ہون
یہ سُن کے دختر نے کہا کہ سچ ہے کہ موش کوہ پر غالب ہے لیکن مجھے آدمی چاہیے کہ مین
فی الحال آدمی ہون کہ مقارن اس حال کے ایک موش پیدا ہوا چونکہ دختر کا سررشتۂ جنسیت
اُس پر منتہی ہوتا تھا اسلیے میل تمام اُس موش کی طرف پیدا ہوا اور زاہد سے کہا کہ مین
مدت سے آرزومند ہمجنس کی ہون اب دعا کیجیے کہ مین آدمی سے پھر موش بنجاؤن تا دست
عشرت آغوش شوہر ہمجنس مین ڈالون زاہد نے جب کہ رغبت موش اور دختر کی باہم درست
پائی دست دعا اُٹھائے فی الحال دعا زاہد کی مستجاب ہوئی اور بحکم کل شئی یرجع الی اصلہ کے
ظہور پکڑا یعنی وہ دختر پھر چوہیا ہوگئی اور زاہد نے موش کے حوالے کی بیت جان مین
ہر چیز را با اصل خود باشد رجوع ⁂ ما چو از خاکیم مارا خاک می باید شدن ⁂ فائدہ اس مثل
سے یہ ہے کہ جو کچھ کہ بمقتضاے طینت اصلی ہوتا ہے اگر کسی عارضے سے اُسکا حال مبدل بھی
ہوجاے آخر کو رجوع اپنی حالت اصلی پر کرتا ہے جب کہ وزیر سخندان معنی سنج نے اس
مضمون کو تمام کیا بوموں کے بادشاہ نے اُسکی بات حسد پر محمول کی اور نظر عواقب امور
پر نہ فرمائی اور زاغ ہر روز حکایت دلپذیر اور ہر شب افسانے بے نظیر بادشاہ کو سُناتا
تھا اور مثلہاے غریب اور نکتہ ہاے عجیب ہردم تقریر مین لاتا تھا یہان تک نوبت پہونچی کہ
محرم اسرار خاص ہوا ایک دن کارشناس سب کو دھوکا دیکر اپنے بادشاہ کے پاس آیا جبکہ
فیروز نے کارشناس کو دیکھا ہزار جان سے شاد ہوا بعد اداے مراسم محبت پوچھا کہ اے

کارشناس کیا کام کرآیا اُس نے عرض کیا کہ الحمد للہ جس واسطے کہ محنت اختیار کی تھی
سو سب درست ہو چکا کہا کچھ اُسکا بیان کر کارشناس نے عرض کیا کہ اُس کوہ مین ایک
غار ہی دن کو باد سموم کے سبب سے گروہ بوم شوم کا اُسمین جمع ہوتا ہی اور اس غار کے
نزدیک ہیزم بے شمار خشک و تر جمع ہی بادشاہ فلانے دن دوپہر کے وقت سب زاغون کو
حکم دے کہ جلد اُس جگہ پہونچ کے ہیزم خشک اُس غار کے مُنھ پر آہستہ آہستہ جمع کرین اور
اصلاً کوئی آواز مُنھ سے باہر نہ نکالے جب کہ ہیزم جمع ہو چکے گی مین آگ اُسپر رکھدونگا
اُس دم سب زاغ ایک ہی بار اپنے بازوون سے ہوا دین تا وہ آگ بھڑک اُٹھے جب کہ آگ
بھڑکے گی جو بوم کہ باہر نکلے گا جلجائیگا اور جو اندر رہیگا دھوئین سے گھٹ کے مرجائیگا بادشاہ
کو یہ تدبیر بہت خوش آئی کارشناس پھر جلدی سے بومون سے آملا اور فیروز بر وزمعین
سب زاغون کو لیکر کارشناس کی نشاندہی کے موافق وہی تدبیر عمل مین لایا اور سب کام
بومون کا تمام کرکے بافتح و ظفر مع کارشناس کے پھر کر اپنی سلطنت پر متمکن ہوا اسکے بعد
احترام اور اکرام کارشناس کا ہر روز ترقی کرنے لگا ایک دن بادشاہ نے کہا کہ ای کارشناس
اتنی مدت ساتھ صحبت غیر جنس کے کیونکر بسر کی تونے مصرع روح را صحبت ناجنس عذابیست
الیم ؎ کارشناس نے عرض کیا کہ یہ سچ ہی کہ دیدار نامناسب بدتر از جہنم ہوتا ہی لیکن اپنے
مخدوم کی فراغ خاطر کے واسطے جو محنت کہ پیش آئے عاقل کو لازم ہی کہ اُسپر استقلال کرے
اور صاحب ہمت کو چاہیے کہ مشقت اور اندوہ کے وقت دل کو ورطہ اضطراب مین نڈالے
کیونکہ جو کام کہ عواقب اُسکا فتح اور نصرت سے نزدیک ہوا اگر اُسکے مبادی مین کیساہی رنج ہو
تحمل کرے کہ کوئی گنج بے رنج حاصل نہین ہوتا ہی اور گل بے خار ہاتھ نہین آتا اور نا دراعتبار سے
ساقط ہی مولفہ بیت ہوتی ہی غربت مین عزت پر بڑی ایذا کے بعد ؎ رنج اُٹھائے کس قدر
یوسفؑ نے کنعان چھوڑکر ؎ بادشاہ نے کہا کہ کچھ بومون کی دانشمندی کا حال بیان کر وزیر
نے کہا کہ کوئی دانا اُنمین نہ دیکھا الا ایک وزیر کہ میرے قتل مین مبالغہ رکھتا تھا اور

حکایت عقلی اور نقلی برجستہ سے رہنمائی کرتا تھا مگر بادشاہ اور سب امرا اور سپاہ
اُس وزیر کی بات بے وزن جانتے تھے اور کہنا اُسکا خبث طینت اور حسد پر محمول کرتے
تھے اور یہ نہ سمجھے کہ یہ وہ شخص ہی کہ بادشاہ نے جسے سب زاغون مین ممتاز کیا تھا اور
شہرہ اُسکی عقل کا گوش زد سب کے تھا مین عجب کیا ہی کہ یہ شعبدہ اُسکا مکر سے ہو
احمق نے بلا امتحان مجھے اپنا راز دار کر دیا آخر دیکھا جو کچھ کہ دیکھا اور یہ بات سب عقلا کے
نزدیک مسلم الثبوت ہی کسی کو اور خاص بادشاہ کو چھپانا اسرار کا ضرور ہی خصوصاً دوست
نا امید اور دشمن ہراسان سے واجب ہی قطعہ دوستی کز تو نا امید بود + محرم خود
مساز در ہمہ حال + با عدو نیز کز تو ترسان است + نیست اظہار سر خویش حلال +
بادشاہ نے کہا کہ میری دانست مین بومون کی ہلاکت کا سبب بومون کی ستمگاری ہوئی
ہی کارشناس نے کہا سچ ہی جس بادشاہ نے کہ طرح ظلم کی ڈالی غالب ہی کہ بنیاد اُسکی دولت
کی جلد منہدم ہو جائے کیونکہ بقا سلطنت کی ظلم کے ساتھ جمع نہین ہوتی ہی مثل عرب کی
ہی الملک یبقی مع الکفر ولا یبقی مع الظلم اور حکما کا اکثر اتفاق ہی کہ جو کوئی چار چیز کرے چار چیز
کا اُمیدوار رہے پہلے جو کوئی کہ ستمگاری اختیار کرے اپنی اور اپنی دولت کی ہلاکت کا
اُمیدوار رہے دوسرے جو کہ رنڈیون کی صحبت کا حریص ہو زوال کا آمادہ رہے تیسرے
جو کہ کھانے مین زیادتی کرے بیماری کا منتظر رہے چوتھے جو کوئی کہ مشیران رکیک رای
پر اعتماد کرتا ہی ملک اُسکا جلد قبضہ دشمن مین جاتا ہی اور یہ بھی حکما کا قول ہی کہ چھ شخص چھ
چیز کی طمع نہ رکھین پہلے بادشاہ ظالم اُمید دولت پائدار کی نہ رکھے دوسرے شخص مغرور
نیکنامی اور کسی کے دوست ہونے کی طمع نہ رکھے کہ اُس سے لوگ کبھی بدل دوستی نہ رکھینگے
بلکہ پیچھے اُسے بدی سے یاد کرینگے تیسرے یہ ہی کہ شخص بدخلق کے کمتر دوست ہوتے ہین بلکہ
متنفر رہتے ہین چوتھے خیرہ رو بے ادب مرتبہ جلیل کا اُمیدوار نہ رہے کہ بے ادب ہمیشہ
رئیسون کی نظر مین ذلیل رہتا ہی پانچوین بخیل کو نیک کرداری اور نیکنامی نصیب نہین ہوتی بلکہ

اسکی ضد کا سزاوار ہوتا ہی جیسے حریص گناہ سے کم بچتا ہی کیونکہ حرص انسان کو گناہ و معصیت کی
طرف لیجاتی ہی جس جگہ کہ حرص نے خیمۂ اقامت برپا کیا امانت اور راستی اس جگہ سے اٹھ جاتی ہی
اور بوموں کے بادشاہ کو زاغوں کے قتل پر بے قصور رغبت تھی اس لیے منہج راستی سے انحراف
کرکے بادیۂ حرمان میں سرگردان ہوا اور جو چاہ کہ اوروں کے واسطے کھودا تھا آپ ہی
اسمیں گرا مصداق اس مثل کا ہوا کہ چاہ کن را چاہ در پیش فیروز نے کہا کہ اے کارشناس
جو کام کہ تجھ سے وقوع میں آیا واقعی یوں ہی ہی کہ آج سے بطناً بعد بطن سب زاغوں کا
تو محسن ہوا اور شکر سب کو لازم ہی کہ تو نے جان اپنی نثار کرکے عزت اور جان و مال اس
قوم کا دشمن قوی سے بچا لیا یہ مصرع تیری شان کے زیبا ہی مصرعہ این کار از تو آید
و مردان چنین کنند۔ کارشناس نے عرض کیا کہ مرد اسے کہتے ہیں کہ مصیبت کے وقت
ثابت قدم رہے اور اس بندۂ ناچیز کا کیا مقدور تھا کہ ایسے کام کر سکتا یہ محض اقبال
شاہنشاہی سے وقوع میں آیا ہی مگر ثابت قدمی اور رائے درست سے ہمیشہ کام نکلا ہی
جیسا کہ سانپ نے اپنی مصلحت اسمیں دیکھی کہ مینڈک کی خدمت میں راضی ہوا بادشاہ
نے کہا یہ قصہ کیونکر تھا **حکایت** کہا کہتے ہیں کہ مار کبیر السن پر پیری نے یہانتک
غلبہ کیا کہ شکار کی طاقت نہ رہی آخر بھوک کے مارے ہلاکت کو پہونچا اور اپنے
دل میں کہا کہ اب افسوس جوانی کا اور فکر عود طاقت کرنا گویا آتش سے رفع
تشنگی کی امید کرنی ہی اور اس کے سوا اب جو یہ حال پیری کا ہی کاش اسکو بھی قیام
ہوتا سو یہ بھی نہیں بلکہ دمبدم رو بہ کمی ہی پس فکر ماضی فعل عبث ہی اب آگے کی کچھ
فکر کرنا چاہیے یعنی عوض فکر جوانی جو کچھ تجربہ اس مدت عمر میں حاصل کیا ہی بموجب
اسکے کچھ تدبیر ضرور ہی تا قوام بدن اس سے متصور ہو گو ذلت پیش آئے تو بھی
مضائقہ نہیں ہی مگر باقی ایام حیات دیدہ و دانستہ برباد نہ کیا چاہیے پس
اس تصور میں اسی چشمے پر گیا کہ جس میں مینڈک بہت تھے اور ان میں بادشاہ

اور وزیر اور امیر بھی تھے سانپ نے اُس جگہہ پہونچ کے سینہ چاک اور اندوہناک بنکہ خاک پر لوٹنا شروع کیا کہ ایک مینڈک اُسکے نزدیک گذرا پوچھا کہ کیون اتنا غمناک ہے سانپ نے کہا کہ آج مجھسے زیادہ اور کون سزاوار غم و الم کا ہوگا کیونکہ مادہ میری حیات کا شکار مینڈکون کا تھا آج وہ واقعہ پیش آیا کہ اُنکا گوشت مجھ پر حرام ہوا اور اگر قصد بھی شکار کا کرون تو کچھ نہین کرسکتا ہون اُس مینڈک نے جا کے یہ حال اپنے بادشاہ سے بیان کیا بادشاہ سُننے حال عجیب سے مستعجب ہوا اور سانپ کے نزدیک آکے پوچھا کہ کیا حادثہ تجھ پر وارد ہوا اور کس عمل کی مکافات مین مبتلا اس بلا کا ہے سانپ نے یہ بیت پڑھی بیت مجروح مین ہوا نہین قاتل کے ہاتھ سے ؛ جو کچھ ہوا ہے مجھ پہ سو اس دل کے ہاتھ سے + اور کہا کہ اے بادشاہ حرص شوخ چشم نے دام بلا مین مجھے ڈالا اور طمع فتنہ انگیز نے دروازہ محنت و خواری کا میرے منھ پر کھولا تفصیل اسکی یہ ہے کہ ایک دن ارادہ ایک مینڈک کے پکڑنے کا کیا مین نے وہ بیچاری خوف جان سے ایک عارف باللہ کے گھر مین جا پہونچی مین گوشت کی طمع مین اُسکے پیچھے لگا چلا گیا قضارا زاہد کا بیٹا ایک مکان تاریک مین سوتا تھا اُسکے پانون کا انگوٹھا میرے مُنھ مین لگا مین سمجھا کہ مینڈک کی یہی ہے بھوک کے غلبے سے کچھ تمیز نہ رہی مین نے اُسپر دانت مارا فی الحال وہ سرد ہوگیا زاہد یہ خبر پاکے مجھ پر دوڑا مین گھر سے نکل کے صحرا کی طرف بھاگا زاہد میرے پیچھے دوڑا آتا تھا اور بددعا کرتا تھا کہ اے پروردگار اسے خوار بیقدر کرا ور اسے مینڈکون کے بادشاہ کا مرکب بنادے اور کبھی مینڈک پکڑنے پر یہ قادر نہو مگر صدقے کے طور سے جو وہ بادشاہ اُسے کچھ دے وہ البتہ کھا لیا کرے اسی ذلت مین مدت الحیات رہے یہ دعا اُسکی قبول ہوئی اب مین مطلق مینڈک پکڑنے پر قادر نہین ہوتا ہون آج اسی واسطے مین حاضر ہوا کہ بادشاہ مجھپر سوار ہوا کرے اب جو کچھ تقدیر الٰہی سے ہوا مین

اُسپر راضی ہون کہ وہ پھرنے والی نہین ہی منیڈکون کا بادشاہ اسمین اپنا فخر سمجھا کہ مین
ایسا ہون کہ یکہ پر سوار ہوتا ہون اُسدن سے اُسپر سوار ہونے لگا اور ابنائے جنس مین مباہات
کرتا تھا دو دن کے بعد سانپ نے کہا کہ بادشاہ کی عمر دراز ہو کھانے کے بغیر زندگانی اور
قوت سواری دینے کی نہین ہوسکتی بادشاہ نے کہا کہ سچ ہی کہ مجھے مرکب سے گزیر نہین اور
مرکب کو بے قوت قوت سواری کی محال ہی اُس دن سے دو مینڈک اُس کا راتب مقرر
کیا سانپ وہی مینڈکون سے رفع گرسنگی کرتا تھا اور بے کوشش روزی پاتا تھا
بقاے حیات کے لیے عار نہ کرتا تھا رباعی دستی کہ ترا ز دیدنش ننگ آمد + در وقت
ضرور بوسہ دادن شاید + ہر کار کہ عارست و ملال افزاید + در حالت احتیاج بد نماید +
یہ مثل اس لیے لایا ہون مین تا معلوم ہو کہ عار مانند مار کے ہی اس لیے قبول کی مین نے
کہ ہلاکت دشمنون کی اور فلاح دوستون کی اسکے ضمن مین مندرج تھی چنانچہ یہ بیت
میرے حسب حال ہی بیت تلطف کن بہر کارے کہ صعب است + بہ نرمی دشمنان را بتوان
ساخت + اسی واسطے کہا ہی کہ شجاعت سے تدبیر بہتر ہی کیونکہ مرد جنگی کیسا ہی توانا ہوا
ہوا اور اپنے دو چند بلکہ سہ چند سے برابری کرتا ہو تو بھی اُسکے واسطے ایک حد معین ہی
اور مرد دانا ایک تدبیر صائب سے ملک کو پریشان کر دیتا ہی اور لشکر گران کو تھوڑی
فکر مین بگاڑ ڈالتا ہی بموجب اس بیت کے بیت بیک تدبیر نیکو آن توان کرد +
کہ نتوان با سپاہ بیکران کرد + بادشاہ نے کہا کہ کارشناس تونے عجب طرح کی ظفر پائی
ہی اور کار نمایان کیا کہ ذکر اُسکا تا حشر باقی رہیگا وزیر نے کہا کہ اس امر مین میری تدبیر
سے کچھ نہوتا یہ محض فرشاہی نے مدد گاری کی کہ مین کامیاب ہوا حکمانے کہا ہی کہ مطلب
ایک ہو اور بہت شخص ارادہ کرین کہ اس مہم مین ہم جدا جدا کوشش کر کے مطلب
کو حاصل کرین دیکھین کون کامیاب ہوتا ہی سب کا اسپر اتفاق ہی کہ وہ اُنمین
سے مقصد کو پہونچے گا جو مروت مین مخصوص ہو کیونکہ خاصیت مروت کی یہ ہی

عار کی بات کو عیب نہ سمجھنا اور برے مقصد کے واسطے بھی ان کی طرح زمین سے بچنا

مقصد دشمن کا مغلوب کرنا اور دوستونکو فائدہ پہنچانا

عاقل کی ہی تدبیر سے بنا ہی ملک کی زیبائی

کہ کام صاحب مروت کا جلد تر ہوتا ہی اور اگر مروت مین سب برابر ہین تو وہ مطلب
حاصل کرے گا جسکے یار و مددگار زیادہ ہون اور اگر اس باب مین مساوات رکھتے
ہین تو وہ شخص کامیاب ہوگا کہ ان سب ہنرون کے ساتھ بخت و اقبال جسکی مددگاری
کرینگے قطعہ کوکب بخت چو طالع شود از اوج مراد ✤ آنچہ مقصود بود زود میسر گردد ✤
مدد طالع اگر نیست مرنجان خود را ✤ کہ اگر روے سوے بحر نہی بر گردد ✤ فیروز نے کہا کہ
بوم ہمین اس لایق نہ سمجھے تھے کہ یہ ہم سے انتقام لے سکینگے کیونکہ ہمین تھوڑا اور ضعیف
جانتے تھے کارشناس نے کہا کہ چار چیزین ہین کہ جو اُنکے تھوڑے کو بہت نہ سمجھے گا وہ
خراب ہوگا ایک آگ کہ پہلے تھوڑی ہوتی ہی پھر بھڑک کے بہت ہو جاتی ہی دوسرے
قرض کہ تقاضاے قرضخواہ اگرچہ ایک درم کا ہو پر ہزار کے برابر رنج دیتا ہی تیسرے
بیماری کہ اگر تھوڑی کی احتیاط نہ کرے گا اور بہت کے مانند اُس سے نہ ڈرے گا تو
قریب ہی کہ وہ زیادہ ہو کر مرتبہ ہلاکت کو پہونچائے چوتھے دشمن اگر کیسا ہی
خوار و ذلیل ہو جب غافل پائیگا کام تمام کریگا اس سے کبھی امین نہ رہے کہ کنجشک
ضعیف الحال نے مار قوی ہیکل سے انتقام اپنا لیا بادشاہ نے کہا کہ یہ کیونکر تھا حکایت
کہا کہتے ہین کہ کنجشک کے جوڑے نے ایک گھر مین گھونسلا لگا کے بچے نکالے تھے دونون دانہ
اور کرم لاتے تھے اور بچون کو بھراتے تھے ایک دن نر کہین گیا تھا رات ہوگئی نر آیا دوسرے
دن شام کو آکے کیا دیکھتا ہی کہ مادہ فریاد و زاری کر رہی ہی کہا کہ اے جانمن باعث اتنی
فریاد کا کیا ہی کہا بیت مینخلد در سینہ ام خارے کہ بیبارم سرشک ✤ ور دل سوزان غمی دارم
کہ آہے میکشم ✤ کیونکر زاری نہ کرون کہ تیرے جانے کے بعد تھوڑی ہی دیر گذری تھی
کہ ایک مار مہیب کو دیکھا کہ قصد میرے بچون کا کیا ہر چند بمنت کہا مین نے بیت
اگرچہ غالبی از دشمن ضعیف بترس ✤ کہ تیر آہ سحر بر نشانہ می آید ✤ مار نے کہا کہ یہ وہ سینہ نہین
ہی کہ تیرا تیر جسمین اثر کرے کہا مین نے جس وقت کہ مین اور باپ ان بچون کا کمر اُسکے انتقام پر

حکایت کنجشک و مار

باندھینگے تو تیرے حق مین اچھا نہ ہوگا سانپ ہنسا اور کہا کہ مین وہ ہون شیر کا زہرہ جس سے آب ہوتا ہے بھلا تم ایسون سے کیا جگہ اندیشے کی ہے اُسکے بعد ہر چند چلائی کوئی میری فریاد کو نہ پہونچا آخر اُس ظالم ستمگار نے بچّون کو کھا کے اِسی آشیانے مین آرام کیا ہے نر نے یہ ماجرا سُنکے آہ سوزناک کھینچی اور دست تدبیر دامن فریاد مین ڈالا اُسوقت کہ شام تھی صاحب خانہ چراغ جلانے مین مشغول تھا فتیلے کو جلا کے چراغ ہاتھ پر رکھا تھا کہ گنجشک نر جست کر کے فتیلے کو مُنہ مین اُڑا اور اپنے آشیانے کے مُنہ پر لا کر دھر دیا صاحب خانہ سمجھا اگر گھونسلا جلا تو سقف خانہ مین آگ لگ جاوے گی بالائے بام آ کے آشیانے کو چوبدستی سے گرانے لگا مار نے خواب غفلت سے بیدار ہو کر سر باہر نکالا صاحبخانہ نے مار کو وہی چوبدستی کہ ہاتھ مین تھی ماری کہ سر مار کا مانند حباب کے دو پارا ہو گیا یہ مثل اس لئے بیان مین آئی کہ سانپ اُنکی دشمنی کو حقیر سمجھا تھا اور اُسکا نتیجہ یہ ہوا کہ سنگ انتقام سے سر اُس مار کا کچلا گیا **بیت** دشمن اگرچہ خوار بود از طریق حزم ٭ اول بزرگ دان وغم کار خویش خور ٭ بادشاہ نے کہا کہ مین نے ہمیشہ جو کام کیا تیرے مشورے پر کیا بخیر وخوبی اُس نے سر انجام پایا سچ یون ہے کہ جو کوئی کہ کام اپنا ناصح صواب اندیش کے مشورے پر رکھے گا دست ناکامی اُسکے اقبال تک نہ پہونچے گا اور سب ہنرون سے تیرا زیادہ تر یہ ہنر تھا کہ مدت دراز تک دشمنون مین رہا پر کبھی ایسا کلمہ تیری زبان پر نہ گذرا کہ کوئی خردہ گیری کرتا اور نہ ایسا عمل تجھسے صادر ہوا کہ باعث اُنکی نفرت وبدگمانی کا ہوتا کارشناس نے عرض کیا کہ یہ سب باعث حضور کی تربیت کا تھا اگر خانہ زاد کو شرف برادری کا حاصل نہ ہوتا تو رائے ضعیف اس غلام کی اس امر دشوار کی ہرگز عقدہ کشائی نہ کر سکتی للہ الحمد کہ ہمارے بادشاہ جمجاہ سے خوبی رائے اور درستی تدبیر اور شوکت وہیبت اور شجاعت وجمعیت کے ساتھ کوئی دقیقہ دقائق جہانبانی سے پوشیدہ اور باقی نہین رہا ہے اور تعجیل اور تانی اور خشم اور رحم اور حلم وحیا اپنے اپنے محل پر سب صرف ہوتے ہین خلاف وقت اور موقع کے کوئی کام عمل مین نہین آتا ہے اور کار مین انتہائے مصلحت ملحوظ رہتی ہے اور کسی وقت مین مرتبہ احتیاط کا ہاتھ سے نہین جاتا ہے اور ناموس سلطنت

اور رونق ریاست کی اور سیاست مدن کے مراتب ملا فرو گذاشت نہین ہونے پاتے
ہین پھر جو کوئی کہ ایسے بادشاہ سے دشمنی اختیار کرتا ہی گویا وہ اپنی موت کو ہزار کمند سے
اپنی طرف کھینچتا ہی اور اپنی بیخ زندگانی آپ اپنے ہاتھ سے اُکھیڑتا ہی فیروز نے کہا کہ ای
کارشناس جب سے تو مجھ سے جدا ہوا لذت طعام و شراب اور حلاوت خواب و قرار مطلق
نہین پائی ہین نے کارشناس نے عرض کیا کہ بجا ارشاد ہوا جو کوئی کہ بلاے دشمن قوی دست
مین مبتلا ہوتا ہی جب تک اُس سے چھٹکارا نہین پاتا ہی رات دن مین فرق نہین کرتا ہی اور سرد باد
مین امتیاز نہین کر سکتا ہی اور حکما کا بھی قول یہی ہی کہ جب تک بیمار کو صحت کامل نہو کھانے کا
مزہ نہین ملتا ہی اور حمّال جب تک بار گردن سے نہ اُتارے آرام نہین پاتا ہی اور عاشق جبتک
دولت وصال حاصل نہ کرے اضطراب دفع نہین ہوتا ہی اور مرد ہراسان جب تک دشمن غالب سے
امان حاصل نہین کرتا ہی دم آسایش سے نہین لیتا ہی اور بادشاہ غیور جبتک انتقام دشمن سے
نلے بستر آرام پر سر نہین رکھتا ہی فیروز نے پوچھا کہ صورت اور تدبیر انکے رزم اور بزم کی کس طرح
دیکھی تو نے وزیر نے کہا کہ سب صفات اُنکے عجب و غرور و تن پروری سے متعلق تھے اور اندیشۂ صواب
سے کچھ نصیب نہ رکھتے تھے اور راے راست اور فکر خطا مین کچھ تمیز نہ کرتے تھے اور سب کے سب ایک
حال رکھتے تھے الا وہ ایک وزیر کہ میرے قتل مین مبالغہ کرتا تھا حکیم تھا دانا دل اور بینا دنبر بادشاہ
نے کہا کہ دلائل اُسکے عقل کے کیا ہین وزیر نے کہا اول دلیل یہ ہی کہ میرے قتل کا حکم کرتا تھا اور
الحق یہی مناسب تھا اور راے اُسکی صواب پر تھی اگر اُسکی راے کو قبول کرتے تو کیون اسطرح برباد
ہوتے دوسرے یہ کہ تا دم واپسین اُسنے نصیحت سے ہاتھ نہ اُٹھایا اور نمک حلالی کے لحاظ سے
ہرگز پاس ادب نہ کیا مگر طریق بے ادبی سے بھی بچاے جاتا تھا اگرچہ جانتا تھا کہ میری بات نہین
سُنتے ہین اور نہ سنینگے تیسرے بھی زبان بند نہ کی بادشاہ نے کہا کہ وہ آداب نصیحت شاہی کیا
ہین کہ خیر خواہی کی جگہ ادب بھی نہ کرے اور بے ادبی سے بچتا رہے کہا کہ سخن درشت کو بھی
نرمی سے اور لطف تقریر سے ادا کرے کہ مطلق ناگوار طبع بادشاہ نہو اور جانب تعظیم کی بھی ہر بات

مین رعایت رکھے بلکہ کسی کام مین گستاخی اور فضول گوئی نہ کرے اور اگر قول و فعل مین مخدوم کے خلل یا زلل مشاہدہ کرے تو اُسکی اطلاع کرنے مین عبارت نیک اور ملائم سے پیش آئے اور تعریضات شیرین اور مثلہاے دلفریب اور دور اندیش سے رہنمائی کرے اور مصائب غیرون کے اثناے حکایت مین جو مناسب اس حال کے ہون اُنھین بآئین حسین تقریر کرے وزیر بوموں کا یہ سب صفتین رکھتا تھا اور کسی بات مین دقیقہ فروگذاشت نہ کرتا تھا اور بادشاہی وہ مرتبۂ عالی ہی کہ کوئی اگر چاہے کہ اپنی کوشش سے پائے تو پا نہین سکتا ہی بلکہ دست آرزو بھی اس پایہ تک نہین پہونچا سکتا ہی مگر دستیاری اور مددگاری بخت سے حاصل ہوتا ہی اور اگر امداد غیبی سے یہ دولت نصیب ہو تو اسے عزیز جانے سرسری نہ سمجھے ضبط قواعد اور حفظ مراسم عدل و داد مین مبالغہ تمام ہر دم پیش نظر رکھے نظم

ای آنکہ بملک یافتی دسترسے	دولت طلبی کم طلب آزار کسے
صد تیغ سیاست آن خرابی نکند	کا زردۂ مخنتے بر آرد نفسے

لائق شان بادشاہی یہ ہی کہ ہر کام مین غفلت سے اجتناب کرے اور کسی مہم مین سہل انگاری نہ کرے کہ بقاے ملک اور استحکام دولت چار چیزون کے بغیر ممکن نہین ہی ایک یہ کہ ذہن رئیس کا اتنا رسا ہو کہ امر استقبال کا کہ غیر موجود ہی اسے موجود سے زیادہ تر دیدۂ دل سے مشاہدہ کرے دوسرے ارادہ جس بات کا کرے اُسے ہزار پہلو سے تحقیق کرے جب یقین سمجھے کہ یہ فتور اور قصور سے خالی ہی اُسوقت اُسے عمل مین لائے تیسرے ایسی راے درست رکھتا ہو کہ خطا اور خلل کی طرف کبھی مائل نہو چوتھے شمشیر ایسی تیز و تند رکھتا ہو کہ مانند برق جہان سوز جب خرمن دشمن پہ گرے خس و خاشاک اُسکی ہستی کا برباد و فنا کر دے اگر کوہ پناہ چہرہ کرے تو مانند خیار تر کے اُسپر بھی نہ ہٹے اُسکی مراد یہ ہی کہ بہادر ہو اور حکایت اور غدر اور مکائد دشمن پر اگرچہ کتنا ہی تضرع اور تذلل کرے فریفتہ نہ ہو دیکھو کہ ایک زاغ تنہا نے جب کہ دشمن کے دل مین جگہ پائی باوجود تنہائی اور ضعف

کے بوموں سے دشمنان قوی دست کو ایک آن مین ہلاک کر دیا اور اُنھون نے
اپنی رکاکت طبع اور قلت فہم سے ایسی مالش ترار واقعی پائی کہ نام ونشان اُنکا
صفحہ ہستی سے محو ہوگیا اور اگر کچھ بھی اُنمین عاقبت اندیشی ہوتی تو زاغ اس مراد کو
نہ پہونچتے بلکہ چہرہ ظفر کا خواب مین بھی نہ دیکھتے عاقل کو چاہیئے کہ اس حال کو چشم عبرت
سے دیکھے اور اس نصیحت گوش خرد سے سُنے کہ دشمن کتنا ہی ضعیف ہو اُسے چشم کم سے
نہ دیکھے اور اگر ہزار لاف دوستی مارے اور آثار دوستی بھی اسمین پائے جائین تو بھی
اعتماد نہ کرے اور کبھی اس سے غافل نہ رہے نظم دشمن اگر لاف مروت زند ٭ صاحب
عقلش نشمارند دوست ٭ مار ہمانست بسیرت کہ ہست ٭ گرچہ بصورت بدر آید ز پوست
اور عمدہ فائدہ اس سے یہ ہی کہ دوستان خالص اور ہوا داران عاقل ومخلص کا
خواہان رہے اور اُنکی خریداری کرے کہ نافع تر اس سے کوئی تجارت نہین ہی سُنا تُنے
کہ ایک کارشناس کہ مخلص خالص تھا زاغون کے حق مین اُسکی دوستی اور درست رائی
نے کیا نتیجہ بخشا کہ مہلکہ ہولناک ہراس سے نکال کے سرمنزل امن و امان کو پہونچا دیا بھلا جسکے کہ
دوست بہت ہونگے اُسکو کیا کچھ فائدہ پہونچے گا پس علی ہذا جو کوئی کہ دوست اور ہوا دارون کا
خواہان رہیگا اور مخالفان غدار کے غبار سے دامن اپنا آلودہ نہ کریگا کمال مراد اور نہایت
آرزو کو مقرر پہونچے گا بیت با یار نکو خواہ بعشرت بنشین ٭ وز دشمن بد دامن صحبت برچین

باب پانچوان مضرت مین غفلت کرنے کے اور بسبب اُسکے مطلوب کے ہاتھ سے کھونے مین ہی

رای داشلیم نے برہمن سے کہا کہ تو نے داستان بیان کی فریب دشمن سے پرہیز کرنے
کی اور اُنکے مکر وزور کی مضرت سے احتراز کرنے کی کہ پردۂ دوستی مین دشمنی کرتے ہین
اُس سے بچنا واجب جانے اب التماس یہ ہی کہ بیان فرما اُسکی مثال کہ حصول مدعا

مین جہد کرے اور جب مطلب حاصل ہو تو اُسے غفلت سے ضائع کردے برہمن نے
زبان ثنا کھولی اور یہ بیتین مؤلف کی بادشاہ کی دعا مین پڑھین **نظم**

الٰہی تا رہے قائم یہ آسمان و زمین ۔ الٰہی تا کہ رہے آفتاب و ماہ منیر
فلک پہ تارہین اختر زمین پہ آدم زاد ۔ الٰہی تا کہ رہے برق و رعد و ابر مطیر
مژہ کو تیر کہین اور کمان کو ابرو ۔ ہمیشہ یار کی زلفون کو تا لکھین زنجیر
نگاہ یار رہو یارب بلاے جان جبتک ۔ سواد چشم پری تا ہو سرمۂ تسخیر
الٰہی شرق سے تا غرب تیرا حکم رہے ۔ کہا کرین تجھے سب آفتاب عالمگیر

خاطر خطیر شاہنشاہی پر کہ مورد فیض نامتناہی ہی پوشیدہ نہین ہی کہ چیز کا حاصل کرنا
آسان اور حفاظت اُسکی مشکل ہی کیونکہ بہت شخصون کو مساعدت بخت کی باعث سے
بے مشقت و کلفت اور بے سعی و بے رنج گنج مطلوب حاصل ہوا ہی مگر محافظت اُس کی
سبب سے سستی راے کے نہین کرسکے جو کوئی کہ پیرایۂ دور اندیشی سے بے نصیب ہی
جو چیز کسب سے یا بے کسب حاصل کریگا یقین ہی کہ تھوڑے سے عرصہ مین وہ تلف اور تاراج
ہو جاے جیسا کہ سنگ پشت کو بوزنہ سا محب با برکت بے جد و جہد ہاتھ آیا اور بے عقلی
کے سبب ہاتھ سے کھو دیا اور پھر جہل و حماقت کی جراحت نے کسی طرح التیام نہ پایا راے
نے پوچھا کہ یہ حکایت کس طرح پر ہی برہمن نے کہا **حکایت** جزیرۂ بحر اخضر مین ایک
گروہ بندرون کا تھا اور نام اُنکے بادشاہ کا کاردانا تھا کہ اُسکی شہاے ریاست
نے سیاست کامل سے استحکام پایا تھا اور بنیاد اسکی سلطنت کی علم نافذ اور عدل
مناسب سے استوار تھی اور رعایا اُسکے بذل و احسان سے بستر رفاہ پر امن و امان
سے آرام کرتی تھی اور اُس دیار کے باشندے اسکی بخشش کا شکر ہر دم زبان پر
رکھتے تھے **لمؤلفہ بیت** سب عالم کی بس اُس سے بہبود تھی ۔ خدا راضی
خلق اُس سے خشنود تھی ۔ ایک مدت دراز شادی و کامرانی سے بسر کی اور

بہار جوانی کو خزان پیری وناتوانی تک پہونچایا اور آثار ضعف کے اعضاے بدن
پر ظاہر ہوے سرور دل سے اور نور آنکھون سے برطرف ہوا اور نہال قوت کہ میوہ مراد
دیتا تھا سموم عجز و بیچارگی سے پژمردگی لایا چراغ طرب باد تند آفت تعب سے
بجھ گیا اور بساط نشاط ہجوم امراض و عموم اعراض سے منطوی و پیچیدہ ہوئی نظم

نشاط جوانی ز پیران مجوے	کہ آب روان تا نیاید بجوے
چو بر سر نشیند ز پیری غبار	دگر عیش صافی توقع مدار

اور عادت روزگار غدار کی یہی ہی کہ طراوت گلستان جوانی کو خارستان پیری سے
مبدل کر دیتا ہی کہ پھر وہ راحت دل کبھی حاصل نہین ہوتی ہی اور ہواے صافی اسکی
غبار کدورت پیدا کرتی ہی نظم باشادی زمانہ غم بے شمار ہست ٭ در جام روزگار
می خوشگوار نیست ٭ یک کس ز بیر گلشن نیلوفری کہ دید ٭ کز خون دیدہ
عارضش و لالہ زار نیست ٭ موافق اس مضمون کے مؤلف نے کہا ہی بیت

فائدہ بھی یہان تو نقصان ہی	سنگ کھاتے ہین باروار درخت

وہ پیرزن شوہر کش کہ دنیا جسکا نام ہی عروسان نوجوان کے لباس مین اہل جہان
کے سامنے جلوہ کرتی ہی اور زینت ناپایدار اور زیور بے اعتبار سے دل بیخبرون کے
اپنے دام محبت مین کھینچتی ہی بیت بازیچہ ایست طفل فریب این متاع دہر ٭ بے عقل
مردمان کہ برو مبتلا شدند ٭ اور اپنی آرایش بے اصل اور جنس کاسد کو بازار خریداری
مین سو سو بناوٹ سے لاتی ہی جسنے کہ اسکی خریداری کی اور عقد ازدواج مین کھینچا دست
مراد اسکا آغوش آرزو تک نہ پہونچا اور جس نے کہ اسکو حبالۂ وصال مین لیا ایک رات
بھی حسب دلخواہ کام اُس سے حاصل نہ کیا بیت جمیلہ ایست عروس جہان ولے
میدان ٭ کہ این مخدرہ در عقد کس نمی آید ٭ اور کودک فراج اتنا نہین سمجھتے ہین کہ
اللہ تعالی فرماتا ہی وَمَا هٰذِهِ الْحَيٰوةُ الدُّنْيَا اِلَّا لَهْوٌ وَّلَعِبٌ خلاصہ یہ ہی کہ کام حیات دنیا کا

بجز لہو و لعب کے اور نہین ہوا اسیر بھی اپنی حماقت سے اُس سراپا آفت کے دام بلا مین عمداً
پڑتے ہین اور اُسی صورت پر فریب سے دلبستگی کرتے ہین اور اُسکی خبث باطن اور
سستی عہد اور دنائت طبع اور ناپاکی سیرت سے بے خبر ہوتے ہین اور خردمند کہ دیدۂ
دل جسکا کحل الجواہر معرفت سے روشن ہوتا ہے وہ کبھی اُسکے مزخرفات فانی پر التفات
نہین کرتے ہین اور دل کو طلب جاہ بیفائدہ مین پریشان نہین بناتے ہین بلکہ
روے طلب جستجوے دولت پائدار کی طرف رکھتے ہین آمدم بر سر مطلب یعنی ذکر اُسکی
پیری اور ضعف کا افواہ خلق اللہ مین پڑا اور حشمت اور ہیبت بادشاہی مین نقصان
فاش ظاہر ہوا اور انواع ضعف اور فتور نے ارکان شوکت شہریاری اور سطوت
وجباری مین راہ پائی **بیت** دولت اگر دولت جمشید نیست ✿ موی سپید آیت نومیدیست
اور اس خاندان بادشاہی مین ایک جوان تازہ رو نے کہ سعادت اُسکی پیشانی پر
پیدا اور دولت اُسکی حرکات سے ہویدا تھی نشو و نما پائی ارکان دولت نے استحقاق
رتبۂ شہریاری اور استعداد منزلت جہانداری اُسمین دیکھے اور استقلال اُسکا تقدیم
امور سیاست ظالم گدازی اور تمہید رعایت رعیت نوازی مین جب بکمال خوبی مشاہدہ کیا
ہر ایک کو اُس سے دوستی پیدا ہونے لگی اور بایکدیگر سب صلاح کرتے تھے اور کہتے تھے کہ
اس جوان کے نہال عمر نے کہ جویبار ادب سے نشو و نما پائی ہے قابلیت اسکی رکھتا ہے کہ گلشن
ملک اُسکی آبیاری عدل سے سرسبز اور سیراب ہو تو بہتر ہے اور وہ جوان بھی میلان سب کا
اپنی طرف سے دیکھے ہر ایک کو امیدوار خلعت و مزید مرتبت کرتا تھا آخر ایک دن
سب خاص و عام نے اتفاق کر کے اُس پیر مرد فرتوت کو کنارے بٹھا کے ملک و مال
اُس جوان کے قبضۂ اختیار مین سونپا **لمؤلفہ بیت** آسمان سے تخت زرینہ مین
ارتفع ہو گیا ✿ مہرتابان سے سوا تاج مرصع ہو گیا ✿ بیچارہ کاردانا جب کہ اسطرح سے
معزول ہو گیا اِس عار کو گوارا نکر سکا بنا چاری جلاء وطن اختیار کیا اور ایک جزیرے مین

دنائت بالفتح ناکسی و زبونی ... دولت سیاہ ... مزخرفات ... تقدیم ... گدازی ... ارتفع ... سرسبز

کہ چشمۂ آب اور میوۂ تر وخشک بہت تھا منزوی ہوا کبھی اپنی تنہائی اور بیکسی پر روتا
تھا اور کبھی تسلی دل اس مصرع سے کرتا تھا مصرع ہر کہ قانع شد بخشک وترشہ بحر وبرست
اور اُسی بیشہ مین پیشۂ قناعت کو اپنا پیشوا کرکے ریاضت وعبادت معبود مین شامل رہا
کرتا تھا اور روز وشب تدارک اوقات مافاتکے کہ غرور سرورسلطنت مین برباد دیا تھا
کیا کرتا تھا اور تدبیر توشۂ عقبیٰ توبہ واستغفار سے کرتا تھا اور جو زنگار کہ ظلمت شب
شباب مین آئینہ سینہ پر بیٹھا تھا مصقلہ صبح پیری سے دفع کرتا تھا اور واسطے تنبیہ نفس
غفلت شعار کے یہ شعر گویا کا تکرار کرتا تھا بیت سپید ہو گئے موے سیاہ غفلت چھوڑ نہ
ہوئی ہو صبح کوئی دم چراغ ہستی ہو ✤ ایک دن کا روانا انجیر کے درخت پر بیٹھا ہوا
انجیر کھا رہا تھا کہ ناگاہ ایک انجیر ہاتھ سے چھوٹا اور اُس درخت کے تلے ایک چشمہ پانی
کا تھا اُسمین گرا صدا اُسکی بندر کے کان مین آئی تو اُسے بہت بھائی اس لیے بار بار
انجیر اُس پانی مین چھوڑتا اور اُسکی صدا سے محظوظ ہوتا تھا اتفاقاً ایک سنگ پشت
دریا سے سیر کرتا ہوا اس چشمہ مین دو دن سے وارد تھا اور بوزینہ جو واسطے تلذذ اور سیر
کے انجیر اُسمین گراتا تو سنگ پشت اُسے فتوح غیبی جان کے کھاتا تھا اور حمد خدا کرتا تھا
کہ بے مشقت ایسی نعمت عظمیٰ اللہ نے عنایت فرمائی اور دل مین ممنون ہوتا تھا کہ یہ بندر
مجھے مہمان جانکے یہ انجیر گراتا ہو سبحان اللہ کیا مرد سخی اور مہمان نواز ہو اور یہ خیال کیا
کہ اس شخص نے بے سابقۂ معرفت میرے حق مین یہ مرحمت فرمائی ہو اگر واسطہ محبت اور
وسیلۂ مودت مستحکم ہو جائے تو کیا کچھ احسان اور مروت نہ کریگا اور قطع نظر فوائد دنیا
سے مصاحبت ایسے شخص کی کہ محامد اخلاق اور محاسن اشفاق جسکی طینت مین اس
درجہ داخل ہین اور قلم کرم الٰہی نے آیات جوانمردی وفتوت اس کثرت سے اُسکے
صفحۂ ہمت پر لکھی ہین ایسا شخص مغتنمات روزگار سے ہو ہر آئینہ اُسکی مصقلہ محبت سے
زنگ ملال باطن آئینہ دل سے محو ہو جائیگا اور ایسے خداشناس کے نور کے حضور سے

ہوا کوتوال نے پوچھا کہ تو کون ہی اور کہان جاتا ہی اُسنے جواب دیا کہ مین چور ہون اور ارادہ
یہ تھا کہ گھوڑا رئیس کا چرائے اور دوکان شیشہ گر کی توڑ کے شیشۂ گران قیمت اسپر بار کرکے
گھر کو پہنچاؤن کوتوال ہنسا اور کہا کہ اچھا چور ہی تو کہ ایسا عزیز گھوڑا کہ بادشاہ کے چوکیدار
جس پر مقرر رہین اُسے چرائے اور شیشہ کہ دو دانگ کو بکتا ہی اُسپر بار کرکے اور آپ کو معرض
ہلاکت مین ڈالے شاید کہ شاعر نے یہ مصرع تیری ہی شان مین کہا ہی مصرع بہ زر نخریدہ جان
را ازان قدرش نمیدانی ✝ اگر ارتکاب ایسے مخاطرے کا خزانہ بادشاہی کے واسطے کرتا تو البتہ
سزاوار تھا یہ کہکر ہاتھ اُسکے باندھے اور زندان کی طرف کھینچا وزد زیرک کو یہ سب حکایت
کوتوال اور چور کی سُنکے تجربہ حاصل ہوا اور دل مین کہا کہ یہ چور نادان تھا اور کوتوال دشمن دانا دوست
احمق مجھے ورطۂ ہلاک مین ڈالتا تھا اگر یہ دشمن دانا نہوتا تو کام ہاتھ سے جا چکا تھا اب جیسا کہ
کوتوال نے کہا ہی ارادہ خزانہ بادشاہی کا مناسب ہی شاید مقصود کلی حاصل ہو اُس کے بعد
آہستہ آہستہ قصر بادشاہی کے نزدیک آیا اور نقب دینا شروع کیا تمام شب امید خزانہ مین
سنگ و دیوار کو تیشۂ فولاد سے کاٹا کیا ہنوز عیار شب رو آفتاب نے برج مشرق کے تلے نقب
نہین پہونچائی تھی کہ دزد زیرک کی نقب انتہا کو پہونچی اتفاقاً جو مقام کہ بادشاہ کی خوابگاہ
کا تھا اُسی جگہ نقب نکلی دیکھا کہ بادشاہ تخت پر سوتا ہی اور سامان تجمل گران قیمت مسند
شاہی پر رکھا ہی اور شمعین کافوری روشن ہین چور نے نظر غور سے دیکھا کہ ایک بندر کٹار
ہاتھ مین لیے سرہانے بادشاہ کے ٹہلتا ہی اور چپ و راست ہوشیاری تمام دیکھ رہا ہی چور یہ
حال دیکھکر متحیر ہوا اور کہا کہ یہ سانحہ اور ہی کہ بندر کٹار لیے اس طرح پاسبانی کرتا ہی ہنوز اسی تحیر
مین تھا کہ کچھا چیونٹیون کا چھت سے بادشاہ کے سینے پر گرا بادشاہ نے خواب غفلت مین ہاتھ
اپنے سینے پر مارا بوزینہ دوڑ کے نزدیک آیا دیکھا کہ چونٹیان بادشاہ کے سینے پر پھرتی ہین
نہایت غضبناک ہوا کہ مجھ سا پاسبان مستعد موجود ہی اور یہ چونٹیان ایسی بے ادب
ہین کہ اُنھون نے بادشاہ کے سینے پر پانون رکھا اس حمیت سے رگ جاہلیت

اسکی حرکت مین آئی چاہتا تھا کہ کٹار چیونٹیون پر مارے پس اس صورت مین کام
بادشاہ کا ضرور تمام ہوجاتا کہ چور چلایا کہ او احمق بیباک ہاتھ کو تھام کر جہان کو برباد
کیا چاہتا ہو یہ کہکر جست کر کے بندر کا ہاتھ مضبوط پکڑا بادشاہ نعرہ زدو اور غرش بوزینہ
سے جاگ پڑا اور یہ حال مشاہدہ کیا چور سے پوچھا کہ تو کون ہو چور نے کہا کہ تیرا دشمن
ہون اور واسطے طلب مال کے آیا تھا مین اگر ایک لحظہ بھی تیری حفاظت مین اہمال کرتا
تو اس دوست نادان نے جہان کو خون سے لال کردیا ہوتا بادشاہ نے سجدہ شکر کیا اور
کہا سچ ہو اگر عنایت ایزدی امداد نہ کرتی تو چور کیون مہربان ہوتا اسکے بعد چور کو سرفراز
کر کے اپنا مقرب کیا اور بوزینہ کو زنجیر مین باندھ کے اصطبل کو بھیجدیا اب اسکو قیاس کیا
چاہیے کہ چور تمام شب اس امید پر کمر باندھے رہا کہ اگر قابو پائے تو خزانہ بادشاہی کو
چرائے لیکن قبائے دانش اسکی جوہر مین تھی اس لیے تاج دولت اسکے سر پر رکھا گیا اور
بندر کہ محرم اسرار اور باوقار تھا مگر خار نادانی اسکے دامن سے الجھا تھا اس لیے
لباس حرمت اسکے بر سے اتار اگیا فائدہ اس مثل کا یہ ہو کہ ہر دعاقل کو لازم ہو کہ دوستی
دانشمند سے کرے اور صحبت نادان سے کوسون بھاگے سنگ پشت نے جو یہ حکایت کہ مشتمل
فوائد بیشمار پر ہو سنی تو کہا کہ اے دریاے دانش تو نے میرے کانون کو گوہر شاہوار حکمت سے
زینت بخشی اب یہ فرما کہ دوست کے طرح کے ہوتے ہین کاروانا نے کہا کہ حکما نے تین طرح کے
دوست تحقیق کیے ہین بعضے غذا کے مانند ہین کہ ان سے کسی طرح چھٹکارا نہین ہو اور
بے مشاہدہ انکے جمال کے شمع صحبت روشن نہین ہوتی ہو مصرع چراغ خانۂ دل روے
یار ست و بعضے مانند دوا کے ہین کہ انکی احتیاج ہوتی ہو اور بعضے درد کے مانند ہین
کہ رنج پہونچاتے ہین وہ لوگ ہین کہ اہل نفاق اور دو رویہ ہین کہ ادھر زبان سے
دوستی کا دعویٰ کرتے ہین اور کبھی ظاہرداری کے لیے کچھ کام بھی آتے ہین اور مطلب انکا
دھوکا دینا اور غافل کرنا ہوتا ہو ادھر تمہارے مخالفون سے راہ و رسم رکھتے ہین اور

ہر دم ایذا رسانی کی فکر مین رہتے ہین پس وہ عاقل ہی کہ ایسے دشمنون سے کہ ظاہر مین
دوست اور باطن مین دشمن ہین پرہیز و احتیاط تمام کرے اور دوستان خالص اور
رفیقان مخلص کا آرزومند رہے سنگ پشت نے کہا کہ رفیق خالص اور دوست مخلص کو کس طرح
پہچانے بندر نے کہا کہ جسمین یہ چھ خصلتین پائی جائین اُسکی دوستی مین کوئی قصور نہ ہوگا
اوّل یہ کہ تیرا عیب دیکھے اُسے کسی سے ظاہر نہ کرے دوسرے یہ کہ اگر تیرے ہنر سے آگاہ ہو
اُسے دوچند کر کے لوگون مین بیان کرے تیسرے یہ کہ اگر کچھ احسان کرے تو اُسے
ظاہر مین زبان پر نہ لائے اور دل مین بھی حساب رکھے چوتھے یہ کہ اگر تجھ سے نفع پائے تو اُسے
فراموش نکرے پانچوین یہ کہ اگر اتفاقاً کوئی قصور تجھسے صادر ہو اسپر خشم آلود اور ازجا رفتہ
نہ ہو جائے چھٹے یہ کہ اگر تو عذر کرے اُسے قبول کرے جو کہ ان صفتون کے ساتھ متصف نہو
وہ ہرگز لائق دوستی کے نہین ہی اور اس زمانے مین دوست باصفا حکم کیمیا کا رکھتا ہی
اور محبت بے غرض کی عنقا کے مانند چشم عالم سے نہان ہی سنگ پشت نے کہا کہ اگرچہ اپنی ثنا
اپنے مُنھ سے نازیبا ہی لیکن گمان یہ ہی کہ اگر تو مجھے اپنی دوستی مین سرفراز کرے اور طوق منت
کا میری گردن مین ڈالے تو مادام الحیات مراسم دوستی مین ثابت قدم رہون اور کوئی
نکتہ آداب محبت سے فروگذاشت نہ کرون بندر نے درخت سے نیچے اُتر کر باہم معانقہ کیا
اور عہد و پیمان آشنائی مستحکم باندھا اس کے بعد دونون مسرور ہوے اور وحشت غربت
بندر کے دل سے کم ہوئی اور سنگ پشت بھی خوش ہوا اور ہر روز نہال دوستی نشو و نما کرتا
جاتا تھا اور گلشن یاری دمبدم رونق اور طراوت بصد تازگی پاتا جاتا تھا کہ جو یہانتک
نوبت پہونچی کہ بندر ملک اور پادشاہی کا غم بھول گیا اور سنگ پشت نے اہل و عیال
اور مسکن و دیار اپنا فراموش کیا اور دونون یہ بیت مولف کی تکرار کرتے تھے بیت
اب نہین حسرت کوئی جو ملگئے ہم یار سے ٭ کونسی دولت ہی بہتر دولت دیدار سے ٭
جبکہ اس بات کو زیادہ عرصہ ہوا مادہ سنگ پشت کی فراق یار سے بیقرار ہوئی اور سمجھی کہ شاید

وہ ہلاک ہو گیا مطلق سراغ نہین پایا جاتا ہی نہایت بیتابی کرتی تھی اور رات دن روتی
تھی آخر یہ حکایت المناک اُسنے ایک ہمقوم سے بیان کی اور کہا معلوم نہین کہ اسپر کیا حادثہ
ہوا اگر زندہ ہوتا تو کیونکر بیٹھ رہتا لیکن اگر خبر مفصل معلوم ہو جاتی تو صبر آتا اُسنے کہا کہ
اے خواہر مہربان اگر مجھے اس امر مین متہم اور رسوا نہ کرے اور غماز نہ جانے تو حال مفصل
تجھسے کہدون اُسنے کہا کہ اے برادر قول تیرا کبھی تہمت سے آلودہ نہین ہوا ہی اور نقد محبت
و صدق مودت تیرا بارہا محک امتحان پر آزمایا تو تمامی عیار کامل پایا ہی جو کچھ تو کہے گا
وہ مقرر سچ ہوگا اور راز تیرا کسی پر ظاہر نہ ہونے پائے گا اُس نے کہا کہ مین نے تحقیق سنا ہی
کہ شوہر تیرا ایک بندر کا یار ہوا ہی اور جان و مال اور اہل و عیال سب اُسکی دوستی پر
قربان کر چکا ہی اب وہ کسی کو اُسکی صحبت کے برابر عزیز نہین رکھتا ہی مادہ سنگ پشت کی
سُنتے ہی اس بات کے آتش غیرت سے جلگئی اور جہان تک زبان نے یاری دی
واویلا اور شکایت روزگار اور گلہ شوہر غدار کا کرتی تھی اُس سنگ پشت نے کہا کہ
گریہ وزاری اور زبان درازی سے کیا حاصل کچھ وہ تدبیر کر کہ جس سے حصول مطلب
متصور ہو آخر بحکم اِنَّ کَیۡدَکُنَّ عَظِیۡمٌ کے حیلہ و تدبیر مین کوشش کرنے لگی قول فیصل اسپر
قرار پایا کہ جب تک بوزینہ ہلاک نہ کیا جائیگا مقصود ہاتھ نہ آئیگا اُس سنگ پشت کی
صلاح سے مادہ سنگ پشت کی بیمار بنی اور پیغام سنگ پشت کے پاس بھیجا اور یہ کہا بیت

یار اگر سر پرسیدن بیمار غم است	گو بیا خوش کہ ہنوزش نفسی می آید

سنگ پشت نے خبر ناتوانی اور ہیجان مادہ کی سُنکے بوزینہ سے اجازت عیادت کی چاہی
بندر نے کہا کہ اے یار مجبورانہ رخصت دیتا ہون مگر ایسا نہو کہ اپنے فراق سے مجھ ناتوان کو
شربت مرگ چکھائے تو کہ تیری صحبت کے بغیر میری زندگانی دشوار ہی سنگ پشت نے کہا کہ
اے مونس جدائی تیری ایک دم کی عذاب صد سالہ سے مجھپر زیادہ ہی لیکن وہ کمبخت جان بلب
ہی لوگ مجھے مطعون کرینگے کہ مرتے دم بھی اُسے نہ پوچھا البتہ اپنی قوم مین بدنام ہونگا سو اب

وہ حال سے خالی نہین ہی یا صحت باقی ہی یا مرتی ہی بعد ان دونون صورتون کے مجھے اپنی خدمت مین پہونچا جان بھلا مین کیا بے تیرے زندگانی بسر کر سکتا ہون یہ کہکر رخصت ہوا جبکہ اپنے مسکن مین پہونچا دوست اقربا جمع ہوے اور بانواع شکایت پیش آئے مادہ کو دیکھا کہ بستر ہلاکت پر پڑی ہی ہر چند دلجوئی کی اور نرمی سے پیش آیا مادہ نے جواب نہ دیا اور آنکھ ملا کر نہ دیکھا وہ سنگ پشت کہ سب تدبیر باندھی ہوئی اسکی تھی اُس سے اس سنگ پشت نے پوچھا کہ یہ بیمار کیون مُنھ سے نہین بولتی ہی اور باقی الضمیر اپنا مجھ پریشان حال سے کیون نہین کہتی اُس نے آہ سرد کھینچی اور کہا کہ جو بیمار کہ زندگی سے مایوس اور جو دردمند کہ دوا سے نا امید ہو رخصت ایک نفس کی کیونکر دشوار نہو اور کسکی قوت سے سامان گفت و شنود کا درست کرے سنگ پشت نے کہا کہ کونسی دوا ہی کہ اس دیار مین پیدا نہین ہوسکتی جلد بتا کہ مین اسکی جستجو مین بحر و بر ایک کرکے پیدا کرون بیمار نے جواب دیا کہ یہ درد مخصوص واسطے عورات کے ہی کہ رحم مین حادث ہوتا ہی کوئی دوا اسکی جہان مین نہین ہی الا بندر کا دل سنگ پشت نے کہا کہ یہ کہان سے پیدا ہو مادہ نے کہا کہ مین آپ جانتی ہون کہ نہ یہ پیدا ہوگا اور نہ مین جیون گی کچھ مین نے تجھے علاج کے واسطے نہین بلایا ہی بلکہ دیدار واپسین کی آرزومند تھی کہ امید صحت بالکل منقطع ہی **بیت** بجز خون شربتے در خوردہ و خود نمی بینم ٭ بجز غم راحتی در روزگار خود نمی یابم ٭ اس بات کو سُنکے رنج سنگ پشت کا زیادہ ہوا اور از بس المناک ہو کر نالہ کیا اور دل مین کہا کہ سواے ہلاکت بوزینہ کے چارۂ کار دشوار ہی اور عقل نصیحت کرتی ہی کہ اے سنگ پشت ایسے یار عزیز کو دغا سے ہلاک کرنا مروت اور فتوت سے فرسنگون دور ہی حیف ہی کہ ایکدن خیرہ نفس کے واسطے ایسے نفس شریف کو برباد کرنا خدا کی رحمت سے دور پڑنا ہی اور نفس بد آموز بدراہ کرتا تھا کہ عورت سے آبادی گھر کی اور قوام معیشت اور سر انجام روزگار اور محافظت نقد اور جنس کی متعلق ہی پس اُس سے ہاتھ اُٹھانا اور ایک آشناے چند روز کے واسطے کہ وہ بھی غیر جنس ہی خانہ بربادی کرنا سخت نادانی ہی **بیت** - حق صحبت دیرین کہ خاک یار قدیم ٭ ہزار بار بہ از خون دوستان ندیم

آخرالامر بعد قیل و قال نفس اور عقل کے اسپر قرار پایا کہ شیشہ وفا سنگ غداری سے توڑیے اور پلۂ میزان ہوا داری کو مکر و دغا سے سبک سنگ کریے مگر احمق یہ نہ سمجھا کہ عیب بیوفائی کا وہ شقاوت ہی کہ داغ اُسکا سواے پیشانی بید ولتون کے اور جگہ نہین دیا جاتا ہی اور عیب پیمان شکنی کا وہ ذلت ہی کہ بجز لوح جبین خاک بیزدن کے اور جگہ لکھا نہین جاتا ہی اور جو کوئی کہ فریب و نفاق سے منسوب ہوا صاحبدل میل اُسکی صحبت کا کبھی نہین کرتے ہین اور جس نے کہ بدعہدی اور بیوفائی مین شہرت پائی وہ کبھی عزیز دل اور محل اعتماد نہین ہوتا ہی بلکہ اجتناب اُسکے قول و فعل اور ملاقات سے عاقل لازم سمجھتے ہین بیت بپیمان شکن مکن کہ زوا نش خوش باد ❊ گفت بپرہیز کن از صحبت پیمان شکنان ❊ سنگ پشت نے جبکہ ارادہ بندر کی ہلاکت کا مصمم کیا سمجھا کہ جب تک اُسے اپنے مسکن پر نہ لاؤنگا مدعا حاصل نہوگا اس ارادے پر بندر کے پاس آیا بندر از بسکہ متمنی اُسکی ملاقات کا تھا دیکھتے ہی خوش ہوا مبالغہ تمنائے اشتیاق اپنا بصد زبان بیان کیا اور یہ بیت تکرار کرتا تھا بیت جان بلب ہجر مین تھا شکر مرا یار آیا ❊ ہو گئی مجھکو شفا شربت دیدار آیا ❊ اور خبر زن و فرزندان سنگ پشت بار بار پوچھتا تھا سنگ پشت نے جواب دیا کہ تیرا رنج مفارقت ایسا نہ تھا کہ دیدار زن و فرزند سے مجھے فرحت ہوتی اگر گو نہ بھی صورت راحت پیش آتی تھی تو فوراً یاد تیری مبدل برنج کر ڈالتی تھی باعث یہ کہ خیال آتا تھا کہ اے بیمروت تو اس جگہ گلشن فراغت مین مسند عیش پر بیٹھا ہی اور یار وفا دار تیرا خارستان غربت مین خاک پر بستر رکھتا ہی مروت سے کتنا دور ہی اس لیے یہ عرض کرنے کو آیا ہون کہ ایک تو اہل و عیال میرے تیرے قدم دیکھنے کے اشتیاق مین بیقرار ہین دوسرے عورت کی تیمار داری نکرون تو مطعون خویش و اقربا مین ہوتا ہون اور اگر بغیر تیرے وہان رہون تو رہ نہین سکتا ہون پس اگر تو مجھے اور میرے گھر کو اپنا سمجھتا ہی تو اپنے مقدم سے میرا کلبۂ تاریک منور فرما اور عزیز و اقربا میرے کہ حقیقت مین وہ تیرے اقربا

ہین انھین اپنے دیدار سے سرفرازی بخش اور تیرے قدم کی بدولت میری بلکہ میری سب قوم کی عزت افزائی بھی ہوتی ہے اور میری قبول دعوت سے رتبہ تیرا کچھ کم نہو گا بوزینہ نے کہا کہ اس تکلفات سے درگذر کر کہ جب سلسلہ محبت کا باہم مستحکم ہوا پیچ مہمانی اور مراسم میزبانی کا جیسا کہ اہل رسم کی عادت ہے فضول ہے بدترین دوستون کے وہ ہین کہ جنکی جہت سے تکلف اور تکلیف کی نوبت پہونچے مصرعہ تکلف گر نباشد خوش توان زیست ۞ اور مین تیرے کو سرمایہ زندگانی جانتا ہون کہ مکارم اخلاق تیرے مجھے ہزار نعمت سے زیادہ ہین کہ مین وطن اور مسکن اور عشرت مملکت اور حشم و خدم سے دور پڑا تھا اور وحشت و خواری اور ذلت تنہائی مین مبتلا تھا جامع المتفرقین نے تیری ہمصحبت سے منت تازہ مجھپر رکھی کہ بلاے رنج و محنت سے رستگاری پاکے تیری انسیت سے فیضیاب ہوا اور سب کربت غربت میرے دل سے محو ہوگئی بموجب اس بیت کے بیت یار ہو جب پاس ہرگز رنج غربت کا نہین ۞ ہے اگر غربت تو ہو پہ رنج فرقت کا نہین ۞ ان مقدمات کے سبب سے حق تیرا میری گردن پہ بہت ہے اور یہ رسمیات عرفی واسطے اُنکے مقرر ہین جو محبت دلی سے بہرہ نرکھتے ہون بیت بے تکلف دوست میباید کہ باشد زان دوست ۞ درمیان رسم تکلف گر نباشد گو مباش ۞ سنگ پشت نے کہا کہ اے دوست میرا غرض اس عرض سے فقط لوازم ضیافت کی رعایت منظور نہین ہے بلکہ مدعاے خاص یہ ہے کہ ویسی صورت قرار پائے کہ اس جگہ خواہ اُس جگہ ہو پر ایکدم کی جدائی آپمین متصور نہو بیت گھر ہو یا باغ ہو یا کوہ ہو یا صحرا ہو ۞ پر جدا تجھ سے نہ اک آن وہ مہ سیما ہو ۞ بندر نے کہا کہ راہ محبت مین مرحلۂ قرب و بعد نہین ہے اگر دوستون مین بعد المشرقین کا اتفاق ہو مگر تسلّی باہمدیگر کی یاد کرنے مین حاصل ہوتی ہے کہ راحت دل ایک کو دوسرے کے تصور خیال سے ملتی رہتی ہے پس دوری صوری خیالات معنوی کی مانع نہین ہوسکتی ہے بیت قرب و جانے اگر ہست میان من و دوست ۞ چہ تفاوت کند از بعد مکانے باشد ۞ سنگ پشت نے تضرع کرنا شروع کیا کہ اے یار اگر یہ عرض اس جان نثار کی قبول نہ فرمائی تو نے تو عزت میری سب

دوری دو
مشرق و مغرب
فاصلہ
مشرق و مغرب

ابناے جنس کے آگے خاک مین ملجائیگی بندر نے کہا کہ طلب رضاے دوست شریعت مروت
مین واجب ہی اور مین خاطرشکنی تیری کسی طرح گوارا نہ کرونگا زیارت اور ملاقات تیرے
اقربا کی اس ناتوان کو راحت جان ہی ولیکن گذرنا میرا اس دریاے بیپایان سے کہ
مابین اس بیشے کے اور تیرے جزیرے کے حائل ہی بہت عسیر ہے۔ سنگ پشت نے کہا خاطر
جمع رکھ کہ اپنی پشت پر تجھے سوار کرکے بآسانی تمام لیجاؤنگا کہ اصلاً کسی طرح کی تکلیف نہ
پہونچے گی ناچار بندر نے قبول کیا کہ مین حاضر ہون جس طرح چاہے لیچل سنگ پشت جلدی سے
اپنی پشت پر سوار کرکے روانہ ہوا جبکہ وسط دریا مین پہونچا اندیشہ کیا کہ مین ایسے آشناے
بیریا سے یہ کیا حرکت کرتا ہون کہ نتیجہ جسکا سوا بدنامی اور روسیاہی کے اور کچھ نہین ہی
اور ایک زن ناقص عقل کے واسطے دوست سراپا خرد سے دغا کرنا عادت ابرار سے دور ہی
اور شیطان کی خوشنودی کے واسطے سررشتہ رضاے رحمان ہاتھ سے عمداً چھوڑنا سراپا عقل کا
قصور ہی اس فکر مین جا بجا پانی مین کھڑا ہوتا تھا اور عقل سے بحث کرتا تھا اور آثار تردد
صاف اُسکے حرکات وسکنات سے ظاہر ہوتے تھے بوزینہ سمجھا کہ یہ حال اسکا بے سبب نہین ہی
پوچھا کہ اے دوست باعث تفکر کیا ہی سنگ پشت نے کہا کہ کیونکر سمجھا تو کہ مین متفکر ہون بندر
نے کہا کہ دوست تردد حرکات وسکنات اسپر گواہ ہین کہ تجھے اپنے نفس سے کچھ بحث ہی لیکن
تو تردد نکر اور اگر میری دوستی پر تجھے اعتماد ہی تو بلا تکلف مجھ سے فرما کہ اگر جان تک کام آئیگی
تو بھی قصور نہ کرونگا سنگ پشت نے کہا کہ مجھے تردد یہ ہی کہ جفت کی بیماری کے سبب سے لوازم مہمانداری
جیسا کہ چاہیے ادا نہو سکین گے تو کس قدر ندامت اُٹھاؤنگا بموجب اس مصرعہ کے مصرعہ اگر گناہ
بہ بخشند شرمساری ہست ؎ بوزینہ نے کہا کہ اگر مجھے دوست صادق جانتا ہی تو بیگانون کی طرح
رسمیات مہمانداری سے درگذر کہ یہ بات طریقہ آشنائی اور اتحاد کے منافی ہی بیت بیگانہ را
برسم تکلف کنند دوست ؎ آنجا کہ دوستی ست تکلف چہ حاجت ست ؎ سنگ پشت اور تھوڑی دور
چلا اور پھر کھڑا ہوا اور دل مین کہا کہ عورت مجھکو پیمان شکنی پر آمادہ کرتی ہی اور عورتنا معقول اندیش

اور بیوفا کیش کی بات پر عمل کرنا روش خردمندی سے بہت بعید ہی اور صوابدید زنان پر راہ نامردی اختیار کرنا مذہب امانت مین اور نزدیک اہل دین و دیانت کے بُری بدعملی ہی **بیت** مباد اکس کہ از زن مہر جوید ✤ کہ از شورہ زمین گلہا نروید ✤ یہ دل مین لکہہ پھر توقف کیا بدگمانی بوزنہ کی اور زیادہ ہوئی اضطراب مین آیا اور دل مین کہا کہ جب دوست کے دل مین شک پائے تو تدبیر صائب کی پناہ مین جائے یعنی رفق و مدارا سے آپکو محفوظ رکھنا واجب جانے اگر یہ بدگمانی میری یقین کو پہونچی تو اُسکی بداندیشی سے رو بسلامت لے گیا اور اگر اس گمان مین خطا پڑی تو احتیاط کی راہ سے کوئی عیب لاحق نہین ہوتا ہی **بیت** گر او یار ست خوش ایمن نشستی ✤ دگر کج باخت از مکرش برستی ✤ اسکے بعد سنگ پشت سے کہا کہ ای یار سچ بتا کہ یہ کیا ہی کہ ہر ساعت تو توسن خیال کو میدان فکر مین دوڑاتا ہی اور ہر دم غواص وہم دریاے حیرت مین غوطہ مارتا ہی سنگ پشت نے کہا کہ ای برادر معذور ہون کہ ناتوانی اور پریشانی نے زن و فرزند کی مجھے متفکر کر رکھا ہی بوزنہ نے کہا کہ تفکر تیرا بجا ہی کہ بیمار رہونا آسان اور بیمارداری مشکل ہی بھلا یہ کہہ کہ بیماری اُسے کیا ہی اور معالجہ اسکا کس دوا سے قرار پایا ہی کیونکہ ہر درد کے واسطے دوا معین ہی اور واسطے ہر رنج کے وجہ شفا کی حکیم مطلق نے قرار دی ہی اطبائے مسیحا دم سے رجوع کرنا چاہیے جو کچھ وہ ایما کرے اُسکا تدارک کرنا لازم ہی سنگ پشت نے کہا کہ رجوع طبیب نفس سے ہی او واسطے دوا بھی بتائی ہی مگر ہاتھ آنا اُسکا خیلے دشوار ہی بوزنہ نے کہا وہ کونسی دوا ہی کہ عطارون کی دوکان اور دوا فروشون کے خریطون مین نہین ہی اگر تو بیان کرے اور شاید میری تلاش سے بہم پہنچے تو اچھا ہی سنگ پشت نے سادہ دلی سے کہا کہ وہ دوا کمیاب ہی کہ جسکے باعث سے مین گرداب تفکر مین گرفتار ہون یعنی وہ دل بوزنہ کا ہی بس سُننے کے ساتھہ ہی درد وسودا بوزنہ کے دماغ مین پیدا ہوا اور آنکھون نے تاریکی حاصل کی مگر قوت عقل سے پاے استقلال ثابت رکھا اور اپنے دل سے کہا کہ ای دل دیکھی تو نے شامت غفلت کی کہ کس ورطۂ غمناک

مین پڑا اور سہل انگاری اور بیخبری کی علت سے کس صحراے ہولناک کو پہونچا افسوس
مین وہ غافل ہون کہ فریب منافق بدقوم پر فریفتہ ہوا اور بدنفس صاحب غرض کی
شست فریب سے تیر آفت دل پر کھایا اب بجز تدبیر پیرائی اور عقل آرائی کے رستگاری
نہین اگر جزیرہ سنگ پشت مین گیا پھر بجز موت کے کوئی صورت رہائی کی نہ ہوگی
جو کچھ خطا کی اُسکی سزا کا سزاوار ہوا اُسکے بعد سنگ پشت سے کہا کہ قصہ اُس مستورہ کے علاج
کا سنا مین نے اسکا تدارک بہت آسان ہے کچھ فکر نہ کر ہماری بھی قوم کی عورتون کو یہ
مرض بیشتر ہوتا ہے اور دل بھی انھین نکال دیتے ہین اور اُس سے ہمین کچھ رنج بھی نہین
ہوتا ہے اور یہ بات ہمارے نزدیک آسان ہے کہ دل کو سینے سے باہر نکالنا اور بعد کام
لینے کے پھر سینے مین رکھ دینا یہ اکثر ہوا کرتا ہے اور ہماری قوم بے دل بھی زندگانی کر سکتی ہے
یہ ایک شے مختصر ہے تجھ سے دوست سے ہرگز دریغ نہ کرونگا تو نے ناحق آپ کو رنج مین ڈالا
شاید میرے مرنے کا تجھے اندیشہ تھا اُس فکر مین تو اتنا مشوش و المناک تھا یہ بھی نشا
محبت صادق کا ہے اگر مجھے اس سے ضرر پہونچتا تو بھی مین مضائقہ ایسے دوست باصفا سے
نہ کرتا چہ جاے کہ مجھے ضرر بھی نہ پہونچے اور تیرا فائدہ ہو تو اس سے کیا بہتر ہے اور حکمانے کہا ہے
کہ چار طائفے سے چار چیزین دریغ کرنا نہ چاہیے اوّل بادشاہ عادل سے کہ صلاح خاص و عام
کے واسطے کسی سے کوئی چیز طلب کرے تو دریغ اسمین حرام ہے دوسرے جو درویش مستحق خدمت
کچھ حق اللہ مین سے سوال کرے تو اُس سے مُنہ نہ پھیرے تیسرے شاگرد نیازمند جو استعداد
حصول علم کی رکھتا ہو وہ اگر طلب علم کرے تو استاد کو واجب ہے کہ اُسے رہنمونی کرے
چوتھے دوست یکرنگ کے واسطے جو بات کہ بہتری کی ہو بشرط دسترس اُسمین ہرگز قاصر
نہو اگر اُس جگہہ یہ حال تو نے کہا ہوتا تو مین دلکو ساتھ لیتا آتا ایک عرصہ دراز سے مین نے
اسے نکال کے علحدہ رکھ دیا ہے وجہ اسکی یہ ہے کہ مین اُس سے ازبس تنگ آیا ہون کہ ہرگز
اُسکے جانے مین مجھے رنج نہین ہے بلکہ دو سبب سے راحت ہے ایک یہ کہ تیری وجہ کو

صحت اور تیرا آرام دل ہو یہ سراسر راحت میری روح کی ہی دوسرے یہ کہ وہ زیادہ
از حد غم واندوہ سے بھر گیا ہی اس لیے کوئی چیز اُسکی صحبت سے دشوار تر مجھپر نہیں ہی
اگر ایسی جگہ صرف ہو کہ جس سے تجھے راحت اور مجھے رستگاری حاصل ہو تو عین راحت
اور سراپا فراغت ہو سنگ لپشت نے کہا کہ دل تیرا کہان ہی اور اپنے ساتھ کیون نہ لایا یوزینہ نے
کہا کہ گھر مین چھوڑ آیا ہون اس لیے کہ ہماری قوم کی رسم ہی کہ جب کسی دوست کی ملاقات کو جاتے
ہین تو دلکو ساتھ نہین لیجاتے تا اُنپر نحوست وارد نہو اور شگون بد کی شامت مین نہ پڑین
کہ دل اصل مین مجموعہ رنج و محنت اور منبع مشقت دائمی ہی اور ہر دم خیالات غم ماضی مین
عیش صافی کو مکدر کرتا رہتا ہی اور دل کا نام جو قلب کہا ہی وجہ یہ ہی کہ انقلاب اُسکی
خلقت مین رکھا ہی ہر ساعت مین میل اسکا خیر سے شر کی طرف اور نفع سے ضرر کی طرف کھتا
ہی بیت دمبدم فکر نئی ذکر نیا وصیان نیا پہ روز کا شانہ خاطر مین ہی مہمان نیا پ مین نے
چونکہ قصد تیرے فرزند اور اقربا کے دیدار کا کیا دلکو اُسی جگہ چھوڑ دیا تا بلا دغدغہ زیارت
سب کی حاصل کرون مگر یہ بات بہت بُری ہی کہ مین معلوم کرون کہ تیری اہلیہ کی یہ دوا ہی
اور دل کو مکان پر چھوڑ آؤن اگرچہ تیری جانب سے خاطر جمع ہی کہ تو میری صداقت
محبت کو خوب جانتا ہی لیکن اور لوگ مجھے مقام دوستی مین کتنا نالائق جانینگے اور
کیا کیا ملامت کرینگے اور تیری بھی اُسمین سبکی ہی کہ کیون ایسے خود غرض کو آشنا کیا تھا
پس حیف ہی مجھپر کہ دل کو ساتھ لیکر نہ جاؤن اور کبھی تو لاکھ میری قول کی تصدیق
کریگا تو بھی قوم اعتبار نہ کریگی بلکہ سب یہی کہینگے کہ دانستہ اُسنے دل چورایا اور گھر
مین چھوڑ آیا اس رسم مذکور پر زنہار یقین نہ لائینگے اور اتنا شکوہ تجھ سے ہی کہ
تو نے جان بوجھ کے تکلف کیا کہ میری چیز کو اپنی نہ سمجھا مگر ایک صورت سے
تو بھی معذور ہی کہ تیری قوم مین اور بلکہ سب قومون مین شاید یہی قاعدہ
ہی کہ اگر دل نہ ہو تو زندہ نہین رہتے ہین پس یہ جان کے تجھے منظور نہ ہوا

نفع بایافتن
بجائے
نادان آمدن
چیزی بجائے
رسیدہ از دو
بر آن مدارک
یر یعنی

کہ میرا دوست ہلاک ہو جائیگا سوا ایسا نہین ہی کہ ہماری خلقت خدا نے اس طرح
پر کی ہی کہ دل سے زندگانی کو کچھ علاقہ نہین ہی جیسا کہ خون فاسد بدن ہی مین پیدا
ہوتا ہی اور اُسے نکالڈالتے ہین تو راحت ہوتی ہی اسی طرح دل کہ غم سے بھرا ہوا ہی
اُسکے نکالنے مین ہمین فرحت ہوتی پس ایسی صورت مین مصرعہ چہ خوش بود کہ برآید
بیک کرشمہ دو کار ✤ ایک میرا فراغ خاطر اور دوسرے تیسرے اقربا کی راحت اب مناسب
ہی کہ اتنی تکلیف دوبارہ کا خیال نکر اور یہین سے پھر چل کہ تا دل کو ساتھ لیکے چلون
اور شرمندگی سے بچون سنگ پشت فوراً پھرا اور بہت شاد و خرم تھا کہ مراد بھی حاصل
ہوئی اور کوئی بدنامی بھی عاید نہوئی اس خیال سے جلد کنارے دریا کے پہونچا بوزنینہ
جست کرکے درخت پر جا بیٹھا اور شکر خدا ہر بار زبان سے ادا کیا ایک ساعت کے بعد سنگ پشت
نے آواز دی کہ اے یار جلد چل کہ وقت تنگ اور عرصہ منزل کا بہت دور رہی بوزینہ نے
خندہ[1] دندان نما کیا اور کہا کہ مین نے عمر اپنی جہانداری اور شہریاری مین بسر کی ہی اور گرم و سرد
زمانہ خوب چکھا ہی ہرچند زمانے نے داد اپنی مجھ سے لی اور آسمان نے جو کچھ مجھے بخشا تھا سو پھیر لیا
اور منکوبون[2] اور اہل فلاکت کے زمرہ مین ڈالدیا لیکن اب تک اتنا از خود رفتہ نہین ہوا ہون
کہ فواید اور نقصان تنہائی کو نہ سمجھون اور وفاق اور نفاق کو نہ پہچانون اب اس
بات سے درگذر اور جوانمردون کی مجلس مین آج سے قدم نہ رکھنا اور پھر کبھی حسن وفاداری
و مروت مین دم نہ مارنا بیت مبر نام وفا در بزم خوبان ✤ کہ بوئے از وفاداری
نداری ✤ اور یون تو جوانمردی اور وفاداری کا ہر کوئی دعوی کرتا ہی لیکن امتحان
کے وقت حال سب کا کھلجاتا ہی بیت خوش بود گر محک تجربہ آید بمیان ✤ تا سیہ روے
شود ہر کہ درو غش باشد ✤ سنگ پشت نے فریاد کی کہ یہ کیا گمان ہی کہ میری طرف کیا تو نے
حاشا کہ تیری رضا کے خلاف کوئی بات دل مین میرے گذری ہو یا کوئی اور فریب کا
قصد نسبت تیری دل مین آیا ہو اگر صد ہزار سنگ جفا میرے سر پر توڑے گا تو بھی

[1] کھلکھلا کر ہنسنا
[2] منکوب بدنصیبون دشوار ۱۲

تیری آشنائی سے گردن تابی نہ کرونگا اور اگر تیغ بے التفاتی سے سینہ میرا چاک کریگا تو بھی
تیری آرزوے وصال سے دل نہ اُٹھاؤنگا بوزینہ نے کہا کہ او احمق مین وہ نہین ہون
کہ تیرے فریب مین پھر آؤن کیا مضمون حدیث شریف کا نہین سُنا تونے کہ صاحب ایمان
ایک سوراخ مین دو بار کاٹا نہین جاتا معنی اسکے یہ ہین کہ صاحب ایمان احمق نہین ہوتا
ہو کہ دو بار کسی کا فریب کھائے کیا قصہ روباہ کا نہین سُنا تونے کہ کہتی تھی کہ وہ گدھا
گوش و دل نہ رکھتا تھا اُسنے پوچھا کہ یہ ماجرا کیونکر تھا **حکایت** بندر نے کہا کہ کہتے ہین
کہ ایک شیر خارش کی علت مین مبتلا ہوا با وجود تپ دائمی کے شدت خارش سے بہت مضطر
تھا اور قوت بالکل ساقط ہوگئی بلکہ شکار کی بھی طاقت نہ رہی اُس شیر کی خدمت مین ایک
روباہ تھی کہ فضلہ اُسکے طعمہ کا چُن کھاتی تھی پس اُسکا قوت تھا جبکہ شیر شکار سے درماندہ
ہوا نوبت روباہ کی اضطراب کو پہونچی ایک دن غلبۂ اشتہا اور تنگی معیشت سے شیر کو
ملامت کرنے لگی کہ اے بادشاہ درندون کے تیری بیماری نے اس بیشے کے جانورون کو
ملول کر رکھا ہے اور ضعف تیرا جمیع رعایا کے دل مین سرایت کر گیا ہے اس بیماری کی دوا
کس لیے نہین کرتا ہے اور اس درد دلخراش کی فکر سے کیون غافل ہے شیر نے آہ سرد کھینچی اور
کہا **مصرعہ** مرا خاریست در دل کان بسوزن بر نمی آید ٭ اے روباہ مدت گذری ہے کہ اس
رنج مین خون دل پیتا ہون اور روز بروز کاہیدہ ہوتا جاتا ہون نہین جانتا ہون کہ
اس درد کی دوا کیا ہے مگر ایک طبیب کہ جسکے قول پر مجھے اعتماد ہے اُسنے یہ کہا ہے کہ گدھے
کے دل اور کان کھانے کے سوا اور کوئی علاج اُسکا نہین ہے اُسوقت سے مین اس
اندیشے مین ہون کہ کس تدبیر سے گدھا ہاتھ آئے کہ میری دوا ہو روباہ نے عرض کیا
کہ اگر حکم ہو تو یہ ناچیز اسکی تدبیر کرے امید ہے کہ برکت اقبال سلطانی اور سعادت
دولت جاودانی سے مقصود حاصل ہو شیر نے کہا کیا حیلہ کریگی اور فریب و مکر سے
کیا افسون پڑھے گی اور مجھے اُس گدھے کے پاس کس بہانے سے لے چلے گی

روباہ نے کہا کہ اے بادشاہ تجھکو اس صورت سے باہر آنا نہ چاہیے کہ بدن پر کوئی بال باقی نہین رہا ہے یہ صورت شکوہ وشہامت بادشاہی کے منافی ہے اور نقصان شاہنشاہی اُسمین ہے کہ خویش وبیگانہ اس شکل وشمایل سے بادشاہ کو دیکھین تو بہت نامناسب ہے بلکہ صلاح یہ ہے کہ مین گدھے کو کسی حیلے سے اُس بیشے مین لگا لاؤن اور بادشاہ اُسکا شکار کرکے جو چاہے اُسمین سے تناول فرمائے شیر نے کہا کہان سے اور کیونکر لائیگی روباہ نے جواب دیا کہ اس جنگل کے قریب ایک چشمہ ہے وہان ہر روز ایک دھوبی کپڑے دھونے کو آتا ہے اور جو گدھا کہ اُسکا بار بردار ہے وہین چرا کرتا ہے اُسکو کسی فریب سے اس جنگل مین لے آؤنگی لیکن بادشاہ اُسکا کان و دل کھاکے باقی ہم لوگون کو عنایت کرے بادشاہ نے اُسکی بات قبول کی اور عہد کیا کہ باقی سب گوشت تم سب کو دونگا روباہ نے اس امید پر کہ بادشاہ فقط کان اور دل کھائیگا باقی سب ہمین بچ رہیگا اس چشمہ کی طرف روانہ ہوئی جبکہ گدھے کو دیکھا آداب وتسلیمات بجالائی اور نہایت ملایمت سے پیش آئی **بیت** بشیرین زبانی ولطف وخوشی ؞ توانی کہ پیلے بموے کشی ؞ اور بکمال شفقت کہا کہ اے برادر تجھے نزار اور رنجور پاتی ہون سبب کیا ہے اُسنے کہا کہ یہ گازر ہمشہ مجھے محنت لیتا ہے اور میری خبرگیری مین کوتاہی کرتا ہے الم سے دانہ وعلف کے جان تلف ہوئی جاتی ہے اور اسے مطلق میرا غم نہین ہے قریب ہے کہ میرا خرمن عمر برباد وفنا ہو جائے اور یہ ابیات زبان پر لایا **ابیات** بعمر خویش تیمارے ندیدم ؞ نرکار دجہان نامے شنیدم ؞ خورم ہر روز خون در زیر این بار ؞ ہمہ شب خاک می لیسم زدیوار ؞ بکن علیم اگر زار ونزارم ؞ کہ غیر از خاک وخون خوردے ندارم ؞ روباہ نے کہا کہ اے سلیم الطبع اگر پاؤن مین طاقت رفتار ہے تو کس لیے مبتلا اس بلا کا رہتا ہے گدھے نے کہا کہ مین بارکشی مین مشہور ہون پس جہان جاؤنگا یہ بلا میرے واسطے موجود ہوگی اور مین تنہا اس بلا مین کچھ مخصوص نہین ہون بلکہ سب میرے ابناء جنس اسی آفت مین گرفتار ہین اسواسطے دل مین سمجھ لیا ہے کہ ہر جگہ یہی جام بلا ہمین نوش کرنا ہے اور جامہ جفا کا ہمارے ہی

واسطے قطع کیا گیا ہی پھر ور بدر کے پھرنے سے ایک ہی در پر مصمم رہنا بہتر ہی اور اسمین جو کچھ کہ
پیش آئے اُسپر راضی رہنا مناسب ہی روباہ نے کہا کہ غلط سمجھا ہی تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہی اِنَّ
ارضی واسعۃ یعنے بالتحقیق کہ زمین میری وسیع ہی اور نشور نے سیروا فی الارض کے
مردان جفاکش کے واسطے نزول پایا ہی گدھے نے کہا ہر چند کوئی تگاپو کرے زیادہ مقدار
سے نہ ملیگا پھر حرص کو بڑھانا اور بارشدائد سفر عمداً اپنے اوپر زیادہ کرنا عقل و دوراندیش
سے دور ہی نظم مولوی معنوی رزق آید پیش ہر کو مرزق نیست ۞ رنج کوششہا
زبیصبری ایست ۞ جملہ را رزاق روزی میدہد ۞ قسمت ہر یک بہ پیشش می نہد ۞ روباہ نے
کہا کہ یہ مرتبہ توکل کا ہی اور طریقہ اہل توکل جدا ہی پس جو کوئی کہ اس مقام کو نہ پہونچا ہو
اُسے چاہیے کہ بموجب حکم الٰہی کے عالم اسباب مین تدبیر غفلت نہ کرے زنہار اور ایک وسیلہ
روزی کا ضرور پیدا کرے اسی واسطے اللہ کو مسبب الاسباب کہتے ہین جو موافق حکم الٰہی
کے تدبیر کریگا اُسکا سبب پروردگار درست کر کے کوئی راہ نکال دیگا کیا یہ مصرع تیرے
گوش زد نہین ہوا ہی ع بکسب کوش کہ کاسب بود حبیب اللہ اگر تو راضی ہو تو اس
مرغزار مین لے چلون کہ زمین اُسکی مانند کلبۂ نعمہ و فروشان سرسبز اور آبدار ہی اور ہوا اُسکی
مانند طبلۂ عطار معطر اور نسیم اُسکی مانند مشک خالص کے معنبر ہی نظم ہوائے خوش و میوہ ہائے فراخ
درختان بار آور و سبز شاخ ۞ نسیم و گل و لالہ و فاختہ ۞ چو یاران محرم بہم ساختہ ۞ اور
اس سے پہلے ایک گدھا کہ زیادہ از حد نزار تھا اتفاقاً اس چشمے پر اُس سے بھی ملاقات ہوئی
تھی دیکھا تو حال اُسکا تجھسے بھی زیادہ تر خراب اور قریب ہلاکت تھا مجھے اپنی عادت
کے موافق اُسپر بھی رحم آیا اور اُسی مرغزار مین اُسے پہونچا دیا اُسنے جو چند روز
بفراغ دل اور خاطر خواہ اپنے کھایا پیا اب دیکھنے کے قابل ہی کہ اپنے ہمجنس مین
آج اُسکا ثانی اور نیز فربہ اور مسرور الحال نہوگا تو بھی اگر چلے اور تم دونون
باہم بے محنت و رنج اوقات بسری کرو تو اُس سے زیادہ کوئی راحت نہین ہی

گویا زندہ در بہشت ہوتا ہی آگے اختیار ہی اور مجھے بجز شفقت بیریا اور کون کام
تجھ سے متعلق ہی القصہ روباہ نے ایسا دمدمہ پر فریب دم کیا کہ خرنا شخص کی نان طمع
تنور تزویر مین پختہ ہوئی مگر وہ گدہا اس سے غافل تھا کہ وہ مکارہ تجھے اجل کے در پر
لیے جاتی ہی کہا ای دوست بیریا خوب جانتا ہون کہ مجھے سواے شفقت اور تجھے
کیا مطلب ہی پس ایسے دوست بیغرض کی بات نہ ماننا صواب و دوراندیشی کے خلاف
ہی ع ہر چہ فرمائی بجان من بندۂ فرمانبرم ۞ القصہ روباہ شیر کے پاس اُسے لے آئی
شیر نے فوراً اسپر چنگل مارا گدھا زخمی ہوکر بھاگا بسبب ضعف و ناتوانی کے شیر سے
تھم نہ سکا روباہ نے شیر کی اس قدر ناتوانی پر تعجب اور ملامت آغاز کی کہ حرکت بیفائدہ
کیا نتیجہ رکھتی تھی اور تعجیل کرنا اس کام مین کہ جسکی فرصت باقی ہو کیا ضرور تھا بلکہ عقل کے
لایق یہ تھا کہ ضبط کرنا اور ثبات بادشاہی کے مناسب تھا کہ عنان تمکین ہاتھ سے نہ دینا
تھا کہ انجام کام کا پشیمانی کو نہ پہونچتا ع از پشیمانی چہ سود اکنون کہ کار از دست رفت ۞
روباہ کی باتین شیر پر گران گذرین اور دل مین کہا کہ اگر کہتا ہون کہ مین نے عمداً اہمال کیا
تو بیخردی اور سستی راے سے منسوب ہوتا ہون اور اگر غلبۂ نفس کا اقرار کرتا ہون تو حریفون
اور سبکون مین شمار کیا جاتا ہون اور اگر ضعف اور ناتوانی کا عذر درمیان لاتا ہون تو
ملازمون کی نظرون مین حقیر ہوتا ہون صلاح یہ ہی کہ جواب روباہ کا غضب اور غصے سے
دون اور ایسی گستاخی سے منع کرون اُسکے بعد شیر نے غصے سے کہا کہ ای روباہ بادشاہون
کے کام مین ملازم کو دم مارنا اور راز کا پوچھنا بڑی بے ادبی ہی راز بادشاہونکا ہر جاکر پر
روشن ہونا نہ چاہیے اور جو بادشاہ سمجھتے ہین اُسے راے رعایا کی نہین پہونچتی ہی مثل
عرب کی ہی لا تحمل عطایاہم الا مطایاہم خلاصہ اُسکا یہ ہی کہ بخشش بادشاہون کی کوئی
اُٹھا نہین سکتا مگر باربردار بادشاہون کے اسی طرح راز بادشاہون کا رعیت نہین
جانتی ہی مگر جو شیر لائق اُسکے ہوتے ہین ۞ روباہ اس خیال اور قیل و قال سے

ور گذرا اور ایسی تدبیر کر کہ گدھا پھر ہاتھ آئے اور اس خدمت سے رسوخ تیرا زیادہ ہوجائے
روباہ دوبارہ گدھے کے نزدیک آئی اور تملق تمام سے رسم سلام بجا لائی گدھے نے مُنھ
پھیر لیا اور کہا کہ اے مکار دبد کار اول مجھسے وعدہ آزادی کیا اور بعد اُسکے شیر کے پنجے
مین ڈالدیا تو نے روباہ نے کہا کہ اے سلیم دل کیا خیال کیا تو نے کہ بمجرد دیکھنے طلسم کے بھاگ
آیا اور ہنوز خار و گل مین تمیز نہ کی تھی کہ تماشاے گلزار سے کنارہ کر آیا یہ جو تو نے
دیکھا حکمانے اہل بیشہ کی تفریح کے واسطے طلسم بنایا ہے یہ مرغزار وہ ہے کہ سواے جنت کے اسکا
نظیر عالم مین نہین ہے کہ سراپا میوہ و گل سے شاداب ہے اگر طلسم نہ ہوتا تو جانور سب بیشون
کے اُسمین آ بھرتے اور رونق اور لطف اُسکا برباد کردیتے اسواسطے یہ تدبیر حکمانے کی ہے کہ
سواے محرم کے غیر دخل نہ پائے اور جو کوئی اتفاقاً آ جاے سو اس طلسم سے ڈر کے بھاگ جائے
جیسا کہ تو بھاگ آیا بھلا تو نے نہ جانا کہ مین تیرے ساتھ ہون پہلے جو کچھ ہوتا تو مجھ ضعیف پر
ہوتا تو تو مجھ سے قوی ہے اگر شیر ہوتا تو کیونکر مجھے چھوڑتا کہ رات دن مین اپنے بیشے مین
پھرتی ہون اور تو کہان ایسا قوی تھا کہ شیر کے پنجے سے چھوٹ جاتا بلکہ تو نے میری ہنسی
یارون مین کروائی کہ سب کہینگے کہ اپنے دوست کی عقل و فراست کی مدح کرتی تھی کہ پہلے
طلسم کو دیکھ کے ڈر گیا اور ہم اہل بیشہ حقیقت حال اس جگہ کی سواے دوست ولی اور سے ظاہر
نہین کرتے ہین اور جو تو نے دیکھا محض طلسم اور سحر کاری حکما کی ہے مین نے پہلے چاہا تھا کہ تجھے
آگاہ کرون کہ ایسی چیزون کو دیکھ کے خوف نکرنا یہ سب طلسم ہے مگر تیرے اختلاط مین فراموش
ہوگیا اب تو تجھے معلوم ہوگیا پھر میرے ساتھ چل کہ تا جو مین نے کہا ہے اُسکا لطف دکھاؤن
اور سب طلسمون سے تجھے جا بجا آگاہ کرتی جاؤن خر بیخبر دوبارہ فریب سحر آمیز پہ فریفتہ
ہوکر روباہ کے ہمراہ ہوا روباہ نے چند قدم آگے بڑھکے شیر کو اُسکے آنے کا مژدہ دیا اور کہا
کہ مطلق جنبش نہ کرنا اور مانند نقش دیوار کے ساکت رہنا اگر تیرے برابر سے بھی نکلجائے تو
ہرگز جنبش نہ کرنا اور جب تک فرصت وافی اور قوت کافی نہ پاتا ارادہ نہ کرنا شیر نے روباہ

کی بات قبول کی اُسکے بعد جبکہ گدھا شیر کے نزدیک آیا روباہ نے کہا دیکھو یہ وہی طلسم
ہی گدھا شیر کے گرد چرتا تھا شیر مطلق حرکت نہ کرتا تھا جبکہ خاطر جمع ہوئی گدھا خوش
بیخوف وخطر گرد اگرد شیر کے پھرنے لگا خر کہ ایک مدت سے بھوکا تھا سبزہ خوار خاطر خواہ پاکے
کشادہ پیشانی اور غفلت تمام سے مشغول چراگاہ ہوا جبکہ خوب شکم سیر ہوا اُسی سبزے پر
بآرام تمام سو رہا شیر نے غافل پاکے جست کی اور پیٹ گدھے کا پھاڑ ڈالا اور روباہ سے کہا
کہ تو اس جگہ بیٹھی رہ کہ مین غسل کر آؤن تو اُسکے کان اور دل کھاؤن کہ حکیم نے یون ہی حکم کیا
ہی شیر غسل کو گیا روباہ نے دل اور کان گدھے کے نوش فرمائے شیر غسل سے فراغت کرکے آیا
ہر چند گوش و دل کو ڈھونڈھا ایک کو بھی نہ پایا روباہ سے کہا کہ دونون عضو کہ میرے علاج
مین کیا ہوئے روباہ نے کہا کہ بادشاہ کی بقا ہو یہ گدھا نہ دل رکھتا تھا نہ گوش اور دلیل
اسکی یہ ہی کہ اگر دل ہوتا تو دل عقل کی جگہ ہی اگر اُسمین عقل ہوتی تو میرے فریب مین دوبارہ
کیون آتا اور کان ہوتے تو کان سماعت کی جگہ ہی اور یہ صولت اور حملہ بادشاہ کا آنکھ
سے دیکھ چکا تھا پھر میری بات کو نہ سُنتا اور اپنے پاؤن سے آپ گور مین نہ آتا بندر نے
سنگ پشت سے کہا کہ اس مثل کا حاصل یہ ہی کہ مین گدھے کی طرح بیدل اور بے گوش نہین
ہون بلکہ تجھ سے کتنون کو مین نے گدھا بنا ڈالا ہی فقط تقاضائے تنہائی تھا کہ دل بہلانے
کے واسطے تجھ سے کمظرف اور بد قوم سے دوستی اختیار کی تھی سو اُسکا عوض پا چکا تھا اگر
پروردگار عالم نے عقل سلیم عطا نہ کی ہوتی تو تو نے ایک زن ناپاک کے واسطے میری ہلاکت مین
کچھ باقی نہ رکھا تھا چنانچہ یہ بیت حسب حال میرے ہی **بیت** دُنیا سے حیف تام محبت مٹا دیا
تو قتل کر چکا تھا خدا نے بچا لیا ٭ اب راہ اپنی لے اور یہ توقع زنہار نہ رکھ کہ مین تیرے
ساتھ چلون یا تجھ سے مین کلام کرون اور یقین جان لے **بیت** گر باہ شوی باآسمان
کم نگرم ٭ ور سرو شوے بہ بوستان کم گذرم ٭ سنگ پشت نے کہا کہ سچ کہا تو نے
انکار اور اقرار میرا یکسان ہی مجھ سے وہ زخم کاری تیرے دل کو پہونچا

ہی کہ جسکا التیام تمام عمر ممکن نہین ہی اور داغ بدکاری اور جفاکاری کا ایسا تیرے دل پر
بیٹھا ہی کہ محو ہونا اُسکا جیز امکان مین نہین آتا ہی اب مین نے شربت تلخ فراق کے تجرع پر
دل کو راضی کیا اور تن کو تیغ زہر آبدار ہجران کا سپر بنایا یہ کہا اور خجل اور شرمندہ
اپنے جزیرے کو پھر گیا اور تمام عمر مفارقت مین ایسے یار وفادار کی روتا رہا یہ ہی داستان
اُس شخص کی کہ جو ایسے دوست کو بے محنت و مشقت پاوے اور بسبب نادانی اور غفلت
کے ہاتھ سے کھو دے اور ندامت جاوید مین گرفتار رہے اُسکے بعد اگر ہزار بار سنگ سر سے
اور سر سنگ سے مارے تو بھی مفید مطلب نہو اگر اہل خرد ہی تو اس حکایت کے مضمون کو اپنا
پیشوا کرے اور اگر کوئی مطلب مرغوب یا کوئی یار صادق ہاتھ آئے تو اُسے عزیز رکھے
چنانچہ یہ قطعہ حاصل اس حکایت کا ہی قطعہ مطلوب چون بدست بود مغتنم شمار + وانرا زکف
مدہ کہ پشیمانی آورد + بسیار کس کہ گنج زر آسان دہد بباد + وانگہ ز رنج بے درمی غصہا خورد + ا
از دست رفتہ ہیچ نیاید بہیچ حال + چندانکہ او فغان کند و جامہ ہا درد +

باب چھٹا آفت مین تعجیل اور شتاب کاری کے

دابشلیم نے رائے پر برہمن روشن ضمیر کے آفرین کی اور کہا بیت زہے ضمیر تو از سر کن
فکان واقف + زہے بیان تو اسرار علم را کاشف + بیان فرمائی تو نے داستان اُن
لوگون کی کہ اپنی مراد پر قادر ہوے اور اُسکی حفاظت مین تغافل کیا اور قدر اُسکی نہ جانی
اور مطلوب کو ہاتھ سے کھو دیا اور تمام عمر اُسکا تاسف رہا اُسکے بعد حسرت و اندوہ سے کچھ
فائدہ مترتب نہوا اب ارشاد فرما اُن لوگون کی مثل کہ جو عزیمت کار مین تعجیل کرتے ہین
اور فوائد تدبیر اور فکر و تامل سے غافل رہتے ہین اُنکا خاتمہ حال کا کس طرح پر ہوتا ہی
اور جو کوئی کہ تخم شتاب کاری کو مزرعۂ دل مین بوتا ہی کیا چیز اُسکا پھل پاتا ہی
برہمن نے دعا دی اور کہا نظم اے بادشاہ تیرا مطیع آسمان رہے + روئے زمین

یہ حکم ہمیشہ روان رہے ٭ تیری بہار سلطنت و عدل وجود سے ٭ مثل بہشت مِلبغ جہان
بیخزان رہے ٭ جس نے کہ بناے کار اپنی صبر و ثبات پر رکھی اور بنیاد کام کی خلاف
وقار اور سکون کے بر پا کی انجام اُس کا ملامت اور ندامت کو ضرور پہونچے گا اور
خصلت پسندیدہ کہ آدمیون مین خلاق عالم نے مقرر فرمائی ہی اور اُسی کے سبب سے
رتبۂ تکریم انسان نے پایا ہی وہ علم اور حلم اور ثبات و وقار ہی **بیت** بردباری خزینۂ
خرد ست ٭ ہر کرا علم نیست دیو و دد ست ٭ یہ نکتہ اسی واسطے مقرر کیا ہوا حکما کا
ہی کہ جب حلم کو مقلوب کر دے یعنے اُلٹ ڈالے تو ملح ہوتا ہی اور ملح نمک کو کہتے ہین
اور نمک تلخ ہوتا ہی تو جب کوئی شخص برعکس حلم کے کریگا مقرر تلخی مین پڑےگا اگر
طعام کیسا ہی خوب ہو جب نمک تلخ اُسمین ڈالے کھانے کے قابل نہ رہے گا اسی طرح
انسان کو کیسا ہی ہنر حاصل ہو جبکہ درشت خوئی اور بیہودہ گوئی شعار اپنا کریگا ہر کسی کو
اُس سے تنفر ہوگا اور اللہ تعالیٰ قرآن مجید مین فرماتا ہی ولو کنت فظا غلیظ القلب
لانفضوا من حولک باوجود اس کمالات اور خلق کریم کائنات کی نیکیان اور کمال
اللہ تعالیٰ نے ذات پاک سید عالم مین جمع کی تھین تسپر خطاب فرماتا ہی کہ اے محمدؐ اگر تو
درشت خو اور سخت دل اور خشمگین اور کینہ کیش ہوتا تو ہر آئینہ مواکب کواکب
اصحاب کہ مانند ستارگان ثریا تیرے گرد جمع ہین مثل بنات النعش متفرق ہونے
اس سے معلوم ہوا کہ سرور عالم صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بہت خوش خلق اور رحیم دل اور
ہنس مکھ تھے اور دوسرے صاحب خلت اور پدر ملت ابراہیم علی نبینا و علیہ صلوٰۃ الرحمن
کو اس صفت سے ستایش فرماتا ہی ان ابراہیم لاواہ حلیم خلاصہ اس آیت کا
یہ ہی تحقیق کہ ابراہیم حلیم ہی اس واسطے کہ حلیم محبوب قلوب ہوتا ہی اور دل سب
خواص و عوام کے اس صفت پر میل کرتے ہین **بیت** ستون خرد بردباری بود ٭ سبک
سر ہمیشہ بخواری بود ٭ دانشمند کبھی شتاب کاری نہین کرتے ہین حلیم کامل شتابی کو

کو وسوسۂ شیطان جانتے ہین التانی من الرحمن والعجلۃ من الشیطان اور اسی مضمون
کو سلک نظم مین مولوی معنوی نے یون پرویا ہے مثنوی مکر شیطانست تعجیل وشتاب
لطف رحمانست صبر واجتناب ٭ با تانی گشت موجود از خدا ٭ تا بشش روز این زمین و
چرخہا ٭ ورنہ قادر بود کز کاف و نون ٭ صد زمین در یکدم آوردے برون ٭ این
تانی از پی تعلیم تست ٭ صبر کن در کار بر آید درست ٭ جو کوئی کہ باگ اختیار کی
تعجیل کے ہاتھ مین سپرد کریگا ہر آئینہ مرکب اُسکے نفس کا مُنہ زوری کرکے صحراے
ضلالت کی طرح کھینچ لے جائیگا اور خاتمہ اس امر کا حسرت اور تاسف پر ہوگا بیت
ہر کہ بے فکر و تانی عملے گیرد پیش ٭ آخر الامر از ان کردہ پشیمان گردد ٭ مناسب اس بات
کے حکایات بسیار اور روایات بیشمار صحائف اخبار مین مسطور ہین اور اوّل سب
حکایتون مین سے حکایت اس زاہد کی کہ میدان تعجیل مین بے تامل قدم رکھا اور سرا پنا
کھویا لایق اس سیاق کے ہے داشلیم نے پوچھا کہ تفصیل اسکی کیا ہے حکایت برہمن نے
کہا کہ ایک زاہد نے بعد اختیار کمال تجرد چاہا کہ نکاح جو سنت موکدہ اور مشتمل ہے فایدہاے
بسیار پر اُسے اختیار کرے چنانچہ اس بات مین ایک اور زاہد ہمراز سے مشورہ کیا اُسنے کہا
کہ فکر بہت مناسب کی تو نے کہ کدخدائی صلاح معیشت اور کمال صلاحیت ہے بہت سے
فواید دینی اُسمین مندرج ہین اور محفوظ رہنا متاع خانہ کا اور حاصل ہونا اولاد کا بقاے
نسل اور ذکر جمیل اُس سے متصور ہے نظم مرد را ہرگز نگیرد چہرہ دولت فروغ ٭ تا بیرے وزن
نیفروزد چراغ خانمان ٭ عمر در کنج تجرد مگذران دیگر کہ ہست ٭ عشرت آباد تاہل روضۂ
امن و امان ٭ لاکن کوشش کر کہ رفیق شفیق ہاتھ آئے کہ وہ راحت جان ہے اور مصاحب
ناموافق سے پرہیز کر کہ وہ باعث بربادی عزت اور خرابی مال و جان ہے زاہد نے پوچھا
کہ موافقت کس عورت سے کرنا چاہیے اُسنے جواب دیا کہ پاکدامن ہو شوہر کو دل سے
دوست رکھے صیانت کرے اور خیانت سے پرہیز کرے کہ ایسی عورت جہان جاتی ہے

حکایت زاہد شتاب کار

اُس گھر کی روشنی بڑھ جاتی ہی قطعہ صلاح ہر دو جہان ست صحبت زن نیک ٭ زہے
سعادت مردی کہ زن چنین دارد ٭ بلند نامی و راحت دلی تواند یافت ٭ کسیکہ طالع
فرخندہ ہمنشین دارد ٭ زاہد نے کہا کہ کن عورتون سے پرہیز کرے دوسرے زاہد نے
جواب دیا کہ اِس قسم کی عورتون سے پرہیز واجب ہی حنانہ و منانہ و انانہ حنانہ اُسے کہتے
ہین کہ جسکا پہلا خاوند مر گیا ہو یعنی بیوہ یا طلاق ہوا ور اُسکی صحبت کا غم رکھتی ہو اور
منانہ وہ ہی کہ تجھ سے مال مین زیادہ ہو کر اپنے مال سے تجھپر منت رکھے اور انانہ اُسے کہتے
ہین کہ جب شوہر کو دیکھے آواز اپنی ضعیف کرے اور بیمار بنجائے دیدار ہے ایسی
عورت کے ہر ساعت تاریکی موت کی نظر آتی ہی بیت زن بد درسراے مرد نکو ٭
ہمدرین عالم ست دوزخ او ٭ دوسری بار پوچھا کہ زن کس سِن کی اختیار کرنا چاہیئے کہا
کہ زن جوان و نورسیدہ چاہیئے کہ ہر پیرایہ مین روے راحت کھاتی رہے اور زن عجوزہ طراوت
رخسار لیجاتی ہی اور مباشرت اُسکی ضعف اور سستی لاتی ہی نظم آن زنے را کہ پشت شد چو کمان
نفسش راست ہمچو تیر شود ٭ صحبت دختری کہ جان بخشد ٭ زہر قاتل بود چو پیر شود ٭
اور عورت دس سال سے بیس سال تک موضع امن و امان اور محل امیدواری ہی اور بیس سے
تیس سال تک آرام دل ور لذت جان طالبان ہوتی ہی اور تیس سے چالیس سال تک
صاحب اولاد کہی جاتی ہی اور چالیس سے پچاس سال تک رزق و سالوس کی پابند
رہتی ہی اور جبکہ پچاس سال سے گذری مار سیاہ اور آفت مال و جاہ اور گلشن خزان رسیدہ
اور گرگ باران دیدہ اور چشمہ اپناشتہ اور زمین ناکاشتہ اور اژدہاے بے گنج اور معدن
محنت و رنج اور کالی بلا ہو جاتی ہی کما قال الشیخ ابو علی سینا النساء اذا بلغن الی عشرۃ
فہن لعبۃ للاعبین واذا بلغن الی خمسۃ عشر فہن حور عین واذا بلغن الی عشرین فہن فی اعلی
علیین واذا بلغن الی ثلثین فہن امہات البنات والبنین واذا بلغن الی اربعین
فہن لحم وشحم سجین واذا بلغن الی الخمسین فاقتلوهن بالسکین واذا بلغن الی

ستتین فلعنۃ اللہ والملائکۃ والناس علیہم اجمعین بیت لمولفہ عورت جہان ہوئی
متجاوز پچاس سے ÷ لازم گریز مرد کو ہی اُسکے پاس سے ÷ زاہد نے کہا اس بیان
سے حال سن و سال کا معلوم ہوا اگر حسن و جمال اور پارسائی اور خوشخوئی مین کیا کیا
چاہیے اُسنے جواب دیا کہ اصل خوبی عورتون کی پارسائی اور خوشخوئی ہی اگر حسن بھی ساتھ
اُسکے جمع ہو جائے تو نور علی نور کہا چاہیے بلکہ یہ بیت اُسکے حسب حال ہی لمولفہ بیت
گل جو خوشرنگ ہی خوشبو بھی ہی بے خار بھی ہی ÷ زن جو خوشرو ہی تو خوشخو بھی ہی غمخوار بھی ہی ÷
اور اگر نیک صورت بدسیرت ہو تو بلائے جان اور عذاب جاودان ہی اور زن نیک خصلت
اگرچہ بدطلعت ہو یار مہربان اور رونق خانمان ہی اس باب مین دو تین بیتین کہ نتائج
افکار سعدی علیہ الرحمۃ کی ہین یاد رکھنا چاہیین اور خلاصہ مزاج عورت کا یہ ہی نظم
زن خوب و فرمانبر و پارسا ÷ کند مرد درویش را پادشا ÷ ہمہ روز گر غم خوری غم مدار
چو شب غمگسارت بود در کنار ÷ اگر پارسا باشد و خوش سخن ÷ نظر در نکوئی و زشتی مکن
زندان قاضی گرفتار بہ ÷ چو در خانہ بینی برابر وگرہ ÷ تہی پائے رفتن بہ از کفش
تنگ ÷ بلائے سفر بہ کہ در خانہ جنگ ÷ در خرمی بر سرائے بہ بند ÷ کہ بانگ زن
از وے برآید بلند ÷ زنا محرمان چشم زن کور باد ÷ چو بیرون شد از خانہ در گور
باد ÷ القصہ زاہد کو بعد تفحص فراوان اور تجسس بیپایان مدد بخت بلند اور
اعانت طالع ارجمند سے عورت عالی خاندان ہاتھ آئی کہ اُسکا عکس رخسار مطلع صبح
کو روشنی بخش تھا اور زلف تابدار اُسکی شب یلدا پر طعنہ مارتی تھی اور دیدہ آسمان اُسکے
عکس رخسار کو بغیر ذریعہ عینک آفتاب مشاہدہ نہ کرتا تھا اور نظر بند خیال اُسکے تمثال
ہمایون کو سوائے عالم خواب کے دیکھ نہ سکتا تھا باوجود اس خوبی صورت کے حسن سیرت
مین بھی گوے سبقت خوبان جہان سے لیگئی تھی زاہد وظیفہ طاعت مین شکر اُس نعمت کا
کیا کرتا تھا اور وقت معاشرت اور مباشرت کے دعائے فرزند مانگتا تھا اور جو کوئی

کہ عاقل ہی وہ تزویج سے فقط شہوت مراد نہین رکھتا ہی بلکہ مقصود اصلی اُسکا طلب فرزند
صالح ہوتا ہی کہ حکم خیر جاری رکھتا ہی **بیت** غرض ز محنت زن ودر جفا کشیدن مرد ۞
ہمین تفرج فرزند نازنین باشد ۞ جبکہ عرصہ گذرا اور کوئی فرزند نہ ہوا زاہد مایوس ہوا
اور روے تضرع خاک نیاز پر رکھکے حضور دل سے دعا مانگنا شروع کیا چونکہ زاہد محو
رضاے خدا تھا بحکم امن یجیب المضطر اذا دعاہ ویکشف السوء کے تیر دعا ہدف اجابت
پر بیٹھا اور دروازہ ناامیدی کا کلید رحمت سے کھلا یعنے زن زاہد حاملہ ہوئی زاہد اس
مژدے سے شادی کرتا تھا اور تمام روز مذکور فرزند سے دل خرسند کیا کرتا تھا ایک روز عورت
سے کہنے لگا کہ اے یار غمگسار خدا کرے کہ جلد گوہر شاہوار تیرے صدف بطن سے ساحل ظہور پر
جلوہ گر ہو تو نام اسکا بہت نیک رکھون اور تربیت اور پرورش اسکی بدرجۂ اتم کرون اور
تا احکام شریعت اور طریقۂ آداب اور سبیل طریقت وحقیقت بمرتبہ کمال اُسے حاصل ہو سعی
سے ہاتھ نہ اٹھاؤن اُمید خدا سے ہی کہ تھوڑے دنون مین بزرگ عالیمقام اور شیخ صاحب
کرامت والہام ہو جائے اور اُسکے بعد ایک کریمہ جمیلہ سے اُسکا عقد نکاح باندھون اور
اُس سے اولاد نیک اور صالح حاصل ہو تا میری نسل اُسکی برکت سے قیامت تک باقی رہے
ابیات نماند نام در دوران کسی را ۞ کہ فرزندے نباشد یادگارش ۞ نماند نام صدف در گوش
ماندست ۞ کہ می بینند در شاہوارش ۞ عورت نے کہا کہ اے رفیق شفیق اور اے شیخ صاحب طرح
یہ باتین لائق سمجہ گردانی اور مناسب سجادہ نشینی کے نہین ہین اول تو وجود فرزند ہنوز خیالی ہی
شاید کہ یہ بیماری رجا کی ہو بیماری رجا کی اُسے کہتے ہین کہ ایام عورت کے مانند حاملہ کے بند ہون
اور آثار حمل کے سب پائے جائین اور اپنے وقت پر شیر بھی نظر آئے اور جنین کے مانند کوئی چیز حرکت
بھی کرے اور روز بروز پیٹ بھی بڑھتا جائے بعد انقضاے ایام حمل یعنے نو مہینے کے بعد گھٹنا پیٹ
کا شروع ہو اور خود بخود عورت لاغر اور زرد ہونے لگے اگر ایسی صورت ہو تو وجود فرزند
ایک طرف جان بچنا پھر دشوار ہی اور اگر بالفرض حمل ہوا اور پیدا بھی ہو ممکن ہی کہ لڑکا

نہو لڑکی ہو اور اگر فرزند بھی ہوا اور نہ جیا تو یہ خیالات سب بے سود ہین حاصل کلام یہ کہ
پایان کار معلوم نہین ہے اور تو خیال نادانون کی طرح مرکب تمنا کو میدان آرزو مین دوڑاتا ہے
انتہا اس میدان کی اور نشیب و فراز اس دشت کا مطلق نہین جانتا ہے نظم پا از رہ ہوس رہ
نمیتوان زدن ٭ بلاف عربدہ گاہی نمیتوان پرداخت ٭ ہزار کس بتمنائے خام سوختہ شد ٭
کہ روزگار یکی را بکام دل نہ نواخت ٭ اے زاہد فراج تیرا اُس پارسا کے مانند ہے کہ شہد اور روغن
کو اپنے مُنھ اور سر پر گرایا تھا زاہد نے پوچھا کہ یہ قصہ کیونکر تھا حکایت کہا کہتے ہین ایک مرد زاہد
ایک تاجر کے ہمسایہ مین رہتا تھا اور تاجر شہد اور روغن کی تجارت کیا کرتا تھا اور اُسکے منافع
سے بخوبی اوقات بسر کرتا تھا اور خدمتگزاری فقرا کی بھی اُسی منافع سے کیا کرتا تھا اور حاصل
تو انگری بھی یہی ہے کہ دل درویش کا ہاتھ مین لائے مال فانی سے ذخیرہ باقی فراہم کرے بیت
تو نگرا دل درویش را بدست آور ٭ کہ مخزن زر و گنج و گہر نخواہد ماند ٭ اور وہ تاجر اس خیر کو
غنیمت سمجھ کے جو کچھ بیع و شری سے نفع حاصل کرتا تھا علی قدر حال منجملہ اُس مال کے زاہد کو
بھی کچھ دیتا تھا اور زاہد کچھ اُسمین سے خرچ کرتا تھا اور باقی شہد اور روغن جمع کرتا تھوڑے
عرصے مین وہ گھڑا کہ چھینکے پر لٹکا تھا بھر گیا ایکدن زاہد اُس گھڑے کو دیکھتا تھا کہ کس قدر
روغن اُس ظرف مین جمع ہوا ہے آخر تخمیناً دس من تصور کیا اور کہا کہ دس درہم کو بیچونگا
اور اُس دس درہم کی پانچ بکریان مول لونگا اور چھٹے مہینے وہ دو بچے دینگی سال مین بیس
بچے ہونگے اور دو سال مین ایک رمہ معقول فراہم ہوگا اور مین متاع کثیر کا مالک
ہو جاؤنگا اُن مین سے تھوڑی بکریان بیچ کر اسباب معقول فراہم کرونگا اور ایک
عورت خاندان عالی سے نکاح مین لاؤنگا اور نو مہینے کے بعد اُس سے فرزند پیدا
ہوگا اور علم و ادب تھوڑی ہی عمر مین سیکھ لے گا جبکہ اُسکا ضعف طفولیت قوت
شباب سے متبدل ہوگا اور وہ سرو ناز نین چمن خوبی مین خرام نازجوانانہ کریگا
غالب ہے کہ موافق روبیہ اہل زمانہ کے میرا فرمانبردار نہ ہو بلکہ سرکشی کرے

اس تقدیر مین اسکی تادیب لازم پڑیگی تو یہی عصا کہ جو ہاتھ مین ہے اس سے اُسے مارونگا
اس تصور مین ایسا مستغرق تھا کہ پسر گردن کش کو موجود تصور کر کے وہی عصا جو ہاتھ
مین تھا اُس گھڑے پر مارا کہ چور ہو گیا اور شہد اور روغن تمام سر و روے زاہد پر بہ گیا
اور سب بدن اور لباس زاہد کا آلودہ ہو گیا اور سارے خیال ایک دم مین دل سے
جاتے رہے یہ مثل اس لیے بیان کی مین نے کر تا جانے تو کہ بے یقین صادق خیالات
واہی سے دل خوش کرنا کام بیخبرون کا ہے بلکہ ایسے امور مین فکر کرنا منع ہے اور تو کہ
اور مکر اور عسی اور لعل پر فریفتہ ہونا نہ چاہیے اور اگر کوئی واہی اگر دیگر کو اپنا جفت کرے
اور اس سے بچہ پیدا ہو تو چاہیے کہ کاشکے نام رکھے بیت اگر را ہا مگر تزویج کردند؛
وز ایشان بچہ شد کاشکے نام + مرد عاقل کو چاہیے کہ اپنے کام کی بنیاد خیال پر نہ رکھے
اور اندیشۂ خام کو کہ وسوسہ شیطان سے ہے دل مین راہ نہ دے **قطعہ** سالہا اندیشۂ
بختم درین دور سپہر؛ کار ما آخر چنین یا آنچنان خواہد شدن + یا برین منوال گنج سیم وزر
خواہیم یافت + یا دران اقلیم حکم ماروان خواہد شدن + عاقبت معلوم شد کانہا خیالی
بیش نیست + ہر چہ خواہد حاکم مطلق ہمان خواہد شدن + زاہد نے یہ نصیحت گوش دل
سے سُنی اور ترک خیالات واہی کر کے پھر فضولی کے گرد نہ پھرا جبکہ مدت حمل کی
بسر ہوئی پسر نیک صورت مقبول طلعت وجود مین آیا کہ علامات کرامات اُسکے ناصیۂ الحوال
سے ساطع ولامع تھے یعنے صبح اُمید زاہد کی مطلع تمنا سے نمایان ہوئی اور سجدۂ شکر
پروردگار عالم بجا لایا اور خوشی سے پیراہن مین نہ سماتا تھا اور یہ اشعار مؤلف
کے پڑھتا تھا **نظم** برج سے نکلا ہے باہر آفتاب + درج سے نکلا ہے یا دُر
خوش آب؛ یا کہ نکلا غنچۂ گل شاخ سے؛ یا کہ نکلا یوسفؑ اپنے کاخ سے +
زاہد اُس کی پرورش اور تربیت مین رات دن مصروف تھا شفقت پدری
سے کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرتا تھا ایک دن عورت حمام کو چلی اور بیٹے

کو زاہد کے سپرد کرکے احتیاط مین مبالغہ کر گئی اور زاہد خود ہی اس باب مین اہتمام
تمام رکھتا تھا تھوڑا عرصہ عورت کے جانے کو ہوا تھا کہ اس دیار کے بادشاہ کا
معتمد زاہد کے پاس نہایت مستعجل آیا کہ توقف اُس مین نکر سکتا تھا زاہد بضرورت
گھر سے باہر آیا مگر زاہد نے ایک راسو یعنی نیولا پالا تھا اور اسپر اُسے سدھایا تھا کہ جب گھر سے باہر
جاتا تھا تو گھر اُسے سونپ جاتا تھا وہ نگہبانی مار و موش وغیرہ کی کیا کرتا تھا زاہد اُسوقت
لڑکے کو بھی اُسی راسو کو سونپ کے باہر آیا ادھر زاہد نے قدم گھر سے باہر رکھا
اُدھر ایک اژدہا نکل کے گہوارے کی طرف متوجہ ہوا راسو نے دیکھا کہ مار خونخوار
نے ارادہ لڑکے کا کیا ہے جست کی اور اژدہے کا گلا پکڑکے چبا ڈالا کہ کام اُسکا
تمام ہو گیا اور لڑکا محفوظ رہا اُسی دم زاہد پھر کے گھر مین آیا اور راسو کو خون
مین آلودہ دیکھکر خیال کیا کہ اسنے لڑکے کو ہلاک کیا ہے اور راسو اِس اُمید پر کہ
مجھسے کارنمایان ہوا ہے زاہد کی طرف خوش خوش دُم ہلاتا ہوا دوڑا زاہد کا حال
اپنی بے شعوری سے تباہ اور عالم آنکھون مین سیاہ تھا ایک بیٹا بدت العمر
مین پیدا ہوا تھا اُسے بھی راسو نے ہلاک کیا اس غیظ مین بے تحقیق اور تنقیح اسطرح
سے عصا راسو کی پشت پر مارا کہ سب ہڈیان ریزہ ریزہ ہو گئین پھر جو نزدیک
گہوارے کے آکے دیکھا تو لڑکا آرام تمام سوتا ہے اور ایک مار سیاہ کہ حلقوم اُسکا پارہ
پارہ خون فشان ہو پڑا ہے بمجرد معائنہ اس حال کے وہ حسرت زاہد کے دل سے اُٹھا
اور سنگ حسرت سینے پر مارنا شروع کیا اور فریاد و نالہ کرتا تھا اور کہتا تھا افسوس
اس حادثہ کی آتش و سوز کسی طرح تسکین نہ پائیگی اور اس عمل جانگداز کی خجالت
اور ندامت سے سیری نہو سکے گی یہ کیا نامناسب اور کار نالائق مجھسے سرزد ہوا کاش
یہ فرزند عدم سے وجود مین نہ آتا و یا مجھے اُس سے اُلفت نہ ہوتی تو یہ خون ناحق میرے
ہاتھ سے نہ ہوتا اب جو مین نے اپنے ہمخانہ کو بلا قصور ہلاک کیا اور پاسبان محلسرا

اور نگہبان اپنے محل کو بے سبب و قصور تلف کیا خالق کو کیا جواب دونگا اور خلایق سے
کیا غدر پیش کرونگا ہاے افسوس اُسکا طوق ملامت میری گردن سے کسی طرح نہ اُتریگا
اور داغ بدنامی میرے صفحۂ احوال سے محو نہ ہوویگا زاہد اس بیان دردناک سے زار زار
روتا تھا کہ اُدھر سے زن زاہد حمام سے آئی اور یہ حال راسو کا مشاہدہ کرکے زبان ملامت
زاہد پر کھولی کہ مین تجھے ایسا بیمہر و بیوفا نہ جانتی تھی شاید کہ شکر اس نعمت کا کہ خدا
نے تجھے فرزند دیا اور مار کے گزند سے بچا لیا یہی تھا کہ راسو کو احسان کے عوض ہلاک
کیا زاہد نے کہا کہ اے یار دلنواز یہ باتین نہ کر ع کہ از سوال طویلم در جواب خجل ہین مین
بھی جانتا ہون کہ اداے شکر الٰہی مین قصور ہوا مجھسے اور منہج شکیبائی سے کہ راہ سالکان
حقیقت ہے انحراف کیا مین نے اب بسبب بیصبری و ناشکری کے نہ جریدۂ صابرون
مین ذکر کیا جاؤنگا اور نہ شاکرون کے دفتر مین نام میرا لکھا جائیگا اور یہ اب ملامت
کرنا تیرا اس حال مین نیش بر نیش مارنا اور جراحت پر نمک چھڑکنا ہے **بیت**
ملامت بر دل صد پارۂ عاشق بدان ماند + کہ باشد زخم شمشیر و بدو زندش بسوزن ہم
عورت نے کہا کہ سچ کہا تو نے کہ اب ملامت سے کچھ فائدہ نہین ہے یہ کام کہ تجھسے صادر
ہوا ہے نتیجہ شتابکاری کا ہے حاصل اسکا سبکی اور پشیمانی ہے اور تعجیل کرنے والا اکثر
حصول مراد سے محروم رہتا ہے **بیت** شتاب و بدی کار آہرمن است + پشیمانی جان و
رنج تن است + اور تو تنہا کچھ اس دام فساد مین نہین پڑا ہے بلکہ اس سے پہلے بہت
ایسے واقعات حادث ہوے ہین سُنا ہے مین نے کہ ایک بادشاہ نے اپنا باز بے قصور
مار ڈالا اور برسون شعلہ ندامت سے افروختہ اور آتش حسرت سے سینہ سوختہ رہا
زاہد نے پوچھا یہ قصہ کیونکر تھا **حکایت** کہا کہتے ہین کہ زمانۂ قدیم مین ایک
بادشاہ شکار دوست تھا ایک اُسکا باز تھا کہ پرواز مین سیمرغ کو قلۂ قاف سے
پکڑ لاتا تھا اور اُس کے خوف چنگال سے نسر طایر آشیانۂ سپہر مین چھپا رہتا تھا

اور بادشاہ اُسے بہت عزیز اور ہمیشہ اپنے ہاتھ پر رکھتا تھا اتفاقاً ایکدن بادشاہ
اُسے ہاتھ مین لے کے شکار کو چلا ایک آہو سواری کے آگے سے اُٹھا بادشاہ نے
اسپ بادپا آہو کے پیچھے ڈالا کئی فرسخ تنہا نکل گیا لیکن آہو کو نپایا اور حشم وخدم بادشاہ
کا سب پیچھے رہ گیا اس حال مین تشنگی بادشاہ پر غالب ہوئی تلاش آب مین ہر طرف
گھوڑا دوڑایا آخر نیچے ایک پہاڑ کے پہونچا دیکھا کہ پہاڑ کے اوپر سے پانی قطرہ قطرہ
ٹپکتا ہی بادشاہ نے جام نکال کے وہ قطرات اُسمین لینے شروع کیے جبکہ جام بھر گیا
بادشاہ نے چاہا پیے باز نے پر مارا کہ سب پانی گر گیا دوسری بار اُسی طرح پھر جام بھرا
باز نے وہی حرکت پھر کی بادشاہ نے تشنگی کے اضطراب مین باز کو زمین پر دے ٹپکا
کہ ہلاک ہو گیا اس حال کے مقارن رکابدار بادشاہ کا پہونچا باز کو مردہ اور شاہ کو
افسردہ دیکھا فی الحال مشکیزہ فتراک سے کھولا اور جام دھو کے چاہا کہ بادشاہ کو
پانی دے بادشاہ نے کہا کہ یہ آب زلال کہ پہاڑ سے ٹپکتا ہی اور اسپر میرا میل خاطر
زیادہ ہی وجہ یہ ہی کہ سرد بہت ہوگا اور صبر اتنا نہین رکھتا ہون کہ قطرہ قطرہ آب
جمع ہو تو مین پیون اب تو جلد بالائے کوہ جا کے اُسکے نبع سے جام بھر لا رکابدار
کوہ پر کہ جہان چشمۂ آب تھا پہونچا دیکھا کہ ایک اژدہا لب پر چشمے کے موا ہوا
پڑا ہی اور حرارت آفتاب سے لعاب زہر آمیز اُس کا اُس پانی مین ملکے قطرہ
قطرہ ٹپکتا ہی دہشت نے رکابدار پر غلبہ کیا سراسیمہ ہو کے کوہ سے نیچے اُترا
اور یہ حال بادشاہ سے عرض کیا اور مشکیزہ سے جام بھر کے بادشاہ کو دیا
بادشاہ نے جام لب پر رکھکر رونا شروع کیا رکابدار نے عرض کیا کہ بادشاہ
کی عمر دراز ہو سبب رونے کا کیا ہی بادشاہ نے وہ سب قصہ بیان کیا کہ
اس باز کے ہلاک ہو جانے سے سخت متاسف ہون کہ بے تفحص ایسے جانور
عزیز اور خیر خواہ کو ہلاک کیا مین نے رکابدار نے عرض کیا کہ واقعی اس باز نے

بلائے عظیم بادشاہ کے سر سے دفع کی بلکہ احسان اُسکا سب اہل سلطنت پر ثابت ہی
اور اگر شہریار نے اُسکے ہلاک کرنے مین تعجیل نہ کی ہوتی اور آتش غضب کو
آب علم سے تسکین دی ہوتی اور باگ توسن نفس کی قوت بردباری سے ردکی ہوتی
تو خاطر اقدس غبار رنج و ملال سے کیون آلودہ ہوتی بادشاہ نے کہاکہ مین اس حرکت
نامناسب سے بھی پشیمان ہون لیکن اب پشیمانی کچھ فائدہ نہین کرتی اور زخم اس
ملامت کا کسی مرہم سے التیام نہ پائیگا جب تک کہ زندہ ہون یہ داغ حسرت میرے
سینے سے نہ مٹیگا اور چہرہ خجالت کا ناخن ملامت سے مدۃ الحیوٰۃ خراشیدہ رہیگا
مصرعہ چون کنم خود کردہ ام خود کردہ را تدبیر نیست ؎ اور یہ مثل اِس لئے بیان کی ہی
تا معلوم ہو کہ ایسی صورتین بہت ہوتی ہین کہ اکثر اشخاص شامت تعجیل سے ورطۂ ندامت
مین پڑے ہین **بیت** ہر کہ بہ تعجیل برآورد دست ؎ سنگ جفا پای قدرش شکست ؎
زاہد نے کہاکہ ای مونس وقت حال بیقراری مین اس حکایت سے تسلی دی تونے اور اس
پیرانہ سالی مین مرہم پند میرے زخم دل پر رکھا تونے مگر معلوم ہوا کہ اس گناہ اور خیانت
مین بہت سے شریک رکھتا ہون جیساکہ حکایات اُن لوگون کی جریدۂ ایام پر لکھی گئی
ہین قضیۂ نامرضیہ میرا بھی لکھا جائیگا اور یہ معلوم ہوا کہ جو کوئی کسی کام مین تعجیل کریگا
فائدہ وقار سے بے بہرہ رہیگا یہ ہی داستان اُن لوگون کی کہ بے تامل عزم کسی کام کا کر بیٹھتے ہین
اور بغیر دریافت کسی بات پر عمل کرتے ہین خردمند وہ ہی کہ تجربے کو ہر کام کا پیشوا کرے
اور آئینہ خرد کو نصیحت عقلا سے صیقل کرتا رہے اور ہر وقت مین جانب ثانی کو نگاہ
رکھے اور طریق تعجیل سے انحراف کرتا رہے تا افزونی دولت اور ترقی اقبال ہر دم ہوتی
جائے **قطعہ** زمام دل بکف صبر دہ گرت باید ؎ کہ گوی عیش بچوگان جہد بربائی ؎ متاز
توسن غفلت بہ عرصۂ تعجیل ؎ کہ آخرا فگندت بر زمین رسوائی ؎ شتاب در خطرے
افگند کہ گر صد سال ؎ تو دست و پاے زنے زان خطر بردن نائی ؎

بلکن شتاب وار آئین حلم روے متاب ٭ کہ غیر صبر و سکون نیست رسم دانائی ٭

باب ساتوان ہی اختلاط اور تدبیر کرنے مین بلاے دشمنون سے اور سبب کسی حیلے کے اُس بلا سے نجات پانے مین

راے وابشلیم نے کہا سُنی مین نے داستان اُن لوگون کی کہ بے فکر و تامل دریاے حیرت وندامت مین پڑے اور بے صبر و تحمل دام پشیمانی مین گرفتار ہوے اب اُمید وار ہون کہ ساتوین وصیت کا مضمون بہ تفصیل بیان فرما اور داستان اُن لوگون کی کہ دام مین دشمنون کے گرفتار ہوے اور دشمنان قوی دست مین چپ وراست گھر گئے اور سوا اسکے اور خلاف بھی بہت سے واقع ہوے اور وہ غلبہ کر کے سب طرف سے غالب آئے اور جو شخص سمجھے کہ مین ورطۂ ہلاکت مین پڑا اُس وقت یہ تدبیر کرے کہ اُن دشمنون سے بعض کو تملق اور مدارا سے دوست بنائے اور اُنکی شرکت کی برکت سے اُن بلاؤن سے بچ جاے اب اُسکا بیان فرما کہ اُسکو کس طرح سے عمل مین لائے اور جس دشمن کی مدد سے کہ مخلصی پائے اور اُس سے جو عہد و پیمان کیا ہو اُسے کس طرح وفا کرے برہمن نے جواب دیا کہ ہر جگہ دوستی اور دشمنی کے واسطے دوام اور ثبات نہین ہی کیونکہ اگر دشمنی اور دوستی عارضی ہی تو جلد زائل ہو جائیگی اور یہ صورت حکم ابر بہاری کا رکھتی ہی کہ کبھی کبھی برستا ہی اور جلد موقوف ہو جاتا ہی اور اُسکے واسطے دوام اور ثبات نہین ہی اور مہر و کینہ اہل زمانہ کا سب اعتباری حسن و جمال خوبان اور تقرب بادشاہان اور خوش آوازی طفلان اور وفاے زنان اور تلطف دیوانگان اور سخاوت مستان اور عقیدہ حامیان اور فریب دشمنان بے خرد کے مانند ہی کہ اِن مین سے ایک بھی اعتماد کے لایق نہین ہی اگر دوستی دیکھی ہی کہ کمال اتحاد و یگانگی کو پہونچی ہی اور بنیاد خصوص اور خصوصیت

کی اوج سپہر کو پہونچی ہی اور اُسکے بعد تھوڑے سبب سے وہ علین عداوت ہو گئی
اور بعض دشمنی دیرینہ اور نزاع سورونق اندک لطف مین موقوف ہوکے صورت
دوستی کی پیدا ہوئی ہی اور اسی واسطے خردمند دشمنون سے بھی تلطف اور مدارا
فروگذاشت نہین کرتے ہین لازم ہی کہ طمع دوستی دفعۃً منقطع نہ کرڈالے اور نہ
کسی کی دوستی پر بغیر امتحان کامل اعتماد کلی کرکے غفلت کرے قطعہ دوستی آنچنان
نمیباید ✤ کہ نہ گنجد درآن میان موئے ✤ دشمنی ہم بدان صفت خوش نیست ✤ کز یاری
نباشدش بوئے ✤ ہر دو جانب نگاہداشت ترا ✤ ہر کرا ہست معتدل خوئے ✤ جب کہ معلوم
ہوا کہ دوستی اہل زمانہ کی بے اعتبار ہوتی ہی تو چاہیے کہ دانا عاقبت اندیش التماس
مصلحت آمیز دشمن کو بھی کہ متضمن دفع مضرت اور جلب منفعت ہو فروگذاشت نہ
کرے اور جسمین کہ کام سرانجام پائے اور مصلحت وقت اقتضا کرے عمل مین لائے کہ
دوربینی اور اصلاح اندیشی کلید قفل دولت ہی اور اسکے بعد اگر امداد سے دشمن کی
اپنا مطلب برآئے تو اُس سے جو عہد کیا ہو اُسے اِس طرح پر وفا کرے کہ نقض عہد بھی
نہ ہوئے اور ایسا تقدم بالحفظ کرے کہ اُسکی مضرت سے بھی محفوظ رہے اور نظیر اُس صورت کا
کہ جسکا بیان ہو چکا حکایت موش اور گربہ کی ہی رائے نے پوچھا کہ یہ ماجرا کیونکر تھا
حکایت کہا کہتے ہین کہ صحرا مین ایک درخت کے نیچے ایک چوہے کا سوراخ تھا اور
وہ ایسا تیز اور دور اندیش تھا کہ ایک تامل مین ہزار عقدے مالاینحل حل کرتا تھا اور
ایک لحظہ مین سو حیلے ایک خیال سے پیدا کرتا تھا بیت فسونگر بود موش
چارہ اندیش ✤ کہ دیدے حیلۂ صد سالہ در پیش ✤ اُس درخت کے نزدیک ایک بلی کا
مسکن تھا اور اس نواح مین صیاد بھی اکثر شکار کرتے تھے ایک دن صیاد نے دام لگایا
اور تھوڑا گوشت اُس دام مین باندھ دیا گربہ حریص دام فریب سے غافل گوشت
کے شوق مین بلا تامل دام مین چلی آئی ہنوز داشتہ گوشت تک نہ پہونچا تھا

کہ بستہ دام بلا ہوی ٭ نظم حرص ست کہ جملہ را بدام اندازد ٭ و اندر طلب مال حرام
اندازد ٭ حرص ست کہ جملہ خلق را ز آسایش ٭ بانہ آرزو در رنج بدام اندازد ٭ القصہ
چوہا بھی طلب مین دانے کے سوراخ سے باہر آکے اور چند قدم چل کے احتیاط سے ہر طرف
آنکھ ڈالتا تھا اور یمین و یسار اور تحت و فوق دیکھتا تھا کہ ناگاہ نگاہ اُسکی بلی پر پڑی
بس دیکھتے ہی بلی کے آنکھ تاریک ہوگئی لیکن جب خوب نگاہ کی تو بلی کو بستہ دام دیکھا
صیاد کو دعا دی اور قید پر بلی کے شکر خدا بجا لایا دوسری جانب جو نگاہ کی تو راسو
یعنی نیولے کو دیکھا کہ کمینگاہ مین قریب سوراخ کے آبیٹھا ہی ارادہ کیا بالاے درخت
پناہ لون دیکھا تو درخت پر ایک کوا ہی کہ وہ اُسکی فکر مین بیٹھا ہی وحشت اور دہشت
نے چوہے پر غلبہ کیا پھر اُسنے اندیشہ کیا کہ اگر آگے جاؤن تو بلی پکڑ لیتی ہی اور اگر چپ راست
جاؤن تو نیولے سے نہ بچون گا اور اگر درخت پر جاؤن تو کوا پنجے مین لیتا ہی اب ان
بلاؤن مین کیا کرون اور اس آفت کو کس حیلے سے دفع کرون اور یہ حال اپنا کس سے
کہون اور دوا اس درد بے درمان کی سوا حکیم حقیقی کے کس سے مانگون بیت
ندارم ہمدمے کز وے صلاح کار خود پرسم ٭ نہ غمخوارے کز و حال دل افگار خود پرسم ٭
اب دروازہ بلا کا کھلا ہی اور منزل عافیت کی دور ہی اور بہت سی آفتون نے
مُنھ کھولا ہی اور راہ گریز کی مسدود ہی پر دل مین کہا کہ با این ہمہ دل کو قائم
رکھنا چاہیئے اور ہمت نہ ہارے کبھی ساقی روزگار شربت مراد پلاتا ہی اور کبھی
زہر ہلاہل شربت راحت مین ملاتا ہی بہرکیف نظر بخدا کرکے پاے ثبات کو
لغزش نہ دیا چاہیئے اگر فیض روح القدس مدد فرمائے گا تو یہ سب آسان
ہو جائیگا اور مرد ثابت قدم وہ ہی کہ اگر خلعت دولت اُسکے دوش پر ڈالین
تو از جا رفتہ ہوکے خندۂ دندان نما نہ کرے اور اگر جرعۂ محنت پلائین تو
دیدۂ اندوہ سے اشکباری نہ کرے بموجب اس بیت کے بیت زرنج و راحت

گیتی مرنجان دل مشو خرم ✤ کہ آئین جہان گاہے چنین گاہے چنان باشد ✤ اب اس عالم
مین کوئی پناہ بعد فضل آلہی کے سایۂ عقل سے بہتر نہین ہی اور کوئی دستگیر مشفق اُستاد خرد
سے زیادہ نہین مناسب راے صائب کے یہ ہی کہ دہشت کو اپنے دل مین راہ نہ دون اور
حسرت کو نزدیک دماغ کے نہ چھوڑون کہ خردمندون نے کہا ہی کہ باطن عقلا کا دریا کے
مانند ہوتا ہی کہ اندازہ اُسکے ژرف کا حصر مین نہین آتا ہی اور بے غواص فکر عالی اور
ذہن رسا اُسکی تھاہ کو کوئی نہین پاتا ہی اور جو کچھ کہ اُسمین گرتا ہی پھر پایا نہین جاتا ہی
اور کتنے ہی کوئی دست و پا مارے پانی اُسکا مکدر نہین ہوتا ہی اب وقت تدبیر کا ہی
ہراس اور دہشت کرنے مین ہلاکت کے سوا اور کچھ حاصل نہ ہوگا نظم

مرد ثابت قدم آنست کہ از جا نرود ✤ گرچہ سرگشتہ شود گرد زمین ہمچو فلک
مثل سیمرغ کہ طوفان نبرد از جایش ✤ نہ چو گنجشک کہ اُفتد بدم از باد تفک

جبکہ اس طرح دلکو سمجھا کے مضبوط کیا با خود کہا اب اِس سے بہتر تدبیر نہین ہی کہ بلی سے
صلح کرون کہ اسوقت عین بلا مین وہ میری مدد کی محتاج ہی اور مجھے بھی اسوقت اُسکی
امداد مین ان آفتون سے مخلصی متصور ہی اور وہ بھی میری یاری سے نجات پائیگی اگر بلی
عاقل ہی تو میری صدق گفتار پر اعتماد کریگی اور نفاق اور حیلے کا گمان نہ کرے گی تو
برکت سے راستی اور موافقت کے ہم دونون کو ان بلاؤن سے نجات حاصل ہوگی
اور دشمن طمع منقطع کرکے اپنی راہ لین گے آخر کار چوہا بلی کے نزدیک آیا اور پوچھا
کہ حال کیا ہی بلی نے آواز حزین سے یہ بیت پڑھی ۔ بیت

دردمندیم خبرے دہد از سوز درون ✤ دہن خشک و لب تشنہ و چشم ترما

اور کہا کہ ای برادر تن میرا بستہ بند مشقت اور دل سوختہ آتش رنج و محنت ہی
چوہے نے کہا کہ ایک نکتہ رکھتا ہون دل مین مگر وقت تنگ اور مجال سخن کم ہی گربہ
نے تملق سے کہا کہ جو خاطر مین گذرے وہ فرما اور توقف جائز نہ رکھ چوہے

۲/ تفک بالضم بائے فوقانی تفک بمعنی بندوق ۱۲

نے کہا کہ مین نے کبھی جھوٹی بات نہین کہی ہی دروغگو کو فروغ بھی نہین ہوتا ہی سچ
یہ ہی کہ مین ہمیشہ تیرے غم مین شادی کرتا تھا اور تیری ناکامی کو اپنی شادکامی جانتا
تھا اور آرزو میری یہ تھی کہ تجھے مضرت پہونچے کیونکہ تیری قوم میری قوم کی دشمن ہی
لیکن مین آج اس بلا مین تیرا شریک ہون اور خلاصی تیری اور مخلصی اپنی آپس کی
دوستی مین دیکھتا ہون اور اسی مطلب کے واسطے سلسلۂ دوستی کو جنبش دیتا ہون
اور یہ میری دوستی مشتمل بغرض ہی مگر ایسی غرض کہ اُسمین دونون کا نفع ہی نضرر اور اگر
تو عاقل ہی تو معلوم کیا ہوگا کہ مین نے یہ سچ کہا ہی اور اس بات مین کوئی صورت خیانت
کی اور بد اندیشی کی نہین ہی اور اپنے صدق مدعا پر دو گواہ بھی رکھتا ہون ایک نیولا کہ میرے
پیچھے میری کمینگاہ مین بیٹھا ہی اور دوسرا زاغ کہ درخت پر میری ہلاکت کا مترصد ہی اب
جو تجھ سے نزدیک ہوا مین تو طمع اُن دونون کی مجھ سے منقطع ہو جائیگی اگر تو مجھے اپنی
امان مین لے کہ میرا اطمینان ہو تو میرا مطلب برآتا ہی اور تیری بھی مراد حاصل ہوتی
ہی کہ یہ پھندے جال کے جو تیرے بند بند مین پڑے ہین اُنھین جلد کاٹ ڈالون گا
اور مین بھی راسو اور زاغ سے نجات پاؤنگا جب کہ بلی نے یہ باتین سُنین تو دریاے
اندیشہ مین مستغرق ہوئی چاہا کہ اس حکایت کے اطراف و جوانب کو قدم فکر سے
پیمایش کرے اور یہ اس عیار اندیشہ کو محک تامل پر آزمائے چوہے نے دیکھا کہ وقت
تنگ ہی اور بلی دریاے اندیشہ مین غواصی کرتی ہی کہا کہ اے بلی میری بات کان مین
رکھ اور تاخیر نہ کر کہ ایسے وقت مین عاقل توقف جائز نہین رکھتے ہین جبکہ مین
تیری بقا پر دل خوش کرتا ہون تو تو بھی میری حیات سے شاد ہو کہ چھٹکارا ہم
دونون کا ایک دوسرے کی امداد سے متعلق ہی اور میری اور تیری مثل کشتی
ملاح کے ہی کہ کشتی ملاح کی سعی سے کنارے پر پہونچتی ہی اور کشتیبان کشتی سے کام اپنا کرتا ہی اور
میرا حال بعد آزمایش کے معلوم ہوگا اور میری تعجیل کا سبب یہ ہی کہ فرصت وقت کی

بہت کم ہی اور اتنا تو نے بھی جانا ہو گا کہ کردار میرا گفتار پر ترجیح رکھتا ہی اور جو عہد دوستی
کرمین کرتا ہون اُسمین وفا کرونگا اب جو منظور ہو سو جلد زبان پر لا بیت فرما اشارئے
کرو چشم امید دار ٭ بر گوشہاے این خم ابرو نہادہ ایم ٭ بلی چوہے کی حکایت سُنکے اور
راستی کا یقین کرکے خُرسند ہوئی اور کہا کہ تیری بات سچ معلوم ہوتی ہی اور بہ فحواے کلام
تیرا بوے صدق دیتا ہی اب مین نے اس مصلحت کو قبول کیا اور حکم اللہ تعالی کا کہ الصلح خیر
ہی گوش جان سے سُنا مین نے اب اسبات سے تجاوز نہ کرونگی اور امید غالب ہی کہ اس
باہم کی دوستی سے مخلصی ہم دونون کی ہوجائیگی اور شکر اس منت کا مادام الحیات
اپنے ذمے لازم کیا مین نے اور امید یہ ہی کہ تو بھی اپنے عہد پر قائم رہیگا اب بتا کہ کیا کیا چاہیے
چوہے نے کہا کہ مین تیرے پاس آتا ہون اور تو اکرام تمام سے میری تعظیم بجا لا تو دشمن تو اعلا
دوستی سے فیمابین کے واقف ہوکے راہ اپنی لین اور مین بفراغ خاطر تیرے بند کاٹون بلی
نے اسبات کو قبول کیا اور چوہا نزدیک آیا اُسنے اہتمام سے رسم تعظیم ادا کی اور نہایت
ملائمت اور دلجوئی اور نوازش سے مہربانی فرمائی جب کہ راسو اور زاغ نے یہحال مشاہدہ
کیا خشکار موش سے مایوس ہوکے راہ اپنی اپنی لی جبکہ موش نے حمایت سے گربہ کی
ان بلاؤن سے نجات پائی اور سوچا کہ اگر گربہ اس دام سے رہائی پائے اور وفاے
عہد نہ کرے تو تو وہی آتش در کاسہ موجود ہی اس واسطے پھندے دام کے کاٹنے شروع
کیے لیکن موش اندیشۂ دوردراز مین پڑا تھا کہ ان دونون بلاؤن سے اس طرح
نجات پائی بند کاٹنے مین آہستگی کرنے لگا گربہ فراست سے سمجھی کہ موش دور اندیشی
مین پڑا کہا کہ اے موش تو نے میری نزدیکی کے سبب سے دشمنون سے نجات پائی اور اب
حسن وفا مین کاہلی کرتا ہی اور مین تو پہلے ہی جانتی تھی کہ وفا وہ دوا ہی کہ طبلہ عطار
روزگار مین نہین پائی جاتی ہی اور حسن عہد وہ جوہر ہی کہ خزانہ زمانہ مین موجود نہین
ہی اور وفا وہ سیمرغ ہی کہ نام کے سوا اُسکا نشان نہین پایا جاتا ہی اور نیک عہد

وہ کیمیا ہی کہ اُسکی حقیقت بجز حکایات کسی نے پائی نہین بیت وفا مجوے ز کس
ز من این سخن بشنو ٭ بہرزہ طالب سیمرغ و کیمیاے مباش ٭ موش نے کہا کہ حاشا مین
اپنا چہرۂ حال داغ بیوفائی سے آلودہ کرون اور نام نیک کہ مدت مدید مین حاصل
کیا ہی جریدۂ بدعہدی پر ثبت کرون اور مین جانتا ہون کہ وفا کمند ارادت ہی اور
توشۂ راہ سعادت اور وہ کیمیا ہی کہ خاک تیرہ کو زر کرتی ہی اور وہ توتیا ہی کہ دیدۂ خرد
کو بینا بناتی ہی اور جسکے مشام جان نے بوے وفا نہین پائی ہی اُسکو ریاحین محاسن
صفات سے کچھ نصیب نہوا اور جسکے دیدۂ دل نے نور وفا نہین دیکھا ہی مشاہدہ انوار
مقام اخلاق سے بے بہرہ رہیگا مصرعہ ای خاک بران سر کہ در و مغز وفا نیست ٭
گربہ نے کہا اگر جانتا ہی تو کہ وفا مشاطۂ عروس کمال اور خال رخسارۂ حسن جمال ہی پھر
تو اپنے رخسارہ کو اِس گلگونہ سے کیون آرایش نہین دیتا ہی اور وہ گلزار کہ جس مین
نہال وفا نہین ہی کوئی مرغ دل اُسکی شاخسار محبت پر ترانہ ساز نہین ہوتا ہی اور
جو رخسارہ کہ خال وفا سے خالی ہی کوئی صاحب نظر التفات اُسپر نہین کرتا ہی اور
اسی واسطے مؤلف نے کہا ہی نظم وہ چہرہ کیا اگر کوئی خال وفا نہین ٭ وہ باغ کیا کہ
جسمین نہال وفا نہین ٭ بہتر وفا سے شی نہین کوئی جہان مین ٭ وہ دل ہی سنگ جسکو
خیال وفا نہین ٭ اور جو کوئی کہ لباس وفا سے عاری ہوگا اور عہد باندھے گا
اُسے ادا نہ کرے گا اُسے وہ پہونچے گا جو اُس زن دہقان کو پہونچا موش نے کہا
کہ یہ کیونکر تھا گربہ نے کہا حکایت لکھا ہی کہ فارس کے ایک قریہ مین ایک
دہقان تھا تجربہ کار اور صاحب فہم جام روزگار سے بہت تلخ و شیرین
چکھا تھا اور نشیب و فراز زمانہ سے دشواری اور آسانی دیکھی تھی بیت
جہان پیمودہ و بسیار دانے ٭ ظریفے زیرکی شیرین زبانی ٭ اور اُس دہقان
کی ایک عورت تھی کہ رخسارہ اُسکے شمع شبستان حسن پرستان اور

ربا عین
جمع ایمان
بمعنے مطلق
حسن عبودیت
نصیحت کیا
سکن معروف
حکایت زن دہقان

مثل شیر بن شکر ریزی مین نقل ہے پرستان محبت پر دہقان باوجود اس ہنرمندی کے فقر و فاقہ سے گذران کرتا تھا اور تخم توکل مزرع افوض امری الی اللہ مین بوتا تھا اور دستور روزگار غدار کا اکثر یہی ہے کہ ارباب ہنر کو فوائد دنیوی سے محروم رکھتا ہے اور بے ہنران نامستعد کو اوج کامگاری سے سرفرازی دیتا ہے قطعہ کجرزان را دہند خرمنہا ٭ برگ کاہے بہ راستان ندہند ٭ لگسا نرا دہند شکر و شہد ٭ بہایان جز استخوان ندہند ٭ باوجودیکہ دہقان ہنر زراعت کا بخوبی جانتا تھا چونکہ اسباب اسکا نہ رکھتا تھا اس واسطے بیکاری اور تنگدستی مین گذران کرتا تھا ایکدن عورت نہایت تنگدستی سے عاجز آکے طعنہ دینے لگی کہ گوشۂ کاشانہ مین بیٹھکے عمر عزیز کو کب تک اس ضیق مین بسر کریگا حرکت کہ موجب برکت ہے کیون نہین اختیار کرتا ہے اگرچہ اللہ تعالیٰ نے رزق سب کا معین کر رکھا ہے یعنی دیوانخانۂ کرم سے برات الرزق علی اللہ کی ہر کسی کے واسطے مقرر کردی ہے لیکن طغرا الکاسب حبیب اللہ بھی اسکے گوشہ پر لکھا گیا ہے لازم ہے کہ کسب کو سبب رزق کا سمجھے اور نزدیک میرے صلاح حال اسی مین ہے کہ طریق کسب کو کسی طرح اجرا کرے کہ وہ سبب رزق کا ہے دہقان نے کہا کہ اے یار عزیز جو تونے کہا سچ ہے لیکن مین نے ایک مدت اس قریہ مین سرداری کی ہے اور اکثر دہقان اس قریے کے میرے مزدور رہے ہین درینولا کہ اسباب زراعت کچھ باقی نرہا اب مزدوری کے سوا چارہ نہین ہے اور مزدوری اُن لوگون کی دل گوارا نہین کرتا ہے اور اگر یہی بات منظور ہے تو اس موضع سے اور طرف چلنا بہتر ہے کہ غیر وطن مین شماتت ہمسائے کی نہین ہے اور دوسرے ملک مین جو کچھ پیش آئیگا اُسے گوارا کرونگا عورت بھی فقر و فاقہ سے تنگ آئی تھی جلا وطن پر راضی ہوئی اور اُس جگہ سے نواح بغداد کی طرف متوجہ ہوا ایکدن اثناء راہ مین کوفتہ ہوکے ایک درخت کے سائے مین پناہ لی اور دفع ملال کے واسطے ہر طرح کی باتین کرتی تھی دہقان نے کہا کہ اے یار گرامی محنت غربت کی مینے اختیار کی اور اس ولایت کا عزم کیا کہ وہان کوئی نہین پہچانتا

نہین ہی اور لوگ اُس ولایت کے بہت جا بر ہین مبادا کہ افسون وافسانے سے تیرا ارادہ کرین اور تو بھی غرور جوانی اور اُمید کامگاری پر مائل اُنکی ہو کے مجھے کنارہ کرے اور اِس پیرانہ سالی مین آتش فراق سے مجھے جلائے عیاذاً باللہ اگر یہ صورت پیش آئی پھر امکان میری زیست کا نہین ہی بیت ز مرگ بیم ندارم ولے ازان ترسم ٭ کہ من بمیرم و تو جان دیگران باشی ٭ عورت نے کہا کہ یہ کیا بات ہی کہ تیری زبان پر آئی اور یہ کیا خطرہ ہی کہ تیری خاطر مین خطور کیا بیت کنیزی می کنم تا زندہ باشم ٭ بمیرم ہم چنانت بندہ باشم ٭ اور اگر یہی خیال ہوتا تو مسافرت اختیار نہ کرتی اور داغ جدائی وطن اپنے دل کو نہ دیتی جو عہد کہ روز اول تجھ سے کیا ہی اُمیدوار خدا سے ہون کہ زندگی بھر اسپر ثابت رہون اور اگر اسمین شک ہی تو از سر نو تجھ سے پھر عہد کرتی ہون بیت زیست بھر تجھ سے یہی مہر وفا ہی تجھ سے ٭ تا کہ میری بھی نہو گی ترے قدمون سے جدا ٭ دہقان اس بیت سے خوش ہو کے بخاطر جمع تمام سر اُسکے زانو پر رکھ کے سو رہا مقارن اس حال کے ایک شخص پیدا ہوا مرکب تازی پر سوار اور لباس شاہانہ در بر با ہزار کر و فر عورت نے نگاہ کی ایک جوان کو دیکھا کہ از سر تا پا شعلۂ نور ہی گویا یہ شعر مولف کا اُسکے حسب حال ہی بیت چھٹ گئی ہاتھ سے عنان شکیب ٭ جب سے اُس شہسوار کو دیکھا ٭ غرضکہ ان دونون کی آنکھین دوچار ہوتے ہی ایکدوسرے کا فریفتہ ہوا اور وہ جوان اُس دیار کے بادشاہ کا بیٹا تھا کہ بارادۂ شکار سوار ہوا تھا اور ملازمون سے دور پڑ گیا تھا جبکہ اُسکی آنکھ اُس آہوے صیاد فگن شہر آشوب پر پڑی اُسکا تیر نگاہ دلدوز شاہزادے کے سینے پر ایسا بیٹھا کہ یا تو ارادہ شکار کا رکھتا تھا یا خود شکار ہو گیا کہا کہ اے رشک پری واے قبلۂ بتان آذری تو کون ہی اور کیونکر یہان آئی ہی عورت نے آہ سرد دل پر درد سے کھینچی اور کہا اے دولت بیدار حال بخت خفتہ اور قصۂ دیدۂ بے خواب میرا طولانی ہی بیت سرے دارم کہ سامان نیست او را ٭ بدل دردے کہ درمان نیست او را

آذری منسوب بہ آذر یعنی آتش

ایجان عالم مونس روزگار میرا یہ پیر کہن سال ہی اور دل بیقرار میرا مسکن اندوہ و ملال اور غبیا و دانست کی یہ ہی کہ دیکھی تونے اور سرانجام کار یہ ہی کہ مشاہدہ کیا تونے ابتک سختی مین بسر کی ہی اور زندگانی سے کچھ لذت نہین پائی ہی جوان نے کہا کہ ای مرادل غمزدگان واے انیس دل گم گشتگان حیف ہی کہ تجھ سا محبوب اسیر دام کرب و بلاے محنت و غربت ہو اور یہ بات روا نہین ہی کہ تو اس حسن و جمال پر مصاحبت پیر فرتوت کی اختیار کرے اور ایسے حسن و سیرت پر فقر و فاقہ سے گذران کرے جلد آ کہ مین تجھے تخت عزت پر بٹھاؤن اور ملکۂ عالم بناؤن جبکہ عورت نے خوشخبری شاہزادے کے وصال کی سُنی عہد تازہ جو دہقان سے باندھا تھا بھول گئی اور پیمانہ عہد و پیمان کا سنگ بے وفائی سے توڑا جب کہ جوان نے اُس عورت کو اپنا مائل دیکھا کہا کہ ای جان جہان جلد میرے پاس آ کہ تجھے سوار کرکے لیچلون اور جب تک کہ دہقان اُٹھے دور تک پہونچون عورت نے سر دہقان کا زانو سے اُتار کے خاک پر رکھا اور جست کرکے جوان کے ساتھ گھوڑے پر سوار ہوئی کہ اس عرصے مین آنکھ دہقان کی کھلی دیکھا کہ ایک جوان کے پیچھے گھوڑے پر چڑھکے روانہ ہوئی کہا کہ ای بیوفا یہ کیا بدعہدی ہی کہ تو عمل مین لائی عورت نے کہا کہ افسانہ بیہودہ نہ کہہ کہ خوبرویون سے حسن عہد طلب کرنا سہیل کو ثریا کے ساتھ جمع کرنا ہی اور جفا پیشون سے اُمید وفا رکھنا گویا کہ نہال گل آتش گلخن مین بونا ہی پیر دہقان نے کہا کہ حد انصاف سے پانون باہر نہ رکھو اور خدا سے ڈرکر مکافات پیمان شکنی کی اور شامت بدعہدی کی جلد ملتی ہی اور تو بہت جلد پشیمان ہوگی عورت نے اُسکی بات پر کچھ التفات نہ کیا اور جوان سے کہا کہ اب جلدی کر صحراے فراق سے مخلصی پاکے سر منزل وصال کو پہونچون بادشاہزادے نے مرکب تیز رفتار ہامون نورد کو تازیانہ مارا کہ پلک مارنے مین دہقان کی نظر سے غائب ہوگیا بیچارہ باوجود ذلت غربت اور اذیت مفارقت پیچھے اُنکے روانہ ہوا اور اپنے دل مین کہا کہ عہد و پیمان عورتون کا مطلق وفا نہین رکھتا ہی مین نے عبث اُسکی بات پر اعتماد کرکے ترک وطن

اختیار کیا اب نہ راہ جانے کی اور نہ روے بازگشت باقی رہا دیکھیے کہ انجام کار میرا کیا ہوتا ہی یہ کہتا تھا اور زار زار روتا تھا اور ہر دم خداے کریم کو بہ عظمت وجبروت یاد کرتا تھا اب اُنکا حال سُنا چاہیے جبکہ وہ دونون چند فرسنگ راہ طی کر گئے ایک پانی کے چشمہ پر پہونچے کہ گرد اُسکے درخت سایہ دار بہت تھے یہ عورت اُس سبب سے کہ عادت سواری کی نہ رکھتی تھی تھک گئی اور جوان بھی کوفتہ تھا کہا کہ یہ مقام خوب ہی ایک ساعت یہان آرام کرین اِسکے بعد آگے روانہ ہوین گھوڑے سے اُترکے اُسی سایے مین بیٹھے کلام باہم کرتے تھے اور جوان اُسکے حسن باصفا اور خال وزلف حیرت افزا پر نگاہ کرتا تھا اور متحیر ہوتا تھا عورت نے کہا کہ دل چاہتا ہی کہ مین اِس چشمے مین نہا لون کہ گرد وراہ سے بدن خارش کرتا ہی جوان نے اجازت دی وہ بے حیا چشم حیا کے باعث اُس جگہ سے اِتنی دور گئی کہ جوان کی نگاہ سے غائب ہوگئی وہان پہونچکے چاہتی تھی کہ تدبیر غسل کرے کہ ایک شیر شرزہ پیدا ہوا اور اُس عورت کو مُنہ مین لیکے جنگل کی طرف روانہ ہوا شاہزادہ آواز شیر کی سُنکے گھوڑے پر سوار ہوا نزدیک جاکے دیکھا کہ محبوبہ شیر کے مُنہ مین ہی جوان نے اُسکی ہیبت سے سراسیمہ ہوکے اور مرکب کو تازیانہ کرکے راہ اپنی لی اُس عورت نے جو تخم بے وفائی کہ مزرع عہد وپیمان مین بویا تھا آخر اُسے کاٹا دہقان کہ اُفتان وخیزان اُنکے پیچھے آتا تھا اُس چشمے پر پہونچا دیکھا کہ اس بیوفا کو شیر نے کھا لیا ہی اور اُسکا پس خوردہ پڑا ہی سمجھا کہ یہ وہی شومی بیوفائی کی ہی کہ اُسے پہونچی تھوڑی دیر تک بچشم عبرت دیکھا رہا بعد اُسکے روانہ ہوا یہ مثل اسواسطے بیان کی ہی کہ جو کوئی سر رشتہ وفا کا ہاتھ سے چھوڑے گا طوق لعنت بلاشبہ اُسکی گردن مین پڑیگا بیت بیوفائی ہر کجا رخت افگند ٭ عاقبت آن جان را ویران کند ٭ موش نے کہا کہ مین جانتا ہون کہ نفاق اور مکر کمیون کے اخلاق اور بزرگون کی عادت سے بہت دور ہی اور منافع مودت کے اور فوائد تیری محبت کے اِسی وقت مجکو پہونچے اور دشمنون کے ہاتھ سے تیری دوستی

کے سبب پناہ بھی ملی اُسکا عوض اب میرے اوپر واجب ہی ضرور بند تیرے کاٹونگا
مگر مجھے ایک اندیشہ ہے جب تک کہ اُسکا وغدغہ رفع نہوگا تب تک سب بند کاٹنے مین
تامل البتہ کرونگا گربہ نے کہا کہ معلوم ہوتا ہی کہ میری طرف سے خدشہ باقی ہی اور میرا
حال یہ ہی کہ جو عہد کہ تجھسے کیا ہی اُس مین فرق نہین کیا ہی اور نہ کرونگی مگر تجھے بھی
لازم ہی کہ وحشت قدیم کو دل سے دور کر کہ موافقت جدید نے مخالفت قدیم کو میرے
دل سے اُٹھا لیا ہی اب تو بھی بچشم انصاف دیکھ کہ فائدہ میری دوستی کا تو حاصل
کر چکا پس لازم ہی کہ تو بھی ایفاے وعدہ کر اور اپنا آئینۂ دل غبار بدعہدی سے مکدر
نہ کر کہ جو لوگ نیک سیرت ہین ایک لطف اگر کسی سے دیکھتے ہین تو عالم دوستی اور
شکر گذاری کو اوج آسمان پر پہونچاتے ہین اور تواریخ سے ثابت ہی کہ شامت بیوفائی
اور سوگند دروغ کی بنیاد جان و مال کو برباد کرتی ہی اور وبال خلاف عہدی کا اساس
زندگی کو تھوڑی ہی فرصت مین منہدم کر دیتا ہی لازم ہی کہ تو حق وفاداری فروگذاشت
نہ فرما اور جو عہد کہ کیا ہی اُسے بلا اندیشہ ادا کر موش نے کہا کہ مجھے ایک خلجان باعث
تامل ہی ورنہ جو عہد کہ تجھ سے کیا ہی اسکی وفا مین زنہار فرق نہ کرونگا تو خاطر جمع رکھ
مین سب بند تیرے کاٹ دونگا گربہ نے کہا کہ مضمون خاطر اپنا صاف صاف بیان
فرما تا مین بھی نظر تحقیق سے اُسے دیکھون اور مایۂ خرد اور اندازۂ دانش تیرا معلوم
کرون موش نے کہا کہ مجھے اندیشہ یہ ہی کہ دوست دو طرح کے ہوتے ہین اوّل
وہ ہین کہ ساتھ صدق کامل اور صفاے باطن اور بے شائبۂ غرض کی دوستی رکھتے
ہین اور دوسرے وہ لوگ ہین کہ وقت اضطرار کے یا بطریق طمع اور غرض کے طرح
محبت کی ڈالتے ہین گروہ اوّل وہی ہر حال مین اعتماد کے لایق ہی اور اُن لوگون
سے جتنا بے غم رہے خلاف عقل نہین ہی **قطعہ** دوست وہ ہی دوست کے
عیبون کو سمجھے جو ہنر ٭ ہو خزف گر دوست کا جانے اُسے دل سے گہر ٭ دوست

وہ ہی جو جفاے دوست کو جانے صواب ٭ روے زشت دوست کو سمجھے بہ از شمس و قمر ٭ اور وہ لوگ کہ حمایت دوستی سے اپنا دو نا ضرر کرتے ہین حال اُنکا ایک قرار پر نہین رہتا ہی کبھی بساط انبساط بچھاتے ہین اور کبھی خیال و ملال دل مین لاتے ہین گاہے اتحاد کرتے ہین مانند شیر و شکر کے اور کبھی دشمنی کرتے ہین مثل زہر کے اور جو لوگ کہ دانا ہین وہ باگ اختیار کی ایسے لوگون کے ہاتھ مین نہین دیتے ہین اور اُنکے اجراے کار مین تا مصلحت توقف کرتے ہین اور بتدریج سمجھ کے ہر کام سرانجام دیتے ہین اور اپنا بچاؤ بھی ہر حال مین مدنظر رکھتے ہین کہ حفاظت اپنی ذات کی واجب ہی اور جو لوگ کہ اس روش پر چلتے ہین وہی صاحب فراست اور دانشمند ہین اور مین نے جو کچھ کہا ہی تجھ سے اِسی پر میرا عمل ہی پر جو کہ تجھ سے وعدہ کیا ہی اُس مین کبھی فرق نہ کرونگا لیکن اپنی مخالفت مین بھی مبالغہ رکھتا ہون کیونکہ تیرا خوف مجھے حد سے زیادہ ہی اور مین بھی اِسی گروہ مین سے ہون کہ دفع ضرر کے واسطے صلح کی ہی اور تیری طرف سے جو ملائمت ہوئی ہی وہ بھی اپنے دفع مضرت کے واسطے ہوئی ہی اس بات مین حال میرا تیرا یکسان ہی اب مجھپر فرض ہی کہ اپنی حفاظت اور تیری مخلصی کرون نظم در استحکام کار خویش مے کوش ٭ کمن قانون حکمت را فراموش ٭ کسی کو کارہے نگبا دسازد ٭ بناے عقل را برباد سازد ٭ گربہ نے کہا کہ اے موش تو بہت دانا ہی اور تیرا مایۂ خرد مین اِس قدر نہ جانتی تھی مجھے ان باتون سے بہرہ مند کیا تو نے اور کلید تجربہ اور ہنر میرے ہاتھ مین دی تو نے اب یہ فرما کہ کونسی صورت ہی کہ بند میرے کٹین اور تو بھی سلامت رہے موش ہنسا اور یہ مصرع پڑھا مصرع ہر کجا دردیست درمانش مقرر کردہ اند ٭ اور کہا کہ خیال مجھے یہ ہی کہ اور سب بند کاٹون مگر ایک بند کہ وہ اصل سب بندون کا ہی اپنی حفاظت جان کے واسطے باقی رکھون جس وقت کہ وہ حالت پیش آئے کہ تجھے اپنے بچانے کی

فکر پڑے اور مجھے رنج نہ پہونچا سکے اس وقت اُسکو بھی کاٹ دون کہ تجھے بند سے اور مجھے گزند سے نجات ملے گربہ نے جانا کہ موش اپنے کام مین کامل ہی کسی کے فسانہ اور فریب سے نہ بہکیگا آخر کار موش نے اور سب بند گربہ کے کاٹے اور جو بند کہ سب مین استوار تھا اُسے بہ قرار رکھا اور باقی رات افسانے وحکایات مین بسر کی جسوقت عنقاے سحر نے آشیانۂ مشرق سے بلند پروازی کی اور شب تیرہ دامن اُٹھاکر گوشۂ مغرب کو بھاگی اور سفیدہ صبح کا چادر دانگ عالم مین جلوہ گر ہوا صیاد دور سے نظر آیا موش نے کہا کہ اب یہ وہی وقت ہی کہ اپنے عُہدۂ عہد کو بجا لاؤن اور جس کا کہ ضامن ہوا ہون اُسے بخوبی ادا کرون گربہ نے جو صیاد کو دیکھا یقین ہوا کہ میرا قتل نزدیک ہی مشوش اور مضطر تھی کہ موش نے اُس بند باقی کو بھی کاٹا گربہ ہول جان سے موش کو چھوڑکے پاکشان بھاگ کے درخت پر چڑھ گئی اور موش بھی ورطۂ ہلاکت سے نجات پاکر سوراخ مین در آیا صیاد نے دام ٹوٹا اور پھندے کٹے دیکھے حیرت اُس پر غالب ہوئی اسباب دام کا اُٹھاکے ناامیدانہ پھرا تھوڑے عرصے کے بعد موش نے سر سوراخ سے نکال کے گربہ کو دور سے دیکھا اور ڈرا گربہ نے آواز دی اور یہ مصرع پڑھا مصرع نادیدہ مکن کہ دیدہ باشی مارا * کیا نہین جانتا ہی تو کہ دوست عزیز کو ہاتھ مین لاتا ہے اور اپنے اقربا کے واسطے ذخیرۂ نفیس حاصل کرتا ہی اور تو نے جو مروت کہ میرے ساتھ کی ہی شکر اُس اشفاق کا ہزار زبان سے ادا نہین کرسکتی ہون موش تو گربہ کی مصاحبت سے سخت کارہ تھا یہ قطعہ پڑھا قطعہ روزگاری است کہ از غایت بیداد درو * نیست ممکن کہ کسے راسر وسامان باشد * چشم میدار کہ واریم بہ عہدے کہ درو * گر کسے بد نکند غایت احسان باشد * اور کہا کہ اب میری خاطر مین آتا ہی کہ یہ زمانہ خلوت کا ہی اور روزگار فراغت کا اُس کے بعد اس سے صحبت اور رسم محبت نہ رکھون گربہ نے کہا اپنا دیدار مجھ سے دریغ نہ رکھ

اور حق دوستی ضایع نہ کر جو شخص کہ بہت محنت سے دوستی پیدا کرتا ہے اور بے موجب
دائرہ محبت سے قدم باہر رکھتا ہے نتیجہ یاری سے محروم رہتا ہے اور سب دوست اُس سے
نا اُمید ہوکر ترک محبت کرتے ہیں **بیت** بدکسے دان کہ دوست کم دارد و بدتر آن
کو گرفت بگذارد ۔ اور مجھ پر تیرا احسان جان بخشی ثابت ہے اور تیری برکت شفقت
سے نعمت زندگانی حاصل ہوئی ہے اور جو کچھ عہدۂ محبت میں نے تجھ سے باندھا ہے
اُسمین مضرت کا اندیشہ زنہار نہ کرنا ۔ توان شنیدن بوے وفاے عہد قدیم ز ہر گلے
کہ دمد تا قیامت از گل ما ۔ اور جب تک کہ میری عمر باقی ہے حقوق تیرے فراموش نہ
کرونگی اور عوض تیرے احسان کا جہان تک میری استطاعت میں ہے بجا لاؤنگی
ہرچند گربہ نے اُس طرح کی باتیں بہت سی کہیں موش نے ایک بھی قبول نہ کی اور جواب دیا کہ
جو عداوت عارضی ہوتی ہے تو ایک آشتگی میں رفع ہو جاتی ہے اور جب کہ دشمنی ذاتی ہو گرچہ
ظاہر میں بناے دوستی مضبوط نظر آئے اُس پر اعتماد نہ کرے کہ اُسکی مضرت بہت اور
منفعت کم ہے اور مجھ میں تجھ میں نسبت جنسیت کچھ نہیں ہے بہتر یہ ہے کہ تو میری صحبت
سے دل اُٹھالے وہ اس قدر جو ہوچکا محض ضرورت سے تھا اب زنہار اسکی امید
نہ رکھنا اور جو کوئی کہ غیر جنس سے آمیزش کریگا اُسے وہ پہونچے گا جو اُس مینڈک کو
پہونچا گربہ نے پوچھا کہ یہ حکایت کیونکر ہے

حکایت موش اور مینڈک

حکایت کہا کہ ایک موش کنارہ چشمۂ آب
ایک درخت کے تلے رہتا تھا اور اُس چشمے میں ایک مینڈک تھا کہ کبھی کبھی کسب ہوا کو
باہر آیا کرتا تھا ایک دن لب چشمہ آکے نغمۂ خوش آہنگ سے صدا کر رہا تھا اس وقت
موش بھی اپنے سوراخ سے زمزمہ کر رہا تھا جب کہ نعرہ مینڈک کا سُنا متحیر ہوکر باہر آیا
اور نغمات مینڈک کے سُنکے ہاتھ پر ہاتھ مارتا تھا اور خوش ہو ہوکے سر ہلاتا تھا مینڈک
کو حرکات اور اطوار موش کے خوش آئے اس لیے طرح آشنائی کی ڈالی لاکن
عقل منع کرتی تھی کہ غیر جنس سے آشنائی کرنا نہ چاہیے اور خواہش تتبع

طمع دوستی پر تحریص کرتی تھی آخرکار خواہش طمع غالب آئی اور باہم دوستی پیدا ہوئی
اکثر حکایات خوش اور روایات دلکش باہم کیا کرتے تھے موش نے ایک دن مینڈک سے
کہا کہ کسی وقت مجھے کوئی ضرورت ہوتی ہی اور اُسوقت تو پانی مین ہوا کرتا ہی اور مین
خشکی مین یہ بات کیونکر بنے کہ مین ہرچند آواز دیتا ہون تو غوغے سے مینڈکون کے
نہین سُنتا ہی لہذا کوئی تدبیر ایسی کیا چاہیے کہ جب مین چشمے کے کنارے آؤن بے
اسکے کہ مین چلّاؤن تو باہر چلا آئے مینڈک نے کہا سچ کہتا ہی تو مین بھی اسی خیال مین
پڑا ہون کہ میرا یار جسوقت لب آب آئے بے پکارے مین آگاہ ہوجایا کرون اور اسے
انتظار کرنا نہ پڑے اور کبھی ایسا ہوتا ہی کہ مین تیرے سوراخ پر آتا ہون اور تو اور جگہ
گیا ہوتا ہی بہت انتظار کرنا پڑتا ہی بارہا مین نے چاہا کہ اس بات کو تجھ سے بیان کرون
مگر تو نے خود اپنے کشف اور صفائی باطن سے میرا مکنون ضمیر معلوم کیا اب تدبیر اس قضیے
کی تیری رائے عالی پر ہی ؎ فکر ہو غور سے ایسی کرے تدبیر کوئی * کہ نہ ہم دونون
مین فرقت سے ہو دلگیر کوئی * موش نے کہا کہ مجھے سررشتہ ہاتھ آیا ہی بہتر یہ ہی کہ ایک رشتہ
دراز پیدا کرکے ایک سرا اُسکا تیرے پانؤن مین باندھون اور ایک اپنے پانؤن مین تاکہ
جب مین لب آب آؤن اس رشتہ کو ہلاؤن بلا تامل تو میرے پاس چلا آئے پکارنا اور
چلّانا نہ پڑے اور جسوقت تو میرے سوراخ پر تشریف لائے اور اُس رشتہ کو ہلائے مجھے خبر
ہوجائے دونون نے اس بات کو پسند کیا اور عمل مین لائے اور ہمیشہ باہم اِسی طرح کیا کرتے
ایک دن موش لب چشمہ آیا چاہتا تھا کہ مینڈک کو بلائے کہ ناگاہ زاغ کی نگاہ اُس پر پڑی
جست کرکے موش کو منقار مین اُٹھا لیا اور ہوا پر اُڑا وہ رشتہ کہ دونون کے پانؤن مین
بستہ تھا مینڈک بھی پانی سے کھنچا اور لٹکتا ہوا موش کے ساتھ چلا جبکہ لوگون کی نگاہ پڑی
تعجب سے کہا کہ مینڈک شکار زاغ کا نہین ہی یہ کیا تماشا ہی کہ نظر آتا ہی مینڈک نے کہا کہ ابھی
مینڈک شکار زاغ کا نہین ہی یہ شومی موش کی مصاحبت کی ہی اگر مین غیر جنس سے

مصاحبت نکرتا تو اِس بلا مین نہ پڑتا اور حاصل اِس مثل سے یہ ہی کہ کوئی ناجنس سے دوستی
نہ کرے تا مینڈک کی طرح رشتۂ بلا مین لٹکا یا نہ جائے اور مجھے داعیہ یہ ہی کہ اپنی جنس سے بھی
آمیزش نہ کرون اور غیر جنس کا تو کیا دخل ہی گربہ نے کہا کہ پہلے اُس تعلق سے مجھے اپنا فریفتہ کیا اور
جب کہ دام دوستی مین پابند ہوئی تو اب رشتۂ مواصلت قطع کرتا ہی موش نے کہا کہ مجھے اُسوقت
تجھے احتیاج تھی عاقل جسوقت کہ رنج مین پڑے اور اُسکی مخلصی دشمن کی دوستی پر موقوف ہو تو
ضرور ہی کہ اُس سے دوستی پیدا کرے اور بعد رفع حاجت کے اگر ضرر اُس سے متصور ہو تو
اُسکی صحبت سے پرہیز کرے اور یہ بات از روے عداوت اور شقاوت کے نہین ہی جیسا
کہ بچے چارپایون کے شیر کے واسطے اپنی ماؤن کے پیچھے پھرتے ہین اور جب ایام
شیرخوارگی کے نہین رہتے ہین کچھ انس بچون مین اور ماؤن مین نہین رہتا ہی کوئی
عاقل اِسکو عداوت پر حمل نہ کرے گا پس ایسے محل مین جب فائدہ منقطع ہو جائے تو
ترک ملاقات بہتر ہی دوسرے عمدہ سبب یہ ہی کہ تیری اصل خلقت میری دشمنی پر ہوئی ہی
ایسے مقام مین اگر بضرورت دوستی کی صورت بھی پیدا ہووے تو اعتماد کے لائق نہین ہوتی
ہی جبکہ غرض درمیان سے اُٹھ گئی پھر طبیعت ہر ایک کی اپنی اصل کی طرف رجوع کرتی ہی جیساکہ
پانی جبتک آگ پہ ہی گرم رہے گا اور جب آگ سے جدا کرینگے سرد ہو جائیگا اور یہ سب جانتے
ہین کہ کوئی دشمن موش کا گربہ سے زیادہ نہین ہی اور مین تیرے اشتیاق کا کچھ سبب
نہین پاتا ہون سوا اسکے کہ ایکدن مجھے نوش فرمائے اور تادیل ایسی نہین ہی کہ مین تیرا
فریفتہ ہون اور تیری بات کا یقین کرون گربہ نے کہا کہ تو یہ باتین از روے عداوت کرتا ہی
یا نفس الامر مین یا ہنر عقل و مطائبہ سے کہتا ہی موش نے کہا کہ جانبازی مین جگہ بازی کی نہین
ہی یہ بات از روے تحقیق کے کہی مین نے اور اسپر یقین واثق ہی مجھے کہ سلامتی میری آئین ہی
کہ تجھ سے زبردست سے پرہیز کرون اور جو شخص کہ عاجز ہوا اور دشمن قوی سے پرہیز نکرے
اُسے ایسا زخم پہونچتا ہی کہ کسی مرہم سے التیام نہین پاتا ہی بیت ہر آن کہتر کہ با مہتر ستیزد

چنان افتد کہ ہرگز بر نخیزد ٭ مصلحت یہی ہو کہ مین تجھ سے پرہیز کرون اور تو صیاد سے ڈرتی رہے اور میری تیری ملاقات روحانی اور معرفت خیالی بہتر ہو نہ ظاہری اور فقط اتنے کے لیے کہ تو نے میرے باعث اور مین نے تیرے سبب سے دشمنون سے نجات پائی عوض اسکا فقط معرفت دنیا کی کفایت کرتی ہو اور مضمون اس بیت کا کافی ہو بیت غم نہین ای جان اگر ظاہر مین فرقت ہو مجھے ٭ دیدۂ باطن سے نظارۂ کفایت ہو مجھے ٭ اب اسیر مختصر ہو کہ اجتماع میرا تیرا محال ہو اور نقطہ انفصال[۱] کا دائرۂ قیل و قال سے خارج ہو پس اس کلمہ پر خاتمہ ہوا اور دونون اپنی اپنی نزلگاہ کو روانہ ہوے خردمند روشن راے کو اس حکایت سے فائدہ یہ ہو کہ دشمن کے ساتھ حاجت کے وقت صورت صلح ضرور سمجھے اور حصول مدعا کے بعد رعایت اور محافظت جان و تن کی واجب جانے سبحان اللہ ایک موش کو باین عجز و ضعف اتنی آفات محیط ہوئین اور دشمنان غالب نے گھیر لیا اُن مین سے ایک دشمن کو دوست بناکے اور اُس کے وسیلہ محبت سے سب دشمنون سے نجات پائی اور اُسکے بعد عہدۂ وفاداری کو بھی بجا لایا اور گربہ سے اپنی حفاظت بھی کی اگر ارباب خرد اور فراست اس تجربہ کو اپنا دستور العمل بنائین اور مہم کے وقت ایسے اشارات کو اپنا مقتدا ر کار کرین تو کیونکر اُن کے کام استحکام کو نہ پہونچین اور کس طرح سعادت اور کرامت سے محروم رہین قطعہ

ہر آن کسی کہ کند پیروی اہل خرد	ہیچ وجہ ملالے بحال او نرسد
ز آب تجربہ چون گرد فتنہ بنشاند	غبار نقص بروے کمال او نرسد
بناے رفعت اگر بر اساس حزم نہد	خلل بمرتبہ و جاہ و جلال او نرسد

باب آٹھوان ہی احتراز کرنے مین ارباب حقد سے اور اُن کے تملق اور اخلاق پر اعتماد کرنے مین

[۱] نقطہ انفصال وہ نقطہ ہو کہ جہان سے دائرہ شروع ہوتا ہو اور وہین منتہی ہوجاتا ہو ۱۲

باب ہشتم

رائے وا لبشلیم نے حکیم سے کہا بیت اے چو صبح آفرین سرتا بپا صدق و صفا ٭ وے چو عقل اولین پاتا کبسر فضل و ہنر ٭ وہ تقریر کہ عیب سے مبرا اور وہ توجہ کہ شک و ریب سے معرا تھی بیان فرمائی تو نے اسکے حق مین کہ دشمن جابر متوجہ اسکے ہوے اور کسی طرف سے راہ گریز کی نہ باقی رہی اور انہین سے ایک سے دوستی پیدا کرکے اور راہ صلح کی نکال کے اور مدد سے اُسکی مصالحت کے اوروں کی مضرت سے بچا اور جو عہد کہ اس دشمن سے اس حادثے مین باندھا تھا اُسے بھی وفا کیا اور اپنی ذات کو بھی اسکے ضرر سے محفوظ رکھا اور بدولت احتیاط کے گرداب آفات سے ساحل نجات پر پہونچا اب التماس یہ ہے کہ داستان اہل مکر و عداوت کی بیان کیجیے احتراز اور اجتناب ان سے بہتر ہے یا انبساط اور اختلاط اور اگر ان مین سے کوئی ارادہ ملائمت اور التفات کا کرے تو اُسکے ساتھ کیا معاملہ کرے برہمن نے کہا بیت اے چو وہم انداختہ آزمایش دوربین ٭ وے چو عقل از ابتدائے آفرینش کاردان ٭ جس نے کہ فیض روح القدس سے بہرہ پایا اور عقل کی مدد سے متمسک ہوا ہر آئینہ سب کام مین احتیاط واجب جانے گا اور موضع خیر و شر اور نفع اور ضرر کو خوب پہچانے گا اور اسپر یہ بات پوشیدہ نہ رہیگی کہ دوست آزردہ کہ جس نے عقوبت رنج پایا ہو اس سے پہلوتہی کرنا یہ سلامتی سے نزدیک ہے اور کینہ کوشون کے مکر سے اور جو فروشان گندم نما کے غائلہ غدر سے پرہیز کرنا باعث ہے امن و امان کا خصوصا وہ لوگ کہ تغیر جنکے باطن کا اور تفاوت اعتقاد کا چشم خرد سے معائنہ مین آیا ہو اور حد شر اور غدغہ انکے دلون کا نظر بصیرت سے مشاہدہ کیا ہو ان سے اجتناب واجب جانے **مثنوی** یاد رکھ جو تجھ سے ایذا پائیگا ٭ وہ ضرر اکدن تجھے پہونچائیگا ٭ اپنے دشمن کو جلا دیگا اگر ٭ تو دھوان بنکر تجھے رلوائیگا ٭ اور جو کوئی اہل کینہ سے علامت عداوت کی کچھ دیکھے اس کی چرب زبانی اور تلطف پر ہرگز فریفتہ نہ ہوئے اور جانب ہوشیاری اور عاقبت اندیشی کی فروگذاشت نہ کرے اگر

حکایت چنڈول اور ابن مدین بادشاہ کی

اس سے غفلت کرے گا تو قابو کے وقت تیر اُسکی تدبیر کا اُسکے ہدف جان پر ایسا بیٹھے گا کہ
پھر مدافعہ اُسکا امکان سے باہر ہو جائیگا **بیت** ایمنی از خصم محنتہاے بسیار آورد
تخم غفلت ہر کہ کارد رنج و غم بار آورد۔ اور اس باب مین جتنی حکایتین ہین اُن مین
سے ایک حکایت کہ جو دانشمندون کے دفتر خاطر پر لکھی گئی ہے **حکایت** ابن مدین
بادشاہ اور قبرہ جانور کی ہے کہ عربی مین قبرہ اور فارسی مین چکاوک اور
ترکی مین **قرلاق** کہتے ہین اور کباب اُسکا درد قولنج کے واسطے مفید ہے بادشاہ نے
پوچھا کہ یہ حکایت کیونکر ہے **حکایت** کہا کہتے ہین کہ ایک بادشاہ تھا اُسکو ابن مدین
کہتے تھے ہمت عالی اور راے روشن رکھتا تھا اور قصر رفیع المقدار اُسکی سلطنت کا
معمار سعی و شوکت سے قبہ آسمان تک پہونچا تھا اور اُسکی بناے وسعت فضا ہندسہ حشمت
کی حد سے ذروۂ افلاک سے گذری تھی ایک مرغ سے کہ اُسے قبرہ کہتے ہین اُنس
تمام رکھتا تھا اور وہ مرغ حسن کامل اور نطق دلکشا اور صورت مطبوع اور ہیئت زیبا
سے خلق کیا تھا بادشاہ اُس سے باتین کیا کرتا تھا اور وہ جواب شیرین اور نطق دلکش
اور مثلہاے رنگین سے بادشاہ کو خوش کیا کرتا تھا قضارا قبرہ کے جوڑے نے
بادشاہ کے محل مین انڈے دیے اور ایک بچہ پیدا ہوا بادشاہ نہایت سرور سے
اُسے اپنی حرم سرا مین لایا اور ملازمین حرم سرا کو حکم دیا کہ اس بچہ کی پرورش مین کوشش
بلیغ کرین اور اُسی دن بادشاہ کے فرزند پیدا ہوا کہ انوار نجابت اُسکی پیشانی سے
تابان اور آثار سعادت اُس کے صفحۂ حال سے نمایان تھے بادشاہ اُس کے بچے کو
مبارک قدم سمجھ کے زیادہ تر عزیز رکھتا تھا بچہ قبرہ کا اور شاہزادہ ایک ہی جگہ
پرورش اور نشو و نما پاتے تھے اور ان دونون مین باہم اُلفت عظیم پیدا ہوئی
ملک زادہ رات دن اس بچہ سے کھیلا کرتا تھا اور قبرہ جنگل سے دو پھل میوے
کے ہر روز لاتا تھا کہ اُسے کوئی نہین پہچانتا تھا ایک اپنے بچے کو کھلاتا تھا اور

ایک شاہزادے کو دیتا تھا یہ دونون کمال ذوق سے کھاتے تھے اور اُسکی منفعت
سے ہردم ترقی پاتے تھے اور اس خدمت کے وسیلے سے ہر روز قدر و منزلت قبرہ کی بڑھتی
جاتی تھی ایک عرصہ دراز اسی طرح گذرا اور زمانے نے بہت سے اوراق سیاہ و سفید
لیل و نہار کے اُلٹے کہ ایک دن قبرہ غائب تھا اور اُسکا بچہ شاہزادہ کے ہاتھ پر بیٹھا
تھا کہ اتفاقاً اُسنے جست کی اور ناخون کی خشونت سے شاہزادہ کا ہاتھ چھل گیا
شاہزادے نے غصے مین آکر دونون پانون اُس کے پکڑے اور پھرا پھرا کر زمین پر
مارا کہ استخوان اُس کے ریزہ ریزہ ہوگئے جبکہ قبرہ آیا اور اپنے بچے کو ہلاک پایا
قریب تھا کہ اُسکا مرغ روح قفس قالب سے پرواز کرے اور اس واقعہ ہائلہ جانکاہ
سے نزدیک تھا کہ ہلاک ہوجائے زیادہ تر فریاد کرتا تھا اور یہ اشعار مؤلف کے
پڑھتا تھا **اشعار** فلک نے مجھکو دیا داغ نوجوان افسوس ٭ مہ دو ہفتہ ہوا خاک
مین نہان افسوس ٭ بھلا ہو خاک مری زیست جب نہان ہو جائے ٭ انیس
جان و دل آرام و نکتہ دان افسوس ٭ ملا یا خاک مین اس رشک ماہ تابان کو ٭
زمین پہ گر نہ پڑا کیون یہ آسمان افسوس ٭ بعد جزع بسیار اور فزع بے شمار اپنے دل
مین کہا کہ یہ آتش بلا تیری ہی افروختہ کی ہوئی ہے تجھے کیا کام تھا کہ سر دیوار بادشاہ
تونے آشیانہ کیا اگر سر غار پر کہین گھر بناتا اور کسی گوشہ مین قناعت کرتا تو مبتلا اس بلا
کا نہوتا حکیمون نے کہا ہے کہ بیچارہ وہ شخص ہے کہ جو صحبت جبارون کی اختیار کرے
کہ باگ اُنکے توسن قول و قرار کی نہایت سست ہوتی ہے اور بناء اُنکے وفا
کی بہت ضعیف ہمیشہ اُنکا رخسارہ مروت آسیب جفا سے خراشیدہ رہتا ہے
اور سرچشمہ جوانمردی خاک ناانصافی سے پٹا رہتا ہے اور اخلاص اور
محبت کی ان کے آگے کچھ توقیر و عزت نہین ہے ٭ ہے مثل مشہور آسکا طرز خدمت بے
عبث ٭ جو شجر ہے بے ثمر اُس پہ مشقت ہے عبث ٭ عفو کرنا صفت محمود ہے جو انمردون

کے مذہب مین انتقام ناروا ور حرام سمجھتے ہین اور اُس گروہ کی ملازمت سے
کہ جو خدمت مخلصون کی فراموش کرتے ہین اجتناب واجب تھا اور اُس گروہ
کی ملازمت سے جو رابطہ محبت بے غرض کو بُھلا ڈالتے ہین کنارہ فرض تھا بیت
حق صحبت جسکو ہی ملحوظ بس انسان ہی وہ ٭ جو نہ سمجھے حق صحبت بدتر از حیوان ہی
وہ ٭ اور مین نے اُس قوم سے آمیزش کی کہ اپنے بڑے گناہون کو تھوڑا جانتے
ہین اور غیر کے تھوڑے سے سہو کو بڑا گناہ سمجھتے ہین لیکن مین فرصت نہ دون گا
جب تک کہ انتقام اپنے بچّے کا اس ظالم بے رحم سے کہ اپنے ہمنشین اور مونس کو بے موجب
قتل کیا اور اپنے ہم خانہ کو بلا سبب ہلاک کیا ہی نہ لونگا یہ کہا اور جست کرکے بادشاہ
کے بیٹے کی پنجون سے آنکھین نکال لے گیا یہ خبر بادشاہ کو پہونچی زار زار رویا اور
اپنے دل مین کہا کہ کسی حیلہ سے اس مرغ کو دام فریب مین لا کے قفس بلا مین
محبوس کرون اور جو سزا کہ چاہیئے اُسے انتہا کو پہونچاؤن اسکے بعد بادشاہ دیوار
کے قریب آیا اور قبرہ سے کہا کہ ای مونس روزگار دیوار کے نیچے آ کہ تجھکو امان ہی
جو کچھ کہ ہوا سو ہوا اب صحبت میری برہم نہ کر اور نہال عیش میرا پژمردہ نہ بنا قبرہ نے
کہا کہ ای بادشاہ تیری متابعت اب ضرور نہین ہی مین نے ایک مدت مین تامل کرکے
تیری قربت اختیار کی تھی اور دل مین عہد کیا تھا کہ قبلۂ امن اور کعبہ امان سوائے
درگاہ بادشاہ کے اور نہ بناؤنگا اور مرکب اپنی ہمت کا سوائے میدان ملازمت شاہ
کے اور جگہ نہ دوڑاؤنگا گمان یہ تھا کہ تیرے سایہ عنایت مین مانند کبوتران حرم کے
مرفہ الحال اور فارغ البال رہون گا اب کہ خون میرے بچے کا حریم حرم
بادشاہی مین بز قربانی کے مانند حلال رکھا گیا ہی کیونکہ مجھے آرزو اس گھر کے طواف
کی باقی رہے اگر مین جانتا کہ جان شیرین کا عوض ہی تو لبیک زنان احرام
باندھتا لیکن بیت مرغے کہ رمیدہ گرد داز دام ٭ من بعد بدانہ کے شود رام

بعض نسخہ
بچن
بر من
امروز
بیست
رفتہ بیکار
کئی
خون

اور مرد زیرک ایک بات کو دو بار نہین آزماتا ہی اور زخم دندان مار دو دفعہ
ایک سوراخ مین نہین کھاتا ہی **بیت** آزمودہ کو مقرر آزمانا قہر ہی ✿ جسمین غذا سے
ہو ضرر پھر اسکا کھانا زہر ہی ✿ **ایضاً** جانور اکبار چھٹکر دام مین آتا نہین ✿ پھر فریب
دانۂ صیاد وہ کھاتا نہین **بیت** نشنودی این مثل را کارباب عقل گفتند ✿
من جرب المجرب حلت به الندامة ✿ اور بھی ضمیر منیر بادشاہ پر از روے اخبار حکما
روشن ہوگا کہ گنہگار کو نڈر نہ رہنا چاہیئے اور جو کوئی غفلت کریگا عذاب الیم مین مبتلا
ہوگا اور اگر اتفاقاً وہ بذات خود بچ رہیگا تو اُسکی اولاد تلخی چکھیگی کیونکہ طبیعت عالم
اسی طرح خلق ہوئی ہی جب کہ بادشاہ کے بیٹے نے میرے بچے سے دغا کی اور مین نے
بے اختیاری قلق مین اُسے الم پہونچایا اب مطمئن ہونا عقل دور بین سے دور ہی اور
یہ ممکن نہین ہی کہ کوئی شخص ساغر ستمگاری سے جرعہ نوش کرے اور خمار بلا مین گرفتار
نہو مگر بادشاہ نے حکایت دانادل اور چورون کی نہین سُنی ہی اور چورون کو مکافات
کا ملنا سمع شریف مین نہین پہونچا ہی بادشاہ نے پوچھا کہ یہ قصہ کیونکر ہی **حکایت**
کہا کہتے ہین کہ شہر رقہ مین ایک درویش تھا اخلاق پسندیدہ اور آداب
ستودہ سے آراستہ اور اقوال اور افعال اُسکے مکارم اوصاف سے پیراستہ تھے اور
عمائد شہر سب اُسکے بہت معتقد تھے ایکدن وہ متوجہ بیت اللہ کی زیارت کا ہوکر سفر
کو بے رفیق و ہمراہ چلدیا ناگاہ راہ مین ایک گروہ قزاقون کا اُسے ملا گمان اُنکو تھا
کہ یہ بہت مالدار ہی ارادہ قتل کا کیا دانادل نے کہا کہ میرے پاس مال دُنیا سواے
توشۂ حج اور نہین ہی اگر غرض تمھاری وہ مال ہی تو لیجاؤ اور مجھے چھوڑ دو مین بطریق
توکّل چلا جاؤنگا اُن بے رحمون نے اُسکی بات پر التفات نہ کیا اور تلوار
کھینچی بیچارہ متحیر ہر طرف دیکھتا تھا اور مددگار ڈھونڈھتا تھا اس میدان
وحشت ناک اور صحراے سنگین مین کوئی متنفس نظر نہ آیا اور پھر دیکھا کہ

حکایت درویش و دانا دل

ایک جوق کلنگون کا اُڑ رہا ہی دانا دل نے آواز دی کہ ای کلنگو مین اس بیابان
مین اِن ستمگارون کے ہاتھ پڑا ہون اور سوائے حضرت عالم الخفیات کے کوئی میرے
حال سے آگاہ نہین ہی تم انتقام میرے خون کا اس جماعت نا خدا ترس سے اگر ہوسکے
تو لینا قزاق ہنسے اور کہا کہ کیا نام ہی تیرا اُس نے کہا کہ مجھے دانا دل کہتے ہین قزاقون
نے کہا کہ تیرا دل وانائی سے بے خبر بلکہ تو سخت بے عقل ہی اور جو کہ بے عقل ہو اُسکے
مارنے مین کچھ وبال نہین ہی یہ کہکر اُسے قتل کیا اور مال سب لے گئے جب کہ یہ خبر
اہل شہر کو پہونچی تاسف کیا اور سب اس فکر مین رہے کہ گشندے کسی طرح معلوم
ہون بعد ایک مدت کے اکثر اہل شہر عید کے دن عیدگاہ مین حاضر تھے اور قاتل
دانا دل کے بھی اُس مجمع مین بیٹھے تھے کہ ایک فوج کلنگون کی ہوا پر پیدا ہوئی اور
کلنگین قزاقون کے سر پر اُڑنے لگین اور اتنا شور کرتی تھین کہ لوگ آواز ایک دوسرے
کی نہ سُنتے تھے ایک قزاق نے ہنسکے اپنے یار سے کہا کہ کلنگین وہی نہون کہ دانا دل کے
قتل کے وقت حاضر تھین اتفاقاً ایک شخص کہ جو اُنکے نزدیک بیٹھا تھا اُس نے یہ بات سُنی
اور اُسنے دوسرے سے کہا آخر شدہ شدہ حاکم تک خبر پہونچی اُنکو گرفتار کیا اور تھوڑے
سے مطالبہ مین اُنھون نے اقرار کیا فوراً قصاص لیا گیا اور مکافات ناحق پائی قطعہ

کہ گر در ہمہ عالم کمان ظلم بزہ	کہ تیر لعنت جاوید را نشانہ نشد
کہ ورزمانہ بے اعتبار طرح ستم	خیال بست کہ خود عبرت زمانہ نشد

اور یہ مثل اس واسطے لایا ہون تا بادشاہ معلوم کرے کہ میری جرأت شاہزادے پر بسبب تقاضائے
مکافات تھی ورنہ مجھ مرغ شکستہ بال کو یہ قوت کہان تھی جو یہ صورت وقوع مین آئی اب حکم
حاکم خرد کا یہ ہی کہ تیرے فرمانے پر نہ چلون اور تیرے فریب اور خدع پر اعتماد کرکے کنوئین
مین نہ گرون بلکہ واجب ہی کہ مین تیری صحبت سے عذر کرون بادشاہ نے کہا جو کچھ کہ تو نے کہا
عین حکمت اور سراپا صدق ہی لیکن گناہ ابتدا کرنیوالے پر ہوتا ہی نہ قصاص کرنیوالے پر بلکہ یہ

گناہ میرے بیٹے کا تھا کہ بے گناہ تیرے بچے کو قتل کیا اور تونے جو کیا وہ حکم خدا کے موافق کیا بلکہ احسان کیا تونے کہ تیرا بچہ قتل ہوا اور تونے فقط اُسکی آنکھوں پر گزند پہونچایا اس صورت مین نہ تجھہ پر کراہیت متوجہ ہوئی ہی اور نہ مجھے آزار رسانی لازم ہی اور تو میری بات پر اعتماد کر اور ارادہ جدا ہونے کا نہ کر اور مین اپنے نزدیک عوض سے عفو کو بہتر جانتا ہون کہ ہنر جوانمردون کا یہی ہی لہذا مین ہرگز دست رد پیشانی ہنر پہ نہ مارونگا اور روے قبول عیب کی جانب نہ لاؤن گا بلکہ مدعا میرا یہ ہی کہ مکافات بدی کی نسلی کرون اور مجھے اگر کوئی ضرر پہونچا ئے تو اُسکو مین نفع پہونچاؤن رباعی

ما عادت خود بہانہ جوئی نہ کنیم	جز نیکی وخیر و نکوئی نہ کنیم
آنہا کہ بجاے ما بدیہا کردند	گر دست دہد بجز نکوئی نہ کنیم

قبرہ نے کہا کہ تیرے نزدیک میرا پھر آنا ممکن نہین ہی کہ خردمند مصاحبت دلخستناک سے پہلو تہی کرتے آئے ہین اور ذفتر قواعد با فوائد مین بزرگون نے لکھا ہی کہ مردم دانا آزردہ خاطر کی جتنی کوئی دلجوئی کرے اُتنی اُنکی بدگمانی اور نفرت زیادہ ہوتی جاتی ہی اور ہرگز اُس سے غفلت نہین کرتے ہین نظم

عزیز من چو آزردی کسے را	مرا عاقبت مکن تا مے توانی
کہ ہر چند از تو خدمت بیش بیند	مرا اندیشہ گردد بدگمانی

بادشاہ نے کہا کہ اے قبرہ تجھے مین بجاے فرزندون اور عزیزدن کے جانتا ہون بلکہ عزیز و اقربا سے اُتنی اُلفت نہین ہی جو تجھہ سے ہی پھر کوئی اپنے عزیزدن اور مخلصون سے بدی کرتا ہی قبرہ نے کہا کہ حکمانے حال اقربا کا بتفصیل بیان کیا ہی کہ مان اور باپ دوستون کے مانند ہین اور بھائی رفیقون کے مانند ہین ماموں و چچا اُستادون کے مرتبے مین ہین اور عورت مقام مین ہمصحبتون کے ہی اور لڑکیان دشمنون کے مانند ہین اور خویش و اقربا بیگانون کے مرتبے مین ہین مگر بیٹا بقاے ذکر کے واسطے ہی اور اپنی ذات کے مانند حساب کیا جاتا ہی اور عزت و حرمت مین بیٹے کا کوئی شریک نہین ہی اور مین ہرگز بیٹے کے برابر تجھے عزیز نہ ہونگا اور بر تقدیر یہ اگر تو مجھے فرزند کے برابر جانے

لیکن جب کہ بلا نازل ہوگی اور ہجوم آفت ہوگا اُسوقت کیا تو مجھے چھوڑ دے گا اور
ہر چند کوئی دوست کہتا ہو کہ مین جان تجھ پر فدا کرون گا لیکن جب کہ فتنہ حادث ہوتا ہی
اور کام اُس حد کو پہونچتا ہو کہ جان جانے کی جگہ آتی ہو تو بے شبہ اپنی جان کو مضیق بلا
سے عرصۂ سلامت کی طرف کھینچتا ہو اور جان ہرگز نثار نہین کرتا ہو شاید کہ بادشاہ نے
حکایت اُس بڑھیا اور مہستی کی نہین سُنی ہو بادشاہ نے کہا کہ یہ کس طرح پر ہو **حکایت**
کہلے کہتے ہین کہ کوئی عورت کہن سال فرسودہ حال ایک بیٹی رکھتی تھی مہستی نام کہ ماہ تمام اُسکے
رخسارۂ درخشان پر رشک کرتا تھا اور آفتاب جہان افروز اُسکے عکس عارض سے خجل ہوتا تھا
بیت شیرین سخنی کہ ہوش مے برد ٭ رونق ز شکر فروش می برد ٭ ناگاہ چشم زخم روزگار
سے بیمار ہوئی اور سر بالین رنجوری پر رکھا اُسکے گلشن جمال نے گل ارغوان کی جا شاخ
زعفران پیدا کی اور سمن تازہ تاب حرارت سے بے آب اور سنبل پر شکن تپ محرق سے
تاب مین ہوا پیرزن اُسکے گرد پھرتی تھی اور زار زار ابر بہار کے مانند روتی تھی اور کہتی
تھی کہ اے جان مادر مین بیچاری اپنی جان تجھ پر قربان کرتی ہون اور تو سلامت رہے
اور ہر سحرگاہ نالہ و آہ سے کہتی تھی کہ اے خدا تو اس جوان جہان نادیدہ کو صحت دے اور
اس پیر فرتوت کو کہ اپنی عمر سے بیزار ہو اُسپر تصدق کر دے اور یہ ابیات پڑھتی تھی **ابیات**
از عمر من انچہ ہست بر جاے ٭ بستان و بعمر او بیفزاے ٭ گرچہ شدہ ام چو موے از غم ٭
یک موے سیاہ از سرش کم ٭ القصہ جو کچھ کہ مہر مادری کے لائق تھا وہ پیرزن کہتی اور اپنی
عمر ہر روز اُسکو بخشتی تھی اتفاقاً ایک مادہ گاو رات کو چھوٹ کے مطبخ مین آئی اور کھانے
کی بو سے دیگ مین مُنہ ڈالا اُسکے بعد چاہا کہ سر نکالے سینگ اُسکے دیگ مین اُلٹ گئے
مادہ گاو دیگ کو سر پر لیکے باورچیخانہ سے باہر آئی اور گھر مین ادھر اُدھر دوڑتی پھرتی تھی
اور اس بڑھیا کو یہ قصہ معلوم نہ تھا آنکہ جو اُسکی کھلی گاو کو اس شکل و شمائل سے دیکھا متحیر
ہوئی کہ ایسی چیز کبھی نہ دیکھی تھی اس سیاہی شب مین یقین ہوا کہ یہی ملک الموت ہو جو

ہر روز اپنی موت مانگتی تھی شاید وہ دعا قبول ہوئی اس سبب سے یہ آیا ہی تا جھستی کے بجاے میری جان قبض کرے بڑھیا نے کہا جیسا ملا جامی علیہ الرحمۃ فرماتے ہین **مثنوی**

ملک الموت من نہ مھستی ام	من یکے پیرزال محنتی ام
گر تو خواہی کہ جانش بستانی	اندرون خانہ ہست ناوانی
گر ترا مھستی ست اندر کار	انیک او را ببر مرا بگذار
بے بلا نازنین شمرد اورا	جون بلا دید در سپرد اورا
تا بدانی کہ نیست در خطرے	ہیچکس را ز خود عزیز ترے

اے بادشاہ آج مین خلائق سے مجرد ہون اور علائق سے پاک اور مین نے تجھ سے اتنا فیض پایا ہی کہ میری جان گرانبار ہی اب زیادہ اس سے بوجھ اُٹھانے کی طاقت نہین ہی اے شہریار انصاف کر کہ کون ایسا جانور ہی کہ اُسے یہ طاقت ہو کہ اُسکا جگر گوشہ آتش بیداد پر کباب کیا جائے اور میوۂ دل باد ظلم سے تاراج کیا جائے اور اُسکی آنکھون کی روشنائی ظلمت فنا سے سیاہ کی جائے اور اُسکی راحت جان آگے سے اُٹھ جائے یعنی جگر گوشہ اُسکا بے سبب قتل کیا جائے کیونکہ اُسکو صبر اور اعتماد آئے اور دریاے تاسف موج مار کے کشتی صبر کو گرداب اضطراب مین کیونکر نہ ڈبائے اور شعلۂ آتش اُسکی متاع شکیبائی کو کس طرح نہ جلائے بادشاہ نے کہا کہ یہ بات جو تجھ سے وقوع مین آئی اگر ابتدا تجھ سے ہوتی تو البتہ یہ ہنیرا د خوف تجھے لازم تھا تو نے تو بر سبیل قصاص کام کیا بلکہ جو کام کہ میرے فرزند نے کیا اتنا تو نے نہین کیا کہ تیری آنکھ سے تیرا بچہ بالکل معدوم ہو گیا اور تو نے فقط آنکھین اُسکی نکالی ہین بھلا مین اسے دیکھون گا تو اُسکی باتین تو سنون گا یہ تیرا احسان ہی جیسا کہ چاہیے ویسا تو نے قصاص نہین لیا اب اس صورت مین تجھے اندیشہ کیا ہی اور کیون مجھسے مفارقت کرتا ہی کہ تو اُس فرزند ناخلف کے پیدا ہونے سے پہلے میرا انیس تھا اب ایسا نکر کہ باقی عمر مین غمگین رہون اور ملال و رکلال مین بسر کرون اور یہ تیری مثل اس مطرب کے مثل ہی قبرہ نے پوچھا کہ یہ کس طرح پر ہی **حکایت** کہا کہ ایک بادشاہ

حکایت مطرب و غلام و بادشاہ

تھا کہ ایک مطرب شیرین نوا اور خوش گلو اور دلفریب اُسکا ملازم تھا کہ اُس سے خوشگوار تر
بیان اور الحان مین فلک ارغنون سازنے دوسرا شخص پردۂ زمین پر نہ دیکھا تھا بادشاہ
اُسکے نغمۂ دلاویز سے خوش ہوتا تھا اور اُس مطرب کا ایک غلام کہ نہایت زکی تھا اور یہ
اُسکو سازندگی اور تعلیم مشفقانہ دیا کرتا تھا تھوڑے سے عرصے مین غلام اُستاد سے زیادہ
ہو گیا جبکہ بادشاہ کو حال اُس غلام کا یہ معلوم ہوا اُبلا کے بجانا اُسکا سُنا اور نہایت التفات
کیا تا بحدے کہ ندیم بادشاہ کا ہوا اور بادشاہ ہمیشہ اُسکے نغمات مسیحا دم سُنا کرتا تھا اور
محظوظ ہوتا تھا اور ہر روز قدر افزائی اُسکی اقران سے زیادہ کرتا جاتا تھا اس سبب سے
مطرب کے دل مین رگ حسرت حرکت کرنے لگی آخر غلبۂ خباثت سے غلام کو مار ڈالا یہ خبر بادشاہ
کو پہونچی حکم کیا کہ مطرب کو حاضر کرین جبکہ مطرب حاضر ہوا بادشاہ نے عتاب کیا کہ نہ جانتا تھا تو
کہ مین نشاط دوست ہون اور میری نشاط دو قسم پر تھی ایک نوازندگی تیری جلوت مین
اور دوسرے سازندگی غلام کی خلوت مین یہ دونون میری باعث سرور تھین کیا سمجھ کے
بیگناہ کا خون کیا اور آدھی نشاط میری باطل کر دی سچ بتا کہ کس طرح تو نے غلام کو مارا کہ
اب وہی شربت اجل جو تو نے غلام کو پلایا ہی تجھے بھی پلاؤن کہ باعث عبرت ہو تا پھر ایسی
حرکت کا کوئی ارادہ نہ کرے مطرب نے بادشاہ کے قول کو دلیل پکڑ کے عرض کیا کہ اے شہریار واقعی
مین نے بد کیا کہ آدھی نشاط بادشاہ کی باطل کی اب شہریار مجھے مار کے تمام نشاط اپنی کیون
باطل کرتا ہی بادشاہ کو یہ بات خوش آئی اور اُس کے قتل سے درگذرا اے قبرہ غرض اس مثل سے
یہ ہی کہ نشاط میری دو طرح پر ہی ایک دیدار فرزند ارجمند کا دوسرے کلمہ اور کلام تجھ سے
سعادت مند کا سو نصف تو ہاتھ سے جا چکی اب دوسرے نصف کو کیون کھوتا ہی اور میری
جمعیت خاطر کو کیون تو پریشان کرتا ہی **بیت** خود مکن بیگانگی بارے چو مے دانی کہ حیف
آشنایان را چو یکدیگر جدائی مید ہد + قبرہ نے کہا کہ کینہ زادہ سینہ مین ایسا چھپا رہتا ہی کہ
کسی کو اسپر اطلاع نہین ہوتی ہی پس جو کچھ کہ زبان کہے اعتماد اُس پر نہ چاہیے اسواسطے کہ

۹ نوازندگی بانسری بجانا ۱۲

زبان اس بات مین کہ جو مضمون دل مین بے علمی کے سبب سے چھپا ہی اُسے سچ ادا نہین
کر سکتی ہی اور ایک آنکھ ہی کہ نہاں خانۂ دل مین پوشیدہ رہتی ہی اِس لئے دل ایک کا
دوسرے کے رازدل کو خوب دیکھتا ہی بحکم اس کے کہ القلب تتشاہد یعنی دل لوگون کے مقالات
راز مین باہم گواہ ہوتے ہین اور زبانین اُس سے محرم نہین ہوتی ہین اور یہ بیت اسپر
گواہ ہی **بیت** سچ مثل ہی دل سے دل کو راہ ہی ٭ رازدل سے کب زبان آگاہ ہی ٭ زبان
جو کچھ کہے وہ اکثر اہل زمانہ کے موافق نہین ہوتا ہی اور دل مین جو ہی زبان اُسکے بیان
کرنے مین صادق نہین ہوتی ہی کیونکہ وہ لوگ کمتر ہین کہ زبان و دل جنکا یکسان ہوا ے
بادشاہ مین تیری صولت صعوبت خوب جانتا ہون اور تیری نہیب سیاست سے بہت
ماہر ہون اور مین پہلے بھی تیرے اطوار جباری سے غافل نہ تھا اور اب تو کسی وقت اور کسی طرح
تیری ہیبت سے نڈر نہ رہونگا اور تیری سطوت کا خوف مجھے ایک دم آرام نہ لینے دیگا
اور سُن اے بادشاہ مین اُن لوگون مین نہین ہون کہ طبیب نے اُس سے کہا کہ درد شکم سے
پہلے تیری آنکھ کی دوا مناسب ہی بادشاہ نے کہا یہ قصہ کیونکر تھا **حکایت** قبرہ نے
کہا کہ ایک شخص درد شکم سے بیقرار تھا طبیب کے پاس گیا اور زمین پر لوٹنے لگا اور
صعوبت الم سے زار زار روتا تھا اور یہ مصرعہ پڑھتا تھا مصرعہ اے طبیب آخر علاجے
کن کہ جان از دست رفت ٭ طبیب نے قانون حکمت کے موافق علامات مرض کے نبض
اور قارورے سے دریافت کر کے پوچھا کہ تو نے کیا کھایا تھا مرد سادہ دل نے کہا کہ ایک ٹکڑا
جلی روٹی کا کہ کوئلے کے مانند تھی تنور شکم شب کو اُس سے پُر کیا تھا طبیب نے اپنے ملازم
سے کہا کہ وہ دوا جس سے روشنی چشم کی بڑھتی ہے لے آتا اِسکی آنکھون مین لگاؤن اُسنے
کہا کہ یہ وقت ہزل و بازی کا نہین ہی بلکہ اجل و جانگدازی کا ہی اے طبیب ہنسی نہ کرمین
درد شکم سے روتا ہون اور تو سرمہ میری آنکھ مین دیتا ہی آنکھ کی دوا سے اور
درد شکم سے کیا مناسبت طبیب نے کہا کہ مین نے دانستہ کہا ہی کہ آنکھین تیری روشن ہوجاین

تا سپید و سیاہ مین تمیز کرے اور دوسری بار نان سوختہ کہ خوراک انسان نہین ہی نہ
کھائے اس لیے تیری آنکھ کا علاج شکم سے مفید تر ہی غرض میری اس مثل سے یہ ہی کہ
بادشاہ جانے کہ مین اُن لوگون مین نہین ہون کہ سوختہ اور ساختہ کو نہ پہچانون اور
خام و پختہ اور سیاہ و سفید مین فرق نہ کرون **بیت** بحمد اللہ کہ در دانش چنانم ❊
کہ خیر از شر جدا کردن توانم ❊ بادشاہ نے کہا کہ اس طرح کا ماجرا کہ مجھ مین اور تجھ مین
واقع ہوا آگے بھی ایسے بہت ہوے ہین لیکن جو لوگ کہ نور عقل سے آراستہ ہین وہ نائرہ غضب
کو آب حلم سے بجھاتے ہین اور عفو کو انتقام سے بہتر جانتے ہین جلاب اگرچہ بد ذائقہ ہوتا ہی
اور تلخی سمیت رکھتا ہی لیکن اُسکا فائدہ تریاق سے زیادہ ہی قبرہ نے کہا کہ اکثر دیکھا ہی کہ
کسی نے آسانی کو اختیار کیا ہی اور دشوار ہوا ہی اور یہ کام بہت دشوار ہی کیونکر آسان
ہوگا اور عاقل کو امر مشکل مین تہاون نہ چاہیئے اور مین نے اپنی عمر شطرنج بازی چرخ
شعبدہ انگیز کے نظارہ مین بسر کی اور اوقات اپنی عجائب روزگار کے تماشے مین گذرائی
ہی مجکو نشیب و فراز عالم کے تجربے بہت حاصل ہوے ہین اور کسب کیاست اور سرمایہ فہم و فراست
سے فائدے کثیر حاصل ہوے ہین حقیقت خوب جانتا ہون کہ گروہ مکارون کا نخوست اور
سطوت اور تقاضاے جباری سے حرف وفاداری کا اپنی لوح سینہ سے محو کر ڈالتے ہین
اب یہی بہتر ہی کہ مین خواب خرگوش سے بیدار ہوکے پلنگ کی نزدیکی سے آہوے ہراسان
کے مانند راہ بیابان کی لون خصم ضعیف کو دشمن قوی سے دوری واجب ہی جیسا کہ اُس
بادشاہ نے اپنے دشمن کے واسطے اس بات مین مثل بیان کی ہی بادشاہ نے پوچھا یہ کیونکر تھا

حکایت بادشاہ ترکستان

حکایت کہا کہتے ہین کہ دیار ترکستان مین ایک بادشاہ تھا بہ جمیع صفات شریف موصوف
ایک تے ارکان دولت شاہی سے روگردان ہوکر اور ارادہ کورنمکی کا کرکے ایک دشمن
کو آمادہ کرکے بادشاہ کی مخاصمت پر مستعد کیا جب کہ بادشاہ نے جانا کہ اُس نے
روے اطاعت قبلۂ انقیاد سے پھیرا اور وسوسۂ عصیان اور دغدغۂ طغیان نے اسکی بنیاد

اعتقاد مین راہ پائی اور سودای سرواری اور خیال محال سروری اپنے دماغ مین پکاتا ہی اور دل پُر کینہ اُسکا کدورت ہاے دیرینہ سے تمنای کامگاری اور برتری مین ہوس بلند پروازی کی رکھتا ہی بتقاضاے منصب سروری ایک نامہ کہ مشتمل تھا مواعظ ملوکانہ پر کمال تشنیع فراز کے ساتھ اُسکے پاس بھیجا اُس مغرور نے کہ نخوت دماغ رکھتا تھا اور ہر سردار فوج بادشاہی کو اپنے تصور مین ورغلانے کے سبب اپنا مطیع جانتا تھا اس پر التفات نہ کیا جبکہ بادشاہ نے دیکھا کہ نوشدارو ملائمت سے مزاج کثیف کی کہ اعتدال حقیقی سے منحرف ہوا ہی اصلاح نہو سکے گی اس طرح کا پیغام دیا کہ ای نادان مثال تیری اُس کے مانند ہی اگر شیشے کو سنگ پر مارے یا سنگ شیشہ پر پس دونون حال مین شیشے ہی کا نقصان ہی اب یہی بہتر ہی کہ اس ارادہ فاسد سے باز رہ والاخراب ہوگا اس مثال سے فائدہ یہ ہی کہ مین بھی حلم شیشے کا رکھتا ہون اور قہر سلطانی مانند سنگ پایدار شیشہ شکن ہی اب ملاقات میری تجھے سخت دشوار ہی **بیت** بہ ہتان آہنین دل نشوی لاقابل کہ تو آب گینہ مانی نشوی حریف سندان ہ اور ہر چند بادشاہ مقام ملاطفت مین ہی اور چاہتا ہی کہ سکنجبین عذر سے میرے صفراوی وحشت کو تسکین دے لیکن مذہب مین اطباے خرد کے قبول کرنا اہل مکر کا حرام ہی اور ارباب عداوت سے انکار صلح واجب **بیت** ز دوستان سخندان شنیدہ ام پندے ، کہ بر ملائمت دشمن اعتماد مکن ، مناسب اسکے شعر ناسخ اُستاد کا ہی **بیت** کیا یہ پند و وعظ مین مصراع موزون گرم ہی ، ہو جیو غافل نہ اُسیر تو جو دشمن نرم ہی ، بادشاہ نے کہا کہ فقط گمان پر منقطع کرنا صحبت دوستان قدیم کا شرع مروت مین روا نہین ہی اور ایسا مظنہ کہ جس سے وہم المناک پیدا ہوا ور رفیق کو سوز فراق مین ڈالنا نہ چاہیے اور معرفت قدیم اور صحبت مستقیم کو اندک بدگمانی مین برطرف کرنا اور سر رشتہ یاری اور پیمان دوستداری کو تھوڑے سے خدشے

سندان ای نفی از ہر یک دلان ز آہن گیران آہنگیر شدن بہ آہن ستیزندی

ہین توڑ دینا طریق اہل تحقیق سے بعید ہو کیونکہ تو میدان بیوفائی سے قدم باہر نہین رکھتا ہو اور جو پیمان محبت کا کہ مجھ سے باندھا ہو اُسے پایان کو نہین پہونچاتا ہے
بیت لمؤلفہ بجا ہو نقض عہد بجا ہو وفاے عہد ✤ انسان کیا پسند خدا ہو وفاے عہد ✤ قبرہ نے کہا کیونکہ بنیاد وفا کی قائم رہے کہ بادشاہ کی طرف سے آثار بدعہدی کے خفی بیشمار پائے جاتے ہین اور آثار نیک عہدی کے بکلی معدوم ہین اور یہ امکان نہین ہو کہ موجبات خواہش نفس کے بادشاہ فروگذاشت کرے اور اس وقت کسی طرح سے توجہ پر قادر نہین ہو پس اس لئے چاہتا ہو کہ مکر اور حیلے سے مجھے قبضۂ انتقام مین کھینچے ورنہ یہ عقل کب قبول کریگی کہ تو بیٹے کا غم بھول گیا ہو اور میری جدائی کا غم اس قدر کرتا ہو اور مین اسمین مجبور ہون کہ عقلا کی اسمین تاکید ہو کہ جو کینہ کہ بادشاہون کے دل مین متمکن ہوتا ہو اُس سے اجتناب واجب جانے کیونکہ یہ لوگ نخوت سلطنت سے باب انتقام مین متصب ہوتے ہین اور جب قابو پاتے ہین تو زور سطوت سے کسی طرح مجال حجت اور فرصت عذرخواہی کی نہین دیتے ہین اور جو کینہ کہ انکے سینہ مین ہو وہ مانند چنگاری کے ہو کہ راکھ مین دبی رہتی ہو اگرچہ بظاہر معلوم نہین ہوتی ہو لیکن جب کہ باد قہر اُسپر سطمہ مارتی ہو تو ایسی افروختہ ہوتی ہو کہ شعلہ اُسکا ایک جہان کو جلا دیتا ہو **بیت ناسخ** آتش خشم سے جلجاتے ہین اکثر تر و خشک ✤ یہ وہ ہی آگ کہ ہین اسکو برابر تر و خشک ✤ بادشاہ نے کہا کہ عجب جاہل ہو کہ اس بات مین تو نے ایک طرف پکڑلی ہو اور دوسری طرف سے بالکل کنارہ کیا ہو مقدمات وحشت کو اُلفت کیساتھ کیون مبدل کرتا ہو قبرہ نے کہا کہ جب کسی شخص کی نیت مین یہ ہو کہ مراعات دوستی کے بجا لائے اور حصول منافع اور دفع مضار کو واجب جانے تو ممکن ہو کہ وہ وحشت درمیان سے اُٹھ جائے اور عوض کینے کے صفائی حاصل ہو جائے جو چیز کہ کینہ کو سینے سے زائل کرے مین اُسپر قادر نہین ہون بلکہ اُس سے عاجز ہون اگر مین خدمت مین حضور کے حاضر بھی ہون اور مصلحتاً چندے میرے

قتل مین آپ تامل بھی فرمائین مگر مین تو ہمیشہ ہراس اور خوف مین زندگانی بسر کرونگا اور ہر وقت مرگ تازہ مشاہدہ کرتا رہونگا تو اس صورت مین مراجعت سے ہزار بار مفارقت اولیٰ ہی بادشاہ نے کہا کہ کوئی شخص کسی کے ضرر پر بے ارادۂ خدائے جل وعلا کے قادر نہین ہوسکتا ہی اور جو چیز کہ وجود مین آتی ہی سوائے تقدیر الٰہی کے نہین آسکتی ہی جیسا کہ ہاتھ مخلوق کا پیدا کرنے مین قاصر ہی ویسے ہی حیات اور ممات مین بھی معذور ایسے ہی سمجھ کہ عمل میرے بیٹے کا اور قصاص تیرے ہاتھ سے ظہور مین اسکے یہ محض قضائے ربانی اور مشیت یزدانی تھی اور تم دونون درمیان مین محض سبب تھے جب یہ ثابت ہوا کہ یہ سب تقدیر یزدان سے ہوا تو تقدیر الٰہی پر سرزنش کرنا طرفین سے نہ چاہیئے پس مین بھی قضائے الٰہی پر صبر کرون اور تو بھی اُسپر راضی ہو ***بیت*** بجز رضا بقضائے خدا نمی شاید ٭ بغیر صبر بوقت بلا نمی شاید ٭ از انچہ رفت قلم سرکشی دگر نہ بیاید ٭ برون ز دائرۂ خط او گذرا نمی شاید ٭ اور مناسب اسکے مضمون حدیث قدسی کا ہی **من لم یصبر علی بلائی ولم یرض بقضائی فلیخرج من تحت سمائی ولیطلب ربا سوائی** قبرہ نے کہا کہ یہ بات سچ ہی کہ بیچارگی بندگان کی رفع قضائے پروردگار مین ظاہر ہی کہ خیر و شر اور نفع و ضرر موافق ارادہ خدا کے ہوتا ہی اور جہد اور کوشش خلق دفع اور منع اُسکا اور تقدیم و تاخیر اُس مین نہین کرسکتی ہی لیکن باوجود اسکے سب علما کا اسپر اتفاق ہی کہ جانب احتیاط اور تدبیر اور محافظت نفس کی چھوڑ نہ دے تاکید کی ہی کہ اہتمام ہر چیز کا موافق تدبیر کے کرتا رہے اور انجام اُسکا مسبب الاسباب پر تفویض کرے اور یہ نکتہ قول عقلا کا ہی کہ عقل و توکل کہ جناب مولوی قدس سرہ فرماتے ہین ***مصرع*** بر توکل زانوے اُشتر بہ بند ٭ بادشاہ نے کہا کہ یہ باتین تیری اُسپر دلالت کرتی ہین کہ مین خواہان تیری صحبت کا ہون اور اشتیاق میرا تیری جانب ہی مگر تیری طرف سے سوائے ملال اور وحشت کے اور کچھ ظہور مین آیا ***بیت***

دل بدل مے رود چہ حاجت این		تو ملولے ز ما و ما مشتاق	

قبرہ نے کہا کہ اشتیاق میرا تجھکو اِس لئے ہی کہ اپنے دل کو میرے قتل سے راحت دے
لیکن نفس میرا شربت اجل کی رغبت اور لباس فنا کی خواہش نہین رکھتا ہی جب تک
کہ باگ اختیار کی میرے ہاتھ مین ہی البتہ مُسخر مرکب حیات کا طرف موت کے عمداً نہ پھیریگا
بلکہ احتراز اس سے عین صواب جانتا ہون میرا سر کچھ درخت کے مانند نہین ہی کہ کئی بار
بارور ہو سبز ہو اور مین جو اپنے دل سے استصواب کرتا ہون تو وہ کہتا ہی کہ اگر آج
قدرت اور استطاعت ملے تو بادشاہ کے بیٹے کو بغیر ہلاکت نہ چھوڑون اِسی طرح
بادشاہ بھی اپنے فرزند کی جہت سے میری ہلاکت کا خواہان ہی اور سُن اے بادشاہ
مصیبت زدون کے مکنون ضمیر سے وہ شخص واقف ہوتا ہی کہ آتش غم سے دل جسکا
کباب ہوتا ہی اور مین نے شربت تلخ سے جرعہ پیا ہی کہ مدعی اُس کے مزے سے غافل ہی
اور نازپروردگان راحت کی آنکھین اس سے نابینا ہین بیت ای ترا خارے بپا نشکستہ
کے دانی کہ چیست حال شیرانے کہ شمشیر بلا بر سر خورند اور مین کہ چشم خرد سے صاف
دیکھتا ہون کہ جس وقت بادشاہ کو اپنے فرزند کی یاد آویگی اور مین بھی اپنے نور دیدہ کو
یاد کرونگا بہت سا تفاوت باطن مین ہمدگر کے راہ پائیگا قیاس فرمائیے کہ اس سے کیا
پیدا ہوگا اور مغلوب کے واسطے ایسے موقع مین کیسا اندیشہ ہولناک درپیش آئیگا پس
ایسی مواصلت سے ہزار بار مفارقت اولے ہی بادشاہ نے کہا کہ ایسا کون شقی ہوگا
کہ دوستون کے گناہ سے درگذر نہ کریگا اور جوانمرد باوجود قدرت کے قصورات
زیردستون کے عفو کرتے ہین اور کبھی گناہگارون کے مکافات کی طرف رجوع نہین
لاتے ہین اور اگر کسی وقت اُنکے دل پر خیال انتقام کا آتا ہی تو اُس سے استغفار
کرتے ہین اور بدترین بدون کا وہ ہی کہ عذر کسی کا قبول نہ کرے اور کینہ عذرخواہ کا
دل مین رکھے اور جو کچھ کہ مین نے کہا میرا دل اُس مین صاف ہی اور صورت خشم اور حدت
کی اور خیال غضب اور انتقام کا اپنے خاطر مین اصلا نہین پاتا ہون اور تو خوب جانتا ہی

کہ مین جانب عفو کو عقوبت پر ترجیح دیتا رہون گا اور یہ بات میرے دل مین نقش ہی کہ ہر چند
گناہ بزرگ ہو صفت عفو کی اُس سے بزرگ تر ہی **بیت** گر عظیم است از فرو دستان
گناہ ٭ از بزرگان عفو کردن اعظم است ٭ قبرہ نے کہا ارشاد بادشاہ کا درست ہی مگر
مین گنہگار زبردست ہون اور مجرم کو ہمیشہ خوفناک رہنا لازم ہی اور یہ مثل اسکے مانند
ہی کہ جس کے پاؤن مین زخم ہون اور بقوت طبع بیباکی کرکے شب تیرہ سنگستان مین
دوا دوش کرے تو اُسکا زخم مقرر ترقی کرے گا بلکہ پاؤن بیکار ہو جائین گے اور آخر
کو خاک نرم پر بھی چلنا دشوار ہو جائے گا اب نزدیکی میری بادشاہ کی خدمت مین
بھی یہی حال رکھتی ہی اور طریق شرع اور قانون ملت مین اجتناب غیر آپ کی خدمت
سے فرض عین ہی اور کیونکر علم الٰہی کے خلاف کرون کہ وہ فرماتا ہی لا تلقوا بایدیکم الی التہلکہ
یعنی نہ ڈالو ہاتھ اپنے تم طرف ہلاکت کے اور حکمانے بھی کہا ہی کہ تین شخص وش حکمت سے
دور ہین اور راہ دانش سے کنارے اوّل وہ شخص کہ اپنی قوت ذات پر اعتماد کرکے
اپنے اندازۂ طاقت کو حد سے زیادہ جانے ضرور ایسا شخص آپ کو تہلکے مین ڈالتا ہی دوسرے
وہ شخص کہ اندازۂ خورد و نوش کا نہین پہچانتا ہی اور اتنا کھاتا ہی کہ معدہ اُسکا ہضم
سے عاجز آتا ہی پس یہ شخص بے شبہہ دشمن اپنی جان کا ہی اور تیسرے وہ شخص کہ گفتار اور
فریب دشمن سے غافل رہے بے شبہہ انجام اُسکا ندامت اور پریشانی کو پہونچے گا بادشاہ
نے کہا اے قبرہ ہر چند مین دروازہ ملاطفت سے پیش آتا ہون اور راہ صواب نصیحتہاے
دوستانہ سے دریغ نہین کرتا ہون مگر اسی طرح تو دامن قبول کو استماع مواعظ سے
دور کھینچتا ہی اور جو شخص کہ نصیحت کسی کی قبول نہ کرے اُس کو نصیحت کرنا بے فائدہ ہی
جیسا کہ اُس زاہد نے گرگ کو نصیحت بے فائدہ کی تھی قبرہ نے پوچھا یہ ماجرا کیونکر ہی
حکایت بادشاہ نے کہا کہ ایک مرد زاہد نیک سیرت کہ اپنی اوقات شریف سواے
وظائف اور پند خلق خدا کے کام مین صرف نہ کرتا تھا ایک دن صحرا مین جاتا تھا دیکھا

حکایت زاہد و گرگ

کہ ایک گرگ بارادۂ شکار چپ و راست خیال کرتا جاتا ہی زاہد نے کہا کہ او گرگ خبردار لوگون کی گوسپند کا ارادہ نکرنا اور قصد بیچارون کا اور ستم کرنا مظلومون پر آخر عقوبت الٰہی مین گرفتار کرتا ہی مثنوی

هر که آئین ظلم پیش نهاد | بند بر دست و پای خویش نهاد
چند روزی اگر سر افرازد | دهرش آخر ز پا بیندازد

ہرچند زاہد نے نصیحت مین مبالغہ کیا گرگ نے جواب دیا کہ وعظ کم کر کہ تیری پیٹھ کے پیچھے رمۂ گوسپند کا چرتا ہی ڈرتا ہون کہ تیری نصائح سُننے مین شکار ہاتھ سے نہ جائے غرض اس مثل سے یہ ہی کہ ہرچند زاہد نے گرگ کو نصیحت کی لیکن مطلق اُسپر اثر نہ کیا وہی حال تیرا ہی کہ ہرچند تجھے پند دیتا ہون مگر تو وہی ایک حال پہ ہی سو ہی اور مطلق التفات ہمارے کام پہ نہین رکھتا ہی اب نہ ایسا کر کہ اہل مروت سخن شنوا ہوتے ہین اور تو باوجود اتنے ہنرون کے اور باوجود ایسے فضل و علم کے زیادہ جاہلون سے دل سخت اور عہد سُست رکھتا ہی ڈرتا ہون کہ لوگ نہ کہین کہ یہ مصرعہ سودا کا قبرہ کے حسب حال ہی مصرعہ احمق کو ایک بات وہی یاد ہی سو ہی * قبرہ نے کہا کہ مین نے بہت نصیحتین سُنی ہین اور وعظین خردمندون کی میرے کانون مین بھری ہوئی ہین عاقل اُسے جانتا ہون جو ہمیشہ حذرناک رہے اور تجربے کو ہاتھ سے نہ دے اب اسوقت مین پرواز پر آمادہ ہون اور چپ و راست دیکھتا ہون کہ کوئی غفلت مین مجھے گرفتار نہ کرلے اس واسطے یہان سے جلد رحلت کرنا ضرور ہی اور زیادہ اس سے رہنا مناسب حال نہین ہی بادشاہ نے کہا کہ اس جگہ اسباب معیشت آمادہ اور دروازہ فراغت کا روے دل پر کشادہ ہی اس صورت مین مشقت سفر کی اختیار کرنا اور انتظام معاش مین متردد ہونا عقل سے دور ہی قبرہ نے کہا کہ جو کوئی پانچ خصلتین اختیار کرے جہان جائے اُس کا مطلب حاصل ہی اور جدھر توجہ کرے رفقا اور مصاحب اُس کے موجود ہین اول بدکرداری سے دور رہنا دوسرے نکوکاری شعار اپنا کرنا تیسرے موقع تہمت سے آپ کو بچانا چوتھے خلق

بفتحتین [illegible] ۱۲

کی عادت کرنا پانچوین آداب صحبت ہر وقت نگاہ رکھنا جس مین کہ یہ پانچ
خصلتین جمع ہونگی وہ کسی جگہ غریب اور تنہا نرہیگا جہان جائیگا لوگ اُسے
عزیز رکھینگے اور جو عاقل کہ اپنے دل مین خوفناک ہو تو اُسے ضرور ہو کہ فراق
دوستون اور متعلقون کا اختیار کرے کیونکہ ان سب کا عوض ممکن ہی اور جان
کا عوض کسی طرح نہو سکیگا جب کہ بادشاہ فقیر پر مین عاجز آیا کہا کہ کب تک جائیگا
اور کتنا توقف تیرے جانے مین ہی اور پھر کب آئیگا فقیر نے کہا کہ اے بادشاہ جانا اور
پھر آنا میری عقل سے دور ہی اور یہ سوال و جواب حکایت عرب و نانبائی سے نزدیک
ہی بادشاہ نے پوچھا کہ یہ کیونکر ہی **حکایت** کہا کہ ایک عرب بادیہ نشین شہر بغداد
مین آیا نانبائی کی دوکان مین گذرا دیکھا کہ نان تازہ کا انبار ہی اور جب کہ بو روٹی
کی دماغ مین اس فاقہ کش کے آئی بیتاب ہو گیا اور نانبائی سے کہا کہ اے برادر مین
بھر پیٹ روٹی کھاؤن اسکی کیا قیمت لیگا نانبائی نے اُس کے قد و قامت سے تجویز
کیا کہ دو سیر نہایت تین سیر اس سے زیادہ نہ کھائیگا کہا آدھا دینار دے اور پیٹ بھر کر
روٹی کھاے عرب نے آدھا دینار اُسکے حوالے کیا اور زیر دوکان کہ آب جلہ واقع تھی
بیٹھ کے روٹی پانی مین بھگو بھگو کر کھانا شروع کی نانبائی نے دیکھا کہ چہار چند قیمت سے
کھا چکا اور اسیطرح ویسا ہی کھانے مین سرگرم ہی نانبائی نے کہا کہ اے عرب تجھے قسم ہی
اُس خدا کی کہ جس نے تجھے اتنی بھوک دی ہی سچ کہہ کہاں تک کھائیگا عرب نے جواب دیا
کہ اے خواجہ بے صبری نہ کر جب تک کہ اس جلہ مین پانی ہی مین بھی روٹی کھائے جاؤنگا
غرض اس سے یہ ہی کہ بادشاہ معلوم فرمائے کہ جب تک آب حیات چشمہ بدن مین جاری
ہی کھانا کھانے اور سیر اس کرنے مین بے اختیاری ہی اور تیرے مائدۂ وصال سے فائدہ
اُٹھانا مفتی خرد کے نزدیک مجھپر حرام ہی اور مجھہ مین وہ سبب مفارقت کا عارض ہوا ہی کہ
مواصلت کو کسی طرح گنجائش نہین رہی اور اگر بادشاہ کی دریافت حال کا شوق دل پر

حکایت عرب بادیہ نشین ۱۷

غلبہ کرے گا تو اخبار بادشاہ کا قاصد نسیم سحری سے پوچھ لونگا اور جو کبھی ہوس جمال با کمال کی ہوئی تو آئینۂ دل مین دیکھ لونگا **بیت** گر وصال یار نبود با خیالش ہم خوشم ؛ کلبۂ درویش را شمعی بہ از مہتاب نیست ؛ بادشاہ نے رونا شروع کیا اور جانا کہ یہ مرغ دام مین نہ آئیگا اور داعیہ انتقام کا خیال خام تھا کہ میری حدت رائے اسکو پختہ نہ کر سکی اسکے بعد اور بھی حیلون پر چلا قبرہ نے کہا کہ اے بادشاہ جوان بخت اگر ہزار تقریب اور تمہید سے تو عہد و پیمان کو مضبوط کریگا مگر مین غاشیۂ ملازمت تیرا زنہار اپنے دوش پر نہ رکھونگا اور بات اپنی کیون ضائع کرتا ہے جو کہ خیال عالی مین ہے مین اُسے چشم فراست سے خوب مشاہدہ کر چکا ہون چاہیئے کہ کسی حیلے سے تیرا عذر قبول کرون یہ ممکن نہین ہے بادشاہ نے جانا کہ تیر شست سے نکلا ہوا زور بازوے تدبیر سے پھر نہ آئیگا کہا کہ اے قبرہ جانا مین نے کہ اب وصال میرا اور تیرا اس عالم مین ممکن نہین ہے مگر بسبیل یادگار دو تین کلمہ کہ آثار سعادت اُس سے حاصل کرون اور مصقلہ نصیحت دوستانہ سے زنگار غفلت کہ میرے آئینۂ خاطر پر بیٹھا ہے صفائی پائے وہ بیان کر **بیت** بہر ما سخنے یادگار خویش بگو ؛ کہ بہتر از سخن خوب یادگارے نیست ؛ قبرہ نے کہا کہ اے بادشاہ کام جہان کا کہ موافق تقدیر کے ہوتا ہے اور اُسکی زیادت و نقصان اور تاخیر و تقدیم مین کسی کو مجال تصرف نہین دی ہے اور کوئی نہین جانتا ہے کہ منشور سعادت کا کسکے نام لکھا گیا ہے اور جریدہ اہل شقاوت مین کسکو داخل کیا ہے سب پر واجب ہے کہ اپنا کام رائے صائب کے موافق کرین اور رعایت احتیاط کی ہر امر مین بجا لائین اگر تدبیر موافق تقدیر کے ہوئی تو سریر اقبال و مسند جاہ و جلال پر متمکن ہوا اور اگر قضیہ منعکس ہوا تو دوستون کو عذر کی جگہ ہوئی اور دشمنون کو گنجایش طعن اور تشنیع کی نہ رہی **نظم** حکیم گفت کہ تقدیر سابق است ولے ؛ بہیچ حال تو تدبیر خویشتن مگذار ؛ کہ گر موافق حکم خداست تدبیرت ؛ بکام دل شدی از کار خویش برخوردار ؛ وگر مخالف آن ست دارد ت معذور ؛ کسیکہ داند

ع تشنیع زدن ۲۰ طعن و تشنیع بسنا طعن ۱۲

ازانوار عقل استظهار ﴿ اور دوسرے یہ جاننا چاہیے کہ ضائع ترین مالون کا وہ ہی کہ
جس سے کسی کو انتفاع نہوا اور غافل ترین بادشاہون کا وہ ہی کہ ملک حفاظت اور ضبط
و ربط رعیت مین اہتمام نہ کرے اور بدترین دوستون کا وہ ہی کہ شدت و نکبت کے وقت
دوست کی طرفداری مین کوتاہی کرے اور بدکارترین عورتون کی وہ ہی کہ اپنے خاوند
سے بدل راضی نہوا ور خیالات خباثت مین مصروف رہے اور بدبخت ترین فرزندون کا
وہ ہی کہ اطاعت مان باپ کی نہ کرے اور ویران ترین شہرون کا وہ ہی کہ جس مین ارزانی
اور امان خلق اللہ نہ ہوا ور ناخوش ترین صحبتون مین وہ صحبت ہی کہ مصاحبون کے
دل آپس مین صاف نہون اور جو شائبہ اندیشہ کا میرے اور بادشاہ کی صحبت مین
حادث ہوا ہی اسکی اصلاح دائرۂ امکان سے باہر ہی اب سوا ے ترک و جدائی
کے کوئی اور راہ صواب سے نزدیک تر نہین ہی رباعی رفتیم و وداع ما ز دل باید کرد
وز آب دو دیدہ خاک گل باید کرد ﴿ گر دیدہ دیدی ہمہ نکو باید گفت ﴿ ور در دسرے
بود بحل باید کرد ﴿ پس اس کلمہ پر اختتام کیا اور بلندی ایوان سے پرواز کرکے
راہ صحرا کی لی بادشاہ نے انگشت تحیر دندان حسرت سے کاٹی اور ساتھ ملال بیقیاس
اور اندوہ بیشمار کے اپنے گھر مین گیا اور یہ شعر مؤلف کا پڑھتا تھا بیت در دہلو
مین رہا کرتا ہی جب سے تو نہین ﴿ ہجر مین بھی ایکدم خالی مرا پہلو نہین ﴿ یہ ہی داستان حذر
کہ ارباب حقد اور کینہ سے احتراز کرنا اور تضرع اور نیاز مکر آمیز اعدا پر اعتماد نہ رکھنا
اور خدع اور فریب کہ طلب انتقام کے واسطے کرتے ہین اُس سے اپنی حفاظت کرنا اور غرض
اس بیان سے یہ ہی کہ بناے کار کو عقل سے آراستہ کرکے تدبیر کرے اور کسی طرح دشمن پر بلکہ
دوست آزردہ دل پر اعتماد نہ کرے اور انکی آفت حیلہ اور مخالفت مکر سے نڈر نرہے رباعی

خواہی کہ نباشی بغم و رنج قرین	بشنو سخن پاک تراز در ثمین
از دشمن آزردہ تغافل منما	وز صاحب کبر و کینہ ایمن منشین

ف استظہار بعد دادن قوت

ع عجب دادن ... سبب عفو

باب نوان ہی فضیلت مین عفو کے کہ بادشاہون کے واسطے بہترین صفات سے اور اہل اللہ کے لئے خوشترین ملکات سے ہی

دابشلیم نے برہمن سلیم دل سے کہا کہ سُنی مین نے مثال اُسکی کہ استمالت دشمن کینہ کوش سے دل اُسکا رام نہوا اور جو آثار عداوت کے اُسکے باطن مین مشاہدہ کیے تھے ہرچند دشمن نے ملاطفت مین مبالغہ کیا مگر اُسنے اصرار مین قصور نہ کیا اب نائرۂ اشتیاق یہ اشتعال و تباہ ہی کہ وہ حکایت بیان فرما کہ مشتمل ہو بادشاہون کے عفو پر کہ جو بادشاہ اپنے مقربون سے خطا دیکھے تو ایک دوبار اُس سے اغماض کرے اور اُس گروہ کی بے اعتمادی نہ کرے بلکہ اُنکے منصب کو تازہ اور زیادہ کرے اور یہ احتیاط سے نزدیک ہی یا دور بعید یا برہمن نے نطق دلکشا سے جواب دیا کہ اگر بادشاہ عذر اور مرحمت کا دروازہ بند کرین اور جس سے تھوڑی بھی خیانت دیکھین اُسکے حق مین عقوبت کا حکم فرمائین تو نزدیکون کو اعتقاد صافی تر نرہے اور اس حال سے دو علتین پیدا ہون ایک یہ کہ اکثر کام مختل اور معطل رہین دوسرے یہ کہ مجرم لوگ عفو سے بے نصیب ہون اور منصب عفو کا بے سود اور بیکار ہو جائے چنانچہ ایک بادشاہ خداشناس نے فرمایا ہی کہ چاشنی عفو سے کام جان ہمارا جس قدر کہ لذت پاتا ہی اور ہم اُس سے محظوظ ہوتے ہین اگر خلق خدا بتفصیل اُس سے آگاہ ہو تو سواے جرم و خیانت کے اور ہدیہ ہمارے حضور مین نہ لائے اور سچ بھی یہ ہی کہ سلاطین کے قامت پر کوئی پیراہن عفو سے زیادہ تر زیبا نہین ہی اور کلام معجز نظام حضرت سید انام علیہ افضل التحیۃ والتسلیم کا یہ کہ الا انبئکم باشدکم من ملک نفسہ عند الغضب اشارت لطیف ہی کہ قوت آدمی کی شعلۂ خشم فرو کرنے سے دریافت ہوتی ہی اور حال انسان کی مردانگی کا شربت ناگوار غضب کے پینے سے کھلتا ہی بیت

مردی گمان مبر کہ بزورست و پُردلی	با خشم اگر برائی بدانم کہ کاملی

اور پسندیدہ ترین خصلت بادشاہون کی یہ ہو کہ عقل ارجمند اور عدل خدا پسند کو حوادث مین اپنا حاکم کر بن اور ہر وقت مین عادت اپنی لطف اور عنف سے آشنا رکھین مگر لطف اس طرح پر ہو کہ سمت ضعف کی نہ رکھتا ہو اور عنف اس طرح چاہیے کہ ظلم سے خالی ہو تا کام سلطنت کا جمال کے ساتھ آراستہ رہے اور مدار اہل سلطنت کا اشارت خوف و رجا پر دائر رہے تا نہ محض عنایت بیکران سے نا امید رہین اور نہ مفسد خوف سیاست سے میدان جرأت مین قدم رکھین بیت

	داشتی قوم خویش را جمشید		دائم اندر میان بیم و امید

اور حکماے اسلام کے کلام معجز نظام سے معلوم ہوا کہ اللہ تعالی اپنے بندون کو وعظ قرآنی اور نصیحت فرقانی کے موافق مکارم اخلاق کی تاکید فرماتا ہو اور عادت ستودہ اور صفات پسندیدہ پر تحریص دیتا ہو جبکی کہ سعادت ازلی یار اور مددگار ہوا اور کفالت ابدی امداد اور اعانت کرے تو قرآن اپنا قبلہ اور کعبہ و ایمان بنائے اور ہمیشہ دل و جان کو متوجہ اس حرم امن و امان کا رکھتے اور منجملہ اور سب نصیحتون کے ایک نصیحت عمدہ یہ ہو کہ عمل اسپر سب مقبولون کا رہا ہو یعنی فرماتا ہو اللہ تعالی والکاظمین الغیظ والعافین عن الناس واللہ یحب المحسنین ایک پیر طریقت نے زبان حقیقت سے خلاصہ معنی اس آیت کے اس طرح پر کہے ہین کہ غصے کا فرو کرنا یہ ہو کہ عقوبت مین مبالغہ نہ کرے اور عفو وہ ہو کہ اثر کراہت صفحہ دل پر باقی نہ رکھے اور احسان اسے کہتے ہین کہ جو دوست گناہ کرکے عذر کرے تو اسکو دل سے بھلا دے اور پھر اس خیال کو دل مین نہ لائے اور حاصل اس آیت کا یہ ہو کہ بنا ہر کام کی لطف اور مروت پر رکھے اور حدیث شریف مین آیا ہو کہ اگر لطف کو ایک پیکر مین تصور کرے تو روشنی اس کے جمال کی ایسی درخشان ہو کہ کوئی آنکھ بھر کے اسکو دیکھ نہ سکے کسی بزرگ نے اس قطعہ کے مابین مین یہ سب معنی ادا کیے ہین **قطعہ** چو قدرت دادت ایزد بر گنہگار + بعفوش بند کن تا بندہ گردد + کہ مجرم کشتۂ افعال خویش است + چو بوے عفو یابد زندہ گردد + اگر

صورت پذیر و پیکر عفو ٭ چو مہر و مشتری تابندہ گردد ٭ شرف انسان کا عفو اور
احسان سے ترقی پاتا ہی اگر ہر گناہ کے مقابل مین عقوبت جاری کی
جائے تو مضرت کلی مہمات ملکی اور مالی مین سرایت کرے **مثنوی**

بتندی سبک دست بردن بتیغ	بدندان گزد پشت دست دریغ
سرے کز تحمل بگردد تہی	حرامش بود تاج شاہنشہی

اور بادشاہ کو چاہیئے کہ نصیحت اور اخلاق اُس شخص کا نیک نہ جانے کہ جو موضع
تہمت مین پہلے پڑ چکا ہو اگر وہ شخص ایسا ہی کہ مصالح ملک کے اور امانت ریاست
کی اُسکی تدبیر پر منحصر ہو اور وقائع زمانے کے اُس کی مدد و تدبیر پر موقوف
اور ثانی اُسکا پیدا نہ ہو تو اُسکے اعتماد بڑھانے مین ایسی سعی کرے کہ اعتبار اُسکا
عہدۂ سابق پر قرار پائے اور رعونت اور ریب اور تہمت سے خلائق کے نزدیک
پاک ہو جائے کیونکہ آدمی کام کمتر ہاتھ آتے ہین اور کام ملک کے بھی بے نہایت ہین
اور بادشاہون کو مشیران عاقل اور عاملان متدین کی کہ استحقاق حراست اسرار
رکھتے ہین حاجت بیشتر ہوتی ہی پس شرط جہانداری یہ ہی کہ ایسے لوگون کو کہ کمال صلاح
عفت اور دیانت و امانت مین ممتاز ہون انھین زینت اعتبار بخشے اور اسے خیال کرے
کہ کون شخص کس کام کے لائق ہی اور فراخور اہلیت اور اندازۂ عقل و شجاعت ہر ایک کا
دریافت کر کے جو جس کام کے سزاوار ہوا اسے اُسپر مقرر کرے اگر باوجود بہت ہنرون کے
ایک عیب بھی رکھتا ہو تو اسکا بالفعل خیال نہ کرے مگر نظر مین رکھے اور اس سے غافل
نہ رہے کہ مخلوق بے عیب نہین ہوتے مصرعہ یار بے عیب مجو تا کہ نہ مانی بے یار ٭ اور اگر
سہواً یا عمداً بھی کسی سے کچھ تھوڑی سی خیانت ایک بار صادر ہو تو اُس سے درگذر
اولی ہی اگر کوئی دیدہ و دانستہ خیانت اختیار کرے اُسے ضرور اپنی سرکار سے
دور کرے اور کوئی اہلکار اگر کفایت کرے کہ جس سے مقدمہ برہم ہو جائے

ریب بالفتح ... عفت بکسر ... پارسائی ... فراخور لائق

اُس شخص سے احتراز کرے کہ اتنی کفایت خیر خواہی نہین ہو بلکہ بدخواہی ہو کفایت وہ ہو
کہ صرف بیجا سے احتراز کرے اور جو کام کہ ضرور ہو ویا جو شخص کہ مستحق بخشش و عطا کا
ہو اُسمین دریغ کو راہ نہ دے ہر چند کفایت مین نقصان کا سبب کم ہوتا ہو لیکن یہ
تاکید اس واسطے ہو تا معلوم ہو کہ جب اصحاب ہنر اور ارباب کفایت سے بھی ترک کرنا
حسب ضرورت جائز ہو پس ارباب جہل اور ضلالت سے دوری کرنا صواب سے کتنا نزدیک
ہوگا اور یہ بات بادشاہ پر فرض ہو کہ تجسس احوال و تفحص اشغال کہ جو اپنے عاملون
اور امینون کو سپرد کرتا ہو خود کرے تا تقصیر اور قطمیر احوال ملک و مال کے چھپے نہ رہین اس
ہوشیاری مین رئیس کے فوائد کلی متصور ہین ایک یہ کہ معلوم ہو کہ کونسا عامل رعیت پرور
اور جفا گستر ہو جو کہ رعایت رعیت کی کرے اُسکی استمالت[له] اور پرورش کرتا رہے
اور جو کہ غم زیر دستون کا نہ کھاتا ہو نام اُسکا جریدۂ عمل سے محو کر کے دفتر معزول اُسکی
مین لکھدے چنانچہ سعدی علیہ الرحمۃ فرماتے ہین ابیات

خدا ترس را بر رعیت گمار	کہ معمار ملک است پرہیزگار
بد اندیش تست آن و خونخوار خلق	کہ نفع تو جوید در آزار خلق
ریاست بدست کسانی خطاست	کہ از دستشان دستہا بر خداست
نکوکار ہرگز نہ بیند بدی	چو بد پروری خصم جان خودی

اور دوسرے یہ ہو کہ جب سب کو معلوم ہو جلیگا کہ بادشاہ ثمر نکوکاری کا نیک عطا کرتا ہو
اور خائنون کو گناہ کے موافق تنبیہ واقعی دیتا ہو اس صورت مین جو کہ اہل صلاح ہین وہ
اس اُمید پر جانب نکوکاری زیادہ تر اختیار کرینگے اور مفسد خوفناک و ہراسان ہو کے
فساد اور ہر دم آزاری مین دلیری اور بیباکی نہ کرینگے اور وہ حکایت کہ ان مقدمون کے
لائق ہو داستان شیر و شغال کی ہو رائے دابشلیم نے پوچھا کہ اسکی تفصیل فرمائیے برہمن نے کہا
حکایت کہا زمین ہند مین ایک شغال تھا فریسہ نام منھ دنیا دنی سے پھیر کے پشت پا

[له] استمالت بالکسر دل کسی را بجانب خود آوردن

حکایت شیر و شغال

تعلق بے حاصل پر ماری تھی گوشت کا کھانا اور خونریزی اور ایذا جانوروں کی بالکل ترک
کی تھی یاروں نے مناظرہ اور مباحثہ یہان تک کیا کہ نوبت نزاع اور جدالکی پہونچی کہ ہم تیری
اس خصلت سے راضی نہین اور تیری راے اس اجتہاد مین خطا پر ہی لازم ہی کہ ہماری صحبت سے کنارہ
نہ کر عادت اور سیرت مین ہم سے موافقت رکھ کیون عمر عزیز کو برباد کرتا ہی اور تمتع دُنیا سے
بے بہرہ رہتا ہی اور اکل و شرب کہ قوام ہی مادہ حیات کا اُس سے احتراز کرتا ہی اور کلوا واشربوا سے
کیون بے نصیب ہوا ہی آگے جو ہوا سو ہوا پر اب یہی کہتا ہی اور اسے سمجھ کہ نعمتہاے خدا کو باوجود
میسر ہونے کے رد کرنا کفران نعمت ہی دیدہ و دانستہ آپ کو کافر نعمت نہ بنا بیت بیا
تا یک زمان امروز خوش باشیم در خلوت * کہ در عالم نمی داند کسے احوال فردا را * فرسیہ
نے جواب دیا کہ دُنیا کو مزرع آخرت اس لئے کہا ہی کہ جو آج بوؤ گے کل کاٹنا پڑے گا یعنی
جو کہ عمل دُنیا مین کروگے آخرت مین اجر اُسکا ملے گا بموجب رباعی اُستاد رباعی

بنگر کہ ازین جہان چہ بر داشتہ اند		شاہان جہان کہ این جہان داشتہ اند
ہر تخم کہ بالاے زمین کاشتہ اند		در زیر زمین بدست خود می درو ند

اور کھانے پینے سے بجز شکم پروری اور کچھ حاصل نہین ہی اور یہ کام بہائم کا ہی اور بندہ خاص
وہ ہی کہ عمر اپنی بندگی مین صرف کرے اور نفوس کشی کے درپے ہو کہ کام نفس کا اکل و شراب و
خدا سے غافل کرنا ہی بندۂ خدا کو چاہیے کہ وہ کسب کرے کہ جس سے توشۂ عقبی حاصل ہو
خوش گفت آنکہ گفت بیت آن طلب امروز بہر گوشۂ * کز پے فردات بود توشۂ * دُنیا
اگرچہ سراسر عیب ہی پارے یہ ہنر رکھتی ہی کہ مزرع آخرت ہی جو تخم آج بوئے گا وہی
کاٹے گا زرع یوم لک حصاد و غدک یعنی کاشتن امروز تو درودن فرد است مثنوی

کہ فردا بر جوے قادر نباشی		بکوش امروز تا تخمے بپاشی	
دران خرمن بہ نیم ارزان نیرزی		اگر این کشت ورزی را نورزی	

مرد عاقل کو چاہیئے کہ اپنی ہمت کو امور آخرت پر مصروف رکھے تا کہ اُس سے دولت پائے اور

نعمت جاودانی پر متوجہ رہے اور یہ بات بغیر ترک تعلقات عالم غدار کے میسر نہین ہوتی ہو
بلکہ یہ اشعار گویا کے حسب حال اس مطلب کے ہین **رباعی** ے کشتی کرنی ہو کل تو تاک بندی
آج کرہ آزرو برائے کی کل مستمندی آج کرہ آج قوت اسکی رکھتے ہو مرکب ریاضت کو
میدان مجاہدے مین دوڑاؤ اور ثمرات حیات اعنی باقیات صالحات کو ممات کے واسطے
ذخیرہ کرو اور سرمایۂ جوانی کو کساد بازاری پیری کے واسطے ہاتھ مین لاؤ اور مائدۂ
زندگانی سے سفر فنا کے لیے قوت حاصل کرو چنانچہ ایک بزرگ نے یہ نکتہ رکھا ہو کہ آج
کر سکتے ہو اور نہین جانتے ہو اور کل جانوگے اور کچھ نہ کر سکوگے **بیت** چون توانستم ندانستم
چہ سود چون بدانستم توانستم نبود **ایضاً** خواجہ میر درد علیہ الرحمۃ فرماتے ہین
رباعی آیا جو وجود مین سو معدوم ہوا بے فہمی ہو سب جو کچھ کہ مفہوم ہوا سمجھے اتنا
کہ کچھ نہ سمجھے افسوس معلوم ہوا کہ کچھ نہ معلوم ہوا چونکہ راحت دنیا کی مثال
برق کی چمک سان بے ثبات ہو اس کی رونق پر بالوث ہونا خامی خیال ہو چاہیے
کہ نہ ایسے سریع الزوال کے شدائد سے المناک ہو اور نہ اسکی راحت پر زیادہ اندازے
سے شادی کرے حاصل سخن یہ کہ ایسے غمکدہ مین آکے مسرور رہنا عاقلی اور عالی ہمتی سے
دور اور گذرگاہ سیل فنا پہ عمارت بنانا ہو چونکہ یہ منزل عاریتی چھوٹنے والی ہو اس سے
دلبستگی رکھنا کام اہل خرد کا نہین ہو ان سب نے کہا کہ اے فریسہ تو ہمین ترک نعمت
دُنیا کو فرماتا ہو اور حال یہ ہو کہ نعمتین اس جہان کی اس لئے پیدا کی ہین تا خلق خدا
اس سے فائدہ اُٹھائے او نکتہ و رزقنا ہم من الطیبات گواہ اس مدعا کا ہو فریسہ نے
کہا کہ نعمت دُنیا مراد اکل و شرب سے نہین ہو بلکہ نیکنامی اور ذکر باقی حاصل کرنا اور
زاد وراہ معاد اُسکے واسطے سے ہاتھ مین لاتا ہو مگر نعم المال الصالح کہ سبب حسن اعمال کا ہو
اگر تمکو سعادت دوجہانی مقصود ہو تو یہ بات میری کان مین رکھو طعمہ لذیذ کے واسطے کہ
ہنوز حلق سے فرد نہین ہوتا ہو کہ لذت اُسکی فانی ہو جاتی ہو پس ایسی لذت بے بقا

اور ذی دی
ہمارئین اس کی
بلکہ ہم تو دن
لاہے
حاصل نعم ہو
مین اسکا ترتیب
سے بے خوبیاں
ہو تو چاہیے
ہو اور
حلال سے
جمع ہو اس ہو

کے واسطے ہلاک کرنا نفوس کا بڑی حیف کی بات ہے اور جو چیز کہ بے آزار و بے ایذائے خلق اللہ ہاتھ آئے اُس پر قانع اور شاکر رہو اور وہ بھی ایسی مقدار اختیار کرو کہ بقاے حیات اور قوام بدن اِس سے قائم رہے جو کہ خلاف شرع و عقل ہے اس مین مجھ سے موافقت نہ چاہو کہ میری اتنی محبت تمھاری ظاہری بھی برہم ہو جاے اور موافقت افعال ناپسندیدہ کی کہ موجب عذاب ہے مجھ سے امید نرکھو اور اگر ایسی ہی تکلیف منظور ہے تو اجازت دو تا ترک صحبت کر کے تم سے بلاد دور دست کی راہ لون اور باقی انفاس گوشہ عزلت مین بسر کرون جبکہ یارون نے فریسہ کو با ورع پر ثابت قدم دیکھا معتقد ہوے اور اُس کلمات سے عذر و استغفار کیا فریسہ تھوڑے سے عرصہ مین منزل تقوی پر منتہی ہوا اور گوشہ نشین اُس دیار کے اُسکی ہیئت باطن سے دریوزہ گری کرنے لگے اور گرم رو بادیہ مجاہدہ اسکی نظر الطاف سے استمداد کرتے تھے تھوڑی ہی فرصت مین شہرہ اسکے زہد و دیانت کا نواحی ہر صحرا اور بیشہ مین شایع ہوا اور فریسہ کی منزل کے نزدیک ایک بیشہ تھا نہایت شاداب اور میوہ دار اُسمین سباع و وحوش بہ سبب فضا اور لطافت ہوا کے جمع تھے اور بادشاہ ان سب کا ایک شیر تھا ہول و ہیبت اور قوت و شوکت مین کوئی مثل اور ہمسر اُسکا نہ تھا باشندے اس بیشے کے حلقۂ اطاعت اُسکا گوش فرمانبرداری مین رکھتے تھے اور لقب اسکا کامجو تھا ایک دن اپنے ارکان دولت اور ارباب صحبت سے سرگرم مقالات تھا اثناے کلام مین ایک حکایت فریسہ کی ساتھ لطف و کمال اور حسن صلاحیت کے سمع بادشاہ مین پہونچائی اور بادشاہ باشتیاق جویاے صحبت فریسہ ہوا القصہ کامجو نے معرفت ایک شخص کے فریسہ کو طلب کیا فریسہ موافق حکم بادشاہ کے کہ اغماض کرنا بادشاہ کے حکم سے بغاوت رکھتا ہے اور بغاوت حرام ہے لہذا بپاس تقوے درگاہ سلطانی مین بلا عذر حاضر ہوا اور بادشاہ نے عزت تمام سے اپنی مجلس مین جگہ دی اور فرمایا کہ مین چاہتا ہون کہ آداب

طریقیت تجھ سے حاصل کرون اس کے بعد بادشاہ نے ہر طرح کی گفتگو کی فریسہ کو ایک
بحر بے پایان ادر معرفت کمالات نفسانی مین ایک گنج بے بہا دیکھا اور چشم دوربین
سے نقیر اور قطمیر طریق کارسازی اور فہم پروازی اور تقریر اور تدبیر فریسہ کی
امتحان فرمائی تو تمام نقد حال اُسکا محک قبول پر عیار کامل پایا المولفہ بیت

عاشق کامل کو خوف امتحان ہوتا نہین	چرخ سے خالص طلا کا کچھ زیان ہوتا نہین

کانجو کو صحبت اُسکی بہت خوش آئی بعد چندے خلوت مین فرمایا کہ ای فریسہ میری
مملکت بہت وسیع ہی اور کام اس سلطنت کے بیشمار ہین اور خبر تیرے زُہد کی میرے
سمع جلال مین پہلے ہو پہنچی تھی اور اب جو دیکھا تو سُننے سے زیادہ پایا بیت

شنیدہ ام کہ در آفاق نیست ثانی تو	چو دیدمست بہ حقیقت ہزار چندانی

اب تجھپر اعتماد تمام مجھے ہوا اور ملک و مال اپنا تجھے سپرد کرنا چاہتا ہون تا جیسا کہ منزل
اتقا مین تو نے رتبہ عالی پایا ہی ویسا ہی مقام امارت مین بھی مرتبہ رفیع کو پہونچے اور
زمرۂ خواص اور مقربان با اختصاص مین داخل ہو اور برکت عنایت اور حسن عاطفت
ہمارا اقران اور اخوان بلکہ ابناے روزگار پر تجھے شرف اقتدار بخشے بیت بر آستان
دولت ما ہر کہ سر نہاد ✤ نگذشتہ ہفتۂ کہ زاہل سپہر شد ✤ فریسہ نے جواب دیا کہ سلاطین
کو لازم ہی کہ کفایت کار ملکی و مالی اُنکے واسطے کہ لیاقت اُسکی رکھتے ہون تجویز کرین اور وہ
لوگ خواہان بھی اس خدمت کے ہون اور وہ اشخاص کہ جو اس سے کارہ ہون اور اسکے
ضبط اور ربط پر قادر نہین اور اس عہدے کی شرطین بواقعی اُنسے روانہ ہون تو اس بار
کو اُنکی گردن پر ڈالنا وبال اس نقصان اور گناہ کا بادشاہ کی طرف رجوع کریگا غرض اس سے
یہ ہی کہ مین کار بادشاہی سے بدل کارہ ہون اور واقفیت اور تجربہ بھی اسکا نہین رکھتا ہون
اور تو بادشاہ صاحب شوکت اور سلطان عالی منزلت ہی اور تیری خدمت مین سباع بہت ہین
اور قوت و شجاعت مین آراستہ اور صفت امانت و دیانت مین مشہور اور پیراستہ اور طالب

ان کاموں کے بھی میں اگر اُنکے حق میں عنایت فرمائیے تو خاطر مبارک سب دغدغوں سے
فارغ رہے اور کام بھی خوب بن آئے گا مجو نے کہا کہ انکار میرے کلام سے تجھے کیا فائدہ
دیگا اس سے پہلوتہی کرنے میں کیا حاصل دیکھا ہے تو نے اور معاف نکرونگا میں تجھے
اور کرہاً اور طوعاً طوق اِس عہدے کا تیری گردن میں ڈالونگا فریسہ نے کہا کہ کام
بادشاہ کا مناسب دو شخصوں کے ہوتا ہے ایک غافل سخت رو کہ زبان درازی اور
بے مروتی سے غرض اپنی حاصل کرے اور زیرکی و حیلے سے پیش رفت لیجائے اور نشان
مخالفت کے تیر تعرض کا بھی نہ بنے اور دوسرے غافل بے حمیت کہ کانٹوں پر کھینچنے کا خوگر
ہوکر اور بے تامل ورتلطف نام و ننگ کی پرواہ نہ رکھتا ہو پس ایسا شخص معرض حسد میں
نہیں آتا اور دشمن اُسکے کمتر ہوتے ہیں اور میں اِن دونوں طرفوں میں سے نہیں ہوں
نہ حرص غالب رکھتا ہوں کہ خیانت کی بدنامی کی پروا نہ کروں اور نہ طمع خسیس رکھتا ہوں کہ بار ندامت
اُٹھانا گوارا کروں قطعہ بخدائے کہ آفرین کردست ٭ عاقلان را بخوشتن داری ٭ کہ نیرزد بہ
نزد ہمت من ٭ ملک ہر دو جہان بیک خواری ٭ لمؤلفہ ایضاً لخت دل کھائے سدا خون جگر
میں نے پیا ٭ بہر یک نان کبھی منت کش دونان نہ ہوا ٭ بادشاہ کبھی اس امر کو زبان پر نہ لائے اور
مجھے تحمل بار مشقت سے معاف فرمائے مدت ہوئی کہ میں نے دیدۂ طمع شوخ چشم کو سوزن قناعت
سے سیا ہے اور متاع بے اختیار حرص کو شعلۂ آتش ریاضت سے جلا دیا ہے اگر بادشاہ
دوسری بار علائق دُنیا میں آلودہ کریگا تو مجھے وہ پہونچے گا کہ جو مکھیوں کو پہونچا کہ
طبق شہد میں بیٹھی تھیں شیر نے کہا یہ قصہ کیونکر تھا حکایت کہا کہتے ہیں کہ ایک فقیر صاحب دم
کہ طریق طریقت میں ثابت قدم تھا ایک روز ایک شہر میں گذرا ایک حلوائی نے کہ
فقیری سے کچھ چاشنی رکھتا تھا فقیر سے التماس کیا کہ ایکدم میری دوکان پر ٹھہرے تو
عین بندہ نوازی ہے مرد عارف بمقتضائے خلق اور دلنوازی کے بیٹھ گیا حلوائی نے بطور
پیشکش طشت شہد سے بھرا ہوا روبرو درویش کے رکھدیا مکھیاں اپنی عادت کے موافق

حکایت درویش و حلوائی

غوغا کنان اُسپر بیٹھ گئین ہر چند اُنکے اُڑانے مین سعی کی پر باز نہ آئین ایک بار طشت پر
گر ہی پڑین حلوائی نے جبکہ ہجوم اُنکا دیکھا پنکھا زور زور سے ہلانے لگا جو کنارے طشت کے
تھین اُڑ گئین اور جو شہد پر بیٹھی تھین پابند ہو گئین جبکہ اُڑنے کو چاہا پر و بال بھی شہد
مین پھنس گئے اور دام ہلاکت مین مبتلا ہوئین وہ درویش مشاہدہ اِس حال کا کر کے
جوش مشاہدے سے نعرہ زن ہوا جبکہ وہ ولولہ اعد تموج دریاے وجد وحال فرو ہوا حلوائی نے
کہا کہ اے عزیز صورت حلوے کی تجھ سے دریغ نہین رکھی ہے تو بھی معانی اس حال کے جو تجھپر جلی
ہوے ہین مجھ سے دریغ نہ فرما درویش نے کہا کہ حال دنیا اور اُسکے حریصون کا اس شہد کے
طشت سے مجھپر کھل گیا ملہم غیبی نے کہا کہ اس طشت کو دنیا جان اور یہ عسل اسکی نعمت ہے اور یہ مگس
نعمت خوار اس دُنیا کے ہین کہ کنارے پر اور درمیان بیٹھے ہین اور جو کنارے طشت کے ہین وہ
بے حرص ہین کہ کنارہ پر رہ کے بقدر ضرورت کچھ حاصل کر لیتے ہین اور قدر ضرورت سے زیادہ کے
درپے نہین ہوتے ہین جس وقت عزرائیل علیہ السلام مروحہ رحیل ہلائین گے یعنی جنبش سلسلہ موت کو
دینگے جو کنارے طشت کے ہین اُڑ جائینگے یعنی نزع اور قبض روح اُن کا بآسانی ہوگا کہ کوئی غم
اور غصہ علائق دُنیا سے کاہش روح اُنکا نہ ہوگا اور آشیانہ فی مقعد صدق عند ملیک مقتدر
مین بازگشت کرینگے یعنی ارواح صالحین کو جگہ آرام کی بعد قبض کے اللہ کریم نزدیک اپنے
عنایت کرتا ہے اور وہ مکھیان کہ طشت کے بیچ مین بیٹھی ہین یہ مثل حریصان دُنیا کے ہین
کہ دُنیا کو زیادہ ایمان سے عزیز رکھتے ہین قبضا کہ حضرت عزرائیل بادکش بال سے حرکت
زیادہ کرینگے بال و پر اُنکے شہد مین زیادہ پھنستے جائین گے یعنی تشدد اور تشبث تمام سے
اُنکی روح قبض ہوگی اور بمقتضاے ثم رددناہ اسفل سافلین کے یعنی جانب پستی کے
رو کیے جائین گے کہ ہر جگہ سے وہ جگہ بدتر ہے اسفل السافلین اُن لوگون کی ارواح
کا مقام ہے کہ شقاوت ابدی پر جن کا انجام ہوگا فرسیہ نے کہا کہ اس مثل کے
ایراد سے یہ غرض ہے کہ بادشاہ میرے پر و بال شہد دُنیا سے آلودہ نہ کرے

کہ جب امانت روح کے استرداد کا وقت پہونچے تو چلنا آخرت کی راہ کا بسہولت
میسر آئے **بیت** چنان زی کہ بدست آر از زمانہ ٭ کہ گر گویند رو گردی روانہ ٭ کامجو
نے کہا کہ جبکی نظر حق پر ہو اور روش عدالت پر مستقیم ہو اور کوئی دقیقہ راستی کا
فروگذاشت نہین کرتا ہو اور مظلومون کے ضرر کی ستمگارون سے باز خواست کرتا
ہو اور محنت کشیدون کی بات خوشدلی اور تازہ روئی سے سنتا ہو وہ ہر آئینہ دنیا
مین معزز رہے گا اور عقبیٰ مین شرف کرامت سے بہرہ مندی پائیگا فریسہ نے کہا
کہ کام سلطنت کے بشرائط مناسب اگر کوئی سرانجام دے تو خوشبو نجات کی
اُسکے مشام جان کو البتہ پہونچے گی لیکن دنیا مین کام کسی کا دوام پذیر نہین ہوتا ہو
اور کسی کی مدت عمل کو ثبات و قرار تا آخر عمر کمتر دیکھا ہو اور جو کوئی تقرب بادشاہ
سے سرفراز ہوتا ہو پہلے اُسکے دوست بہ سبب حسد کے اُس سے روگردان ہوتے ہین
اور دشمن اُسکی جان کو تیر بلا کا نشانہ بناتے ہین جبکہ سب کا اجتماع ایک شخص کی
عداوت پر منعقد ہو تو امین رہنا اُسکا خلاف قیاس ہو اگر پاؤن اُس شخص کا
آسمان پر ہو تو بھی سر سلامت نہ لیجائے گا شیر نے کہا جبکہ مین تجھ سے حسن عقیدت
رکھتا ہون بد اندیش کیا کر سکتے ہین ایک گوشمالی مین راہ اُنکی کید کی بند کر دونگا اور
تجھے نہایت حرمت اور غایت امنیت کو پہونچاؤن گا کیا مصرع یہ نہین سنا ہو تو نے
مصرعہ چہ غم ز حیلۂ دشمن کہ دوست جانب ماست ٭ فریسہ نے کہا کہ بادشاہ کے یہ
الطاف محض میری پرورش کے واسطے ہین ورنہ کونسی حاجت بادشاہ کی مجھ پر موقوف
ہو مگر کمال عنایت میرے حال کے لائق یہی ہو کہ بادشاہ مجھے میرے حال پر چھوڑ دے کہ مین
اس صحرا مین بفراغت زندگانی بسر کرون اور نعمت سے فقط آب و گیاہ پر صبر کرون
اور مضرت حسد دشمن سے کنارے رہون اگر تھوڑی سی عمر کسی امن و راحت اور
فراغ صحبت مین گذرے تو اس سے بہتر ہو کہ بہت سی زندگی خوف و دہشت مین بسر ہو

بیت دمے فراغت دل بہترست از انکہ کسی ٭ ہزار سال نہ برد فق آرزد بزید٭
کا مجو نے کہا کہ اب وغدغۂ خوف کو دل سے دور کر اور مجھ سے نزدیک ہو کے مہمات
سلطنت کو اپنے ذمے لے فریسہ نے کہا کہ اگر حال اِس منوال پر ہی کہ عذر اور انکار
میرا کچھ فائدہ نہین کرتا ہی تو بادشاہ مجھے اپنی امان مین لے کہ جب مین نے کام
اختیار کیا تو زیردست میری منزلت پر حسد کرینگے زبردست اپنے بیم زوال مراتب سے
میری عداوت پر اتفاق کرینگے تو بادشاہ اُنکے ودمے پر مجھ سے متغیر نہ ہوا ور میرے
قضیے مین کلام حاسدون کا ساعت نہ فرمائے اور جو کچھ کہ کوئی عرض کرے اُس مین
بچشم انصاف نظر فرمائے تو البتہ مین یہ خدمت کرون **مصرع** بہر تہمت کسی آید ترا خاطر
گران گردن ٭ شیر نے اُس سے عہد و پیمان کیا اور کنجیان سب مال و ملک کی اُسکو سپرد
کین اور تمامی اتباع اور لواحق کو حکم کیا کہ اُس کے فرمانبردار رہین القصہ تھوڑے سے
عرصے مین اِس اعتماد کو پہونچا کہ بادشاہ اُسکے سوا کسی سے مشورہ نہ کرتا تھا اور اسرار مملکت
کے سوا فریسہ کے دوسرے سے اظہار نہ فرماتا تھا ہر روز اعتقاد شیر کا زیادہ ہوتا جاتا تھا
اور قرب مرتبہ فریسہ کا بڑھتا جاتا تھا آخر نوبت اختلاط سے اتحاد کو پہونچی کہ ایکدم کی
جدائی ہزار سال کے برابر سمجھتے تھے او سچ ہی کہ جب دوستی نہایت کو پہونچتی ہی تو یہی حال
ہوتا ہی آخرکار یہ حال مصاحبان شیر کو گران ہوا اور سب ارکان دولت نے کمر مخالفت
فریسہ پر باندھی اور آپس مین اِتّفاق کیا کہ ایسی خیانت سے منسوب کیا چاہیے کہ شیر کا
مزاج منحرف کر کے فریسہ کو پایۂ اقتدار سے گرائین القصہ بعد صلاح بسیار اس پر
قرار ہوا کہ ایک درندہ کو سب نے تعلیم کیا کہ قدرے گوشت شیر کی چاشت کے واسطے
رکھا جاتا ہی اُسی کو فریسہ کے حجرے مین رکھدے اور اُسپر بندشین فتنہ انگیز کر کے شیر کو
برہم کرین آخر یہی کیا جب کہ شیر زرین چنگ کنام سے باہر آیا اُمرا اور وزرا
موافق عادت کے بادشاہ کے حضور مین حاضر ہوے اور فریسہ تدارک کار سرکار کے

واسطے کسی طرف گیا تھا شیر اُسکے انتظار مین بیٹھا تھا عادت یون تھی کہ سوا اُسکے کسی سے
بات کسی کام کی نہ کرتا تھا اور دوسرے چاشت کے وقت اشتہا نے شیر پر غلبہ کیا جو گوشت
کہ چاشت کا مقرر تھا ڈھونڈھا نہ پایا شیر نہایت آشفتہ ہوا اُسی وقت کہ فریسہ
غائب اور دشمن حاضر تھے دیکھا کہ آتش جوع اور حرارت غضب باہم جمع ہین فساد
شروع کیا اور تنور شرور کو گرم کرکے نان مطلب یون لگانے لگے ایک نے کہا کہ چارہ
اُسکے سوا نہین ہی کہ ہم بادشاہ کو آگاہ کرین اور جس مین کہ نفع اور ضرر حضرت کا جانین
اُسکے عرض کرنے مین دریغ نہ کرین کام جوئے نے سُنکے کہا کہ ملازمان بادشاہی کو چاہیے
کہ جو شرط نمک حلالی کی ہی اُسمین دریغ نہ کرین بے تامل عرض کرین بیت کسانے
حق شناس و حق گذارند + کہ حال از بادشہ پنہان ندارند + اور جو کچھ کہ سُنا ہی اور
دیکھا ہی اُسے کیون عرض نہین کرتے ہو ایک شیطان سیرت نے جواب دیا کہ مین نے
یون سُنا ہی کہ فریسہ اُس گوشت کو اپنے دیماس کی طرف لے گیا تھا دوسرے نے
دھوکا دینے کے واسطے کہا کہ مجھے یقین نہین آتا ہی کہ وہ جانور ہی کم آزار اور امانتدار
تیسرے نے کہا ایسی باتون مین احتیاط کرنا چاہیئے کہ ہر کسی کے دوست دشمن ہوتے
ہین اور اپنی عرض کے واسطے باتین جھوٹ بناتے ہین اور کوئی شخص جلد نہین
پہچانا جاتا ہی اور اسرار خلائق کے آسانی نہین معلوم ہوتے ہین ایک مدت کے بعد
کھُلتا ہی کہ نیک کار کون اور بدکار کون ہی چوتھے نے کہا کہ واقعی کسی کے دل کا حال
جلدی نہین کھُلتا ہی لیکن یہ بات کچھ فکر طلب نہین اگر گوشت اُسکے مکان مین نہ پایا جاے
تو یہ افواہ کہ خاص و عام مین ہی اور سب خرد و بزرگ اپنی اپنی جگہہ کہتے ہین کہ فریسہ بڑا
دغاباز ہی پھر یہ سب سزا کے قابل ہین تا بار دگر کوئی بہرہ گزیدگان سلطانی پر تہمت
نہ کرے اور یہ جو خبر مدت سے اہل بیشہ مین منتشر ہی کہ وہ بڑا غدار ہی مین تو یہ جانتا
ہون کہ ایسے بادشاہ جبار کا کارندہ غدار ہو تو زنہار جان سلامت نہ لیجائے گا

لیکن بادشاہ جب تک کہ مطلع نہو مجبور ہی پانچوان بولا کہ ہم بھی یہ بات مدت سے سنتے ہین مگر یقین کے قابل نہ تھی اب جو یہ بات سنی گئی کہ گوشت بادشاہ کی چاشت کا اُسنے چُرا لیا اگر یہ سچ ہی تو بادشاہ کے ملک ومال کا حال کیا ہوگا چھٹا بولا کہ غدر اور مکر اُسکا بیشتر میرے گوش زد ہوا تھا اور فلانے فلانے گواہ شرعی بھی موجود ہین اُنھون نے بارہا گواہی بحلف دی کہ زاہد ریائی کا مدار کار غدر اور حیلہ پر ہی مجھے یقین کامل نہوا اس لئے عرض کرنا مناسب نہ جانا کہ شہریار کو مبادا گمان میرے حسد کا ہو تو لینے کے دینے پڑین اگر یہ شخص غدار ہی تو غدر پوشیدہ نہین رہتا ہی عنقریب ظاہر ہو جائے گا اور سزا اپنے کردار کی پائیگا کہ ہر عمل کے واسطے منتقم حقیقی نے سزا مقرر کی ہی اور بادشاہون کے بھی مرحمت اور سیاست کے دونون پلے برابر ہوتے ہین جو شخص جتنی بلندی سے گریگا اُتنا ہی صدمہ زیادہ پائیگا مگر قیاس سے معلوم ہوتا ہی کہ وہ وقت آ پہونچا ہی کسی کی غیبت کرنے کی حاجت نہین ہی کہ بادشاہ خود روشن ضمیر ہی لیکن باوجود دعوی فقر و پاک طینتی اور خرقہ صوفیانہ اور نیک نیتی کے جو کوئی حیا نہ کرے اور خیانت فاش سے نہ شرمائے تو لازم ہی کہ یہ بیت اپنے حال کے موافق تکرار کرے بیت خرقہ پوشئی من از غایت دینداری نیست پردہ بر سر صد عیب نہان مے پوشم ساتوان دروازۂ معقول گوئی سے در آیا اور کہا کہ اس پاکیزہ روزگار متقی دیندار کے کلام سے ہمیشہ یہ تراوش کرتا تھا کہ اُسکا عقد جان ہر معصیت بلا اور محنت وعنا مین مصروف رضاے بادشاہی ہی بااین ہمہ اگر ایسی خیانت ظاہر اُس سے سرزد ہوئی ہو تو حیرت کا محل ہی اور کسی طرح سے یقین نہین آتا ہی باقی الغیب عند اللہ آٹھوین نے کہا کہ جب کہ ایسی قلیل چیز پر کہ بادشاہ کی چاشت کا وظیفہ تھا اور اُس نے اُسپر آنکھ اپنی سیاہ کی ہو تو قیاس کیا چاہیے کہ مہمات کلی مین کس قدر کی خیانت کی ہو گی اور مال بادشاہی سے کیا تصرف مین لایا ہو گا جو صیاد کہ بیضۂ گنجشک سے درگذر نہ کرے وہ تیہو اور کباب پر قادر ہو کے کب درگذر کرے گا جب کہ

امرا و وزرا نے میدان خالی پا کے اپنے حسب لخواہ بدگوئی مین زبان آوری کی اور
کامجو کا دل غبار تردد سے خوب بھرا اُسکے بعد ایک نے اُن مین سے کہا کہ اگر یہ بات
سچ نکلی تو یہ فقط خیانت نہین بلکہ دلیل ہی کافر نعمتی اور حق ناشناسی کی اور حقارت
بادشاہ کی بھی اسمین متصور ہی کیونکہ دشمن کہینگے کہ بادشاہ نے کیا سمجھ کے ایسے خائن پر
اعتماد کیا تھا دوسرا وزیر بولا کہ ای یار و ایسے کلمات زبان پر نہ لاؤ اور اپنا نامہ اعمال سیاہ
نہ کرو ایحب احدکم ان یاکل لحم اخیہ میتاً خلاصہ معنی آیت یہ ہی کہ آیا دوست رکھتا ہی تم مین سے
کوئی یہ کہ کھاوے گوشت اپنے برادر مردے کا لازم ہی کہ دانت اپنے بھائی کے گوشت مین
نہ مارو اگر قضیہ خیانت کا واقع ہو تو تم سب گنہگار ہوگے اگر بادشاہ اسی ساعت فرماوے
تو مکان اُسکا ڈھونڈھا جائے اور اشتباہ رفع ہو جائے اگر گوشت اُسکے مکان سے نکلا
تو بھی گواہ ہی اُسکی خیانت کا اور گمان خاص عام کا بجا رہا اور اگر گوشت اُسکی وہاں مین نہ نکلا
تو افترا صریح ہی پھر سب پر واجب ہی کہ استغفار کرین اور فریسہ سے گناہ اپنے بخشادین
دوسرے نے کہا کہ اگر احتیاط منظور ہی تو اُسکی تحقیق مین جلدی کیجائے ورنہ اُسکے جاسوس
صحبت مین ہمتم مین ساعت بساعت خبر پہونچاتے ہین جب کہ وہ مطلع ہو جائے گا تو
اُسکا تدارک جو کچھ کہ چاہیے سو کریگا پھر اس بات کا کھلنا دشوار ہو جائے گا آخر ایک اور
ندیم نے گستاخانہ عرض کیا کہ اس واقعے کے تفحص سے فائدہ کیا ہی اگر گناہ بھی اُس خائن
نامتدین کا ثابت ہوا تو ایسا شعبدہ کرے گا کہ بادشاہ کو اس مکافات سے منحرف
کرکے سب خیرخواہون پر غضبناک کر دے گا ایک تو اُسوقت حال شیر کا بھوک سے متغیر
تھا اور اُسپر اِن لوگون نے یہان تک مفسدہ کیا کہ کراہت فریسہ کی طرف سے شیر کے دل مین
آ ہی گئی لیکن شیر بھی کامجو نے عقل سلیم کو دخل دیا اور سب سے کہا کہ اس قضیے نے مجھے
سخت متردد کیا ہی جب غور کرتا ہون کہ وضیع اور شریف ارکان دولت فریسہ کی
خیانت پر متفق ہین اور ایسا اتفاق کمتر ہوتا ہی بلکہ نہین سُنا ہی کہ سب کے سب

ایمان چھوڑ دین اور ناحق ایک بیگناہ کو حسد سے قتل کرا دین اور مطلق خوف خدا
اور شرم خلق اللہ نہ کرین اور ندیم کافی کہ باعث آرام بادشاہ اور موجب فلاح سلطنت
ہو اُسکی ہلاکت پر راضی ہون اور جس وقت کہ نظر تامل سے دیکھتا ہون تو زنہار یقین
نہین ہوتا کہ ایسا زاہد و عابد کہ سب عالم جسکی امانت و دیانت پر گواہ ہی اور مین نے
بھی اِس مدت مدید مین کبھی شائبۂ خیانت اُسکے اقوال و افعال سے پایا نہین ہی پھر
ایسی خیانت اُس سے کیونکر ہوئی ہوگی ان دونون صورتون مین عجب طرح کا
تردد عظیم میرے لاحق حال ہی مگر بعد تامل بسیار عقل سلیم کہتی ہی کہ یہ سب سباع کہ
خرلیسہ سے مرتبہ مین کمتر ہین وہ سب گوشت کے محتاج نہین ہین بلکہ بقدر احتیاج اُسی کے
ہاتھ سے سب کو ہر روز پہونچتا ہی پس خرلیسہ کو گوشت کی کیا کمی تھی کہ ہماری چاشت
کا گوشت چرا لیتا اور پھر چرانے کے بعد اُسے کھاتا بھی نہین اور دیگ پاس مین رکھ چھوڑتا
کہ تم اسے نکال لاتے لہذا جواب اِس بات کا جب تک دلیل کافی سے نہ لاؤ گے
قابل اعتبار نہین ہی سیاہ گوش نے عرض کی کہ جواب شافی اِسکا موقوف ہی ایک حکایت
پر اور وہ حکایت ہی زن گدائی پیشہ کی کہ ایک بادشاہ کی منظور نظر ہوئی تھی کامجو نے
پوچھا کہ حکایت اُسکی کیا ہی **حکایت** کہا کہ ایک عورت کمسن متناسب اعضا اور
رنگ و روغن اور آنکھ ناک سے بہت درست تھی کہ جسے نک سک سے ٹھیک ٹھاک
کہتے ہین کوچہ و بازار مین گدائی کرتی پھرتی تھی لیکن بسبب خواری اور ذلت کے کہ
میلی کچیلی اور خاک آلودہ اور لاغر پھرتی تھی اُسکا حسن و جمال کسی کے خیال مین نہ آتا تھا
اتفاقاً ایک دن سواری بادشاہ کی سر بازار گذری اور اُسپر نظر پڑی ان دنون کہ نیر اقبال
اسکا حضیض نکبت سے نکلکر اوج ترقی پر درخشانی کر رہا تھا اس لیے بادشاہ کی
نظر مین حور و پری سے بہتر دکھلائی دی حکم کیا کہ اسے سوار کر کے لے آ و
فوراً خدام سلطانی نے محافے مین بٹھا کے در دولت پر حاضر کیا حکم ہوا کہ

محل شاہی مین داخل کرواؤ اور محلدار سے کہو کہ جلد حمام کروائے اور پوشاک نفیس پہنائے
مشاطہ سے کہو کہ آج اُسے آراستہ کرکے چوکی مین لگائے جب کہ بعد آرائش تمام شب کو
بادشاہ کے روبرو آئی دیکھتے ہی ہزار جان سے مفتون ہوگیا اور تمام شب بوس و کنار
اور خلا مین بسر کی اور روز بروز غلبۂ عشق کا بادشاہ کو زیادہ تر شدید اکرتا جاتا تھا
حتی کہ افضل النسا اور ملکۂ جہان خطاب ہوا اور بادشاہ کا کھانا اور سونا بھی اُسی کے
ساتھ تھا باوجود کہ اِس خواری و ذلت سے نکل کے اس عیش و آرام سے رہتی تھی مگر
روز بروز لاغر اور نزار ہوتی جاتی تھی ایک دن بادشاہ نے پوچھا کہ حال اپنا بتا کہ
اس راحت و عشرت مین کیون لاغر ہوتی جاتی ہی جو بیماری ہو تو معالجہ کیا جائے اور
اگر کوئی رنج روحانی ہو تو اُسکا تدارک ہو اُسنے کہا کہ اے بادشاہ نہ مجھے کوئی ملال بدنی
ہی نہ روحانی مگر بادشاہ مجھے اپنے ساتھ کھانا نہ کھلائے اور حکم ہو کہ میرا کھانا جدا آئے اور
سب سے علحدہ کھایا کرون اسکے بعد مین ہرگز لاغر نہ ہونگی بادشاہ نے اُسی دم حکم کیا اور
کھانا اُسکا علحدہ آنے لگا اُسکے بعد یہ روز بروز فربہ اور سرخ و سپید ہونے لگی بادشاہ نے
خدام محل سے پوچھا کہ یہ جدا کھانے مین کیا کرتی ہی انھون نے عرض کیا کہ کنیزون کو اسکا
علم مطلق نہین ہی اس قدر معلوم ہی کہ جب خاصہ آتا ہی تو یہ طاقون پر چنوا کے پردے کھلوا دیتی
ہی اسکے بعد پھر جو جو خاصہ آتا ہی تو طاقون پر چنوا کے پردے کھلوا دیتی ہی اسکے بعد معلوم نہین
کہ اندر کیا کرتی ہی اور کس طرح کھاتی ہی اور ایک دن جبکہ مشغول کھانے کی ہوئی بادشاہ
مخفی آکے پردے مین جھانکنے لگا دیکھا کیا ہی کہ روبرو ہر طاق کے آتی ہی اور کہتی ہی کہ
خدا کی راہ پر ایک ٹکڑا دو پھر اُسمین سے لے کے ایک لقمہ کھالیتی ہی پھر دوسرے طاق
کے آگے جاتی اور کہتی ہی کہ اللہ کے نام پر ایک نوالہ دو اُسمین سے بھی ایک لقمہ لیکر کھالیتی
ہی اسی طرح سب طاقون سے مانگتی پھرتی ہی جب سیر ہو جاتی ہی تو کنیزون کو آواز دیتی اور
کھانا اُٹھا دیتی ہی اور ہاتھ مُنھ دھو کے آیا کرتی ہی جب کہ بادشاہ نے یہ حال مشاہدہ کیا سمجھا

کہ علت دھونے سے البتہ جاتی ہی مگر عادت نہین جاتی ہی اُسی دن بادشاہ نے اُس کو
نکال دیا اور اُسکے بعد پھر اُسکا نام نہ لیا اے بادشاہ فریسہ بھی اسی طرح سے مرد گدا پیشہ اور
خائن اور مکار تھا تونے دفعتہً بلا امتحان اُسے وزیر اعظم کر دیا گو اس مرتبے کو پہونچا مگر
عادت خیانت اور گدائی کی اُس سے کب جاتی ہی الآیہ سچ ہے کہ اُسے گوشت کی یا کسی
چیز کی تیری بدولت کیا کمی ہی مگر عادت خبث سے مجبور ہی کہ چوری اور خیانت بسبب اُسکے
اُسکی عادتوں مین لکھی گئی ہی اُسے چین اور قرار نہین آتا ہی جبکہ دلیل یہ روشن اور مثال چسپان
سیاہ گوش کی زبان سے کامجو نے سُنی یقین ہوا کہ یہ امر بے سبب نہین ہی حکم دیا کہ دیکھو اُسکی
دیاس مین گوشت کا کچھ اثر ہی یا نہین فوراً ایک درندہ اُٹھا اور وہان جا کے آدھا گوشت
زمین مین گاڑ دیا اور آدھا اُٹھا لایا کامجو نے کہا کہ ایک حیرت مجھے یہ ہی کہ اگر گوشت اُسنے
کھانے کے واسطے لیا تھا تو رکھ کیون چھوڑا سیاہ گوش نے عرض کیا کہ اے شہنشاہ بغور دیکھ کہ
سب گوشت تیری چاشت کا اتنا ہی تھا اُسنے بقدر اشتہا اپنی کے کھا لیا ہی اور جو باقی رہا
اُسے رات کے واسطے رکھ چھوڑا ہی اس گفتگو کے بعد کامجو کو یقین کامل ہوا اور فریسہ کے حاضر
کرنے کا حکم دیا سرہنگان شاہی بجا آوری فرمان شاہی کی غرض سے اُسکو لینے گئے بیچارہ
ان مدارون کے مکر سے بیخبر اور دامن اُسکا لوث خیانت سے پاک تھا بیباکانہ شیر کی خدمت مین
پہونچا شیر نے گوشت کی بابت دریافت کیا فریسہ نے کہا کہ مین نے اہل مطبخ کو دیکر تاکید کی تھی کہ چاشت کے
وقت بادشاہ کے آگے لیجانا چونکہ اہل مطبخ بھی شریک حال اُنھین دشمنون کے تھے انکار کیا کہ ہم ہرگز گوشت
سے واقف نہین ہین اور کسی نے ہمین سونپا نہ تھا بادشاہ نے وہ سب حکایت کہ تحقیق کر چکا تھا بیان کی
اور کہا مجھے کسی طرح شک تیری خیانت مین باقی نہین رہا ہی اگر جواب شافی تجھ سے سرانجام ہوا تو خیر ورنہ دیکھیگا جو
دیکھےگا فریسہ سمجھا کہ دشمنون نے کام اپنا کیا اور جو وہم کہ مدت سے مدنظر تھی اور رشتہ اُس کی تدبیر کا کات
رہے تھے آج درست کیا اور دل مین سمجھ کے یہ اشعار گویا کے حسب حال اپنے پڑھے ابیات کون ہین وہ
جو کیا کرتے ہین حیوان کو قتل ٭ وہم سے سیماب بھی کشتہ کسی عنوان نہوا ٭ ہاتھ مین سبحہ تو زنار رہا گردن مین ٭

ہے آزردہ دل گبر و مسلمان نہواۂ مین تو اے شہ ترے صحرا کو سمجھ وار شغناۂ یان بھی
آیا تو مرے درد کا درمان نہواۂ بادشاہ کے وزیرون مین ایک بھیڑیا تھا کہ مدت سے
فریسہ کی ترقی پر خار خار تھا بولا کہ ای بادشاہ خیانت اُس بدکار گنہگار کی روشن ہوئی
اور احتیاج گواہ اور شاہد کی کچھ باقی نرہی اب مناسب ریاست یہ ہی کہ سیاست مین
تاخیر نہو اور اگر یہ امر مہمل رہا تو بیشک خائن اور گنہگار ساعت بساعت اپنے افعال پر
دلیری کرینگے اور حکما کا اسپر اتفاق ہی اگر بادشاہ ہر ہر محل مین اپنی سیاست اور حرمت
کو عمل مین نہ لائیگا اور قصور فرمائیگا تو امور سلطنت کے عنقریب برہم اور درہم ہوجائینگے
ایک سیہ گوش کہ بادشاہ کا مخصوص تھا اُسنے یون عرض کی بادشاہ عالم پناہ کی وہ
رائے روشن ہی کہ آفتاب اُسکے پرتو سے اکتساب ضیا کرتا ہی اور شمع شبستان سپہر اسکی
حمایت خرد سے چہرہ اپنا روشن بناتی ہی مین اس تعجب مین ہون کہ خیانت اس غدار
کی اور رعونت اس غدار کی اور خباثت اس وہمی مکار کی کیونکر رائے عالی سے پوشیدہ اور
خبث اُسکے ضمیر ناپاک اور مکر طبع حیلہ انگیز کا کس طرح اتنی مدت مخفی رہا با وجود ایسے گناہ
عظیم اور فعل قبیح کے قتل اُسکا شہریار نے کیون توقف مین ڈالا ہی اور مشرب سیاست کہ
بیخ نہال دانش کو تازہ رکھتا ہی کیون جاری نہین کرتا ہی کامجو نے فرمایا کہ تیرا مطلب کیا
ہی اُسنے جواب دیا کہ ای بادشاہ حکیمون نے کہا ہی کہ من جنت سیاستہ دامت ریاستہ
نظام سیاست باعث دوام ریاست ہی جسنے کہ تیغ سیاست نیام انتقام سے نہ کھینچی
وہ فتنہ اعدا کی سرپہم نہ پہونچا سکے گا اور جسنے کہ بنیاد فساد کو منہدم نہ کیا نہال گلشن
امان اُسکا باغ زمانہ مین نشو نما نہ پائیگا بیت آئین سیاست ار برافتد ÷
بنیاد امان زبا در افتد ÷ جو کوئی کہ اصلاح ملک کیا چاہے سیاست مین تاخیر کرے
اگر مونس دل اور مقبول خاطر ہو اُسپر بھی التفات نہ کرے جیسا کہ بادشاہ بغداد
نے مصلحت عام کے واسطے اپنا محبوب خاص سیاست پر کھینچا کامجو نے پوچھا کہ یہ

قصہ کیونکر ہو **حکایت** کہا کہتے ہین کہ ملک خراسان مین ایک بادشاہ تھا کہ اوسے
قانون عدالت جمشید وار سے جام جہان نمائے عقل کو آئینہ روزگار بنایا تھا اور بملاحظہ
قاعدہ اسکندری چشمہ حیات کا ہمیشہ طالب تھا یعنی عدل وہ آب حیات ہو کہ عامل اسکا
نام نیک کے سبب سے کبھی نہین مرتا ہو اور اوسکا بیٹا تھا نیک خو زیبا رو کہ کمند ملاطفت
مین دل خلق اللہ کھینچتا تھا اور دانہ احسان و اکرام سے مرغ جان خاص و عام کو دام محبت
مین لاتا تھا اس شاہزادہ کو آرزوے طواف خانہ کعبہ اور عزیمت اداے ارکان حج مصمم
ہوئی بعد قیل و قال بسیار باپ سے اجازت لے کے تری کی راہ سے متوجہ سفر کا ہوا اور
ملازمون کے گروہ کے ساتھ مرکب کشتی پر سوار ہوکے عنان اختیار باد سبک رفتار کے ہاتھ
مین دی **بیت** چشم فتان ہوئی گرداب بلا دریا مین ÷ بے خطر موج کے مانند چلا
دریا مین بقطع مسافت کر کے مکہ معظمہ کو پہونچا بعد اداے لوازم ارکان حج متوجہ
آستانہ بوسی حضرت سلطان رسالت اور خاقان بارگاہ جلالت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا
ہوا آخر شرف سعادت آستانہ بوسی سے مشرف ہوکر قافلہ خراسان کے ساتھ بغداد
کی جانب آیا بادشاہ بغداد حال شاہزادے کا سنکر پیشوائی کو باہر آیا اور قاعدہ
مہمانداری مین ترتیب بادشاہانہ بجا لا کر استدعا کی کہ چند روز یہین توقف کیجیے
بموجب درخواست بادشاہ بغداد کے چند مقام کیے جب کہ رنج سفر سے آسودہ ہوا
اجازت وطن کی چاہی سلطان بغداد نے بہت عذر کیا لیکن اوسنے شکر گذاری کے بعد
رخصت مین اصرار کیا اور ایک کنیز چینی کہ لعبت چین اس سے عبارت ہو ہدیہ کے طور
سے بادشاہ بغداد کو نذر کر کے آپ راہی خراسان کا ہوا شاہزادے کے رخصت
ہونے کے بعد سلطان بغداد نے کنیز کو حرم سرا مین بلایا پس وہ صورت دیکھی کہ نقاش فطرت
نے زیبائی مین لوح وجود پر ایسا نقش کمتر کھینچا تھا اور دیدہ مصور فکر نے رعنائی اور
دلفریبی مین جریدہ خیال پر ایسا جمال نہ دیکھا تھا اور اوسکی زلف مشکین نے کمند فتنہ مین اہل عالم

کو جکڑ ا تھا اور ماہ جہانتاب اُسکے قدمون پر پیشانی ملتا تھا بادشاہ بغداد دیکھتے ہی
حسن و جمال اُس پری تمثال کا فریفتہ ہو گیا اور کہتا تھا یہ شعر گویا کا میرے ہی حسب حال
ہی **بیت** سامنے آتا ہی جو یوسف جمال ۞ اُس کے ہاتھون مفت بکجاتے ہین ہم ۞
مگر حاکم خرد منع کرتا تھا کہ دل اُس سے نہ لگائے پر فائدہ نہ کرتا تھا اور کار فرمائے عقل
ہر چند آب نصیحت آتش عشق پر چھڑکتا تھا مگر شعلہ اسکا منطفی نہ ہوتا تھا اور یہ شعر گویا کا
ہر دم زبان پر رہتا تھا **بیت** آپ سے جاتا نہین ہین اس ستمگر کیطرف ۞ خود بخود گردن
کھنچی جاتی ہی خنجر کی طرف ۞ القصہ یہان تک طرح معاشرت کی کنیز سے بڑھی کہ بالکل
ملک و مال کی خبر نہ رہی اور یہ دستور ہی کہ جب بادشاہ لہو و لعب اور عیش و طرب مین
مشغول ہو کے مظلومون کے حال سے بھی غفلت کریگا تو تھوڑے سے عرصے مین ہرج اور مرج
سلطنت مین پیدا ہوگا اور آشوب فساد یہان تک ترقی پائیگا کہ کام خلائق کا اضطرار
و اضطراب کو پہونچے گا **نظم ناسخ** شاہد پرست جبکہ کوئی بادشہ ہوا ۞ آیا زوال شمس حرارت
گیا و قوت ۞ جب نور آفتاب ہوا زیر ماہتاب ۞ قول منجمین ہی کہ بس ہو گیا کسوف ۞
جب کہ چند روز اس طرح پر گذرے ارکان دولت نے بادشاہ کی بے پروائی سے حال ولایت
کا خراب دیکھا ہر ایک نے دست نیاز گوشہ نشینون کی جانب دراز کیا اور درویشان پاکیزہ
نفس کے باطن سے دریوزہ دعا کا صلاح حال بادشاہ کے واسطے کرنا شروع کیا آخر مظلومون
کا تیر دعا ہدف اجابت پر بیٹھا بادشاہ نے رات کو خواب مین دیکھا کہ ایک شخص کہتا ہی
کہ تجھے کیا ہوا ہی کہ مظلومون کے کام سے تو نے ہاتھ کھینچا ہی قریب ہی کہ یہ دولت تیرے ہاتھ
سے جاتی رہے کیون اپنے ہاتھ سے تیشہ اپنے پاؤن پر مارتا ہی بادشاہ نے ہیبت خواب سے
بیدار ہو کے اور غسل کر کے زبان اقتدار و استغفار کھولی اور تدارک مافات مین مشغول
ہوا اور حکم دیا کہ یہ کنیز آج سے میرے پاس نہ آنے پائے اگرچہ اُسکے بغیر آرام نہ تھا اور دل
اُسکے مشاہدہ جمال کے بغیر قرار نہ پاتا تھا اور یہ شعر گویا کا تکرار کرتا تھا **بیت** یہ جنون

جھاڑ کے پنجے مجھے چمٹا ہی کہ بس پنہ کبھی دامن جو چھڑایا تو گریبان نہوا پنہ لیکن خوف آلہی اور
بیم زوال بادشاہی سے یہ حکم کیا تھا کہ یہ میرے پاس نہ آئے کنیزک نے دو دن صبر کیا اسکے
بعد بادشاہ کے پاس بے حجابانہ چلی آئی اور یہ شعر مؤلف کا زبان پر لائی **بیت**
کچھ تو فرماؤ ملکدر کیون ہو پنہ کیا گنہ کیا ہی خطا کیا باعث پنہ پھر بادشاہ نے اسکا جمال دیکھا
ہوش جاتا رہا اور جنون و عشق نے متاع عقل و فہم کو تاراج کیا اور شعر مولف کا پڑھنے لگا
بیت ان دنون پھر بیقراری کا اثر ہونے لگا پنہ پھر مرا دامن مرے اشکون سے تر ہونے لگا
پھر اسکے بعد اسی طرح چند روز اُسکا شیفتہ جمال و فریفتہ زلف و خال ہوکے عشرت مین
بسر کی دوسری بار پھر جاسوس عالم غیب کی اشارت لاریب سے بادشاہ کو ہوش آیا اپنے
دل مین کہا کہ اس فتنہ کے دفع کرنے کے سوا میرے درد کی دوا نہوگی اور بے اسکے کہ یہ بلا کلی
دفع ہو جائے کام سامان کو نہ پہونچے گا بعد ازین جلاد کو حکم کیا کہ اس کنیز نے نافرمانی کی
ہی کہ بغیر بلائے میرے پاس چلی آئی اُسکی سزا یہ ہی کہ اُسے لیجاکے دریاے دجلہ مین ڈبو دیوے
جلاد بموجب حکم کے کنیز کو باہر لایا اور اپنے دل مین سوچا اگر بادشاہ کل پشیمان ہوکر مجھے
طلب کرے اور وہ جو ہلاک ہوگئی تو مین کیا تدارک کرونگا اسواسطے اسنے اپنے گھر مین چھپا
رکھا شاہ اُس حرکت کے بعد بہت ملول ہوا جب کہ جلوت سے خلوت مین آتا تھا تو آرزوے
دیدار یار غلبہ کرتی تھی اور بہت مضطرب ہوتا تھا اور پھر اپنے آپ کو ملامت کرتا تھا اور
دلائل عقل سے دل کو تسکین دیتا تھا ایک دن دفع ملال کے واسطے بادۂ آب کے چند جام
نوش کیے جب کہ سرور حواس پر مستولی ہوا اور ناصح عقل کا دماغ سے اُٹھ گیا خیال
یار دلفریب سے بے شکیب ہوا اور جلاد کو طلب کرکے پوچھا اور تہدید تمام سے کہا کہ اگر
آج کی رات اُسے حاضر نہ کیا تو تجھے دار پر کھینچونگا ہر چند جلاد نے عذر کیا کہ مین نے جو کچھ
کیا سو بادشاہ کے حکم سے کیا میرا کیا قصور ہی لیکن بادشاہ کو جو نشہ شراب نے بیخود کر رکھا
تھا عذر واجبی سیاف کا نہ سُنا وہ ناچار ہوکر ہیبت سلطانی سے ڈرا اور اُس

کنیز کو حاضر کردیا بادشاہ نے پھر نئے سر سے نبیاد نشاط کو تازہ کیا اور اسباب عیش پر آمادہ ہوا القصہ اسی طرح تین بار بادشاہ نے اُسکے قتل کا حکم دیا اور سیاف خوف جان سے اُسے بچا رکھتا تھا اور طلب کے وقت پھر حاضر کرتا تھا ایک دن بادشاہ سوچا کہ چارہ اس کام کا اپنے ہاتھ کے سوا سرانجام نہ پائیگا اور دفع اس بلا کا اور کے ہاتھ سے زنہار نہوگا القصہ ایکدن بادشاہ لب بام کھڑا ہوا دجلے کی سیر کرتا تھا اور وہ کنیز بھی پاس کھڑی تھی بادشاہ نے خیال کیا کہ اگرچہ یہ کنیز بیگناہ ہے مگر مین اسکے پیچھے یہانتک از خود رفتہ ہون کہ کام خلق اللہ کا تباہ ہوا جاتا ہے اور داد نہ دینا مظلومون کی بڑا گناہ ہے پس بہتر یہ ہے کہ جب آدمی دو بلاؤن مین مبتلا ہو تو جو آسان ہو اُسے اختیار کرے بقول عرب من ابتلی ببلیتین فلیختار اہونہما اب بہتر یہی ہے کہ اس کنیز اور اپنے آرام جان سے ہاتھ اُٹھاؤن اور داد مظلومون کی ترک نہ کرون اسکے بعد بادشاہ نے اسکا ہاتھ پکڑ کے دفعتہً دجلے مین پھینکدیا اور حکم دیا کہ اُسے نکالو آخر دریا سے نکال کے دفن کردیا ہرچند کہ الم اسکے ہلاک کا زیادہ از حد کھینچا کہ گویا وہ آپ مرگیا لیکن صلاح ملک اور مظلومون کی داد کے واسطے اپنے معشوق کو اپنے ہاتھ سے ہلاک کیا اور یہ مثل اسواسطے لکھی گئی ہے تا بادشاہ جانے کہ صلاح مملکت کی رعایت کرنا واجب ہے اور شخص خائن کو زنہار اپنا انیس نہ کرے اور ایک شخص کہ جس سے مضرت امور کلی کو پہونچے اور نقصان عالم کو ہو اُسے دفع کرے بادشاہ اس دمنے سے دم مین اُنکے آگے سخت غضبناک ہوا اور فریسہ کو پیغام دیا کہ اُس گناہ کا اگر کوئی عذر ہو تو پیش کرے ورنہ دیکھے گا جو دیکھے گا مثل مشہور ہے کہ جسکا ہاتھ کوتاہ ہوتا ہے اُسکی زبان دراز ہوتی ہے اسکے مناسب مؤلف کا شعر ہے بیت ترک مطلب کیا ہے بے نیاز ہاتھ کھینچا پاؤن پھیلاتے ہین ہم ٭ فریسہ نے کہ بیگناہ تھا جواب درشتی آمیز دیا سنتے ہی جواب سخت کے غصہ کا مجوکا دوبالا ہوگیا اور عہد و پیمان کو برطرف کرکے فریسہ کے قتل کا حکم دیا یہ خبر مادر شیر کو پہونچی کہ شیر نے تعجیل کی اور حلم و بردباری کو چھوڑ کے خفت سبکساری کا مائل ہوا اور

دل مین کہا کہ جلد پہونچنا مناسب ہی کہ اپنے فرزند کو وسوسۂ شیطانی سے باز رکھون معمول ہی کہ جب بادشاہ پر غصہ غالب ہوتا ہی شیطان اُسوقت اُسکے مزاج پر زیادہ تر تسلّط پاتا ہی اور خلاف صواب کے راہ بتاتا ہی بیت غضب از شعلہ ہاے شیطانیست ہ عاقبت موجب پشیمانی ست ٭ پہلے ایک شخص کو جلاد کے پاس بھیجا کہ فریسہ کے قتل مین توقف کرتا مین شیر سے کلام کرون اول کا مجوکے پاس آئی اور کہا کہ ای فرزند مین نے سُنا ہی کہ تو نے فریسہ کے قتل کے لیے حکم دیا ہی گناہ اسکا کیا ہی شیر نے صورت حال بیان کی بادشیر نے کہا کہ ای فرزند آپ کو بادیہ ضلالت مین سرگردان نہ کرا و مشرب عفو اور احسان سے بے بہرہ نہو کہ پندگویون نے کہا ہی کہ شناخت آٹھ آدمیون کی آٹھ چیزون کے ساتھ ہی ہوتی ہی حرمت زن کی شوہر سے اور پرورش فرزند کی والدین سے اور دانش فزائی شاگرد کی استاد سے اور قوت بادشاہ کی فوج اور مشیران کامل سے اور کرامت زاہدون کی تقوی سے اور امینی رعیت کی بادشاہ بیدار مغز سے اور نظام کار بادشاہی عدل و داد سے اور رونق عدل کی عقل سے اور عمدہ اسباب مین دو چیزین ہین ایک یہ کہ پہچاننا اپنے رفیقون کا ہر ایک کے مرتبہ کے موافق اور رعایت کرنا ہر ایک سے مقدار اُسکے ہنر کے اور دوسرے معمول ہی کہ مقربان درگاہ باہم نزاع دلی رکھتے ہین کہ سوا غنا اور ہلاکت کے عداوت اُنکی جاتی نہین ہی اگر بادشاہ بدگوئی ایک کی دوسرے کے حق مین سُنے تو ایک بھی لائق اعتماد کے نرہے کیونکہ اُنکا دستور ہی کہ کیسا ہی مخلص ہوا خواہ ہو اُسے معرض تہمت مین لاتے ہین اور خیانت کو لباس امانت مین جلوہ دیتے ہین اگر بادشاہ سُست خرد ہوا تو بے گناہ گرداب بلا مین پڑین گے اور مجرم قوت فریب سے ساحل نجات پر سلامت پہونچین گے بیت بے گنہ دل شکستہ در زندان ٭ مجرم از دور خرم و خندان ٭ اور لاشک نتیجہ اس کام کا یہ ہی کہ حاضرین قبول عمل سے امتناع کرتے ہین اور غائب حاضر ہونے مین پرہیز رکھتے ہین اور ہزار خلل ارکان شاہی مین راہ پاتے ہین اور مضرتین اس کی حد سے باہر اور

اور قیاس سے افزون ہین قطعہ منہ گوش بر قول اہل غرض + کز نیشان رسد ملک دین را
شکست + غرض دار گر از تو شد بہرہ مند + شود پایۂ قدر و جاہ تو پست + اگر
با حسودان شدی ہمرکاب + عنان بزرگی نداری بدست + شیر نے کہا کہ مین نے
کسی کے کہنے پر فریسہ کے قتل کا حکم نہین دیا بلکہ جب اُسکی خیانت خود مجھ پر ظاہر ہوئی ہے
تب میرا مزاج تیز ہوا ہے شیر کی ماں نے کہا کہ تغیر بادشاہون کے مزاج کا بے تحقیق صادق
خصوصاً اہل اعتماد کے حق مین روا نہین ہے اور یہ جو کہا تو نے کہ اُسکی خیانت خود مجھ پر
ظاہر ہوئی یہ غلط ہے ثبوت خیانت کا ہنوز شبہہ مین ہے جس وقت کہ پردہ روے کار سے اُٹھیگا تو
حقیقت معلوم ہو جائیگی کہ راست کیا اور دروغ کیا ہے لازم تھا کہ پہلے اُسکی خدمتین یاد
خاطر رہتین اور جو خیر خواہیان کہ اُس سے صادر ہو چکی ہین وہ لوح ضمیر منیر سے محو ہوتین
اور باتین بے ہنران ناآزمودہ کی ہنرمندان کافی کے حق مین مسموع نہ کی جاتین کہ
بے ہنرون کا دستور ہے کہ سو سو حیلے اُٹھاتے ہین تا ہنرمند تردد مین پڑین اے فرزند
عقل دور اندیش اور راے عالم آراے کے مناسب یہ ہے کہ جو صورت حادثہ کی پیش آئے
اُسکو فکر عادل اور تمیز کامل سے پہچاننا چاہیے کہ ہر شخص کے جوہر کا شرف صفائی سے
خرد ارجمند کے ہوتا ہے بیت عقل ست کہ بنیاد شرف محکم از وست + افزونی حرمت
بنی آدم از وست + فریسہ تیرے دردولت پر مرتبۂ بلند اور درجۂ ارجمند کو پہونچا
اکثر مجلسون مین تو نے اُسکی ثنا و صفت کی اور بارہا اُس سے شورے کیے اب لازم
ہے کہ سبکی اپنے قول کی ظاہر نہ کر اور جس بنا کو کہ اپنے ہاتھ سے اُٹھایا ہے اُسے
بے سبب گرانا آپ کو شماتت اعدا مین ڈالنا ہے اور جو بات کہ خلاف ثبات و وقار
نہین ہے اُس سے احتیاط واجب ہے تا عقلا کے نزدیک متہم نہ ہو انصاف کر یہ نسبت
کہ فریسہ کی طرف دشمنون نے کی کس قدر عقل سے دور ہے کہ ایک شئ محقر کہ کوئی شخص دنیا
بھی اُسپر آنکھ اپنی نہ کریگا پس بیا جلیل القدر کہ اُسے تیری بدولت کسی چیز کی کمی نہین

ہی وہ کیونکر ایسی بے حقیقت چیز پر بے دیانتی کرتا اوصاف جس کے زہد وتقوی
کے اہل زمین وآسمان کی زبان پر جاری ہین اُسکو ایسی شے محقر کیونکہ مغلوب
کرتی اور اُس سے پیشتر کہ فریسہ ملازم سرکار نہ تھا گوشت کو ترک کرکے زاویہ نشین تھا
تونے جبکہ طلب کیا کسی طرح اس ثروت وخدمت کو قبول نہ کرتا تھا آخر ہزار دقت
عظمت شاہانہ سے مجبور ہوکے بصد کراہت یہ خدمت قبول کی اور جب سے کہ ملازم آستانٔ
دولت ہوا کبھی اُس نے گوشت نہ کھایا تیری بدولت اُسے میسر نہ تھا اور ادنی ترین ملازم
سرکار سب گوشت کھاتے ہین اُسے کون مانع تھا اور تونے اتنا خیال نہ کیا کہ آج اُسے
کیا سودا ہوا تھا کہ تیری چاشت کا گوشت چُرا کے لیجاتا اور مطلب اُس چوری سے تو
یہ تھا کہ اُسکو کھالیتا اور جو کھانے سے بچتا اُسے دور پھینکدیتا رکھ کیون چھوڑتا کہ اعدا اُسپر
گرفت کرتے یہ صاف فریب اور بندش دشمنون کی ہی اس بات کو رائے صواب اندیش
سے ملاحظہ کر اور سخن بیہودہ کو کان مین جگہ نہ دے اور گمان غالب یہ ہی کہ دشمنون نے
گوشت اسکی منزل مین رکھدیا ہی کہ اُس حیلے سے اُسے متہم کرین اور یہ بات کچھ
حاسدون کے خبث سے دور نہین بلکہ بیشتر زین غیر کے آزار پہونچانے کے واسطے بدنفسون
نے اپنے نفس کو قتل کروایا ہی جیسا کہ اُس خواجہ نے غلام کو اپنے قتل کا حکم دیا تھا شیر
نے پوچھا کہ یہ قصہ کیونکر تھا اُسے بیان فرمائیے **حکایت** کہا کہ شہر بغداد مین ایک حاسد
تھا اُسکے ہمسایہ مین ایک مرد صالح متدین باخدا رہتا تھا **بیت** شمع محبت زدل
افروختہ ٭ ہرچہ بجز حق ہمہ راسوختہ ٭ مردم بغداد اُس زاہد سے اعتقاد تمام رکھتے تھے
اور ہر محفل ومجلس مین اسکا ذکر خیر کیا کرتے تھے اور بطریق تحفہ اور ہدیہ کے اکثر
نقد وجنس بھیجا کرتے تھے اور مرد حاسد اس حال کے مشاہدے سے شبانہ روز آتش حسد
مین جلتا تھا اور ہمیشہ اس تدبیر مین رہتا تھا کہ کسی طرح اُسے گزند پہونچائے مگر کوئی
تدبیر ایسی نہ نکلتی تھی کہ جس سے اُسکا مقصد برآئے یعنی وہ زاہد نظر سے خلق اللہ

حکایت خواجہ حاسد و غلام او

کی گر جائے آخر بہت تنگ آیا اور اسی نیت سے ایک غلام خرید کیا اور اُسکی تربیت ور پرورش
مین مبالغہ کرتا تھا اور بارہا اُس سے کہتا تھا کہ تجھے مین نے اسی واسطے خرید کیا ہی اور پرورش
کرتا ہون کہ اپنا حق تجھ پر ثابت کرکے اُسکے عوض ایک ایسا کام تجھ سے لون تا یہ سب
احسان اُس ایک خدمت کے بدلے تیرے سر سے اُتر جائے سُن اے فرزند مین تجھ سے یہ امیدوار
ہون کہ جو رنج میرے خاطر پر رات دن مستولی ہی اس سے مجھے فارغ کر دے جبکہ ایسی گفتگو
چند بار مجمل ہوئی ایک دن غلام نے کہا کہ بہت مرحمت اس بیچارے کے حق مین آپ نے فرمائی
ہی کہ شرح اُسکی زبان سے ادا نہین ہو سکتی ہی اور اقسام نوازش سے اس بندہ سرافگندہ
کو اختصاص دیا ہی کہ اگر ہمہ تن زبان شکر ہو جاؤن تو بھی اس عہدے سے باہر آنا ممکن نہین
ہی چاہتا ہون کہ خواجہ اپنے مکنون خاطر کو بتفصیل ارشاد فرمائے تو مقابلے مین ان احسانون
کے جان نثاری کرون خواجہ نے دیکھا کہ غلام دعوی حق گذاری اور تمنائے ہوا داری
بدل رکھتا ہی اس لیے پردہ روے کار سے اُٹھایا اور کہا کہ آگاہ ہو کہ مین اس ہمسایہ کے
ہاتھ سے تنگ آیا ہون چاہتا ہون کہ کسی طرح اُسے ذلیل کرون اور بارہا مین نے تدبیرین
کین مگر تیر تدبیر ہدف مراد کو نہ پہونچا اور آتش حسد ہر دم کانون سینہ مین شعلہ زن
اور زندگانی منغص ہی کہ اسکے رنج سے لذت حیات مجھ پر تلخ ہی اور عمر عزیز سے بیزار ہون
اور تجھے مین نے فقط اسی مطلب کے واسطے پرورش کیا ہی کہ آج کی رات مجھے اُس ہمسایہ
کے بام پر ذبح کرکے چھوڑ دے اور یہ بدرہ زر تجھے دیتا ہون اسے لیجاکے اور کسی ملک
مین اپنی عمر کو بسر کر بس آج تو میرے حق سے ادا ہوتا ہی جب کہ اس جگہ مجھے
لوگ کشتہ دیکھین گے اس زاہد کو گرفتار کرکے اسکی عزت اور مال سب تاراج اور
خراب کرینگے اور یہ رتبہ اسکا نہ رہے گا اور سب وضیع و شریف کہ اُسکا حلقہ اعتقاد
گردن جان مین ڈالے ہین منحرف ہوکے زبان طعن ولعن کھولین گے بس تمام ہی مطلب
میرا اس صورت مین غلام نے کہا کہ اے خواجہ اس فکر نا معقول سے درگذر

اور چارہ اس کام کا اور طرح پر تجویز کر اگر تیری مراد اُسکا دفع کرنا ہی تو مین اسے قتل کرکے
تیرا دل حسد سے خالی کر دون خواجہ نے کہا کہ یہ اندیشہ دور و دراز ہی شاید کہ یہ تدبیر قتل
عرصہ کھینچے اور مجھے طاقت صبر کی نہین رہی ہی جو کچھ ہو سو آج ہو یہ جو مین نے کہا ہی اسے
بجالا اور اسمین چون و چرا نہ کر اور روح میری خوش کر غلام نے کہا کہ کوئی عاقل یہ
تجویز نہ کرے گا جو تو کرتا ہی اور جس نے کہ بوے خرد یہ سونگھی ہوگی وہ بھی ایسا اندیشہ
دل مین نہ لائیگا سوا جنون کے اور تعبیر اُسکی نہین بن سکتی ہی کیونکہ ذلت دشمن کی اپنی
حیات مین مطلوب رہتی ہی جبکہ آپ مرگئے تو دشمن کی مرگ اور ذلت سے کیا لذت اور
کون فائدہ متصور ہی ہرچند غلام نے اس طرح کی بہت تقریر کی کچھ مفید نہ پڑی جبکہ خواجہ
نے اسمین اصرار کیا غلام نے سر اُسکا بام ہمسایہ پر کاٹا اور تن اُسی جگہ چھوڑ دیا اور بدرہ زر
لے کر راہ اصفہان کی لی اور اسی دار الامان مین جا کر قرار پکڑا جبکہ اس بدنیت کو نیک
مرد کے بام پر کشتہ دیکھا کوتوال شہر زاہد بیگناہ کو زندان مین لے گیا اور کوئی عذر اُسکا نہ
سُنا جو کہ تمام اہل بغداد اسکی عفت اور سلامت نفس پر گواہ تھے اور جو کوئی وجہ شرعی ثبوت
کی نہ پاتے تھے کہ زاہد نے اپنے ہاتھ سے اُسے قتل کیا ہو یا نہین لہذا اُسکا قتل نہین تجویز کیا
جاتا تھا مگر محبوس تھا قضارا مدت مدید کے بعد ایک سوداگر نے اُس غلام کو اصفہان مین
دیکھا احوال پوچھا اُس نے حقیقت مو بمو بیان کی سوداگر نے کہا کہ وہ مرد پارسا بتبلاے
صد رنج و عنا ہی غلام نے کہا کہ اُس بیگناہ پر ستم ناحق واقع ہوا ہی اور سچ یہ ہی کہ بموجب
حکم خواجہ کے یہ فعل مجھ سے صادر ہوا ہرچند مین نے انکار کیا اُس نے نہ مانا ایک بدرہ زر
دے کر کہا کہ مجھے قتل کرکے اصفہان کی راہ لے اس لیے اسکے حکم کے موافق مین عمل مین لایا
زاہد بیچارہ اس ماجرے سے آگاہ بھی نہین ہی تاجر نے بہت قافلہ کے لوگون کو گواہ
کیا اور بغداد مین آکے صورت ماجرا بیان کی اور گواہ گذرا نے اس زاہد نے رہائی
پائی اور مقتول لعنت کے تیرون کا نشانہ ہوا سچ کہا ہی کہ چاہ کن را چاہ در پیش

آخر نتیجہ حسد کا یہ ہی کہ جان و ایمان دونون برباد ہوے اور نتیجہ نیک بختی کا یہ ہی کہ
ظاہرا کوئی تدبیر زاہد کی مخلصی کی عقلا اور نقلاً نہ تھی مگر اللہ تعالی راستی کا معین ہی
کہان سے کہان بات پہونچائی اور پھر اپنے کرم و فضل سے اُسے اُسنے رہائی دلوائی اور
نیک نام بھی رکھا اور انجام بخیر کیا اور یہ مثل اس لیے بیان مین آئی کہ بادشاہ معلوم
کرے کہ اہل حسد نے کیا کیا کام کیے ہین بالفرض اگر فریبہ قتل ہوا پھر اس کے بعد ان
بد اندیشون کے ہاتھ سے باقی لوگ کہ تیرے متوسل اور فریبہ سے ہر صفت مین کم ہین
یہ مکار کب اُنھین سلامت چھوڑینگے جب کہ یہ سمجھے کہ ہمنے بادشاہ کو اپنی راے کا
مغلوب کر لیا کہ ایسے امین جلیل القدر کو ایک حیلے مین ہلاک کر دیا تو اور کی کیا
حقیقت ہی پھر کتنی جرأت اُنکی بڑھ جائیگی اور عجب نہین ہی کہ جب کچھ بادشاہ سے
بیدل ہونگے تو اور شیر کوئی تیرا مقابل پیدا کرکے اور اُس کے شریک ہوکے تیری
سلطنت کو برہم کرینگے تو تنہا کیا کرے گا اس کام مین غور کافی کر اور شتابکاری کو
دل سے دور فرما جو مہم کہ پیش آئے اُسے تحمل و وقار سے کیا کر اگر کام سمجھ کے کرے گا تو
فرصت باقی ہی اگر خواہی نخواہی وہ لائق سزا کے ہوا اور اپنی تحقیق خاص سے
اُسکو دریافت کر لیا اسکے بعد عفو یا سزا جو مناسب سمجھنا سو عمل مین لانا اور اگر جلدی
کی اور ہلاک کے بعد دریافت کیا کہ مجھ سے خطا صادر ہوئی پھر ندامت و بدنامی اور مطعون
خلائق ہونے کے سوا کیا حاصل ہوگا اور ایک روز جزا کے قاضی قضا کے خون ناحق کی بازپرس
مین پڑے گا اس باب مین کسی حکیم نے بیت فرمائی ہی بیت ستوان کشت زندہ را لیکن
کشتہ را باز زندہ نتوان کرد ۔ شیر نے نصیحت مان کی سُنی اور میزان خرد مین خوب تولی اور
جانا کہ نصیحت مان کی غرض سے مبرا اور محض شفقت اور صرف خیر خواہی سے مجلا ہی سیاست
موقوف رکھی اور حکم کیا کہ فریبہ کو حاضر کرین جبکہ فریبہ آیا خلوت مین لے گیا اور کہا کہ مینے
آشنا جو کہا محض امتحان حاسدون کا منظور تھا و الا مین تو بارہا ہر امر مین آزما چکا ہون

اور تیرے اوصاف سے خوب آگاہ ہون کہ سراسر پسندیدہ ہین اور میرے نزدیک تو ہر طرح مقبول ہو مگر ان حاسدون کا جو دریافت کرنا منظور تھا سو بخوبی معلوم ہو چکا اب تو اپنے کام مین مشغول رہ اور اس گفتگو سے بیدل نہو فرلیسہ نے کہا اگرچہ شہریار نے سایۂ عاطفت اور عنایت میرے سر پر ڈالا ہو اور جو کچھ عنایت سلاطین کی ملازم پر چاہیے اُسمین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہین کیا ہو مگر مین اس تہمت کی کلفت سے جانبر نہونگا جب تک بادشاہ بواقعی اُسکا تدارک نہ فرمائیگا مجھسے کچھ نہو گا مصرع عہ یک شیشہ بود شکست پہلوے من جاے بیست ٭ اور مین خدا کے نزدیک لوث سے پاک ہون جس قدر زیادہ تحقیقات ہوتی جائیگی میرا وثوق زیادہ ظاہر ہوتا جائیگا کامجو نے کہا کہ کیونکر تفحص کرون فرلیسہ نے عرض کیا کہ جس جماعت نے کہ میری خیانت پر اتفاق کیا ہو انہین ہر فرد کو تنہا بلا کے بچشم نمائی پوچھیے اور کہیے اگر راست راست ظاہر کر دوگے تو امید عفو قصور اور مترصد خلعت اور مرحمت کے رہوگے ورنہ بہت خرابی دیکھوگے یقین ہو کہ اس طرح سے مفصل واضح ہو جائیگا انصاف فرمائیے کہ مین نے سالہاسال گذرے کہ گوشت ترک کیا ہو اور جو شخص کہ بے گوشت کے ایک ساعت بسر نہین کرسکتے وہ تو خیانت گوشت کی نکرین اور مین جو بادشاہ کی بدولت سیکڑون من گوشت جسے چاہون اُسے بخشدون سو مین بادشاہ کی چاشت کا گوشت چرا لیتا اور پھر اُسے صرف بھی نکرتا رکھچھوڑتا کہ دشمن اُسے ڈھونڈھ نکالتے اُسے کبھی عاقل یقین نہ کریگا یقین ہو کہ جب بادشاہ اسی طرح جو مین نے عرض کیا تفحص فرمائیگا تو یہ راز چھپا نہ رہیگا بادشاہ نے کہا البتہ بہ تہدید پوچھا جائیگا مگر ان سب لوگون کو کہ جنھون نے میرے محرم اور امین کو متہم کیا امیدوار مرحمت کا نہ کرونگا فرلیسہ نے کہا کہ جو عفو کمال قدرت کے ساتھ کیا جاتا ہو انتہا ہمت کا ہو عفو عند القدرت بڑا کام ہو اور ہر انعام الٰہی کے واسطے شکر مقرر ہو کہ دشمن پر قدرت پانا بڑی نعمت ہو اور شکر اس نعمت کا عفو کے سوا اور نہین ہو **بیت** بر گنہگار چون شوے قادر ٭ عفو را شکر نعمت خود ساز ٭ پس تحقیق کے بعد اگر شہریار ان حاسدون پر مرحمت

عفو عند القدرت بہتر نعمت و فن حاسدان
بخشش اور عفو بجا ہو

عفو کی ارزانی فرمائے تو مناسب شان بادشاہی ہی جب کا مجو نے یہ کلام فریسہ کا سُنا
آثار صدق و صفا ہر بات سے ثابت ہوے اُسکے بعد اُس گروہ فتنہ انگیز سے ایک
ایک کو جدا جدا بلا کے استفسار حال مین مبالغہ کیا اور کہا کہ اگر راست براست
بیان کروگے تو تمھارے جرائم عفو کرونگا بلکہ نوازش خسروانہ سے انعام اور خلعت
پاؤگے آخر کار بعضون نے حقیقت حال بیان کی جب کہ پردہ روے کار سے اُٹھ چکا
اُسکے بعد کہ سب معترف اپنے قصورات کے ہوے تو آفتاب امانت فریسہ شبہ کے ابر سے
نکل کے سب کی آنکھ مین روشنی بخش ہوا مصرعہ مؤلف ع امتحان کرنے سے
آخر حال سب کا کھُل گیا ٭ شیر کی مان نے کہا کہ اے فرزند اس جماعت کو امان
دے چکا تو اور پھرنا اُس سے مناسب نہین ہی لیکن تو تجربہ سب کا کر چکا اب آیندہ
عبرت چاہیے کہ اسکے بعد گوش سماعت کسی خائن کے کہنے پر نہ رکھنا جب تک
برہان اور دلیل قوی سے ثابت نہو کہ جسمین کسی طرح کا تردد باقی نہ رہے تب تک
زنہار اُس پر عمل نہ کرنا بلکہ بعد ثبوت کے چند روز توقف کرنا اور مفسدہ اگرچہ
تھوڑا بھی ہو اُسے بہت سمجھنا آخر کو انجام اُسکا رفتہ رفتہ اُس حد کو پہونچتا ہی کہ
تدارک اُسکا حیزِ امکان مین نہین آتا اور مثال اُسکی دریاے بزرگ سے ہی کہ اصل
اُسکی مختصر ہوتی ہی لیکن اور چھوٹی چھوٹی نہرون کی مدد سے اس مرتبہ کو پہونچتا ہی
کہ عبور اُس سے بے کشتی نہین ہو سکتا ہی اسی طرح بدگوئی لوگون کی تھوڑی ہو خواہ
بہت اُس کی تاویل اپنی راے روشن سے کرکے جب تک کہ دلیل ظاہر ہاتھ نہ آئے
اس سے اجتناب فرمانا والا انجام اسکا مفسدۂ عظیم پر دائر ہوگا اور بجھنا اس
آتش فساد کا دشوار ہو جائے گا مؤلفہ ناچیز مت شرر کو سمجھ کیا خیال ہی ٭
جب مشتعل ہوا تو بجھانا محال ہی ٭ کا مجو نے کہا کہ اس نصیحت کو قبول کیا
مین نے سچ ہی کہ بے دلیل روشن کسی پر سیاست کرنا اچھا نہین ہی شیر کی

ماں نے کہا کہ اے بادشاہ جو کوئی کہ بے سبب ظاہر دوست سے رنجیدہ ہو تو وہ
منجملہ اُس آٹھ گروہ کے ہے کہ بزرگون نے جنکی صحبت سے پرہیز کا حکم کیا ہے کا مجو نے
کہا کہ تفصیل اُن سب کی فرمائیے کہا کہ حکمانے اوراق صحائف وصایا پر ثبت کیا ہے
کہ آٹھ گروہ کی مصاحبت سے پرہیز کرنا لازم ہے اور آٹھ گروہ سے ہمنشینی اور آمیزش
واجب ہے وہ آٹھ کہ جنکی موافقت سے پرہیز چاہیے اوّل اُن مین سے وہ ہے کہ صاحب
انعام کا حق نہ پہچانے اور کفران نعمت سے نہ ڈرے دوسرے وہ کہ بے سبب غصہ کرے
اور غصہ بھی کیسا کہ علم پر غالب ہو تیسرے وہ کہ صورت کو بھول جاے اور دولت بے بقا
پر مغرور ہوا ور رعایت حق خالق نہ پہچانے چوتھے وہ لوگ کہ بناے کار اُنکی مکر و فریب پر
ہوا ور فریب اور مکر کو ہنر جانتے ہون پانچوین وہ لوگ کہ دروغ اور خیانت کو شعار
اپنا کیا ہے اور راستی اور امانت اُنکے نزدیک بدتر از دروغ و خیانت ہے چھٹے وہ کہ
دروازہ شہوت کا اپنے مُنھ پر کھول دیا ہے اور حرص و ہوا کو کعبہ مقصود کیا ہے ساتوین وہ کہ
بے حیا اور بے ادب ہین آٹھوین وہ لوگ کہ بے سبب لوگون کے حق مین بدگمانی کرتے
ہین اور بے علت اہل خرد کو رنج پہونچاتے ہین اور وہ آٹھ کہ جنکی صحبت ضرور ہے اول
ان مین وہ ہے کہ شکر احسان خالق و خلائق اپنے ذمہ پر واجب جانتے ہین دوسرے وہ کہ
عہد محبت اُنکا کسی حادثۂ انقلاب سے ٹوٹ نہ جائے تیسرے وہ کہ دانست صاحب علم اور
فضل کی لازم جانتے ہین چوتھے وہ کہ فسق و فجور اور نخوت اور غرور سے پرہیز رکھتے ہین
پانچوین وہ کہ عین حالت غصہ مین اُسکے ضبط پر قادر ہوتے ہین چھٹے وہ کہ دروازہ
سخاوت کا محتاجون کے مُنھ پر کھلا رکھتے ہین اور صاحب غرض کی حاجت روائی
مین تا مقدور کوشش کرتے ہین ساتوین وہ کہ جو شرم اور حیا مین کبھی قصور
نہین کرتے ہین اور کسی وقت مین طریق ادب سے پانون باہر نہین رکھتے ہین
آٹھوین وہ کہ بالطبع دوست صادق اہل عفت کے ہین اور

ارباب فسق و بدعت سے نفرت کرتے ہین جو لوگ کہ اس جماعت سے اتفاق رکھتے ہین
تو اور وہ لوگ کہ پہلے مذکور جنکا ہو چکا اُن سے احتراز رکھتے ہین تو یقین غالب ہی کہ
اُنکی صحبت کی برکت سے مزاج حال ان شخصون کا اعتدال حقیقی سے نزدیک ہوجاے کیونکہ سرکہ
باوجود حدت اور ترشی کے جب شہد کی آمیزش پاتا ہی تو اپنی حدت اور حموضت سے نکل کے
کتنی علتون کے دفع کا باعث ہوتا ہی نظم چو سرکہ گر ترشی رو بانگبین آمیز * کہ دافع مرض
وراحت روان گردی * مباش مردہ دل و ہمدمی چنان بگزین * کہ از مصاحبت جان
تو نیز جان گردی * جبکہ شیر کو شفقت سے مان کی تدبیر اس حادثہ کے دفع کے حاصل ہوئی
بعد اداے شکر گذاری عرض کیا کہ برکت نصیحت ملکہ زمان سے راہ تاریک روشن ہوئی اور
کار دشوار مجھپر آسان ہوا اور امین کامل اور کاروان کافی ورطۂ ہلاکت سے بچ گیا اور ہر ایک
ملازم کے حال سے مطلع ہوا ہین اور ہر ایک سے سلوک کرنے کا طریق اور قبول کلام ہر ایک کا
ایسے شخصون سے کیا معاملہ کیا چاہیے یہ بھی مین نے بخوبی دریافت کیا اگر ہمہ تن زبان ہوکے شکر
آپکی شفقت کا بیان ہو تو ہزار مین سے ایک بھی ادا نہین کر سکتا ہون اُسکے بعد فریسہ کیطرف
متوجہ ہوا اور بہت معذرت اور ملاطفت کی اور کہا کہ یہ تہمت تیری مزید اعتماد کا باعث
ہوئی اور تیار جن کامون کا کہ تیرے سپرد تھا وہ بھی اپنے عہدہ پر برقرار رہا خاطر جمع رکھ
فریسہ نے کہا اس بات سے کچھ کام نہین نکلتا ہی اور یہ لطف تیرا میرے عقدہ دشوار کا گرہ کشا
نہین ہو سکتا ہی اور تیرے پہلے عہد دشمنون کے تھوڑے سے فریب مین برہم ہوگئے اب کیونکر
میرا دل پریشان اطمینان پاے بادشاہ نے کہا کیا اس بات کو اپنے دل سے اُٹھا دے کہ تجھ سے
کچھ تقصیر نہوئی تھی اور نہ میری عنایت مین قصور ہوا تھا فقط حال ان لوگون کا مجکو دریافت
کرنا منظور تھا سو معلوم ہو چکا فریسہ نے جواب دیا کہ ہر روز میرے واسطے نیا سر اور نئی دستار
کہان سے آئیگی گو ابکی بار عنایت ملکہ سے مخلصی پائی لیکن جہان حاسدون سے خالی نہین
ہوتا ہی اور جب تک کہ عنایت بادشاہ کی مجھ پر باقی ہی حسد بد اندیشون کا بھی برقرار

رہیگا اور بادشاہ نے جو اُنکی بابت بسبب بات مفتریون کی سماعت فرمائی تو
اب دشمنون کو معلوم ہوگیا کہ مزاج بادشاہ کا بآسانی ہاتھ آسکتا ہی جب ہم چاہینگے
تھوڑے سے نشیب و فراز مین مزاج بادشاہ کا برہم کر دینگے اور جب بادشاہ نے
کہ بات چغل خور فتنہ انگیز کی سُنی اور اُسکے مکر اور شعبدہ پر التفات کیا اسکی خدمت سے
کنارہ نہ کرنا اور اُسکے کام پر جانبازی کرنا کام عاقلون کا نہین ہی اور جان کسی کی
کاہ کے مانند نہین ہی کہ ہر روز کاٹی جاے اور تازہ پیدا ہوا اور اگر بادشاہ کہے تو مین
ایک بات مین خاطر اقدس کی تسلی کر دون بادشاہ نے کہا بیان کر فریسہ نے کہا اگرچہ
بادشاہ نے اُس حادثے مین مجھ پر ترحم کیا اور اعتماد میرا زیادہ بڑھایا اور اسکو مین نے
انعام عظیم سمجھا لاکن بے ثبوت قصور جو میرے قتل مین اتنی تعجیل فرمائی اب مین بادشاہ
کی طرف سے بدگمان ہوگیا ہون اور عواطف خسروانہ سے ناامید ہون پھر بادشاہ اپنی
عنایت کیون باطل کرتا ہی اور سالقہ میری خدمت کو کار بیہودہ بناتا ہی کہ ایک تہمت حقیر
پر کہ اگر ثابت بھی ہوتی تو چندان حقیقت نہ رکھتی تھی اس کے عوض مین عقوبت عظیم
تجویز کیگئی بادشاہ ایسا کریم النفس چاہیے کہ خیانت بزرگ کو مشرب عفو سے محو کر ڈالے
جیسا کہ بادشاہ یمن نے باوجود گناہ بزرگ کے اپنے حاجب کو رسوا نہ کیا بلکہ پردہ کرم کا
اُسکے گناہ پر ڈال دیا کامجو نے پوچھا کہ یہ کیونکر تھا حکایت فریسہ نے کہا کہ ملک یمن

حکایت بادشاہ یمن

مین ایک بادشاہ تھا فروغ صبح عدالت اُسکے جبین جبین سے نمایان اور خورشید عقل
اسکے چہرۂ احوال اور ناصیۂ اعمال سے تابان تھا ایک دن دربان پر متغیر ہوا اور
گھر اسکا اُسیر زندان کر دیا بیچارہ حاجب تاب بادشاہ کے غضب کی نہ رکھتا تھا اور
شہر سے بھی نہ جاسکتا تھا بناچاری گوشہ کاشانہ مین بیٹھکے کبھی اپنی خرابی حال پر روتا
تھا اور کبھی عجائبات روزگار پر ہنستا تھا اور یہ شعر گویا اپنے حسب حال سمجھ کر پڑھتا تھا

بیت آسمان ہنستا ہی میرے حال پر ✤ جو کہ میرے حال پر روتا نہین ✤

آخر قلت مال اور کثرت عیال سے پریشان احوال اور بے پر و بال ہوکے بہ تنگ آیا
اور اپنے دل مین کہا کہ کسی طرح بادشاہ کے پیش نظر پہونچا چاہیے یا گردن زیر تیغ ہوپچے
یا سر افسر قبول سے مزین ہو ایک دن بادشاہ نے جشن عام کیا تھا حاجب نے ایک دوست
سے پوشاک اور گھوڑا لعاریت منگوایا اور سوار ہوکے دربار مین بادشاہ کے بیباکانہ چلا آیا
سب دربان اور حاجب سمجھے کہ اس طرح اسکا چلا آنا بے سبب نہین ہی کہ شاید بادشاہ نے
گھوڑا اور لباس عنایت فرمایا ہی اس خیال سے کسی نے منع نہ کیا حاجب دربار مین دلیرانہ
آکے اور آداب بجالا کے بجاے لائق استادہ ہوا اُس دم بادشاہ بزم نشاط مین بادہ
پیما ہو رہا تھا جبکہ حاجب کو دیکھا آتش غضب کانون سینے مین شعلہ زن ہوئی چاہتا
تھا کہ حکم سیاست دے لیکن تامل کیا اور نہ چاہا کہ مجلس عشرت کو منغص کرے اور
نشاط بادۂ خوشگوار کو اندوہ و رنج سے مبدل فرمائے ملکہ کرم جبلی نے عفو گناہ پر سبقت
کی اور سخاوت طبعی نے گناہ اُسکا ناکردہ سمجھ کے تحریص بخشش و انعام کی دی جبکہ حاجب
نے بشرہ شاہ کا دیکھا اور آثار طراوت تازہ روئی کے اُسکی جبین مبین سے ظاہر پائے کمر خدمت
استوار کرکے جو کام کہ آگے آتا تھا اُسین بلا تامل ہاتھ ڈالتا تھا اس نشیب و فراز اور دار و گیر
مین عین فرصت پاکے طبق زرین کہ وزن اُسکا ہزار مثقال تھا زیر قبا چھپا لیا بادشاہ نے
چشم گوشہ سے دیکھلیے جانا کہ ضیق معاش اُس جرأت کی باعث ہوئی ہی حلم نے پردہ
عیب پوشی کا اُس کے گناہ پر ڈال دیا جب کہ مجلس تمام ہوئی اور سب اپنے اپنے
مقام کو گئے طبقچی اس جستجو مین پڑے کہ ایک طبق زرین گم ہوا ہی اُسکو بزجر اور تعذیب
ہر ایک سے دریافت کرتے تھے بادشاہ نے طبقچیون کے داروغہ سے کہا کہ کیون بیہودہ کسی کو رنج
دیتا ہی جس نے لیا ہی وہ پھیر نہ دیگا اور جس نے دیکھا ہی وہ پردہ فاش نہ کریگا اور یہ شعر گویا کا
پڑھا بیت عیب عالم کا نہ دیکھا ہی آنکھون نے کبھی ٭ کبھی آلودۂ غش دامن پاکان
نہوا ٭ اسکے بعد حاجب نے ایک سال اُس سے بخوبی معیشت کی اور دوسرے سال اُسی جشن مین

پھر حاضر ہوا بادشاہ نے دیکھکے اور نزدیک بُلا کے آہستہ کہا کہ وہ طبق تمام خرچ ہو گیا
حاجب نے سر تضرع[له] زمین نیاز پر رکھکے عرض کیا بیت کامگارا چشم بد از ماہ روئیت دور باد ٭ خانہ دور تو با نورا بد معمور باد ٭ مین نے یہ حرکت اس خیال سے کی تھی کہ بادشاہ یا کوئی
اور حاضرین مین سے میری اس خیانت کو دیکھ کے اگر مجھے قتل کرے تو مین اس رنج گرسنگی
سے رہائی پاؤن اور شبانہ روز یہ واویلاے اہل و عیال نہ سنون اور اگر کاش یہ راز
چھپ گیا تو قوت[ك] چند روزہ ہاتھ آیا تو بھی بآسائی چندے گذران کرونگا حال یہ تھا جو عرض
کیا مین نے اور یقین ہے کہ صدق مقال غلام کا آئینہ ضمیر انور سے پوشیدہ نرہے بیت
دارد آن شمع دل افروز آگہی از سوز ما ٭ اندرین معنی گواہ ما ضمیر پاک دست ٭ بادشاہ
نے کہا کہ سچ کہا تونے اور تیرا حال لائق ترحم کے ہے پھر اُسے سرفراز کیا اور عہدہ قدیم اسکے
سپرد ہوا حاصل اس مثل کا یہ ہے کہ بادشاہ کا دل مانند دریاے موج کے چاہیے کہ خس و خاشاک
بدگوئی سے تیرہ نہو جاے اور علم اُسکا مانند کوہ باشکوہ کے مقام ثبات مین قائم رہے اور
تندباد غضب اُسے حرکت مین نہ لاسکے شیر نے کہا کہ تیری بات راست اور درست ہے مگر
تلخ اور درشت ہے اور چاہیے کہ نوشدارو نصیحت خوش مزہ ہو تا مریض پر کھانا اس کا
آسان ہو اور یہ بات ممکن ہے کہ طبیعت بیمار کی دارو ناخوشگوار سے اگرچہ جانتا ہو کہ
میری صحت کا باعث ہے اُس سے انکار کرے اور اُس انکار کے سبب نعمت صحت سے
محروم رہے تو اچھی بات نہین بیت کسیکہ او بشکر خندہ دل تواند برد ٭ جواب تلخ چرا گوید
از چنان و ہنے ٭ فریبہ نے کہا کہ بادشاہ کا دل جو باطل کی طرف متوجہ تھا وہ میری
بات سے درشت تر تھا اور تقریر حق البتہ درشت ہوتی ہے کہ سرور عالم نے فرمایا الحق مُر
پس یہ تلخی میری بات کی کہ ترجمہ حدیث شریف کا ہے اسے تلخ نہ جاننا چاہیے اور
نقوش راست مین تلخی حق کو نبات وانگبین سے شیرین تر سمجھتے رہیے اور میری
اس بات کو دلیری اور درشت گوئی پر حمل نہ فرمائیے کہ یہ درشتی اور

[له] تضرع زاری کردن ۱۲
[ك] قوت بفتح و سکون ۱۲
[ع] ... بزاری ... ۱۲
جس ... ۱۲

صاف گوئی میری دو فائدون کے شامل ہی اوّل یہ کہ استغاثہ کے سُننے سے مظلومون کو
خرد مندی حاصل ہوتی ہی اور کدورت اور غبار ظلم انکے دلون سے دور ہوتا ہی پس بہتر یہ
ہی کہ جو رطب و یابس میرے دل مین ہی وہ سب بادشاہ پر ظاہر کر دون تا بادشاہ کو غیبت و
حضور میرا یکسان ہو جائے دوسرے یہ چاہتا ہون کہ عقل رہنما اور عدل جہان آرا بادشاہ
کا حاکم اس قضیہ کا ہو جاری کرنا حکم کا مظلوم کے حال سُننے کے بعد ہوتا ہی اسلیے ضرور پڑا ہی کہ
صورت اپنے درد کی طبیب عدالت بادشاہ سے مو بمو ظاہر کر دون بادشاہ نے کہا کہ تونے جو کہا
سو سچ ہی لیکن تیری مخلصی اس بحر غرقاب سے یہ محض ہماری عنایت ہی اور بعد حکم سیاست کے
رہائی دینا ورطہ ہلاکت سے شائع کرنا احسانون کا اور کامل ترین ان کامون کا ہی خرس
نے کہا کہ مین تمام عمر بھی بادشاہ کے الطاف کا شکر ادا نہین کر سکتا ہون اور مدتون عہدہ شکر
شاہنشاہی سے باہر نہین آسکتا ہون اور یہ سچ ہی کہ بعد اجرائے حکم عقوبت پھر عفو کرنا سب
نعمتون پر ترجیح رکھتا ہی کہ یہ نعمت سبب ہی حفاظت جان کا اور عکس اسکا بھی خالی فائدے سے
نہ تھا کہ دولت شہادت حاصل ہوتی تھی لیکن پہلے بادشاہ کی طرف سے خاطر جمع تھی اور
اب البتہ اندیشہ پیدا ہوا ہی مگر مین اسوقت جو عرض کرتا ہون اسواسطے نہین ہوتا ہی کہ
معاذ اللہ بادشاہ پر خطا ثابت کرتا ہون بلکہ جانتا ہون کہ فعل حکیم خالی حکمت سے نہین ہوتا ہی
مگر یہ البتہ چاہتا ہون کہ شہریار کی تدبیر سے باب حسد کا مسدود ہو جائے کیونکہ گل فضل و ہنر
کا بیخار حسد نہین ہوتا ہی اگر بادشاہ عالم پناہ اسکا سدباب نہ فرمائے گا تو آئندہ بہت
سے مفاسد سلطنت مین راہ پائینگے کامجو نے کہا کہ دشمنون کے حسد سے اور مفسدون کے
مکر سے کیا باک ہی کہ سخن دروغ کو فروغ نہین ہوتا اور حیلہ بے ہنرون کا ہنرمندون کے
مقابلہ مین ہمیشہ بے حقیقت رہا ہی اور حاسدون کے گھٹانے سے رونق خردمندون کی
نہین گھٹتی ہی اور بدگویون کے عیب لگانے سے مرد پاک کا دامن آلودہ نہین ہوتا ہی نظم

گر بد ہمی گفت ترا دشمن دون باکی نیست		مس نہ آنست کہ او مرتبۂ زر شکند

طعن خفاش کجا رونق خورشید برد	سنگ بد اصل کجا قیمت گوہر شکند

اور تو اسکے بعد حاسدون کے فتنون سے بیخوف رہ کہ تجھے حقیقت انکے قول غرض آمیز کی
خوب معلوم ہو چکی ہی اور اسکے سدباب مین جو تدبیر مناسب کہ بصلاح تیرے قرار پائیگی اہتمام
تمام عمل مین آئیگا فریسہ نے کہا کہ جب ہر طرح سے عاجز آئینگے تو مفسد یہ کہینگے کہ دیکھو آخر
عقوبت کا حکم فرمایا تو نے اس لیے فریسہ کے دل مین وحشت حادث ہوئی ہی اور جبکہ اہلکار
متوحش ہوتا ہی تو انجام اسکا بیشتر فساد کی طرف رجوع کرتا ہی اُسکے دماغ مین نخوت بھی
بڑھ گئی ہی سبب اسکا یہ ہی کہ تیری عنایت پہلے سے بھی اب اسپر زیادہ ہوتی ہی اس صورت
مین وہ مغرور اور بدگمان ہی اور کارندے بدگمان پر عاقل اعتماد نہین کرتے ہین مصرعہ مؤلف
اُس سے غفلت الٰہی ہی جسکو آزردہ کیا ٭ اس حیلے سے شہریار کے مزاج مین دخل پائینگے اور
غالب ہی کہ اس صورت مین بادشاہ بھی مجھ سے بدگمان ہو اور حق بھی یہی ہی کہ بندہ جفادیدہ
سے بادشاہ کو نڈر نہ رہنا چاہیے یا اُس شخص سے کہ اوج منزلت سے گرکے پایہ معزولی مین مبتلا ہوا ہی
یا ایسا شخص کہ کم رتبہ ہوا اور اب بادشاہ اُسے رتبہ عالی پر تقدم بخشے یہ سب صورتین امرا و وزرا
کے توحش اور بدباطنی کی ہین اور بادشاہ کو ایسے لوگون سے غافل رہنا مناسب نہین ہی
کاجو نے کہا کہ علاج اس واقعہ کا کیونکر کیا چاہیے اور دروازہ انکے دخل فساد کا کس تدبیر سے
بند کرنا چاہیے فریسہ نے جواب دیا کہ تدبیر اُسکی یہ ہی کہ اگر مخدوم کے دل مین ملازم کی طرف
سے کچھ کراہت آئے تو اسکے قصور کے لائق اور مناسب اسکے حال کے اسے گوشمالی دے
اس صورت مین شک اُسکا زائل ہو جائیگا اور یہ سمجھا کہ باوجود قدرت کے مخدوم نے
دانستہ درگذر کی یا پاند کے زجر کفایت کی اس سے معلوم ہوا کہ بس اتنا ہی غبار تھا کہ جسکی
چشم نمائی ہو چکی آیندہ گنجایش اندیشہ خوفناک کی نرہی اور دوسرے اس عادت کو اتنا ظاہر
کرے کہ لوگ یقین جانین کہ بادشاہ ترہات تمام پر کبھی التفات نہین فرماتا ہی اس صورت
مین ملازم خوف بلا سے دل کو فارغ کرینگے شیر نے پوچھا کہ بدگمانی اور تبدیل جاکرون کی کتنی

ترہات لغو ۵ پایۂ معزولی یعنی معزولی کا مرتبہ یعنی بیہودہ

صورتون ٭

صورتون مین ہوتی ہی جواب دیا کہ تین صورت مین ایک یہ ہی کہ مخدوم کے الطاف مین
آگے کی نسبت اب کمی پائی جاے دوسرے یہ کہ بسبب کم توجہی رئیس کے دشمن اُسپر غلبہ
کرے اور رئیس کو جنبہ اُسکے دشمن کا منظور ہو تیسرے یہ کہ مال واسباب جو جمع کیا ہو مخدوم
کی بے التفاتی سے وہ برباد ہو جاے اور مخدوم اُسکا تدارک بھی کچھ نہ کرے کامجو نے کہا کہ
اُسکا تدارک کس طرح کیا چاہیے فریسہ نے کہا کہ سُن اُسکی تدبیر یہ ہی کہ مخدوم کی رضامندی
حاصل ہو اور اُسکا اعتماد پھر از سر نو تازہ اور جاہ رفتہ ہاتھ آئے اور جو دشمن کہ غالب ہوے
ہین وہ گوشمالی پائین اور مال تلف کہ ہوا ہی پھر ہاتھ آئے یا رئیس اپنے پاس سے عنایت
کرے کیونکہ ہر چیز کا عوض جان کے سوا سلاطین پر آسان ہی جب کہ رئیس نے تدارک ملازم
کے حال کا فرمایا اسوقت ضرور رضامندی حاصل ہوگی لیکن اس طرح پر یہ سب الطاف کرے
کہ ملازم کو امید غالب ہو کہ اب تمام عمر بادشاہ مجھے معذور رکھے گا اور بار دیگر کبھی شکنجہ بلا
مین نہ کھینچے گا لیکن بندے کے حق مین اگر یہ سب صورتین حاصل ہون تو بھی غلام امیدوار
اُسکا ہی کہ بادشاہ مجھے مطلق العنان چھوڑدے کہ اس بیابان مین آزادانہ امین اور فارغ البال
پھرون اور وظیفہ دعا و ثنا کا صدق عقیدت سے جناب الٰہی مین ادا کرتا رہون شیر نے کہا
کہ تو ایسا رفیق نہین ہی کہ تیرے حق مین کسی کی بات سماعت کی جائیگی تجھے مین نے حقیقت مین
پہچانا ہی کہ رنج مین تو صفت صبر سے موصوف ہی اور نعمت مین ادائے شکر سے معروف اور جو کچھ
کہ فتوت اور مروت کے خلاف ہی تو اُسکو مکروہ جانتا ہی اور غایت دریافت سے احکام
بادشاہی بجالاتا ہی بس تو قوی دل رہ کہ مین تجھکو بوجہ احسن پہچان چکا ہون اور اُس کے
بعد دشمن کی بات تیرے حق مین زنہار شرف قبول نپائیگی اور جو رنگ آمیزی دشمن کی تیرے
حق مین ہمارے پیش نظر آئیگی وہ دست رد پائے گی **بیت** ازین پس سخنان فتنہ انگیز حسود
در بارۂ دوستان نخواہیم شنود ٭ فریسہ نے کہا کہ شہریار نے اس قدر دلنوازی فرمائی کہ اب
بہر صورت اطمینان کلی خانہ زاد کا ہوا یہ عرض کیا اور بعد اُس کے اپنے کام مین سرگرم ہوا

ص مطلق العنان اسپ بے لگام شتر بے مہار و مرد آزاد
ص امین بیغم [illegible]
۱۲ ص فتوت بفتحتین جوانمردی
۱۲ ص حسود بفتحتین جمع حاسد بمعنی حسد کنندہ ۱۲

اور ہر روز اسکا بادشاہ کے نزدیک مرتبہ بڑھتا جاتا تھا حتی کہ زیور صلاح سے محل اعتماد
کلی ہوا اور محرم اسرار ملکی ومال اور بلکہ خود بمنزلہ مالک الملک کے ہوا بیت نہالش بدان گونہ شد
سربلند شد کہ از آسمان سایہ برتر فگند ٭ یہ ہی داستان بادشاہون کی کہ جب آئین اور فرمان برداروں مین
خلاف حادث ہوتا ہی اور بعد اظہار کراہت پھر مقام رضا اور ملائمت ہاتھ آتا ہی اور عاقل کو اشتباہ
نہ رہے کہ ان خطاؤن اور حکایتون کے ضمن مین بہت سے فائدے ہین اور جو کوئی کہ تائید آسمانی سے
مخصوص اور سعادت سرمدی سے امداد کیا جاتا ہی اسکی تمام ہمت اشارات حکما اور کشف رموز
علما پہ مصروف رہتی ہی اور طبیبان دار الشفاے طریقت سے معجون مفرح غم تراش طلب کرتے رہتے
ہین تا برکت سے معالجات حکماے روحانی کے علت خطر آمیز جہالت و نادانی سے صحت پائین شعر نظم

داروی تربیت از سر طریقت بستان	کادمی را تبر از علت نادانی نیست
روی ہر چند پری چہرہ و زیبا باشد	نتوان دید در آئینہ کہ نورانی نیست
عابد و زاہد و صوفی ہمہ اطفال رہند	مرد گر ہست بجز عالم ربانی نیست

باب دسوان مضرت افزون طلبی اور اپنے کام سے باز رہنے مین

راے داشلیم نے از روے تعظیم حکیم کو دعا دی اور کہا سنی مین نے داستان ذریعہ اور کاموں کی کہ وہ مثل
ہی مخصوص خردمندون کے واسطے کہ خود بادشاہون ہین اور انکے ملازمون مین جو واقع ہوا
از راہ خلاف اور خیانت اور عقوبت کے اور پھر نا مخدوم کا اُس سے مزید عنایت کے ساتھ
اور مردم ہین کے عقیدت کا زیادہ ہونا اور کفایت کرنا نظام الملک کے واسطے اور غلو کرنا
باطل کی طرف اور اعتراف کرنا سخن حق اور صواب کا چونکہ فوائد اس حکایت کے حد حساب سے
باہر ہین اسکو سُنکے تسکین پائی مین نے اب بیان فرما داستان اُن شخصون کی کہ اپنے
صیانت حال در رعایت نفس کے واسطے ایذا اورون کی روا رکھتے ہین اور غیرون کی
مضرت سے باز نہ رہ کے فائدہ اپنا غیرون کے ضرر مین ڈھونڈھتے ہین اور نصیحت خردمندونکی

نہین سنتے ہین اور آخر کو اپنے کردار کے مانند اس کے پاداش سے گرفتار ہوتے حکیم نے فرمایا کہ غیر کی ایذا کا ارادہ نہین کرتے ہین مگر وہ جاہل کہ میان نور و ظلمت اور خیر و شر اور فائدہ و نقصان اور غائلہ ضرر مین فرق نہین کرسکتے اور غرقا جہالت سے صحراے ضلالت مین اور عواقب اعمال سے غافل رہتے ہین اور اُنکی نظر حقیقت امور سے قاصر رہتی ہی اور کنہ مکافات کو پہونچ نہین سکتی ہی لیکن وہ لوگ کہ آنکھ جنکی کحل الجواہر توفیق ازل سے منور ہی اور گلشن دل انکا ریاحین عنایت لم یزلی سے معطر ہی جو کچھ کہ وہ اپنے واسطے نہین پسند کرتے ہین غیر کے لیے روا نہین رکھتے ہین **لمؤلفہ بیت** جو نہ اپنے پسند ہوا سے یار پر غیر کے بھی لیے پسند نہ کر پر اور حکما کا اسیر اتفاق ہی کہ ہر کردار کے واسطے جزا مقرر ہی اگر اسکی جزا مین تاخیر ہو تو مغرور نہوا چاہیے کہ بفحوای ان اللہ یمہل اللہ تعالیٰ مہلت دیتا ہی اور چھوڑ نہین دیتا ہی شاید کہ مہلت ہو لیکن بالکل اہمال نہوگا اگر مہلت دو سہ روزہ ہوئی تو کیا اگر یہ خیال نہ کر کہ سزا اور جزا نہ ملے گی یہ باطل ہی کہ جو تخم کہ مزرع عمل مین بویا جائیگا بہت دن نہ گذرینگے کہ اسے کاٹنا پڑیگا پس جو کوئی کہ طلبگار نیکی کا ہو چاہیے کہ سوائے تخم نیکی اور کچھ نہ بوئے اور اگر کوئی چاہے کہ اپنی بد کرداری کو مکر اور تلبیس سے پوشیدہ کرے اور فریب اور شعبدے کو نیک کارون کے لباس مین جلوہ دے یہانتک کہ لوگ اُسکی ثنا کرین اور ذکر اسکے محامد کا اقطار آفاق مین اتنا دائر ہو کہ دور اور نزدیک کو پہونچے بالغرض کہ یہ بھی ہوا تو بھی اس وسیلے سے وہ فعل اُسکا نیکی سے بدلا جائیگا اور ثمرات خبث باطن اور ناپاکی اسکے دل سے ہرگز زائل نہ ہونگے مثلاً دہقان بیج اندراین کا زمین مین ڈالے اور خاک کے تلے چھپاوے اور خیال کرے کہ زمین نے نیشکر بوئی ہی اور اعتقاد کرے کہ نیشکر ہی پیدا ہوگی تو یہ خیال باطل اُسکا محض ہذیان ہی اندراین کہ جو بویا ہی برگ و بار لائے گا جو شخص کہ حقیقت مکافات کو سمجھے گا اور شرائط فمن یعمل مثقال ذرۃ خیرا یرہ ومن یعمل مثقال ذرۃ شرا یرہ نے جبکہ دل مین سرایت کی ہوگی بدی سے کنارہ کر کے نیکی کی طرف آئیگا اور ستمگاری اور دل آزاری سے

ع
کمترین بندگان خلق ہی
لیکن عوض
از ابنای زمانہ
۴۵ فائدہ
بدی و سختی
۵۳ فرو ماندن
زیادتی

توبہ کرکے راہ شفقت اور رحمت کی اختیار کرے گا چنانچہ مثال ان کلمات کی داستان
شیر صف شکن اور مرد تیر افگن کی بہت خوب ہی رائے واشلیم نے پوچھا کہ یہ کیونکر ہی حکایت
کہا کہتے ہین کہ ولایت حلب مین ایک جنگل تھا کہ اُسمین مرغزار کی کثرت تھی اور اس مین
ایک شیر تھا ہر بر جنگ پلنگ پیلتن کہ بہرام فلک گور کے مانند اُسکا شکار تھا اور شیر سپہر نے
اُس کے شکوہ باصولت سے مانند گاوٴ زمین کے تحت الثری مین قرار پکڑا تھا ہمیشہ وہ شیر
جانورون کی خونریزی مین سرگرم تھا اور کبھی اس سے ندامت نہ کرتا تھا سیہ گوش نے
کہ اُسکا ملازم تھا جب کہ صورت حال اس منوال پر دیکھی نتیجہ ستمگاری خونخواری سے
ڈرا اور اُس وعید سے کہ من اعان ظالما فھو ظالم یعنی جس نے کہ مدد کی ظالم کی پس وہ
شخص بھی ظالم ہوا اندیشہ کیا کہ اپنے ظالم کی صحبت کا ترک کرنا بہتر ہی **بیت** بترس از صحبت
آن کس کہ او خلقی بیازارد ٭ بآتش ہر کہ شد نزدیک ہیم سوختن دارد ٭ اس فکر مین
ایک گوشہ صحرا کی طرف گیا دیکھتا کیا ہی کہ ایک موش جہد تمام سے بیخ ایک درخت کی
کاٹ رہا ہی اور دندان آرہ صفت سے اجزا اُس بیخ کے جدا کر رہا ہی اور وہ درخت
زبان حال سے کہتا ہی کہ ای ستمگار دل آزار کس واسطے تیشہ آزار سے بنیاد میری حیات
کی برباد کرتا ہی اور میرا رشتۂ جان کہ عبارت ہی رگ و ریشہ سے تیغ بیداد سے قطع کرتا
ہی اور مخلوقات کو میرے سایہ کی راحت سے اور میوے کی منفعت سے محروم رکھتا ہی
بیت مکن بدی کہ بدی را جزاے بد باشد ٭ بہ کیش اہل مروت بدی ددی باشد ٭
موش نے درخت کی زاری پر التفات نہ کیا اور اسی جفاکاری پر کہ تھا سرگرم رہا ناگاہ
ایک مار سیاہ کمین گاہ سے نکلا اور ایک دم مین موش کو نگل گیا سیہ گوش نے
یہ صورت تجربہ کی مشاہدہ کی اور جانا کہ آزار دینے والا جلد سزا پاتا ہی اور بونے والا
خار کا گل مراد نہین چنتا ہی بدی کرکے نیکی کی طمع رکھنا محض خیال خام ہی کہ جزا بدی کی بد
ہی اُسی حال مین کہ سانپ موش کے کھانے سے فارغ ہو کے ایک درخت کے سایے

حکایت شیر صف شکن اور مرد تیر افگن کی

مین گنڈلی مار کے بیٹھا تھا کہ خارپشت آ پہونچا اور سانپ کی دم منھ مین پکڑ کے اپنا سر
اپنے پرون مین چھپا لیا سانپ نے نہایت اضطراب سے اپنا سر خارپشت پر یہانتک
دے مارا کہ نوک خار سے تمام سر رہین اُسکا مشبک ہوکے مردار ہو گیا سیاہ گوش نے
ورق اعتبار سے ایک فصل اور مشاہدہ کی خارپشت کوہ کی طرف روانہ ہوا سیاہ گوش
مترصد خارپشت کے حال کا تھا کہ یہ کیا سزا اپنے کردار کی پاتا ہے کہ ناگاہ ایک روباہ
گرسنہ پیدا ہوئی خارپشت کہ اسکا لقمہ تھا چاہا کہ کام اُسکا تمام کرے لیکن خارپشت
اپنا سر اپنے پرون مین چھپا کے بیٹھ رہا روباہ نے تصور کیا کہ حیلے سے سوا کشود کار مشکل
ہے خارپشت کو پس پشت اُلٹ کے اُسی کے شکم پر پیشاب کیا خارپشت سمجھا کہ مینھ برستا ہے
اپنا سر پیرون سے باہر نکالا روباہ نے جست کی اور اُس کا حلق پکڑ کے سر کو تن سے
جدا کیا اور کھا لیا سواے پوست اور استخوان اور پیرون کے کچھ باقی نہ رہا ہنوز اُس روباہ
کو فراغت کلی اس سے حاصل نہوئی تھی کہ ایک سگ جہندہ گرگ درندہ کے مانند
پیدا ہوا اور روباہ کو ٹکڑے ٹکڑے کر ڈالا سیاہ گوش کا اس عجائب کے دیکھنے سے کہ دلیل روشن
تھی تحقیق مکافات مین یقین واثق اور بھی بڑھا اور منتظر اس کے حال کا تھا کہ نہانخانہ
قضا سے کیا سزا اسکی ہوتی ہے کہ جان ایک بیگناہ کی اسکے ظلم سے برباد ہوئی کہ یکبارگاہ
ایک پلنگ کو دیکھا کہ گوشہ بیشہ سے باہر آیا اور ایک جست مین کام سگ کا تمام کیا
قضارا پلنگ کمین گاہ سے صیاد کے بچ کے آیا تھا اور شکار اس کتے کا کیا تھا کہ وہی
صیاد تیر اور کمان ہاتھ مین لے کے تعاقب مین اسکے چلا آتا تھا کہ پلنگ جسوقت مشغول
سگ کا تھا ایک خدنگ دلدوز کمان کی زہ سے آشنا کرکے ایسا راست اسکی طرف پھینکا
کہ جانب چپ بیٹھا اور جانب راست سے نکل گیا بیت فلک گفتہ خوش ست آن
قبضہ و شست ؛ زمین گفت آفرین بادا بران دست ؛ ایضًا للمولفہ کمان وہ
کہ کمان سپہر سے بہتر ؛ وہ تیر جس سے کہ تیر شہاب بھی کمتر ؛ وہ شست جس سے کہ بہرام

آسمان ہو خجل ٭ وہ زور جس سے کہ رستم کی داستان باطل ٭ ہنوز پلنگ کے تن بے تن سے روح نے مفارقت نہ کی تھی کہ صیاد وسبکدستی سے اُسکا پوست از سرتا پا کھینچکے جا ہتا تھا کہ روانہ ہو کہ ایک سوار شمشیر بدست اُس جگہ پہونچا اور وہ پوست پلنگ کا نہایت نقشدار اور رنگین تھا پسند کرکے صیاد سے طلب کیا اُسنے انکار کیا آخر نوبت مقابلے کی پہونچی اثنائے حرب وضرب مین سوار نے تلوار گردن صیاد پہ لگائی کہ مانند خیار تر کے دو ٹکڑے ہو گئی اور پوست پلنگ کا ہاتھ مین لے کے چلد یا ہنوز سو گام نہ گیا تھا کہ گھوڑے نے ٹھوکر لی سوار زمین پہ گرا اور گردن ٹوٹ گئی اور کام اُسکا بھی تمام ہوا القصہ زمانے نے دو ساعت بھی کسی کو مہلت نہ دی کہ ہر ایک اپنے جزائے عمل کو پہونچا بموجب مصرعہ مؤلف کہ بس دم راست کرنیکی زمانے نے نہ دی فرصت ٭ سیاہ گوش نے یہ سب ماجرا دیکھا اور یقین واثق ہوا کہ جزا اعمال کی ایک ذرہ بھی ہو تو بھی بے پہونچے نہین رہتی ہی اُسی دم شیر کے پاس آکے اجازت چاہی کہ اس بیشے سے ہجرت مجھے واجب ہی شیر نے کہا کہ بدولت میرے آسایش پاتا ہی اور خوان احسان سے بہرہ مند ہوتا ہی پھر جانے کا سبب اس منزل سے کیا ہی اور خدمت قدیم کو ترک کرنے کا کونسی چیز باعث ہوئی ہی سیگوش نے جواب دیا کہ ای شہریار مجھے ایک قصور بندہ ہی کہ اُسکے چھپانے مین اندیشہ ہی کہ دل موم کے مانند حرارت خیال سے گداختہ نہو جاے اور اسکے کہنے مین اندیشہ سر کے جانے کا موجود ہی چنانچہ یہ شعر منور خان غافل کا حسب حال میرے ہی بیت جو ہم خاموش رہتے ہین تو دم رکتا ہی ای غافل ٭ کلیجہ منھ کو آتا ہی اگر فریاد کرتے ہین ٭ اگر بادشاہ عہد مضبوط فرمائے کہ اُسکے ٹوٹنے کا کسی طرح شک نہو تو مین راز دل اور صورت حال راست براست عرض کردون شیر نے اُسے اپنے زینہار مین لیا اور امان دی اور اس عہد کو سوگند سے موکد کیا سیہ گوش نے کہا کہ مین دیکھتا ہون کہ نیت تیری خلق کی اہانت سے بالکل اُٹھ گئی اور عنان قدرت بیگناہون کے

بینی دبا بلطبع آزردہ وترک

ابن بابن

ایذا کی طرف پھری ہی کہ دل عالم کا تیری جفا سے زخمی ہی اور سینہ داغ جفا سے مجروح
لازم ہی کہ ترس اس ستم کا کر اور ہول قیامت سے ڈر اور مین اس صورت سے
ترسان ہون کہ کوئی بلائے آسمانی متوجہ اس سلطنت کی نہو کہ چارہ اُسکا بجز ندامت
اور پشیمانی کے کچھ نہو سکے شیر نے کہ اس سے اُسی وقت عہد کیا تھا اس لیے سخن کا تحمل
ہوا اور کہا کہ تجھپر کوئی ستم نہین ہوا ہی تجھے اور کے قضیے سے کیا کام سیہ گوش نے کہا کہ اسکی
دو وجہین ہین کہ اُس سے بیقرار ہون مین ایک یہ کہ کوئی صاحب دل توت ظلم دیکھنے کی اور
طاقت مظلوم کے نالے سُننے کی نہین رکھتا ہی دوسرے یہ کہ مبادا شومی ان افعال کی مجھے بھی پہنچے
اور مین بھی تیری مصاحبت کے سبب سے آتش عقوبت مین جلجاؤن شیر نے کہا کہ تو نے
شامت فعل بد کی کہان سے جانی اور برکت عمل نیک کی کس سے سُنی سیہ گوش نے جواب دیا
کہ خوشبو گلزار خرد کی جس کے مشام جان تک پہونچی ہی وہ جانتا ہی کہ جو شخص تخم آزار بوئیگا
سواے ثمرۂ مضرت اور پھل نہ پائیگا اور جو کوئی کہ درخت نفع کا لگائے گا میوہ آسایش کا
کھائیگا یہ جہان کہ دار مکافات ہی اُسے پہاڑ سے تشبیہ دی ہی کہ جو نیک بد کوئی پہاڑ پر
باواز بلند کہتا ہی وہی جواب اسکی صدا سے اُسے پہونچتا ہی مثنوی مولانا رحمہ اللہ۔
این جہان کوہ است و فعل ما ندا ۞ سوے ما آید نداہا را صدا ۞ گرچہ دیوار افگند سایہ دراز
باز گردد سوے او آن سایہ باز ۞ اور مین نے آج عین الیقین سے مشاہدہ کیا ہی
کہ مکافات عمل کی خالی نہین جاتی ہی اس کے بعد قصہ موش اور سانپ اور خارپشت
اور روباہ اور سگ اور پلنگ اور صیاد اور سوار کا جس طرح کہ دیکھا تھا مو بمو بیان
کیا اور کہا کہ ای بادشاہ موش نے بیخ درخت کاٹی وہ طعمۂ مار ہوا اور مار نے کہ
موش کو آزار پہونچایا خارپشت کی بلا مین پڑا اور خارپشت نے کہ مار کو مارا دام حیلہ
روباہ مین گرفتار ہوا اور روباہ نے کہ ناحق خونریزی کی سگ نے مغز اُس کا
خاک مین ملایا اور سگ اس بیداد کے سبب سے پلنگ کے پنجہ کے شکنجہ مین

کھنچا گیا اور پلنگ اسکی شامت ایذا سے نشانۂ تیر صیاد ہوا اور صیاد اپنے کیفر کردار
مین سوار کے ہاتھ سے مارا گیا اور سوار خون ناحق کی شامت سے دل خستہ اور گردن
شکستہ ہوا اے بادشاہ فعل ان سب کا جو سراپا ظلم تھا بسبب مضرت وضرر کے ہر ایک
مبتلا ہوا پس بدی سے منحرف ہونا اور بدون سے بچنا عاقلون کو لازم ہے اور کام
اپنا صلاح پر لانا اور نیت اچھے کامون پر مصروف رکھنا خردمندون پر واجب ہے
بیت نخستین نشان خرد آن بود ؛ که از بد همه عمر ترسان بود ؛ شیر کہ نخوت غرور
اور شوکت فرمین غلبہ رکھتا تھا سیاہ گوش کی نصیحت کو افسانہ سمجھا سیاہ گوش نے
دیکھا کہ میری نصیحت شیر کے دل پر ایسی ہے جیسا کہ چیونٹی فولاد پر دانت مارے اور
اُسکے سینہ پر اتنا اثر رکھتی ہے جیسا کہ نوک خار جوشن خارا پر **بیت** ناسخ سر کوہ پر
تیغ کا کیا اثر ؛ رگ سنگ مین کیا چبھے نیشتر ؛ سیاہ گوش یہ سمجھا اور شیر کو چھوڑ کے
ایک گوشۂ جنگل کو روانہ ہوا اور جا کے ایک ہجوم خارستان مین چھپ رہا شیر بھی اُسکے
پیچھے روانہ ہوا اور اسپر سے گذر کے ایک طرف کو چلا آگے چل کے دیکھتا کیا ہے کہ دو
آہو بچے فضاے صحرا مین چر رہے ہین اور ماں انکی نگہبانون کے طور سے انکے حال
پر متوجہ ہے شیر نے ارادہ کیا کہ آہو بچون کو شکار کرے اور ہرنی چلائی کہ اے بادشاہ
صید کرنا میرے ان نور دیدون کا ظلم ہے کہ انکے کھانے سے تیرا کچھ کام نہ نکلے گا کیون
میری آنکھون کو فراق مین ان نور دیدون کے رُلاتا ہے اور میرا دل ان جگر گوشون
کی آتش ہجر سے کباب کرتا ہے آخر تیرے بھی دو فرزند ہین ان سے ڈر کہ مبادا انکا بھی
یہی حال ہو مجھ سے وہ نہ کر کہ اپنے اوپر پسند نہ کرے کس نے کیا کہ نہ پایا یہ شعر مؤلف
کا کہ تنبیہ الغافلین مین ہے پڑھا **بیت** ہے آہ بیکسان کی رسائی خدا تلک ؛ چڑھ
جائیے فلک پہ دلا اس کمند سے ؛ ہر چند ہرنی نے اس طرح داد بیداد کی مگر شیر کب
اسکی بات سنتا تھا اور اپنے ارادے مین جیسا کہ تھا ویسا ہی مصروف رہا اور

وہان صیاد نے شیر کے بچون کے واسطے دام لگایا تھا ادہر تو شیر نے ہرنی کے بچون کا
شکار کیا اور اُدہر دونون وہ بچے شیر کے دام صیاد مین گرفتار ہوے صیاد نے شمشیر بران
سے سر اُن دونون کے کاٹ کے اور پوست کھینچکے راہ لی سچ یہ ہی کہ وہ شخص دشمن اپنے
خاندان کا ہی جو اور کے خاندان سے بدی کرتا ہی بقول سعدی علیہ الرحمۃ **بیت**
مگر دشمن خاندان خودی ٭ کہ با خاندانہا پسندی بدی ٭ ہرنی ہلاکت بچون کی دیکھکر
دیوانہ وار ہر طرف دوڑتی پھرتی تھی کہ ناگاہ وہی سیہ گوش پہونچا اور کیفیت حال سے
مطلع ہوکر ہرنی کی زاری پر زار زار رویا اور ہرنی کی تسلی کرتا تھا کہ صبر کر کہ تھوڑے سے عرصے
مین یہ ظالم سزا پائیگا **بیت** شمع پروانہ را بسوخت ولے ٭ زود بریان شود بروغن
خویش ٭ اور اُدہر شیر نے کہ شکم سیر ہوکر اپنے مسکن کو پہونچا دیکھا کہ دونون بچے اسکے
سر بریدہ اور پوست کشیدہ پڑے ہین نالہ اور فریاد کو قبہ آسمان تک پہونچایا غرضکہ
اس درجے خروش وفغان دردناک کیا کہ وحوش اُس بیشے کے وحشت مین پڑے
ہمسایہ اُسکے ایک شغال رہتا تھا کہ دامن کو تعلقات دُنیا سے کھینچا تھا اور نکتہ مَن قنع
بشئ عز کا لوح توکل سے پڑھا تھا **بیت** فارس میدان توکل شدہ ٭ خیمہ بصحرا سے
قناعت زدہ ٭ وہ برسم تعزیت شیر کے پاس آیا اور کہا کہ موجب اس فریاد وفغان
کا کیا ہی شیر نے صورت حال بیان کر کے یہ شعر مؤلف کا پڑھا **بیت** آتش غم سے
پُھک گیا ہیہات ٭ دل کی حالت کباب کی سی ہی ٭ شغال نے کہا کہ صبر کر کہ گلشن عالم
مین کسی مشام نے بے ریخ زکام بوے وفا نہین سونگھی ہی اور کسی مُنہ نے ساقی ایام سے
شراب راحت بے چاشنی جراحت نہین چکھی ہی کیا یہ شعر مؤلف کا تو نے نہین سُنا ہی **بیت**
مثل حباب آنکھ جو کھولی تو یہ کھلا ٭ بنیاد کچھ نہین ہی جہان خراب کی **ایضاً نظم فارسی**
از دہر جفا پیشہ وفاے نتوان یافت ٭ وز گردش ایام صفاے نتوان یافت ٭ زخم دل مجروح
جگر سوختگان را ٭ سازندہ تر از صبر دوائی نتوان یافت ٭ تھوڑا سا ہوش پکڑ

قناعت کی تھوڑی بچہ بہر عزت پائی اس نے

اور گوش ہوش پیدا کر تو دو تین باتین اور نکتے کہ دفتر حکمت سے مین نے پڑھے ہین تجھے
کہدون کہ حقیقت کاروبار دنیاے غدار اُس سے تجکو واضح ہو جاے اسے سنکے دریاے باطن
شیر کا جوش و خروش سے باز رہا اور سمع قبول سے متوجہ نصائح شغال ہوا شغال نے سخن
دلپذیر آغاز کیا کہ اے بادشاہ ہر ابتدا کے واسطے انتہا مقرر ہے اور ہر آغاز کے واسطے انجام مقدر
جبکہ مدت عمر کی تمام ہوئی ہے اور ہنگام اجل پہونچا ہے بحکم اذا جاء اجلہم لا یستاخرون ساعۃ
ولا یستقدمون کے ایک چشم زدن کی فرصت نہین ملتی ہے کیا خوب مولف نے کہا ہے بیت
زبان چلتی ہے گویا آج کچھ ذکر خدا کر لے ؛ اجل آئی تو پھر ہرگز نہ دیگی بات کی فرصت ؛ اور عوض
ہر غم کے شادی کی امید رکھنا چاہیے اور بعد ہر سوز کے توقع سازکی رکھنا مناسب ہے
بیت سالہا دل چون صبا طوف ریاض دہر کرد ؛ در فضاے او گلے گر یافت بیخارے نیافت
ہر حال مین قضاے یزدانی پر راضی ہونا چاہیے اور جزع و فزع کہ کچھ فائدہ نہین رکھتا ہے
توقف مین ڈالنا اچھا ہے بیت جان سپر کن چرا کہ تیر قضا ؛ یک سر مو خطا نخواہد کرد ؛
شیر نے کہا کہ یہ بلا میرے بچون کو کہان سے پہونچی کہ بموجب شعر مؤلف کے حالت مجھ پر
طاری ہے بیت پڑے سایہ جو میرا مرغ آتش خوار جل جاے ؛ سمندر میرے سوز دل
کے آگے پانی پانی ہے ؛ شغال نے کہا کہ یہ تجھی سے تجکو پہونچی ہے کیونکہ جو کچھ کہ تیر انداز قضا
نے تجھ سے کیا ہے اسی کا عوض ہے کہ تیر ظلم نے دلدوزی مظلومون کی اس سے پہلے کی
تھی پس یہ مکافات تیرے عمل کی ہے کہ تیری طرف مُنھ لائی ہے کما تدین تدان اور یہ
شعر گویا تیرے حسب حال ہے بیت خدا کو بھول گیا محو خود پرستی ہے ؛ تو اور
کام مین ہے موت تجھ پہ ہنستی ہے ؛ خلاصہ یہ ہے کہ جیسا عمل کرے گا جزا پائے گا
اور بہت قریب ہے قصہ تیرا ہیزم فروش سے کہ وہ کہتا تھا کہ یہ آتش کہان سے
میرے انبار ہیزم مین پڑی شیر نے پوچھا کہ قصہ اُس کا کس طرح پر ہے حکایت
کہا کہتے ہین کہ زمانۂ پیشین مین ایک ستمگار تھا کہ ہیزم درویشون کی کمال

ستم سے مول لیتا تھا اور نہایت درجے قیمت کم کرتا تھا سو وہ بھی بہزار دشواری
دیتا تھا اور زمستان مین توانگرون کے ہاتھ دوچند اور چہار چند کو بیچتا تھا درویش
اُسکے ستم سے ازبس تنگ اور توانگر بجفاے گران فروشی سے ضیق مین تھے اور سب
یہ شعر گویا کا تکرار کرتے تھے بیت اُس ستمگر کے ستم سے گھر جو ہی غمخانہ ہی ٭ خانۂ عیش
آگے جو تھا اب وہ ماتم خانہ ہی ٭ ایکدن ہیزم ایک درویش کی بزور چھین لی اور آدھی
قیمت مقرر کرکے وہ بھی نہ دی درویش نے دست دعا آسمان کی طرف اُٹھایا اور
روے نیاز جانب درگاہ الٰہی باخضوع وخشوع لایا بیت لمؤلفہ خدرواجب
ہی ظالم تجکو مظلومون کے رونے سے ٭ بھلا کیا حاصل اپنے ساتھ عالم کے ڈبونے سے ٭
اس حال مین ایک صاحبدل پہونچا اور اُسکے ظلم پر واقف ہوکے زبان ملامت
اُس ظالم پر کھولی اور یہ شعر گویا کا پڑھا بیت آہ ضعیف تیر بلا سے زیادہ ہی ٭
پرزور قوس چرخ سے بھی بس زیادہ ہی ٭ اور کہا اُن بیچارون نے کہ سوا درگاہ الٰہی
کے پناہ نہین رکھتے ہین ایسا ظلم نہ کر اور وہ دردمند کہ تمام شب مانند شمع کے سوز دل سے
اشکباری کرتے ہین انکے حق مین ایسا ستم روا نہ رکھ غریبون کے خانہ سینہ کو آسیب بیداد
سے ویران نہ بنا اور خون دل یتیمون کا بجاے شراب لعل کہ کل خمار بیہوشی لائے نہ پی
اور گویا کے اس شعر پر عمل فرما شعر جو چاہے رحمت حق عجز کر شعار اپنا ٭ خرید کر
کہ نہایت یہ جنس سستی ہی ٭ وہ ستمگر بہ غرور اس غریب کی بات کو کب سنتا
تھا جمعیت جاہلیت سے منہ اپنا پھیر کے کہا کہ جا ہی تیغ سر میرا نہ پھرا کہ مین ایسی
واہیات بات نہین سنتا ہون درویش آزردہ دل پھرا اور اپنے گوشے مین جا بیٹھا قضارا
اُسی شب آگ انبار ہیزم کو لگی اور اُس جگہ سے اُسکے گھر تک پہونچی جمیع مال ومتاع اُسکا
خاکستر کردیا کہ کوئی چیز باقی نہ رہی وہ بیدادگر بستر نرم سے خاکستر گرم پر بیٹھا اتفاقاً وہی
عزیز کہ روز گذشتہ نصیحت کرتا تھا آیا اُسنا اس نے کہ وہ ظالم اور اسکے سب متعلق روتے

بستان تجارب
فی فصل اول از ابتغی
ہیبن اور ظلمنگی
ایک بازار
اس بار مین ہی
۲۹۳ ضیق
ظلم تنگی ۱۲
۲۹۴ خضوع در
خشوع ۱۲ در دنیم
بجہت عاجزی در
خوف ۱۲ فرمد

ہین اور مویۂ یہ کرتے ہین کہ یہ آگ کہان سے ہمارے گھر اور انبار ہیزم مین آلگی اس درویش
نے کہا کہ درد دل درویشان اور آتش جگر سوختگان ہی کہ تیرے خرمن جمعیت کو جلادیا بلکہ
یقین غالب ہی کہ اسی آگ سے تیرا ذخیرہ آخرت بھی جلجاے بیت لمولفہ ڈر درد و نالۂ دل
پُر اضطراب سے ٭ برسے گی آگ پانی کی جا اس سحاب سے ٭ ظالم نے سر جھکا لیا اور اپنے
دل مین کہا کہ مقام انصاف سے نہ گذرا چاہیے کہ وہ تخم جفا کہ مین نے بویا تھا اُسکا پھل
یہی تھا کہ جو مین نے پایا اُسکے بعد شغال نے شیر سے کہا کہ یہ مثل اسواسطے لایا ہون مین
تا جانے تو کہ یہ جو تیرے فرزندون کو پہونچا یہ بدلہ ہی آہو بچون کا تونے کہ فریاد اُس ہرنی
کی نہ سُنی اور رحم نہ کیا اب کس واسطے جزع کرتا ہی اور امیدوار ترحم الٰہی ہوتا ہی اب
لازم ہی تو صبر کر جیسا کہ تیرے ظلم پر اوروں نے صبر کیا شیر نے کہا اس باب مین حجت اور
برہان سے میری خاطر نشان کر شغال نے کہا کہ تیری عمر کتنی ہی شیر نے کہا چالیس برس
کی شغال نے کہا کہ اس مدت مین تیری غذا کیا تھی کہا گوشت وحوش اور آدمیون کا
شغال نے کہا کہ وہ جانور اور آدمی تونے چالیس برس کھائے اور شکار کیے اور اُنکے
گوشت سے تن پروری کی آیا وہ مان اور باپ نہ رکھتے تھے اور اُنکے عزیزون کو سوز مفارقت
اور جراحت جزع و فزع مین نہ لایا ہوگا اگر پہلے سے عاقبت اندیشی کرتا اور خونریزی
سے پرہیز رکھتا تو اسوقت مین فرزندون کے درد فراق سے جگر تیرا کیون کباب ہوتا
اگر یہی صفت خونخواری اور سیرت جفا کاری رکھے گا تو یاد رکھ کہ اس سے بھی زیادہ
دیکھے گا جب تک خلق خدا تجھ سے خائف رہیگی بوے آسایش کی نہ سونگھے گا تو اب
بھی کچھ وقت باقی ہی توبہ کر اور اپنا اخلاق رفق و رحمت سے آراستہ کر اور دیجیات
کے دار و گیر سے کنارہ کر کہ آزار دینے والا مُنھ راحت کا نہین دیکھتا ہی اور بیداد گر
ہرگز مقصد کو نہین پہونچتا ہی شیر نے جب کہ یہ بات سُنی سمجھا کہ بنا جس کام کی آزار و ظلم
پر ہوتی ہی سواے ناکامی اُس سے اور نتیجہ حاصل نہین ہوتا ہی اور دل مین کہا کہ بہار

عمر جوانی سے متعلق ہو وہ خزان پیری و ناتوانی سے مبدل ہوئی اور ہر دم راہ فنا مین
قدم پڑتا ہو اور سفر دور دراز درپیش ہو اب بہتر یہی ہو کہ فکر زاد معاد کرون اور ترک
دل آزاری اور جفاکاری کرکے تھوڑے قوت پر قناعت کرون اور بیش و کم کا غم نہ
کرکے فکر ہست و نیست سے درگذرون بیت لمؤلفہ کیا انفعال ہوگا اگر کاتب
عمل ٭ رکھ دینگے میرے سامنے فرد بن حساب کی ٭ آخر شیر نے گوشت کھانے اور
ایذا رسانی سے توبہ کرکے میوہ صحرائی پر قناعت کی شغال نے کہ مدت سے تائب اور
فقط میوہ صحرائی پر قانع تھا دیکھا کہ شیر ہماری غذا ایک سال کی دس دن مین
کھا گیا مضطرب ہوکر شیر کے پاس آکر کہا کہ شہریار اب کیا کام کرتا ہو کہا کہ مین فقط
میوہ پر قانع ہون اور ایذاے مخلوق سے تائب شغال نے کہا کہ ایسا نہین ہو بلکہ
ایذا مخلوق کی آگے سے بھی زیادہ تر ہو شیر نے کہا کہ مجھ سے کسی کو کیا ضرر پہونچتا ہو نہ اپنا
مُنھ کسی کے لہو سے تازہ کرتا ہون اور نہ پنجہ کسی کے آزار پر کھولتا ہون شغال نے کہا کہ
اپنے حق سے البتہ تو باز رہا مگر رزق اورون کا کہ ایک برس اُس سے بسر کرتے تھے
تو اُسے دس دن مین کھا لیتا ہو پس روزی جنکی اس سے متعلق ہو وہ یقین ہو کہ جلد
ہلاک ہو جائین اور اسکا وبال تیرا بار گردن ہو اور اسی جہان مین مکافات اُسکی
تجھے پہونچے اور مجھے ڈر ہو تیرا حال اُس خوک کی طرح نہو کہ جو بوزینے کے مقابلے مین ہوا

حکایت خوک و بوزینہ

شیر نے کہا کہ بیان اسکا کر حکایت کہا کہتے ہین کہ ایک بوزینے نے مدد توفیق نیک
سے اپنی قوم کو چھوڑ کے اور ترک تعلق کرکے راہ صحرا کی لی اور ایک بیشۂ انجیر مین
پہونچ کے متمکن ہوا اور خیال کیا کہ ذی حیات کو اکل و شرب سے گزیر نہین ہو اور جب کہ
موسم انجیر کا نرہا تو غذا ملنا اس صحرا مین معلوم اس سے یہ بہتر ہو کہ اسی انجیر کا ذخیرہ
کیجیے تا اخیر موسم مین بے برگ و نوا نرہیے اس لیے ہر روز ایک درخت کے انجیر کھاتا تھا
اس کے بعد بالکل جھاڑ لیتا اور خشک کرکے ایک گوشہ مین ذخیرہ کرتا تھا

ایک روز موافق قاعدہ مستمرہ کے ایک درخت پر بیٹھا کچھ کھاتا تھا اور ذخیرہ کے لیے کچھ
نیچے گراتا تھا کہ ناگاہ ایک خوک پیدا ہوا اور اُسی درخت کے تلے کہ جس پر بوزینہ چڑھا
تھا آیا جب کہ بوزینہ کی نظر اُس پر پڑی خدا سے پناہ مانگی کہ خوک نے سلام کیا اور کہا
کہ مہمان کا بھی کچھ حق ہے بوزینہ نے بھی جواب مشفقانہ بہ نفاق دیا **مصرعہ**
مرحبا مرحبا تعال تعال * اور کہا کہ اگر پیشتر سے جناب کی تشریف فرمائی کی خبر معلوم
ہوتی تو فراخور حال شکستہ بال کے سامان مہمانی مہیا کر رکھتا اور اب بھی جو کچھ کہ ہو سکیگا
اُسمین دریغ نہوگا خوک نے کہا کہ مین دور سے آتا ہون اور اشتہا کمال رکھتا ہون
جو کچھ کہ حاضر ہو اسوقت مہربانی کر بوزینے نے اُس درخت کے انجیر گرانے شروع کیے
خوک بہ کمال رغبت کھاتا تھا حتی کہ ایک دانہ اُس درخت مین باقی نرہا خوک نے کہا
کہ ای عزیز گرامی ہنوز نفس حریص غذا کی خواہش مین بیقرار ہے درخت دوسرا جھاڑ اور
مجھے رہین منت کر بوزینے نے طوعاً و کرہاً دوسرا درخت جھاڑا مگر اُسمین بھی خوک کی سیری
نہ ہوئی اشارہ اور درخت کی طرف کیا بوزینے نے کہا کہ ای عزیز انصاف ہاتھ سے ندے
میرا ایک مہینے کا قوت تو نے ایک دم مین کھا لیا اب مجھے مقدور نہین ہے کہ زیادہ اس سے
متواضع ہون خوک برہم ہوا اور کہا کہ ایک مدت یہ جنگل تیرے تصرف مین رہا آج سے
میری ملک ہوا تو اب یہان سے راہ لے بوزینے نے کہا کہ کسی کا گھر چھین لینا بڑا ظلم ہے
خیال جفا کا چھوڑ دے کہ ظلم اچھا نہین ہوتا اور آزردہ کرنا مظلومون کا بہت مضرت
رکھتا ہے خوک اس جواب سے زیادہ تر آزردہ ہوا اور کہا کہ ابھی اس درخت سے نیچے
گراکر سزاے قرار واقعی دیتا ہون یہ کہا اور جست کر کے شاخ درخت پر آیا شاخ بار
خوک سے ٹوٹ گئی اور وہ ایسا سرنگون گرا کہ مہرہ گردن ٹوٹ کے واصل جہنم ہوا اور
ای شیر یہ مثل اسواسطے بیان کی مین نے کہ تو بھی اسی طرح حق غیرون کا کھاتا ہے جبکہ یہ گروہ
غربا بھوک سے مرجائیگا اقربا اور عزیز انکے تمام عمر تجھے بد دعا دینگے اور اس لیے کام

تیرا خلق آزاری اور خونریزی تھا اور اب حالت زہد مین رزق مظلومون کا غصب کرتا
ہی غرض کہ ہر حال مین تیرے ہاتھ سے عالم کو آرام نہین ملتا ہی جانورون کو کسی طرح تیرے
جور سے مخلصی نہین ملتی ہی تیرے ظلم کا وہ حال تھا اور زہد صلاح کا یہ حال ہی مناسب ہی
کہ لذت تن پروری سے درگذر اور لذت روحانی کی فکر کر **بیت**

اسیر لذت تن ماندہ ام دگر نہ ترا	چہ عیشہاست کہ در ملک جان مہیا نیست

شیر نے جب کہ شغال سے یہ نصائح سُنے میوے کو بھی ترک کر کے فقط آب و گیاہ پر قناعت کی
اور اطاعت خدا مین مشغول ہوا اور کبھی کبھی ان تینون بیتون کو پڑھتا تھا **نظم**

ای دل ازین جہان دل آزار درگذر	در تنگنای گنبد دوار درگذر
کار جہان نہ لائق اہل بصیرت است	مردانہ وار ازسر این کار درگذر
چون میتوان بہ گلشن روحانیان رسید	سبکی نما ازین رہ پرخار درگذر
دربحر حرص نفس چو غواص شوخ چشم	غوطہ مخور ز گوہر شہوار درگذر

یہ ہی داستان بعضے بدکردارون کی کہ لوگون کو اپنے عذاب مین مبتلا کرتے رہتے ہین اور عاقبت
کا کچھ اندیشہ نہین رکھتے ہین آخر کو اسی طرح کی بلا مین کہ جو اور کے حق مین روا رکھتے خود مبتلا
ہوتے ہین اسکے بعد راہ راست پہچانتے ہین جیسا کہ شیر نے جب تک اپنے جگرگوشون کو آتش
بیداد صیاد پر کباب ہوتے نہ دیکھ لیا خونخواری اور بدکرداری سے دل نہ اُٹھایا اور جب تجربہ
اس سے حاصل ہوا پھر اس عالم غدار سے کنارہ کیا اور اسکی آرائش بے اصل کی طرف
التفات نہ کیا اور پھر کسی طرح سے عشوہ اس بیوفاے جادو وش کا خرید نہ کیا **بیت**

نوشتہ اند بر ایوان جنت الماوے	کہ ہر کہ عشوۂ دنیا خرید وای بوے

اور جو کہ خردمند ہین وہ زیادہ تر اسکے سزاوار ہین کہ اشارت کو سمجھین اور تجربون کو
اپنے حال اور مآل کا پیشوا کرین اور بناے کار دنیا و آخرت اسی ایک قصہ کافی پر رکھین
جو کہ اپنے فرزندون کے حق مین پسند نہ کرین وہ اور کے واسطے روا نہ رکھین

تا ذکر جمیل اُن کا حالت حیات اور ممات مین شہرہ آفاق رہے نظم گویا

یہ جہان صحراے وحشت خیز ہی	یا کوئی دریاے آفت خیز ہی
جو تھے ناوان اس مین آکر گھر گئے	تھے جو دانا وہ کنارہ کر گئے

باب گیارھوان جزاے اعمال مین بطریق مکافات کے

راے دابشلیم نے داستان دلپذیر سُننے کے بعد فرمایا کہ اے پیر صائب تدبیر برہان روشن اور دلیل واضح مثال مین بد کردار نا عاقبت اندیش کی کہ عالم کی ایذا پہونچانے مین مبالغہ کرتا تھا اور جبکہ اورون کی طرح آپ بھی اس بلا مین مبتلا ہوا تو توبہ کی پناہ مین آیا بیان فرمائی تو نے اب التماس یہ ہی کہ وہ داستان کہ گیارھوین وصیت سے تعلق رکھتی ہی یعنی حقیقت اس شخص کی کہ غیر کے کام پر مائل ہوا اور وہ کام اُسکے طور کے موافق اور حال کے مناسب نہو بیان فرما حکیم کامل نے اس عبارت مین کہ صفا اور لطافت مین آبحیات کے برابر اور شیرینی اور حلاوت مین ہمسر شربت نبات تھی بیان کی اور دعادی بیت للمولف رہے مدام تو باتخت وتاج وجاہ وحشم ٭ کہا کرے تجھے خلقت یہ شاہ شاہان ہی ٭ اور کہا کہ بادشاہ عالم پناہ بزرگون نے فرمایا کہ لکل عمل جزاء ولکل مقام مقال یعنی واسطے ہر عمل کے جزا ہی اور واسطے ہر مقام کے مقال ہی اور جامہ خانہ غیب سے لباس خاص ہر ایک کے بالاے والا پر جدا جدا سیا ہی اور خلعت خانہ بخشش سے ہر شخص کے قامت کے لائق خلعت عطا فرمایا ہی ہر فرد سے ہر کام نہین آتا ہی اور ہر مرد ہر عمل کے لائق نہین ہوتا ہی نظم زغن را ہر طاؤسی نزاید ٭ مگس را پر زعنقاے نزاید ٭ زہر کس آرزوے گل نشاید ٭ شمیم گل زخارے خوش نیاید ٭ ساقی الطاف نے خمخانہ کل حزب بما لدیہم فرحون سے ہر کسی کو فراخور حال ساغر سرور دیا ہی اور شراب عنایت اور سرچشمہ رعایت سے کسی کو محروم نہین کیا ہی بیت کس نیست کہ نیست بہرہ مند از تو دمے

اندر خور خود بجز عۂ یا جامی ٭ بس ہر شخص کو چاہیے کہ جو صفت کہ صانع ازل نے اُسکو
دی ہی اسی کا شغل رکھے اور ایسا کرے کہ اس کام کو بتدریج مرتبۂ کمال کو پہونچائے
اور جو کوئی کہ پیشہ اپنا چھوڑ کے اُس طرف کہ اُسکے مناسب حال نہین ہی رجوع کریگا
بیشک مقام تردد اور حیرت مین گرفتار ہوگا پس ضرور ہی کہ جو راہ اختیار کی ہیں اُسی سے
منزل کو پہونچے اور اگر اس سے پھریگا تو سراسیمہ اور سرگردان رہیگا مخلوق کو چاہیے
کہ اپنے طریق عمل پر ثابت رہے اور ہر طرف کو دست ہوس دراز نکرے اور افزون کو
شعار اپنا نہ بنائے اور جو کام اسکا پیشہ ہی اسمین مشغول رہے جیسا کہ مولوی معنوی فرماتے
ہین **بیت** انجیر فروش را چہ بہتر ٭ کانجیر فروشد اے برادر ٭ اور اس محل کے مناسب
کیفیت زاہد عبری زبان کی ہی کہ مہمان ہوس پیشہ نے ارادہ لغت عبری کے سیکھنے کا کیا
اور اپنی بھی زبان بھول گیا راحی والتسلیم نے پوچھا کہ یہ قصہ کیونکر ہی اُسنے کہا **حکایت**

حکایت زاہد عبری

کہتے ہین کہ زمین قنوج مین ایک مرد صالح پرہیزگار دیندار عبادت شعار رہتا پاکیزگی
فطرت سے کدورت علائق کو زائل کرکے پردۂ ظلمت کا پیش نظر سے اُٹھا ڈالا تھا اور
غاشیہ اُسکے سجادہ کا فتوحات غیبی سے ہر اہل اللہ کے دوش پر رہتا تھا تمام ہمت اُسکی احیائے
رسوم شرع پر مصروف تھی اور مرغ محبت الٰہی نے اُسکے سینۂ بے کینہ مین آشیانہ بنایا تھا اور
اُسکی خورشید ضمیر نے ایک عالم تیرہ کو روشن کر دیا اور باوجود اُس بے برگی کے جو کچھ کہ خزانہ
غیب سے اُسکے ہاتھ آتا تھا مہمانون کو کھلا دیتا تھا ایک دن مسافر اُسکے مکان مین وارد
ہوا زاہد نہایت خوش ہوا اور جو کچھ کہ تعظیم و تکریم مہمانداری کی چاہیے بجا لایا بعد الفراغ
طعام زاہد نے پوچھا کہ کہان سے تشریف لاتا ہی اور ارادہ کس دیار کا ہی مہمان نے جواب دیا
کہ قصہ نامرضیہ میرا دور و دراز ہی اگر خاطر اسکی طول سے ملول نہو تو بیان کرون مین
زاہد نے کہا کہ جو کوئی گوش ہوش شنوا رکھتا ہی ہر قصہ سے حصہ اپنا حاصل کر لیتا ہی اور
قطرہ مجاز سے دریائے حقیقت مین در آتا ہی **بیت** زہر بازیچہ رمزے میتوان خواند ٭

زہر افسانہ فیضے میتوان یافت ٭ تو بے وحشت سرگذشت اپنی کہہ اور جو منفعت اور مضرت اس سفر مین دریافت کی اُسے مشروحاً بیان کر مہمان نے کہا کہ اے زاہد زمانہ اصل میری دیار فرنگ سے ہے اور پیشہ میرا نان بائی تھا اور ایک دہقان تھا کہ اس سے مجھے دوستی تھی اور اکثر میرے در اُسکے صحبت رہتی تھی اور از راہ یاری وہ مددگاری غلہ سے کیا کرتا تھا اور قیمت اُسکی آہستہ آہستہ ایک زمانہ دراز مین بقدر آمدنی مجھے لیتا تھا اور بہ سبب اُسکی مہلت اور فرصت کے کام میرا باسانی بسر ہوتا تھا ایک روز مجھے مہمان کر کے باغ مین لے گیا اور شرائط مہمانی جیسا کہ قاعدہ ارباب ہمت کا ہے بخوبی بجا لایا اور بعد اکل و شرب کے باہم کلام مین مشغول ہوے فیما بین کلام کے پوچھا اُسنے منفعت تیرے کسب کی کس قدر ہے کہا مین نے کہ میری دوکان کا آٹھ خروار غلہ ہے اور اُسکا نفع جو متفرع ہوتا ہے وہ اسقدر کہ اہل و عیال کی خورش کو وفا کرے پس انتہا یہ کہ دس کے بارہ ہوتے ہین بیت جو زین بیہ نفع ترکاری ندارم ٭ برین دستور روزے می گذارم ٭ دہقان نے کہا کہ تیرا نفع کچھ بھی نہین مجھے خیال تھا کہ اسکا افادہ بسیار اور حاصل بیشمار ہوگا مین نے پوچھا کہ اے خواجہ تیرا نفع کشتکار کس مقدار ہے کہا کہ پایہ میرے کام کا تھوڑا ہے اور منافع بہت کہ دس سے سو تک بھی قناعت نہین کرتا ہون بلکہ اس سے بھی زیادہ کا طلبگار رہتا ہون متحیر ہو کر کہا مین نے کہ اے خواجہ یہ دور از قیاس ہے دہقان نے کہا کہ تعجب نہ کر اس سے بھی زیادہ اسمین منفعت ہے مین تیری تسکین کردون اب اس سے قیاس کر کہ ایک دانہ خشخاش کا کہ سب دانون سے چھوٹا ہے جبکہ زمین مین اُسکو ڈالا اور سبز ہوا ایک دانے سے قریب بیس تیر کے نکلتے ہین اور زیادہ بھی ممکن اور ہر تیر پر ایک قبہ ہوتا ہے اور قبہ مین اتنے دانے ہوتے ہین کہ شمار اُنکا کسی سے نہین ہو سکتا ہے اب خیال کر کہ نفع زراعت کا کس قدر ہوا اور علماے زراعت نے کہا ہے کہ زرع کے تین حرف ہین دو حرف اوّل کے زر ہین اور حرف آخر عین ہے وہ بھی نام زر کا ہے پس

ف منفعت باغ کھیتی اور مراد [illegible]

یہ پیشہ زر بر زر ہی بیت وو حرفت زرع زرست فیکے کہ می ماند * ہم آن زرست
پس اینچا زرست بر سر زر * یہ اشارہ زراعت کی طرف ہوا اور دہقانیت کے موجدون کا
یون اعتقاد ہی کہ کبریت احمر یہ ہی کہ تیل بیت جستن گوگرد احمر عمر ضائع کردن است
روے بر نوک سیہ آورد کہ کیمیاست * جبکہ یہ باتین زبان سے دہقان کی سُنی سودا
دہقانیت کا دماغ مین پیدا ہوا اور دروازہ دوکان کا بند کرکے زراعت کے اسباب
کے مہیا کرنے مین مشغول ہوا اور میرے محلے مین ایک درویش تھا صاحب کمال پاک
نفس اور نیک خصال جب اُسے معلوم ہوا کہ مین اپنی حرفت ترک کرکے اور کے کام مین
مشغول ہوتا ہون اُسنے براہ شفقت مجھے بلایا اور کہا کہ اے کاریگر جو کچھ کارخانہ ربانی
سے تیرے حوالے ہوا ہی اسپر راضی رہ اور طلب افزونی کی نہ کر شومی حرص کی بہت بد ہی
جو شخص کہ نقد قناعت ہاتھ مین رکھتا ہی بادشاہ اپنے وقت کا ہے اور جو کہ بدولت طلب
حرص مین گرفتار رہتا ہی مرتبہ دیو دد مین شمار کیا جاتا ہی بیت قرص جوین می شکن
ومے شکیب * تا نخوری گندم آدم فریب * کہا مین نے اے شیخ اپنے کام مین چندان فائدہ
نہین دیکھتا ہون اور فائدہ دہقانیت کا بہت ہی ارادہ اُسکا کرتا ہون کہ شاید اس
شغل کے منافع سے میرے اہل و عیال آسودگی سے بسر کرین اور معاش میری آرام تمام
سے بسر ہو درویش نے کہا کہ مدت تمامی سے تیرا اسباب معیشت اپنی حرفت سے مہیا ہوا کیا اور
مشرب زندگانی اسی پیشے کے بدولت خس و خاشاک تردد سے مصفا رہا اور یہ عمل کہ اب
اختیار کرتا ہی شاید تو اُسکے لوازمات پر قیام نہ کرسکے اور عہدہ اُسکے رسمیات کا جیسا کہ
چاہیے تجھسے سرانجام نہ پائے اور جو کچھ کہ نہانخانہ آرزو سے تیری خاطر پر خطور ہوا ہی شاید
مطابق آرزو کے نہو پھر بجز ندامت تجھے حاصل نہو گا فضولی نہ کر اور کام اپنا نہ چھوڑ کہ اپنا
پیشہ چھوڑا اور وہ کام کہ لائق اپنے نہین تھا یا آپ اُسکے لائق نہین ہی اختیار کیا تو اُسے
وہ پہونچتا ہی جو اس کلنگ کو پہونچا مین نے پوچھا کہ یہ کیونکر تھا حکایت درویش نے

کہا کہ ایک گازر دریا کے کنارے اپنے کام مین مشغول رہتا تھا اور ہر روز ایک کلنگ
کو دیکھتا تھا کہ اس چشمے کے کنارے بیٹھ کے جو کرم کہ اس چشمے مین پاتا تھا اسے چن کھاتا
تھا اور اسی پر قناعت کرکے اپنے آشیانے مین رات بسر کرتا تھا ایک دن باشہ تیز پر وہان
پیدا ہوا اور ایک تیہو کا صید کرکے پیٹ بھر کھا لیا اور باقی چھوڑ دیا کلنگ نے خیال کیا یہ
باشہ اس جثہ حقیر پر جانور بزرگ کو صید کرتا ہی اور مین اس ہیکل عظیم پر ایک محقر پر
قناعت کرتا ہون ہر آئینہ یہ صورت میری دنائت ہمت پر دلیل ہی لائق حال کا یہ
ہی کہ آج سے صید حقیر پر نظر نہ کرون اور بلند ارادہ کو کنگرہ آسمان کے سوا اور جگہ نہ
پھینکون اسکے بعد اُسنے ترک شکار کرم کیا اور قصد صید کبوتر و تیہو کا ہوا اس دھوبی
نے دور سے تماشا باشے اور تیہو کا دیکھا تھا جب کہ حیرت کلنگ کے حال پر مستولی پائی
اور کرم پکڑنے کے شغل سے باز رہا گازر نے فراست سے دریافت کیا کہ جب سے
کلنگ نے شکار باشے کا دیکھا اپنے شکار سے ہاتھ اُٹھا لیا ہی یہ امر بے سبب نہین
ہی اس واسطے بیشتر نظر گازر کی کلنگ کی طرف رہتی تھی قضارا ایک کبوتر اسکے
قریب آ نکلا کلنگ اُٹھا اور کبوتر کا ارادہ کیا کبوتر نے پرواز کی اور پانی سے
گذر کے راہ خشکی لی کلنگ کہ اُسکے پیچھے آتا تھا کنارے پر دریا کے گر پڑا اتفاقاً
اس جگہ گل ولاے بہت تھی کہ پاؤن ہر ایک کا پھنس جاتا تھا اتفاقاً کلنگ کے
پاؤن بھی اس مین در آئے جس قدر جہد زیادہ کی زیادہ تر پھنستا گیا دھوبی
نے کلنگ کو پکڑ کے گھر کی راہ لی ایک دوست راہ مین ملا پوچھا کہ یہ کیا ہی گازر
نے کہا کہ یہ کلنگ ہی چاہتا ہی کہ کام باشے کا سیکھے وہ تو نہو سکا پر اپنی جان برباد کی اور
یہ مثل اس واسطے لایا ہون کہ تا معلوم کرے تو کہ ہر کسی کو ایک کام کے واسطے پیدا کیا ہی
چاہیے کہ اسی کام پر قیام کرے اور جو حرفت کہ خلاف اسکے پیشے کے ہی اُسے چھوڑ دے
جب کہ اس درویش نے یہ مثل فرمائی دغدغہ میری حرص کا اور زیادہ ہوا اور

کان میرے کہ محض حرص و ہوا سے بھرے ہوے تھے زاہد کی بات نے ان مین راہ نہ پائی
اور پیشہ نان بائی ترک کرکے تھوڑی سی پونجی سے زراعت کا اسباب درست کیا اور
تخم ریزی کرکے دیدۂ انتظار راہ محصول پر رکھا مین نے اس حال مین معیشت عیال
مجھپر وبال ہوئی سبب یہ کہ نان فروشی سے اس قدر ہر روز حاصل ہو رہتا تھا کہ
اہل وعیال کی شب و روز بسر ہو جاتی تھی اور زراعت مین انتظار ایک سال
کا چاہیے تا فائدہ اسکا حاصل ہو اسکے بعد مین نے دل مین کہا کہ غلطی کی تو نے کہ بات
بزرگون کی نہ سنی اب مصارف روزمرہ سے درماندگی ہے اور کسی طرح یہ تکلیف رفع
نہین ہوتی ہے صلاح یہ ہے کہ کچھ روپے قرض لے کر دوکان نان فروشی کی پھر جاری
کرون کہ اہل وعیال ہلاک نہو جائین کہ موسم زراعت کٹنے کا آجاوے بعد اسکے ایک
تاجر شہر سے مبلغ چند قرض لیے اور دوکان دوسری بار جاری کی اور اپنے ایک ملازم کو اس
دوکان پر مقرر کیا کبھی خبرگیری زراعت کی کرتا تھا مین اور کبھی دوکان کے انتظام کے واسطے
بازار مین آتا تھا جبکہ دو تین مہینے گذرے اس نوکر نے یہان تک خیانت کی کہ دوکان
مین کچھ باقی نرہا اور زراعت مین بھی بہت آفتین پہونچین کہ جو خرچ ہوا تھا دسوان
حصہ بھی اسکا ہاتھ نآیا جبکہ یہ صورت پیش آئی اس درویش سے حال اپنا بتفصیل بیان
کیا مین نے پھر عابد ہنسا اور کہا کہ تیرا حال اس مرد کے مانند ہے کہ داڑھی اسکی دو رویہ تھی
اور دونون عورتون کے ہاتھ سے برباد ہوئی مین نے پوچھا کہ یہ کیونکر تھا حکایت درویش
نے کہا کہ ایک شخص کے دو عورتین تھین ایک ادھیڑ اور دوسری نوجوان اور آپ بھی
ادھیڑ وہ مرد یہ تھا جیسے کھچری داڑھی کہتے ہین اور دونون عورتون کو دوست رکھتا تھا
ایک شبانہ روز ایک کے گھر رہتا تھا اور دوسرے دن دوسری کے گھر اور عادت اسکی یون
تھی کہ عورت کے زانو پر سر رکھکے سویا کرتا تھا ایکدن اس ادھیڑ کی باری تھی اور یہ
اسکے زانو پر سر رکھکے سوتا تھا اسنے یہ خیال کیا کہ جتنے بال اسکے داڑھی مین سیاہ ہین اگر یہ

نہون تو اس جوان عورت کو تمام بال سفید دیکھ کے اس سے نفرت ہوگی جس وقت یہ سمجھے گا
کہ اسکے تمام حرکات اور سکنات سے نفرت پائی جاتی ہو اس وقت اسکی بھی طبیعت
اس سے نفرت کریگی پھر اور میری طرف کو رغبت تمام پیدا کریگا اس خیال سے
جس قدر کہ ہو سکا اس سے عرصہ خواب تک سفید بال چنتی رہی اور اس امر کی کچھ اسے
خبر نہ تھی مصرعہ برکندہ بہ آن ریش کہ در دست زنان است ۔ دوسرے ہی دن اس نوجوان
کی باری تھی اپنی عادت کے موافق اسکے زانو پر سر رکھکے سو گیا تھا قضارا اسکے خیال
مین آیا کہ بال سفید اس کے اگر باقی رہین اور جبکہ یہ اپنی داڑھی آئینہ مین سیاہ دیکھے گا
مقرر ادھیڑ عورت کی صحبت سے نفرت کریگا میری طرف کو لا محالہ رغبت کریگا پس یہ تصور
کرکے جس قدر کہ فرصت وقت کی تھی بال سفید چنتی رہی جبکہ اسی طرح چند روز گذرے
کہ ایک دن موے سیاہ اور ایک دن سفید چنے جاتے تھے آخر کار ایک بال بھی داڑھی
مین باقی نہ رہا اس مرد غافل نے ایک دن آئینہ مین دیکھا تو صفحہ جواب سر کے مانند ہی
آہ کھینچی اور کہا کہ یہ میرا کیا حال ہوا ایک شخص نے لطیفہ گوئی سے کہا کہ جس مرد کی
داڑھی عورتون کے ہاتھ مین ہوگی داڑھی تو کیا اگر اس کے ناک اور کان بھی
باقی رہین تو عجب ہے ایک شخص نے کہا کہ میری داڑھی کا حسب حال یہ مصرعہ
تیری بدمثل ہوئی ہے جتنی نہ الا الذی اور نہ الا الذی ہے درویش نے کہا کہ تیرا حال اسی
مرد دو مویہ کے مانند ہے کہ جو کچھ پونجی تو نے نافرمانی کی بدولت ان نے صرف کی اور باقی دہقان
کے کام مین تلف کی اور آج تو دیکھتا ہے کہ تنور حسرت مین [illegible] نہ رہی ہے اور نہ مزرع
زندگانی مین خوشہ اور دو شعر مولف کے تیرے حسب حال ہین رباعیات ۔ تو [illegible]
کو وہ الم اٹھایا اور زار یہ ہون کہ تمنا کا [illegible] مجھے [illegible] نہ ہوا وہ بھی نہ ہوا
زاہد نے طوف حرم کا کیا ۔ ہندو نے بت کو سجدہ کیا ۔ ناکام وہ ہون مجھے گویا یہ بھی
نہ ہوا وہ بھی نہ ہوا ۔ جب کہ یہ حکایت سنی سمجھا مین کہ پیر عابد نے جو کچھ کہا تھا

وہ سچ ہوا اب مجھے سوائے ندامت کے کچھ حاصل نہیں ہے اگر تمام اثاث البیت جمع
کرون تو بھی ایک شخص کے قرض سے چھوٹنا دشوار ہے یہ خیال کرکے شہر سے بھاگا مین
منزل بمنزل ترسان و ہراسان چلا جاتا تھا کہ اثناے راہ مین سنا مین نے کہ میرے
سب عیال ہلاک ہو گئے اور املاک سب قرقی ہو گئے مصرعہ لو لقمہ جو دزد سے
بچا اُسے رمال لے گیا پس اب مین وطن جانے سے ناامید ہو کے منزل پیمائی کرتا ہون اور یہ
بیت گویا کی حسب حال اپنے ورد زبان رکھتا ہون بیت برا ہو زیست کا کیا کیا الم
دکھاتی ہے پس چھٹے وہ رنج سے پیوند جو زمین کے ہوتے ہیں اور دوا دود دل کی کسی صاحبدل
سے چاہتا ہون اور جراحت اندوہ پر لگانے اہل اللہ سے مرہم رکھتا پھرتا ہون شاید کہ
اصلی التیام پاوے جیسا کہ [illegible] نے کہا ہے بیت [illegible] دیوانہ ہون مرہم فائدہ مجکو
نہ بخشے گا [illegible] اگر [illegible] ہو گئے زخم تو نکے جراحت سے پس اب اس ساعت کہ میرا آئینہ دل
آپ کے مصقلہ زیارت سے مصفا ہوا ہے اور شربت شیرین کلام شکر بار تیرے سے
مہیا ہے اگرچہ رنج بہت اُٹھائے ہین مگر امید ہے کہ آپ کی برکت زیارت سے مقصود کو
پہونچون یہی شمہ میری سرگذشت کا تھا کہ جو بیان مین آیا مصرعہ سرگذشتم را چہ پرسی
سرگذشت از سر گذشت پس جب زاہد نے سنا کہ جو کچھ کہا تو نے اسکے صدق پر میرے دل
نے گواہی دی اگرچہ زحمت سیاحت اور مشقت مسافرت بہت کھینچی تو نے لیکن تجربے
بھی خوب حاصل کیے اب یہ زندگانی دو روزہ بہر کیف آزادانہ بسر ہو جاویگی غم بود
نابود دنیا کا ایک [illegible] دل سے [illegible] مناسب ہے اور واسطے تسکین کے گویا کا یہ شعر
کفایت کرتا ہے بیت [illegible] دیکھ کہدیتے ہیں ہمت ہاتھ سے کھو دولت فقر پہ شاہ کہتے ہیں
اُسے جو کہ گدا ہوتا ہے پس مہمان اور میزبان دونون باہم خوش ہوئے اور ایک نے دوسرے
کی صحبت غنیمت سمجھی اور یہ زاہد ایک مرد تھا قوم بنی اسرائیل سے اور زبان عبری
بہت فصاحت سے بولتا تھا اگرچہ اور علم اور زبانون مین بھی دستگاہ رکھتا تھا

لیکن عبری میں افصح اس زبان کا تھا اور اکثر اپنے خواص سے زبان عبری میں کلام کیا
کرتا تھا یہ مہمان فرنگی حقیقت لغت عبری سے مطلق ناآشنا تھا لیکن کلام زاہد کا اس
زبان میں اسے بہت بھاتا تھا جب کہ عرصہ زیادہ گذرا اور وہ فرنگی زاہد سے بے تکلف
ہوا عرض کیا کہ میں امیدوار ہوں مجھے تعلیم کر اور دریغ نہ فرما کہ بے سابقہ معرفت اعزاز و اکرام
میرا کیا تو نے اور تکلف ضیافت میں اتنی رعایت کی کہ رابطہ محبت قدیم میں کوئی اتنا
نہ کر سکے اس زبان میں اپنا مجھے شاگرد کر کہ اسکا شوق مجھے ہر دم بیقرار رکھتا ہے اگر اس
زبان میں تیری تعلیم سے مجھے دستگاہ ہوئی تو میں بندہ احسان تمام عمر رہونگا زاہد نے
کہا کہ مجھے اس میں کیا مضایقہ ہے کہ ایک شخص کو حضیض جہالت سے اوج دانش پر ترقی
کروں خیال یوں آتا ہے کہ لغت عبری اور زبان فرنگی میں مغایرت بسیار اور مباینت
بیشمار واقع ہے مبادا اسکی تعلیم سے کلفت تیرے خاطر کو پہونچے اور اسپر بھی تجھے اس سے
بہرہ حاصل نہو اور آزمانا بھی خطاے فاحش ہے کہ ایکبار تو نے اپنی حرفت کو چھوڑ کے
اور غیر کی حرفت اختیار کر کے جان و مال برباد کیا اور اب تک بیکسی اور غربت میں
گرفتار ہے مہمان نے کہا کہ حرفت اور چیز ہے اور طلب علم کی امر آخر ہے اور بارہا دیکھا ہے
کہ جو کوئی کسی کام میں ثابت قدم رہا ہے مطلب کو پہونچا ہے اور جس نے کہ علم کی طلب میں
مشقت کی ہے آخر راحت پائی اور تعلیم اور تعلم کسی طرح ضایع نہیں ہوتا ہے جیسا کہ اس
صیاد نے تھوڑی زحمت کہ علم کے سبب سے اٹھائی تھی اور اندک خدمت علما کی بجا لایا
تھا نعمت کلی اسکے ہاتھ آئی اور شفیق احتیاج سے نجات پا کے وسعت آباد عیش کو پہونچا
زاہد نے پوچھا کہ یہ قصہ کیونکر تھا حکایت کہا اسنے کہ ایک مرد درویش صیاد پیشہ شکار
مرغ و ماہی سے گذران اہل و عیال کی کرتا تھا ایکدن دام بچھائے ہوئے بیٹھا تھا ناگاہ
درخت سے تین جانور دام نزدیک آئے قریب تھا کہ پھنس جائیں اس اثنا میں آواز تند
و جدال آمیز آنے لگی صیاد دوڑا کہ مبادا اس آواز سے یہ مرغ وحشتناک ہو کر

اُڑجائینِ تمام اہل وعیال آج فاقے سے ہین اس اندیشے مین دشتی کی آڑ سے باہر آیا دیکھا کہ وہ طالب علم مسئلۂ فقہ مین بحث کرتے ہین اور قیل قال انکا جدال کو پہونچا ہو صیاد نے انسے ساجت کی کہ تم شور نہ کرو تاشکار میرا ضائع نہو جاے انھون نے کہا اگر ہمین اس شکار مین شریک کرے یعنی ہر کس ایک مرغ ہمین بھی دے تو ہم دم بخود ہوجائین صیاد نے کہا کہ اے عزیز مین فقیر صاحب عیال ہون اور قوت کتنے شخصون کا انھین مرغون پر موقوف ہی اگر تم دو مرغ ان مین سے لیجاؤ تو مین ایک مرغ سے دس آدمیون کی کیونکر تسلی کرونگا انھون نے جواب دیا کہ ہر روز یہی کام کرتا ہی اور ہمنے مدت سے گوشت نہین کھایا ہی یہ ممکن نہین کہ ہم دو مرغ نہ لین والا ہم اتنا شور کرینگے کہ مرغ اُڑجاینگے نہین تو ہمے شریک کرکہ دو مرغ ہمین دے کہ تا ہم طلبا اور مدرس کی مہمانی کرین صیاد نے ہرچند معذرت کی اور کہا کہ تمھارے مدرس نے میرا جال نہین بنایا ہی اور نہ تمھارے طلبہ نے میری رسی کو بٹا ہی اور نہ مدرس نے دانہ جال مین ڈالا ہو بلکہ مین نے زمین ثالث مین جال لگایا ہی بھلا کب شرع مین درست ہی کہ میرا شکار دو ثلث تم بزور لے لو جبکہ طلبہ نے کوئی عذر صیاد کا نہ سنا ناچار وعدہ کیا وہ تینون مرغ پکڑے اُسکے بعد بھی صیاد نے اُنسے بہت عذر کیا کہ مجھپر رحم کرو اور یہ مرغ مجھسے نہ لو انھون نے کہا کہ یہ بیفائدہ گفتگو ہی شرط کے موافق وہ ہمارے حوالے کے بناچاری صیاد نے دو مرغ اُنکے حوالے کیے اور کہا کہ مین نے رنج اپنے اوپر گوارا کیا اور تحفہ مہمانی گذرانا مگر وہ لفظ کہ تم جسمین بحث کرتے تھے سکھا دو کہ مجھے ایک روز اس سے فائدہ حاصل ہوکہ جیسے انھین الفاظ کی بدولت دو مرغ تمھارے ہاتھ آئے انھون نے کہا کہ ہم خنثے کی میراث اور لفظ مین بحث کرتے تھے صیاد نے کہا خنثے کے کیا معنی ہین انھون نے کہا کہ معنی یہ ہین کہ خنثے کو نہ مرد کہین اور نہ عورت صیاد نے اس لفظ کو یاد رکھا اور بہ کمال ملال اپنے گھر آیا اور صورت حال اپنے عیال سے بیان کی اور رات ایک ہی مرغ کے گوشت پر کاٹی سب نے دوسرے دن کہ مرغ زرین جناح آشیانہ چرخ چارم سے کنگرہ آسمان پر

سماجت
یا تفسیر یعنی
دز شکار
شدن ۱۲

جلوہ گر ہوا صیاد نے واہ ماہی اُٹھا کے لب دریا پھینکا قضا را ایک ماہی دام مین آئی
کہ ایسی مچھلی کسی نے دیکھی اور شوخی تھی کہ مانند بوقلمون کے رنگ اسکے حساب سے
باہر تھے صیاد اسکی شکل و شمائل سے متحیر ہوا اور دل مین کہا کبھی ایسی مچھلی کسی نے نہین دیکھی
ہم بہتر یہ ہی کہ اسے زندہ بادشاہ کے پاس لے جاؤن اگر بادشاہ کو پسند آئے تو یہ
کلفت میری مٹ جائے ایک ظرف مین پانی بھر کے اور اس مچھلی کو رکھ کے در دولت
بادشاہی پر لایا قضا را بادشاہ اُس باغ مین بیٹھا تھا کہ اُسکے آگے سنگ رخام کا ایک
حوض بنایا تھا اور مچھلیان رنگا رنگ کی اُسمین چھوٹی ہوئی تھین اور تماشا اُنکا دیکھتا تھا
کہ ناگاہ صیاد نے اس مچھلی کو پیشکش کیا بادشاہ نے ایسی مچھلی دیکھی نہ تھی دیکھکے بہت
خوش ہوا اور حکم کیا کہ ہزار دینار اسے انعام دو ایک وزیر بادشاہ کی خدمت مین گستاخ تھا
اُس نے آہستہ بادشاہ سے عرض کیا کہ صیاد اور دریا بہت ہین اور مچھلیان بیشمار اگر
اسی طرح بادشاہ انعام دیا کریگا تو غالب ہی کہ خزانے مین کچھ باقی نرہے صیاد کو
انعام قدر استحقاق چاہیے نہ ہزار دینار بادشاہ نے کہا اب مین ہزار دینار زبان سے
کہہ چکا ہون کیونکر اس سے پھرون وزیر نے کہا کہ حضور ایک ایسا حیلہ فرماوین کہ خلاف
حکم بھی نہو اور ہزار دینار بھی برباد نہ جاوین وہ یہ ہی کہ بادشاہ اس سے سوال کرے
کہ مچھلی نر ہے یا مادہ اگر وہ کہے کہ نر ہے کہیے کہ مادہ اُسکی لا اور کہے اگر کہ مادہ ہی تو نر کی
طلب فرمائے اور یہ ارشاد ہو کہ اسکے بعد ہزار دینار تجھے ملین گے بادشاہ نے یہی سوال
صیاد سے کیا صیاد مرد پیر اور تجربہ کار تھا دریافت کیا کہ وزیر نے بادشاہ کو ایسا کچھ
تعلیم کیا ہی اور اس سوال مین کچھ سر ہی اُسے وہی نقطہ یاد آیا کہ جو روز گذشتہ طلبا نے
سیکھا تھا عرض کیا کہ اے بادشاہ یہ مچھلی نہ مذکر ہی نہ مونث ہی بلکہ خنثیٰ ہی بادشاہ کو
یہ جواب اسکا نہایت پسند آیا اور وزیر کو زجر فرمایا اور دو ہزار دینار اسے انعام دیا
اور اپنا ندیم کیا فائدہ اس نقل سے یہ ہی کہ صیاد نے وہ فرع علما کے دینے سے اور ایک

لفظ کے یاد کرنے سے دو ہزار دینار پاے اور عنایت سلطانی سے سرفراز ہوکے مخصوص بارگاہ ہوا پس خیال کیا چاہیے کہ رنج کشی علم کی اور خدمت علما کی کیونکر نہ فائدہ بخشیگی نظم ناسخ ترقی اگر اپنی چاہیے بشر ٭ تو لازم ہی تحصیل علم و ہنر ٭ کہ علم و ہنر سے بشر کی ہی قدر ٭ جہان مین نہین بے ہنر کی ہی قدر ٭ جگہ ہو کسی کی جو صف نعال ٭ تو پہونچاے تا صدر اسکو کمال ٭ زاہد نے کہا کہ اس قدر تو مبالغہ کرتا ہی تو مین بھی تیری تعلیم مین کوئی دقیقہ فرو گذاشت نہین کرونگا آخر ایک مدت تک تعلیم لغت عبری اس مہمان فرنگی کو کرتا رہا لیکن کسی طرح زبان اسکی اس لغت سے آشنا نہوئی اور جہد اور کوشش کچھ کام نہ آئی بیت لمؤلفہ نہو جس امر مین امداد تقدیر ٭ تو ہرگز کارگر ہوگی نہ تدبیر ٭ ایک دن زاہد نے کہا کہ دشواری کار اختیار کی اور رنج عظیم گوارا کیا تونے تو بھی تیری لسان اس زبان سے آشنا نہین ہوتی ہی بہتر یہ ہی کہ اب اسکو ترک کر اور اتنا سمجھ کہ جہیدان تیرے جولان کے لائق نہین ہی اسمین قدم نہ رکھ یعنی زبان اپنی اسلاف کی نہ چھوڑ اور لغت اور حرفت خلاف آبا و اجداد کے اختیار کرنا عقل سے دور ہی مہمان نے کہا کہ ضلالت اور جہالت مین آبا و اجداد کی پیروی کرنا اسکو تقلید حماقت کہتے ہین اور مین تقلید اپنے اجداد کی اس امر مین نہ کرونگا اور روش تحقیق کو نہ چھوڑونگا کہ تقلید کمند ہی شیاطین کی اور تحقیق نیک ہادی ہی صدق محققین کی زاہد نے کہا کہ مین نے از راہ نصیحت اتنا تجھسے کہدیا آیندہ تجھے اختیار ہی مگر اندیشہ یہ کرتا ہون کہ تو زبان عبری کے درپے ہی ایسا نہو کہ اپنی زبان بھی بھول جاے اور زبان عبری بھی یاد نہ آئے تو حال تیرا اس زاغ کے مشابہ ہو کہ چال کبک کی سیکھتا تھا اپنی چال بھی بھول گیا مہمان نے پوچھا کہ یہ قصہ کیونکر تھا حکایت کہا کہتے ہین کہ ایک زاغ نے پرواز مین دیکھا کہ ایک کبک عرصہ زمین پر قہقہہ کنان خرامان ہی اور رفتار زیبا سے دل عالم کو صید کرتا ہی دو بیتین گویا کی کہ اُسی کے حسب حال تھین پڑھنے لگا

ابیات دیکھکر رفتار راو ظالم موئی جاتی ہی خلق ٭ کم نہین تلوار کے چلنے سے عالم
چال کا ٭ مردے جی اُٹھتے ہین سُنکر تیری طرز گفتگو ٭ ایک عالم جس پہ مرتا ہی وہ عالم قال کا
زاغ کو خرام کبک خوش آیا اور اُسکے تناسب حرکات اور چستی اور چالاکی رفتار سے
متحیر ہوا اور اسنے خیال کیا کہ خرام اس کبک کا سیکھا چاہیے۔ اسی کے ملازمت اختیار کی
اور اُسکی رفتار کے سیکھنے مین خواب و خور بھول گیا ایکدن کبک نے کہا کہ اے زاغ مین
دیکھتا ہون کہ تو ہمیشہ میرے پیچھے پھرتا ہی اور مترصد میری حرکات و سکنات سیکھنے کا رہتا
ہی یہ کیا خیال خام ہی زاغ نے کہا کہ تیری خوش رفتاری اور تماشہ تیری روش کا ہر دم خیال
مین رہتا ہی اسواسطے تیری خدمت مین حاضر رہتا ہون تا کہ اس رفتار کو سیکھ کے پائے افتخار
ہمسرون کے سر پر رکھون کبک نے قہقہہ مارا اور کہا کہ اے نادان کہان تو کہان مین میرا
خرام افزوانی اور تیری رفتار بھی تیری صفت جبلی ہی اسے زائل کرنا اور اسے سیکھنا یہ
دونون من قبیل اجتماع ضدین ہین اور امر جبلی زائل نہین ہوتا ہی اور مقتضائے فطرت
تکلف سے تغیر نہین پاتا ہی تیری وضع اور ہی اور میری روش اور ع ببین تفاوت
رہ از کجا ست تا بہ کجا ٭ اس خیال سے درگذر اور اس اندیشے سے ہاتھ اُٹھا یہ گمان
تیرا محض باطل ہی زاغ نے جواب دیا کہ جو ارادہ مین نے کیا ہی اسے ترک نہ کرون گا
بیت گفتی صبر بدریاے غم انداختہ ایم ٭ تا ببینیم کہ دریا بکفت آید گہرے ٭
آخر زاغ ایک مدت تک کبک کے پیچھے پھرتا رہا مگر روش اُس کی تو نہ سیکھ سکا
بلکہ رفتار اپنی بھی بھول گیا ہر چند چاہتا تھا کہ اپنی رفتار یاد آئے سو وہ بھی یاد نہ
آئی یہ مصرع جرأت کا اس کے حسب حال ہی مصرع کہ بھولے اپنی بھی کوا
چلے جو ہنس کی چال ٭ یہ مثل اس واسطے بیان کی ہی تا جانے تو کہ ہیچ بیہودہ
اور بے فائدہ کرنا مناسب نہین کہا ہی کہ جاہل ترین خلایق کا وہ ہی کہ اس
کام مین ہاتھ ڈالے کہ لائق اسکے منصب کے نہو اور یہ قصہ اُس کے مانند ہی

اور تونان بائی بین چھوڑ کے زراعت مین مشغول ہوا آخرالامر سررشتہ دونون کا
برباد کیا **بیت** آرزو تھی وصل ہو تو دون تصدق جان تک * جان بھی کھوئی
مگر پہونچا نہ اس انجام تک * مہمان نے نصیحت زاہد کی قبول نہ کی اور تحصیل لغت
عبری مین مشغول رہا تھوڑے عرصے مین زبان قدیم بھی فراموش کی اور زبان عبری
بھی یاد نہ آئی یہ ہے داستان اس شخص کی جو حرفت اپنی چھوڑ کے اس کام کو کہ اسکے لائق
نہو اختیار کرے اور یہ بات بادشاہون کے واسطے مفید تر ہے کہ رعیت اور دوستون
کی تربیت اور دشمنون کے استیصال کو اپنے اوپر لازم کرین اور نااہل اور بدگو
کو مردم اصیل اور پاک طینت کے ساتھ برابری مین نہ لائین کیونکہ مردم کم مایہ
تھوڑی سی ثروت مین آپ کو شہسواران میدان فتوت و شجاعت سے ہمعنان
سمجھتے ہین اور یہ صورت آخر کو منجر بہ فساد ہوتی ہے رئیس کو چاہیے کہ گوہرشناس
کے مانند سنگ و جواہر مین فرق کرے والا قدر اور قیمت مین جواہر کے فساد راہ
پائیگا لازم ریاست یہ ہے کہ مرتبہ قوانین سیاست کو سمجھے اپنے اپنے محل پر صرف
کرے اور اگر عیاذاً باللہ تفاوت مراتب درمیان سے اٹھ جاے اور اعلے
اور ادنی ایک مین تولے جائین تو ہیئت جہانداری برہم ہو جاے اور
خلل اور اضطراب امور کلی مین راہ پاے **بیت** ہر مرتبہ از وجود حکمی دارد
گر فرق مراتب نہ کنی زندیقی * اسی واسطے سلاطین حکمت شعار روا نہین
رکھتے ہین کہ مردم بد اصل علم اور خط سیکھین یا مسائل فقہی اور قوانین
ادب مین دخل پائین کیونکہ جب یہ رسم جاری ہو کہ ارباب حرفت روش
اصحاب دولت کی سیکھین اور ارباب دولت کام اہل حرفت کا اختیار کرین
تو ہر آئینہ ذلت شایع ظہور کرے اور اسباب معیشت خاص و عام کے
خلل پذیر ہوئین اور اس جہت سے اہمال ہر کام مین نمایان ہوا اور

اثر اسکا ہر مردوزن مین سرایت کرے خردمند ہی وہ کہ محافظت قول حکما اور
نصیحت اور موعظت علما واجب جانے تا فوائد اسکے اور ثمرات تجربے کے
اس سے حاصل ہون اور مضرت عیب و ریب سے محفوظ رہے نظم کسے را گوئی
درگیتی خردمند * کہ دل بر گفتہ دار دگوشش بر پند *

باب ۱۲ بارھوان فضیلت مین وقار اور ثبات و قرار کے

دوسری بار شہریار کامگار متوجہ طرف حکیم نامدار کے ہوا اور زبان شکر بار سے ثنا کی
اور کہا کہ ای پیر یگانہ وای یکتای زمانہ بیان کی تونے داستان اس شخص کی کہ حرفت اور
لغت اجداد سے انحراف کرکے اس چیز کے درپے ہوا کہ اسکے حال کے موافق اور اطوار
کے لائق نہ تھی اس لیے مطلوب اسکا دیدۂ ارادت سے محجوب ہوا اور پھر کار اصلی پر بھی قادر نہوسکا
اب ارشاد کر کہ بادشاہ کے واسطے کونسی خصلت ستودہ تر ہی اور مصالح ملک و ثبات دولت
اور استقامت امور اور استمالت قلوب کے واسطے کونسی چیز بہتر ہی اور مین نے بارھوین
وصیت مین جم کیا ہی کہ سلاطین کو چاہیے کہ علم کو پیرایہ روزگار اور بردباری کو سرمایہ اپنا کرین مگر
مجھے اسمین تردد ہی کہ بادشاہون کے واسطے حلم بہتر ہی یا سخاوت یا شجاعت فکر عمدہ سے
عقدہ کشائی اور صواب نمائی اس امر کی کر اور بعد اس مسئلہ دقیق کا بہت واضح طرح سے
بیان فرما حکیم دانا دل نے کہا کہ ای بادشاہ زمانہ جان تو کہ بہتر صفت اور پسندیدہ خصلت
بادشاہ کے واسطے یہ ہی کہ لشکر اور رعیت اسکا شکر کرین وہ کیا ہی حلم اور حسن خلق چنانچہ
کلام سے سلطان سریر نبوت اور مالک رسالت علیہ افضل الصلوٰۃ واکمل التحیات کے
ایسا مفہوم ہوتا ہی کہ سعادت دنیوی اور فلاح اخروی حلم اور نیکو خوئی پر مقرر کیگئی ہی
کما قال یعنی جیساکہ کہا ہی من سعادۃ المرء حسن الخلق یہ تین خصلتین بادشاہون کو ضرور
چاہئین اور فضیلت ایک کی دوسری صفت پر معلوم کرنا بھی واجب ہی کہ تینون کسمین

ایک فرق رکھتی ہین یعنی شجاعت ہمیشہ کام نہین آتی ہے گاہ گاہ احتیاج اُسکی ہوتی ہے
اور سخاوت اور علم ہر وقت درکار ہے اس لیے علم اور سخاوت شجاعت سے بہتر ہین
اور فائدہ سخاوت کا مخصوص محتاجون کے واسطے ہے مگر حاجت علم کی سب کو ہے اور
منافع خوشخوئی کے خاص عام اور رعیت و سپاہ کو شامل ہین اس واسطے حلم اُن دونون
صفتون پر فضیلت رکھتا ہے نظم خلق رکھتا ہے جسکی طینت مین ۞ وہی انسان ہے
حقیقت مین ۞ حسن ظاہر کا گو ہوا نہوا ۞ حسن وہ ہے جو ہووے سیرت مین ۞ ایک
بزرگ نے کہا ہے اگر مجھ مین اور تمام عالم مین ایک تار ہو اور سب اتفاق اُسکے توڑنے
کا کرین امکان نہین کہ توڑ سکین یعنی اگر وہ ڈھیل دینگے تو مین کھینچونگا اور جو وہ
کھینچین گے تو مین ڈھیل دونگا یعنی کمال حلم اور وسعت عفو میری ایسی ہے کہ تمام اہل عالم
کے ساتھ مین بآسانی اور نرمی زندگانی بسر کرونگا اور کسی طرح سے شکستگی راہ نپائیگی
بیت من بکمند آورم او بمراد خویشتن ۞ او نرود بطبع من من بروم بخوے او ۞
اب آشنا اور جاننا چاہیے کہ علم اور تامل نیک ترین خصائل سے ہے خلق اللہ کے واسطے
خصوصاً بادشاہون کے لیے اور ثبات اور وقار سلطنت کا خلق اللہ کی دوستی کے سبب
سے ہوتا ہے اور احکام انکے اہل جہان کے مال اور خون مین اسی سبب سے نافذ
رہتے ہین اور امر اور نہی انکا اعلے اور ادنی پر بلا قید اسی سبب سے جاری رہتا ہے
پس اگر اپنا اخلاق موافق دیانت اور امانت کے آراستہ نرکھین تو ممکن ہے کہ
درشت خوئی کے سبب سے اہل اقلیم نفرت کرین اور خفت اور سبک وضعی انکی ایک عالم کو
آزردہ کرے بہت سی جانین اور اموال معرض ہلاکت اور تفرقہ مین پڑین بباعث ناسخ
غضب ہے حکم سلطان بے تامل ۞ یہ لازم ہے کہ پہلے تامل ۞ تامل سے اگر غافل رہیگا ۞
بہت سے ملک مین ہونگے تخلل ۞ اگر بادشاہ آب سخاوت سے گرد احتیاج روے
خلق اللہ سے دھو ڈالے یا آتش شجاعت سے خرمن حیات دشمن جلا ڈالے

اگر سراپا یہ حلم سے بے بہرہ رہے تو ایک درشت خوئی سے چشمہ سخاوت کا گندہ ہو جائیگا اور ایک سخت گوئی مین ہزار دشمن جانی پیدا ہونگے اور اگر سخاوت مین قصور اور شجاعت مین فتور بھی ہو تو مدارا اور دلجوئی اور حلم و خوشخوئی سے رعیت اور اہل لشکر کو شاکر اپنا کر سکتا ہے اور خلق اللہ کو قید ہوا داری اور سلسلہ خدمتگذاری مین کھینچ سکتا ہے بیت ناسخ گو ترا اے رشک گل ہے روے خوش ٭ لطف تب اُسکا ہے جب ہو خوے خوش ٭ اگر ثبات وقار نہوگا تو علم بھی ضائع اور بیکار ہو جائیگا کہ یہ تینون آپس مین لازم و ملزوم ہین بیت باش ثابت در طریق بردباری ہمچو کوہ ٭ ہر کہ تمکین پیش دارد بیشتر دارد شکوہ ٭ بادشاہ کو چاہیے کہ حلم کی جگہ متابعت نفس کی نہ کرے اور غصے کی حالت مین اطاعت شیطان کی روا نہ رکھے کہ غضب ایک شعلہ ہے آتش شیطانی کا کہ بستان خیر و صلاح کو جلا ڈالتا ہے اور غصہ وہ درخت ہے کہ سوا ملال اور پریشانی کے اور پھل نہین لاتا اور حلم پیغمبرون کے اخلاق مین سے ہے اور اہل تحقیق اور ارباب تصدیق کے نزدیک مقرر ہے جب تک کوئی غضب پر غالب نہین ہوتا ہے صدیقون کے زمرے مین شامل نہین ہوتا ہے اور نوادر کلمات حکما مین لکھا ہے کہ ایک بزرگ سے التماس کیا کہ منفعت خلق کی اور مضرت غضب کی بیان فرما جواب دیا کہ اقسام حسن خلق کے بہت ہین اور ایسے مشہور و معروف ہین کہ محتاج بیان کے نہین ہین اور اقسام مضرت کے بھی علی ہذا القیاس مگر مین دو ہی کلمون مین ادا کرتا ہون گوش ہوش سے سن وہ یہ ہے کہ ترک کرنا غضب کا جامع ہے جمیع مکارم اخلاق اور محاسن فضائل کا اور جس نے غضب کو اپنی طبیعت پر غالب رکھا پس یہ جمع کرنیوالا ہے تمام قبائح اعمال اور فضائح افعال کا نظم خشم و کین وصف سباع ست ددوان ٭ ہر کرا خشم ست و کین ہست از ددان ٭ اصل خشم از دوزخ ست و کین تو ٭ جزو آن کل ست و خصم دین تو ٭ چون تو جزو دوزخی پس ہوشدار ٭ جزو سوئے کل خود گیرد قرار ٭ اور دوسرے

اس بات کو جاننا چاہیے کہ بادشاہ کو وزیر ناصح کامل اور خردمندکی احتیاج اس سبب
سے ہوتی ہی اگر غرور جباری اور نخوت شہریاری اسکو حلم اور بردباری سے منحرف کرے تو
وزیر صاحب تدبیر بطریق نصیحت اُسے راہ راست پر لائے اور وہ جادۂ ثبات ووقار پر
ثابت قدم رکھے اور مزاج اُسکا کہ عدالت سے منحرف ہوگیا ہو اعتدال اور استقامت
کی طرف مائل کرے تا عنایت پروردگار اور برکت حلم ووقار سے جس طرف کہ مُنھ کرے
فتح اور نصرت رفیق اور قرین اور اقبال و دولت ناصر و معین اُسکی رہین اور احیاناً
کبھی نفس امارہ اپنی خواہش کے موافق اگر حکم کرے تو صلاح با فلاح وزیر خوش تدبیر
کی اُسکا ضرر زائل کردے جیسا کہ خصومت مین بادشاہ ہند کی اور براہمہ کی ہوا راے
نے پوچھا یہ حکایت کیونکر ہی **حکایت** کہا کہتے ہین کہ بلاد ہند مین ایک بادشاہ
تھا ہبلاء نام وفائق بیکران اور خزائن بے پایان کا مالک تھا اور سلاطین روزگار مین
برگزیدہ تھا دو بیٹے رکھتا تھا کہ مہر درخشان اُنکے چہرہ درخشان سے روشنی قرض
لیتا تھا اور ماہ تابان اُنکی زیبائی رخسار اور تازگی عذار سے میدان سپہر مین گوے کے
مانند غلطان وسرگشتہ تھا حاصل کلام یہ ہی کہ از سرتاپا اگر حسن مجسم کہیے تو بجا ہی چنانچہ یہ
بیت مولف کی انھین کے حسب حال ہی **بیت** چلو تلوار رکھکر دوش پر تو اُڑ چلو
صاحب جو پری کی سی ہو صورت صاف باقی پہ لگا تا ہی ۞ ایک کو سہیل کہتے تھے
اور دوسرے کو ماہ جبین اور اُنکی مان کا ایران دخت نام تھا کہ اُسکے رشک رخسار سے
عروس آفتاب حجاب سحاب مین مُنھ چھپاتی تھی اور گیسوے عنبر اُسکے جعد سنبل کو شرم
سے پیچ و تاب مین رکھتے تھے بس یہ شعر گویا کہ اُسکے حرکات کا تتبع ہی **شعر**
مردے بھی اُٹھتے ہین سُنکر ہی یہ طرز گفتگو ۞ ایک عالم جس پہ مرتا ہی وہ عالم چال کا ۞
بادشاہ تو اس گوہر یکتا کے اور ان دونون فرزندون کے عشق و محبت مین واله و شیدا
تھا اُنکے دیدار کے بغیر آرام جان اور سرور دل حاصل نہوتا تھا اور ایک وزیر تھا کہ اُسے

بلار کہتے تھے اُنکی لغت مین معنی بلار کے یہ ہین یعنی مبارک رو اور وزیر متانت اور عقل
مین مشہور تھا اور اُسکی رائے صائب ہر مشورے مین بے خطا تھی اور کیاست و
کاردانی و فراست و مہربانی ہر حال مین اسکے اقوال اور افعال سے تراوش کرتی
تھی اور بیت گویائی موافق ہے **بیت** ہوا وہ تیرے اشارہ سے جو نہوتا تھا * کھلا ہے
ناخن ابروسے عقدۂ تقدیر * اور دبیر خاص اُسکا کہ کمال نام رکھتا تھا نویسندہ تھا
کہ عطارد سپہر اسکی کمان بیان و تحریر کو نہ کھینچ سکتا تھا اور منشی فلک قدم تسلیم سے
اسکے صنائع کے مدارج تک نہ پہونچ سکتا تھا زبان کلک لطافت شعار اسکی مخزن اسرار
فصاحت تھی اُسکی تحریر خامہ ظرافت آثار مطلع انوار بلاغت تھی جو دُر معنی کہ رشتہ فکر
مین پروتا تھا وہ انتظام ملک کے واسطے رونق بخش ہوتا تھا اور نقد حقائق کو میزان
تدبیر مین تولتا تھا تمام عالم اسکو پسند کرتا تھا اور ایک فیل سفید رکھتا تھا کہ میدان جنگ
مین باد جہان پیما کے مانند دشت پیمائی کرتا تھا یہ قطعہ گویا اسکی شان مین ہے **قطعہ**
جو دیکھوں فیل کو تیرے تو کہوں مین بھی * برنگ کوہ یہ ای خسرو جہان بان ہے * نہیں ہین دانت
یہ فرہاد کے ہین دست دراز * نہین ہے سونڈھ یہ شیرین کی زلف پیچان ہے * اور دو فیل
سیاہ رنگ تنومند اور عظمت اعضا مین مانند کوہ الوند کے میدان وغا مین گردن
کشون کے سر پائمال کرتے تھے یہ قطعہ گویا کہ انھین کی شان مین شایان ہے **قطعہ**
یہ جلد رو ہے کہ فیل مین نظر سے غائب ہو * اگرچہ فیل مین وہ مثل چرخ گردان ہے *
کہ یکا نفی عدو کی تیرے یہ ثابت ہے * کہ دو نون دانتون سے اک شکل لا نمایان ہے *
اور دو شتر بختی کوہ ہامون نورد رکھتا تھا کہ ایک شب مین اقلیم کو طے کرتے تھے
اور وقت پویا کے گھوڑون سے میدان تیز گامی مین گوے سبقت لیجاتے تھے
بیت ہامون نورد و کوہ تن و دل بر تحمل کردہ خو * نشس * تا روز ہر شب
بارکش ہر روز تا شب خارکش * اور ایک سمند تھا تند رو تیز گام

زرین لگام کہ عنان گروی مین باد جہان پیما سے سبقت لیجاتا تھا اور صبائے گیتی نورد اُسکے گرد کو نہ پہونچ سکتی تھی یہ قطعہ گویا کا اس کے مناسب حال ہی قطعہ

ہی اسپ فلک سیر ترا غیرت خورشید	ڈانٹے تو اگر اُسکو تو بس ہانکے برابر
جاوے کبھی مشرق کبھی مغرب وہ چھلاوا	بجلی سا کبھی گنبد گردان کے برابر
اُڑنے مین اگر کہیے تو وہ رشک پری ہی	خصلت مین جو دیکھو تو ہی انسانکے برابر

اور ایک تیغ تھی کہ طیاری مین جواہر اور لآلی قیمتی سے آراستہ اور پیراستہ اور اسکے جوہر ذاتی ایسے تھے کہ جیسے صفحہ الماس پر پاسے مور نمودار ہون ویا تختہ مینا پر مگس خنے پر افشانی کی ہی ابری اسے اسی واسطے کہتے ہین کہ خون انسانی مین ابر بہار پر ترجیح رکھتی ہی اور چمک مین برق کے مانند چشم اعدا کو خیرہ کرتی تھی ابیات

تلوار تیری روز وغا برق نظر آئے	سر دشمنون کے قطرہ باران کے برابر
گر کاٹ سناؤن مین تیری تیغ دودم کا	ہو ملک عدو شہر خموشان کے برابر
ہی دوست کو تلوار تری نوح کی کشتی	اور آب عدو کے لیئے طوفان کے برابر

بادشاہ ان سب کو کہ مذکور جنکا ہو چکا بہت عزیز رکھتا تھا اور سلاطین ہفت اقلیم پر ان سب کے سبب سے مباہات کرتا تھا اور اُسکی ولایت مین ایک گروہ براہمہ تھا کہ ان مین سے ایک شخص کو سب برہمنون سے برگزیدہ کرکے اُسکی پیغمبری کے معترف تھے اور وہ راہ حق سے سب کو منحرف کرکے اپنے دین ایجادی کی تعلیم دیتا تھا اور ضلالت اور جہالت مین اس گروہ کو سرگردان اور گمراہ کر رکھا تھا ہر چند بادشاہ اسکو اضلال و اغواے خلایق سے منع کرتا تھا مگر وہ اپنی عادت کو ترک نہ کرتا تھا آخر بادشاہ نے تعصب دین اور حمیت ملت متین سے ہزار آدمی ان مین سے مع برہمن ابلیس خصلت کے قتل کیے اور گھر اور مال انکا لوٹ کے زن اور فرزند انکے اسیر کیے بعد اسکے چار سو برہمن اُس جماعت کے فنون علم مین آراستہ اور انواع دانش سے بہرہ مند اور ظاہر اس دین سے بھی تائب ہوے تھے واسطے تالیف کے ملازم پایہ سریر اعلیٰ کے تھے

تا کی صحیح ہوئی برخوردار بارڈی ۱۲ لر

اور بہ نفاق اطاعت کرتے تھے اور فرصت انتقام اور موقع کینہ خواہ کے منتظر تھے قضارا ایک شب بادشاہ سریر عشرت پر استراحت کرتا تھا کہ ناگاہ سات آوازین مہیب پی در پی خواب مین سُنین اس ہول سے بیدار ہوا اور متفکر تھا کہ یہ کیا چیز تھی اس خیال مین بار دیگر سو گیا دیکھتا کیا ہی کہ دو مچھلیان سُرخ کہ انکی شعاع سے دیدۂ نظارگیان خیرہ ہوتے تھے دُم سے کھڑی ہین اور مرحبا کہتی ہین بادشاہ دوسری بار بیدار ہوا اور اندیشہ دور و دراز مین پڑا تیسری بار پھر سو گیا دیکھا کہ ایک قاز اور دو بطین رنگین اور بزرگ اُسکے پیچھے سے اڑین اور آگے آگے اُترین اور بادشاہ کو دعا دینا شروع کیا پھر بادشاہ پر ربُودگی غالب آئی اور دیکھا کہ ایک سانپ سبز رنگ کہ اسپر خال زرد اور سپید ہین بادشاہ کے پاؤن سے لپٹ گیا بادشاہ اُسکے خوف سے بیدار ہوا اور یہ تماشا کہ پردہ خیال سے ملاحظہ کیا اندوہگین تھا اسکے بعد پھر موکل خواب اسے کشان کشان عالم مثال مین لے گئے اس بار دیکھتا کیا ہی کہ از سر تا پا شاخ مرجان کے مانند خون مین آلودہ ہی بادشاہ بیدار ہوا اور نہایت مضطر ہوکے چاہا کہ حرمان حرم سرا کو آواز دے کہ ناگاہ پھر نیند غالب ہوئی تو پھر دیکھتا کیا ہی کہ اشتر سپید راہوار کہ برق جہندہ کے مانند کوہ گذار اور عمر گرامی کی طرح خوش رفتار ہی اسپر بادشاہ سوار ہوا اور مشرق کی طرف جاتا ہی اور ہر چند نگاہ کرتا ہی کسی ملازم کو سوار و فراش پیادہ کے نہین دیکھتا ہی پھر خواب سے بیدار ہوا اور چھٹی بار پھر سو گیا دیکھا کہ ایک آگ اسکے سر پر روشن ہی اور اُسکی روشنی اُسکے اطراف اور جوانب کو گھیرے ہی اس صورت کے مشاہدے سے ہراسان ہوکے بیدار ہوا ساتوین بار پھر غافل ہو گیا دیکھا کہ ایک مرغ اسکے سر پر بیٹھا ہوا پیشانی پر منقار مارتا ہی اس بار بادشاہ نے خوفناک ہوکر ایسا نعرہ مارا کہ سب ملازم کہ گرد بادشاہ کے خفتہ و بیدار تھے سراسیمہ ہوکر دوڑے بادشاہ نے سب کو تسکین دی اور کہا کہ خیریت ہی اپنی جگہ جاکر ٹھہرو اور اس خواب ہولناک کی ہیبت سے مار دم بریدہ اور مردم مار گزیدہ کے مانند پیچ و تاب کھاتا تھا اور با خود کہتا تھا کیا نقش گونا گون تھا کہ کلک قدرت نے دکھایا اور یہ کیا لشکر فساد انگیز تھا کہ پے در پے آیا

بیت نشست یکے عربدہ آشوب گر خاست ÷ نا رفتہ یکے فتنہ بلائے دگر آمد ÷ اس تصور مین
تھا کہ یہ صورت واقعہ کی کس سے کہون اور حل اس مشکل کی کس عالی فہم سے طلب کرون
اور محرم اس اسرار کا کسے بناؤن اور نرد اس قضیے کی کس سے کھیلون مصرعہ این درد
کرا گویم و درمان ز کہ پرسم ÷ القصہ شب ہزار رنج بسر کی جبکہ عارض صبح روشن شکن زلف
شب تار سے درخشندہ ہوا اور نقاب ظلمت دن کے آگے سے اُٹھایا گیا بادشاہ اُٹھا اور
براہمہ کو کہ حلال ہر مشکل اور علم تعبیر مین کامل جانتا تھا بلایا اور تعجیل کہ بادشاہون کو
منع ہر عمل مین لایا یعنی غلبہ اضطرار مین بلا تامل خالی حالات خواب کے جس طرح پر دیکھے
تھے اُن سے بیان کیے برہمنون نے واقعات ہولناک سُنکے اور اثر خوف وہراس کا
ناصیۂ شاہ پر دیکھ کے کہا کہ یہ خواب بہت ہمگین ہی اور تمام عمر ایسا خواب ہولناک ہمارے
کانون نے کبھی نہ سُنا تھا اور کوئی معبر بلا تامل تعبیر اسکی نہین کر سکتا ہی اگر بادشاہ اجازت
فرمائے تو ہم غلام بالکل اتفاق کرکے وہ کتابین کہ فن تعبیر مین اعتبار رکھتی ہین اُنسے
رجوع کرین اور بہ تامل تمام جو کچھ دریافت کرین اور وہ تعبیر کہ جس مین شائبہ شبہہ و شک
کا نہ رہے اُسے عرض کرین اور اُسکے دفع ضرر کی راہ ڈھونڈھین بادشاہ نے اجازت دی
یہ وہان سے باہر آئے اور خلوت کی اور خبث ضمیر اور ناپاکی سیرت سے سلسلہ انتقام کو تحریک دیکر
بالکل یکدگر کہا کہ اس ظالم جفا کار نے تھوڑے دن ہوئے ہین کہ ہماری قوم کے ہزار آدمی قتل کیے اور مال و متاع
ہمارا تاراج کیا ہی آج سررشتہ انتقام کا ہاتھ آیا ہی کہ اس حیلے سے کینہ ہمارا حاصل ہوگا جو اس نے
اس حادثے مین اپنا محرم کیا اور ہماری تعبیر اور تقریر پر اعتماد کیا ہی اب فرصت کو فوت نہ کیا چاہیے
اور کینہ دیرینہ کے لینے مین تاخیر نہ کیجیے پھر ایسا موقع نہ ملے گا بیت المؤلفہ آتش غم سے جل رہا ہی عدو
آب شمشیر دیجیے اُسکو آب ÷ راہ صواب کی یہ ہی کہ اس رات مین ہم کلام بے محابا کرین اور نہایت تہدید سے
اُسے ڈرامین اور کہین کہ یہ سب خواب محاصرۂ عظیم پر دلیل ہی کہ ہر ایک آسمین سے بیم جان کا مقتضی ہی
اور دفع اسکی مضرت کا یہ ہی کہ خواص ارکان دولت اور اعیان حضرت اپنے تصدق کرنے پر

راضی ہون اور گھوڑا کہ وہ خاصہ بادشاہ کا ہی اور تینون فیل اور دونون شتر اس شمشیر گوہر نگار سے قتل کیے جائین اور اُن سب کا خون حوض مین بھرا جاے اور بادشاہ ایک ساعت اس مین بیٹھے اور ہم افسون اُسپر دم کرین اور وہ خون بادشاہ کے بدن پر ملین اور بعد اسکے آب خالص سے بدن بادشاہ کا دھوئین اسکے بعد بادشاہ نڈرا ور فارغ بیٹھے اگر بادشاہ اسے قبول کرے اور عزیز اور مقرب بادشاہ کے اس حیلے سے ہلاک ہو جائین اور وہ رہجائے تو تھوڑے عرصہ مین اُسکے بھی ذات کی تدبیر کر سکنا آسان ہی ہمارا دل کہ اُسکے خار آزار سے مجروح رہے اس صورت مین گل مراد ہاتھ آتا ہی اور قوی جبکہ ضعیف ہو گیا تھوڑی سی سعی سے مر سکتا ہی **بیت** دل اگر خار جفا دید امید ست کہ باد چو گل امید بچنید ز گلستان مراد ٭ غرضکہ اس غدر و خیانت سے کفران نعمت پر اتفاق کرکے بادشاہ کے پاس آئے اور کہا بادشاہ کی عمر دراز ہو تعبیر اس خواب کی سواے ہجوم رنج و بلا اور محنت و عنا اور کچھ نہین پائی جاتی ہی اور دفع بلا کے لیے تدبیر از روے علم نجوم صحیح یون ٹھہرتی ہی جو بادشاہ ہماری بات کہ عین نیک اندیشی اور محض خیر خواہی ہی بسمع رضا سے قبول فرمائے تو ہجوم بلا کہ ان خوابون کی تعبیر سے پایا جاتا ہی اور اس مین کسی طرح کا شبہہ اور شک نہین ہی تو مقرر دفع ہو جاے اور اگر ہماری عرض پذیر نہو گی تو بلاے عظیم کے منتظر اور زوال بادشاہی اور قطع زندگانی کے مترصد رہیے بادشاہ اس بات کے سُننے سے ڈرا اور دائرہ حیرت مین پڑکے از خود رفتہ ہو گیا اور بعد تامل کے پوچھا کہ تفصیل اس اجمال کی بیان کرو برہمنون نے کہا کہ گویم مشکل و گر نگویم مشکل یعنی اگر کہتے ہین تو تمام اہل سلطنت آزردہ ہوتے ہین اور اگر نہین کہتے ہین تو خدا آزردہ ہوتا ہی اور ہم کور نمکی سے منسوب ہوتے ہین یہ سُنکر بادشاہ زیادہ تر گھبرایا اور مبالغہ کیا کہ جلد تفصیل اسکی بیان کرو آخر اُن مفسدون نے قیل و قال حد کو پہونچا کے عرض کیا کہ وہ دو ماہی کہ دُم پر کھڑی ہین دونون فرزند بادشاہ کے ہین اور وہ کہ سانپ بادشاہ کے پاؤن

مین لپٹ گیا تھا وہ ایران دخت شاہزادی ہی اور وہ دو بطین رنگین و دو پیلان سیاہ ہین اور تاز بزرگ پیل سپید ہی اور شتر راہوار اور سمند خوش رفتار شہریار ہی اور وہ دو فراش پیادہ شتران بختی ہین اور وہ آتش کہ فرزند بادشاہ پر روشن تھی بلاء وزیر ہی اور وہ مرغ کہ منقار بادشاہ کے سر پر مارتا ہی کمال دبیر ہی اور وہ خون کہ جس سے بادشاہ کا بدن آلودہ ہی اثر ہی شمشیر زرنگار کا کہ فرق پر دشمن لگائین گے اور چہرہ مبارک کو اُس سے رنگین کرینگے اور ہم نے تدبیر اس خواب کے دفع ضرر کی از روے علم تعبیر کے اس طرح پر ٹھہرائی ہی کہ بادشاہ دونون بیٹے اور ایران دخت اور دبیر اور وزیر اور اونٹ اور ہاتھی اور گھوڑے کو اسی شمشیر سے ذبح کر کے خون سب کا تھوڑا تھوڑا لے کے ایک ظرف مین جمع کرین اور شمشیر کو توڑ کے ان سب کشتون کے ساتھ زمین مین دفن کر دین اور ہم اسکو آب دریا مین ملا کے ایک آبزن مین ڈالین اور بادشاہ کو اس مین بٹھا کے دعا اور افسون پڑھین اور اسکے بعد اسی خون سے بادشاہ کی پیشانی پر طلسم لکھین اور شانہ اور سینہ بادشاہ کا اس خونناب سے آلودہ کر کے تین ساعت کے بعد آب سے سر و تن دھو کے اور خشک کر کے روغن زیت سے چرب کرین اس صورت مین مضرت کلی دفع ہو جائیگی اور سوا اسکے کوئی چیز فائدہ بخش نہ ہوگی **بیت** در دفع بلاے کہ نصیب تو مباد ٭ تدبیر ہمین ست کہ تقریر رفتا د ٭ بادشاہ نے جب کہ یہ بات سُنی آتش حسرت متاع صبر مین شعلہ زن ہوئی اور باد وحشت سے خرمن شکیبائی برباد ہو گیا کہا کہ اے دشمنان دوست رو اور اے آدمیان اہرمن خو تمھاری اس تدبیر سے مرگ بہتر ہی اور اس تقریر سے کہ تم نے کی شربت اجل خوشتر یہ گروہ کہ بعضے ان مین میری ذات کے مانند ہین اور بعضون سے مدار ملک و مال اور سبب زینت جاہ و جلال ہی اگر ان سب کو ہلاک کرون پھر حیات سے مجھے کیا راحت مین تو ان سب کی

راحت دیدار سے زندہ ہون اگر یہ نہوئے تو خاک میری زندگی پر بقول مؤلف کے بیت مثل حنا ہی غیر کی ہاتھون مری بہار ؛ سر سبز اگرچہ ہون چمن روزگار مین ؛ مگر تم نے حکایت حضرت سلیمان علیہ السلام اور بگلے کی نہین سُنی ہی اور حقیقت اُنکے جواب و سوال کی تحقیق نہین پہونچی ہی براہمہ نے التماس کیا کہ ارشاد ہو حکایت کہا ہی کہ حضرت سلیمان علی نبینا وعلیہ الصلوۃ والسلام پیغمبر تھے اور بادشاہ بھی تھے عظیم الشان کہ جن و انس اور وحوش وطیور سب اُنکے تابع فرمان تھے اور منشی قضا نے منشور سلطنت کا اُنکے نام پر یون لکھا تھا کہ نہ اوّل ایسا بادشاہ تھا اور نہ بعد اُنکے ایسا کوئی ہوگا اور غدود ہا شہر ورد احیا شہر مؤنہ ہی اُنکی سیر کا بیت فلک بندہ و آفتابش غلام ؛ زمانہ مطیع و جہانش بکام ؛ ایک روز مقربان ملکوت مین سے ایک فرشتہ نزدیک حضرت سلیمانؑ کے قدح پُر آب ہاتھ مین لے کے حاضر ہوا اور کہا کہ مبدع کل جل شانہ نے تجھے مخیر کیا ہی اور فرمایا ہی کہ اگر چاہیے کہ تا قیام قیامت کل نفس ذائقۃ الموت کے شربت پینے سے امین رہے تو اس جام کو پی لے اگر میل اسکا رکھتا ہی کہ گوشۂ زندان ناسوت سے روضہ روحانی لاہوت کی طرف متوجہ ہو تو جلد قدم اُٹھا یہ سُنکے حضرت سلیمان علیہ السلام نے خیال کیا کہ نقد عمر ایک سرمایہ ہی کہ اُس سے بازار قیامت مین سود فراوان ہاتھ آنے والا ہی اور عرصہ زندگانی کا ایک کشت ہی کہ اسمین تخم دولت دوجہانی اور نہال سعادت جاودانی بویا جاتا ہی اور اس عالم مین ایسی دولت پر نفع کا ہاتھ آنا ممکن نہین ہی پس بہر نوع نشاط حیات شیون فنا سے بہتر ہی اس کو اختیار کیا چاہیے اور اس عرصہ دراز مین کہ مہلت عنایت کی ہی رضاے پروردگار مین کوشش کافی کرنی چاہیے عمر اُسکو کہتے ہین کہ خیال اور افعال خیر مین بسر ہو پھر خیال کیا کہ بلا تامل اختیار کرنا ایسے امر جلیل کا نہ چاہیے اللہ تعالیٰ نے مشورے کو امر فرمایا ہی تو چاہیے کہ اکابر جن و انس اور وحش و طیر جمع کر کے مشورہ کرون اور سب کی راے جس بات پر متفق ہو اُسے عمل

مین لاؤن اسکے بعد سب کو جمع کرکے پوچھا کہ اس شربت حیات کے پینے مین تمھاری کیا صلاح
ہی سب نے عرض کیا کہ ضرور پینا چاہیے کہ دوام مین آپ کی زندگانی کے فلاح تمام جہان کی
ہی حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ اہل مملکت سے کوئی شخص باقی تو نہین رہا
لوگون نے عرض کیا کہ ایک بگلا حاضر نہین ہی اور باقی سب موجود ہین گھوڑے کو
حکم کیا کہ بگلے کو حاضر کرے گھوڑے نے حسب الحکم کہا کہ نبی اللہ نے تجھے یاد فرمایا ہی اُس نے
آنے سے انکار کیا دوسرے بار کتے کو حکم کیا کہ جلد جاکر بوتیمار کو لاکتا آیا بگلا اُسکے ہمراہ
بلا تکرار و اکراہ چلا آیا حضرت نے فرمایا کہ بلایا ہی مین نے تجھے ایک شورے کے واسطے مگر
اس سے پہلے ایک شبہہ ہی اُسے حل کرکے بعد اسکے اصل مطلب کا مشورہ کیا جائیگا بگلے نے
عرض کیا کہ میری کیا حقیقت ہی کہ مین شبہے کو حل کرون گا لاکن تجھسا بادشاہ جو مجھسے ذلیل
کو عزت مشورے کی بخشے تو دور نہین ہی بندہ پروری اور غلام نوازی سے بیت
تو آفتابی و من ذرہ بغایت پست ٭ بعید نیست ز خورشید ذرہ پروردن ٭ اگر حضرت
رسالت منقبت اظہار مین اس شبہہ کے ارشاد فرمائین تو جو کچھ میری خاطر شکستہ مین گذرے
اُسے عرض کرون حضرت نے فرمایا کہ انسان کے بعد اشرف حیوانات گھوڑا ہی اور خسیس تر
جانورون کا کتا اسمین کیا حکمت تھی کہ تو کہنے سے شریف ترین حیوانات کے نہ آیا
اور کہنا خسیس ترین جانورون کا قبول کیا بگلے نے عرض کی اگرچہ گھوڑے کا کمال
شرف ظاہر ہی مگر درغزار وفا مین چرا نہین ہی اور چشمہ حق شناسی سے قطرہ نہین چکھا
ہی یہ مصرعہ حسب حال اسکے ہی مصرعہ اسپ و زن و شمشیر وفادار کہ دید ٭ اور
کتا ہرچند خبث سے موصوف ہی اور ناپاکی مین معروف لیکن لقمہ وفاداری کا کھایا ہی
اُسنے اور رسم حق گذاری کی وہ عادت رکھتا ہی بیت سگ حلقۂ مہر کردہ در گوش ٭
یک لقمہ نمیکند فراموش ٭ اور درگاہ حضرت کی کہ منبع وفا اور مجمع صدق و صفا ہی اسلیے
قول بیوفا کا قبول کرنا مناسب نجانا اور سخن وفادار پر متوجہ ہونا مصلحت سمجھا مین

فوائد بارہ بارہ طرح کی
۱۲ کر

حضرت سلیمانؑ نے بات اُسکی پسند کی اور ذکر آبحیات کے پینے کا ارشاد کیا بگلے نے عرض کیا
کہ یا نبی اللہ یہ آب حیات آپ تنہا نوش فرمائیے گا یا دوستون اور عزیزون کو بھی پلائیے گا
حضرت سلیمان علیہ السلام نے فرمایا کہ یہ رب کریم نے خاص میرے ہی واسطے بھیجا ہی اورون کا
اسمین نصیب نہین رکھا ہی بگلے نے عرض کیا کہ یا نبی اللہ یہ کیونکر تجھے گوارا ہوگا کہ تو تنہا رہیگا
اور سب ہمدم اور یار اور فرزند اور حق گزار تیرے آگے مرجائینگے پھر اس زندگانی سے تو کیا لذت
پائیگا اور وہ عمر کہ دوستون اور عزیزون کے فراق مین گذرے اس مین کسی طرح راحت
تصور نہین کی جاتی ہی آگے تجھے اختیار ہی قطعہ صحبت یاران غنیمت ہی کہ نقد زندگی ؛
خاص از بہر نثار صحبت احباب ہی ؛ ہی بے سیر و تماشہ گلشن عمر عزیز ؛ پر یہ محتاج بہار
صحبت احباب ہی ؛ حضرت سلیمان علیہ السّلام نے بات اُسکی پسند فرمائی اور شربت زہر
آمیز فراق سے کہ نام اُسکا آبحیات تھا اجتناب کیا **بیت** ہر چیز ز احباب
جدائی وہ است ؛ دور ترش وار کہ دورے بہ است ؛ بادشاہ نے کہا کہ یہ مثل
اس واسطے لایا ہون کہ تم جانو ای برا ہمہ کہ مین زندگانی اپنی بغیر اس جماعت کے
نہین چاہتا ہون اور اپنی موت اور اُنکی موت کو برا جانتا ہون ہر آئینہ ملک
صدد و زوال اور انتقال مین ہی اور یہ راہ خطرناک بھی طی کرنا ہی اور وحشت خانہ
لحد مین سونا بھی پھر عمر مسلم دو روزہ کے واسطے کیون ایسے امر نا ملائم پر جرأت کرون
اور اپنے ہاتھ سے بنیاد دولت و عشرت اور نام و نشان کو برباد کرون اگر ہوسکے تو کوئی
اور تدبیر کرو اور چارہ اسکا بوجہ احسن نکالو والا یہ کام مجھسے زنہار نہو سکے گا براہمہ نے کہا
کہ بادشاہ کی بقا ہو سخن حق تلخ اور نصیحت بے خیانت درشت معلوم ہوتی ہی مگر حتی الوسع
ہم خیر اندیشی سے زبانین بند نہ کرینگے ہمین بادشاہ کی راے سے تعجب ہی اور ونکو اپنی برابر
سمجھتا اور اورون کی بقا کے واسطے اپنی جان عزیز اور ملک موروثی سے کنارہ کرتا ہی اور
نصیحت مشفقانہ نہین سنتا ہی اور خیر خواہون کی بات پر اعتماد نہین کرتا ہی اور اس

کام مین کہ موجب فرح تمام اور سبب آسایش عام ہی قبول نہین فرماتا ہی خردمند اورون کو اپنی ذات کے واسطے البتہ چاہتے ہین نہ غیرون کے واسطے اپنی ذات کو برباد کرتے ہین اور بادشاہ پر پوشیدہ نہین ہی کہ آدمی رنج بسیار سے درجہ استقلال پر پہونچتا ہی اور کلید خزانہ ملک کوشش بشیار سے ہاتھ آتی ہی اسکو ضایع کرنا اور عمداً ترک زندگانی کرنا اور سریر دولت کامرانی کو دیدہ و دانستہ چھوڑنا روش خرد سے فرسنگون دور ہی اگر ذات بادشاہ کی باقی ہی تو زن و فرزند بہت ہو رہین گے اور جو ملک برقرار رہیگا تو جملہ اسباب تجمل اور ملازمان کافی بادیانت بہت ہو جائینگے بادشاہ نے جبکہ فضولی انکی گوش زد کی اور اُنکے دمدمے اور سحر بیانی سے متردد اور متالم ہوا تو بارگاہ سے اُٹھکے خلوت گاہ مین آیا اور روے نیاز زمین عاجزی پر ملتا تھا آب حسرت دیدہ اشکبار سے برساتا تھا اور آتش نا امیدی سے خرمن صبر و سکون کا جلتا تھا اور کہتا تھا کہ یہ ابر فتنہ زا کہ باران بلا سے برستا ہی کہان سے پیدا ہوا اور یہ لشکر غم کہ متاع حیات کے سوا اور کچھ نہین لوٹتا ہی کہان سے وارد ہوا بیت من بودم و گنجی و حریفی وسرودے ✤ غم را کہ نشان داد و بلا را کہ خبر کرد ✤ بھلا عزیزون کی مرگ کو کس طرح گوارا کرون اور بے ہمدمون کے کیونکر زندگی بسر کرون اور فرزندون کے بغیر کہ روشنائی چشم اور قوت دل ہین اور حالت امیدواری اور بعد موت کے بجاے میرے نتیجہ شہریاری ہین کس طرح انکی موت پر راضی ہون بقول فردوسی فخر شاعران کے بیت ندارد پدر ہیچ بایستہ تر ✤ ز فرزند شایستہ شایستہ تر بیت مشہور زمانے مین یہ مصرع ہی سلف سے ✤ بہتر نہین کچھ باپ کو فرزند خلف سے ✤ اور ایران دخت کہ چشمہ خورشید تابان رشحہ اُسکے چاہ زنخدان کا ہی اور مطلع ماہ درخشان پرتوا سکے عکس روے درخشان کا ہی اور نسخہ اسکا ایام دولت کے مانند تازہ و خرم اور زلفین لیالی فراق کی طرح درہم اور صحبت اسکی دلربا اور مصاحبت اسکی راحت افزا ہی

اسکے بغیر زندگانی سے کیا لطف پاؤنگا اور بلا وزیر کہ اُسکی رائے روشن شبہاے حادثات
کو آفتاب کی طرح منور کرتی ہی اور پرتو اسکے شمع ضمیر کا نور ہی ظلمت زدا ہی بغیر اسکے
رونق ملک ومال اور افزونی خزانہ اور حصول اموال اس طرح سے کون کر سکیگا اور
کمال دبیر کہ انشا پروازے مین نقش بند سپہر بلند اُسکا شاگرد ہی اور الفاظ اُسکے مانند
لآلی دلکشا ہین اور حسن خط اُسکا طرب افزا ہی اگر وہ نہوا تو مصالح ملک اور حوادث مین
کون مددگاری کریگا اور احوال عدا سے اور بد اندیشون کی دشمنی سے کون مجھے
ہر وقت اطلاع دیگا جس وقت کہ دونون ناصح امین کہ مانند دست و پا اور دیدہ بینا
تمام ملک کے ہین اگر فرو بقا پر خط فنا کھینچا جائیگا تو ہر آئینہ فوائد نصیحت اور آثار کفایت
منقطع ہو جائینگے اور پیل سپید کہ جسم اُسکا مانند جرم ماہ اور چرخ دوار کے سربلند اور سریع السیر
ہی اگر وہ نہو تو معرکہ کارزار مین کس پر سوار ہونگا اور پیل سیاہ کہ عرصہ ہیجا مین خرطوم
سے صف دشمن کو زیر و زبر کر ڈالتے ہین ہنگام نبرد فوج مخالف کو کیونکر برہم کرونگا
اور اگر وہ دو اشتر کہ پیک صبا کی طرح سریع السیر ہین نہونگے تو ضرورت کے وقت کس سے
خبر منگواؤنگا اور فرمان اپنا ممالک محروسہ کو اس شتابی سے کیونکر بھیجونگا اور اس
سمند وونده صرصر تگ پولا درگ باد کردار صبا رفتار کے سوا کہ رخشندگی مین آتش حسرت
دل رخش رستم مین افروختہ کرتا ہی اور سرعت اُسکی دیدہ شبدیز خرد سے اشک گلگون
بہاتی ہی کیونکر عزم رزم اور ارادہ سلحشوری اور عنان گیری کرونگا اور گوے طرب
چوگان مسرت سے کیونکر لیجاؤنگا اور وہ شمشیر بران کہ آتش فتنہ اسکی آبداری کی
ہیبت سے بالکل افسردہ ہوگئی ہی اور آب اُسکی کہ آبروے ملک ہی بغیر اسکے کس طور
سے وقت جنگ کے خاطر جمع کرونگا جب کہ اس اسباب سے بے سر و پا ہوا اور
جماعت متعلقون کی اپنے ہاتھ سے برہم کی مین نے پھر ملک سے کیا تمتع اور عمر سے
کیا لذت حاصل ہوگی بقول مؤلف بیت تو نہین آگے جو آنکھون کے تو دل

خرم نہین ٭ جنبش مژگان کف افسوس سے کچھ کم نہین ٭ القصہ بادشاہ نے ایک شبانہ روز
دریاے فکر مین غواصی کی مگر وہ گوہر تدبیر کہ جس سے سر رشتہ امید کا ہاتھ آئے نہ آیا آخر
یہ راز ارکان دولت پر شائع ہوا کہ بادشاہ فکر عظیم مین پڑا ہی بلار وزیر نے اندیشہ کیا
اگر بادشاہ کچھ ارشاد نہ کرے اور دربارہ استکشاف راز کے مبادرت کرون تو یہ حرمت ادب
سے دور ہی اور اگر توقف کرتا ہون تو مراسم اخلاص اور آئین اختصاص کے منافی
ہوتا ہی آخر ایران دخت کے پاس آیا اور رباعی ثنائیہ مؤلف کی پڑھی رباعی
اوڑھے ہی ازل سے تو رداے عفت ٭ دیکھا نہ سُنا تو نے سواے عفت ٭ عفت تیرے
واسطے ہوئی ہی پیدا ٭ مخلوق ہوئی ہی تو براے عفت ٭ اور عرض کیا کہ اے عالی
پر مخفی نہین کہ بندہ نے جس روز سے کہ خدام بارگاہ سپہر احتشام مین شرف انتظام
پایا ہی کوئی راز سرکار مجھسے مخفی نہین رہا ہی اور کسی مشورے مین بادشاہ نے میرے بغیر
عمل نہین فرمایا ہی کل سے دو بار براہمہ کو بلا کے مشورت لی ہی اور آج بھی خلوت
ان سے کر کے متفکر اور رنجور بیٹھا ہی اور تو ملکہ روزگار اور مونس شہریار ہی اور رعیت
لشکر سب تیری عنایت کے امیدوار ہین اور تجھے اکثر امور مین بادشاہ کا ثانی جانتے
ہین مناسب یہ ہی کہ تو شہریار کے پاس جا کے صورت حال دریافت کر کہ اُسکے
تدارک مین ہم سب مشغول ہون ورنہ یہ براہمہ غدر پیشہ بداندیشہ ہین مبادا کہ
خباثت ذاتی سے کوئی فریب کر کے بادشاہ کو اس کام پر تحریص کرین کہ انجام
اسکا حسرت اور ندامت کو کھینچے اور جب کہ یہ بات ہاتھ سے جاتی رہتی ہی تو تاسف
کچھ کام نہین آتا ہی مصرع علاج واقعہ پیش از وقوع باید کرد ٭ ایران دخت
نے جواب دیا کہ چند روز سے مجھ مین اور بادشاہ مین شکر رنجی ہی اس دن سے
کنایہ اور اشارے مین گاہ گاہ کچھ بات ہو جاتی ہی اس لیے مجھے شرم آتی ہی
کہ بادشاہ کی خلوت مین بے طلب چلی جاؤن اور بے محابا استفسار حال

شائع بمعنی ... پرگندہ ... مشہور ... استکشاف ... مبادرت ... احتشام بمعنی ... عفت بمعنی پارسائی ... خداوند خدم و حشم

کردن وزیر نے کہا کہ ای ملکہ جہان اسے ہدیۃ الاحباب کہتے ہین یہ خفگی نہین ہی بلکہ
رسوخ بناے محبت اور موجب ثبات قاعدۂ مودت ہی **بیت لمؤلفہ** آپ کو
ناز چاہیے مجکو نیاز چاہیے ٭ سچ ہی براے دوستی ناز و نیاز چاہیے ٭ اس محل مین
تکلف کو برطرف رکھا چاہیے کہ بادشاہ فکر عظیم اور اندیشہ دور و دراز مین پریشان خاطر
ہی اور خدمتگار ایسے محل مین گستاخی نہین کر سکتے ہین اور بغیر تیری کلید صلاح کے
اور کوئی اس قفل مشکل کا کھول نہین سکتا ہی اور مین نے بارہا یہ بادشاہ سے سنا ہی کہ
جب ایران دخت میرے آگے آتی ہی اگرچہ اندوہگین بھی ہوتا ہون تاہم خوش ہو جاتا
ہون اور اسکے دیدار ہمایون سے میرا غم اور ملال سب دور ہو جاتا ہی اب تو تشریف
لیجا اور دریافت کر اور کافۂ خدام پر منت رکھ ایران دخت بادشاہ کے پاس
آئی اور کہا **بیت** غمت مباد و گزندت مباد و رنج مباد ٭ کہ راحت دل و
آرام جان و دفع غمی ٭ اسکے بعد عرض کیا کہ موجب فکر اور سبب حیرت کا کیا ہی
اگر براہمہ سے کچھ سنا ہی اور وہ لائق بیان کرنے کے ہی تو خدام کو بھی اس سے
مطلع کیجیے تا بموجب اسکے موافقت کر کے شرایط خدمت گذاری سب بجا لائین
بادشاہ نے کہا کہ سوال اس چیز کا نہ کیا چاہیے کہ جواب جسکا مورث رنج و ملال ہو لا تسئلوا
عن اشیاء ان تبد لکم تسؤکم یعنے سوال نہ کرو تم ان چیزون سے اگر ظاہر کی جائین واسطے
تمھارے وہی چیزین تو برا لگین ڈالین تمکو یعنی رنج مین ڈالین تمھین ایران دخت نے
کہا کہ یہ رنج اگر سب متعلقون کی طرف رجوع کرے تو غم نہین ہی کہ سلامتی ذات مبارک
تدارک جمیع آفات کا ہی **مصرع** ہزار جان گرامی فداے جان تو باد ٭ اگر عیاذاً باللہ وہ
فقط نفس نفیس عالی سے متعلق ہی تو اسمین اضطراب فرمانا اور غمناک بیٹھنا نہ چاہیے **مصرع**
مرد ثابت قدم آنست کہ از جا نرود ٭ بلکہ عزیمت مردانہ کے مناسب ہی کہ عزیمت نشان ہی
صبر و ثبات کا کہ عمدہ صفات سلاطین سے ہی اور جزع اور فزع رنج کو زیادہ کرتا ہی اور

بے صبری دشمن کو خوش وقت اور دوست کو رنجور کرتی ہی اور جو حادثہ آدمی پہ آئے
اسمین مضبوط رسی صبر کی ہاتھ مین لے تو آخر کار چہرہ مراد پیش نظر آتا ہی اور بہتر مطالب
کا جبھی ہاتھ آتا ہی کہ حکمہاے الٰہی پر راضی رہے بیت للمولفہ صبر ہی آفات مین لازم
کہ ہو انجام خوب ۔ ہی نہ دنیا مین صبوری کے برابر کام خوب ۔ بادشاہ کے لایق یہ ہی کہ جو
کام کہ حادث ہو طریق اسکی تلافی کا کمال کیاست اور وفور فراست اور نہایت ثبات
اور قایم مزاجی سے کرے کہ وہ امر اسپر مشتبہ اور پوشیدہ نرہے خصوصاً وہ بات کہ
اختیار مین ہو اس مین ثابت قدم رہے اور مضطر نہو بلکہ طبیعت کو خوش رکھے کہ وہ محض
فضل پروردگار پر موقوف ہی پس کریم جو کچھ کہ کرتا ہی خصوص صابرون کے واسطے وہ
بہتر ہی ہوتا ہی اور دوسری خوبی اس امر مین اور ہی کہ انسان اُس مین کسی طرح ملزم نہین
ہوتا ہی اور جسمین کہ کچھ اللہ تعالیٰ نے آدمی کو اختیار بخشا ہی اسمین خطا کا بھی احتمال
ہی اور خطا الزام و ملال کا باعث ہوتی ہی اگر وہ امر ایسا ہی کہ بجز دعا چارہ تدبیر سے
باہر ہی تو سب بندگان شاہی بدل و جان دعاے راحت سلطان مین شبانہ روز مصروف
رہینگے اور اگر قابل تدارک کے ہی تو ان بیتون کے موافق عمل فرمائیے نظم ہم کنج داری
ہم خادم ہم ملک داری ہم حشم ۔ بیرون نہ از خلوت قدم برباب عالم زن علم ۔ رخ جانب
مقصود کن اندوہ را نابود کن ۔ احباب را خوشنود کن بردار از دل بار غم ۔ بادشاہ نے
کہا کہ جو کچھ براہمہ نے کہا ہی اگر ایک حرف اُسمین سے گوش کو مین کہدون تو اطراف
اُسکے مانند طور کے برہم و درہم ہو جائین اور اگر ایک رمز اسکی رہ ذرہ دشمن پہ ظاہر کردن
تو مانند شب تیرہ تار ہو جاے ای ایران دخت تو اُسکی تفتیش مین مبالغہ کرتی ہی مگر سُنے گی
تو تاب نہ لاسکے گی ایران دخت نے پھر مبالغہ کیا بادشاہ نے اُسکے پاس خاطر سے حال ظاہر
کیا کہ مین نے کل رات یہ خواب ہولناک دیکھے ہین اور اسکی تاویل اور تعبیر براہمہ سے
پوچھی تھی ان ملعونون نے یہ تعبیر دی کہ تجھ دلدار اور دونون فرزندان عالی مقدار اور

وزیر صافی ضمیر اور دبیر خوش تحریر اور پیل سفید مردافگن اور دونون پیلبان کوہ پیکر صف شکن اور دونون شتر خارا فرسائے خارکن اور سمند صرصر رفتار کو شمشیر گوہر نگار سے قتل کرے اور پھر اُس شمشیر کو بھی توڑ ڈالنا چاہیے تب اُس خواب کا ضرر دفع ہو ایران دخت نے جب کہ یہ کلام بادشاہ کا سُنا دود اندوہ آتشکدۂ دل سے اٹھا اور روزن دماغ سے باہر نکل گیا نزدیک تھا کہ چشمہ چشم سے قلزم محیط جوش زن ہو لیکن ازبس کیاست اور بردباری مین موصوف تھی دلکو تھاما اور کہا بیت لموئلفہ تو رہے باقی بلا سے گو فنا ہو جائین ہم پسب بلا تیری پڑے ہمپر فدا ہو جائین ہم ٭ بادشاہ کو اس بات سے اندوہگین ہونا نہ چاہیے اگر جانین خانہ زادون کی بادشاہ کی ذات پر فدا نہو نگی تو اور کس کام آئینگی اگر ذات بادشاہ کی باقی ہو تو اولاد اور بھی ہونا ممکن ہو اور خدمتگزار اور اسباب تجمل کے کم ہونے سے کوئی نقصان سلطنت مین نہین آتا ہو اور خدا کرے تو ضرر خواب کا دفع ہو جاے اور بادشاہ کا دل اس رنج سے فارغ ہو مگر اس طائفہ غدار پر اعتماد زنہار نہین چاہیے کہ دشمن دوست نما ہین اور بادشاہ کے نزدیک اگر قتل کرنا اس گروہ کا ضروری ٹھہرے تو بھی بلا تامل اور بغیر خوب سوچے اور سمجھے ایسے امر دشوار مین جلدی نہ فرمائے کہ خونریزی کار دشوار ہو اور جانوران بیگناہ اور نادر الوجود کی اساس حیات کو منہدم کرنا بلاے امان اور گناہ بے پایان ہو اور اگر نعوذ باللہ بے سوچے اور سمجھے خون ناحق جلدی مین ہو جاے تو عذاب ابدی پر دال ہو پھر تاسف اور پشیمانی فائدہ نہ بخشے گی اور حسرت اور افسوس کچھ کام نہ آئیگا اور مرے کو زندہ کرنا دائرہ قدرت بشری سے باہر ہو ان براہمہ کو بھی دوست نہ جانیے اور علماے دین اسپر متفق ہین کہ بدگوہر لئیم پیرایۂ راستی اختیار نہین کرتا ہو اور علم و دولت اُسے زیور وفا سے آراستہ نہین بناتا ہو اگر طوق مرصع کتے کی گردن مین پڑے تا پاکی اسکی متغیر نہو گی اور خوک اگر ہزار بار آب حیات سے شست و شو کرے تو خباثت اسکی طہارت سے تبدیلی نہ پائیگی ایسون کے

علم کے حق مین یہ اشارہ ہی کمثل الحمار یحمل اسفارا اور مولوی معنوی علیہ الرحمۃ فرماتے
ہین **بیت** علم گر بر دل زنی یاری بود ۔ علم گر بر تن زنی ماری بود ۔ اور علم تیغ کے
مانند ہی کہ اس سے ہر کسی کو مار سکتے ہین وہ لوگ کہ پاک طینت اور پاکیزہ سرشت ہین
نفس بد اور شہوت کو اسی شمشیر علم سے قتل کرتے ہین اور وہ کہ بے حمیت اور ناپاک
سیرت ہین خرد اور روح کو کہ انسان اس سے مرتبہ شرف کو پہونچتا ہی اسی تیغ سے ذبح
کرتے ہین اور حوالہ کہ دشمنون کے دفع کے واسطے ہی اس سے دوستون کو آزار پہونچاتے
ہین ایک محقق کامل نے اس معنی مین اشعار موزون کیے ہین **ابیات** بدگہر را علم و فن
آموختن ۔ دادن تیغی بدست راہزن ۔ تیغ دادن در کف زنگی مست ۔ بہ کہ آید علم را
ناکس بدست ۔ حیلہ آموزان جگرہا سوختہ ۔ فعلہا و مکرہا آموختہ ۔ ای شہریاران برہمنون
کی غرض تعبیر سے یہ ہی کہ فرصت انتقام کی فوت ہوا اور بہت سے زخم کہ سیاست سلطانی سے
انکے دل مین موجود ہین چاہتے ہین کہ اس صلاح زہر آمیز سے کہ قانون شفا جسکا نام رکھا
ہی اثر مرہم رکھین یعنی بیلے فرزند کو کہ جو قوت روح اور بجاے ذات شریف کے ہین وہ نظر
سے بادشاہ کی خدانخواستہ اٹھ جائین تا بادشاہ دل شکستہ اور بے ارادہ ہو جاے اُسکے
بعد حکما اور وزرا اور امراے شفیق کہ ارکان دولت اور آبادی ملک اور افزونی خزانے کی
اُنکی کفالت اور کوشش سے متعلق ہی ضائع کرین تا بادشاہ کو سراسیمہ اور مضطر دیکھکے
رعیت دلیر اور لشکری ناامید ہون اسکے بعد اسباب حشم اور خدم اور جہانداری کو مانند
اسپ و پیل اور شتر و شمشیر کے برباد کر دین تو بادشاہ تنہا بے سر و سامان رہجاے جبکہ شہریار
کو دلشکستہ اور تنہا کر پائین تو چند روز مین جو داعیہ کہ سالہاے دراز سے مکنون خاطر
رکھتے ہین اُسے قوت سے فعل مین لائین آج تک کہ مجبوری سے دم نہین مار سکتے ہین جبکہ
امکان قدرت دیکھین آشوب فتنہ برپا کرین اس صورت مین کہ خدا ناکردہ فرزند اور رفیق
اور سامان جہانداری باقی نرہے تو دشمنون کو چارطرف سے برانگیختہ کرین لیکن بادشاہ کو

چاہیے کہ دشمنون کے فریب سے کسی حال مین غفلت نہ کرے نظم دشمن غدار[1] سے ایمن نہو ٭
یار پر آزار سے ایمن نہو ٭ دوستی مین جب وہ قابو پائیگا ٭ تب کمال دشمنی دکھلائیگا ٭
اور باینہمہ اگر قول براہمہ کا بادشاہ کے نزدیک اونٹے ہے تو تاخیر نہ فرمایے اور اگر توقف
مناسب ہے تو ایک تدبیر اور بھی ہے اگر ارشاد ہو عرض کرون بادشاہ نے کہا جو کچھ
کہ تونے بیان کیا میرے بھی اعتقاد مین یہی ہے اور جو کچھ کہتا ہے اسے جلد کہہ ایران دخت
نے عرض کیا کہ اس کام مین مشورہ کاریدون حکیم کا ضرور ہے کہ وہ سالک مسالک
اخلاق طریقت اور محرم اسرار حقیقت ہے اور کوہ خضرا کے گوشہ غار مین منزوی ہے اور
پاس انفاس[2] ایک دم فرد گذاشت نہین کرتا ہے بلکہ شعر پر گو یا کے اسکا عمل ہے شعر
زبان کی بند ہر جانب سے روزن کھل گئے دل کے ٭ نظر کی بند پر وہ اٹھ گیا پس
سد حائل کا ٭ اگرچہ اصل مین ان براہمہ سے نزدیک ہے مگر صدق و صفا اور دیانت
و وفا مین بہت دور ہے مشورہ اس زاہد کا نہایت مناسب ہے بادشاہ کو یہ بات
پسند آئی اور فی الحال سوار ہوکے کاریدون کے پاس آیا اور دیدار حکیم سے کہ مجمع
فیوض[3] نامتناہی کا تھا مستفیض ہوا حکیم بھی شرط تعظیم بجا لایا اور کہا کہ میرا کلبۂ[4] احزان
مقدم[5] شہریار سے منور ہوا لیکن سبب تکلیف فرمانے کا کیا ہے اور تغیر بشرہ مبارک پر
کس باعث سے ہے اور نشان غم کہ ناصیہ ہمایون سے پایا جاتا ہے کون چیز اسکے
باعث ہوئی ہے بادشاہ نے کیفیت خواب اور برہمنون کی تعبیر تفصیل سے بیان کی
کاریدون نے انگشت تعجب وندان تفکر و تاسف سے کاٹی اور کہا کہ بادشاہ نے
غلطی کی جو یہ خواب اس طایفہ غدار سے کہا اور یہ مکار اہلیت اسکی نہین رکھتے
ہین کہ یہ خواب ان سے بیان کیا جاتا جہت یہ ہے کہ نہ عقل رہنما رکھتے ہین اور نہ
دیانت برجا اور بادشاہ کو اس خواب بشارت آمود پر شادی کرنا چاہیے اور
اسکے شکرانے مین صدقات بیکران مستحقون کو دینا لازم ہے اور دلائل سعادت

[1] غدار مشدد غدر بالفتح بیوفائی کرنا
[2] پاس انفاس نگہبانی کرنا دمون کی اور یہ ایک شغل ہے فقیرون اور درویشون مین
[3] فیوض جمع فیض
[4] کلبہ بالضم تنگ خانہ
[5] مقدم بالفتح مصدر میمی بمعنی آمدن

اور شواہد عزت و عظمت تعبیر سے اس خواب کی پیدا اور ہویدا ہین و مبدم اجرائے امور
خواہش کے موافق ہونگے اور ساعت بساعت مہم دولت انتظام پائیگی دوران اور
گردون غلام اور ملک داعی اور فلک بکام رہیگا اور مین اسی وقت تعبیر ہر خواب
کی بہ تفصیل عرض کرکے کیدان بدکارون کا دفع کرتا ہون ع گر بدست تو خدنگ ست
مرا ہم سپر ست ٭ اوّل وہ دوبلا ہی سرخ کہ دم پر کھڑی دیکھی ہین وہ دونون قاصد
ہین کہ بادشاہ سراندیپ کی طرف سے آوینگے اور دو بیل قوی ہیکل اور چار سو رطل یاقوت
رمانی کہ انار اسکے رشک رنگ سے پر خون ہوجاوے اور جرم آتش انکی شعاع کی غیرت
سے نہانخانہ سنگ مین منہ چھپاوے وہ بادشاہ کو پیشکش گذرانینگے اور وہ دو بطین
اور ایک قاز کہ پیچھے سے اڑکے روبرو بادشاہ کے آئی تھین وہ ایک شتر اور دو گھوڑے
ایسے ہونگے کہ رعد خروش برق جوش تیز ہوش سخت کوش کہ بادشاہ دہلی کا بطریق
ہدیہ حضرت کو بھیجے گا اور وہ سانپ کہ بادشاہ کے پاؤن سے لپٹا تھا وہ تلوار ہے ایسی
آبدار کہ روز جنگ اگر خود پر دشمن کے پڑے تو تنگ مرکب سے مانند برق کے گذر جاے
اسی کی طرح مین یہ بیت مولف کی واقع ہے بیت ہے دوست کو تلوار تری نوح کی
کشتی ٭ اور آب عدو کے لیے طوفان کے برابر ٭ وہ بطریق ہدیہ بادشاہ دہلی
پیشکش کرے گا اور وہ خون کہ بادشاہ نے اپنے جسم مبارک کو اس سے آلودہ
دیکھا ہے وہ خلعت ہے ارغوانی رنگ مکلل بجواہر کہ دار السلطنت غزنین سے
بطریق ہدیہ کے خانہ خاص بادشاہ مین آئیگا اور وہ شتر سپید کہ بادشاہ اسپر
سوار تھا سپید ہاتھی ہے کہ سلطان بیجانگر کا بادشاہ کی خدمت مین بھیجے گا اور
بادشاہ اسپر سواری فرمائیگا اور وہ آگ کہ بادشاہ کے سر پر چمکتی تھی وہ تاج
ہے کہ سیلان کا بادشاہ ہدیہ بھیجے گا اور وہ تاج ایسا ہوگا کہ کنگرہ اسکے قصر مینا رنگ
سے برابری کرے گا اور اسکی گوہر فشانی سے ہر مو بادشاہ کے سر کا رشتہ گوہر کے

مانند درخشان ہوگا اور وہ جو مرغ کہ بادشاہ کے سر پر منقار مارتا ہے اور اس مین
تھوڑا سا اندیشہ کراہیت کا ہے لیکن چندان اس مین ضرر نہین غایت اُسکی یہ ہے کہ
چند روز کے واسطے کسی دوست اور یار مہربان پر ناراضی ہوگی اور مآل اُسکا صلاح
اور فلاح پر انجام پائیگا یہ ہے تاویل اور تعبیر بادشاہ کے خواب کی کہ سات بار
رسول بادشاہون کے درگاہ عالی مین حاضر ہوکے ہدیہ گذرانینگے اور بادشاہ
اُن ہدیون سے شاد کام اور تازہ دل ہوگا اور ثبات دولت اور دوام عمر سے
برخورداری پائیگا لیکن لازم یہ ہے کہ شہنشاہ باردیگر ان نااہلون کو اپنا محرم اسرار
نہ کرے اور بے خردون سے کبھی مشورہ نہ فرمائے اور لائق دانشمندی یہ ہے کہ مردم
بیباک ناپاک بدگوہر زشت سیرت کے مشورے سے پرہیز کرنا فرض جانے اور نفس نفیس
کو کہ ہر دم قیمتی ہے مردم سفلہ طبع دون ہمت لئیم مشرب کے سلک مین منسلک نہ کرے
جبکہ اس پیر مبارک نفس مسیحا دم نے بادشاہ کے دل مردہ کو حیات تازہ اور سینہ
پژمردہ کو نشاط بے اندازہ بخشی سجدات شکر ادا کیے اور کہا کہ عنایت یزدانی میری
مددگار تھی کہ اس جناب حکمت مآب مین رہنمونی کی کہ مین بسبب برکت انفاس متبرکہ
کے اس شدائد غم سے رہائی پاکے شاد کام ہوا اور یہ اشعار گویا کے شکر یہ مین پڑھے **بیت**
مین آتش غم سے جل رہا تھا ٭ تن سے مزاجی نکل رہا تھا ٭ بھیجا ہے خدا نے آب رحمت ٭ غم کی
ہوئی برطرف حرارت ٭ صد شکر کہ مل گیا مسیحا ٭ مردے کو کیا ہے زندہ گویا ٭ الحمد للہ دائما وابدا
بعد اسکے بادشاہ بادل شاد مستقر دولت کو آیا اور سات روز کے بعد متواتر رسول ہدیہ
اور تحفہ کے ساتھ جس طرح سے کہ حکیم نے کہا تھا پے درپے آنے لگے ساتوین دن بادشاہ نے
دونون بیٹون اور بلار وزیر اور ایران دخت اور دبیر کو خلوت مین بلایا اور کہا کہ عجب
خطا کی مین نے کہ خواب اپنا دشمنون سے بیان کیا اگر رحمت الٰہی متوجہ میرے حال پر
نہوتی اور ایران دخت راہ تدارک نہ بتاتی تو صلاح ان ملاعین کی مجھے اور آرام میرے

اقربا اور اتباع کو ہلاک کر چکی تھی اور جس سے سعادت غیبی یاری کرے اُسکو چاہیے کہ مشفقون کی نصیحت کو عزیز تر رکھے اور ہر کام مین تامل فرمائے اور احتیاط کو ہاتھ سے نہ دے اور مین نے اسکے خلاف عمل کیا تھا مصرعہ ہر کہ بے تدبیر کارے کرد سامانی نیافت پھر اُسکے بعد فرمایا کہ عزیزون کی خاطر اس واقعہ سے خالی ملال اور کلال سے نہو گی لازم ہے کہ ہدیہ انپر تقسیم کرون خصوصًا ایران دخت کہ وہ اُس حادثے کی تلافی کی باعث ہوئی تھی اور بلار وزیر نے کہ ایران دخت کو اس تدارک کی صلاح بتائی ہے مقدم ہین بلار نے کہا کہ غلام اسواسطے ہوتے ہین کہ حوادث مین اپنے سینے کو سپر بلا کرین یہ کون بڑا کام ہے مصرع ہر کو سر تو دارد پروائے سر ندارد پھر اور خدام کہ ولی نعمت پر اپنی جان نثاری کا دعوے رکھتے ہین اگر ایسے موقع مین وہ توقع بخشش و انعام کی رکھین تو وہ جان نثار نہین ہین مگر ملکہ زمان نے اس حالت مین البتہ بہت سعی کی ہے اگر اس تبرکات مین سے تاج مرصع یا جامہ ارغوانی ان مین سے ایک چیز جو ملکہ پسند کرین اور حضور عنایت فرمائین تو بجا ہے بادشاہ نے حکم کیا کہ اُن دونون چیزون کو حجرہ خاص مین لیجائین اور پیچھے سے بادشاہ بھی مع بلار وزیر اُس حجرہ مین تشریف لایا اور حرم بادشاہ مین سے ایک کنیز بزم افروز نام کہ بادشاہ کی منظور تھی ازبس خوش طلعت کہ خورشید خاوری اُسکی شرم روسے پردہ غربی مین چھپتا تھا بادشاہ اُسکا بہت مائل تھا باوجودیکہ ایران دخت حسن و ملاحت مین فتنہ جہان اور لطافت مین آشوب زمان تھی تو بھی بادشاہ بزم افروز کو اُسکے ساتھ نوبت مین برابری دیتا تھا یعنی ایک شب و روز ایران دخت کے پاس اور ایک شبانہ روز بزم افروز کے ساتھ رہتا تھا بادشاہ نے اُس حجرہ مین دونون کو بلاکے کہا کہ پہلے اسمین سے ایک کو ایران دخت پسند کرے اور وہ باقی دوسرا حصہ بزم افروز کا ہے ایران دخت کو میل تاج کی طرف بہت تھا اُسنے بلار وزیر کی طرف دیکھا یعنے بلار حسب کی طرف اشارہ کردے اُس کو مین لون بلار نے اشارہ طرف جامہ کے

گیا کہ بادشاہ کی نظر بلار کے اشارہ پر جا پڑی ایران دخت نے دل مین کہا کہ اگر
مین جامہ لیتی ہون تو بادشاہ اس اشارے کو دیکھ چکا ہے خدا جانے کیا بدگمانی
کرے اسی واسطے اُس نے تاج اُٹھا لیا اور بلار بھی ڈرا اور اُسنے اپنی آنکھ اسی طرح کہ
جب سے اشارہ کیا تھا کھلی اور کج رکھی تا بادشاہ اشارے پر مطلع نہوا اور اس کے بعد
چالیس برس بادشاہ کی خدمت مین حاضر رہا جب بادشاہ کے پاس آتا تھا آنکھ کو
کج کر لیتا تھا تا بادشاہ کو اس اشارے کی بدگمانی نرہے اگر دونون نے یہ دانشمندی
نہ کی ہوتی تو اُن دونون کی جان مقرر برباد جاتی **بیت** ہر کس کہ مدار کار بر عقل
نہاد بے شبہہ شد از بند بلا ہا آزاد جب کہ ایران دخت نے تاج سے سرفرازی
پائی اور بزم افروز کی بھی خلعت ارغوانی سے عزت افزائی ہوئی اُس کے بعد بادشاہ
ایک شب براحت بزم افروز سے ایک شب ایران دخت سے بسر کرتا تھا ایک دن کہ
نوبت ایران دخت کی تھی بادشاہ معمول کے موافق ایران دخت کے حجرے مین
آیا اور ایران دخت باروے عالم افروز اور زلف آویز دل تاج مرصع سر پر اور
کاسہ زرین پر از شیر و شکر ہاتھ مین لیے ہوے بادشاہ کے آگے کھڑی تھی اور
بادشاہ اس کاسہ سے جرعہ نوشی فرماتا تھا اور نظارہ جمال ایران دخت سے دیدۂ دل
خوش کر رہا تھا اُسی حالت مین بزم افروز بھی جامہ ارغوانی پہنے ہوے سامنے سے
گذری بادشاہ نے جب کہ اُس کے عذار شگفتہ اور رخسار ماہ دو ہفتہ پر نگاہ کی کھانے
سے ہاتھ کھینچا اور یہان تک شوق نے غلبہ کیا کہ بے تحاشا بزم افروز کی طرف متوجہ ہوا
اور ایران دخت سے بطور مطائبہ کے کہا کہ یہ تاج بزم افروز کے سر کے لایق تھا کہ تو نے
اُٹھا لیا ایران دخت مارے غیرت کے بیخود ہو گئی اور وہی کاسہ شیر بادشاہ کے سر پر
ڈال دیا کہ داڑھی اور بدن بادشاہ کا آلودہ ہو گیا اور وہ تعبیر کہ حکیم نے کہی تھی ظہور
اُسکا متحقق ہو گیا یعنی بادشاہ آتش غضب سے شعلہ بن گیا اور بلار وزیر کو بلا کے یہ

غدار با الکم خطر ریش از ... دو جانبہ ۱۲ ...
... بہ سبب ... تا ... کردن ... 12

احوال بیان کیا اور کہا کہ اس گیسو بریدہ نادان کو میرے آگے سے لیجائے گردن مارنا مخلوق جانے کہ جو بادشاہ سے بے ادبی کرتا ہی اُسکی یہ سزا ہوتی ہی اور مین اس حکم سے ہرگز نہ پھرونگا ناچار بلار ملکہ کو باہر لایا اور اپنے دل مین کہا کہ اس کام مین متابعت بادشاہ کی نہ چاہیے کہ یہ عورت فصاحت و بلاغت مین بے مثل اور کیاست اور فصاحت مین بے بدل ہی اور بادشاہ بغیر دیدار کے صبر نہ کر سکے گا اور اسکی نفس پاک اور راے روشن کی برکت سے کتنے لوگ ورطہ ہلاکت سے بچے ہین ایسے کام مین ایسی شتابکاری مناسب نہین ہی بہتر یہ ہی کہ تامل کرون ایسا نہو کہ سوال کے وقت جواب سے منفعل ہون بہرکیف دو تین دن ٹھہرنا مناسب ہی اگر بادشاہ اس حکم سے پشیمانی کھینچے تو حیات اُسکی اولی ہی اور اگر اسکے قتل پر اصرار اور مبالغہ کرے تو قتل اسکا بھی دشوار نہوگا مجھے اُس تاخیر مین فائدہ کلی موجود ہین اول یہ کہ قایم رہنا ایک شخص کی ذات کا دوسرے رضا مندی بادشاہ کی کہ اگر اسکے قتل سے نادم ہوا اور اُسے زندہ پاے تو کتنا خوش ہو تیسرے اس بات کا احسان تمام سلطنت پر ہی کہ ملکہ نے فرزند اور اقربا اور ارکان دولت بادشاہی قتل سے بچا لیے ہین یہ احسان سب کو شامل ہی اسکے بعد ایران دخت کو اُن محرمون کے ساتھ کہ بادشاہ کی طرف سے حرم سرا مین خدمت کرتی تھین ایک مکان محفوظ مین چھپا کے رکھا اور مبالغہ کیا کہ ملکہ کی تعظیم اور تکریم مین کوئی دقیقہ فروگذاشت نہ کرین اور آب شمشیر خون آلودہ ہاتھ مین لے کے اور غمگین صورت بنا کے بادشاہ کے روبرو آیا اور کہا کہ مین حکم بادشاہ کا بجا لایا اور اُس بے ادب کو سزا کو پہونچایا بادشاہ کی صولت غضب اسوقت کہ فی الجملہ کم ہوئی تھی سُنتے ہی اس بات کے اُسکے جمال باکمال اور حسن و عقل اور صلاح کو جو یاد کیا بہت رنجور ہوا اور اخر ندامت کا ہر چند چاہتا تھا کہ چہرہ پر ظاہر نہو تو بہتر ہی مگر اپنے دل مین آپ کو ملامت کرنا شروع کیا کہ یہ کیا کیا مین نے کہ حلم اور تامل کو برطرف کیا اور اپنی محبوب دلنواز کو تھوڑی سی خطا پہ کہ حق بجانب اس کے تھا تلف کیا

لازم تھا کہ ایسا حکم نہ کرتا اور آب حلم سے آتش خشم کو بجھاتا جب وزیر نے علامت ندامت
کی بادشاہ کے چہرہ پر مشاہدہ کی کہا کہ بادشاہ کو غمناک نہونا چاہیے کہ تیر شست سے
نکلا ہوا پھر نہین آتا اور مردہ زندہ نہین ہوتا ہی اندوہ بیفائدہ کرنا جسم کو نزار اور دلکو
بے قرار کرتا ہی اور حاصل اس سے دوستون کی اذیت اور دشمنون کی راحت کے سوا
اور کچھ نہین ہوتا اور جو کوئی سُنے گا کہ بادشاہ نے ایسا حکم فرمایا اور اُسکے بعد پشیمان ہوا
تو وقار اور ثبات بادشاہی مین بدگمانی کریگا لازم تو یہ تھا کہ بادشاہ اس قضیے مین
ملائمت فرماتا اور سختی اور خشونت سے منحرف رہتا تو آج ندامت پیش نہ آتی اگر بادشاہ
فرمائے تو مین قصہ بادشاہ یمن کا عرض کرون بادشاہ نے فرمایا کہ بیان کر **حکایت**

حکایت بادشاہ یمن

وزیر نے عرض کیا کہ ملک یمن مین ایک بادشاہ تھا راے پیر اور بخت جوان رکھتا تھا
دیدہ گردون نے اس سرعت گردش پر مدت سیاحت مین ایسا آفتاب آسمان سلطنت پر
نہ دیکھا تھا اور گوش روزگار نے صفت جہانداری مین ایسا جہاندار نہ سنا تھا **ابیات**
بزم مین تھا روے تابان آفتاب ٭ رزم مین دشمن کو تھا تیر شہاب ٭ داد دہ سے رام تھا
سارا جہان ٭ شاکر انعام تھا سارا جہان ٭ اور یہ بادشاہ شکار دوست بھی تھا ایک دن
شکارگاہ مین مرکب اپنا چپ و راست دوڑایا اور نظر تامل سے ہر جانب دیکھا مگر وحوش و طیور
سے کوئی صید نظر نہ آیا ایک جگہہ استادہ ہوکر متحیر ہر طرف نگران تھا قضارا ایک خارکش
پوست آہو کا نہایت اخلاص سے اوڑھے ہوے اس بیابان مین خارکشی سے تعب اُٹھاکے
ایک پتھر کو تکیہ کیے ہوے بیٹھا تھا بادشاہ دور سے سمجھا کہ یہ آہو ہی ایک خدنگ دل شگاف
اُسپر مارا **ابیات** شعلۂ تیرے کہ در آورد غرق ٭ جست بران سوختہ خرمن چو برق ٭
فتنہ محابائے بلائے نکرد ٭ کرد خطائے و خطائے نکرد ٭ القصہ بادشاہ نے جب کہ تیر مارا
اور اسکے نزدیک پہونچا اُس کو با سینۂ مجروح اور تن پرخون دیکھا سخت غمناک ہوا اور
ناخن ملامت سے چہرہ ندامت نوچا اور اس جلدی کرنے سے ہزار خجالت اور

حسرت کرتا تھا لیکن خارکش زندہ تھا بادشاہ نے اُس سے عذر بہت کیا اور مرہم پٹی کے واسطے ہزار دینار زر سرخ اُسے عطا کیے اور گھر تک پہونچا دیا اور عنان اتصال طرف دارالسلطنت کے پھیری اور ایک زاہد کے صومعہ مین آیا کہ وہ عفت اور عبادت مین اس شہر مین مشہور تھا اور یہ استدعا کی کہ ایسی نصیحت مجھے فرما کہ دنیا مین باعث مزید جاہ اور آخرت مین شفیع گناہ ہو زاہد نے بطریق کشف کرامات کے کہا کہ اے بادشاہ وہ خصلت کہ دولت دُنیا اور سعادت عقبیٰ کو جامع ہو یہ ہی کہ غلبہ غضب کے وقت غصے کو فرو کرے اور کسی امر مین جلدی نہ کرے اور جو کام کرے سو حلم اور تامل کے ساتھ کرے ابیات

کسی کو بر فروزد آتش خشم	مدارا از وے طریق مردمی چشم
غضب چون نفس توسن را کند گرم	عنانش در کش آنجا تا شو و نرم

بادشاہ نے کہا جانتا ہون کہ چاشنی شربت زہر آمیز بردباری کام عقل مین ذائقہ تمام رکھتی ہی لیکن غصے کے وقت اپنے نفس پر حاکم نہین ہو سکتا ہون اور جس وقت کہ آتش غضب مشتعل ہوتی ہی فرو کرنے پر قادر نہین ہوتا ہون زاہد نے فرمایا کہ مین تین رقعہ لکھے دیتا ہون تو ایک معتمد خاص با اخلاص حاضر باش کو سپرد کر اور کہدے کہ جب غصے کی علامت تیری پیشانی پر مشاہدہ کرے انمین سے ایک رقعہ تجھے دکھا دے یقین ہی کہ تیرے نفس کو تسکین ہو جاوے اور اگر اُسپر بھی آتش غضب منطفی نہو تو دوسرا رقعہ دکھا دے اور اگر اُسپر بھی نفس سرکش رام نہو تو تیسرا پیش کرے امید خدا سے ہی کہ غصہ تیرا شفقت اور ملائمت سے مبدل ہو جائے بادشاہ اس بات سے خوش ہوا اور زاہد نے تین رقعہ لکھے ایک ملازم معتمد شاہی کو سپرد کیے مضمون اس پہلے کا یہ تھا کہ اقتدار کے وقت باگ اختیار کی نفس امارہ کے قبضے مین نہ دے

کہ تجھے ورطۂ ہلاکت ابدی مین ڈالے گا اور دوسرے رقعہ کا مضمون یہ تھا کہ غصے
کے وقت زیردستون پر رحم کیا کر تا جزا کے وقت وہ بادشاہ کہ جو تجھ سے بھی زبردست
ہی مہربانی فرمائے بلکہ مضمون حدیث شریف کا یاد رکھ کہ ارحم ترحم یعنی رحم کر کہ تجھپر
بھی کیا جاے اور خلاصہ تیسرے رقعہ کا یہ ہی کہ حکم کرنے مین حد شرع سے تجاوز نہ کر
اور کسی حال مین انصاف سے نہ گذر نظم اگرچہ وہی ہی خدانے تجھے جہانداری + مگر نہ
کیجیو زنہار مردم آزاری + نہ ناز کر جو ہی مانند برق خندہ بہ لب + کرے نہ ابر کے مانند
گریۂ وزاری + سمجھ لے عاریتی کارخانۂ عالم + اگر تو دانش و فرہنگ سے نہین عاری
بادشاہ زاہد سے رخصت ہوکے اپنے مکان مین آیا اور ہمیشہ علم کو دوست رکھتا
تھا اور غصے کے وقت تینون رقعے اُسے دکھا دیتے تھے اسی واسطے لقب اس بادشاہ
کا ذوالرقاع یعنی صاحب رقعون کا تھا اور انھین رقعون کے باعث سے ساتھ
اس لفظ کے ملقب ہوا تھا اور ایک بادشاہ کی کنیز تھی نہایت خوبرو اور پاکیزہ
خوشرو سرو قد ماہ خد یا قوت لب سیمین غبغب کبک رفتار طوطی گفتار بیت ماہ روئی
مشک بوے دل کشی + جان فزاے دل فریبے مہوشے + نرگس بیمار فریفتہ اُسکی چشم مخمور
کی تھی اور دل عقیق یمانی اُسکے رشک لعل شکر بار سے پر خون تھا اور خوبرویان خطا ختا
اُسکی چین زلف مین اسیر اور عشوہ فروشان کشمیر خواہش سلسلۂ جعد پر تاب مین پا
بہ زنجیر تھے بیت دیکھے گر خورشید رخ کو غش کرے + ماہ جو دیکھے جبین عش عش کرے +
اور جمال حال اُسکا پاکدامنی سے مشین اور حجلۂ زیور عفت اور پارسائی سے مزین
تھا بادشاہ کا دل اُسکی شمایل پر اس درجہ مائل تھا کہ ملکہ حرم خاص اور سب
خواصان با اختصاص سے کنارہ کرتا تھا اور عروس بادشاہ کی ہمیشہ غیرت حسرت
سے خوناب روتی تھی اور واسطے اُسکے دفع کے ہزارون حیلے اُٹھاتی تھی القصہ
ایک دن اپنا غم و غصہ مشاطہ حرم سرا سے ظاہر کیا اور قتل بادشاہ

حکایت نمبر ۱ خاتم ملک شہر ہرات از زمانہ ملک عین و پیغام نوشیروان
حکایت نمبر ۲ بعض بادشاہ غزنین در باب پیشواز حاجبان
حکایت نمبر ۳ نصیحت منجم باوشاہ اسلام شکست و جنگ مدارس

اور دفع کنیز کے لیے مددگاری چاہی مشاطہ نے کہا تو جانتا تھا کہ بادشاہ اُسکے کون سے
عضو پر زیادہ راغب ہی ملک نے کہا کہ بیشتر مین نے دیکھا ہی کہ بادشاہ اسکے سیب
غبغب پر منھ رکھ کے بوسے لیتا ہی اور اس حال مین یہ شعر گویا کہ پڑھتا ہی بیت
سیب جنت ہوگیا آنکھون مین اندرائن کا پھل ٭ تھا مین جب تجکو وہ سیب ذقن
یاد آگیا ٭ مشاطہ نے کہا کہ طریق آسان میرے اختیار مین ہی کہ بادشاہ جلد تر اُس سے
ہلاک ہوجائیگا وہ یہ ہی کہ تدرے زہر ہلاہل مجکو دے کہ نیل مین اُسکو ملا کے
اور حجرے مین کنیز کے جا کے ایک خال اُس نیل سے اُسکے سیب ذقن پر بنا دون
جب کہ بادشاہ حالت مستی مین اُسپر منھ رکھیگا فی الفور ہلاک ہوجائیگا اور تو
اس رنج سے فراغت پائیگی خاتون اس بات سے خوش ہوئی اور زہر ہلاہل
اُسے منگا دیا مشاطہ نے اسی طرح کیا ذکر جسکا ہوچکا نیل کو ملا کے کنیز کے پاس گئی اور
حالت آرایش مین اپنی سیاہ کاری سے خال اُس کے ذقن پر بنا آئی بادشاہ کا
ایک غلام تھا کہ حرم سرا مین محرمیت رکھتا تھا قضارا پس پردہ خاتون اور مشاطہ
کے کلام کو سنتا تھا اور مشاطہ کا جانا کنیز کے پاس اور اسکے زنخدان پر خال کا
بنانا دیکھا وا غیرہ وفاداری اور حق گذاری اُسے اسپر لایا کہ کنیز اور بادشاہ کو اس
حال سے خبر دے لیکن کسی طرح فرصت نہ پائی اور ان تک پہنچ نہ سکا آخر بادشاہ
بستر کنیز پر حالت مستی مین سوگیا غلام پر شفقت حق شناسی غالب آئی آہستہ آہستہ
سرہانے کنیز کے آکر گوشہ آستین سے اثر نیل کا اُسکے ذقن سے پاک کرنے لگا کہ
اسی حالت مین بادشاہ بیدار ہوا دیکھا کہ غلام نے ہاتھ زنخدان کنیز پر دراز کیا ہی
حرارت غیرت بادشاہ کو غضب پر لائی اور تلوار لے کے غلام کے مارنے کا قصد کیا
غلام خلوت سے باہر بھاگا بادشاہ اُسکے پیچھے تلوار کھینچ کے نکل آیا وہی معتمد خاص دروازہ پر
کھڑا تھا جب کہ بادشاہ کو غضب ناک دیکھا ایک رقعہ بادشاہ کو دکھایا اور پائے خشم

بادشاہ موج زنی سے موقوف نہوا دوسرا رقعہ دکھایا اُسپر بھی آتش قہر نے تسکین نپائی تیسرا رقعہ دکھایا تب بادشاہ کو نہ ہوش مین آیا اور شربت ناگوار غضب کے گھونٹ پینے لگا جب کہ اُسکے غضب سے تسکین ہوئی غلام کو بُلایا کہا کہ یہ بے ادبی کس راہ سے تو نے کی سچ بیان کر غلام نے حال موبمو بیان کیا بادشاہ نے ملکہ کو بُلایا اور اُس کی تفتیش مین مبالغہ کیا ملکہ نے انکار کیا اور کہا کہ غلام جھوٹ کہتا ہی مین نے بارہا دیکھا ہی کہ یہ شاہچہ بدکار اُس کنیز سے اہل فعال کے مانند اکثر کام کیا کرتا تھا اور مین شرم کے مارے اور اس اندیشے سے اُسکے ظاہر کرنے مین جرأت نکرتی تھی کہ گمان ہوگا کہ یہ رشک کے سبب سے تہمت کرتی ہی الحمد للہ کہ بادشاہ نے اپنی آنکھ سے دیکھ لیا اب اس حضور کے قتل کرنے مین توقف کرنا سیاست سلطانی کو زیان رکھتا ہی اور غضب جبکہ موقع پر واقع ہو تو وہ مراتب حلم سے بہتر ہی بیت غمازکنہ بہر سخن شاید چو در گریبان نہی ہر تنگ آئینہ بادشاہ نے غلام کی طرف دیکھا غلام نے عرض کیا کہ اے بادشاہ کامران اور باعث امان زمان ممکن ہی کہ اب تک بقیہ اُس نیل کا مشاطہ کی ڈبیا مین ہو اگر اپنے حضور بادشاہ اُسے طلب فرماے تو یہ شبہہ زائل ہوجاے بادشاہ نے اُسی دم مشاطہ کو مع ڈبیا کے طلب کیا اور قدرے نیل کہ اُسمین باقی تھا اُسمین سے ایک کتے کو تھوڑا سا کھلایا پس اُدھر کھانا اور ادھر مرنا اُسکا جب کہ حقیقت حال بادشاہ پر منکشف ہوئی ملکہ کو قید اور مشاطہ کو قتل اور غلام کو آزاد کیا اور سرداری ایک مملکت کی اُس غلام کے سپرد کی اور اس بادشاہ نے جو حلم کیا تو مضرت مشاطہ سے بچ رہا اور برکت بردباری سے اُسکی سیہ کاری نے کچھ ضرر نہ پہونچایا اور اتنا بڑا بھید اُسپر ظاہر ہوگیا اور دوست اور دشمن کھل گئے اور یہ نقل اس واسطے عرض کی مین نے کہ بادشاہون کو کسی کام مین تعجیل نہ چاہیے کیونکہ نظم مولفہ حکم سلطان بہنگ آتش ور آب چو در ہم نہین کردے خراب

عالم کو ﴿ حکم مین منشہ اضطراب کرے ﴿ کہ ہوا اضطراب عالم کو ﴿ بادشاہ نے کہا
کہ مجھسے واقعی اس حکم مین غصے کے سبب سے خطا ہوئی بارے تجھے ازراہ خیرخواہی
یہ لازم تھا کہ اُسے بچا رکھتا بلکہ یہ بات تجھسے بہت تعجب کی ہوئی کہ ایسے شخص بے نظیر
کو ایک ہی حکم مین ہلاک کیا اور نہ آپ تامل کیا اور نہ مجھے کچھ کہا وزیر نے عرض کیا کہ
بادشاہ کو ایک عورت کے واسطے اتنی فکر نہ کرنا چاہیے اور لوگ کہ حرم سرائے بادشاہی
مین ہین اُنکی صحبت سے باز رہے **بیت** گر سرو برفت نارون ہست ﴿ ور لالہ نماند
یاسمن ہست ﴿ بادشاہ کو مضمون کلام وزیر سے ایسا مفہوم ہوا کہ ایران دخت
مقرر قتل ہو گئی آہ سرد دل پر درد سے بھر لایا اور گرداب اندوہ مین زیادہ مبتلا ہوا
اور یہ اشعار مؤلف مکرر پڑھتا تھا **ابیات** بھلا ہو خاک میری زیست جب جدا
ہو جائے ﴿ انیس جان و دل آرام نکتہ دان افسوس ﴿ ملایا خاک مین اُس رشک
ماہ تابان کو ﴿ زمین پہ گر نہ پڑا کیون یہ آسمان افسوس ﴿ اور یہ کہتا تھا کہ صد افسوس ہے
کہ وہ رونق گلزار کے مانند تھوڑی سی زندگانی رکھتی تھی اور دریغ ہے کہ وہ نہال ریاض
کامرانی آفت خزان سے جلدی بے برگ و بو ہو گیا پھر منہ طرف وزیر کے کیا اور کہا
کہ مین سخت اندوہناک ہون ایران دخت کی ہلاکت سے وزیر نے کہا کہ تین شخص ہمیشہ
اندوہ غم اور رنج مین بند رہتے ہین ایک وہ کہ بدکاری پر ہمیشہ مصروف رہے دوسرے
وہ کہ بحالت قدرت مین نیک کاری اختیار نہ کرے اور تیسرے وہ کہ بغیر خوب سمجھے کام
کرے اور انجام پر نگاہ نہ کرے تو ضرور ندامت کھینچے گا بادشاہ نے کہا کہ اے بلار تو نے
خون ایران دخت مین کیون توقف نہ کیا بس تیری فہمید باطل نے اُسے ہلاک کیا
وزیر نے عرض کیا کہ تین شخص کی فہمید باطل ہے ایک وہ کہ جامہ سپید سے شبہ کرے کہ کپڑے
میرے سپید رہینگے دوسرے گازر کہ لباس مکلف پہن کے پانی مین کھڑا ہو کے کپڑے دھووے
اور تیسرے جو سوداگر کہ زن خوبصورت پاوے اور اُسے وطن مین تنہا چھوڑ کے سفر دور دست

اختیار کرے اور مین نے خون مین ملک کے سعی نہین کی ہو بلکہ فرمان بادشاہ کا بجالایا ہون اس بات مین میری طرف ملامت عائد نہین ہوتی ہو وہ شخص کہ اُسکے نظر عواقب امور مین محیط نہوا اور ایسے موقع پر رائے روشن سے ملاحظہ نہ کرے اور فکر صائب سے تدبیر نہ فرمائے اسکا یہی حال ہوتا ہو بیت مثال شاہ بالیستی کہ از روے خرد بودے ٭ و راز روے خرد بودے چنین بار و ے ننمودے ٭ بادشاہ نے کہا کہ اس بات سے درگذر اور اسکی فکر کر کہ جسکے فراق نے مجھے اندوہگین کر رکھا ہو وزیر نے کہا کہ دست تدارک کا اس کام کے دامن تک نہ پہونچے گا اور اس قضیے مین پشیمانی کچھ فائدہ نہ کرے گی اور ایسے موقع مین جو کوئی کہ خوض کرے اور وہ کام کہ ندامت اُسمین نفع دے اُسپر عمل کرے اُسے وہ پہونچتا ہو کہ جو اُس کبوتر کو پہونچا بادشاہ نے پوچھا کہ یہ قصہ کیونکر تھا

حکایت کہاکتے ہین کہ ایک کبوتر کے جوڑے نے اول تابستان مین کچھ دانے زمستان کے واسطے ذخیرہ کیے تھے اور وہ دانے اندر کے نمی رکھتے تھے جبکہ گرمی آخر ہوئی اور وہ دانے سب خشک ہوگئے جو کہ اول مین زیادہ نظر آتے تھے اب کم نظر آنے لگے اور کبوتر اس عرصے مین غائب تھا جب آشیانے مین پھر آیا اور اُن دانون کو تھوڑا پایا اپنی مادہ کو ملامت کیا اور کہا کہ یہ دانے ہمنے قوت زمستان کے واسطے فراہم کیے تھے جب کہ شدت مین برف باری کے سبب سے صحرا مین دانہ نہ رہے گا تو ہم اس سے اپنی اوقات گذاری کرینگے اس وقت کہ کوہ و دشت مین دانہ بہت ہو تو نے کس واسطے اس ذخیرہ کو کھا ڈالا اور طریق احتیاط کو ملحوظ نہ رکھا کیا تو نے یہ بیت نہین سُنی تھی کہ کہا ہو بیت کنون کہ برگ و نوائیت ہست جہد کن ٭ ذخیرۂ بنہ از بہر بینوائی خویش ٭ مادہ نے جواب دیا کہ مین نے ان دانون مین سے ایک دانہ بھی نہین کھایا ہو کبوتر جو دانہ کو کم دیکھتا تھا باور نہ کرتا اور اُسے مارتا تھا آخر کار وہ تنگ ہوکر چلی گئی جب فصل جاڑون کی آئی اور برف باری ہونے لگی اور

حکایت کبوتر

رطوبت در و دیوار مین ظاہر ہوئی اور دانے کم ہوکے پھر زیادہ نظر آنے لگے
اُسوقت کبوتر سمجھا کہ سبب دانون کے کم ہونے کا گرمی اور خشکی تھی کبوتری نے
نہین کھائے تھے بعد اسکے پشیمان ہوکر گریہ و زاری کرتا تھا اور کہتا تھا کہ جدائی دوست
کی بہت سخت چیز ہو فائدہ اس نقل سے یہ ہو کہ مرد عاقل کام مین شتابی نہ کرے
تا مانند کبوتر کے سوز جدائی مین مبتلا ہو بادشاہ نے کہا اگر مین نے قول مین جلدی کی
تو نے فعل مین جلدی کی اور مجھے اس رنج مین ڈالا یہ کہا اور شعر مولف کا پڑھا
بیت تنگ ایسا غم فرقت سے ہون لبس ڈوب ہی مرتا ۔ جا دیتی قضا گر گھاٹ
مجکو تیغ قاتل کا ۔ وزیر نے کہا کہ تین شخص ایسے ہین جو اپنے آپ کو رنج مین ڈالتے ہین ایک
وہ کہ لڑائی مین اپنی ذات سے غافل رہے اور چپ و راست کی خبر نہ رکھے آخر
زخم کاری اُٹھاتا ہو دوسرے وہ کہ وارث نہین رکھتا ہو اور مال حرام کا جمع کرتا ہو
وہ مال تاراج حوادث سے برباد ہوتا ہو رنج اور وبال اُسکا اُسکی گردن پر علی الدوام
باقی رہتا ہو تیسرے پیر مرد کہ عورت نوجوان نابکار کو نکاح مین لاتا ہو اور اُسپر فریفتہ
ہوتا ہو اور وہ عورت ہر روز اُسکی موت خدا سے مانگتی ہو بادشاہ نے کہا کہ اس امر مین نافہمی
تیری بہت ثابت ہوتی ہو وزیر نے کہا کہ نافہمی دو قسم کے لوگون کی حرکات اور سکنات سے
ظاہر ہوتی ہو ایک وہ کہ اپنا مال دوسرے کے پاس امانت رکھتے ہین اور امتحان اُسکی دیانت
کا پہلے نہین کر لیتے ہین دوسرے وہ کہ اپنے قضیے مین کسی احمق کو حکم اور وکیل کرتے ہین اور
مین نے اس کام مین نافہمی نہین کی ہو نہایت یہ ہو کہ متابعت حکم بادشاہ مین دیر نہین کی
ہو بادشاہ نے کہا کہ مجھے ایران دخت کا بہت رنج ہو وزیر نے کہا کہ پانچ عورتون کے واسطے
غم کرنا روا ہو ایک وہ کہ اصل کریم اور ذات شریف اور جمال زیبا اور عفت کامل رکھتی ہو
دوسرے وہ کہ دانا اور بردبار اور مخلص اور نیک دل اور خیرخواہ ہو تیسرے وہ کہ ہر کام مین
نصیحت کرے اور خفگی کے وقت بھی مشفق اور شفیق اور انیس ہو چوتھے وہ کہ نیک و بد

اور خیر و شر مین موافقت اور متابعت کو شعار اپنا کرے پانچوین وہ کہ خجستہ فال اور
مبارک نفس اور اپنے شوہر کے حق مین نیک قدم ہو اور ایران دخت ان سب صفتون
سے آراستہ تھی غم کرنا اُسکے واسطے سچا ہی اور بادشاہ اُسکے واسطے جتنا اظہار ملال کرے
لائق ہی کیونکہ جب یار وفادار نہ ہو عمر سے لذت ہی اور نہ زندگانی سے راحت بادشاہ نے کہا
کہ اے بلار تو گفتگو مین دلیری اور ہر کنایہ مین حد ادب سے تجاوز کرتا ہی مین ایسا
دیکھتا ہون کہ تجھسے دوری کرنا لازم تھا وزیر نے کہا کہ دو شخصون سے دوری بہتر ہی ایک
وہ کہ نیکی اور بدی اُسکے نزدیک یکسان ہو اور ثواب اور عذاب اور شکر گزاری کو
نابود سمجھتا ہو دوسرے وہ شخص کہ ظاہر کو باطن سے اور باطن کو مناہی سے پاک نرکھے
بادشاہ نے کہا کہ مین تیری آنکھون مین حقیر نظر آتا ہون کہ ایسے بے ادبی کے کلام کرتا
ہی وزیر نے کہا تین گروہ بزرگون کی آنکھون مین ہمیشہ حقیر نظر آتے ہین اول بندہ گستاخ
کہ ہمیشہ آقا کے ساتھ ہمنشین ہو اور خواجہ بھی گاہ گاہ اُس سے ہزل کہے اور مزاح دوست
بھی ہو دوسرے مرد خائن کہ خواجہ کے مال کی مختاری پائے اور اس مال مین خیانت
کثیر کرے کہ چند مدت مین آقا سے بھی زیادہ مالدار ہو جائے اور اس مال پر نازش کرے
اور آقا سے آپ کو بہتر جانے تیسرے وہ بندہ کہ بغیر استحقاق کے محل اعتماد آقا کا ہو جاے
اور خواجہ کے اسرار پر مطلع ہو کر حد سے زیادہ تجاوز کرے بادشاہ نے کہا کہ تو نا آزمودہ
بہتر تھا اور مین نے تجھے آزمایا بُرا کیا وزیر نے جواب دیا کہ آٹھ شخصون کو آزمانا چاہیے
مگر آٹھ جگہ پر آزمائے تو مضائقہ نہین ہی ایک یہ کہ مرد شجاع کو جنگ مین اور
مزارع کو زراعت مین اور بزرگون اور رئیسون کو وقت غضب کے اور
سوداگرون کو وقت حساب کے اور صاحب دولت کو وقت حاجت کے اور
مرد اصیل اور اشراف کو وقت نکبت کے اور زاہد کو کوشش ثواب آخرت مین
اور حاکم کو تقریر اور مباحثہ کے وقت غرض بادشاہ کلام لیئت سے جتنا پیش آتا

جمع منفی با لفتح (مرد نامی)
ورد و آزار (بیغیر)
مین جمع ہو ورنگ
مدبر عتاب
نکالت خار
باکس متروک (مرد)
مدبر ادب
مکبہ مسکنت (با کسر)
خوار

وزیر جواب اُسکا تیغ آبدار سے تیز تر دیتا تھا اور حدت جواب اُسکی کی مانند شمشیر تیز کے
گلوے شاہ پر اترتی تھی اور بادشاہ حلم اور تحمل کرکے اسکو شربت ناگوار کے مانند نوش
فرماتا تھا ۔ رباعی ۔ تحمل کند ہر کرا عقل ہست ۔ چو عقلش نباشد کند زیر دست ۔ تحمل چو زہر
نماید نخست ۔ ولے شہد گردد چو در طبع رست ۔ جب کہ وزیر نے دیکھا کہ بے ادبی میری اور تحمل
بادشاہ کا حد سے درگذرا اسکے بعد وزیر نے زبان ثنا کھولی اور کہا کہ سایہ دولت ظل اللہ
مفارق اہل عالم پر پاینده رہے اور آفتاب اُبہت اوج شرف اور ذروہ عظمت سے
تابندہ ہیں کہ طریقہ بے ادبی میں جرأت کرتا تھا سبب امتحان ذات ستودہ صفات
کے واسطے اور عالی ہمتی کی تصدیق کے لیے اقدام کرتا تھا مراد میری یہ تھی تا ایسے موقع
میں کہ ایسا اتفاق کمتر ہوتا ہی مبلغ حلم اور بردباری اور درگذر شاہنشاہی کو بکلی
دریافت کرون ورنہ کیا طاقت کہ غلام ناچیز حرف بے ادبی کا تاجدار عالم سے زبان
پر لاتا بارے الحمد للہ اگر خرد چراغ دانش ہاتھ میں لیکے شبیہ شہریار کو ڈھونڈھے
تو زنہار اس عالم میں نہ دیکھے سبحان اللہ کیا ذات ہی حلم اور تمکنت سے آراستہ اور
کیا نفس نفیس ہی تربیت صبر و وقار سے پیراستہ بزرگی ایسی ہی ذات بابرکات
کے واسطے زیبا ہی اور بزرگواری تاجداری ایسی ہی ذات قدسی صفات کے لیے سزاوار
ہی بادشاہ نے کہا کہ اے ہوشیار تو خوب جانتا ہی کہ میں نے بناے سلطنت مرحمت اور راحت
پر رکھی ہی اور بنیاد شہریاری شفقت و کم آزاری پر قائم کی ہی اور کبھی اُس گروہ
کی تادیب کے واسطے کہ ازراہ نخوت غرور اختیار کرتے ہیں اور مقام معارضہ اور
موازنے میں قدم رکھتے ہیں کوئی اشارت بہ مصلحت کر دیتا ہوں کہ وہ آداب
جہانداری اور تمہید قواعد شہریاری کے واسطے ضرور اور لازم ہوتی ہی ورنہ
دریاے ہمت ہمارا ایسی باتوں پہ موج خشم کو کب اٹھنے دیتا ہی ۔ ع

میں نہیں خاک ہوا خوار کرے جو در در	میں نہیں آگ جو پانی سے کبھی ہو بیخ ضرر

نہین سیماب جو ہو آگ سے مجکو پرہیز	مین نہین آب کہ مدر جو کرے خاکستر

مگر مین حکم قتل ایران وخت مین کثرت غضب سے بے اختیار تھا کہ جیسا کہ اسپ
تیز رو عراقی سکندری بھی کھا جاتا ہی مگر یہ عادت اسکی نہین ہوتی ہی وزیر نے کہا کہ اس طرح کا
حلم نادر ہی اور النادر کالمعدوم مشہور ہی لیکن کسی تاریخ مین دیکھا نہین ہی کہ بادشاہ
کامگار اور رئیس صاحب اقتدار باشمشیر بران اور حلم روان مسند حکومت پر بیٹھا
ہوا اور غلام گنہگار روبرو کھڑا ہوکے کلام بے ادبی کے ایسے بے محابا کرے اور وہ
حلم عظیم اور عفو عمیم سے درگذر فرمائے بادشاہ نے کہا کہ جب گنہگار اور فرمانبردار
اپنے گناہ کا قایل ہوا اور اعتراف کرے تو اس صورت مین مرد کریم کو قبول عذر
سے چارہ نہین ہوتا ہی العذر عند کرام الناس مقبول وزیر نے کہا کہ مین اپنے
گناہ کا معترف ہون اور بڑا گناہ یہ ہی کہ بادشاہ عالیجاہ کے حکم مین تاخیر کی
مین نے یعنی ایران وخت کے قتل مین تاخیر رکھی اور اپنے اس گناہ کے ہول سے کہ
قتل ایران وخت مین کیون تعجیل نہ کی مین نے اپنے کو زندہ درگور جانتا ہون
اب جو حکم بادشاہ کا ہو اسکا سزاوار ہون جب بادشاہ نے مژدہ ایران وخت
کی حیات کا سنا فرحت بے اندازہ حاصل ہوئی اور شکر پروردگار ہزار جان سے
کرنے لگا اور سجدات شکر الٰہی غیر متناہی ادا کیے اور نعرۂ شادی سپہر برین سے
پرے پہونچایا اور کہا کہ مین اسمین سخت متحیر تھا کہ تیرا کلام سراسر قتل پر ایران
وخت کے دلالت کرتا تھا اور تیری فراست اور کیاست سے یقین کامل تھا
کہ تو ایسے کام مین مقرر توقف کریگا کہ تجھسے زیادہ میرا کوئی مزاجدان نہین ہی
کہ مین شدت غضب جان سوز مین یہ حکم دے بیٹھا والا ایران وخت تو میرے
لوازم اسباب زندگانی سے ہی وزیر نے کہا کہ تکرار حجت میری اس واسطے تھی
کہ حقیقت مزاج بادشاہ کو واقعی دریافت کرون کہ حضرت اس حکم سے

نادم ہین یا نہین اگر بادشاہ کے مزاج کو اُسی طرح سے مصر پاتا تو قتل ایران دخت
مین اختیار باقی تھا پھر کچھ تاخیر نہ کرتا جب کہ سمجھا مین کہ خاطر مبارک اُسکی بقا پر مائل
ہو اِس لیے گناہ اپنا اظہار کیا مین نے بادشاہ نے کہا کہ رسائی تیرے فہم کی انتہا مرتبہ
آج مجھے تحقق ہوئی اور آج سے خوب سمجھا کہ تجھسے زیادہ دانا دل کسی بادشاہ کو
میسر نہوا ہوگا اِس خدمت بے پایان کا ثمرہ تجھے جلد پہونچے گا اب جا اور ایران دخت
سے میری طرف سے معذرت کرکے التماس کر کہ اب شکوہ اور غصہ دل سے کم کرکے
اور عذر میرا قبول کرکے تشریف لائے اور اپنے شربت وصال سے جان تازہ
مجھے بخشے اور یہ اشعار مؤلف کے میری طرف سے پڑھو **ابیات**

ایک خوش آتی نہین تیرے بغیر	ہجر مین جز غم نہ کھایا ہمنے کچھ
آتش غم سے ترے خورشید رو	ہجر کی شب ہمکو نیند آتی نہین
لاکھ شکلین جو تکو دکھلاتے ہین ہم	یار کھانے کی قسم کھاتے ہین ہم
شمع سان اتنو جلے جاتے ہین ہم	زلف شبگون کی قسم کھاتے ہین ہم

بلار وزیر ایران دخت کے پاس آیا اور اشارت نجات اور بشارت حیات پہونچائی
ایران دخت بہمراہی وزیر بادشاہ کے پاس چلی آئی اور شرط بندگی و آداب بجا لائی اور
ہزار زبان سے بعد اظہار قصور منت داری اور شکر گذاری ادا کی بادشاہ نے کہا کہ یہ احسان
بلار کا ہو کہ وہ شرط دانشمندی بجا لایا اور اس حکم مین تامل کیا ورنہ مین اپنے آپ گلے پر چھری
پھیر چکا تھا وزیر نے کہا کہ حلم اور رافت خسروانہ اور فرط کرم شاہی پر مجھے وثوق تمام تھا اُس
سبب سے یہ توقف ہوا تھا والا غلام کو حکم سولی مین کیا مجال تامل تھی بادشاہ نے کہا کہ ای بلار
دل قوی رکھ کہ تیرا ہاتھ میری مملکت مین کشادہ ہو اور تیرے حکم نے میرے حکم سے برابری پائی
جو کچھ کہیگا یا کریگا اُسمین انحراف راہ نہ پائیگا بلار نے کہا کہ پہلے احسان بادشاہ کے اتنے ہین
کہ اگر ہزار سال شکر اُنکا کرون تو ایک نعمت کا بھی شکر ادا نہو سکے گا اور یہ اشعار مؤلف کے

وثوق: نقیضین استواری ۱۲ ک

میرے حسب حال ہین اشعار اگر سو ہون زبانین مری شل گل صد برگ ٭ ہو شکر نہ تیرے گل احسان کے برابر٭ گویا کی زبان ہو ترے اوصاف مین قاصر٭ ہو گرچہ سخندانی مین حسّان کے برابر٭ لیکن غلام کی اتنی عرض ہو کہ ایسے کامون مین شہریار تعجیل نہ فرمایا کرین تا صفائی عاقبت کدورت ندامت سے سالم رہے بادشاہ نے کہا کہ اس نصیحت کو سمع قبول سے سنا مین نے اور آئندہ بغیر مشورے کے کسی امر مین جرائت نہ کرونگا اسکے بعد وزیر اور ایران دخت کو خلعت گران سے سرفراز کیا اور آپ کلبۂ مفارقت سے کلبۂ مواصلت مین تشریف لایا اور مجلس طرب کو آراستہ کیا ساقی زیبا رو ساغر زرین سے مے صاف دوستون کے کام و دہن مین ڈالتا تھا اور باغبان گلشن نشاط نہال سرور کو جو بیا رہستی سے آب دیتا تھا یعنی جسد ا بادۂ نشاط انگیز٭ کردہ بازار عیش و عشرت تیز٭ مطرب خوش آہنگ نواے رود و سائے سے مرغ دل کو اہتزاز مین لاتا تھا اور نغمات دل آویز عیش و شادمانی کی طرف ہر دم تاکید ترغیب کرتے تھے اور آہنگ عود و بلبل ہزار داستان کی طرح نغمہ سرائی کر رہے تھے اور نالہاے دلکش چنگ آئینہ سینہ سے زنگ غم کو دور کرتے تھے | ابیات

مطرب مانند زہرہ خوش گو	ساقی مانند ماہ خوش رو
وہ نغمہ کہ تن مین جان آئے	وہ مے کہ بدن مین جان آئے
نغمہ دم عیسوی کے مانند	مے آب حیات سے بھی دہ چند
وہ مے کہ بلا سے دل امان پائے	وہ بادہ بدن مین جسکے جان آئے

غرضکہ وہ تمام روز عیش و عشرت مین بسر کیا جبکہ دوسرا دن ہوا بادشاہ برآمد ہو کے تخت عدالت پر بیٹھا اور دربار عام کیا اُسوقت بلار وزیر نے اصالتًا اپنی طرف سے اور وکالتًہ بادشاہ کے عزیزون اور متعلقون کی جانب سے براہمن کی فتنہ انگیزی کی داد چاہی اور کہا کہ ان بیگناہون کی خونریزی کے واسطے تعبیر خواب کی جو ان مفسدون نے تجویز کی تھی بادشاہ خداشناس پر واجب ہو کہ اسکا انصاف فرمائے بادشاہ نے حکم کیا کہ حکیم

کارندون کا باعزاز تمام لائین جبکہ حکیم حاضر ہوا حکم اس قضیہ کا حکیم کو کیا حکیم نے
حکم دیا کہ بعضون کو دار پر کھینچوا ور باقیون کو ہاتھیون کے پانوُن کے تلے
پامال کرو اور کہا کہ سزا خائنون اور بد اندیشون کی یہی ہے **رباعی**

آسمان کی جو تعدی سے جہان گردش مین ہی	رات دن اسکے عوض مین آسمان گردش مین ہی
پھر خونریزی کیا کرتی ہی تلوارون کو تیز	انتقام اسکا ہی جو ہر دم فسان گردش مین ہی

جب کہ یہ حال براہمہ کا ہوا بادشاہ نے حکومت تمام مملکت کی وزیر کو سپرد کی اور
ایران دخت کے ساتھ عشرت مین بیٹھکے تمام عمر بسر کی اور اس بیت کو اکثر تکرار کرتا تھا
بیت شب عشرت غنیمت دان و داد خوشدلی بستان چہ کہ در عالم کسے احوال فردا را نمیداند
یہ ہی داستان علم اور ثبات کی اور ترجیح اُسکی سب اخلاق پر اور فائدہ اس بیان سے
سُننے والون کو یہ ہی کہ نصیحت علما اور حکما کو ہر حال مین اپنا و مسازکرین اور بناے کار
دُنیا و دین کو قانون حکمت اور قاعدہ کیاست پر رکھین اور تعجیل اور سبک وضعی سے منحرف
ہوکے وفاداری اور بردباری کی جانب میل کرین اور جسے کہ عنایت ربانی سے اختصاص ہی
ہر آئینہ تاج و تواضع سے سر اُسکا سرفراز ہو کیونکہ تواضع اور حلم سے دشمن بھی دوست
بنجاتے ہین بلکہ دوست بمرتبہ اقربا سے زیادہ تر ہو جاتے ہین **قطعہ لمولفہ**

اگر ہو حلم سے تیرا سرو کار	تو سب اغیار ہو جائین ترے یار
برائی تو کرے گا گر کسی سے	مقرر تجکو بھی پہونچے گا آزار

باب تیرھوان قول غدار اور خیانت شعار سے ملوک کے اجتناب کرنے مین

جبکہ دابشلیم نے یہ داستان حکیم بیدپا سے سُنی بہت ثنا کی اور کہا کہ میری عقل نے تیرے
فیض بیان سے روشنی پائی اور حل مشکل کی طاقت میری ادراک کو حاصل ہوئی اُسکے مین نے

صفت حلم اور بردباری کی اور دریافت کی مضرت خفت اور سبکساری کی اور معلوم کی
فضیلت ثبات اور وفاداری کی اور بہت سے نکات نافع اُسکے ضمن مین بسبب حکایات
اخلاق بادشاہونکے واضح ہوے اب بیان فرمایہ داستان کہ بادشاہ شخص خائن ہین اور
متہمکے ملازم رکھنے نہین کیا کرے اور یہ بیان فرما کہ کیونکہ وہ قدر تعلیم اور پرورش کی خوب
جانتا ہو اور شکر نعمت کو کامل وجہ سے ادا کرتا ہو **بیت لمؤلفہ** حکیم برہمن نیک بد آزما ۔
ہوا اس طرح سے وہ دستان سرا ۔ کہ ای بادشاہ جو تحفہ دولت کہ کارخانہ نصر من اللہ و فتح قریب
سے ظہور پکڑے اور جو عطیہ سعادت کہ منصہ وما النصر الا من عند اللہ پر جلوہ دکھائے جناب
سلطنت قباب کے واسطے مخصوص ہو جیوا ور یہ اشعار مؤلف کے پڑھے **نظم** جب تک کہ دھوئے
شبنم گلزار ہر شجر ۔ رخسار لالہ و گل و نسرین و ارغوان ۔ گلزار جاہ دولت و حشمت ترا رہے *
یارب برنگ گلشن فردوس بیخزان ۔ اور قوی تر رکن اُسکا کہ جو بادشاہ نے فرمایا پہچاننا اہل ہنر
کا ہو اور بادشاہ کو چاہیے کہ نقد اپنے ملازمون کا بواقعی محک امتحان پر آزمایش کرے اور
عیار عقل سے نصیحت اور اخلاص ہر ایک کا بخوبی دریافت فرمائے اور حقیقت حال اُنکی
بواقعی معلوم کرے اُسکے بعد اعتماد اُنکی پرہیزگاری اور دینداری اور صلاحیت اور امانت
اور دیانت کے لائق کرتا رہے کیونکہ سرمایہ خدمت سلاطین راستی بغیر خدا ترسی اور
دیانتداری کے وجود نہین پکڑتی ہو اور سرور سبب دانشمندی کا خوف اور خشیت
ہو انما یخشی اللہ من عبادہ العلماء اور جو ملازم بادشاہ کا کہ خدا ترس ہو پس وہ بادشاہ
کے اعتماد کے لائق ہوتا ہو اور رعیت کو بھی اُمیدواری ایسے شخص سے ہوتی ہو اسواسطے
حکیم سخندان سعدی علیہ الرحمۃ نے مضمون نظم کیا ہو **نظم** خدا ترس را بر رعیت گمار ۔ کہ معمار
ملکست و پرہیزگار ۔ وزیر از خدا باید اندیشناک ۔ نہ از خوف سلطان و بیم ہلاک ۔ اور
جو شخص دانستہ دروغگو ہو سانپ کے مانند ہو قول و فعل اُسکا مانند زہرناک ہو پس
ایسے کو محرم راز کرنا نہ چاہیے اور اسرار ملک و مال مین مجال مداخلت اُسے زنہار نہ دے

اور نہین نصرت اور مدد مگر نزدیک خدا کے ۱۲ سوا نہیں ڈرتے ہین خدا سے بندون اسکے عالم ہین ۱۲

که ایسے شخص سے بہت خلل پیدا ہوتے ہین اور اثر اُسکے ضرر کا بہت دنون مین ظاہر
ہوتا ہی **بیت** سعدی حکومت سپردن باو ناروا است ÷ که از دست او دستہا بر خدا است ÷
رائے داشلیم نے کہا که یہ تفصیل کی محتاج ہی کیونکہ مرد فرومایہ صفت نیک سے بظاہر آراستہ
ہوتے ہین اور آخر کو حال اُسکا کھلتا ہی اور ایسا شخص رئیس کی ندامت کا باعث ہوتا ہی
بیت ناپاک اصل اگرچہ در اول وفا کند ÷ آخر از آن بگردد و عزم جفا کند ÷ برہمن نے
کہا که تفصیل اُسکی یہ ہی که رئیس کے خدمتگذار کو تین صفتین لازم ہین پہلے امانت که مرد
امین پسندیدہ خلایق ہوتا ہی اور محرمیت اسرار ایسے ہی شخص کو سزاوار ہی دوسرے
راستی که صفت اُسکی سعدی علیہ الرحمۃ نے دو ہی مصرعون مین ادا کی ہی **بیت**
راستی موجب رضائے خدا است ÷ کس ندیدم که گم شد از رہ راست ÷ اور جناب رسالتمآب
صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کا ارشاد ہی اَلصِّدقُ یُنجِی وَالکِذبُ یُہلِکُ اور دروغگوئی
عیب عظیم ہی بادشاہون کو دروغگویون سے احتراز فرض ہی تیسرے اصل پاک اور
ہمت عالی رکھتا ہو که مرد شریف راہ بیوفائی مین قدم نہین رکھتا ہی اور فرومایہ
اودنے ہمت انعام اور احسان کی قدر نہین جانتا ہی اور بلکہ جدھر کو ہوا پھری
دیکھے گا اُدھر ہی کو پھر جائیگا اور مطلق شرم نہ کریگا **بیت** در طریق دوستی ثابت قدم
چون کوہ باش ÷ چون صبا تا چند ہر دم بر سر کوئے دگر ÷ بادشاہ کو چاہیے که ملازمون
کی نیک اخلاق پر نگاہ رکھے اور اُنکی عقل کا حال دریافت کرتا رہے که خوبی اس
گروہ کی دانش سے ہی لیکن امتیاز دانش کا اتنا خیال مین رکھے که عاقل دو طرح
کے ہوتے ہین ایک وہ ہی که رائے جنکی ہر حال مین اصلاح اور وفا کی طرف مائل
ہی اور دوسرے وہ که انتقال ذہن سے وہ دور پہونچتا ہی مگر بیشتر نظر اُسکی فساد کیجانب
رہتی ہی تو لازم ہی که اُس مفسد کو کبھی غافل نہ جانے که انجام مفسد کی رائے کا کبھی
بخیر نہین ہوتا ہی اُس سے اجتناب واجب ہی پس عاقل وہی ہی جو سلیم الطبع ہی پس اُسے

اختیار کرے کہ انجام اُسکی رائے کا بخیر ہوتا ہے پس جو کوئی کہ اس صفت سے موصوف ہو
بادشاہ اُسکی پرورش اور عزت افزائی مین اہتمام رکھے اور بآہستگی اور بتدریج اُسے
مراتب تقرب کو پہونچائے تا حرمت اور ہیبت اُسکی سب کے دلون مین رفتہ رفتہ ممکن
ہوتی جائے حکمانے کہا ہے کہ رئیس چاکرون کی تربیت مین طبیب حاذق کے مانند ہو جبتک
کہ حال بیماری اور ملال اور کیفیت علت اور اُسکے اسباب اور علامات کو انکشاف
تمام اور استفسار سے دریافت نہین کرتا ہے اور تا کہ کلیات اور جزئیات عوارض اور
دلائل نبض و قارورہ پر وقوف کامل اور شعور شامل حاصل نہین کر لیتا ہے تب تک اُسکے
معالجے مین شروع نہین کرتا ہے اسی طرح بادشاہ کو بھی چاہیے کہ چاکرون کا تعرف حال
از جزئی تا کلی جب تک حاصل نہ کرے اور اندازہ کردار اور مقدار گفتار اور طریقہ ہنجار اور
سلیقہ کاروبار ہر ایک کا خوب پہچان نہ لے تب تک آغاز تربیت اور پرورش نہ کرے
اور بے سمجھے کسی پر اعتماد نہ کرے تا باعث حسرت اور ندامت نہو حاصل لباب یہ ہے کہ ملازم
رئیس کا ایسا امین اور کاردان ہو کہ ملک و مال اور رعیت و سپاہ بسبب اسکی صیانت کے
جمیع اضرار اور اشرار سے محفوظ رہین اور اگر مقرب رئیس کا بدنفس ہے اور اُسکی بات رئیس
کے نزدیک قبول ہے تو ممکن نہین ہے کہ بیگناہ معرض تلف اور ضیق مین نہ پڑین اور باعث
بدنامی اور خرابی عافیت رئیس کے واسطے نہو اور اُس کلمات کے مانند حکایت زرگر
اور سیاح کی بہت چسپان ہے رائے دابشلیم نے پوچھا کہ یہ قصہ کیونکر تھا حکایت برہمن
نے کہا کہ ملک حلب مین ایک بادشاہ نامدار تھا اکثر سلاطین اُسے خراج و باج دیتے تھے
اور بادشاہ کی ایک لڑکی تھی ماہ پیکر مہر طلعت زیبا و مشکین مو کہ بوے مشکبار اسکی مشام عالم
کو معطر کرتی تھی بموجب بیت غضب چیون غضب کھڑا تھا مست قد بالا تھا خدانے
سر سے لے پاؤن تلک سانچے مین ڈھالا تھا بادشاہ اُس دُر بے بہا کو دیدہ اغیار
سے درج عصمت مین نہان رکھتا تھا اور مانند گوہر شاہوار صدف ستر و صلاح مین

پرورش دیتا تھا ایک دن اُس دختر کے واسطے زیور بنانا منظور ہوا اور ایک زرگر
کاریگر کی احتیاج ہوئی اُسی شہر مین ایک زرگر فنون دستکاری مین یگانہ روزگار
تھا بادشاہ نے اُسکی اُستادی کا شہرہ سُنکے بلایا اور طریق زیور سازی کا پوچھنے لگا زرگر
آدمی ازبس ظریف اور شیرین بیان تھا بادشاہ کو کلام اُسکا خوش آیا فرمایا کہ ہمیشہ حاضر
رہا کرے وہ حاضر رہتا تھا اور ہر روز سخنان عجیب اور ہنرہاے غریب سے بادشاہ کو اپنا
کرتا تھا اور ساعت بساعت بادشاہ اُسکی عزت افزائی فرماتا جاتا تھا حتی کہ محرم حرم
سلطنت ہوا اور شاہزادی نے کہ آفتاب اور ماہتاب بھی اُسکے اوپر سایہ افگن نہوے
تھے اُسکو پس پردہ راہ دی اور اُس بادشاہ کا ایک وزیر ازبس فہیم اور صاحب رائے
سلیم اور آبشار شمشیر جہان کشا اُسکی فتحنامہ ہفت اقلیم اور فکر عالم آرا اُسکی حافظ تخت و دیہیم
تھی جب کہ وزیر نے دیکھا کہ بادشاہ عزت افزائی زرگر کی بلین سرحد اعتدال سے
تجاوز کرتا ہی اور مبالغہ اُسکے انعام و اکرام کا حد حساب سے گذر گیا محض خیر خواہی سے
عرض کیا کہ سلاطین ماسبق نے اہل حرفہ کو مقام اہل مملکت مین جگہ نہین دی ہی
غلام کے خیال مین یون آتا ہی کہ یہ شخص اصل کریم اور نسل پاک سے نہین ہی کیونکہ
اسکی طبیعت ہمیشہ مردم آزاری اور جفاکاری پر مائل رہتی ہی اور یہ عادت مردم شریف
کی نہین ہوتی ہی ایسے شخص سے رسم وفاداری اور آئین حق گذاری کی توقع رکھنا
چاہیے **بیت** ہر کہ از ناکس طمع دارد وفا ÷ از درخت بید میجوید ثمر ÷ اور اکثر مشاہدہ
کیا ہی کہ جب شہریار اپنی عادت کے موافق کسی کو کچھ عطا فرماتے ہین یہ سفلہ بداصل
یہانتک ملال کرتا ہی کہ اپنے مٹ جانے پر راضی ہوتا ہی اور حکما کا اس پر
اتفاق ہی کہ یہ علامت ارذال کی ہی کہ وہ انعام و اکرام دیکھنے کی تاب نہین
رکھتے ہین کہ کوئی کسی کو کچھ دے یا کسی طرح کا کرم کرے اسکے مناسب حال یہ
شعر مؤلف کا ہی **بیت** وہ بدنفس سفلہ ہی مردود حق ہی ÷ جو کوئی کسی کا

بُرا چاہتا ہے ٭ بلکہ بادشاہ کی صحبت کے واسطے وہ لوگ سزاوار ہین کہ اصالت نسب اور شرافت فضیلت اُن مین جمع ہوا ور مخالطت جاہل بدکردار کی لایق شان بادشاہون کے نہین ہے کیونکہ صحبت ایسے شخصون کی بہت خلل پیدا کرتی ہے اور جس مین کہ خبث ذات اور خیانت نیت موجود ہے وہ کبھی لحاظ امانت و دیانت نہین کرنے کا پس ایسے شخص سے خیر کی توقع زنہار نہ چاہیئے **مثنوی** کسے کز امانت ندارد نصیب ٭ اگر بدکند نبود از وی عجیب ٭ خیانت ز ہر فعل بد بدتر ست ٭ تمامی بدیہا درو مضمرست ٭ بادشاہ نے کہا کہ یہ جوان صورت نیک رکھتا ہے اور صورت نیک دلیل ہے سیرت خوب کی عرب کہتے ہین الظاہر عنوان الباطن یعنی ظاہر خبر دینے والا حسن باطن کا ہے اور بزرگون نے کہا ہے کہ حسن عنوان یعنی آغاز نامی کا لطافت مضمون کی خبر دیتا ہے **بیت** لمؤلفہ جانتے ہین حال دل عاقل قیافہ دیکھکر ٭ خط کا مضمون جان لیتے ہین لفافہ دیکھکر ٭ اور جناب رسالت مآب صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نے فرمایا ہے اطلبوا الخیر عند حسان الوجوہ اور ایک نسخہ مین حسان الوجود بھی لکھا ہے خلاصہ معنی حدیث شریف کا یہ ہے کہ طلب کرو اپنی احتیاج نیک صورت اور شگفتہ رو شخصون سے نکتہ اسمین یہ ہے کہ حسن صورت نمونہ ہے لطافت معنی کا **بیت** آنکہ اخلاق ظاہرش باخلق ٭ نیک بینی گمان بد مبرش ٭ وزیر نے عرض کیا کہ دبیرستان حکمت مین نیک صورت کو نیک سیرت پر قیاس کرکے تعلیم نہین دیتے ہین اور حقیقت نیکخوئی کی بجز اوصاف پسندیدہ ثابت نہین جانتے ہین کیونکہ بہت صورتین زیبا اور دلکش دیکھی ہین کہ خالی معانی سے ہوتی ہین چنانچہ تاریخ مین لکھا ہے کہ ایک حکیم نے جوان خوبصورت کو دیکھا اور دل حکیم کا اُسکی مصاحبت پر مائل ہوا جب کہ امتحان کیا عیب کثیر کے سوا کوئی چیز اور ہنر نہ پایا حکیم نے اُس سے دوری اور بے ہنری اختیار کیا اور کہا کہ خانہ خوب تھا اگر اہل خانہ بھی

نیک ہوتا تو کیا خوب ہوتا یعنی صورت خوب ہی اگر سیرت بھی خوب ہوتی تو بہتر تھا
بیت ره بمعنی بر که در صورت دوئی مانده هم ٭ از یکے خیزد شکر وان یک ز بہر
بوریاست ٭ چنانچہ بیشتر زن رقص پیشہ اور قحبہ بازاری کو دیکھا ہو کہ جتنا زیادہ
حسین ہوتی ہی زیادہ فسق وفجور مین مبتلا ہوتی ہی یہ کام صورت پر موقوف نہین
بلکہ حسان الوجوہ سے مراد یہ ہی کہ خوش خلق اور خندہ رو ہو بادشاہ نے کہا کہ
لطافت صورت اعتدال مزاج پر دلیل ہی اور صاحب مزاج معتدل مین قبول
قابلیت کی استعداد ہوتی ہی اور جو اُسنے بہ سبب مربی نہونے کے تربیت نپائی تھی
تو کیا عجب ہی کہ بعضے اخلاق حمیدہ اُسکے راہ اعتدال سے منحرف ہوگئے ہون اب
جو ہم اُسکی تربیت پر متوجہ ہین یقین ہی کہ تھوڑے عرصے مین اکتساب وصاف ستودہ
کرکے مرتبہ کمال کو پہونچے کیونکہ آفتاب اپنے اثر صلاحیت سے سنگ خارا کو لعل آبدار
بناتا ہی اور تقویت صفا سے آب وہوا سے خون سیاہ مشک تاتار اور قطرۂ باران اثر موسم
سے گوہر یکتاے شاہوار ہوتا ہی رباعی ناسخ آئینہ بنا ہی تربیت سے پتھر ٭ آتش آب
خاک باد اصل بشر ٭ پارس جو مربی ہو تو آہن ہو زر ٭ دانے کی ہی پرداخت ہو تو بنجاے
شجر ٭ وزیر نے عرض کیا کہ ای بادشاہ وہ شخص کہ جوہر اصلی رکھتا ہی اسکو تربیت کرنا
لائق ہی کیونکہ ہر سنگ جوہر نہین ہوتا ہی اور ہر خون مشک اذفر نہین بنتا ہی اگر ناکس
ہزار سال تربیت پاے توقع نیکی کی اُس سے نہ رکھنا چاہیئے لئیم کو اگر سو بار
تغیر وتبدیل دیجائے اُسکا جوہر اصلی اپنے حال سے متغیر نہین ہونے کا اسی بابت
ایک عزیز نے قطعہ لکھا ہی قطعہ ہر کہ ناکس در اصل افتاد است ٭ بتقالیب ہرگز کس
نشود ٭ سنگ مگس را اگر کنی مقلوب ٭ قلب او غیر سنگ مگس نشود ٭ جب کہ یہ
بات متحقق ہوچکی تو چاہیے کہ کوئی ایسے ناپاک سے اختلاط نہ کرے تا ورطۂ ذلت
مین گرفتار نہو جیسا کہ وہ ملک زادہ کفشگر کی صحبت سے سرحد وادی ہلاکت

کو پهونچا بادشاه نے کہاکہ اس کا قصّہ کیونکر ہے حکایت کہاکہ بلاد پارس مین
ایک بادشاه تها نیک سیرت عدل دوست کہ بنیاد جہانداری کی عاطفت اور
رعیت پروری پر رکھی تھی اور سریر سلطنت کو بساط عدل و داد پر متمکن کیا تھا
بیت کشاده رحمت او دست عدل بر عالم * کشیده همت او پای ظلم در زنجیر *
اور اُسکی شان مین رعایا اور برایا اُس مملکت کی یہ اشعار گویا کے زبان پر
رکھتی تھی ابیات ترے کرم سے شہا ملک عیش و راحت مین * دل کشاده و طبع شگفتہ
ارزان ہے * جلاکے خاک کرے چاہے پھر کرے سرسبز * غضب مین برق ہے تو اور
کرم مین باران ہے * اسکو رب العالمین نے ایک فرزند دیا کہ آثار رشد اور نجابت
اُسکی پیشانی پر پیدا اور امارت و جہان آرائی اسکی طلعت سے ہویدا تھی اور اُس
فرزند کے کتف پر ایک داغ سیاه تھا کہ جسے ہندی مین مسن کہتے ہین بادشاه اس باغ
مین سیاه داغ کے دیکھنے سے متغیر ہوا اور حکمار زمان سے خواص اس داغ کے پوچھے
انھون نے کہاکہ ہمنے کتب نجوم مین دیکھا ہے کہ جو کوئی ایسا نشان رکھتا ہے مخاطرے مین پڑتا
ہے مگر آخر کو کشورگیر اور مالک تاج و سریر ہوتا ہے بادشاه اس مژدے سے خوشدل ہوا
اور اس فرزند کی پرورش مین مبالغہ تمام کرنے لگا اور بادشاه کے ہمسایہ مین ایک کفشگر
رہتا تھا بے احتیاط و ناپاک بادشاه نے بسبب رعایت ہمسایہ کے کچھ وظیفہ مقرر کردیا
تھاکہ بخوبی اُس سے اوقات بسر کرتا تھا شاہزاده جب کہ چار برس کا ہوا اور طبیعت
لہو و لعب پر مصروف ہوئی اکثر حجرے مین کفشگر کے آکر کھیلا کرتا تھا وزیر اس
حال سے آگاه ہوا اور اُسکے حجرے مین جانے سے شاہزادے کو منع کیا اور بادشاه
سے عرض کیاکہ لڑکون کا نہال طبیعت نہایت نازکی رکھتا ہے جس طرف کو جھکایئے
اُسی طرف کو جُھک جاتا ہے اور بعد عرصہ دراز کے پھر اسی دستور پر باقی رہتا
ہے صلاح یہ ہے کہ بادشاه جہانگیر اور جہان پناه شاہزادے کو کفشگر کی صحبت

سے باز رکھے تا اُس کے اخلاق مذموم شاہزادے کی طبیعت مین سرایت نہ کرین اور دون ہمتی اُسکی کوکب سلطنت کو حضیض ذلت مین نہ ڈالے اور بہت سے نقصان اس مین متصور ہین کہ ایسی صحبت مین خبث نفس کے سوا اور کچھ پیدا نہین ہوتا ہے بادشاہ نے کہا کہ وہ لڑکا کفشگر سے مانوس ہوگیا ہی ممکن ہی کہ اگر اُسکی صحبت سے اُسے منع کرون تو ملول ہوا اور اُسکا ملال خاطر میری اندوہ افزائی کا باعث ہی اس لیے خیال مین آتا ہی کہ چندے تامل کرون جب کہ ہوشیار ہو جائیگا اُس وقت تھوڑے سے منع کرنے سے مان جائیگا اور بسبب فہمید کے ملول نہین ہونے کا کہ اُس وقت امتیاز نیک و بد کا حاصل ہوگا وزیر سُنکے سمجھا کہ مزاج بادشاہ کا از بس اُسکے حال پر مصروف ہی کہنا میرا فائدہ نہ بخشیگا لہذا سکوت اختیار کیا اور بادشاہ نے کفشگر کو بلا کے کہا کہ تو ہمارا ہمسایہ ہی اور میرا جگر گوشہ تجھے مالوف ہی چاہیے کہ تو ہر دم انیس اور رفیق اُسکا رہا کر اور ہر بات سے محافظت کیا کر کفشگر نے زمین ادب کی چوم کر کہا **بیت** گل باغ شہ ہو گل آفتاب ✤ خزان ہو نہ اس باغ مین بار یاب ✤ اس بندہ کو اس منصب جلیل کی قابلیت کہان ہی اور استحقاق خدمت عالی کا اپنے مین مشاہدہ نہین کرتا ہون لیکن شہریار نامدار کی نظر وہ کیمیا اثر ہی کہ خاک کو زر صافی بنا دیتی ہی اور سنگ ناقص سے لعل آبدار پیدا کرتی ہی **بیت لمولفہ** ہوا بھی اکسیر آئے اگر تو پانون رکھے خار میں ✤ خرمن گل ہو اگر گذرے خس و خاشاک پر ✤ القصہ بعد قیل و قال بسیار خدمت ملکزادے کی قبول کی اور اُسکے بعد بے دہشت شاہزادے کو اپنے گھر اُٹھا لاتا تھا اور کبھی اُسے لیکر بارگاہ شاہی مین آتا تھا اور جس قدر شاہزادہ اس سے زیادہ مانوس ہوتا جاتا تھا بادشاہ کفشگر سے زیادہ تر خوش ہوتا تھا اور کفشگر بھی طریقہ شاہزادے کی خدمت کا اس طور پر ادا کرتا تھا کہ روز بروز خدمت مین بادشاہ کے قریب

ہوتا جاتا تھا آخرکار رفتہ رفتہ ایسا اُس سرکار کا ہوا اور دن بھر شاہزادے کو سیر باغ و
بوستان دکھاتا اور شب کو تماشاے رقص و سرود مین مشغول رکھتا تھا اور گاہ تمام
شب باغ مین بسر کرتا تھا حتّٰی کہ ہر کام شاہزادہ عالی مقام کا کج ادائی پر اُس بد انجام
کے منحصر ہوا اتفاقًا بادشاہ کو سفر ضروری درپیش آیا کفشگر کو بلا کے مجدداً شاہزادے
کو اُسکے سپرد کیا اور انواع تاکیدات کرکے امیدوار انعامات فراوان کا فرمایا
کفشگر نے بجان و دل فرمان شاہ قبول کیا اور کہا کہ اے شہنشاہ خاطر جمع رکھ میری
جان شاہزادے پر نثار کو خلق ہوئی ہے جب تک یہ باقی رہیگی شاہزادے کی مددگار
رہیگی آخر بادشاہ روانہ ہوا اور کفشگر شاہزادے کی خدمتگزاری مین مصروف تھا
نواحی شہر مین ایک باغ بادشاہی کہ نمونہ خلد برین تھا شاہزادہ بیشتر اس باغ
مین سیر کو جاتا تھا بادشاہ کے جانے کے بعد ایک دن شاہزادے نے کہا کہ آج باغ کو
چل کفشگر مع چند غلام اور پرستار کہ ہمیشہ خدمت شاہزادے کے لیے معین تھے
روانہ اس باغ کو ہوا اور شاہزادہ بھی تاج مرصع برسر اور جامہ مکلل در بر پہنے
ہوے باغ مین آیا کفشگر نے دیکھا کہ آج شاہزادہ تاج مکلل بجواہر برسر اور جامہ
مرصع در بر رکھتا ہے کہ خراج ہفت اقلیم اُسکی قیمت مین ارزان ہین اس لیے اُسکی
سرشت لئیم نے خیانت کی تحریص کی اور دل مین کہا کہ یہ تاج اور جامہ مایہ ہے سو
تجار رما لدار کا بلکہ راس المال ہزار دریا اور کانون کا ہے اور وہ بنولا بادشاہ بھی
دور ہے اور مال اسکی میری طرف سے مطمئن ہے صلاح یہ ہے کہ اس لڑکے کو کسی شہر
دور دست مین لیجاؤن اور مع اسباب فروخت کرکے تمام عمر اپنی باآسایش
بسر کرون **بیت لمولفہ** مطلب اپنا ہاتھ آتا ہے نہ چھوڑا چاہیئے ٭ آج موقع
ہے کہ سارے عہد توڑا چاہیئے ٭ آخر اُس بدکردار غدار نے آتش فتنہ برانگیختہ
کی اور آبرو امانت اور دیانت کی خاک مین ملائی یعنے اپنے غلام رازدار

سب

سے مشورہ کرکے شاہزادے کو مع جمیع خدام داروے بیہوشی پلائی جب کہ سب

بیہوش ہوگئے شاہزادے کو صندوق مین بند کرکے پشت پر اونٹ کے باندھا

اور آپ بھی ایک سمند بادپیما پر سوار ہوکے اور اُس غلام کو بھی ایک گھوڑے

تیز رو پر سوار کرکے اور دو گھوڑے اور ایک اونٹ کوتل ہمراہ لیکے روانہ ہوا صبح کے

ہوتے ہی منزل دور دراز طی کر گیا راہ مین تھوڑا سا وقفہ کرکے پھر سوار ہوئے یلغار روانہ ہوا

ہوا حتی کہ اس بادشاہ کی حد عمل سے گذر کے اور بادشاہ کے شہر مین جا پہونچا اب دوسرا

حال سُنا چاہیے کہ خادم جو ہمراہ شاہزادے کے تھے دو پہر دن کے بعد جب داروغہ

باغ نے بیہوش دیکھے روغن بادام سرکہ کہنہ مین حل کرکے اُنکی دماغ مین پھونکا

جب کہ سب ہوش مین آئے اور ڈھونڈھا تو شاہزادے اور کفشگر کا نشان نہ پایا

آخر شہر مین آکے ملکہ کو خبر دی کہ آپکے فرزند کو کفشگر لے بھاگا ملکہ گریان اور خاک

بر سر باغ مین آئی اور پتا پتا باغ کا ڈھونڈھا سراغ نہ پایا آہ دردناک کھینچی اور

ہر طرف لوگ دوڑائے وہ کب ملتا تھا تمام شب گریہ وزاری مین بسر کی صبح

ہوتے ہی فرمان پروردگار پہونچا ارجعی الے ربک یعنی شمع حیات اُسکی تند باد

کل من علیہا فان سے فانی ہوگئی آخر اس حادثہ کی خبر بادشاہ کو پہونچی بادشاہ

بھر کے دار الامارۃ کو آیا اور فراق زن و فرزند مین جزع و فزع کرنے لگا آخر بجز

صبر چارہ نہ تھا شکیبائی اختیار کی **بیت لمؤلفہ** مر گیا جب دوست پھر تدبیر کا

یارا نہین ٭ آدمی کو غیر استرجاع کچھ چارہ نہین ٭ کفشگر شاہزادہ کو ملک شام مین

لے گیا اور بردہ کیا شاہزادے کو مع جواہر ایک سوداگر کے ہاتھ بیچا دو سال سوداگر

کی صحبت مین شاہزادے نے نشو و نما پائی اسطرح کا حسن و جمال نکلا کہ یوسف ثانی

کہنا اسی کی ذات کو زیبا تھا جو وقت کہ وہ سرو ناز پرور گھر سے باہر آتا تھا ایک عالم

جان نثاری پر مستعد ہوتا تھا اور ہر کوئی اُس سہی قامت کی درازی عمر کے واسطے

دست دعا اُٹھاتا تھا بیت ہر طرف کر گذشتی براے دیدہ بدو ہزار دست تا آستین
برون آید بہ بازار گان کہ ایک مرد جہاندیدہ تھا اپنے دل مین کہتا تھا کہ اس غلام کا رہنا
میرے پاس مصلحت نہین ہے کیونکہ اگر مخفی رکھون تو وجود اور عدم اسکا برابر ہے اور اگر گھر
سے باہر لاتا ہون تو آتش فتنہ مشتعل ہوتی ہے اور کوئی طاقت اس کے دیکھنے کی نہین
رکھتا ہے بہتر یہ ہے کہ اس تحفہ کو بادشاہ پاس لیجاؤن کہ وہ کریم النفس ہے یقین ہے
کہ وہ چند اسکی قیمت سے مجھے انعام دیوے پس سوداگر اُسے پارس مین لایا اور بسبیل
تحفہ بادشاہ کو گذرانا دس برس ہوئے تھے کہ وہ بادشاہ سے جدا ہوا تھا اور اب
چودہ برس کو ہو نکلا مانند ماہ تمام اپنی منزل کو آیا بیت مہ چاردہ سالہ ہے مرا
راحت جان بہ مثل ہالہ مہ چاردہ ہے جس پہ قربان بہ بادشاہ فرزند کے حال سے
غافل تھا بطور ہدیہ کے اس غلام کو قبول کر کے حلقہ غلامان خاص مین داخل کیا
روز بروز پرورش اُسکی زیادہ کرتا تھا گو تمام غلامون مین اس نے امتیاز پایا اور وہ
جوہری کہ خزانہ بادشاہی اسکے سپرد تھا اس سے شاہزادے کو اُنس پیدا ہوا ہمیشہ
اُسپر عنایت کرتا تھا اور جو تحفہ کہ بادشاہ اُسے دیتا تھا وہ جوہری کو شریک حصہ
کرتا تھا اور جوہری بھی علی ہذا القیاس اسی طرح پیش آتا تھا جب کہ جوہری کو
یقین ہوا کہ یہ میرا فریفتہ ہو چکا ہے پس اس کے گوہر لئیم نے طمع خام کا خیال کیا اور
دل مین کہا کہ غلام کو فریب دون تا انگشتری بادشاہ کی مجھے لادے کہ اُس مہر
سے کاغذ درست کر کے خزانہ بادشاہ کا ویران کرون اور ذخیرہ وافر اور مال
نفیس اپنے گھر لے جاؤن اسکے بعد غلام سے کہا کہ اے نازنین ہمیشہ تو اس کمینہ
کے حق مین الطاف فرماتا ہے اس لیے مین بھی جانتا ہون کہ ایک خدمت
پسندیدہ تیری ایسی کرون کہ عوض تیرے احسانون کا ادا ہو جائے سو وہ
یہ ہے کہ بادشاہ کی انگوٹھی پر ایک نقش ہے کہ جو کوئی اُس نقش کو اپنے

نگین انگشتری پر کھدوائے وہ بادشاہ ہو جائے گویا وہ مہر مہر سلیمان ہے کہ نقش اُسکی
خاتم کا جو کوئی اپنے پاس رکھے گا عالم اُسکا مطیع اور فرمانبردار ہو جائیگا اگر تو متحمل
اس محنت کا ہو کہ بادشاہ جس وقت خواب غفلت مین مستغرق ہو انگوٹھی کو اُسکی
اُنگلی سے نکال کے میرے پاس لے آ تو اس نقش کو ایک نگینے پر کندہ کرا کے تیری
انگشتری پر رکھون بہ شرط یہ ہے کہ وزارت اپنی مجھے عنایت فرمانا **بیت**
خوان پائے تو مجھے کوئی نوالہ دینا ؛ باغ ہاتھ آئے تو کوئی گل لالہ دینا ؛ شاہزادے
کو یہ فریب دیکے اُسپر راضی کیا شاہزادہ بیچارہ ناتجربہ کار اُس مکار کے
فریب مین آگیا شب کو جب بادشاہ سو گیا اُس نے دست جرات بڑھا کے
آہستہ انگشت بادشاہ سے انگشتری کھینچی بادشاہ بیدار ہوا اور غلام کا ہاتھ پکڑ لیا
اور کہا کہ یہ جرأت تو نے کیون کی اور اس انگوٹھی سے تجھے کیا کام تھا شاہزادے
نے جوہری کا نام نہ لیا اور تقریر مین عاجز ہوا بادشاہ نے غضب مین آکے سیاف
کو اُسکے قتل کا حکم دیا جلاد نے دستور کے موافق جامہ اُسکے بدن سے دور کیا بادشاہ
نے خال سیاہ غلام کے شانے پر دیکھا بس دیکھتے ہی بیہوش ہو گیا جلاد اس سانحے
کو دیکھکے متحیر ہوا اور قتل مین تامل کیا جب کہ بادشاہ ہوش مین آیا اور بلحاظ
اول خط و خال فرزند کے دیکھے اور یہ نشان کہ جیسے خواص حکما نے بیان کیے تھے
اُسنے مشاہدہ کر کے پہچانا کہ یہ میرا وہی فرزند گم گشتہ ہے اسکے بعد سر و چشم چومنے لگا
اور کہا کہ اے فرزند صحبت کفشگر مکار سے فراق تیرا حاصل ہوا مجھے اس وقت
شاہزادے نے اپنا حال گذشتہ اور یہ حال تازہ کہ جوہری نے مجھے اس بے ادبی
پر تحریص دی تھی والا مین ایسی بے ادبی کیون کرتا سو بجنسہ بیان کیا بس
بادشاہ نے جوہری کو سزائے معقول دی اور بیٹے کو نصیحت کی کہ آئندہ
ناکسون کی مصاحبت سے پرہیز کرنا کہ مانند ان صورتون کے پھر کسی حادثے

مین گرفتار نہو فائدہ اس مثل کا یہ ہی کہ خاطر اشرف بادشاہ پر ظاہر ہو کہ بدچلون
کی صحبت شاہ کو بندہ اور بندے کو سرافگندہ کرتی ہی اور یہ زرگر بھی اُنھین
لوگون مین سے ہی محافظت اور احتراز اس سے ضرور چاہیئے۔ اور حال یہ ہی کہ
حضرت اُسکی پرورش مین سرحد افراط سے درگذرے ہین مصلحت یہ ہی کہ اسکے
تقرب مین جانب اعتدال ملحوظ رہے کہ تاخلل کلی پیدا نہو کہ اسکا تدارک حد
امکان سے باہر ہو جائے بادشاہ نے وزیر کی بات پر کچھ التفات نہ کیا اور کہا کہ
سلاطین باتمکین بغیر تلقین خرد کسی کام مین شروع نہین کرتے ہین اور بے مدد الہام
غیب کسی راہ خیر مین قدم نہین رکھتے ہین حق یہ ہی انسان کے شرف ذات اور
کمال صفات مین نسبت عالی اور خاندان قدیم کو کچھ داخل نہین ہی بزرگ اور
اکرام انسان کا فضل اور ادب پر ہی نہ اصل ونسب پر کیا نہین سُنا ہی تو نے کہ اللہ تعالے
فرماتا ہی۔ ان اکرمکم عند اللہ اتقکم خلاصہ یہ ہی کہ اکرم تمھارا کون ہی جو نزدیک اللہ
کے متقی ہو تم مین سے **نظم** از ہنر خویش کشا سینہ را ٭ مایہ مکن نسبت دیرینہ را ٭
آب گہرہاے کہن را مجوے ٭ ورچہ کہن گشت بود زرد روے ٭ اور شریف اور بزرگوار
شخص وہ ہی کہ بادشاہ وقت اُسے برگزیدہ کرے ایک بادشاہ عالی قدر نے کہا ہی
کہ جسکو ہم اُٹھاتے ہین سر اُسکا فرق فرقدان سے گذر جاتا ہی اور جسکو ہم گراتے ہین
کوکب اسکے بخت کا حضیض نکبت مین گر پڑتا ہی نسیم ہمارے لطف کی اگر شورہ زار
مین بھی وزان ہو تو وہ رشک گلستان ارم ہو جائے اور اگر برق قہرمان ہماری
آتش فشان ہو تو خرمن مملکت ایکدم مین جل جائے **رباعی** آتش خشم سے شرر کرتے
ہین جسکو مردود ٭ روسیہ ہوتا ہی برباد وہین صورت دود ٭ شہ اگر خار کو مقبول کرے
تو دم مین ٭ رشک گلزار بنے صورت نار نمرود ٭ اور ہمنے اس جوان کو اُٹھایا
ہی اور اس کا سر حرمت دروازہ رفعت کو پہونچایا ہی یقین ہمارا

یہ ہی کہ کبھی یہ خط خطا کی طرف نہ کھینچے وزیر نے دیکھا کہ بادشاہ کو اُسکی طرف رغبت
تمام ہی خاموش ہو رہا اور کبھی پھر اُسکا مذکور نہ کیا جبکہ چند روز گذرے اور زرگر نے
اپنے دست اختیار کو دراز پایا جادۂ اعتدال سے پانوٗن باہر رکھا یعنی اُمید و بیم اور
وعدہ وعید سے خلق کے مال مین تصرف شروع کیا ایک دن شاہزادی کے زیور
کے واسطے احتیاج ہوئی جواہر کی جس طرح کا جواہر مطلوب تھا خزانہ بادشاہی مین
نہ پایا اور نہ جوہری بازار مین ہاتھ آیا زرگر کو کسی اُسکے دشمن نے خبر دی کہ فلانے
جوہری کی دختر کے پاس ایسے جواہرات بہت ہین زرگر نے آدمی بھیجے جوہری بچی نے
انکار کیا کہ ہرگز ایسے جواہر میرے پاس نہین ہین ہرچند اُسنے عذر کیا زرگر نے نہ مانا
القصہ زرگر نے دختر شاہ سے کہا کہ مین نے سُنا ہی کہ اُس سوداگر بچی کے پاس ایسا
درشہوار ہی کہ جوہری فلک نے ایسا دانہ آنکھ سے نہین دیکھا ہی اور جب سے کہ دایہ
دریا نے در یتیم کو مہد صدف مین پرورش کیا ہی غواص نظر نے نظیر اس دانہ گوہر کا کبھی
مشاہدہ نہین کیا ہی **بیت** نہ زہرہ مین ہی یہ درخشندگی ٭ نہ ہی چاند مین ایسی رخشندگی٭
اور وہ یاقوت خوش آب اُسکے پاس ہین کہ شکم کان مین ربوبیت خورشید سے بصد
خون جگر اُن کی پرورش ہوئی ہی اور چند پارۂ زمرد ہین کہ اس طرح کا رنگ اور سنگ
اور ڈھنگ رکھتے ہین کہ دیکھنے والون کی آنکھین چمک اور دمک سے نظر خیرگی کرتی ہی
اور مردم دیدہ کی اُنکے مشاہدہ سے روشنی بڑھتی ہی **بیت** ز دو نور بصر فزود معلوم شد٭
کز سبزہ شود روشنی چشم فزون ٭ اور چند دانے لعل کے ہین کہ گلنار فارسی کی طرح نظرون
مبصرون کے آگے آتش افروزی کرتے ہین اور چند فیروزے صاف اور خوشرنگ ہین
کہ مینا سے سپہر اُن کی لطافت اور صفائی رنگ سے رشک کرتا ہی **بیت** یاقوت
برنگ لعل خندان ٭ فیروزے ہین مثل خط جانان ٭ یہ ترغیب دے کے کہا
کہ ملکہ کسی کو حکم دے کہ وہ اُس جوہری بچی کو ساتھ اس سب جواہر کے حاضر کرے

اگر بقیمت مناسب بیچے تو بہتر ہو ورنہ بے تکلف اور تشدد اُس سے لیے جائین ملکہ نے جوہری بچی کو بلایا اور کہا اُسنے سوگند کھائی کہ اس طرح کے جواہرات خواب مین بھی دیکھے نہین ہین اور جو کچھ کہ میرے پاس ہین سو سب حاضر ہین یہ کہا اور سب ولنے کہ جو اسکے پاس تھے روبرو رکھدیے زرگر نے وہ پسند نہ کیے اور ملکہ کو کہا کہ یہ بد سرشت جب تک سزا نہ پائیگی نہ بتائیگی شہزادی کہ جام جہالت سے مست اور بیہوش تھی اور دوسرے فریب اس دیو سیرت کا شامل ہوا اور تیسرے نخوت سلطنت اور شیطان نے مددگاری کی اس عاجز کو بیگناہ شکنجہ عذاب سخت مین کھینچا وہ ضعیفہ اس عذاب الیم کی کب متحمل ہو سکتی تھی بس اُدھر آہ کھینچی اور اِدھر جان بحق تسلیم کی جب کہ یہ حال گذرا وزیر نے بادشاہ کو آگاہ کیا بادشاہ عادل کا مزاج کب تحمل ایسے ستم کا رکھتا تھا غیرت عدل سے آفتاب اُسکی آنکھوں مین سیاہ ہوگیا اور اُسکے وارثون کو بلوا کے نہایت دلجوئی کی اور یہانتک انعام دیا اور بمدارا و الطاف پیش آیا کہ اندوہ اُنکا برطرف ہوگیا اور اُس لئیم بدکردار کی مصاحبت سے شاہزادی پایۂ اعتبار سے ساقط ہوگئی اور عتاب قہر سلطانی مین گرفتار ہوئی اور زرگر کو بھی سزا کے واسطے طلب کیا وہ شیطان سیرت پہلے ہی سے روپوش ہوگیا تھا اور شاہزادی کی مان نے بیٹی کو شہر سے باہر ایک باغ مین بھیجدیا بایں خیال کہ جب قہر سلطانی کم ہوگا تو بلا لونگی زرگر اسی شہر مین چندے مخفی رہا جب سُنا کہ ملکہ چار باغ مین فروکش ہو زرگر چھپکر شاہزادی کے پاس آیا شہزادی نے زرگر کو دیکھکر کہا کہ اے بدبخت شوم خو بوم دیدار پھر آیا اب کیا اور کوئی فتنہ خوابیدہ کو بیدار کریگا دور اور دفع ہو کہ بار دیگر یہان آنا تیرا وبال جان ہوجائیگا زرگر مایوس ہوکر پھر گیا اور سرپھرا پھرتا تھا کہ اتفاقاً ایک بیشے مین رات ہوگئی شکاریون نے درندون کی گرفتاری کے واسطے اُس جنگل مین گڑھا کھود

تھا اور ایک بندر اور ایک سانپ اور ایک ببر یہ سب پہلے سے آگین گر چکے تھے یہ
زرگر بھی کہ ہمیشہ اورون کی راہ مین کنوان کھودا کرتا تھا قضارا اسی کنوئین مین گرا
بیت لمولفہ ظلم کرتا ہی زمانِ جاہ مین جو چاہ کھودا تا ہی اپنی راہ مین جو
وہ جماعت کہ گڈھے مین ایک جا تھی اپنے اپنے رنج سے اورون کی ایذا پر متوجہ نہوئی
تھی چند روز اسی طرح گذرے تھے کہ ایک سیاح رحم دل شہر سے بارادہ سفر نکلا
اتفاقاً اُسی گڑھے پر آیا حال ان کا دیکھ کر پریشان خاطر ہوا اور دل مین کہ یہ
شخص بنی آدم مین ہی اور اس بلا مین پڑا ہی قریب ہی کہ ہلاک ہو جائے مروت سے
دور ہی کہ اسے ورطۂ ہلاکت مین چھوڑ دون جس طرح ہوسکے اسے نکالون اور ثواب
اسکا اُس دن کے واسطے کہ لاینفع مال ولابنون ہی ذخیرہ کرون آخر اُسنے رسی
اُس گڑھے مین لٹکائی پہلے اُس رسی مین بندر چمٹ گیا اُسنے باہر کو کھینچ لیا دوسری
بار رسی ڈالی سانپ لپٹ گیا اُسے بھی باہر کھینچا تیسری بار ببر نے پنجہ رسی مین ڈالا
وہ بھی باہر آیا جبکہ یہ تینون باہر نکلے سیاح کو دعا دی اور کہا کہ تو نے احسان عظیم
ہم پر کیا اس وقت ہم کوئی عوض اسکا نہین کرسکتے ہین بوزینہ نے کہا کہ میرا در یہ پہاڑ
کہ شہر کے متصل ہی اسمین میرا مسکن ہی اگر وہان تک قدم رنجہ فرمائیے تو جو کچھ کہ
طریق بندگی میرے وسعت اختیار مین ہی سو بجا لاؤن ببر نے کہا مین اسی بیشہ
مین رہتا ہون اگر مجھے سرفراز کرے تو غلامون کے مانند تیری بندگی کرون
سانپ نے کہا کہ مین فلان مقام پر شہر مین مسکن رکھتا ہون اگر اُس جگہ تشریف فرما
ہو تو جو کچھ ہوسکے خدمت بجا لاؤن اور کہا کہ ایک پند اور کرتا ہون کہ سننا اور
عمل کرنا اُس کا فرض ہی وہ یہ ہی کہ اُس شخص کو کہ کنوئین مین ہی اُس سے نہ نکال
کہ آدمی بدعہد ہوتے ہین اکثر اور پاداش نیکی کی بدی کرتے ہین اُن کے جمال پر
فریفتہ ہونا نہ چاہیے اور اُن کے قبح باطن اور ناپاکی طینت سے اجتناب واجب ہے

بیت بگذر از صورت و سیرت بصفا دار از انکہ ؛ آدمی شکل بود کو تبر از دد باشد ؛

اکثر اہل روزگار آرایش صورت پر مالوف ہین اور صلاح معنی سے غافل **مصرع** دیدہ را یوسف اند و دل را گرگ ؛ علی المخصوص یہ شخص کہ چند روز ہمارے ساتھ رہا ہی اُسکی خصلت و خو کو مین نے خوب پہچانا ہی اور اسکے بشرے سے علامت بیمروتی اور بیوفائی کی پائی جاتی ہی **بیت** وفا مجوے ز خوبان کہ ہیچکس نشنیدہ ؛ بہیچ دور زگلزار دہر بوے وفا ؛ اور اگر میرے کہنے پر عمل نہ کریگا تو ایکدن اسی کے ہاتھ پشیمانی کھینچیگا سیاح نے سانپ کے کہنے پر عمل نہ کیا اور رسی کو ڈال کے زرگر کو نکال لیا زرگر نے بعد شکر گذاری کے شمہ حال بادشاہ کی بے التفاتی کا اور اپنی خواری اور ذلت کا بیان کیا اور یہ التماس کیا اگر کبھی مجھے سرفراز کیجیے تو جو کچھ خدمتگذاری ہو سکے تو وہ میری سعادت ہی سیاح نے کہا کہ مین نے مدت سے ترک تعلق کیا ہی اب چند روز سیاحی کرونگا اور تماشا عالم کا دیکھونگا لیکن اگر موت نے امان دی اور زندہ آیا البتہ تا مقدور ارادہ ملاقات کا کرونگا یہ کہکر سب کو وداع کر کے روانہ ہوا اور ہر ایک اپنی اپنی جگہ کو گیا اور زرگر شہر مین آکے ایک گوشے مین چھپکر بیٹھا اور بادشاہ وزیر کی نصیحت نہ سننے سے منفعل تھا اور بیٹی کی طرف التفات نہ کرتا تھا اور کسی کی سفارش اُسکے حق مین نہ سنتا تھا اس قصہ مین ایک سال گذرا سیاح نے اکثر بلاد و ولایت کا تماشا دیکھا اور چند صد دینار سرخ بھی ہاتھ آئے آخرکار ارادہ وطن کا کیا اور خیال کیا ہر چند سفر مجھے وسیلۃ الظفر ہوا ہی کہ فلاح ساعت بساعت پیش آئی ہی اور سعادت اپنی منہ دکھاتی ہی یعنے مال و زر بھی ہاتھ آیا اور کار ثواب بھی حاصل ہوے لیکن وطن کی ہوا نہایت سازگار اور چشمۂ وطن خوشگوار ہی آخر طرف وطن کے روانہ ہوا ایک دن نزدیک اُس کوہ کے جس مین بندر کا مسکن تھا شام ہوگئی اُسی جگہ پڑ رہا کہ دو دزد خونریز فتنہ انگیز مریخ خنجر گزار جن کے تیر سینہ شگاف سے حذر کرتا تھا اور سپہدار فلک

دو یار زیرک و از بادۂ کہن دو منی ؛ فراغتی و کتابی و گوشۂ چمنی ؛ ہمین کہ صورت پر ... اور خصلت بھی ... ؛ بادشاہ کو سیاح ... ؛ مین ... ؛ ... انسان ... صورت ... ؛ ... ۔۔۔

ان کی تیغ کے ہول سے سپر ماہ اپنے منھ پر رکھتا تھا بالین سیاح پر آئے اور نقد و جنس جو کہ اسکے پاس تھا سب لے لیا اور ہاتھ اُس بیچارے کے کند سے باندھکر ایک خطرناک ٹیلے پر کہ شاہراہ سے بہت دور تھا چھوڑ دیا سیاح دل سے کہتا تھا کہ ابھی زبان چلتی ہی شکر کیون نہین کرتا ہی غرضکہ تمام شب ہاتھ پاؤن بندھے اور زبان شکر کھلی تھی جب صبح ہوئی اور طاقت درد کے تحمل کی نہ رہی فریاد آغاز کی بیت

می رسد گر کند دلم فریاد ❊ لیک فریاد رس نمی بینیم ❊ اشک حسرت آنکھون سے جاری تھے اور سوز سینہ سے فریاد کرتا تھا اور کہتا تھا کہ افسوس کوئی اس مہلکہ مین میرے حال سے خبردار نہوا اور عبث بیابان مرگ ہوا بیت کس سے اظہار کرون حال پریشان اپنا ❊ کوئی دلسوز نہین جز دل نالان اپنا ❊ صبح کو بندر بھی تلاش معاش مین اپنے مسکن سے باہر آیا تھا اور اُس ٹیلے کے حوالی مین پھرتا تھا ناگاہ آواز دردناک کان مین آئی اور اُس آواز سے بوے آشنا آتی تھی اس آواز پر ٹیلے کے قریب آیا جبکہ سیاح کے سر پر پہونچا اور پہچانا اور اپنے محسن کو بستہ بند بلا دیکھا سیلاب خون آنکھون سے جاری کیے اور کہا کہ اے دوست اس جگہ کیون پڑا ہی تو اور حال تیرا کیا ہی سیاح نے کہا اے یار مہربان اس محنت آباد دنیا مین کوئی راحت بے جراحت حاصل نہین ہوتی ہی اور خزانہ روزگار غدار مین کوئی گنج لطافت بے زخم اژدہاے رنج و آفت ہاتھ نہین آتا ہی بیت لمؤلفہ فائدہ بھی یہان تو نقصان ہی ❊ سنگ کھاتے ہین باردار درخت ❊ اور جو کوئی اس نکتہ سے آگاہ ہوا اُسکو نہ کاوش خار آزار گیتی سے مانند ابر خزان کے اشک گرانا مناسب ہی اور نہ جلوۂ گلنار تازہ پر موسم بہار کے مانند طرح طرب کی ڈالنا لایق ہی کیونکہ نہ اُس غم کو ثبات اور نہ اس شادی کو قرار ہی ابیات گویا ہی یہ تقریر عارفان است ❊ نہ غم نیست ہو نہ شادی ہست ❊ آسمان جس کو سیر کرتا ہی

بیابان مرگ بے کسی کی موت مرنا ۱۲

[illegible] ۱۲

ہیضے سے وہ غریب مرتا ہو ٭ جیسے پانی سے سیراب نے کیا ٭ ہوگیا آخر اسکو استسقا ٭
جس سے اس کج ادانے نیکی کی ٭ ساتھ مین اُسکے اک بدی بھی کی ٭ اسکے بعد قصہ چورون
کا اور مال لیجانے کا اور اپنے باندھکے ڈال جاتے کا بہ تفصیل بیان کیا بندر نے کہا
دل خوش رکھ بیت در نومیدی بسے امید است ٭ پایان شب سیہ سپید است ٭
اور مین بقدر لیاقت تدارک اُسکا کرتا ہون اور مقدم یہ ہو کہ تیری رہائی ہو اُسکے بعد
سیاح کے دست و پا کے بند کاٹے اور اُس جگہہ کہ اپنا گھر خس و خاشاک سے بنایا تھا
لے گیا اور جو میوہ تر و خشک کہ موجود تھا حاضر کرکے التماس کیا کہ آج کے دن
اس مکان سے پاؤن باہر نہ رکھنا اور فراغ خاطر سے بستر آسایش پر آرام کرنا
اور مین ایک کام کے واسطے جاتا ہون یہ کہا اور روانہ ہوا چورون کے نشان پا
پر جاتا تھا چور کہ تمام اسباب دزدی لےکر ساری رات چلے تھے صبح کو کوفتہ ہوکر
ایک چشمے پر سو رہے اور اسباب کھول کر رکھدیا تھا اور باول امین اور خاطر مطمئن
آرام کیا تھا چاشت کے وقت بندر بھی جا پہونچا اور اُنکو غافل پاکر فرصت غنیمت
جانی اور پشتارہ کو پھاڑ کر اسباب نکالا پہلے خریطۂ زر کا اُٹھاکے ایک گوشے مین
گڑھا کھودکے دفن کردیا اور دوسری بار باقی اسباب لے جاکر دوسری جانب
مین دفن کیا یہان تک کہ اسباب چورون کا کچھ بھی باقی نہ رہا اور آپ درخت پر
جا بیٹھا اور منتظر اُن کی بیداری کا ہوا آخر جب چور بیدار ہوئے اور زر و اسباب
مین سے کوئی چیز نہ دیکھی تو سراسیمہ ہوکے ہر طرف دوڑتے پھرتے تھے
ایک اُن مین سے کہ وہ عاقل تھا اُس نے کہا اے برادر اس چشمہ پر آمد و شد
آدمیون کی نہین ہو اور دوسرے ... کے قدم کا نشان بھی نہین پایا جاتا ہو
یہ کام کسی طرح آدمیون سے نہین ... غالب ہو کہ یہ چشمہ جگہ دیوؤن کی اور
پریون کی ہو اور ہم گستاخانہ ... آئے اور دست و پا دراز کرکے

سو رہے اس لیے یہ حرکت اس قوم سے ہوئی ہو اور یہ بھی جگہ شکر کی ہو کہ اُنھون نے ہمین قتل نہین کیا اب بہتر ہو کہ بیابان سے بھاگین اور نیم جان کو باقی رہی ہو اسے سلامت لے جائین اُسکے بعد با دل تنگ اور ترس ناک بھاگے اور بندر اس کی سعادوت سے خاطر جمع کرکے اپنے گھر آیا اور صورت حال یار سے کہی اور اس شب سیاح کو اپنے گھر رکھا جب کہ دن ہوا بندر سیاح کو چشمہ پر لایا اور جو کچھ کہ زر اور لباس اُسکا چور لے گئے تھے سپرد اُسکے کیا سیاح نے اپنا مال لے لیا اور جو رخت چورون کا ہاتھ آیا اُسے نہ لیا اور شکر گذاری کرکے بندر کو رخصت کیا اور آپ روانہ ہوا چند فرسخ راہ گیا تھا کہ اتفاقاً گذر اُسکا ببر کے مسکن پر ہوا جبکہ وہ مانند شیر ژیان کے نمودار ہوا سیاح نے ڈر کر چاہا کہ بھاگے ببر نے آواز دی کہ خوف نہ کر مجھے تیرا احسان بھولا نہین ہو اسکے بعد نزدیک آکے کمال محبت سے پیش آیا اور التماس کیا کہ ایک ساعت توقف فرما سیاح اُس کی رضا مندی کے واسطے متوقف ہوا ببر تلاش مین تحفے کے کہ ایک مہمان کے لائق ہو ہر طرف دوڑتا پھرتا تھا کہ گذر اُسکا اُسی باغ مین جس مین کہ بادشاہ کی بیٹی رہتی تھی ہوا دیکھا شہزادی لب حوض زیور قیمتی پہنے بیٹھی ہو ببر نے ایک ہی پنجے مین کام اسکا تمام کیا اور سب زیور لے کر سیاح کے آگے دھرا اور بمنت کہا کہ یہ آپ کی نذر ہو سیاح نے زیور کی شکر گذاری کی اور شہر مین آیا اپنے دل مین کہا کہ جب بہائم اور سباع سے حسن عہد درست پایا زرگر تو انسان ہو کہان تک میرے احسانون کا عوض نہ کرے گا اور اسے جواہر شناسی مین مہارت ہو یہ جواہر اُسکی معرفت خوب بکے گا اس خیال مین زرگر کے پاس آیا اور ماجرا مو بمو بیان کیا زرگر باعزاز تمام پیش آیا اور اسی دن بادشاہ کی دختر کے قتل کا شہرہ تمام شہر مین ہو رہا تھا زرگر نے کہا کہ وہ جواہر کہان ہو دیکھون مین سیاح نے زیور مرصع نکال کے

آگے رکھا دیکھتے ہی زرگر نے پہچانا اور دل مین کہا کہ یہ زیور شاہزادی کا ہی
خوش ہوا اور کہا کہ یہ زیور ایک سلطنت کے خراج کی قیمت رکھتا ہی اے سیاح
دل خوش کر تجھے فکر احتیاج سے فارغ کیے دیتا ہون اور باخود کہا کہ آج وقت ہی
اور موقع تاخیر کا نہین ہی یہ خوب وسیلہ بادشاہ سے صفائی کا ہاتھ آیا کہ وہ بیٹی کے
غم مین مبتلا ہی اور تلاش قاتل مین بیٹھا ہی اگر نشان اُسکے زیور کا پائے گا تو
اسکے جلد وہین پھر شاہی مرتبہ میرا کر دے گا اور سیاح کو قتل کرے گا زاہد کو کہا تو
اب بخاطر جمع بیٹھ مین زیور لے کر جوہریون کے پاس جاتا ہون اور اسکے بعد معہ
زیور در دولت بادشاہی پر آیا اور کہا کہ مین نے ملکہ کے قاتل کو معہ زیور گرفتار کیا ہی
بادشاہ نے اُسے بلایا اور زیور کو دیکھا کہا کہ سیاح کو لاؤ زرگر سیاح کو بادشاہ
کے روبرو لے گیا بادشاہ نے حکم دیا کہ اسے آج تمام شہر کے گرد پھرائین اور رات
کو قید رکھین کل اسے قتل کرون گا بیچارہ سیاح بے گناہ آہ آہ کرتا تھا اور کہتا تھا
کہ اے زرگر جو تو نے دوستی مین کیا کوئی ایسا دشمنی مین نہ کرے گا عوض احسان
کا یہی تھا مین نے کہنا اُس سانپ کا نہ مانا وہی ندامت اُٹھائی اگر ہزار چند اسکی
سزا اور جزا مجھے ملے تو بھی تھوڑی ہی مگر بادشاہ کو یقین ہوا کہ کلام اِسکا مکاری
سے ہی اور گنہگار یہی ہی بموجب حکم کے اسے تمام دن پھراتے تھے اور وہ سانپ
بانبی کے اوپر دیکھتا تھا آخر اسنے پہچانا کہ وہی شخص ہی جس نے مجھے گڑھے سے
نکالا تھا غمگین اور منتظر فرصت کا تھا کہ شب ہوئی اور سیاح کو زندان مین
لے گئے جبکہ رات کو فرصت پائی سانپ اسکے پاس آیا اور کہا کہ مین نے
کہا تھا کہ انسان بدگوہر وفادار نہین ہوتا ہی اور احسان کے عوض
مین بدی کرتا ہی اور تو نے جو نصیحت میری نہ مانی اور زرگر بدعمل
کو کوئین سے نکالا مین اُسی دن سمجھا تھا کہ تیرا انجام ندامت پر ہوگا

بیت سن بجان روز ز غمہا نشع بہ بہ یم ٭ کہ عنان دل شیدا بکف شیرین داد ٭
سیاح نے کہا کہ اے دوست مہربان خجل کرنے سے ملامت دل کے جراحت پر نمک پڑتا
ہی اس سے سوز دل اور اضطراب خاطر کے سوا اور کچھ حاصل نہین ہوتا ہی اور مجھے
یہ رنج کیا کم ہی کہ تیری نصیحت نہ ماننے سے رسواے جہان اور بدنام انس و جان ہوا
اب وہ صلاح بتا کہ اس بلا سے رہا ہوون سانپ نے کہا کہ تدبیر یہ ہی کہ مین جا کے
بادشاہ کی مان کو کاٹتا ہون ایک خلقت عاجز آئیگی پر وہ صحت نہ پائیگی یہ بوٹی لے
اور بادشاہ کی مان کو پلا دینا فی الفور صحت پائیگی تو شاید کہ اس جلد وین تیری
رہائی ہو جائے سیاح نے شکر گزاری کی اور سانپ بوٹی دے کر روانہ ہوا اور جا کر
بادشاہ کی مان کو کاٹا بادشاہ تمام شب سرہانے مان کے بیٹھا رہا اور معالجہ مارگزیدہ
اطبا سے پوچھتا تھا طبیب بھی جو کچھ کہ تریاق وغیرہ انکی دوائین مقرر ہین دیتے
تھے کچھ فائدہ نہوتا تھا جبکہ صبح کاذب ہوئی سانپ نے بام پر آکر آواز دی کہ
علاج مارگزیدہ کا نہایت مجرب سیاح بے گناہ کے پاس ہی کہ زندان مین محبوس اور
موجود ہی بادشاہ نے کہا کہ دیکھو بام پر کون شخص ہی ہر چند کوٹھے پر لوگون نے
ڈھونڈا نشان کسی کا نہ پایا یقین ہوا کہ ہاتف غیب نے آواز دی ہی سیاح
زندان سے بلایا گیا اور دوا کی درخواست کی سیاح نے کہا بیت ہمیشہ
درگہ عدل و کمال احسانت ٭ چو کعبہ مقصد حاجات اہل عالم باد ٭ علاج
اس زہر کا میرے پاس ہی امید خدا سے رکھتا ہون کہ ملکہ جہان اسی دم صحت
پائے لاکن اُمیدوار ہون کہ اول بادشاہ میری پریشانی کا حال سن لے اور
عدل شاہی کے بھی زیبندہ یہی ہی کہ گوش ہوش مظلومون پر کھلا رکھے اور جو
بادشاہ کہ شنوائی حال مظلومون کی نہین کرتا ہی وہ جہانبانی کے سزاوار نہین
ہوتا ہی سخن راست سیاح کا بادشاہ کے دل پر اثر کر گیا اور بطریق لطف کہا

کہ حال اپنا از ابتدا تا انتہا بلا دہشت بیان کر سیاح نے سب حال اپنا بسبب اس جراءت کے کہ راست گویون کی قدرتاً ہوتی ہی دلیرانہ اور مشروحاً بیان کیا بادشاہ کو یقین ہوا کہ یہ بیگناہ ہی اُسکے بعد سیاح نے بوٹی دودھ مین گھولکر بادشاہ کی مان کو پلائی فی الحال اسنے شفا پائی بادشاہ نے سیاح کو خلعت گرانبہا اور انعام کثیر سے سرفراز فرمایا اور زرگر غدار مکار ناحق شناس کو دار پر کھینچا آخر اپنے کردار کی مکافات کو پہونچا نظم

درین دار المکافات آنکہ بد کرد اگر خواہی نکو باشی نکو باش	نہ بر حال کسان پامال خود کرد ہمیشہ راست کار و راستگو باش

یہ ہو مثل بادشاہون کے فائدہ کے واسطے کہ کن شخصون کو اپنا مصاحب کرین اور متعلقون کے حال کا تفحص کرتے رہین اگر بادشاہ حلب کا اس بداصل بے ادب کی پرورش نہ کرتا تو بیٹی بادشاہ کی قصور عظیم مین مبتلا نہوتی اور بطریق جزا کے پنجہ شیر سے جان اپنی نہ کھوتی اور اگر بادشاہ قول ظلوم ستمدیدہ کا نہ سنتا تو حق باطل سے اور راست دروغ سے جدا نہ ہوتا بادشاہ کو لازم ہی کہ بغیر تحقیق واقعی کے پرورش نااہل کی نہ کرے اور سیاست کے وقت ترحم اور نیکی کے موقع پر بدی کی تجویز نہ فرمائے اور فراش قضا نے کہ بارگاہ دولت انکے لیے ایستادہ کیا ہی اور کارفرمائے قدر نے کہ نوبت جہانداری کی واسطے انکے بجائی ہی تو لازم ہی کہ ایسی سعی کرین کہ وہ کام ان سے ظہور پاے کہ باعث نیکنامی دنیا اور سبب نجات عقبیٰ ہو۔ قطعہ

ہر مدتے نظر بکسے کند سپہر چون کام جاودان مقصور نمیشود	ہر نوبتے زمین بکسے دہد زمان خرم کسے کہ ماند از و نام جاودان

باب چودھوان مشتمل ہی عدم التفات اور انقلاب زمانہ پر

یعنے بنائے کار کو قضا و قدر پر رکھنا بہتر ہی جبکہ رائے کشور آرائے نے یہ داستان کہ فائدہ مین خزانہ بیکران ہی حکیم پر فنون سے سُنی بجان و دل ممنون ہوا اور کہا کہ قطعہ

اے تشنگان بادیۂ شوق یافتہ ⁂ از بحر طبع روشنت آب زلال علم ⁂ برداشتہ ضمیر منیرت بدست فکر ⁂ روزی ہزار بار نقاب از جمال علم ⁂ تصدیع جناب حکمت مآب کی زیادہ حد سے گذری اور تکلیف دہی اس طرف سے حد بے ادبی کو پہونچی اور نزدیک ہی کہ طناب اطناب کی قطع ہو جاے مگر جو از راہ تلطف تیرھوین وصیت سے فیضیاب فرمایا تو نے اور داستان ملوک اور تربیت ندما اور متعلقون کی سُنی اور جو خلل ارذال کی صحبت اور سفلون کی مصاحبت سے پیدا ہوتا تھا اس سے مطلع ہوا ہین اب عنایت فرماکے مضمون وصیت آخری کا کہ چودھوین ہی مفصل بیان فرماکہ اس حکایت سے بھی ہین مشروحاً آگاہی پاکہ تیرا بندۂ احسان ہون اول یہ فرماکہ کریم مزاج اور عاقل کامل کیون بستۂ بند بلا اور خستۂ رنج و عنا رہتے ہین اور لئیم اور جاہل ورنادان غافل کس سبب سے بفراغت و رفاہیت زندگانی بسر کرتے ہین وجہ اُسکی اور سبب جلب منفعت اور دفع مضرت کا کیا ہی اور کس تدبیر سے محفوظ رہنا اور کون سی تدبیر سے مقصود کو پہونچنا ہو سکتا ہی برہمن نے جواب دیا کہ اے بادشاہ دولت اور سعادت کے واسطے مقدمات اور اسباب بہت ہین جو کوئی کہ اُسے حاصل کرکے اُس راہ پر چلے سزاوار جاہ و مکنت اور شایستہ عزت و رفعت ہوتا ہی مگر اُسکے نتیجے اور ثمرات تقدیر الٰہی سے متعلق ہین اور اصل ان سب کی تقدیر ہی اور اسکے بعد علم بادشاہی کیونکہ بغیر مشیئت ایزدی کے سب وسیلہ باطل ہوتے ہین بلکہ بارہا دیکھا ہی کہ بہت سے دانا نان شبینہ کو محتاج پھرتے ہین اور اکثر جاہل اور نادان کہ ہرگز لیاقت شوکت کی نہین رکھتے ہین اور تقدیر اُنکو سریر سلطنت پر بٹھاتی ہی قطعہ گنج شاہی ہند و فنان را ⁂ بہتر پیشہ نیم نان ندہند ⁂ سفلہ بر صدر و اہل دانش را ⁂ بغلط رہ بر آستان ندہند ایضاً ناسخ آیا ہی نظر عجب طرح کا یہ باغ ⁂ ہر پھول کو رنج کانٹون کو فراغ ⁂ دیکھی ہی عجب ہوا یہان کی اُلٹی ⁂ بلبل ہی قفس مین بند آزاد ہی زاغ ⁂ غرضکہ یہ سب وابستہ

حکم یہ دانی کے ہین ہر چند خرد کامل ہو اُس سے وجہ معاش سرانجام کر سکتا ہو مثلاً
حرفت کہ نزدیک عقلا کے آسان ہی دیا جمال زیبا کہ دلون کو صید کرتا ہی اور سبب منافع
کا ہوتا ہی لیکن جب تک قضائے الٰہی اُنکی یار نہو یہ سب ہیچ ہی اور کوئی ثمرہ ان سے
مرتب نہو سکے گا لاکن جوکہ پسندیدہ عقل ہی مآل کار اُسکا بخیر ہوتا ہی اور ثمرہ
نادانی کا بیشتر پشیمانی کو کھینچتا ہی چنانچہ ایک بادشاہزادے نے یہ حکایت شہر نسطور کے
دروازہ پہ تحریر کی تھی اور یادگار رہی اور اسبات کے واسطے ایک داستان رنگین
اور قصہ شیرین ہی رائے نے پوچھا کہ یہ قصہ کیونکر تھا **حکایت** کہا کہتے ہین کہ ولایت روم
مین ایک بادشاہ کامگار تھا اُسکے دو فرزند تھے نہایت علم و فضل سے آراستہ جب کہ
اُس بادشاہ نے داعی اجل کو لبیک کہا بڑے بھائی نے باپ کے خزانے پر قبضہ کیا
اور ارکان دولت کو نہایت شیرین زبانی اور چاپلوسی سے مائل اپنا بنایا اور تخت
سلطنت پر جلوہ افروز ہو کر آئین پدری کو جاری کیا جبکہ چھوٹے بھائی نے دیکھا کہ ہمارے
سلطنت بڑے بھائی کے سر پر سایہ فگن ہوا سمجھا کہ مبادا بھائی مجھے شریک سلطنت جانکر
ضرر پہونچائے اِس خوف سے کربت غربت اختیار کی **بیت** ز شہر خویش بلوم سر سفر
دارم بجز غم تو ندارم چہ توشہ بردارم * شاہزادے نے راہ دور و دراز تنہا اختیار کی اور
سر شام حد منزل کو پہونچا اور اپنی تنہائی اور غریبی پر روتا تھا اور کہتا تھا کہ پہلے ہی
منزل مین یہ کرب و بلا ہی تو انجام مین کیا ہوگا القصہ وہ شب تنہائی مین کاٹی
دوسرے دن جبکہ خورشید تابان نے تتق افق سے سر نکالا شاہزادے نے چلنے کا ارادہ
کیا ناگاہ ایک جوان خوش رو پیچیدہ مو ہمراہ ہوا شاہزادے نے دیکھا کہ ایک محبوب
ہی کہ قبائے کمال حسن اسکے قامت پر دوختہ اور دل آفتاب اُس کے
رشک شمع جمال سے سوختہ ہی جبکہ شاہزادے نے بغور وہ خط دلکش اور
رخسار ماہ وش مشاہدہ کیا دل مین کہا کہ الحمد للہ محنت سفر کی اس جوان کی

حکایت شاہزادہ نسطور

راحت موافقت سے آسان ہو جائیگی بلکہ اُس شخص کی آوارگی گھر سے بہتر ہے
جسکے ہمراہ ایسا محبوب ہو اُسکے بعد وہ دو یاسمن جوانی اور وہ دونو نہال جو بار
زندگانی باہم کی ملاقات سے اس قدر خوش ہوے کہ بیابان الم کو گلستان ارم تصور
کرتے تھے اور خارستان مشقت کو سامان جشن و خدم سمجھتے تھے رباعی درد ز خم الزلف تو
در چنگ آید ✻ از حال بہشتیان مرا ننگ آید ✻ در بے تو بصحرائے بہشتم خوانند ✻
صحرائے بہشت بر دلم تنگ آید ✻ اور دوسری منزل مین ایک سوداگر بچہ نہایت
ہوشیار کاروان صائب تدبیر دور اندیش تمام خرد کہ ہنگام کار تدبیر کامل سے رشتۂ
شب گردن روز پر باندھتا تھا اور وقت ضرورت فکر رسا سے جنبش خورشید کو
چار بازار فلک سے ارزان خرید کرتا تھا بیت حریفے چابکے شیرین زبانے ✻ لطیفے
ہوشیاری کاروانے ✻ وہ بھی اُنکے ہمراہ ہوا یعنی سعادت نے اس شکل مثلث مین
ظہور کیا تیسرے دن دہقان زادہ زور آور کہ ابواب زراعت مین بصارت شامل
اور اہتمام کشتکاری مین مہارت کامل رکھتا تھا اور علم فلاحت مین صناع بے بدل
تھا کہ اگر چوب خشک کو زمین سخت مین گاڑ دیتا تو تھوڑے سے عرصے مین نہال
اسکا کمال پر پہونچ کے میوہ افشانی کرتا اور فن دہقانیت مین برکت قدم اُسکی
یہ اثر رکھتی تھی کہ جس خاک پر پانون رکھتا تھا بے اُسکے کہ تخم اسمین بویا جاے زراعت
باردار ہو کر لہلہاتی تھی وہ مصاحب اُنکا ہوا جبکہ یہ چار رکن یکجا ہوئے دوستی
بدرجہ اتم ان مین پیدا ہوئی اور مضمون خیر الرفقاء اربعۃ نے ظہور پایا اور یہ آپس
کی مصاحبت سے باہم اتنے خوش تھے کہ عزیز و اقربا اور یار و دیار کو فراموش کر کے
منزل پیمائی کرتے تھے اور کربت سفر سے مطلق ملول نہوتے تھے بلکہ بسبب ملاقات
اور اختلاط آپس کے خرم و مسرور رہتے تھے القصہ قطع مسافت کے بعد شہر منظور
مین پہونچے اور کنارے شہر کے واسطے آسایش کے ایک جگہ بہتر سمجھ کر ٹھہرے

لیکن کسی کے پاس کچھ زاد راہ اور کوئی دینار و درم باقی نہ رہا تھا ایک نے ان یارون
مین سے کہا کہ وقت یہ ہی کہ ہر ایک اپنا ہنر دکھاے اور جد و جہد سے کچھ حاصل کرے
تا چند روز اس شہر مین بسر کرین اور محتاج آذوقہ کے نہون شاہزادے نے کہا کہ
کام عالم کا تقدیر الٰہی پر موقوف ہی اور کوشش اور جہد اور سستی اور کاہلی اسمین
زیادتی اور نقصان نہین کر سکتی ہی پس چاہیے کہ عاقل طلب دنیا مین فکر نہ کرے اور
عمر عزیز کو ایسی مردار کے پیچھے کہ باوجود ناپائداری کے دشمن بیوفا ہی رایگان نہ دے
نظم این جہان بر مثال مرداریست ٭ کرکسان گرد او ہزار ہزار ٭ این مر آنرا ہمیزند
مخلب ٭ وان مر این را ہمین زند منقار ٭ آخر الامر بر پرند ہمہ ٭ وز ہمہ باز ماند این مردار
اور کم زیادہ اسمین ہو سکتا ہی کہ اللہ تعالیٰ فرماتا ہی نحن قسمنا بینہم معیشتہم یعنی ہمنے تقسیم
کیا ہی رزق کو انمین یعنی مخلوق مین پس تقسیم خدا کو کس کی مجال ہی جو کم و بیش کر سکے
اور دوسرے یہ ہی کہ حریص کا انجام کار وبال و نکال پر ہوتا ہی **ابیات** گرچہ
بسے لقمہ بدست آوریم ٭ بیشتر از روزی خود کے خوریم ٭ پس ز پے آنکہ نہ روزی ماست
این ہمہ تشویش کشیدن چراست ٭ راہ رضا گیر و بر و مند شو ٭ حرص بیکسو نہ و خرسند
شو ٭ اسکے بعد جوان زیبا رو نے کہا کہ حصول زر کے واسطے حسن کا ایک وسیلہ ہی
معتبر جس جگہ کہ جسم جمال جلوہ آرا ہو غالب ہی کہ مال کی وہان کمی نہو اور جیسا کہ ظاہر
ظرافت ظہور پکڑے رافت اور مہربانی ہر طرف سے منھ دکھاے سوداگر نے کہا کہ
سرمایۂ حسن بازار معاملات مین ایک نقد ہی مگر بہت بے بقا کہ اندک زمانے مین
زائل ہو جاتا ہی مگر حصول دولت اور نعمت کے واسطے راے درست اور تدبیر صائب
اور کار شناسی اور معاملہ گذاری سے بہتر کوئی چیز نہین ہی اور جس کا پاے معیشت
اپنی جگہ سے لغزش کرے گا سواے پنجۂ عقل اور فراست کے اور کوئی دستگیری
نہ کر سکے گا **بیت** کریگا عقل سے کوئی اگر کام ٭ نہوگا دین و دنیا مین وہ ناکام

دہقان زادہ نے کہا کہ عقل اور تدبیر ہر جگہ کام نہین آتی ہی اور ہر وقت اُسکے
فائدے مترتب نہین ہوتے ہین کس واسطے کہ اگر دانش دولت کے حاصل کرنے کی
سبب ہوتی تو جو کوئی کہ دانائی مین سب سے بیش اور رای درست مین سب سے
در پیش ہوتا تو لواے دولت میدان سلطنت مین وہی بلند کرتا سو ایسا نہین ہوتا ہی
اور مین نے بہت عاقلون کو دیکھا ہی کہ زندان احتیاج مین گرفتار ہین اور وہ لوگ کہ
عقل سے بہرہ نہین رکھتے ہین بوستان تنعم اور مالداری مین خوش گذران کرتے ہین
بیت فلک بردم نادان دہد زمام مراد ٭ تو اہل دانش و فضلی ہمین گناہت بس ٭
بلکہ برکات کسب سے بھی آدمی کامگاری اور مسرت کو پہونچتا ہی اور وسیلۂ ہنر اور فائدہ
حرفت سے زیور شادکامی اور بہجت سے آراستہ ہوتا ہی نظم کسب کر زر اسی سے پائیگا ٭
عقل سے کچھ نہ ہاتھ آئیگا ٭ گرچہ ہین بادشاہ صاحب تاج ٭ ہین مگر کسب سے وہ سب
محتاج ٭ جبکہ نوبت کلام تمام ہوئی پھر سب نے شاہزادے سے التماس کیا کہ اب کوئی اور
نکتہ بیان فرمائیے شہزادے نے کہا کہ مین اسی مذہب پر ہون کہ پہلے سے شمہ اُسکی تقریر
کا بیان کیا تھا اور تم سب رفیقون کی بات بھی درست ہی کہ سرمایۂ حسن اور سرمایۂ عقل اور
کسب سے کچھ حاصل ہوتا ہی اسکا بھی منکر نہین ہون مگر مدعا یہ ہی کہ اگر جمال قضا پردون
کے پیچھے سے جلوہ نہ دکھائے و ستارۂ حسن افق اقبال سے طلوع نہ کرے اور جب تک کہ
کارگزار قدر در دروازہ دکان مشیت نہین کھولتا ہی متاع عقل و دانش بازار قبول مین رواج
نہین پاتا اور فائدہ کسب کا ایک نوالہ ہی کہ حوالہ کرنے سے تقدیر ازلی کے نصیب نیازمندون
کے ہوتا ہی اور نفع زراعت کا ایک توشہ ہی کہ خرمن ارادت لم یزلی سے مزرع جان
حرفت کو پہونچتا ہی اور بمقتضاے حکم ربانی جو خط کہ اندیشہ رنگ آمیزی سے
لوح خیال پر کھینچا جاتا ہی اور جو افسون عزیمت خوان کا کہ بے امداد تقدیر ورق تدبیر
سے پڑھا جاتا ہی انجام اُسکا ایک افسانۂ لاحاصل ہو جاتا ہی بیت چہ نقشہا کہ برانگیختیم سود

ندا شت * فسون ما برا و گشتہ است افسانہ * پس ثابت ہوا کہ اگر اللہ تعالی چاہے
تو مقصود ہر کسی کا بے محنت اور تعب بھی حاصل ہوتا ہے اور اگر اللہ تعالی کا ارادہ
اُسکے حصول پر نہو تو کوشش کچھ کام نہین آتی ہے پس گردن کو حکم الٰہی پر اور سر
تسلیم کو تقدیر ربانی کے نیچے رکھنا چاہیے ورنہ خسر الدنیا والآخرہ موجود ہے * مصرع
درمان نا رضا بقضا دادن ست وبس * جیسا کہ اس پیرمرد دہقان نے اپنا کام عنایت
الٰہی کے سپرد کیا اور تھوڑے سے دنون مین مطلب حاصل کرکے قید محنت سے آزاد ہو گیا
تینون یارون نے پوچھا کہ یہ قصہ کیونکر تھا حکایت کہا کہتے ہین کہ شہر اندلس مین ایک دہقان
تھا کہ ہاتھ اُسکا کشادہ اور اسباب زراعت سب آمادہ تھا چنانچہ چند روز مین اسنے
تین سو دینار سُرخ جمع کیے اس مال سے خوش رہتا تھا اور اُس مین سے کچھ صرف نہ کرتا تھا
ہر روز انھین کھولکر آگے رکھتا تھا اور شمار کرتا تھا اور زعفران زار طرب افزا سے لب عیش
کو خندان کرتا تھا ایک دن عادت مستمرہ کے موافق گنکر چاہتا تھا کہ تھیلی مین رکھے
کہ ایک آشنائے قدیم نے دروازہ پر آواز دی دہقان نے بحکم استر ذہبک اس خوف سے
کہ آشنا کو علم اسکا نہو جلدی سے اشرفیون کو ایک سبو مین ڈالدیا اور جلد باہر آکر
اس آشنا کے ساتھ کسی کام کے واسطے ایک قریے کو گیا اور جاتے وقت اپنی زوجہ سے
تاکید کر گیا کہ کھانا پکا رکھنا جبکہ دہقان گیا عورت نے چاہا کہ آش پکاے گھڑے کو
خالی سمجھکر گھر سے باہر لے کر آئی اور منتظر تھی کہ کوئی آشنا صورت نظر آئے تو اُس سے
پانی منگواؤن قضارا ایک قصاب گاؤ کی خریداری کے واسطے اس قریے مین شہر
سے آیا تھا اس طرف اتفاقاً اسکا گذر ہوا زن زوجہ دہقان نے کہ اس سے تعارف
رکھتی تھی کہا کہ اتنی تکلیف کر کہ یہ گھڑا مجھے کنوئین سے بھر لادے قصائی نے کہنا
قبول کیا اور وہ گھڑا اسکے ہاتھ سے لے لیا اور اس عورت کو یہ علم نہ تھا کہ اسمین
اشرفیان ہین قصاب گھڑے کو پس پشت پر رکھکے کنوئین کی طرف چلا راہ مین

اُسسے معلوم ہوا کہ کوئی چیز اور اس گھڑے مین کھڑکتی ہو جب کہ گھڑے مین ہاتھ
ڈالکر دیکھا تو توڑا اشرفیون کا پایا خوش ہو کر چھپا لیا اور کہا بیت دولت
آنست کہ بے خون دل آید بکنار ۞ ورنہ با سعی عمل باغ جنان این ہمہ ہیچ ۞ اور
یہ ستایش اور منت حضرت اللہ تعالیٰ شانہ کی بجا لاکے کہتا تھا کہ بے شائبۂ محنت
اور مشقت اور بے غائلہ رنج و اذیت یہ نعمت بے نہایت اور دولت بے غایت مجھے
عنایت فرمائی اب شکر گزاری اس نعمت غیر مترقب کی بھی واجب ہو اور حرفت بھی
چھوڑنا مناسب نہین ہو اور اس زر کو براے وقت احتیاج ذخیرہ رکھنا چاہیے اسکے
بعد اس قصاب کو زر کی خوشی مین پانچ اور گھڑا سب بھولا اور اپنے زر سے کہ ہمراہ
لایا تھا ایک گاؤ فربہ خرید کرکے گھر کی راہ لی جب کہ اس قریہ سے نکلا اور شام ہوئی
دل مین اندیشہ کیا کہ یہ زر میرے پاس ہو اور اس راہ خطرناک سے کیونکر راہ ملے گی
اور اگر کہین دفن کرتا ہون تو مبادا نشان اُس مکان کا بھول جاؤن اور اگر
کسی کے پاس کسی قریے مین امانت رکھتا ہون تو رسم امانت داری کی اس زمانے سے
اُٹھ گئی ہو صلاح یہ ہو کہ ان دینارون کو کسی طرح سے گاؤ کے حلق مین اُتار دون جبکہ
گھر مین یہ پہونچے گی اُسے ذبح کرونگا بجنسہ نکال لونگا اسکے بعد بیچاری گاؤ کو اس بلا
مین مبتلا کیا اور گوسالہ سامری کے مانند پرزر کرکے گھر کی طرف روانہ ہوا اتفاقاً راہ مین
اُسکا بیٹا ملا چند کام اور کہ قصاب کو ضروری تھے اُسکا بیان بیٹے سے کیا اور ان کامون
کے واسطے قصاب پیچھے پھرا اور گاؤ کو بیٹے کے سپرد کیا اور بیٹے کو اس راز سے آگاہ کیا
اس عرصے مین دہقان گھر کو پھرا تھا اور ایک مدت سے دہقان نے نذر مانی تھی کہ ایک
گاؤ فربہ قربانی کرونگا جب کہ ایسی فربہ گاؤ دیکھی واسطے خریداری کے متوجہ ہوا اور جو
قیمت کہ مانگی اُس سے زیادہ دیکر اور گاے کو لے کر گھر آیا اور ارادہ قربانی کا کیا اس حال
مین اُسے اشرفیون کا توڑا یاد آیا کہ اُس سبو سے نکالکر جاے محفوظ مین رکھے ہرچند

تلاش کیا سبو کو نہ پایا عورت سے پوچھا کہ گھڑا کیا ہوا عورت نے تمام حکایت بیان کی
دھوان دہقان کے دل مین اُٹھا اور زار زار رونے لگا ادھر خرد دوربین رسوائی سے
ڈراتی تھی کہ خاموشی اولےٰ ہی کہ شماتت اعدا سے تو بچے گا بیت جماعتے کہ گویند
بہر مال ومنال ٭ یقین بدان تو کہ بر خویشتن ہمی خندند ٭ دہقان ایک ساعت
ورطۂ تحیر مین رہا آخر دل کو راضی قضاے الٰہی پر کیا اور کہا مصرع بگذاشتیم
تا کرم او چہا کند ٭ اُسکے بعد گاے کو قربانی کیا اور پیٹ چیرا توڑا اشرفیون کا بجنسہ
اُسکے پیٹ سے نکل آیا خوشی سے بیہوش ہو گیا جبکہ ہوش مین آیا صرّہ اُٹھایا اور چاک
کرکے چومتا تھا اور آنکھون سے لگاتا تھا اور اپنے دل مین کہتا تھا کہ ایسا امر عجیب اور
سانحۂ غریب نہ کسی کی آنکھ نے دیکھا تھا اور نہ کانون نے سنا تھا کہ جس طرح سے
زر ہاتھ آیا اگر بار دیگر ایسا حادثہ پیش آیا تو بغیر اُس زر کے زندگانی نہوگی اب
احتیاط واجب ہی اسکے بعد وہ دہقان ہمیشہ اُس توڑے کو پاس رکھتا تھا اور اسکی
عورت ہمیشہ اسبات سے ملامت کرتی تھی کہ یہ عمل طریق توکل سے دور ہی اور ذخیرہ
رکھنا یہ دلیل ہی خدا کی رزاقی پر اعتماد نہ کرنے کی کیونکہ اللہ تعالیٰ ضامن رزق
کا ہی اور اپنے بندون کو ہر حال مین روزی پہونچاتا ہی پھر ذخیرہ رکھنے کے کیا معنے بلکہ
عاقل کامل وہ ہی کہ مال کے جمع کرنے مین حرص نہ کرے اور دیدۂ توکل کرم پر کریم
کارساز کے کھلے رکھے کہ کوئی فرد عالم مین ایسا نہین ہی کہ اُسکے خوان احسان سے
روزی نپاوے اور یقین کرنا چاہیے کہ روز ازل سے جو مقدر ہوا ہی زیادتی اور
نقصان اُسمین ممکن نہین کہ پیشانی تقدیر مین بیش وکم کی گنجایش نہین رہی ہی بس دہقان
نے کہا کہ اے عورت عالم اسباب مین تدبیر کے بغیر کام نہین نکلتا ہی ظاہر مین رعایت
اسباب کی کرنا اور باطن مین ساغر شراب توکل پینا چاہیے رباعی لمؤلفہ زنہار نہین
ہی یہ توکل ٭ کرنا ہر اک امر مین تغافل ٭ ہشیاری بھی کر خدا کو بھی سونپ ٭ یک جا ہی

توکل و تعقل پہ عورت خاموش ہو رہی اور دہقان نے وہ اشرفیان کمر مین باندھین
اور اپنے کام مین مشغول ہوا ایک دن چشمۂ آب پر غسل کرنے کو گیا اور وہ اشرفیان
کمر سے کھولکر کنارے رکھدین جبکہ نہانے سے فارغ ہوا کپڑے پہنکر روانہ ہوا اور اشرفیان
اسی جگہ بھول گیا مقارن اسکے ایک شبان بکریون کو پانی پلانے کو اُسی جگہ وارد
ہوا اور وہ اشرفیان لب چاہ دیکھکر جلد اُٹھالین اور اپنے گھر کو بھاگا اور گھر مین
آکر شمار کین تو تین سو دینار سرخ تھے اپنے دل مین کہا کہ یہ دولت خداداد بے سعی ہاتھ
آئی ہے اسے محافظت سے رکھون اور معاش اپنی حرفت قدیم سے کیا کرون اور یہ
مبلغ روز سیاہ کے واسطے رکھ چھوڑون بعد اسکے دم کو لے رہا اور کسی سے یہ مذکور
نہ کیا اور اپنی شبانی مین مشغول رہا لیکن اسکے بعد اس سادہ لوح نے دل اپنا
یہان تک ان اشرفیون سے لگایا کہ ایک حالت عشق کی پیدا ہوئی جب کہ
دہقان کو گھر جاکر اشرفیان یاد آئین بادل محزون وبا دیدۂ پرخون پھرا اور
بہت سی تلاش کی پر مطلب کو نہ پہونچا آخر مایوس ہوکے گھر آیا اور صورت حال
اپنی زوجہ سے بیان کی چونکہ پہلے سے دل عورت کا شوہر کی اس حرکت سے پھر رہا
تھا جبکہ یہ کیفیت سُنی زبان ملامت کی کھولی اور کہا کہ اے ناعاقبت اندیش اس
زر کی حفظ مین یہ مبالغہ کیا تو نے اور ہمارے نفقے مین تنگی رکھی اب اس زر
کی حسرت مین آنکھون کو نمناک اور دل کو غمناک رکھ دہقان نے کہا کہ سچ کہا
تو نے **بیت** بدرد دوری اگر مبتلا شدیم رواست پہ کہ روز وصل نگفتیم شکر
نعمت او پہ محض عبث تھا کہ زر کے جمع کرنے مین سعی بیفائدہ کی اور اہل پر تنگی
معاش رکھی کوئی عاقل ایسا نہ کرے گا کہ صرۂ زر کو کمر مین باندھکے محنت کرے اور
اہل وعیال کی تکلیف روا رکھے مگر عوض اسکا یہی تھا کہ کارخانۂ تقدیر سے ایسا ظاہر
ہوا کہ اس طرح سے مین گرداب تحیر مین پڑا اب کہ ساحل نجات کو پہونچ نہین سکتا ہون

یہ رباعی گویا کہ میرے حسب حال ہی رباعی ہر چند ملی خدا سے دولت مجکو ٭ لیکن نہ ملا گنج قناعت مجکو ٭ غفلت سے مین افسوس نہ سمجھا کہ یہ حرص ٭ کر دے گی گرفتار مصیبت مجکو ٭ اسکے بعد دہقان اسی غم مین مبتلا رہا اور یہ نذر کی کہ اگر پھر اسکے بعد اللہ تعالیٰ مجھے مال دیگا تو مین جمع نہ کرونگا بلکہ صرف بیچارگان مین کوشش کرونگا اسکے بعد توکل سے توسل کرکے کلید اپنے قفل بستہ کی حضرت معبود کو تفویض کی اور بیت مؤلف کی تکرار کرتا تھا بیت اگر توکل رزق بے اندازہ ہی ٭ ہر جگہ اللہ کا دروازہ ہی ٭ اور اوھر شبان کا یہ حال تھا کہ اس توڑے کو اپنی بغل مین رکھتا تھا اور بکریون کو چرایا کرتا تھا ایک دن کنوئین کے پاس بیٹھا نگہبانی کرتا تھا کہ ایک غول سوارون کا دور سے نظر آیا ڈرا کہ مبادا یہ سوار اشرفیان مجھسے چھین لین اس توڑے کو اسی کنوئین مین ڈالدیا اور بکریان لیکر اپنے گھر کو بھاگا اتفاقاً وہی دہقان مزدوری کے واسطے گھر سے باہر نکلا تھا جبکہ اس کنوئین کے قریب پہونچا باد سخت تند وزان ہوئی اور دستار اُسکی سر سے اُڑکے اس کنوئین مین جا پڑی دہقان اس کنوئین مین جلدی سے اُترا اور دستار اپنی کنوئین مین ڈھونڈھنے لگا ناگاہ وہی توڑا اشرفیون کا اُسکے ہاتھ آیا یہ وہ مثل ہی کہ ایک شخص کہربا ڈھونڈھتا تھا یاقوت پایا دہقان شکر الٰہی بجالایا اور اپنے گھر مین آکر یہ قصہ اپنی عورت سے کہا اسکے بعد جو شمار کیا وہی تین سو عدد پورے تھے دہقان نے کہا کہ اسی قدر گم میری ہوئی تھین اُتنے ہی دینار اللہ نے غیب سے مجھے عنایت کیے اسکے بعد جو اسنے نذر کی تھی اُسے وفا کیا یعنی اسکو خرچ کرنا شروع کیا کچھ اسمین نفقۂ عیال کرتا تھا اور کچھ راہ خدا مین صرف کرتا تھا یہان تک کہ دو سو روپے خرچ ہوگئے اور وہ شبان شب کو اُس چاہ پر آکے کنوئین مین اُترا ہر چند تلاش کیا اپنے یوسف گم گشتہ کو نہ پایا یعقوب وار رویا اور کہا کہ اُس مال کے بغیر کہ محبوب جانی تھا زندگانی سے کیا راحت ملے گی اور بیت ناسخ کی پڑھتا تھا

بیت کاش ہون دل کی طرح دیدۂ بیدار جدا۔ کسکا نظارہ کرونگا کہ ہوا یار جدا۔
اسی طرح سے شبان حیران وپریشان متاسف کنان پھرتا تھا ایک مدت کے بعد شہر
مین آیا اور گذر اُسکا اُسی دہقان کے گھر مین ہوا دہقان جلدی سے اُٹھا اور
اپنی عادت کے موافق اُس شبان کو مہمان کیا اور کھانا کھانے کے وقت کلام باہم
کرنے لگے دہقان نے دیکھا کہ آثار ملال کے شبان کے چہرہ پر ظاہر ہین کہ بار بار اشکباری
کرتا ہی دہقان نے سبب رونے کا پوچھا شبان نے کہا کہ کیونکر شکستہ دل نہون کہ یہ
بیت حسب حال میرے ہی **بیت** انگشتری کہ از من گم شد دست ارا زسلیمان گم شدی۔
ہم سلیمان ہم پری ہم اہرمن بگریستی۔ اور کہا کہ تین سو اشرفیون کا مین مالک تھا اور
قوت دل وراحت جان اور نور بصر اور سرور سینہ مجھے انھین سے حاصل تھا فلانے
دن ظالمون کے خوف سے فلانے کنوئین مین ڈال دی تھین دوسرے دن جو ڈھونڈھا
تو اثر انکا نہ پایا دہقان نے جبکہ یہ بات سنی متحیر ہوا اور عورت کے پاس جاکر کہا کہ
اس مال کو مین حلال جانتا تھا اور دست تصرف اُسپر دراز کیا تھا سو وہ حق اس
شبان کا ہی اور مین غفلت کے سبب سے درجۂ وبال مین پڑا اب جسقدر رکھ چکا ہی
وہ اس مہمان کو سپرد کیے دون اور جو خرچ ہو چکا ہی اگر اللہ تعالےٰ اپنے کرم سے
میرا دسترس کریگا تو اُسے ادا کرونگا ورنہ عمر اپنی استغفار مین بسر کرونگا اور
اللہ عالم ہی کہ بےعلمی نے مجھے ورطۂ ماخوذیت مین ڈالا اور اس حال کا بھی افشا
نہ کرون اور نہین تو فی الحال یہ تینون سو اشرفیون کا مطالبہ ابھی کریگا اور مین
اسکے ادا کرنے مین عاجز آؤنگا عورت نے یہ بات بہت پسند کی کہ حق حقدار کو پہونچا
اور قناعت توکل سے ساز کرنا واجب ہی تا حق تعالی عوض اُسکا ہمکو پھر عنایت
کرے جو توکل اختیار کرتا ہی جلد مقصد کو پہونچتا ہی دہقان نے سو دینار جو باقی
رہے تھے برسبیل ہدیہ شبان کے آگے رکھے شبان نے کمال منت سے اُٹھائے

اور گنے تو پوری سوا اشرفیان تھین شبان نے دل مین کہا کہ یہ فال نیک ہی امید ہی کہ باقی وہ سو بھی ملجائین اور ان سو کو نہایت محافظت سے رکھا چاہیے تاکہ پھر رنج مین گرفتار نہون کہ حدیث شریف مین آیا ہی لا یلدغ المومن من جحر واحد مرتین اُسکے بعد ایک چوبدستی بہت موٹی کہ جسے لٹھ کہتے ہین شبان کے ہاتھ مین تھی اُسے تھوڑا چیرا اور مجوف کرکے وہ اشرفیان اُسمین بھر دین اور ہر دم اپنے ہاتھ مین رکھتا تھا ایک دن ایک دریاے بزرگ پر کھڑا تھا کہ وہ چوبدستی گر پڑی ہر چند اُسنے جہد کی نپائی حیران و پریشان گھر کو آیا اور دریا شہر کے نیچے سے نکلا تھا اتفاقاً وہی دہقان کنارے پر غسل کرتا تھا کہ وہ چوب دستی بہتی ہوئی اُسکے پاس آ نکلی اُٹھا لیا اور گھر مین اپنے آیا اس وقت عورت دہقان کی کھانا پکا رہی تھی اور لکڑی جلانے کی باقی نرہی تھی دہقان نے اس لیے کہ کھانا نیم پخت نرہجائے اُس لاٹھی کو جلانے کے واسطے چیرا کہ ناگاہ وہ سوا اشرفیان نکل آئین شکر خدا بجالایا اور موافق معمول کے پھر اُسکا خرچ کرنا شروع کیا چند روز کے بعد پھر شبان دہقان کے گھر آیا پہلے حال سے بھی حال اُسکا ابتر پایا دہقان نے پوچھا کہ سبب اتنے غم کا کیا ہی اُسنے قصہ اول اشرفیون کے عصا مین رکھنے کا اور عصا کے دریا مین گر پڑنے کا سب بیان کیا دہقان نے کہا کہ سچ کہہ کہ اول بار تو نے یہ اشرفیان کہان سے پائین اور کیونکر جمع کی تھین شبان نے بھی حال مو بمو اور راست براست کہ جو گذرا تھا بیان کیا دہقان نے تبسم کیا اور کہا کہ حمد بیحد خداے پاک کو سزاوار ہی کہ حق کو اُسکے مرکز پر قرار دیتا ہی اے شبان جان تو کہ یہ صرہ زر کا اُس چشمہ پر مین ہی بھول آیا تھا اور چاہ سے بھی مین نے نکالا تھا اور یہ سو دینار جو تجھکو دیے تھے وہ اُسی کا بقیہ تھا اور اب کی بار بھی تیرا عصا جسمین وہی سو دینار رکھتے میرے ہی پاس آیا کہ اُسی مین سے آج تک خرچ کرتا ہون شبان متحیر ہوا اور

کہا کہ اس بوالعجبی سے معلوم ہوتا ہی کہ روزی کسی کی کوئی نہین کھا سکتا ہی غرض
مثل سے یہ تھی کہ تا یار لوگ بھی حبل المتین قناعت ہاتھ سے نہ چھوڑین اور دائرۂ
توکل سے قدم باہر نہ رکھین اور عجائبات زمانے سے کہ نتیجہ قضا و قدر ہی غافل نہ
رہین فرصت حیات کی غنیمت سمجھ کے مال اور کمال اور جمال پر اعتماد نہ کرین کہ حقیقت
ہر امر کی پس پردہ قضا و قدر مخفی اور مستور ہی کسی کو معلوم نہین ہی کہ انجام کار کیا ہو
القصہ وہ دن اسی گفتگو مین کٹا دوسرے دن کہ سنبل غالیہ بیز شب میدان سپہر سے
گوشۂ خفا مین چھپا اور باغبان قدرت نے گل صد برگ آفتاب کو چمن افق سے
بصد آب و تاب نمایان کیا دہقان اُٹھا اور کہا کہ تم فارغ دل بیٹھے رہو مین آج کے
دن اپنے ثمرۂ مجاہدہ سے جو کچھ کہ پیدا کر لاتا ہون وہ تمھارے آگے رکھتا ہون
کل کے دن ماندگی تم سب کی دفع ہو جاوے گی تو پھر اپنے اپنے طور پر معیشت کی تدبیر
کرنا درست ہی سب اس بات پر راضی ہوئے اور کہا کہ بہتر ہی اسکے بعد دہقان زادہ
شہر سے باہر آیا اور لوگون سے پوچھا کہ شہر مین کونسی چیز کی خریداری بہت ہوتی ہی
لوگون نے کہا کہ اس جگہ ہیمہ سوختنی کی قدر بہت ہی اور نہایت قیمت سے بکتی ہی جوان
فی الفور کوہ کی طرف روانہ ہو کر ایک پشتارہ کلان ہیمہ خشک کا باندھ لایا اور دس
درم کو بیچکر طعام مطبوخ بازار سے خرید کر کے یارون کے آگے رکھدیا لیکن جب کہ شہر مین آنے لگا
تو دروازۂ شہر پر لکھا آیا کہ نتیجہ ایک دن کے کسب کا دس درم ہی حاصل الامر
اُس دن سب یارون نے دہقان زادے کے کسب سے کھانا کھایا دوسرے دن کہ
حسن جہان آرائے خورشید عالم نے جہان تیرہ کو اپنے جمال سے درخشان کیا جوان نے یارون
سے کہا کہ آج تو اپنے جمال سے کچھ کام کر کہ یارون کی معاش کا باعث ہو زیبا رو اُٹھکر
باہر آیا اور دل مین سوچا کہ مین تو ہنر کچھ نہین رکھتا ہون اور بغیر حصول بہرہ کے بھی
نہ آؤنگا عجب مشکل مین پڑا ہون کہ نہ جائے رفتن اور نہ روے بازگشتن

ہو رباعی للمؤلفہ ہو زلف کے مانند مرا عقدۂ دل ✲ مثل دہن تنگ ہو کھلنا مشکل
پائی تو کہان جز آب تیغ ابرو ✲ دانے کے عوض فقط ہو عارض کا تل ✲ اسی فکر مین
ایک کوچۂ شہر مین بیٹھا تھا کہ ناگہان ایک عورت خوبرو آشفتہ مو کہ مال بیکران
اور تجمل فراوان رکھتی تھی اُس جوان کے پاس سے نکلی اُسکی نظر جوان زیبا رو پر
پڑی وہ خط دلنواز اور روے دلفریب دیکھا عنان صبر وشکیب ہاتھ سے جاتی رہی
کنیز سے کہا کہ اس رخسارۂ زیبا کو دیکھ کر گل سُرخ اُسکے رنگ رخسار سے آب خجالت مین
غرق ہوتا ہو اور اُس قامت رعنا پر نگاہ کر کہ سرو سہی اسکی لطافت اور نازکی سے
پاے در گل ہو رہا ہو بیت للمؤلفہ ایسی کس سرو روان کی چال ہو ✲ کبک جسکی چال
کا پامال ہو ✲ اور یہ شعر میر مغفور کا پڑھا بیت آہ کیا تن ہو کہ گل کو بھی حسد جس
تن پہ ہو ✲ کیا بدن کا رنگ ہو تہ جسکی پیراہن پہ ہو ✲ اور کہا کہ اگر تعریف اِس لب
کی کرون تو لعل ہو شکر آمیز اور اگر توصیف اُس خط کی رقم کرون تو بلا ہو فتنہ انگیز
پھر تقدیر یہ بشر نہین مگر ملک کریم ہو کہ حسن جمال حد آدم زاد سے بہت زیادہ ہو اے کنیز
وہ تدبیر کر کہ یہ ہما سے سعادت میرے دام مین پھنسے کنیز نے جوان کے پاس آکر کہا نظم
اے نور دیدہ آرزوے جان کیستی ✲ شیرین لبے واز شکرستان کیستی ✲ شور یست از لب تو
بیازار کائنات ✲ آخر بگوے تا نمک از خوان کیستی ✲ اے نازنین میری بی بی نیازمندی
کے بعد کہتی ہو کہ تو اس شہر مین مسافر نظر آتا ہو اور مسافر شکستہ دل ہوتا ہو اور میرا
مکان نہایت سرور انگیز اور مقام فرحت خیز ہو اگر تشریف لائیے اور ایک ساعت
کرم فرمایئے تو زندگی جاوید مجھے حاصل ہوتی ہو اور مین مسافر کی خدمت ہمیشہ سے
سعادت جانتی ہون اور تیرا کچھ زیان اسمین نہین ہو جوان نے کہا مین حاضر ہون
اسکے بعد اُس کنیز کے ساتھ جا کے اُسکا مہمان ہوا اور تمام روز اسکے ساتھ بعیش و آرام
بسر کیا اور شام کو رخصت مانگی عورت نے سو اشرفیان دیکے بہزار مشکل رخصت کیا

جوان نے اپنے کے وقت شہر کے دروازہ پر لکھا کہ ایک روز کے حسن وجمال کی اجرت
سو اشرفیاں ہین اور اُسے لاکے یارون کے روبرو رکھدیا تیسرے دن جب کہ
صبح ہوئی سوداگر بچے سے سب نے کہا کہ لو آج تمھاری باری ہی اسنے قبول کیا
اور روانہ ہوا شہر کے باہر جاکر دیکھا کہ کشتی اسباب تجارت سے بھری ہوئی کنارے
دریا کے لگی ہی اور شہر کے سوداگر نرخ توڑنے کے واسطے قیمت بہت کم کہتے ہین
سوداگر بچے نے قیاس کیا کہ اس مین فائدہ زیادہ ہی یکمشت تمام کشتی خرید کی اور
متفرق کر کے سب اسباب بیچ لیا ہزار درم نفع سردست حاصل ہوئے پھر سوداگر نے
دروازہ پر لکھا کہ حاصل ایک دن کی عقل کے ہزار روپیہ ہین اور وہ سب لاکر
یارون کے آگے رکھدیے جب کہ چوتھا دن ہوا شاہزادے سے سب نے کہا کہ تو ہمیشہ
لاف توکل مارتا ہی اب اسکا نفع اور حاصل آج دکھا کہ کیا ہوتا ہی شہزادے نے یارون
کا کہنا قبول کیا اور سمت خالی کے ساتھ کہ خالی شائبہ ریب سے تھی روانہ ہوا اسدن
بادشاہ شہر کا قضا کر گیا تھا ایک خلقت ماتم داری مین مشغول تھی شاہزادہ
بھی اُسی جگہ پہونچا اور ایک گوشے مین بیٹھکے تماشا سب کا دیکھتا تھا کہ ایک
دربان نے خیال کیا کہ لوگ حالت ماتم مین گرفتار ہین اور ایک شخص اجنبی گوشے
مین بیٹھا تماشا دیکھ رہا ہی شاید جاسوس ہی اُسنے شاہزادہ سے آویزش کی اور سخت
اور سُست کہا اسنے آتش غضب کو آب تحمل سے سرد کیا اور اس بیت کے
موافق عمل کیا سفینہ اگر در شتی کند از غرور * زمن غیر نرمی نیاید
ظہور * اسکے بعد جنازہ بادشاہ کا گورستان کو لیچلے اور سب وضیع و شریف ساتھ
ہوئے تمام مکان خالی ہوگیا مگر شاہزادہ اُسی جگہ بیٹھا ہوا تماشا در و دیوار کا کرتا
تھا اور پھر دربان نے آکر دیکھا کہ وہ شخص اُسی طرح بیٹھا ہی بہت آزردہ ہوا
اور اس بیچارے بیگناہ کو قید خانے مین بھیجدیا جبکہ شب ہوئی اور شاہزادے کی خبر

یارون کو نہ ملی سمجھے کہ اُسنے بناے کار کو توکل پہ رکھا تھا جبکہ کوئی صورت نہ بن سکی شرمندگی سے مُنھ چھپا کے کسی طرف راہی ہوا کاش ہم اُسے تکلیف نہ دیتے تو دل اُسکا شرمندہ نہوتا یہ اپنی جگہ اُسکا تاسف کرتے تھے اور وہ زندان مین خدا کو یاد کرتا تھا اور ہیک خیال سے کہتا تھا **بیت** خبر من برسانید بیاران چمن ٭ کہ ہم آواز شما در قفسے افتادہ است ٭ بعد سوم کے اشراف اور ارکان دولت نے جمع ہوکر کہا کہ کسی ایسے شخص کو جو لایق سلطنت کے ہو تخت پر بٹھانا چاہیئے کیونکہ بادشاہ کا کوئی وارث نہ تھا اور دربان نے دل مین کہا کہ جاسوس پکڑا ہی کیا عجب ہی کہ اُسکا کوئی ہمراہی بھی ہوا اور اپنے مالک کو خبر دیوے اور وہ تخت کو بادشاہ سے خالی سمجھکر کچھ فساد کرے پس بہتر یہ ہی کہ مین حال اسکا ارکان دولت سے ظاہر کرون یہ خیال کرکے سب حال اُسکا بیان کیا اعیان دولت نے محبس سے شاہزادے کو بلا کر حال پوچھا جبکہ سب کی نظر اُسکے جمال مملکت آرا پر پڑی سمجھے کہ یہ شخص تو جاسوس نہین ہی ایسی ذات شریف سے ایسا کار ذلیل نہین ہوتا ہی شرایط تعظیم بجا لائے اور استفسار حال کیا کہ اپنے مولد اور نژاد سے مطلع کرو اور اس جگہ آنے کا کیا باعث ہی شہزادے نے کمال فصاحت سے کلام کیا اور اصل اور نسب اپنا بیان کیا اور کیفیت وفات پدر اور تغلب اور غصب بھائی کا ظاہر کیا کہ اتفاقاً ایک گردہ اُس دیار کے تجار کا اُس جگہ وارد تھا دیکھتے ہی شاہزادے کو پہچانا اور سب ارکان دولت سے حال شہزادے کا اور حسب و نسب اُسکا کہ سلطان ابن السلطان ہی بیان کیا مجموع اکابر اس سلطنت کے دیکھتے ہی جمال باکمال کے اور سُنتے ہی اس حال کے متفق الکلمہ ہوے کہ لایق اس تخت کے یہی شخص ہی کہ اصل پاک اور نسب پاکیزہ رکھتا ہی بیشک افتتاح ابواب عدالت اور عاطفت مین رعیت کے واسطے اس سے بہتر دوسرا شخص نہ ملے گا اور یہ مقدمہ

مجلس پنجم و پنجاہ و ششم سلطان کا اوتھنا و تخت پر بیٹھانا شہزادے کا ۵۷ موعظہ چارم قید ۲۵ افتتاح و کشادن ۱۳ عدالت باب جمع باب دروازہ

اپنے اسلاف کی راہ جاری کرے گا کہ انوار سعادت اس مہ جبین کی جبین سے پیدا ہین غالب ہو کہ فضائل موروثی مفاخرت کے ساتھ جمع کرکے خلق کو آسودہ رکھے گا اور لمعہ فرزندانی کہ اسکے جبین مبین سے لامع ہو استحقاق جہانبانی اور استعداد کشورکشائی پر دلیل قوی اور حجت ساطع ہو اور علامت شہریاری اور امارت نامداری کہ اُسکے حال سے روشن ہو غالبا کسی صاحب نظر سے مخفی نہ رہی ہو گی بیت بر حشمت سلیمان ہر کس کہ شک نماید؂ بر عقل دانش او خندند مرغ و ماہی؂ غرض بعد قیل و قال کے اُسے تخت پر جلوہ افروز کیا اور توکل کی برکت سے ایسی سلطنت خدا داد ہاتھ آئی جو کوئی مقام توکل مین ثابت قدم رہے تو نتیجہ اسکا دنیا اور دین مین ضرور ملتا ہو بیت کلید توکل چو آید بدست؂ در گنج واقبال بتوان گشود؂ بچوگان صدق اندرین عرصہ گاہ؂ ز میدان توان گوے دولت ربود؂ اور اس شہر مین یہ رسم تھی کہ اول روز بادشاہ کو بیل سفید پر سوار کرکے تمام شہر مین پھراتے تھے تا وضیع و شریف اُسکے جمال روشن سے آنکھین منور کرین چنانچہ اس سے بھی یہی معاملہ کیا جب کہ وہ شاہزادہ اس دروازہ پر پہونچا کہ جہان اُن تینون یارون نے اپنے ہنر کا فائدہ لکھا تھا حکم دیا کہ اس جگہ پر لکھدو کہ کسب اور جمال اور عقل کا اُس وقت فائدہ ہوتا ہو کہ قضاے الٰہی اُسکے موافق حکم کرے اور حال توکل کا یہ ہو کہ مین روز اول زندان مین مقید ہوا اور دوسرے دن تخت زرنگار پر بیٹھا اہل بصیرت کی عبرت کے واسطے یہ امر کافی ہو اسکے بعد پھر کے ایوان شاہی مین داخل ہوکر اجراے امور سلطنت مین مشغول ہوا قطعہ بخت چون بر تخت دیدش تہنیت ہا کرد و گفت؂ ایکہ بر تخت جہانداری تو میدانی نشست؂ چون جہانداران کمر بربند و عالم برکشاے؂ وقت کار آمد دگر بیکار نتوانی نشست

قسمت ۞ اسکے بعد شاہزادہ نے تینون یارون کو بلایا تاجر صاحب عقل کو
وزیر ثانی کیا اور زرگر بچے کو داروغگی اسباب خاص کی دی اور صاحب جمال
کو خلعت گران بہا اور مال بے پایان دیکر فرمایا کہ ہر چند مفارقت دوست عزیز
کی سخت ہی لیکن یہ بہتر اس شہر مین اچھا نہین ہی تا کہ عورتین اس شہر کی تیرے
جمال پر مفتون ہو کر فسق و فجور نہ کرین بعد اسکے بزرگان مجلس کی طرف منھ پھیرا
اور کہا کہ تمنے بہت شخص دیکھے ہین کہ ہنر اور دانش مین مجھ پر ترجیح رکھتے ہین لیکن
ملک بغیر عنایت یزدانی ہاتھ نہین آتا ہی چنانچہ منطوق تؤتی الملک من تشاء
سے معلوم ہوتا ہی کہ بغیر اُسکی حمایت کے ایک برگ کاہ کوئی ہلا نہین سکتا ہی نظم
اے مقصد ہمت بلندان ۞ مقصود دل نیازمندان ۞ از قسمت بندگی و شاہی ۞
دولت تو وہی بہر کہ خواہی ۞ توفیق تو گر نہ رہ نماید ۞ این راہ بعقل کے کشاید ۞ اور کہا
کہ ہمراہی میرے سب کسب مین کوشش کرتے تھے اور ہر کسی کو ایک دست آویز
حاصل تھی اور مین نہ دانش اور قوت پر اعتماد رکھتا تھا اور نہ کسی کی مددگاری کا
اُمیدوار تھا بلکہ بناے کار محض توکل پر رکھی تھی اور بموجب اس بیت کے عمل
کرتا تھا **بیت** سر قبول بباید نہاد و گردن طوع ۞ کہ ہر چہ حاکم عادل کند
ہمہ داد است ۞ حاضران مجلس مین سے ایک سخندان نے اُٹھ کے عرض کیا کہ جو کچھ
زبان مبارک پر جاری ہوا گوہر ہی الماس خرد سے سفتہ اور زر ہی محک دانش پر
آزمودہ کہ جہانداری عقل اور حکمت پر موقوف نہین بلکہ نعمت خداداد ہی
وہ ایسا ہی کریم ہی جسکو جو دیا اُسکے لایق دیا **بیت** زخوان نعمت
بے منتہاے او ہر کس ۞ بقدر حوصلہ خود نوالہ می یابد ۞ خوش نصیبی اس دیار
کی تھی کہ تجھسا بادشاہ حق شناس فرمان روا ہوا اور خوبی طالع ساکنان اس
مرز بوم کی تھی کہ سایہ تجھ سے ہماے سعادت کا ان مرغان شکستہ بال پر پڑا

بیت لمؤلفہ مبارک ہو وہ منزل جلوہ گر ہو جس مین مہ ایسا ❊ ہمایون تخت ہو
جس پر کہ بیٹھے بادشہ ایسا ❊ اسکے بعد دوسرا ترانہ سنج ہوا کہ اے بادشاہ جوان بخت
چند ابیات لائق نثار فرق مبارک کے کہ گنجینۂ سینہ مین ہو سو عرض کرتا ہون **نظم**
ایا شہے کہ کف کامگار زر بخشت ❊ کمند در سر گردون کامران انداخت ❊ شد از
نزول حوادث چو آسمان ایمن ❊ بران دیار کہ چتر تو سایبان انداخت ❊ اسی طرح
سے ہر ایک ندیم فراخور حال اپنی بات کہتا تھا اور صحیفہ مناقب سلطانی سے
خوش بیانی کرتا تھا سب کے بعد ایک پیر پاک ضمیر خوش تقریر نے دست بستہ
ایستادہ ہو کر عرض کیا کہ ای بادشاہ قدر و قضا کے باب مین جو کچھ کہ زبان
گوہر فشان سے نکتہ بیان فرمایا تو نے موافق اس بندے کی سرگذشت کے ہی
اگر ارشاد ہو تو عرض کرون بادشاہ نے کہا کہ بیا تا چہ داری یعنی لا جو کچھ کہ رکھتا
ہی تو **حکایت** پیر نے کہا کہ مین ایک بزرگ کی خدمت مین حاضر تھا جب کہ
بیوفائی دنیا کی پہچانی مین نے اور فریب سے اس زال دستان کے خوب
آگاہ ہوا کہ یہ عروس شوہر کش اپنے شیفتون کو ہمیشہ نا امید رکھتی ہی اور
یہ معشوقہ غدار ناسازگار ہمت سے عاشقون کو خاک مین ملا چکی ہی اپنے دل
سے کہا مین نے کہ ای احمق اسکی دوستی مین آپ کو پھنساتا ہی تو کہ جسکا دست رد
لاکھون بادشاہان کامگار کے سینون پر رکھا ہوا ہی اور اس نے خرمن جمعیت
کتنے بادشاہون کا بادہستی سے برباد کیا ہی اس پیرزال کے خیال سے درگذر
اس رہگذر مین کہ دمبدم طیاری کوچ کی ہی گھر اپنا نہ بنا **ابیات لمؤلفہ**
عالم امکان مسافر خانہ ہی ❊ جو بنائے اس مین گھر دیوانہ ہی ❊ جس جگہ رہنا
ہی تجکو تا ابد ❊ چاہیے اسکی عمارت مین ہو کد ❊ خواب غفلت سے بیدار ہو کہ
وقت تنگ ہی اور مرکب عمل کا لنگ اور عمر کوتاہ سے توشہ اٹھا کر راہ

دور و دراز پیش ہی کہ ابیات آن طلب امروز ہر گوشۂ ٭ کنج بے خروات بود توشۂ ٭ راہ تو دور آمد و منزل دراز ٭ برگ رہ و توشۂ منزل بساز ٭ آخر کار اس فکر سے نفس سرکش متنبہ ہوا اور اسکے بعد نشاط تمام اور رغبت صادق سے خدائے کریم کی طرف منھ کیا مین نے اور خدمت دنیا اور صحبت اہل دنیا پر پشت ماری ایک دن بازار مین دیکھا مین نے کہ ایک صیاد دو ہدہد بیچتا ہی اور وہ دونون آپس مین اپنی زبان مین ایک دوسرے کا غم کھاتا ہی اور اپنی گرفتاری سے پژمردہ ہوکے آزادی اپنی خدا سے طلب کرتا ہی مین اُنکی زبان سمجھتا تھا جبکہ یہ حال اُنکا دیکھا تو رحم آیا مجھے کہ ان کو چھوڑا دون کہ شاید اُنکی آزادی کی برکت سے خدا کی رحمت کا سزاوار ہون آخر صیاد نے دو درم اُنکا مول کیا اور میرے پاس سوائے دو درم کے اور کچھ نہ تھا اسواسطے مین متردد تھا اور نفس میرا رخصت نہ دیتا تھا کہ وہ دو درم اپنے خرچ کر دون آخر توکل خدا پر نظر کرکے دونون درم صیاد کو دیے اور انھین آزاد کیا مین نے وہ دونون اُڑ گئے ایک دیوار پر جا کے بیٹھے اور حق شناسون کے طور سے دعا دیتے تھے اور کہتے تھے کہ اب ہاتھ ہمارا تیرے احسان کرنے کے عوض کرنے مین کوتاہ ہی لیکن اس دیوار کے تلے ایک صندوقچہ جواہر قیمتی کا مدفون ہی اِسے لے کہ یہ ہم تیری نذر کرتے ہین مجھے اُنکی گفتار سے تعجب آیا اور کہا مین نے کہ طرفہ حال ہی کہ صندوقچہ جواہر کا نیچے زمین کے دیکھا تمنے اور دام کہ نیچے تھوڑے سے غبار کے چھپا تھا اُس سے غافل رہے ہدہد نے جواب دیا کہ قضائے الٰہی جبکہ نازل ہوتی ہی دیدۂ عقل خیرہ اور آنکھ باریک بینی کی تیرہ ہو جاتی ہی اور مقتضائے قضائے قدر کسی سے دفع نہین ہو سکتا ہی اس محل مین نہ عاقل کو عقل اور نہ عارف کو معرفت رہتی ہی اور یہ حکایت قول شاہ کے واسطے کہ باب قضا و قدر مین صادر ہوئی

گواہ عادل ہی اور حکمانے بھی تائید اس معنی کی کی ہی قطعہ گر کار تو نیک است
تبدبیر تو نیست ٭ ور نیز بدست ہم بتقصیر تو نیست ٭ تسلیم و رضا پیشہ کن و شادی
کن ٭ این نیک و بد جہان بہ تقدیر تو نیست ٭ اسکے بعد کہا کہ اے شاہ مین نے
اس دیوار کے نیچے کھودوا اور صندوقچہ جواہر کا پایا اب اسے مین اس لیے ظاہر کرتا
ہون کہ شہریار اپنے خزانۂ عامرہ مین پہونچاوین بادشاہزادے نے کہا کہ تخم تو نے
بویا تھا اسکا پھل پایا شرکت اسمین کسی کی نہین اور یہ جواہر حکمت کہ اس وقت رشتۂ
تقریر مین پروئے تو نے ہمارے واسطے کافی ہین کہ کوئی جواہر زیباتر سخن نیک سے
نہین ہی کیمیاے سخن مس قلب کو زر کامل عیار کر سکتی ہی حاضرین محفل نے ذہن پر شاہزادے
کے آفرین کی اور بدل وجان بیمان مضبوط کرکے خط فرمانروائی قبضۂ اختیار مین
شاہزادے کے بکلی سپرد کیا اور اسکے سایۂ دولت مین بآرام تمام زندگی بسر کرتے
تھے مصرعہ تا آنزمان کہ نوبت ایشان تمام شد ٭ یہ ہی داستان منافع توکل اور
نتائج تفویض قضا و قدر کی اور یہ بات ظاہر ہی کہ عنان اختیار ہمارے قبضہ مین ہوتی
تو کوئی کام اپنی مراد کے خلاف وجود نہ پاتا اور حال یہ ہی کہ اگر ہزار نقش ہم خیالات
کے بنائین تو ایک بھی اس طرح پر کہ جو ہمارے آئینۂ تصور مین ہی ظہور مین نہ آئیگا
بیت اگر محول حال جہانیان نہ قضاست ٭ چرا مجاری احوال برخلاف رضاست
جبکہ برہمن بیدپا نے یہ فصل تمام کی اور مضمون ہوشنگ کے وصایا کا ان داستانون
کے ساتھ کہ جو بیان مین آچکا ادا کیا و بتسلیم شرط خدمت کی بجا لایا اور فرمایا کہ
حضرت کی برکت ہمت سے نقاب خفا چہرۂ مقصود سے اٹھا اور جو کہ مطلوب تھا
برکت صحبت رفیع منزلت سے حاصل ہوا شکر ہی اس خداے کریم کو کہ سعی میری
باطل نہ کی اب التماس یہ ہی کہ جو تحفہ کہ بطریق اخلاص پیشکش کردن مین حکیم
روشن دل اسے بنظر ہدیۂ نیاز مندانہ قبول فرمائے برہمن نے کہا کہ اے بادشاہ

مین نے دار دنیا سے گوشۂ عزلت اور توشۂ قناعت اختیار کیا ہی اور دامن اپنا لوث تعلق فضول سے دھویا ہی امکان نہین رکھتا ہی کہ کسی طرح سے بار دیگر اسکی نجاست مین آلودہ ہون مین بیت بد نیا تا توان آسودہ بودن ٭ وریغ آیدمرا آلودہ بودن ٭ اور اگر بادشاہ چاہتا ہی کہ میری کچھ خدمت کرے اور طوق منت کا میری گردن مین ڈالے تو متوقع اسکا ہون مین کہ ان کلمات حکمت آمیز کو رشتۂ تالیف مین منسلک کرکے مقتداے راہ نجات اور پیشواے طریق کمال سمجھے اور ہمیشہ اسی وسیلے سے مجھے اپنی خاطر عاطر سے فراموش نہ کرے اور دعاے مغفرت سے دریغ نہ فرمائے کہ کہا ہی دعاء الامام العادل لا یرد یعنی دعا امام عادل کی رد نہین ہوتی بلکہ دعا بادشاہ عادل کی اجابت سے نزدیک ہوتی ہی راے داب شلیم نے ارشاد برہمن کا قبول کیا اور رخصت ہوکے اپنے دار الخلافت مین پھر آیا اور جو جواہر حکمت کہ درج گوش مین لایا تھا انھین رشتہ تالیف مین انتظام دیا اور ہمیشہ ہر حادثے اور ہر مہم مین استمداد انھین نصیحتون سے کرتا تھا ابیات آنکہ او پیروی نپند خردمندان گرد ٭ آخر الامر بسر منزل مقصود رسید ٭ وآنکہ شد منحرف از جادۂ آن راست روان ٭ راہ گم کرد و ز مطلوب نشانی نشنید ٭ جب خجستہ راے نے یہ حکایت دلپذیر متضمن ہدایت سے نہایت تقریر فرمائی بادشاہ ہمایونفال مانند گل سیراب بساط نشاط پر شگفتگی کرتا تھا اور اُسکے نہال حال نے چمن اقبال مین سرفرازی شروع کی اور وزیر کو بسبب بہنمائی اس حکایت کے عواطف بادشاہانہ کا امیدوار فرمایا اور اُسکے دیدۂ دل کو حصول مقصد سے روشن کیا اور دل مین کہا بعد الیوم دستور راے اور قانون کارخانہ ملک ستانی اس نصیحت سامی کے موافق کرونگا کہ ان باتون نے میرے دل پر عجیب طرح کی تاثیر کی ہی کہ ایک دم سرور میری خاطر سے کم نہین ہوتا ہی اور وہ باعث ناصح صاحب اخلاص پاک طینت ہی

اور اگر ناصح راست گو نہو اور سخن ہر چند تفصل لا فرمیمن نیک بھی ہو لیکن ناصح کی آلودگی
کی جہت سے کہ وہ صاف باطن نہین ہوتا ہے تو اسکی سیاہ دلی کے باعث وہ سخن بھی کچھ تاثیر نہین
کرتا ہے اور ان حکایات عجائب اور روایات غرائب سے کہ بے شائبہ ریا اور بے سبب غرض
اس حکیم دانا دل نے تقریر فرمائی میرے جان و دل مین فرحت ہوتا ہے وزیر نے بادشاہ کو دعا
دی اور کہا کہ جو کچھ زبان فیض ترجمان حکمت نشان شاہنشاہی پر گذرا عین صدق اور
محض ثواب واقعی ہے کہ اہل مکر و فریب اور دروغگو اور ریائی کی بات بے فروغ ہوتی ہے کہ
زبانۂ آتش کے مانند تھوڑے سے صدمہ مین سرد ہو جاتی ہے اور کلام اہل صدق و صفا کا
تاثیر مین صبح کے مانند ہے کہ دمبدم روشنی اسکی زیادہ ہوتی جاتی ہے اور شعلہ نور خورشید
نورانی کے مانند ساعت بساعت ترقی پذیر ہوتا ہے بادشاہ نے وزیر خجستہ رائے کو دوبارہ
سرفراز کیا اور وزیر نے بھی صفات پسندیدہ اور انوار اخلاق ستودہ شاہی کو مشاہدہ
کر کے دعا اور ثنا کو اس طرح تمہید دی لمؤلفہ ای بادشہ جہان فریدون حشمت
شاہان سبق سے لے گیا تو سبقت ٭ کیا دین ہے کیا عقل ہے کیا عدل و کرم ٭ تا بان ہو ترا
ہمیشہ نجم دولت ٭ اس دعا پر مجلس ختم ہوئی اور ہمایون فال نے بھی رائے و اقلیم کے
دستور پر لطائف ان حکایات کے اپنے اعمال پر ثبت کیے اور ذکر جمیل یادگار چھوڑ گیا ٭
دو چیز حاصل عمر است خیر و نام نکو ٭ وزین چو درگذری کل من علیہا فان ٭ مباش در پے
آزار کام خلق بر آر ٭ کہ زین دو کامیابی سعادت دو جہان ٭ یہ تحفے کلمہ چند کہ بمقتضائے
زبان قلم اسکے شروع کرنے مین باعانت جناب حق کی مین نے اور جس طرح پر کہ رائے ناقص نے
تقاضا کیا رقمزدہ کلک بیان ہوا اب امید وار افاضل محاسن اطوار اور علمائے عالی مقدار
اور صاحبان علم با وقار سے یہ ہون کہ اس بے مایہ کی عبارات ناسنجیدہ اور کلمات
ناپسندیدہ پر دیدۂ اعتراض نہ کھولین اور از راہ ذرہ پروری و فقر نوازی جو خطا کہ
اس فقیر کی دیکھین بجز حرف صواب نہ بولین بلکہ بنظر اصلاح جو کہ مناسب حال دیکھین

اُسے بلا تامل درست فرمائین مصرع برکریمان کارہا دشوار نیست بہ شکر خداے عزوجل کا کہ ترجمہ انوار سہیلی کا بہ چودھوین ذیقعدہ ۱۲۸۵ سنہ ہجری وقت صبح کے کہ ہنوز نیر اعظم نے علم نورانی افق مشرق سے بلند نہ کیا تھا مقام دار السلطنت لکھنؤ مین ختم ہوا الحمد للہ علی ذلک باطناً وظاہراً والصلوۃ والسلام علی سید المرسلین رحمۃ للعالمین وآلہ وصحبہ متوالیا ومتکاثرا اے کریم کارساز تیرے نام پاک سے ابتدا ان اوراق کی ہوئی تھی اس کے برکت سے خاتمہ اسکا بخوبی ہوا ورنہ اِس بے بضاعت ناچیز کو کب ایسی لیاقت تھی کہ اس عہدے کو سرانجام دیتا یہ محض تیری قدرت نمائی تھی کہ ایسے بے استطاعت ناچیز کے ہاتھ سے یہ دریا کوزے مین بند ہوا اب اُمیدوار ہون کہ ایسی مقبولیت اسے عنایت فرما کہ از وضیع تا شریف خریداری اس کتاب کی بجان ودل کرین اور یادگار اس ذرۂ بمقدار کی تا قیام قیامت رہے اور جو کوئی اسکا مطالعہ کرے حسبۃً للہ واسطے اس عاصی کے خداے وحدہ لاشریک سے دعاے مغفرت چاہے کہ خصال کریمانہ سے بعید نہین ہے۔

تاریخ ناسخ

زہے نسخۂ حکمت آمیز نافع ۔۔۔ کہ ہر باب وا کرد صد باب حکمت

مسمی بہ بستان حکمت نمودند ۔۔۔ براے تماشاے ارباب حکمت

گل و برگ و شاخ و ثمر جملہ حکمت ۔۔۔ شد این باغ سرسبز با آب حکمت

بہ لطف و سبب کز بہ راست شکرش ۔۔۔ فراہم شدہ جملہ اسباب حکمت

پے سال تاریخ اتمام ناسخ ۔۔۔ خرد گفت بستان سیراب حکمت

خاتمۃ الطبع

جس طرح حمد خداوند کون و مکان دشوار ہی ویسی ہی دشوار نعت سرور انس و جان حضرت احمد مختار محبوب پروردگار ہی علی ہذا مدحت اصحاب کرام او رمنقبت آل عظام اور عترت اطہار کچھ آسان کار نہین ہی سبحان ما اعظم شانہ منجملہ محامد و فی کل شئ لہ آیۃ تدل علی انہ واحد شان ایزدی ہی اور شفیع مطاع نبی کریم قسیم جسیم نسیم وسیم من مناقب احمدی ہی صلی اللہ علیہ و علی آلہ و اصحابہ وسلم علیہم اجمعین اما بعد۔ شایقین کتب حکمت و اخلاق کو نوید تازہ اور مژدہ بے اندازہ ہو کہ ان ایام فرخندہ فرجام فرخی التیام مین کتاب مستطاب بلاغت انتساب فصاحت اکتساب عمدہ سرمایہ دانشمندی نیکو مطاع دانشوری ترجمہ انوار سہیلی سراپا پند و نصیحت اسم بامسمی **بستان حکمت** مترجمہ فارس مضمار سخندانی یکہ تاز عرصہ شیرین زبانی عمدۃ الشعرا سرخیل زبان آوران عالی جناب **فقیر محمد خان** بہادر رسالہ دار سابق زمانہ شاہی المتخلص بہ گویا من عمائد رئیس و اعیان سلطنت لکھنؤ تغمدہ اللہ بغفرانہ و اسکنہ اللہ تعالی بحبوحۃ جنانہ۔ سبحان اللہ یہ ترجمہ ایسا فائق ہی کہ ہر خاص و عام جان و دل سے اس گنج خوبی کا شایق ہی بلکہ عاشق ہی مناسبات فقرات چستی عبارت رنگینی مضامین شگفتگی الفاظ سچ تو یہ ہی کہ دریا کوزہ مین بھرا ہی خدا کے فضل و کرم سے جیسی یہ کتاب نایاب ویسا ہی یہ ترجمہ لاجواب ہی اور کیون نہو مترجم ممدوح الصدر نے باتفاق مشورہ چند استادان نامی و گرامی و زبان آوران لکھنؤ خاص مثل **شیخ امام بخش** صاحب ناسخ و خواجہ وزیر صاحب وزیر کہ بڑے زبردست شعرائے لکھنؤ سے تھے یہ ترجمہ فرمایا ہے اور نام بھی

بستان حکمت رکھا ہے المختصر یہ ترجمہ **مطبع منشی نول کشور** واقع شہر لکھنؤ مین حسب ایمائے امیر باذل سخی دریا دل معلے القاب فی المجد والمحاسن عالیجناب منشی **بشن نرائن** صاحب دام اللہ اقبالہ واجلالہ باہزاران ہزار زیب وزینت وبہ تجدید درستی وصحت بار سیزدہم بماہ جنوری سنہ ۱۹۲۱ء حلیہ طبع سے آراستہ ہوکر روشنی بخش چشم مشتاقان ہوا۔

تاریخ طبع سابق از سحر بیان مولنا محمد حامد علی خان حامد شاہ آبادی محافظ عملۂ تصحیح

ازین بستان حکمت گوہر پند — بسان مہر انور گشت لائح
مضامینش چو بیند مبتدی ہم — بتوضیحات گردد جملہ واضح
ہمہ فقرات گویا فی الحقیقت — پر از حسن ست و خالی از قبائح
دلم گردید چون جویای تاریخ — دماغ جان معطر شد زرائح
لب حامد کشاد از بہر سالش — زہے مجموعۂ وعظ و نصائح

سنہ ۱۳۳۵ھ

نام کتاب	قیمت
طوطا کہانی۔ تصنیف سید حید حسین۔	۴ر
قصۂ گل وصنوبر۔ مولفہ پریم چند	۲ر

کتب افسانہ نثر و نظم

نام کتاب	قیمت
فسانۂ آزاد۔ ہر چہار جلد کامل نتیجۂ طبع سخن سنج پنڈت رتن ناتھ در کشمیری۔	للعہ ۸ر
ایک روسی زمیندار کا قصہ۔	۰۶ر
ترجمان عصمت۔	۲ر
الف لیلہ منظوم۔ سہ جلد تصنیف مختلف	عہ ۸ر
۱ جلد۔ نظم دلکش مرزا اصغر علی خان نسیم دہلوی سخنور نامی۔	عہ
۲ جلد۔ از نتیجہ طبع شاعر نازک خیال طوطا رام شایان۔	۸ر
۴ جلد۔ از منشی شادی لال صاحب چمن شاگرد مرزا نسیم دہلوی۔	عہ
مجموعۂ قصص۔ مشمولہ پانچ قصہ مولف مختلف۔	
۱۔ قصۂ سوداگر بچہ	
۲۔ قصۂ ماہی گیر۔	
۳۔ قصۂ جمجمہ	
۴۔ قصہ منصور۔	
۵۔ قصہ شاہ روم	
اور اسی مجموعہ کی ہر ایک کتاب علیحدہ علیحدہ بھی ہے۔	
سنگاسن بتیسی منظوم منشی رنگین لال۔	۵ر
گلزار ابراہیم۔ ابراہیم ادہم کا سچا فسانہ۔	۰۳ر
چشمۂ شیریں۔ فرہاد و شیریں کا قصہ۔	۲ر
ایجاد رنگین۔ سعادت یار خان صاحب رنگین دہلوی۔	۱ر
مجموعۂ چوہے نامہ۔ بلی نامہ۔ افیونی نامہ۔ جوگن نامہ۔	۱ر
قصۂ مقتول جفا۔ معروف بہ اسم تاریخی فسانہ	۲ر
مثنوی گلزار نسیم۔ از دیا شنکر دہلوی	۰۳ر
فسانۂ عجائب منظوم۔ مولفہ منشی بھولا ناتھ۔	۰۱ر
ہدیۂ انتظار۔ از مولوی ممتاز حسین سندیلوی	ـر
مثنوی میر حسن	۰۲ر
شیریں خسرو۔ باتصویر از منشی گوبند پرشاد صاحب فضا۔	۴ر

نام کتاب	قیمت	نام کتاب	قیمت
کتب ناول مرغوب دل		**شام جوانی** ۔ دو حصہ یہ رینالڈ کے	
تسخیر ۔	۱۰/	ایک نہایت نتیجہ خیز ناول کا ترجمہ ہے	
عیاروں کا عیار ۔	ع/	جسے منشی نوبت رائے نظر آنجہانی نے ترجمہ	
مارگیرٹ ۔	عہ ۲/	کیا تھا جو نہایت مقبول ہوا ۔	
خواب کلکتہ ۔ حصہ اول و دوم فی حصہ	۱۲/	حصۂ اول ۔	ع/
خوش نصیب ۔	عہ	حصۂ دوم ۔	عہ ۴/
لال کپتان ۔	۱۴/	**خلق مجسم ناول** ۔	عہ ۴/
ناشاد ۔	عہ ۴/	**سبز باغ** ۔	۸/
ہم خرما و ہم ثواب ۔	۱۴/	**بوالہوس** ۔ قابل دید ہے ۔	عہ
نئی نویلی ۔	۶/	**پھول وتی** ۔ ناول منقسم بر چہار حصہ	
حرمان خانم ۔	۶/	حصۂ اول ۔	۱۲/
طویلہ کی بلا بندر کے سر ۔	۶/	حصۂ دوم ۔	۱۴/
فریب نیرنگ ۔	۱۰/	حصۂ سوم ۔	۱۴/
طلسم نارنج ۔	۱۲/	حصۂ چہارم ۔	۱۴/
بنگالی دلہن ۔ ناول دیوی چودھرانی		**حجاب عظمت** ۔	۴/
بابو بنکم چندر چٹرجی کا ترجمہ مترجمہ منشی جوالا پرشاد		**مار آستین** ۔ مولفہ بابو جوالا پرشاد	
صاحب برق ۔ بی ۔ اے سب جج ۔	۱۲/	صاحب برق ۔ بی ۔ اے ۔ سب جج ۔	۱۰/
التمش ۔	عہ	**پرتاب** ۔ مولفہ بابو جوالا پرشاد صاحب برق	۱۲/
معشوقہ فرنگ ۔ مولفہ بابو		**روہنی** ۔ مترجمہ بابو جوالا پرشاد صاحب برق	۱ر
جوالا پرشاد صاحب ۔	۸/	**جذبہ عشق** ۔	۸/